

قرآنِ کریم کی سُورتوں کا شانِ نزول

تالیف

علامہ ابو التراب محمد ناصر الدین ناصر المدنی عطاری

پروگریسو بکس

Marfat.com

Marfat.com

قرآنِ کریم

کی سُورتوں کا شانِ نزول

تالیف

علامہ ابو التراب محمد ناصر الدین ناصر المدنی عطاری

پروگریسو بکس

یوسف مارکیٹ ○ غزنی سٹریٹ
اُردو بازار ○ لاہور
فون 042-37124354 فیکس 042-37352795

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

قرآنِ کریم کی سُورتوں کا شانِ نزول

تالیف

علامہ ابُو التراب محمد ناصرُ الدّین ناصر المدنی عطاری

بار اول ..... مئی 2017ء

پرنٹرز ..... آصف صدیق، پرنٹرز

تعداد 1100/-

ناشر ..... چوہدری غلام رسول۔میاں جواد رسول
میاں شہزاد رسول

قیمت ..... =/روپے

ملنے کے پتے

ملت پبلی کیشنز
فیصل مسجد اسلام آباد Ph: 051-2254111
E-mail: millat_publication@yahoo.com

سلام بکڈپو
۱۲ گنج بخش روڈ لاہور فون: 042-37112941

شوروم ملت پبلی کیشنز
دوکان نمبر 5- مکہ سنٹر نیو اردو بازار لاہور 0321-4146464
Ph: 042-37239201 Fax: 042-37239200

پروگریسو بکس
یوسف مارکیٹ ○ غزنی سٹریٹ
اُردو بازار ○ لاہور
فون 042-37124354 فیکس 042-37352795

Marfat.com

فہرست

عنوانات	صفحہ
ابتدائیہ	35
پہلا پارہ	
❁ **سورۃ الفاتحہ**	37
شانِ نزول	37
❁ **سورۃ البقرہ** کا اجمالی شانِ نزول	38
سورۃ البقرہ کی آیات کا شانِ نزول	39
محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تسکین خاطر	39
بغض کی آگ	39
ہدایت کے بدلے گمراہی	40
نیک نیت	41
یہود و منافقین کی تردید	41
حق بات سے چشم پوشی	42
قبولِ حق سے محرومی	43
عمل کا دارومدار ایمان پر ہے	44
علماء یہود کا فریب	45
توریت شریف میں تحریفِ یہود	46
یہود کی خوش فہمی	46
دنیا و آخرت کی رسوائی	47
اللہ عزوجل کی لعنت	48
عداوتِ جبرائیل علیہ السلام	48
رسالتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے چشم پوشی	51

Marfat.com

عنوانات	صفحہ
علماء یہود کی بدعہدی	52
یہود کی تردید وسلیمان علیہ السلام کی تائید	52
راعنا کو بجائے اُنْظُرنَا کی تعلیم	53
یہود کی منافقانہ چال	53
یہود کے اعتراض کا قرآنی جواب	54
یہود کے بے ڈھنگے مطالبات	55
عشقِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا غلبہ	56
یہود ونصاریٰ کا باہمی اختلاف	56
یہود ونصاریٰ کی انجیل وتوریت کی تکذیب	57
دنیا میں رسوائی	58
مشرق ومغرب سب اللہ کا ہے	59
باطل عقیدے	60
بے ڈھنگا مطالبہ	60
تلاوتِ قرآن کا فیض	61
مبارک پتھر	62
ایمان کی دولت	62
دین یہودیت کی تردید	63
دینِ ابراہیمی کی تائید	63
اسلام ہی حق ہے	64
دوسرا پارہ	
تحویل قبلہ کی تائید	65
تحویل قبلہ سے قبل نماز کا حکم	66
خدا چاہتا ہے رضائے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	66
شہدا زندہ ہیں	67
اللہ عزوجل کی نشانی	68
علماء یہود کی خیانت	68

Marfat.com

عنوانات	صفحہ
اللہ ایک ہے	69
تمام عالم کا ایک ہی رب عزوجل	69
من مانی حرمت	70
ضد اور ہٹ دھرمی	71
علماء یہود کے دو چہرے	72
یہود و نصاریٰ کا باطل گمان	72
قصاص کا حکم	73
وراثت کا حکم	74
دعائیں قبول کرنے والا	75
امت پر آسانی	76
سفیدی اور سیاہی کا ڈورا	76
مالِ ناحق نہ کھاؤ	77
دلکش جواب	78
اپنے ہاتھوں ہلاکت	79
احرام کے احکام	80
پرہیز گاری کا توشہ	80
ایام صبح میں تجارت	81
بری رسم کا خاتمہ	82
خیالِ باطل	83
جھوٹے دعوے	83
استقامت کے پہاڑ	84
صرف اسلام کا راستہ	85
ڈروالوں کا مرتبہ	86
مسلمانوں کی تسکینِ خاطر	87
راہِ خدا میں خرچ کرنے کا انداز	88
ماہِ حرام کا حکم	89

Marfat.com

عنوانات	صفحہ
رحمتِ الٰہی کے مستحق	90
شراب اور جوئے کی ہلاکتیں	91
صدقہ دینے کی رغبت	91
یتیموں کے احکام	92
مشرکہ عورتوں سے نکاح کی ممانعت	92
مومنہ لونڈی کی فضیلت	93
حائضہ کے احکام	94
میں ہلاک ہوگیا	94
بھلائی کی قسم	95
ظلم کی قسم	96
مطلقہ کی عدت	96
طلاق کا کھیل	97
اسلام کا پہلا خلع	98
اللہ کی حدیں	98
حد سے نہ بڑھو	99
شریعت کو کھیل نہ بناؤ	100
نصیحت	100
بغیر صحبت طلاق پر مہر	101
نمازوں کی نگہبانی	102
بیوہ اور مطلقہ کے لئے وصیت	102
مردے زندہ کرنا	103
جو اللہ کو قرضِ حسن دے	104
تیسرا پارہ	
معافی اور رضا	105
مضبوط گرہ	106
دو گروہ	106

Marfat.com

عنوانات	صفحہ
راہِ خدا میں خرچ	107
ناقص صدقہ ناقص ثواب	109
اعلانیہ صدقہ بہتر یا پوشیدہ	109
مشرکین کو صدقات	110
اصحابِ صفہ	111
انعام کی بشارت	112
سود کی حرمت	113
قرض دار کو مہلت	114
معاہدہ نامہ	114
دستاویز کا حکم	115
صحابہ کی تعریف	116
وسوسوں پر گرفت نہیں	116
۞ سورۃ آل عمران	117
الوہیت کا تقاضا	117
دلوں کا ٹیڑھا پن	119
کفار کو ذلت آمیز شکست	120
سب سے بڑی گواہی	121
اللہ کے نزدیک اسلام ہی دین ہے	122
اسلام کے متعلق کج بحثی	123
یہود کا اعتراض	124
حضور دانائے غیوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی غیبی خبریں	125
کفار سے دوستی کی مذمت	127
اسلام سے بے رخی	127
قرآنی تردید	128
حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی کہاوت	129
دینِ حنیف	130

Marfat.com

عنوانات	صفحہ
نیک بخت بادشاہ	130
باطل ترغیب	132
یہود کی سازش	132
یہودی کی بددیانتی	133
جھوٹی قسموں کا عذاب	134
یہود ونصاریٰ کی تحریف	136
یہود ونصاریٰ کی تردید	136
دینِ اسلام سے بیزاری	137
ہدایت سے محروم	138
قبولیتِ توبہ	139
اسلام کو کھیل بنالیا	139
اسلام کو معمولی سمجھ لیا	140
چوتھا پارہ	
قرآن کی تکذیب	141
مسلمانوں کا قبلہ افضل ہے	142
پُرتاثیر الفاظ	143
عداوت محبت میں بدل گئی	144
اسلام سب سے بہترین دین	145
یہود کے بڑے عالم کا قبولِ اسلام	145
اسلام قبول کرنے والوں کی مدح	146
حضراتِ صحابہ علیہم الرضوان کی حمایت	147
مشرکین مکہ کی خوش فہمی	147
یہود سے میل جول کی ممانعت	148
اللہ عزوجل کی مدد ونصرت	148
توبہ کی توفیق	150
سود کی ممانعت	151

Marfat.com

عنوانات	صفحہ
گناہوں کا کفارہ	152
گناہ پر ندامت	152
اونچا تو صرف اللہ ہی ہے	154
افواہ	155
مسلمانوں کی ہمتیں توڑنے کی کوشش	156
مسلمانوں کا رعب و دبدبہ	157
صحابہ کا غور کرنا	158
نزولِ سکینہ	159
اخلاقِ کریمانہ کی تعریف	160
مال غنیمت	161
مخلصین و منافقین میں فرق	162
شہداء کا اکرام	163
صحابہ کی اطاعت	164
عارضی فتح	165
مشرکین کی ایذاء رسانی	166
کفار اور یہود کی خوش فہمی	167
غیبوں پر خبردار	168
بخل کی نحوست	169
صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو لئے تائید اور گواہی	169
علماء یہود کا جھوٹ	170
دل آزار باتیں	171
علماء یہود اور منافقین کی جھوٹی خوشی	173
عالم میں غور و تدبر	174
نیکی ضائع نہیں جاتی	175
آخرت کی مہمانی	175
قبولِ اسلام پر بشارت	176

Marfat.com

عنوانات	صفحہ
سورۃ النساء	
سرِ تسلیم خم	177
بیویوں کے حقوق	177
متولی کے لئے احتیاطیں	178
وراثت کے حصہ دار	179
وارثوں کے حقوق	180
پیٹ میں آگ	180
وراثت کا مال	181
کلالہ کی میراث	182
مقبول توبہ	183
بیوہ کے حقوق	184
ظالم شوہر	184
جاہلانہ دستور	185
باپ دادا کی منکوحہ	186
	186
پانچواں پارہ	
لونڈی کے احکام	188
بے ڈھنگی دلیل	189
کمائی سے حصہ	190
قبولِ اسلام پر حصہ میراث	191
مرد افسر ہیں عورتوں پر	192
مالی اور علمی بخل	192
منافقین کا اسلام کے خلاف ورغلانہ	193
شراب کی حرمت	194
تیمم کے احکام	195
اسلام کے خلاف بہکانا	195
نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تکذیب	196

Marfat.com

عنوانات	صفحہ
شان نزول	197
یہود ونصاریٰ کا گھمنڈ	198
اسلام مٹادینے کا عہد	198
یہود کے اعتراضات کو جوابات	200
کعبہ مشرفہ کی کلید برداری	200
بارگاہ رسالت میں فیصلہ	201
حق وباطل میں فرق کرنے والے	203
بے جا تاویلیں	204
پارہ منافقین کی نشاندہی	204
بارگاہ نبوت کا فیصلہ	205
شمع رسالت کے پروانے	206
عاشق صادق	207
جہاد کا حکم	208
منافقین کا جہاد سے پس وپیش	209
جھوٹا اظہارِ افسوس	209
یہود کا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سوا اظہارِ مخالفت	210
منافقین کی شورشیں	211
منافقین کی منافقت	211
منافقین کا فساد	212
منافقین کا فریب	213
منافقین کی چالبازی	214
غلط فہمی کے سبب مسلمان کا قتل	215
مرتد کا عبرت ناک انجام	217
مومن کا قتل	218
غزوہ بدر سے محرومی	220
مدینہ منورہ ہجرت سے انکار	221

Marfat.com

عنوانات	صفحہ
اچھی نیت کی برکت	221
نمازِ خوف	223
غیبی طاقت	224
مسلمانوں کی ہمت افزائی	225
بارگاہ رسالت سے یہودی کے حق میں فیصلہ	226
سازش بے نقاب	227
توبہ کی ترغیب	228
طعمہ کی بدبختی	229
مغفرت کا پروانہ	229
مشرکین اور یہود و نصاریٰ کے باطل خیالات	230
مومن کی نیکیاں مقبول	231
میراث کا حکم	232
شوہر کی زیادتی	233
قلبی میلان	234
سزا و جزا کے منکر	234
بارگاہ رسالت میں مقدمہ	235
تمام رسولوں اور کتابوں پر ایمان	236
بنی اسرائیل کا وطیرہ	236
کفار سے دوستی کی ممانعت	237
چھٹا پارہ	
بری بات کا اعلان اللہ کو پسند نہیں	238
یہود و نصاریٰ کی مذمت	239
یہود و نصاریٰ کے بے جا مطالبے	239
علمائے یہود کے دو راہب	240
موسیٰ علیہ السلام کا خصوصی ذکر	241
رسالت و کتاب کی تکذیب	241

Marfat.com

عنوانات	صفحہ
یہود ونصاریٰ کا غلو	242
قابلِ فخر لقب	243
❁ سورۃ المائدہ	243
شیطان کی زبان	244
مشرکین عرب میں رواج	245
حلال شکار	245
شبہ کا ازالہ	247
بدلہ لینے کی خواہش	247
کفار و یہود کے برے ارادوں کی خبر	248
زانی کی سزا	249
نجران کے عیسائیوں کا باطل عقیدہ	250
یہود ونصاریٰ کا باطل گمان	251
یہودی راہب مکر گئے	251
عہد خلافی	252
چوری کی تہمت	254
ابن صوریا کا اعتراف	254
دربار رسالت میں مقدمہ	256
یہود کا ظالمانہ رواج	257
یہودی پادریوں کی چال	258
دربار رسالت کا فیصلہ	258
یہود ونصاریٰ سے دوستی کی ممانعت	259
مسلمانوں سے دوستی ومحبت کا حکم	260
بظاہر مسلمان درحقیقت کافر	261
اذان ونماز کا مذاق	261
یہود کا انکار	262
یہود کی منافقت	263

Marfat.com

عنوانات	صفحہ
گستاخانہ کلمات	264
حفاظت کی ذمہ داری	265
دین سے بیزاری ولاتعلقی	265
نجران کے عیسائیوں کا جھوٹا عقیدہ	266
یہود ونصاریٰ کا جھوٹا فخر	267
نجاشی بادشاہ کا قبولِ اسلام	267
ساتواں پارہ	
نجاشی بادشاہ اور درباریوں کی تعریف	270
نجاشی بادشاہ کے ستر اصحاب	271
تارک الدنیا ہونے کی مذمت	272
غلط فہمی کی قسم	273
شراب پر پابندی	274
شراب اور جوئے کی حرمت	275
اللہ عزوجل کی طرف سے امتحان	275
حالتِ احرام میں شکار	276
گندا مال	277
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی غیبی خبریں	278
مومنین کا رنج اور افسوس	279
امانت میں خیانت	280
سورۃ الانعام	281
مشرکین کی ہٹ دھرمی	282
قریش کے سرداروں کی بیہودہ بکواس	282
کفارِ مکہ کی بکواس	283
کفار کی طرف سے شرک کی دعوت	283
قریش کے سرداروں کی بک بک	284
کفارِ مکہ کا تلاوتِ قرآن پر تبصرہ	285

Marfat.com

عنوانات	صفحہ
دولتِ اسلام سے محرومی	285
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تکذیب	286
کفار کی زبان درازی	287
کفارِ مکہ کو تین بیہودہ مطالبات	288
کفار کا فقراء مسلمانوں کے ساتھ بیٹھنے سے انکار	288
کفار کا جھوٹا گھمنڈ	289
رب عزوجل کا ذمہ کرم	290
عذابِ الٰہی کا مطالبہ	291
کفار کی بیہودہ گوئی	292
کفار سے معاملات	292
بت پرستی کی دعوت	293
یہودی عالم کی معزولی	294
جھوٹا دعویٰ نبوت	295
زمین نے نعش باہر پھینک دی	295
کفار کا غرور و تکبر	296
کفار عرب کے بیہودہ عقیدے	297
کفار کا گستاخانہ مکالمہ	297
مشرکین کی جھوٹی قسم	298
آٹھواں پارہ	
سرداران قریش کا ازراہِ تمسخر مطالبہ	300
کفار مکہ کی سازش	301
مشرکین مکہ کی بھونڈی اٹکلیں	302
تقویٰ اختیار کرنے کا شوق	302
علانیہ و خفیہ گناہ	303
حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان میں نازیبا الفاظ	303
خیالِ فاسد	304

Marfat.com

عنوانات	صفحہ
اللہ کے مال میں سے بتوں کا حصہ	305
اہلِ عرب کی قبیح و مذموم حرکت	306
کفارِ عرب کا جاہلانہ دستور	307
رسم جاہلیت	307
بے سروپا دستور ورواج	308
جانوروں کی حرمت کا شرعی قاعدہ	309
یہود کا جاہلانہ عقیدہ	310
کفارِ عرب کا جھوٹا دعویٰ	310
یہود و نصاریٰ کے مختلف فرقے	311
دینِ باطل کی دعوت	311
عذاب کی ذمہ داری	312
❁ سورۃ الاعراف	312
اہلِ عرب کی بیہودہ سوچ	313
کفار کی بیہودہ رسم	313
مسلمانوں پر بے جا اعتراض	314
نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ظاہری وصال	314
نواں پارہ	
یہود کا باطل عقیدہ	315
یہود کی جھوٹی تعریفیں	316
شانِ نزول	316
ابوجہل کی جاہلانہ بات	317
کفارِ مکہ کی خوش فہمی	317
کفار کی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان میں بکواس	318
قریش کے سرداروں کا قیامت کے بارے میں سوال	319
منافق کی بیہودہ بات	319
مشرکین عرب کا بھونڈا حربہ	320

Marfat.com

نوانات	صفحہ
غصہ کی حالت میں حکم الٰہی	321
امام کے پیچھے قراءت منسوخ	321
کفارِ مکہ کا تکبر	321
۞ سورۃ الانفال	322
مالِ غنیمت کی تقسیم	322
غزوہ بدر	323
نصرتِ الٰہی	325
بارش فتح کا پیش خیمہ	326
واقعہ فتح بدر	327
مددِ الٰہی عزوجل	329
کفار مکہ واہلِ کتاب منافقین کی بیہودہ باتیں	330
غیبی خبر	331
غزوہ بدر	331
توبہ قبول ہوگئی	332
اللہ عزوجل کی خفیہ تدبیر	333
نضر ابن حارث کی بیہودہ بکواس	335
اپنے حق میں بددعا	336
کفارِ عرب کا قبیح اور بُرا طریقہ	337
اسلام دشمنی	337
مسلمانوں پر ظلم وستم کی انتہا	338
دسواں پارہ	
مالِ غنیمت کی ابتداء	339
کفارِ مکہ کو شکست فاش	340
کفار کو ذلت آمیز شکست	340
حالتِ کفر پر موت	341
عہد خلافی	342

Marfat.com

عنوانات	صفحہ
کفار کو تین گروہ	343
حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا قبولِ اسلام	344
جہاد کی ترغیب	346
جنگ کا سامنا	347
بدر کے قیدیوں کے لئے مشورہ	347
غیب کی خبر	349
مہاجرین وانصار میں بھائی چارہ	350
❁ سورۃ التوبہ	351
کفار کی بدعہدی	351
معاہدہ کی پاسداری	352
معاہدہ توڑنے کی ترغیب	353
بدعہدی	353
مسلمانوں کو خوشخبری	354
حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی تردید	355
حضرت علی رضی اللہ عنہ کی فضیلت	356
اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت	357
واقعہ حنین	358
نزول واقعہ غزوہ حنین	358
مسلمانوں کو تسلی واطمینان	360
جنگ کا حکم	360
یہود کی جماعت کا گستاخانہ مطالبہ	361
اہل عرب کا غلط دستور	362
اہلِ عرب کا باطل فیصلہ	362
غزوہ عسرت	363
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مبارک ہجرت	365
منافقین پر غزوہ تبوک دشوار	369

Marfat.com

عنوانات	صفحہ
منافقین کے جھوٹے حیلے بہانے	369
منافقین کی دروغ گوئی	370
جدابن قیس کا جھوٹا بہانہ	370
منافقین کوشدید رنج وغم	371
بے حکم لوگ	372
گستاخِ رسول قوم	372
دستِ مبارک سے تقسیم	373
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایذاء رسانی	374
منافقین کی جھوٹی قسمیں	375
حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سب کو پہچانتے ہیں	376
منافقین کی زبان درازی	377
گستاخانہ بک بک	378
منافقین کی ناپاک سازشیں	379
مال کی نحوست	380
منافقت پر قائم	381
صدیق رضی اللہ عنہ کے لئے اللہ عزوجل کا رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بس	382
عبداللہ بن ابی منافق	384
منافقین کا جھوٹا عذر	384
ایک ہزار منافقین کی سچی توبہ	385
منافقین کے جھوٹے حیلے بہانے	386
معذور کے لئے جہاد میں رخصت	387
جذبہ جہاد	388
عبداللہ بن ابی منافق اور اس کے ستر (70) ساتھی	388
گیارہواں پارہ	
منافقین کی جھوٹی عذر تراشیاں	390
منافقین کے عیوب کا پردہ چاک	391

Marfat.com

عنوانات	صفحہ
دیہاتی قبائل کی تعریف	392
جہاد سے محرومی پر ندامت	392
خطا کا کفارہ	393
توبہ کی شاندار قبولیت	394
جہاد سے غیر حاضری پر شرمساری	394
مسجد کی آڑ میں اسلام دشمنی	395
نفع بخش تجارت	397
کفار کے لئے دعائے مغفرت ممنوع	398
مواخذہ کا خوف	399
توبہ پر ستائش	400
شوقِ علمِ دین	402
گمان کی تردید	402
سورۃ یونس	403
نبوت ورسالت کی تکذیب	403
اپنی ہلاکت کی دعا	404
کفارِ مکہ کا ترمیم شدہ قرآن کا مطالبہ	404
نصر بن حارث کا باطل گھمنڈ	405
قرآن کی تکذیب	405
عذاب کا مطالبہ	406
کفار کا مسکین مسلمانوں کو دھمکانا	407
علمِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انکار	407
سورۃ ھود	408
مسلمانوں کے خلاف بغض وعداوت	408
اوّل وآخر ہے اللہ	409
بارھواں پارہ	
شانِ نبوت میں گستاخی	410

Marfat.com

عنوانات	صفحہ
آخرت میں کوئی حصہ نہیں	410
قبولِ اسلام پر یہودیوں کی تنقید	412
نومسلم صحابی کی ندامت وتوبہ	412
۞ سورۃ یوسف کا شان نزول	413
خدا کا کلام	413
تیرھواں پارہ	
فرشتے نبی کیوں نہ ہوئے	414
۞ سورۃ الرعد	414
عذاب کے طلبگار	415
دربارِ الٰہی کا گستاخ	416
ابوجہل کی نت نئی سازشیں	418
رب عزوجل کے نام پر اعتراض	419
کفار کے منہ مانگے معجزات	420
مکہ میں موجود پہاڑوں کو ہٹانے کا مطالبہ	421
کفار کا بیہودہ اعتراض	421
۞ سورہ ابراھیم	422
قرآن کا عربی میں ہونے پر اعتراض	423
چودھواں پارہ	
ڈروالوں کے لئے جنت	424
دنیاوی باتیں	424
خدمتِ دین کے لئے مال کی طلب	425
بارگاہِ رسالت میں بدکلامی کا انجام	426
۞ سورۃ النحل	427
کفار مکہ کی دل لگی	427
دوبارہ زندہ کئے جانے کا انکار	427
گمراہ کرنے کا انجام	428

Marfat.com

عنوانات	صفحہ
بہکانے پر مامور	428
مرنے کے بعد اٹھنے کا انکار	429
دین کی خاطر ہجرت	430
نبوت کا انکار	430
دو غلام	431
کفار کی وعدہ خلافیاں	432
مشرکین مکہ کا نسخ پر اعتراض	433
کفار کے قرآن پر بے جا اعتراضات	433
ایمان پر قلبی استقامت	434
بھوک کا عذاب	435
مشرکین مکہ کی غلط بیانیاں	436
کفارِ مکہ کی وحشیانہ بربریت	436
پندرھواں پارہ	
شبِ معراج، درجات و مراتبِ رفیعہ کا ظہور	438
رب کی رحمت کا انتظار	438
رحمت عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا جود و کرم	439
اولاد کا قتل	440
مشرکینِ عرب کی بدعقیدگی	440
فرشتہ حائل	441
مشرکینِ مکہ کی بدکلامیاں اور ایذاء رسانیاں	441
شدید قحط سالی	442
شیطان کی پوجا	442
کفارِ مکہ کے مطالبوں کا رد	443
بارگاہِ نبوت میں تین مطالبات	443
مشرکینِ عرب کی نامرادی	444
قرآن کی مثل	444

140890

Marfat.com

عنوانات	صفحہ
کفارِ قریش کی ضد اور عناد	445
ابوجہل کی دروغ گوئی	446
مشرکین کی گستاخیاں	447
❁ **سورۃ الکھف**	447
نزولِ وحی میں تاخیر	447
سردارانِ قریش کا تکبر	448
سولھواں پارہ	
یہود کا آیاتِ قرآنی پر اعتراض	449
❁ **سورہ مریم**	449
مرنے کے بعد زندگی کے منکر	449
مالدار کفار کا گھمنڈ و تکبر	450
مرنے کے بعد زندہ اٹھنے کا منکر	450
❁ **سورہ طٰہٰ**	451
پہاڑوں کا حال	451
نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تلاوتِ قرآن	451
سترھواں پارہ	
❁ **سورۃ الانبیاء**	452
منکرینِ بعث	452
بخت نصر کا عذاب	452
دشمنِ رسول کا ضلال و عناد	453
ابوجہل کی جہالت	453
عذاب کی جلدی	454
تین سو ساٹھ بت	454
❁ **سورۃ الحج**	455
منافقت	455
اللہ کی صفات میں گستاخی	455

Marfat.com

عنوانات	صفحہ
ناحق زیادتی پر دردناک عذاب	456
زمانہ جاہلیت	457
صحابہ پر تشدد	457
شیطان کا مکر	458
پسند کی جگہ	458
مشرکین کا قتال	459
شریعت کے قواعد	459
اٹھارواں پارہ	
❁ **سورۃ المومنون**	460
قحط سے نجات	460
اصحابِ رسول سے کفار کا تمسخر	461
❁ **سورۃ النور**	461
بدکار مشرکہ سے نکاح کی ممانعت	461
لعان کا حکم	462
سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے متعلق قرآن کی گواہی	463
صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی قسم	465
داخلے کی اجازت	465
غلام کی کتابت	466
کنیزوں کی بارگاہِ رسالت میں عرض	466
یہودی سچا، منافق جھوٹا	467
امن کی تمنا	468
گھر میں داخل ہونے کی اجازت	469
معذور کو رخصت	469
مہمان کا انتظار	470
منافقین کا خطبہ سننے سے گریز	471

Marfat.com

عنوانات	صفحہ
❁ **سورۃ الفرقان**	471
کفار کا غرور	471
انیسواں پارہ	
دوستی پر ندامت و پچھتاوا	472
❁ **سورۃ الشعراء**	472
کفر پر افسوس	473
بیسواں پارہ	
قیامت آنے کا وقت	474
❁ **سورۃ القصص**	474
مومنین اہلِ کتاب	475
ابوطالب کا ایمان نہ لانا	475
نبوت کا شرف	476
شہر ابراہیمی چھوڑنے کا ملال	476
❁ **سورۃ العنکبوت**	477
کفار کی سخت ایذائیں	477
کفر و شرک پر والدین کی حکم عدولی	478
اکیسواں پارہ	
پتھروں کی بارش	479
اللہ روزی دیتا ہے	479
❁ **سورۃ الروم**	480
سوا اونٹ کی شرط	480
❁ **سورہ لقمان**	481
لھو ولعب کی چیزیں	481
اللہ کی ذات و صفات پر اعتراض	482
یہود علماء کا اعتراض	482
قیامت میں زندہ ہو جانے پر شبہ	483

Marfat.com

عنوانات	صفحہ
قیامت کا علم	483
❁ **سورۃ السجدہ**	484
نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہمراہ عشاء کی ادائیگی	484
کافر، مومن کے برابر نہیں	484
❁ **سورۃ الاحزاب**	485
حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ناگوارِ خاطر	485
دو دل	485
زمانہ جاہلیت کا جاہلانہ دستور	486
مومنین کا استقلال	487
دنیوی مال ومتاع کے مقابل آخرت	487
بائیسواں پارہ	
مومنہ کے لئے بڑا اجر وثواب	489
نکاح کا پیغام	490
حضرت زینب رضی اللہ عنہا سے متعلق وحیٔ الٰہی	490
رب کی رضا میں راضی	491
مومنین پر مہربان	492
کاشانہ اقدس کے آداب	492
پردے کا حکم	493
حضرت علی رضی اللہ عنہ کے حق میں منافقین کی بدگوئی	493
قیامت کے متعلق سوالات	494
❁ **سورہ سبا**	494
کفار کی تکذیب پر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تسکین خاطر	494
❁ **سورہ فاطر**	495
مشرکین کا قبیح افعال کو بھلائی جاننا	495
❁ **سورہ یٰسین**	496
ابوجہل کی ناپاک سازش ناکام	496

Marfat.com

عنوانات	صفحہ
لوحِ محفوظ	497
تئیسواں پارہ	
کفار کا مسخرہ پن	498
کلامِ الٰہی کی تکذیب	498
کفار کی بعث سے متعلق بحث وتکرار	499
❁ **سورہ ص**	499
وحدانیت کا انکار	500
❁ **سورۃ الزمر**	500
راتوں کا قیام	501
ایمان کی خبر	501
چوبیسواں پارہ	
مومن کو اللہ کافی ہے	502
اللہ کی رحمت سے اُمید	503
❁ **سورۃ المومن**	503
منکر بعث کا ردّ	503
گمراہی کی دعوت	504
کفار کے شب وروز نئے مطالبات	504
❁ **سورہ حم السجدۃ**	504
زوجیت کا شرف	505
پچیسواں پارہ	
قیامت کی تکذیب	506
قرابت کی محبت	506
صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا جذبہ ایمان	507
رب کی دعوت	507
❁ **سورۃ الزخرف**	508
عیسیٰ بن مریم کی مثال	508

Marfat.com

عنوانات	صفحہ
خدا کی طرف بیٹیوں کی نسبت	509
سورۃ الجاثیہ	509
کلامِ الٰہی کی شان میں گستاخی	509
گستاخانہ کلمے	509
مشرکینِ مکہ کی بڑی خوش فہمی	510
چھبیسواں پارہ	
احوال قیامت سے باخبر	511
حق کے منکر	512
راہب کی گواہی	513
سورہ محمد	513
اللہ اور اس کے محبوب کا پیارا شہر	514
صحابہ کا شوقِ جہاد	514
گناہ کا نقصان	515
اہلِ قلیب	515
سورۃ الفتح	515
سورۃ فتح نازل ہونے کی خوشی	515
قریشِ مکہ کا خوف	516
معذور کا حکم	517
خواب کی تصدیق	517
سورۃ الحجرات	518
شریعت کی حد بندی	518
ثقل سماعت کا عذر	518
بارگاہِ رسالت میں صحابہ کی احتیاط	519
بارگاہِ رسالت میں پکارنے کے آداب	519
خبر کی تحقیق	520
مسلمانوں میں صلح کا حکم	520

Marfat.com

عنوانات	صفحہ
ایک دوسرے کا مذاق نہ اڑانے کا حکم	521
نبی زادی اور نبی کی زوجہ	522
غیبت و بدگمانی کی ممانعت	522
نیک بخت حبشی غلام	523
اسلام کی آڑ میں دھوکہ	524
اخلاص پر قسم	524
❁ سورہ ق	525
بارگاہِ الٰہی میں یہود کی گستاخی	525
ستائیسواں پارہ	
❁ سورۃ الذریت	526
مسلمانوں کو وعظ و نصیحت	526
❁ سورۃ النجم	526
خود کو پرہیز گار نہ بتاؤ	527
حق کی نامکمل ادائیگی	527
❁ سورۃ القمر	527
کفار کی شکست کی پیشگی اطلاع	528
قدرتِ الٰہی کے منکر	528
❁ سورۃ الرحمٰن	528
الرحمٰن	528
یہود کے قول کا بطلان	529
❁ سورۃ الحدید	529
پہلا شخص	530
ہنسی کا کفارہ	530
کفار کا خیال باطل	531

Marfat.com

عنوانات	صفحہ
اٹھائیسواں پارہ	
سورۃ المجادلہ	
ظہار کا حکم	532
علمِ الٰہی عزوجل	532
یہود اور منافقین کی دل آزار سرگوشیاں	533
مجلس میں جگہ کشادہ کرنے کا حکم	534
بارگاہِ رسالت میں عرض گزاری کا ادب	534
منافقین اور یہود کی دوستی	535
شیطان کی آنکھوں والا	536
سورۃ الحشر	536
حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خلاف معاہدہ	537
درختوں کے کاٹنے اور جلانے میں اختلاف	537
زمانہ جاہلیت کا طریقہ	538
صحابی کا ایثار	539
سورۃ الممتحنہ	539
اہلِ بدر کی بخشش کا پروانہ	540
کفارِ مکہ کے ایمان لے آنے کی غیبی خبر	540
مشرکہ ماں سے حسنِ سلوک کا حکم	542
نومسلمہ اور مرتدہ کے مہر کا حکم	542
سورۃ الصف	543
منافقین کا جھوٹا وعدہ	543
اللہ کا پسندیدہ عمل	543
سورۃ الجمعہ	543
یہودیوں کا گمانِ فاسد	544
تجارت سے بہتر	544
	544
	545

Marfat.com

عنوانات	صفحہ
❁ **سورۃ المنافقون**	545
شانِ رسالت میں بیہودہ کلامی	545
اہل وعیال کی آزمائش	547
❁ **سورۃ الطلاق**	547
حالتِ حیض میں طلاق	548
قید سے آزادی کا وظیفہ	548
حاملہ کی عدت	549
❁ **سورۃ التحریم**	549
ازواجِ مطہرات کی دلجوئی کی خاطر	549
انتیسواں پارہ	
❁ **سورۃ الملک**	551
مشرکین کی حماقت	551
❁ **سورۃ القلم**	551
سردارانِ قریش کا مطالبہ	551
ولید بن مغیرہ کے دس عیوب	552
کفارِ مکہ کے بارے میں تردید	552
شر سے حفاظت	553
❁ **سورۃ المعارج**	553
مستحقِ عذاب کون؟	553
کلامِ الٰہی کے متعلق کفار کی تکذیب اور استہزاء	554
❁ **سورۃ المزمل**	554
جھرمٹ مارنے والے	554
❁ **سورۃ المدثر**	555
بالاپوش	555

Marfat.com

عنوانات	صفحہ
مال واولاد میں کمی	556
کلامِ الٰہی کا انکار	556
کفارِ مکہ کا بھونڈا مطالبہ	557
۞ سورۃ القیامہ	557
خیالِ فاسد	558
نزولِ قرآن کے وقت حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انداز	558
۞ سورۃ الدھر	558
بے مثال سخاوت	559
دعوتِ اسلام سے روکنے کی سازش	559
۞ سورۃ مرسلٰت	559
منٰی کا غار	560
تیسواں پارہ	
اہلِ مکہ کو دعوتِ توحید	561
۞ سورۃ النازعٰت	561
کفارِ مکہ کا مذاق	561
۞ سورہ عبس	562
نابینا کا اِکرام	562
۞ سورۃ التکویر	562
جن یا شیطان	562
۞ سورۃ المطففین	563
پیمانہ میں خیانت	563
حضرت علی رضی اللہ عنہ کی شان	563
۞ سورۃ الانشقاق	563
سجدۂ تلاوت	564

Marfat.com

عنوانات	صفحہ
❁ **سورۃ الطارق**	564
قدرتِ الٰہی کی نشانی	564
❁ **سورۃ الاعلٰی**	564
باغ کے عوض درخت	565
❁ **سورۃ الفجر**	565
یتیم کی حق تلفی	565
❁ **سورۃ البلد**	566
طاقت وزور سب فانی ہے	566
❁ **سورۃ اللیل**	566
حضرت بلال رضی اللہ عنہ کی اسلام پر استقامت	567
گراں قیمت کا غلام	568
❁ **سورۃ الضحٰی**	568
کفار کا طعن	568
❁ **سورۃ العلق**	569
غیبی خندق	569
ابوجہل کی خام خیالی	569
❁ **سورۃ القدر**	570
شبِ قدر	570
❁ **سورۃ العصر**	570
مومن نقصان میں نہیں	571
❁ **سورۃ الماعون**	571
رب سے بے خوفی	571
❁ **سورۃ الکافرون**	572
قریش کی دعوتِ شرک	572

Marfat.com

عنوانات	صفحہ
❁ سورۃ اللھب	572
گستاخِ رسول کی سزا	573
❁ سورۃ اخلاص	573
کفارِ عرب کو قرآنی جواب	573
❁ سورۃ الفلق	574
❁ سورۃ الناس	574
جادو کا توڑ	574

Marfat.com

ابتدائیہ

بلا شبہ قرآن پاک رفتہ رفتہ تھوڑا تھوڑا بقدر ضرورت تقریباً 23 سال میں چند طریقوں سے نازل ہوا۔ احادیث کریمہ سے ثابت ہے کہ رمضان المبارک میں حضرت جبرائیل امین حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہو کر سارا قرآن سنایا کرتے تھے۔ جبکہ بعض آیتیں تو دو دو بار بھی نازل ہوئیں جیسے سورۃ فاتحہ وغیرہ۔ خلاصہ یہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر قرآن کا نزول کئی طریقوں سے ہوا لیکن احکام اس نزول سے جاری فرمائے جاتے تھے جو بذریعہ جبرائیل امین تھوڑا تھوڑا نازل ہوتا تھا۔ قرآن کریم بتدریج نازل ہونے کی ایک حکمت یہ بھی ہے کہ تاکہ مسلمان کو احکام قرآن پر عمل آسان ہو کیونکہ یکدم سارے احکام پر عمل مشکل ہوتا ہے الغرض قرآن پاک کا ایک بڑا حصہ وعظ و نصیحت اور پچھلی امتوں کے واقعات سے متعلق نازل ہوا تا کہ ان گزشتہ قوموں کے احوال سے سبق حاصل کیا جائے اس کے علاوہ قرآن پاک کا بعض حصہ وہ ہے جو کسی واقعہ یا حادثے یا سوال کے جواب میں نازل ہوا۔ کہیں اس میں مسلمانوں کے لئے احکامات نازل کئے گئے اور کہیں اس میں مسلمانوں کو زندگی گزارنے کے طریقے و آداب سکھائے گئے۔ کہیں اس میں رب العالمین عزوجل نے رحمت اللعالمین سے محبت والفت و تسکین خاطر کا اظہار فرمایا تو کہیں قرآن پاک جا بجا محبوب رب العالمین کی نعت بیان کی گئی۔ غرضیکہ آیات اسباب، شان نزول سے واقفیت ان آیات کا پس منظر سمجھنے کا بہترین ذریعہ ہے اور آیات کا پس منظر سمجھنے سے اس کی تفسیر کا سمجھنا دشوار نہیں رہتا۔ اسی سبب سے اسباب شان نزول کو علم تفسیر میں خاص مقام حاصل ہے۔ یہی وجہ ہے کہ علماء کرام نے شان نزول پر خاص توجہ فرمائی۔ علامہ جلال الدین سیوطی شافعی علیہ الرحمہ رقم طراز ہیں: ''علماء نے اس موضوع پر مشتمل کتابیں تالیف کی چنانچہ اس سلسلے میں سب سے پہلی تصنیف علی بن مدینی رحمۃ اللہ علیہ کی ہے جو امام بخاری علیہ الرحمہ کے استاد محترم ہیں۔ (الاتقان 1/34)

علامہ جلال الدین سیوطی شافعی علیہ الرحمہ الکافی مزید تالیفات و تصنیفات کا ذکر کرتے ہوئے ابوالحسن علی بن احمد واحدی (متوفی 148) کی تالیف کو سب سے مشہور و معروف تالیف قرار دیتے ہیں۔

(التبیان فی علوم القرآن 17)

Marfat.com

خود علامہ جلال الدین سیوطی شافعی علیہ الرحمہ الکافی نے بھی اس موضوع پر ایک شاندار کتاب تحریر فرمائی جسکا نام لباب النقول فی شان نزول رکھا۔ یہ کتاب مستطاب اپنی مثال آپ ہے۔ فقیر نے بھی بزرگوں کے نقش پر چلنے کی خواہش رکھتے ہوئے ایک ادنیٰ سے کوشش اسی ضمن میں تالیف کرنے کی کوشش کی ہے۔ گو کہ علم کی کمی اور فقہیانہ مہارت ناپید ہونے کے سبب مجھ حقیر پر تقصیر کو یہ جرات زیب تو نہیں دیتی مگر اپنے رحیم وکریم رب عزوجل سے اچھا گمان رکھتے ہوئے بزرگوں کے پیچھے پیچھے چلنے کے جذبے نے قلم اٹھانے پر اکسایا کہ شاید یہ ادنیٰ سی دینی خدمت مجھ خطا کار کیلئے ذریعہ نجات بن جائے۔ چنانچہ زیر نظر تالیف ''بنام اسباب شان نزول'' آپ کے ہاتھوں میں ہے اس میں اگر کوئی کمی یا غلطی پائیں تو یقیناً یہ فقیر ہی قصوروار ہے اور اس میں جو بھی خوبی پائیں وہ علماء اہلسنت کے فیض وبرکات کا ثمر ہے۔

اللہ عزوجل سے دعا ہے کہ وہ اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وسیلہ جلیلہ اور اپنے پیاروں بالخصوص میرے پیر ومرشد کے صدقے مجھے سے ہمیشہ ہمیشہ کے لئے راضی ہو جائے۔

آمین بجاہ النبی الامین، صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

فقیر حقیر پر تقصیر **ابوتراب محمد ناصر الدین ناصر مدنی**

Marfat.com

پہلا پارہ

سورۃ الفاتحہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ﴿۱﴾ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ﴿۲﴾ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ؕ﴿۳﴾ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ؕ﴿۴﴾ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ﴿۵﴾ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَ لَا الضَّآلِّيْنَ ﴿۶﴾

ترجمہ کنزالایمان: سب خوبیاں اللہ کو (کے لیے) جو مالک سارے جہان والوں کا، بہت مہربان رحمت والا، روز جزا کا مالک، ہم تجھی کو پوجیں اور تجھی سے مدد چاہیں، ہم کو سیدھا راستہ چلا، راستہ ان کا جن پر تو نے احسان (انعام) کیا، نہ ان کا جن پر غضب ہوا اور نہ بہکے ہوؤں کا۔

شان نزول

اس کے نزول کے بارے میں تین اقوال ہیں ایک یہ کہ یہ مکہ مکرمہ میں ہجرت سے پہلے نازل ہوئی بلکہ بعض علماء فرماتے ہیں کہ سب سے پہلے سورۃ فاتحہ ہی نازل ہوئی چنانچہ اس کا واقعہ کچھ یوں بیان کیا جاتا ہے کہ ایک روز حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہ کے پاس تشریف لائے اور فرمایا کہ جب میں تنہائی میں بیٹھتا ہوں تو غیبی آواز سنتا ہوں کہ کوئی کہتا ہے کہ پڑھو۔ اس کی خبر ورقہ بن نوفل کو دی گئی جو کہ حضرت خدیجہ کے رشتے میں بھائی تھے۔ انہوں نے عرض کیا کہ اب جب کبھی یہ آواز آئے تو آپ اطمینان سے سنتے رہیں چنانچہ پھر جب حضرت جبرائیل علیہ سلام خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور عرض کی کہ پڑھیے بسم اللہ الرحمن الرحیم الحمدللہ رب العلمین۔ اس روایت سے معلوم ہوا کہ سب سے پہلے سورۃ الفاتحہ نازل ہوئی دوسرا قول یہ ہے کہ یہ سورۃ ہجرت کے بعد مدینہ منورہ میں نازل ہوئی مگر اس پر اعتراض یہ آتا ہے کہ نماز مکہ مکرمہ میں شب معراج میں فرض ہو چکی تھی اور نماز میں اس سورت کا پڑھنا لازم ہے اب اگر یہ سورت مدنی تسلیم کر لی جائے تو پھر مسلمانوں نے اتنے روز نماز میں کیا پڑھا۔۔ تیسرا قول یہ ہے کہ یہ سورت ہجرت سے پہلے مکہ مکرمہ میں اور

Marfat.com

ہجرت کہ بعد مدینہ طیبہ میں دوبارہ نازل فرمائی گئی اس لیئے اس کو سبع مثانی کہا جاتا ہے کیونکہ یہ سات آیات ہیں اور دو مرتبہ نازل ہوئی ہیں دوبارہ نازل ہونے میں حکمت یہ ہے کہ مسلمانوں کو اس کی شان معلوم ہو جائے۔ سورۃ الفاتحہ مکی بھی ہے اور مدنی بھی کیونکہ یہ ہجرت سے قبل بھی نازل ہوئی اور ہجرت کے بعد بھی دوبارہ نازل ہوئی۔ (تفسیر نعیمی)

سورت البقرہ کا اجمالی شان نزول

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سورت البقرہ کی مختلف آیات کے شان نزول بیان کرنے سے پہلے اس پوری سورت کے نازل ہونے کا اجمالی شان نزول پیش خدمت ہے۔ جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مکہ مکرمہ میں رونق افروز تھے تو وہاں صرف مشرکین وبت پرستوں کا سامنا تھا مگر جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہجرت فرما کر مدینہ منورہ جلوہ افروز ہوئے تو یہاں یہودیوں اور عیسائیوں کی آبادی پائی یہاں یہودیوں کا بڑا زور تھا اور عبداللہ بن ابی گویا منافقوں کا سردار تھا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت ایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے گھر قیام فرما ہوئے اور دعوتِ اسلام شروع کی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس دعوت حق سے لوگ متاثر ہونا شروع ہوئے اور دائرہ اسلام میں داخل ہونا شروع ہو گئے مگر سوائے سعادتمندوں کے باقی سب بغض وحسد اور تعصب کے سبب ہٹ دھرمی پر اتر آئے اور اسلام دشمنی پر آمادہ ہو گئے یہ لوگ اپنے علم کے سبب اطراف مدینہ میں عزت کی نگاہ سے دیکھے جاتے تھے لہذا اکثر عرب کے جہلا بھی ان کے ساتھ ہو گئے اور پھر یہود ونصاریٰ جو آپس میں ایک دوسرے کے خلاف کمر بستہ رہتے تھے وہ بھی اسلام دشمنی میں ایک ہو گئے۔ عبداللہ بن ابی منافق اور اس کے ساتھی بظاہر مسلمان ہو گئے تھے مگر درحقیقت دل سے کافروں کے ساتھ تھے لہذا در پردہ ان کفار کی مدد پر آمادہ رہنے یعنی مسلمانوں کو مدینہ منورہ میں چار محازوں کا سامنا تھا علمائے یہود، علمائے نصاریٰ، جہلا مشرکین اور منافقین یہ لوگ مسلسل دین اسلام کی راہ میں مشکلات کھڑی کرنے مسلمانوں کے دلوں میں اسلام کے متعلق شکوک وشبہات ڈالنے اسلام قبول نہ کرنے دینے اور خفیہ سازشوں اور ایذاء پہنچانے کے درپے رہتے چنانچہ حکمت الہیٰ کے تقاضے کے تحت یہ سورت نازل فرمائی گئی تاکہ ان چاروں فرقوں کی سرکوبی ہو جائے اور لوگوں کے دلوں سے اسلام کے متعلق شکوک وشبہات دور کئے

Marfat.com

جائیں لہذا مدینہ منورہ پہنچتے ہی یہ سورت نازل ہونا شروع ہوگئی۔ (تفسیر نعیمی)

سورۃ البقرہ کی آیات کا شان نزول

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا سَوَآءٌ عَلَیْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا یُؤْمِنُوْنَ ۝۶

(پارہ 1۔ سورۃ البقرہ آیت نمبر 6)

ترجمہ کنزالایمان: بیشک وہ جن کی قسمت میں کفر ہے انہیں برابر ہے، چاہے تم انہیں ڈراؤ، یا نہ ڈراؤ، وہ ایمان لانے کے نہیں۔

محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تسکین خاطر

یہ آیات کریمہ ابولہب اور ابوجہل وغیرہ ان کفار کے حق میں نازل ہوئی جو علم الہیٰ میں کافر تھے نبی کریم رؤف ورحیم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کے ایمان نہ لانے سے رنجیدہ خاطر ہوئے تھے تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی جس میں رب تعالیٰ نے اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تسلی فرمائی کہ نہ آپ کی تبلیغ میں کچھ کمی ہے نہ ہمارے کلام میں کچھ نقصان یہ جو ایمان سے محروم ہیں یہ خود ان کی محرومی و بدنصیبی ہے آپ اس پر غمگین ورنجیدہ خاطر نہ ہوں۔

(تفسیر نعیمی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَمَا هُمْ بِمُؤْمِنِیْنَ ۝۸

(پارہ 1۔ سورۃ البقرہ آیت نمبر 8)

ترجمہ کنزالایمان: اور کچھ لوگ کہتے ہیں کہ ہم اللہ اور پچھلے دن (یوم آخر) پر ایمان لائے اور وہ ایمان والے نہیں۔

بغض کی آگ

مدینہ منورہ میں عبداللہ بن ابی نامی ایک شخص تھا جس کی لوگ بہت عزت کرتے تھے قریب تھا کہ اسے وہاں کا سردار بنا دیا جاتا لیکن اس سے پہلے ہی حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینہ منورہ میں جلوہ افروز ہوئے اور

Marfat.com

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعوت حق سے متاثر ہوکر لوگوں کے دل ایمان کی طرف مائل ہونے لگے۔لوگوں کا بدلتا رجحان اور اپنی اجارہ داری ختم ہوتے دیکھ کر وہ بغض وعناد کی آگ میں جلنے لگا اور مسلمانوں کا سخت دشمن ہوگیا مگر اس نے اپنی اسلام دشمنی کسی پر ظاہر نہ ہونے دی کیونکہ وہ جانتا تھا کہ اگر میں نے مسلمانوں کی مخالفت کی تو لوگوں کے دلوں میں رہی سہی عزت بھی خاک میں مل جائے گئی چنانچہ منافقانہ رویہ اختیار کرتے ہوئے بظاہر مسلمان ہوگیا مگر حقیقت میں اپنی اسلام دشمنی پر ڈٹا رہا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى ۪ فَمَا رَبِحَتْ تِّجَارَتُهُمْ وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ

(پارہ 1۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 16)

ترجمہ کنزالایمان: یہ لوگ جنہوں نے ہدایت کے بدلے گمراہی خریدی تو ان کا سودا کچھ نفع نہ لایا اور وہ سودے کی راہ جانتے ہی نہ تھے (ناواقف تھے)۔

ہدایت کے بدلے گمراہی

اس آیت کریمہ کے نزول کے بارے میں تین رائے ہیں ایک یہ کہ یا تو یہ آیت کریمہ ان لوگوں کے حق میں نازل ہوئی جو مومن بننے کے بعد کافر ہوکر مرتد ہوگئے دوسرے یہ کہ یا پھر یہ آیت کریمہ ان یہود کے حق میں نازل ہوئی جو پہلے تو حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان رکھتے تھے مگر جب نبی آخری الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تشریف آوری ہوئی تو منکر ہوگئے بعض مجاہر کافر اور بعض منافق بن گئے تیسرے یہ کہ یا پھر یہ آیت کریمہ ان تمام کفار کے حق میں نازل ہوئی جو عقل رکھنے کے باوجود اللہ کی طرف سے قائم کردہ دلائل اور ہدایت کا راستہ دیکھ لینے کے باوجود ضد وہٹ دھرمی پر قائم رہے اور گمراہ ہوگئے اور روشنی وہدایت سے کچھ فائدہ نہ اٹھایا۔

(تفسیر خزائن الفرقان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَوْ كَصَيِّبٍ مِّنَ السَّمَآءِ فِيْهِ ظُلُمٰتٌ وَّ رَعْدٌ وَّ بَرْقٌ ۚ يَجْعَلُوْنَ اَصَابِعَهُمْ فِيْۤ اٰذَانِهِمْ مِّنَ الصَّوَاعِقِ حَذَرَ الْمَوْتِ ؕ وَاللّٰهُ مُحِيْطٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ۝١٩

(پارہ 1۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 19)

Marfat.com

ترجمہ کنزالایمان: یا جیسے آسمان سے اترتا پانی کہ ان میں اندھیریاں ہیں اور گرج اور چمک اپنے کانوں میں انگلیاں ٹھونس رہے ہیں، کڑک کے سبب، موت کے ڈر سے اور اللہ (اپنے علم وقدرت سے) کافروں کو گھیرے ہوئے ہے۔

نیک نیت

منافقین مدینہ میں سے دو شخص کفار کی طرف بھاگے کہ راستے میں بارش ہوگئی سخت گرج اور چمک کا عالم تھا ان اشخاص کا حال یہ تھا کہ جب گرج ہوتی تو کان پھٹ جانے کے خوف سے اپنی انگلیاں کانوں میں ٹھونس لیتے اور جب چمک ہوتی تو اس کی روشنی میں چلنے لگتے پھر جب اندھرا چھا جاتا تو رک جاتے اس مصیبت کے عالم میں ایک دوسرے سے کہنے لگے کہ ہم جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو چھوڑ کر مشرکین کی طرف بھاگے ہیں تو شاید ہمارے اس گناہ کے سبب ہم پر یہ مصیبت نازل ہوئی ہے۔ اگر اللہ خیر وعافیت کے ساتھ سویرا کردے ہم بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہوکر دامن اسلام تھام لیں گے چنانچہ ان کی نیک نیتی پر اللہ عزوجل نے ان پر کرم فرمایا اور انہیں اس مشکل سے نجات عطا فرمائی پھر انہوں نے ایسا ہی کیا اور سچے مخلص مومن بن گئے اور ایمان پر قائم رہے چنانچہ اس موقع پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی جس میں اسی بارش کا ذکر فرمایا گیا اور منافقین کی حالت پر اس واقعہ کو منطبق فرمایا۔ (تفسیر خزائن الفرقان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيٖٓ اَنْ يَّضْرِبَ مَثَلًا مَّا بَعُوْضَةً فَمَا فَوْقَهَا ؕ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۚ وَ اَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَيَقُوْلُوْنَ مَا ذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِهٰذَا مَثَلًا ۘ يُضِلُّ بِهٖ كَثِيْرًا ۙ وَّيَهْدِيْ بِهٖ كَثِيْرًا ؕ (پارہ 1۔ سورۃ البقرہ آیت نمبر 26)

ترجمہ کنزالایمان: بیشک اللہ اس سے حیا نہیں فرماتا کہ مثال سمجھانے کو کیسی ہی چیز کا ذکر فرمائے مچھر ہو یا اس سے بڑھ کر۔ تو وہ جو ایمان لائے، وہ تو جانتے ہیں کہ یہ ان کے رب کی طرف سے حق (سچی) ہے رہے کافر، وہ کہتے ہیں ایسی کہاوت میں اللہ کا کیا مقصود ہے، اللہ بہتیروں کو اس سے گمراہ کرتا ہے۔ اور بہتیروں کو ہدایت فرماتا ہے۔

یہود ومنافقین کی تردید

سیدنا عبداللہ ابن عباس نے فرمایا کہ جب قرآن کریم میں مکڑی کے جالوں سے بتوں کو تشبیہ دی گئی تو

Marfat.com

یہود کہنے لگے کہ اگر قرآن اللہ کی طرف سے نازل کردہ کتاب ہوتی تو اس میں مکڑی کے جالوں جیسی حقیر اور ادنیٰ چیزوں کا ذکر نہ ہوتا ایسی حقیر مثالیں پیش کرنا اللہ کی شان کے خلاف ہے چنانچہ ان یہود کی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی بعض علماء نے فرمایا کہ جب قرآن پاک میں منافقین کی روش کو آگ اندھیریوں گرج چمک سے تشبیہ دی گی تو منافقین زبان طعن دراز کرنے لگے اتنی عظیم شان والے رب عزوجل کو ان مثالوں کی کیا ضرورت پیش آگئی یہ ہرگز اللہ کی طرف سے نازل کردہ کتاب نہیں ہوسکتی بعض علماء کا فرمانا ہے کہ یہ طعنہ مشرکین دیا کرتے تھے لہذا اس موقعہ پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی شان نزول سے متعلق یہ تمام رائے یوں اکٹھی ہوسکتی ہیں کہ جب یہود منافقین ومشرکین تینوں ہی کتاب اللہ سے متعلق ایسے بے ہودہ شبہات و اعتراضات کرچکے تو پھر ان سب کی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر کبیر)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ اٰمِنُوْا بِمَاۤ اَنْزَلْتُ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ وَ لَا تَكُوْنُوْۤا اَوَّلَ كَافِرٍۭ بِهٖ ۪ وَ لَا تَشْتَرُوْا بِاٰیٰتِیْ ثَمَنًا قَلِیْلًا وَّ اِیَّایَ فَاتَّقُوْنِ ﴿۴۱﴾ (پارہ 1۔ سورۃ البقرہ آیت نمبر 41)

ترجمہ کنزالایمان: اور ایمان لاؤ اس پر جو میں نے اتارا اس کی تصدیق کرتا ہوا جو تمہارے ساتھ ہے اور سب سے پہلے اس کے منکر نہ بنو اور میری آیتوں کے بدلے تھوڑے دام نہ لو اور مجھ ہی سے ڈرو۔

حق بات سے چشم پوشی

یہ آیت کریمہ کعب بن اشرف اور دوسرے رؤسا اور علماء یہود کے حق میں اتری یہ لوگ اپنی قوم کے جاہل طبقے سے بڑی بڑی رقمیں وصول کرتے تھے اور ان کی ہونے والی پیداوار میں اپنے حصے بھی مقرر کر رکھے تھے جاہل عوام کی نگاہ میں ان کی بڑی قدر ومنزلت تھی علماء یہود کو اس بات کا شدید خطرہ درپیش تھا کہ اگر ہم توریت میں نبی آخری الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نعت وصفات سے لوگوں کو آگاہ کردیں یا خود حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لے آئیں تو ہماری قوم بھی ایمان لے آئے گی اور ہماری یہ مفت کی آمدنی اور بڑی بڑی رقمیں جو ہمیں ملتی ہیں یہ سب ہاتھ سے جاتی رہیں گی چنانچہ انہوں نے دنیاوی مال کے لالچ میں توریت کو بدل ڈالا جب لوگ ان سے پوچھتے کہ توریت میں نبی آخری الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کیا نعت وصفات بیان فرمائی گئی ہیں تو وہ چھپا جاتے اور عوام کو بے خبر رکھتے ایک روایت کے مطابق ایک مرتبہ کعب بن اشرف نے علماء یہود سے پوچھا کہ تمہاری نبی

Marfat.com

آخری الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بارے میں کیا رائے ہے؟ علمائے یہود بولے کہ وہ اللہ کے سچے نبی ہیں اس پر کعب کہنے لگا کہ اگر تم اس کے برخلاف کہتے تو میں تمھیں انعام دیتا یہ سن کر علماء یہود بولے کہ یہ تو بنا سوچے سمجھے ہمارے منہ سے نکل گیا ہمیں زرا غور کرنے کی مہلت دو کعب بن اشرف بولا اچھا سوچ لو چنانچہ علماء یہود اس مجلس سے نکلے اور توریت میں موجود حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نعت وصفات نکال دیں اور اس کی جگہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے وہ صفات منسوب کر دیں جو دجال سے متعلق تھیں پھر واپس آ کر کعب سے آ کر بیان کر دیں چنانچہ کعب نے خوش ہو کر ہر ایک کو چار سیر جو اور چار چادریں بطور انعام دیں چنانچہ اس موقع پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر خازن تفسیر خزائن العرفان تفسیر روح البیان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَ تَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَ اَنْتُمْ تَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۴۴﴾ (پارہ 1۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 44)

ترجمہ کنز الایمان: کیا لوگوں کو بھلائی کا حکم دیتے ہو اور اپنی جانوں کو بھولتے ہو حالانکہ تم کتاب پڑھتے ہو تو کیا تمہیں عقل نہیں۔

قبولِ حق سے محرومی

مسلمانوں نے اپنے رشتہ دار علماء یہود سے پوچھا کہ دین اسلام کے متعلق تم کیا کہتے ہو یہ دین سچا ہے یا نہیں تو انہوں نے جواب دیا کہ یہ دین حق اور قرآن حق ہے تم اس پر قائم رہو مگر وہ خود اس پر ایمان نہ لائے اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی اور مشہور روایت کے تحت یہود عرب نبی آخری الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تشریف لانے سے قبل آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تشریف آوری کی خبریں دیتے تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سچا نبی مانتے تھے مگر جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تشریف آوری ہوئی تو نبی آخری الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خبر دینے والے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت کی ہدایت کرنے والے بغض وحسد میں مبتلا ہو گئے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے منکر ہو کر ایمان نہ لائے تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی نیز یہ کہ علماء یہود ان غریب یہودیوں سے جن سے کچھ مال ملنے کی امید نہ تھی انھیں تو خفیہ طور پر مشورہ دیتے تھے کہ نبی آخری الزمان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سچے نبی ہیں تم ان پر ایمان لے آؤ جبکہ امیر یہودیوں سے کیونکہ مال و دولت ملنے کا لالچ تھا اور ان سے آمدنی حاصل ہوتی تھی انھیں نبی آخری الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لانے سے روکتے اور کہتے کہ ان میں آخری نبی ہونے کی بعض علامتیں ہیں اور بعض نہیں لہذا ابھی ایمان

Marfat.com

نہ لاؤ خوب غور وفکر کرلو انھیں منع کرنے کا سبب یہ تھا کہ اگر یہ امیر یہودی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لے آتے تو ان علماء یہود کی قدر ومنزلت ان کے خیال کے مطابق دو کوڑی کی ہو کر رہ جاتی اور ان سے حاصل ہونے والی آمدنی ان کے ہاتھوں سے نکل جاتی چنانچہ ان کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر نعیمی وتفسیر خزائن العرفان وتفسیر روح البیان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ الَّذِیْنَ هَادُوْا وَ النَّصٰرٰى وَ الصّٰبِـٕیْنَ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَ الْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَ عَمِلَ صَالِحًا فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَ لَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَ لَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ ﴿۶۲﴾ (پارہ 1۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 62)

ترجمہ کنزالایمان: بیشک ایمان والے نیز یہودیوں اور نصرانیوں اور ستارہ پرستوں میں سے وہ کہ سچے دل سے اللہ اور پچھلے دن (قیامت) پر ایمان لائیں اور نیک کام کریں ان کا ثواب ان کے رب کے پاس ہے اور نہ انہیں کچھ اندیشہ ہو اور نہ کچھ غم۔

عمل کا دارومدار ایمان پر ہے

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابی ہیں اسلام قبول کرنے سے قبل ایمان کی تلاش میں سرگرداں پھرتے رہے عیسائی راہبوں سے بھی ملے اور یہود عابدوں کے پاس بھی گئے بلکہ بعض کے اقوال کے مطابق یہ وہ صحابی ہیں جو حضرت عیسیٰ علیہ اسلام کے بعض حواریوں سے بھی مل چکے ہیں اس لئے عیسیٰ علیہ اسلام کے تابعی بھی ہوئے الغرض جب دین اسلام کی تلاش کرتے کرتے بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہوئے تو وہاں ایمان کی دولت کو پالیا اور مشرف بہ اسلام ہو گئے پھر نہوں نے حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے یہودی عابدوں کی سخت عبادت وریاضت انکے کمالات واستدراج کے متعلق عرض کی تو نبی کریم رؤف ورحیم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جواب میں ارشاد فرمایا کہ یہ کتنی ہی سخت عبادت وریاضت کریں جب تک اسلام قبول نہ کریں گے ان کی وہ تمام عبادتیں اور نیک کام رائیگاں ہیں بغیر ایمان کچھ قبول نہیں چنانچہ یہ آیت کریمہ نازل ہوئی جس میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تائید فرمائی گئی نبی کریم رؤف ورحیم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس آیت کریمہ کے نزول کے متعلق حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ سے ارشاد فرمایا کہ یہ آیت تمھارے اور تمھارے ساتھیوں کے متعلق نازل ہوئی ہے جو عیسیٰ علیہ اسلام کے دین پر اس حالت میں مرے کہ ہماری تشریف آوری سے بے خبر ہو تو وہ سچ پر ہے لیکن جو

Marfat.com

ہمارا نام اور ہماری تشریف آوری کا سن کر بھی ایمان نہ لائے وہ ایمان سے محروم اور ہلاکت پر ہے۔

(تفسیر خزائن العرفان، وتفسیر عزیزی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَوَ لَا یَعْلَمُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ یَعْلَمُ مَا یُسِرُّوْنَ وَ مَا یُعْلِنُوْنَ ۝۷۷

(پارہ 1۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 77)

ترجمہ کنزالایمان: کیا تم نہیں جانتے کہ اللہ جانتا ہے جو کچھ وہ چھپاتے ہیں اور جو کچھ ظاہر کرتے ہیں۔

علماء یہود کا فریب

یہود کی جماعت کے کچھ یہودی زمانہ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں صحابہ کرام علیہم الرضوان سے ملتے اور کہتے تھے کہ تمہارے نبی سچے ہیں اور تمہارا دین اسلام سچا ہے ہم تمہارے دین اور تمہارے نبی پر ایمان لائے العرض یہ یہود فرمان نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حق ہونے اور توریت شریف میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعریف وصفات موجود ہونے کی گواہی دیتے لیکن جب وہ وہاں جاتے تو علماء یہود ان یہودیوں کو خوب ڈانٹتے اور ملامت کرتے اور انھیں دین اسلام سے باز رکھنے کی کوشش کرتے چنانچہ ان لوگوں کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فَوَیْلٌ لِّلَّذِیْنَ یَكْتُبُوْنَ الْكِتٰبَ بِاَیْدِیْهِمْ ۗ ثُمَّ یَقُوْلُوْنَ هٰذَا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ لِیَشْتَرُوْا بِهٖ ثَمَنًا قَلِیْلًا ؕ فَوَیْلٌ لَّهُمْ مِّمَّا كَتَبَتْ اَیْدِیْهِمْ وَ وَیْلٌ لَّهُمْ مِّمَّا یَكْسِبُوْنَ ۝۷۹ (پارہ 1۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 79)

ترجمہ کنزالایمان: تو خرابی (بربادی) ہے ان کے لئے جو کتاب اپنے ہاتھ سے لکھیں پھر کہہ دیں یہ خدا کے پاس سے ہے کہ اس کے عوض تھوڑے دام حاصل کریں تو خرابی (بربادی) ہے ان کے لئے ان کے ہاتھوں کے لکھے سے اور خرابی (بربادی) ان کے لئے اس کمائی سے۔

Marfat.com

توریت شریف میں تحریفِ یہود

حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مدینہ منورہ تشریف آوری پر علماء یہود کو سخت تشویش لاحق ہوئی کہ اگر لوگوں نے نبی آخری الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں وہ خوبیاں اور اوصاف وہ حلیہ مبارک پایا جو توریت شریف میں مذکور کی گئی ہیں تو لوگ فوراً آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لے آئیں گے اور اس طرح ہماری قدر و منزلت جو لوگوں کی نگاہ میں ہے وہ ختم ہو جائے گی ہماری سرداری چھن جائے گی اور ان لوگوں سے حاصل ہونے والی آمدنی بند ہو جائے گی۔ چنانچہ انہوں نے توریت شریف میں موجود نبی آخری الزمان کی صفات اور حلیہ مبارک کو تبدیل کر دیا اور توریت شریف کی تحریف کر ڈالی جب لوگ ان علماء یہود سے پوچھتے کہ توریت شریف میں نبی آخری الزماں، صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کیا صفات بیان فرمائی گئی ہیں اور کیا حلیہ بیان فرمایا گیا ہے تو علماء یہود انھیں تبدیل و تحریف شدہ توریت لا کر سنا دیتے اور کہہ دیتے کہ اللہ تعالیٰ نے توریت میں یہ صفات اور حلیہ بیان فرمایا ہے اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان صفات و حلیہ کے مطابق نہیں لہٰذا وہ نبی آخری الزماں نہیں ہو سکتے اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر نعیمی)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَقَالُوْا لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّآ اَيَّامًا مَّعْدُوْدَةً ۭ قُلْ اَتَّخَذْتُمْ عِنْدَ اللّٰهِ عَهْدًا فَلَنْ يُّخْلِفَ اللّٰهُ عَهْدَهٗٓ اَمْ تَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ بَلٰى مَنْ كَسَبَ سَيِّئَةً وَّاَحَاطَتْ بِهٖ خَطِيْۗـَٔتُهٗ فَاُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ⑪

(پارہ 1۔ سورۃ البقرہ آیت نمبر 81)

ترجمہ کنزالایمان: اور بولے ہمیں تو آگ نہ چھوئے گی مگر گنتی کے (کچھ) دن۔ تم فرمادو کیا خدا سے تم نے کوئی عہد لے رکھا ہے جب تو اللہ ہرگز اپنا عہد خلاف نہ کرے گا یا خدا پر وہ بات کہتے ہو جس کا تمہیں علم نہیں۔

یہود کی خوش فہمی

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ فرماتے ہیں کہ یہود کا یہ عقیدہ تھا کہ ہمیں دوزخ میں صرف اتنے دن رہنا ہوگا جتنے دن ہمارے باپ داداؤں نے گوسالہ پرستی کی ہے یعنی بچھڑے کی پوجا کی ہے اور اس کی مدت کیونکہ چالیس دن تھی لہذا ہمیں صرف چالیس دن دوزخ کا عذاب دیا جائیگا اس کے بعد ہم

Marfat.com

عذاب سے چھوٹ جائیں گے تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ثُمَّ اَنۡتُمۡ هٰٓؤُلَآءِ تَقۡتُلُوۡنَ اَنۡفُسَكُمۡ وَ تُخۡرِجُوۡنَ فَرِيۡقًا مِّنۡكُمۡ مِّنۡ دِيَارِهِمۡ تَظٰهَرُوۡنَ عَلَيۡهِمۡ بِالۡاِثۡمِ وَ الۡعُدۡوَانِ ؕ وَ اِنۡ يَّاۡتُوۡكُمۡ اُسٰرٰى تُفٰدُوۡهُمۡ وَ هُوَ مُحَرَّمٌ عَلَيۡكُمۡ اِخۡرَاجُهُمۡ ؕ اَفَتُؤۡمِنُوۡنَ بِبَعۡضِ الۡكِتٰبِ وَ تَكۡفُرُوۡنَ بِبَعۡضٍ ۚ فَمَا جَزَآءُ مَنۡ يَّفۡعَلُ ذٰلِكَ مِنۡكُمۡ اِلَّا خِزۡىٌ فِى الۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا ۚ وَ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ يُرَدُّوۡنَ اِلٰٓى اَشَدِّ الۡعَذَابِ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۸۵﴾

(پارہ 1۔ سورۃ البقرہ آیت نمبر 85)

ترجمہ کنزالایمان: پھر یہ جو تم ہو اپنوں کو قتل کرنے لگے اور اپنے میں سے ایک گروہ کو ان کے وطن سے نکالتے ہو ان پر مدد دیتے ہو (ان کے مخالف کو) گناہ اور زیادتی میں اور اگر وہ قیدی ہو کر تمہارے پاس آئیں تو بدلا دے کر چھڑا لیتے ہو اور ان کا نکالنا تم پر حرام ہے تو کیا خدا کے کچھ حکموں پر ایمان لاتے ہو اور کچھ سے انکار کرتے ہو تو جو تم میں ایسا کرے اس کا بدلہ کیا ہے مگر یہ کہ دنیا میں رسوا ہو اور قیامت میں سخت تر عذاب کی طرف پھیرے جائیں گے اور اللہ تمہارے کوتکوں (اعمال) سے بے خبر نہیں۔

دنیا و آخرت کی رسوائی

توریت شریف میں بنی اسرائیل سے یہ عہد لیا گیا تھا کہ نہ ہی وہ آپس میں قتل قتال کریں گے اور ایک دوسرے کو وطن سے نکال لیں گے جو بنی اسرائیل کسی کی قید میں ہو اسے مال دے کر آزاد کرائیں گے اسرائیل نے توریت شریف میں دیے گئے اس عہد کو پورا کرنے کا وعدہ اقرار کیا اور گواہ بھی ہو گئے مگر پ وعدہ پر قائم نہ رہے اور اس سے پھر گئے تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ لَمَّا جَآءَهُمۡ كِتٰبٌ مِّنۡ عِنۡدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمۡ ۙ وَ كَانُوۡا مِنۡ قَبۡلُ يَسۡتَفۡتِحُوۡنَ عَلَى الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا ۚ فَلَمَّا جَآءَهُمۡ مَّا عَرَفُوۡا كَفَرُوۡا بِهٖ فَلَعۡنَةُ اللّٰهِ عَلَى

Marfat.com

الْكٰفِرِيْنَ ۝۸ (پارہ1۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 89)

ترجمہ کنزالایمان: اور جب ان کے پاس اللہ کی وہ کتاب (قرآن) آئی جو ان کے ساتھ والی کتاب (توریت) کی تصدیق فرماتی ہے اور اس سے پہلے وہ اسی نبی کے وسیلہ سے کافروں پر فتح مانگتے تھے تو جب تشریف لایا انکے پاس وہ جانا پہچانا اس سے منکر ہو بیٹھے (انکار کر بیٹھے) تو اللہ کی لعنت منکروں پر۔

اللہ عزوجل کی لعنت

حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تشریف آوری سے قبل یہود اپنی دعاؤں اور حاجات کی تکمیل کے لیے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وسیلہ اختیار کر لیتے تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نام پاک کے وسیلہ سے کامیابی پاتے تھے یہاں تک کہ جنگ وجدال کے موقعہ پر بھی یہی کہتے کہ اللھم افتح علینا انصرنا بالنبی الدمی یعنی اے اللہ ہمیں اپنے نبی امی کے صدقے وطفیل فتح ونصرت عطا فرما لیکن جب نبی آخری الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تشریف آوری ہوئی تو ہی لوگ جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وسیلہ اور صدقے سے دعائیں مانگا کرتے تھے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے منکر ہو گئے اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر نعیمی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّجِبْرِيْلَ فَاِنَّهٗ نَزَّلَهٗ عَلٰى قَلْبِكَ بِاِذْنِ اللّٰهِ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ۝۹۷ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّلّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَرُسُلِهٖ وَجِبْرِيْلَ وَمِيْكٰلَ فَاِنَّ اللّٰهَ عَدُوٌّ لِّلْكٰفِرِيْنَ ۝۹۸ (پارہ1۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 97-98)

ترجمہ کنزالایمان: تم فرمادو جو کوئی جبریل کا دشمن ہو تو اس (جبریل) نے تو تمہارے دل پر اللہ کے حکم سے یہ قرآن اتارا اگلی کتابوں کی تصدیق فرماتا اور ہدایت وبشارت مسلمانوں کو۔ جو کوئی دشمن ہو اللہ اور اس کے فرشتوں اور اس کے رسولوں اور جبریل اور میکائیل کا تو اللہ دشمن ہے کافروں کا۔

عداوتِ جبرائیل علیہ السلام

اس آیت کریمہ کے شان نزول کے متعلق دو روایات ہیں ایک تو یہ کہ نبی کریم رؤف ورحیم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مدینہ منورہ تشریف آوری کے بعد یہود کی ایک جماعت اپنے سردار ابن صوریا کے ساتھ بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Marfat.com

میں حاضر ہوئی ان کا سردار ابن صوریا نبی کریم رؤف ورحیم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بولا کہ توریت شریف میں آخری نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جو صفات وعلامات بیان فرمائی گئی ہیں ہم انہیں دیکھنا چاہتے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے فرمایا: تحقیق کرلو، وہ بولا آپ کے سونے کی کیا حالت ہے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہماری آنکھیں سوتی ہیں دل نہیں سوتا وہ بولا آپ نے سچ فرمایا نبی آخری الزماں کی یہ علامت ہے پھر بولا اب میں آپ سے وہ باتیں پوچھوں گا جو صرف نبی ہی جانتا ہے کوئی اور نہیں جانتا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ پوچھو تو وہ بولا کہ بتایئے کیا وجہ ہے کہ بچہ کبھی ماں کی شکل پر ہوتا ہے اور کبھی باپ کی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ بچہ باپ اور ماں دونوں کی منی سے تخلیق ہوتا ہے جس کی منی اوپر ہو یا جس کی منی رحم میں پہلے داخل ہو یا جس کی منی زیادہ اور غالب ہو بچہ اس کی شکل پر ہوتا ہے ابن صوریا بولا ٹھیک اب یہ بتایئے کہ بچے کے جسم کا کون سا عضو باپ کی منی سے ہے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ ہڈی اور پٹھے باپ کی منی سے اور گوشت خون بال ناخن ماں کی منی سے وہ بولا ٹھیک اب یہ بتایئے کہ جنتیوں کو جنت میں سب سے پہلے کون سی غذا کھانے کے لیے دی جائیگی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مچھلی اور بیل کا گوشت صوریا بولا ٹھیک بعض نے کہا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا زمین کی روٹی پھر ابن صوریا نے پوچھا کہ یعقوب علیہ السلام نے کون سی غذا تھی جو اپنے اور پر حرام فرمائی تھی اور یہ بھی بتائیں کہ کیوں فرمائی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ یعقوب علیہ اسلام عرق النساء کے مرض میں مبتلا تھے آپ نے منت مانی تھی کہ یا اللہ مجھے اس مرض سے شفا عطا فرما تو میں اپنی پسندیدہ اور مرغوب غذا یعنی دودھ اور اونٹ کا گوشت بھی اپنے اوپر حرام کرلونگا صوریا بولا کہ اب ہمیں آخری بات اور بتادیجئے تو میں بمشول اپنی جماعت کے آپ پر ایمان لے آؤنگا آپ یہ بتادیجئے کہ آپ پر وحی کون فرشتہ لاتا ہے اور کون سا فرشتہ ہے جو آپ کا رفیق ہے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ مجھ پر اور تمام پیغمبروں پر حضرت جبرائیل علیہ السلام ہی وحی لائے اور وہی میرے اور تمام پیغمبروں کے رفیق رہے اس پر ابن صوریا بولا کہ ہم آپ پر ہرگز ایمان نہ لائیں گے کیونکہ جبرائیل ہم یہود کا پرانا دشمن ہے ہاں اگر میکائیل علیہ اسلام آپ پر وحی لاتے تو پھر ہم آپ پر ایمان لے آتے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے دریافت کیا کہ انہوں نے آپ سے کیا دشمنی کی جو تم انہیں اپنا دشمن سمجھتے ہو تو صوریا بولا ایک تو یہ کہ نبوت ورسالت ہمیشہ سے ہمارے خاندان میں رہی مگر اب انہوں نے یہ عہدہ بنی اسمٰعیل کے سپرد کردیا دوسری یہ کہ ہمارے باپ دادوں پر طرح طرح کے عذابات یہی لے کر آئے پھر یہ کہ ہمارے پیغمبروں نے بخت نصر کے پیدا ہونے کی خبر دی تھی کہ وہ شخص بیت المقدس کو ویران اور بنی اسرئیل کو ہلاک کرے گا چنانچہ ہمارے باپ دادوں نے اسے قتل کرنے کے لئے چند قاتل روانہ کیے جنہوں

Marfat.com

نے اس بچے پر قابو پالیا لیکن پھر جبرائیل نے ہی اس بچے کو بچالیا جس نے پھر ہماری قوم کو ہلاک وقتل کر ڈالا یہ جبرائیل کی دشمنی نہیں تو اور کیا ہے اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی

تفسیر کبیر میں ایک روایت یہ بھی بیان ہوئی کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ اکثر یہودیوں کے مدرسے میں تشریف لے جاتے اور وہاں ان کا وعظ سنتے ایک دن جب آپ رضی اللہ عنہ اس مدرسے پہنچے تو علماء یہود جو وہاں موجود تھے آپ کو دیکھ کر خوش آمدید کہنے لگے اور کہنے لگے کہ ہم آپ کو محبوب رکھتے ہیں کہ آپ کے علاوہ کوئی اور صحابی ہمارے وعظ سننے یہاں نہیں آتا غالبا آپ بھی ہم سے محبت کرتے ہیں اس پر حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا کہ اے یہودیو اس غلط فہمی میں نہ رہو کہ میں تمھارے وعظ ونصیحت سننے یہاں آتا ہوں نہ ہی مجھے تم سے کچھ محبت ہے جو یہاں آتا ہوں اور نہ ہی مجھے اپنے دین سے متعلق کچھ شکوک و شبہات اور تمھارے دین سے کچھ میلان ورغبت ہے جو میں یہاں میں چلا آتا ہوں بلکہ میرے آنے کی وجہ تو یہ ہے کہ میں تمھاری کتابوں سے اپنی کتاب قرآن مجید کی حقانیت اور اپنے نبی آخری الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حق ہونے اور ان کے فضائل سن کر اپنا ایماندار اور مضبوط تر قوی تر کرتا ہوں اور الحمد اللہ دن بدن میرا ایمان بڑھتا ہی چلا گیا تم پر افسوس کہ تم کتنے محروم وبدنصیب ہو جو قرآن کی حقانیت اور نبی آخری الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فضائل پڑھ کر اور جان کر بھی ان پر ایمان نہیں لائے اس پر علماء یہود بولے کہ جبرائل ہمارے دشمن ہیں ہمارے باپ دادوں پر ساری مصیبتیں اور عذاب یہی لے کر آئے جبکہ میکائیل ہمارے دوست ہیں کہ وہ ہم پر بارش اور رحمت لے کر آتے ہیں آپ رضی اللہ عنہ نے ان یہود سے دریافت فرمایا کہ بتاؤ جبرائیل اور میکائیل علیہم السلام بارگاہ الہیٰ میں کیا درجہ رکھتے ہیں وہ بولے دونوں ہی بارگاہ الہیٰ میں مقرب ہیں تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ تم سے زیادہ بے عقل کون ہے کہ تم یہی نہیں جانتے کہ جب دونوں ہی اللہ کی بارگاہ میں مقبول ہیں تو پھر جو ان میں سے ایک کا بھی دشمن ہوگا وہ یقینا اللہ عزوجل کا بھی دشمن ہوگا پھر آپ رضی اللہ عنہ بارگاہ رسالت میں حاضر ہونے کے لیے روانہ ہوئے ابھی راستے میں ہی تھے کہ حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر یہ آیت نازل ہونا شروع ہوئی چنانچہ بارگاہ رسالت میں حاضر ہوئے تو نبی کریم رؤف ورحیم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے عمر اللہ نے تیرے کلام کی موافقت فرمائی؛ ہوسکتا ہے کہ یہ دونوں واقعات اس آیت کی شانِ نزول ہوں۔

(تفسیر عزیزی، تفسیر روح البیان، تفسیر کبیر)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَ لَقَدْ اَنْزَلْنَاۤ اِلَیْكَ اٰیٰتٍۭ بَیِّنٰتٍ ۚ وَ مَا یَكْفُرُ بِهَاۤ اِلَّا الْفٰسِقُوْنَ ﴿۹۹﴾

(پارہ 1۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 99)

ترجمہ کنزالایمان؛اور بیشک ہم نے تمہاری طرف روشن آیتیں اتاریں اوران کے منکر نہ ہوں گے مگر فاسق لوگ۔

رسالتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے چشم پوشی

ابن صوریا جو یہود کا سردار مانا جاتا تھا اس نے ایک موقع پر نبی آخری الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا کہ آپ نہ ہی ہمارے پاس کوئی ایسی چیز لے کر آئے جسے ہم پہچانتے اور نہ ہی آپ پر کوئی ظاہری اور واضح آیت یا نشانی نازل ہوئی جسے ہم دیکھ لیتے چنانچہ جواباً یہ آیت کریمہ نازل ہوئی ایک روایت کے مطابق حضرت معاز بن جبل رضی اللہ عنہ نے ایک موقع پر یہودیوں سے فرمایا کہ اے یہودیوں پہلے ہم مشرک تھے اور تم اہل کتاب تھے تم نبی آخری الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تشریف آوری سے قبل آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان و صفات بیان کرتے تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تشریف آوری کی خبریں سناتے تھے چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نعت وصفات سن کر نبی کریم آپ کی تشریف آوری سے قبل ہی ان کے شیدائی بن گئے پھر جب وہ تشریف لائے تو تم ان اعلیٰ شان والے نبی آخری الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لے آئے مگر تم ان کی شان وصفات ونعت بیان کرنے کے باوجود ان پر ایمان لانے سے محروم رہے آخر کیوں تو یہود بولے کہ ان میں وہ علامات وصفات موجود نہیں جو نبی آخری الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی توریت شریف میں بیان فرمائی گئی ہیں لہٰذا ہم انہیں کیسے نبی آخرالزماں مان لیں اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی ممکن ہے کہ یہ دونوں واقعات ساتھ ہی ہوئے ہوں اور ان دونوں سے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی ہو ایک طرف ابن صوریا نے حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا ہو اور ساتھ ہی دوسری طرف معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نے یہودیوں سے یہ دریافت فرمایا ہو چنانچہ ان دونوں واقعات پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔(تفسیر نعیمی تفسیر کبیر)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَوَ كُلَّمَا عٰهَدُوْا عَهْدًا نَّبَذَهٗ فَرِیْقٌ مِّنْهُمْ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا یُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۰۰﴾

(پارہ ا۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 100)

ترجمہ کنزالایمان: اور کیا جب کبھی کوئی عہد کرتے ہیں ان میں کا ایک فریق اسے

Marfat.com

پھینک (توڑ) دیتا ہے بلکہ ان میں بہتیروں (اکثر) کو ایمان نہیں۔

علماء یہود کی بدعہدی

ایک مرتبہ حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہود کے بڑے عالم مالک ابن یوسف اور اس کی جماعت عہد و پیماں کی یاد دہانی کرائی جو توریت میں نبی آخری الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لانے سے متعلق ان سے لئے گے تھے تو ابن صیف ان عہد و پیماں سے صاف مُکر گیا اور بولا کہ توریت میں ہم سے کوئی ایسا عہد نہیں لیا گیا چنانچہ اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ اتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّیٰطِیْنُ عَلٰی مُلْكِ سُلَیْمٰنَ ۚ وَمَا كَفَرَ سُلَیْمٰنُ وَلٰكِنَّ الشَّیٰطِیْنَ كَفَرُوْا یُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ ؕ (پارہ 1۔ سورۃ البقرہ آیت نمبر 102)

ترجمہ کنزالایمان؛ اور اس کے پیرو ہوئے (پیروی کی) جو شیطان پڑھا کرتے تھے سلطنت سلیمان کے زمانہ میں اور سلیمان نے کفر نہ کیا ہاں شیطان کافر ہوئے لوگوں کو جادو سکھاتے ہیں۔

یہود کی تردید و سلیمان علیہ السلام کی تائید

علماء یہود نبی کریم رؤف و رحیم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اعتراض کرتے ہوئے تعجب کا اظہار کرتے ہوئے کہتے تھے کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سلیمان علیہ السلام کو نبی کہتے ہیں حالانکہ وہ تو صرف جادوگر تھے چنانچہ ان کی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ چونکہ حضرت سلیمان علیہ السلام کی وفات کے بعد سے لے کر نبی آخر الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ مبارک تک یہی مشہور رہا کہ حضرت سلیمان علیہ السلام جادوگر تھے (معاذ اللہ) اور اسی جادو کے زور سے آپ علیہ اسلام اتنی بڑی سلطنت کے مالک ہوئے چنانچہ اللہ تعالیٰ نے ان یہود کی تردید اور حضرت سلیمان علیہ السلام کی تائید کے لیے یہ آیت کریمہ نازل فرمائی۔ (تفسیر کبیر تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا وَ قُوْلُوا انْظُرْنَا وَ اسْمَعُوْا ؕ وَ لِلْكٰفِرِیْنَ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ۝۱۰ (پارہ 1۔ سورۃ البقرہ آیت نمبر 104)

Marfat.com

ترجمہ کنزالایمان: اے ایمان والو! راعنا (رعایت کریں) نہ کہو اور یوں عرض کرو کہ حضور ہم پر نظر رکھیں اور پہلے ہی سے بغور سنو اور کافروں کے لئے دردناک عذاب ہے۔

راعنا کو بجائے اُنظُرنا کی تعلیم

صحابہ کرام جب بارگاہ رسالت میں حاضر ہوتے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کچھ تعلیم فرما رہے ہوتے تو اگر صحابہ کرام دوبارہ وہ بات سننا یا سمجھنا چاہتے تو راعنا یارسول اللہ کہتے یعنی یارسول اللہ ہماری رعایت فرمایئے دوبارہ ارشاد فرما دیجئے مگر لفظ راعنا کے ایک برے معنی بھی نکلتے تھے اور یہود اس لفظ کو برے معنوں کے لئے استعمال کرتے اور اپنی اس چال بازی پر خوش ہوتے کہ ہمیں محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے گستاخی کرنے کا نادر موقعہ مل گیا ایک دن حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ نے یہود کی زبان سے یہ لفظ سن کر غصے میں فرمایا کہ تم پر اللہ کی لعنت ہو اگر اب تم نے یہ لفظ منہ سے نکالا تو میں تمھیں قتل کرونگا اس پر یہود بولے کہ آپ ہم پر ناراض ہوتے ہیں جبکہ آپ کے مسلمان بھی یہی لفظ استعمال کرتے ہیں پہلے ان کو منع کریں حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ رنجیدہ ہو کر خدمت اقدس میں حاضر ہوئے تو یہ آیت کریمہ نازل ہوئی جس میں لفظ راعنا کہنے کی ممانعت نازل ہوئی اس کی جگہ لفظ اُنظرنا کی بارگاہ رسالت میں کہنے کا حکم دیا گیا۔ (تفسیر خزائن العرفان تفسیر عزیزی وتفسیر کبیر)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَ لَا الْمُشْرِكِيْنَ اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ خَيْرٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَ اللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝ (پارہ 1۔ سورۃ البقرہ آیت نمبر 105)

ترجمہ کنزالایمان: وہ جو کافر ہیں کتابی یا مشرک وہ نہیں چاہتے کہ تم پر کوئی بھلائی اترے تمہارے رب کے پاس سے اور اللہ اپنی رحمت سے خاص کرتا ہے جسے چاہے اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔

یہود کی منافقانہ چال

یہود کی ایک جماعت میں مسلمانوں سے اپنے بغض وعداوت کو چھپا کر ان سے پیار ومحبت ودوستی وخیر خواہی کا اظہار کرتی اور اپنی محبت بھری باتوں سے انھیں اپنی طرف مائل کرنا چاہتی چنانچہ ان یہود کے جھوٹ کا پول کھولنے اور مسلمانوں کو یہود کی اس منافقانہ چال سے خبردار رکھنے کے لیے یہ آیت کریمہ

Marfat.com

نازل ہوئی۔ (تفسیر جمل اور تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مَا نَنْسَخْ مِنْ اٰيَةٍ اَوْ نُنْسِهَا نَاْتِ بِخَيْرٍ مِّنْهَآ اَوْ مِثْلِهَا ؕ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۰۶﴾ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿۱۰۷﴾ (پارہ 1۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 106)

ترجمہ کنزالایمان: جب کوئی آیت منسوخ فرمائیں یا بھلا دیں تو اس سے بہتر یا اس جیسی لے آئیں گے کیا تجھے خبر نہیں کہ اللہ سب کچھ کرسکتا ہے۔کیا تجھے خبر نہیں کہ اللہ ہی کے لئے ہے آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اور اللہ کے سوا تمہارا نہ کوئی حمایتی نہ مددگار۔

یہود کے اعتراض کا قرآنی جواب

یہود و مشرکین مسلمانوں کو ورغلاتے تھے کہ کیا تمھیں حیرت نہیں ہوتی کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آج کسی کام کا حکم دیتے ہیں پھر کل اس سے منع کر دیتے ہیں اور اس کی جگہ کوئی دوسرا حکم دیتے ہیں جیسے پہلے زانی کے لئے سزا تجویز کی کہ انھیں زبانی طور پر تکلیف دو انھیں برا بھلا کہو پھر یہ حکم واپس کرلیا اور نیا حکم جاری کیا کہ زانی کو ان کے گھر میں قید کردو پھر دوبارہ اس حکم کو تبدیل کر کے ہمیں نیا حکم دے دیا کہ انھیں سو کوڑے مارو وغیرہ تو معلوم ہوا کہ یہ احکامات رب کی طرف سے نہیں ہوئے بلکہ خود انکے اپنے بنائے ہوئے ہیں بے خبری میں کبھی کوئی حکم دیتے ہیں پھر اپنی بے خبری پر شرمندہ ہو کر دوسرا حکم دیتے ہیں (معاذ اللہ) چنانچہ ان یہود و مشرکین کے اس بیہودہ اعتراض کے جواب میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر روح البیان وتفسیر احمدی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَمْ تُرِيْدُوْنَ اَنْ تَسْـَٔلُوْا رَسُوْلَكُمْ كَمَا سُىِٕلَ مُوْسٰى مِنْ قَبْلُ ؕ وَمَنْ يَّتَبَدَّلِ الْكُفْرَ بِالْاِيْمَانِ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ﴿۱۰۸﴾ (پارہ 1۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 108)

ترجمہ کنزالایمان: کیا یہ چاہتے ہو کہ اپنے رسول سے ویسا سوال کرو جو موسیٰ سے پہلے ہوا تھا اور جو ایمان کے بدلے کفر لے وہ ٹھیک (سیدھا) راستہ بہک گیا۔

Marfat.com

یہود کے بے ڈھنگے مطالبات

اس آیت کے شان نزول کے بارے میں چند روایات ہیں ایک تو یہ کہ ایک مرتبہ یہود حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مطالبہ کرنے لگے کہ آپ ہمارے لیے ایسی کتاب لایئے جو آسماں سے وقفے وقفے سے نہیں بلکہ ایک ہی بار نازل ہوئی ہو ہم ایسی کتاب پر ایمان نہ لائینگے جس کے احکام بدلتے رہتے ہوں، بعض روایات کے مطابق ایک بار عبداللہ ابن امیر مخزوی قریش کی ایک جماعت کے ساتھ بارگاہ اقدس میں حاضر ہوا اور کہنے لگا کہ میں آپ پر ایک شرط پر ایمان لاؤنگا وہ یہ کہ پہلے آپ زمیں سے پانی کے چشمے جاری کر کے دکھائیں یا آپ کے کھجور و انار کے باغات ہوں یا پھر آپ ایک سونے کا گھر رکھتے ہوں یا آپ ہمیں آسماں پر چڑھ کر دکھائیں یا پھر اللہ کی طرف سے میرے متعلق لکھا ہو کہ اے عبداللہ ابن امیہ بے شک محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے رسول ہیں تو ان کی پروری کر پھر قریش کی جماعت نے کہا کہ یہ سب تو بڑے مطالبے ہیں آپ انہیں رہنے دیں بس اتنا ہی کریں کہ ہمیں موسیٰ علیہ السلام کی طرح ایک بار ہی ایک مکمل کتاب لا دیں تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی ایک اور روایت ہے کہ ایک مرتبہ قریش کی ایک جماعت نے نبی کریم رؤف و رحیم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مطالبہ کیا کہ وہ صفا و مروہ کو سونے اور چاندی کا بنا دو چنانچہ یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ بعض نے فرمایا کہ بعض مسلمان جو ابھی نئے نئے مسلمان ہوئے تھے انہوں نے نبی کریم رؤف و رحیم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے یہ مطالبہ کیا کہ جس طرح مشرکین کے ایک سے زیادہ معبود ہیں اسی طرح ہمارے بھی چند معبود ہونے چاہئے اور بعض لوگ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بطور امتحان معجزات مانگا کرتے تھے ان کے حق میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر نور العرفان تفسیر کبیر وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَدَّ كَثِيْرٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَوْ يَرُدُّوْنَكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ اِيْمَانِكُمْ كُفَّارًا ۚ حَسَدًا مِّنْ عِنْدِ اَنْفُسِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْحَقُّ ۚ فَاعْفُوْا وَاصْفَحُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝۱۰۹ (پارہ 1۔ سورۃ البقرہ آیت نمبر 81)

ترجمہ کنزالایمان: بہت کتابیوں نے چاہا کاش تمہیں ایمان کے بعد کفر کی طرف پھیر دیں (لوٹا دیں) اپنے دلوں کی حسد (جلن) سے بعد اس کے کہ حق ان پر خوب ظاہر ہو چکا ہے تو تم چھوڑو اور درگزر کرو یہاں تک کہ اللہ اپنا حکم لائے بیشک اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

Marfat.com

عشقِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا غلبہ

جنگ احد کے بعد مخلص ابن بعاز وراء اور زید بن قیس اور دیگر یہود عمار بن یاسر اور حضرت حذیفہ ابن یمان سے کہنے لگے کہ اگر تم سچے ہوتے تمھارا دین سچا ہوتا اور تمھارے نبی سچے ہوتے تو تمھیں اس جنگ میں ہر گز شکست نہ ہوتی اس لیے تمھیں چاہیے کہ تم واپس ہمارے دین میں لوٹ آؤ اس پر حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ تمھارے نزدیک عہد شکنی اور بے وفائی کرنا کیسا ہے وہ بولے کہ سخت برا ہے تب آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں بھی یہ عہد کر چکا ہوں کہ مرتے دم تک اپنے آقا و مولا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کبھی ہر گز منہ نہ موڑوں گا اور نہ ہی کبھی اپنے دین اسلام سے پھروں گا یہود بولے اب تو عمار کا واپس لوٹ آنا ممکن نہیں پھر حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے بولے کیا تم ہم سے تعلق رکھو گے تو حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں اللہ کی واحدانیت پر اور اس کے نبی کی نبوت و رسالت پر اور قرآن کے حق ہونے کعبہ شریف کے قبلہ ہونے اور مسلمانوں کے بھائی ہونے پر ایمان رکھتا ہوں اس پر یہود بولے کہ موسیٰ کے رب کی قسم تمھارے دل تو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت سے مغلوب ہو گئے پھر دونوں صحابہ بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہوئے اور اس واقعے کی خبر دی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ تم نے ٹھیک کیا اور کامیاب ہوئے۔ (تفسیر نعیمی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَقَالُوْا لَنْ يَّدْخُلَ الْجَنَّةَ اِلَّا مَنْ كَانَ هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى ؕ تِلْكَ اَمَانِيُّهُمْ ؕ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۱۱﴾ بَلٰى ۚ مَنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ فَلَهٗۤ اَجْرُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۪ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۱۱۲﴾

(پارہ 1۔ سورۃ البقرہ آیت نمبر 111-112)

ترجمہ کنزالایمان: اور اہل کتاب بولے، ہر گز جنت میں نہ جائے گا مگر وہ جو یہودی یا نصرانی ہو یہ ان کی خیال بندیاں (خیالی باتیں) ہیں تم فرماؤ لاؤ اپنی دلیل اگر سچے ہو۔ ہاں کیوں نہیں جس نے اپنا منہ جھکایا اللہ کے لئے اور وہ نیکوکار ہے تو اس کا نیگ (اجر و ثواب) اس کے رب کے پاس ہے اور انہیں کچھ اندیشہ ہو اور نہ کچھ غم۔

یہود و نصاریٰ کا باہمی اختلاف

ایک مرتبہ یہود مدینہ اور نجران کے عیسائی بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہوئے اور آپس میں مناظرہ

Marfat.com

کرنے لگے اور ایک دوسرے کو جھوٹا اور غلط ثابت کرنے لگے یہودیوں کا کہنا تھا کہ جنت میں صرف یہودی داخل ہونگے اور عیسائی یہ کہہ رہے تھے کہ ہمارے سوا جنت میں کسی کا داخلہ نہیں ہوسکتا تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر روح البیان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ قَالَتِ الْیَهُوْدُ لَیْسَتِ النَّصٰرٰی عَلٰی شَیْءٍ ۖ وَّ قَالَتِ النَّصٰرٰی لَیْسَتِ الْیَهُوْدُ عَلٰی شَیْءٍ ۙ وَّ هُمْ یَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ ؕ كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِیْنَ لَا یَعْلَمُوْنَ مِثْلَ قَوْلِهِمْ ۚ فَاللّٰهُ یَحْكُمُ بَیْنَهُمْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ فِیْمَا كَانُوْا فِیْهِ یَخْتَلِفُوْنَ ﴿۱۱۳﴾

(پارہ 1۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 113)

ترجمہ کنزالایمان: اور یہودی بولے نصرانی کچھ نہیں اور نصرانی بولے یہودی کچھ نہیں حالانکہ وہ کتاب پڑھتے ہیں، اسی طرح جاہلوں نے ان کی سی بات کہی تو اللہ قیامت کے دن ان میں فیصلہ کردے گا جس بات میں جھگڑ (اختلاف کر) رہے ہیں۔

یہود و نصاریٰ کی انجیل و توریت کی تکذیب

یہود مدینہ اور نجران کے عیسائی بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہوئے ایک دوسرے سے مناظرہ کرنے لگے کہ ایک یہودی عالم رافع ابن حرملہ عیسائیوں سے کہنے لگا کہ تم عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ کا پیغمبر اور انجیل کو اللہ کی کتاب مانتے ہوں جبکہ نہ عیسیٰ اللہ کے پیغمبر ہیں اور نہ انجیل اللہ کی کتاب ہے لہٰذا تم بے دین ہو اور تمھارا دین باطل ہے پھر عیسائیوں میں سے ایک عیسائی بولا کہ بے دین تو تم خود ہو کہ موسیٰ علیہ السلام کو اللہ کا نبی اور توریت کو اللہ کی کتاب ہونے پر ایمان رکھتے ہو جبکہ نہ ہی موسیٰ اللہ کے پغمبر ہیں نہ ہی توریت اللہ کی کتاب العرض یہود و نصاریٰ آپس میں خوب جھگڑے اور ایک دوسرے کے دین کو باطل کہنے لگے اس پر حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نہ خوش ہوئے اور ارشاد فرمایا کہ توریت و انجیل ایک دوسرے کی تصدیق کرتی ہیں اور تمھارا یہ حال ہے کہ تم ان کی تکذیب کرتے ہو چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تائید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر عزیزی و تفسیر خزائن العرفان)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ مَسٰجِدَ اللّٰهِ اَنْ يُّذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ وَ سَعٰى فِيْ خَرَابِهَا ؕ اُولٰٓئِكَ مَا كَانَ لَهُمْ اَنْ يَّدْخُلُوْهَآ اِلَّا خَآئِفِيْنَ ؕ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَّ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ○ (پارہ 1۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 114)

ترجمہ کنزالایمان: اوراس سے بڑھ کرظالم کون جواللہ کی مسجدوں کوروکے ان میں نامِ خدالئے (ذکرخدا کیے) جانے سے اوران کی ویرانی میں کوشش کرے ان کو نہ پہنچتا تھا کہ مسجدوں میں جائیں مگرڈرتے ہوئے ان کے لئے دنیامیں رسوائی ہے اوران کے لئے آخرت میں بڑا عذاب۔

دنیامیں رسوائی

اس کے شانِ نزول کے متعلق بہت سی روایات ہیں ایک تو یہ کہ عیسائیوں کا ایک بادشاہ جس کا نام خطیوس تھااس نے یہود سے جنگ کی اورانکا قتل عام کیا بچوں کوقید کیا بیت المقدس کی بے حرمتی کی اسمیں مردارڈالے اور اس میں سورذبح کیے توریت شریف کوجلادیا العرض خلیفہ دوم حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے دور مبارک تک بیت المقدس اسی طرح ویران رہا پھر حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فتح کبریٰ کے بعد بیت المقدس کوآباد کیا وہاں اذان ونمازیں شروع فرمائیں چنانچہ اس بارے میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

ایک دوسری روایت کے مطابق یہ آیت بخت نصر کے متعلق نازل ہوئی کہ اس نے یہود سے جنگ و جدل کے بعد بیت المقدس پر قبضہ کر کے اس کو ویران کر دیا اس کی بے حرمتی کی بعض نے فرمایا کہ یہ آیت کریمہ مکہ کے مشرکین کے بارے میں نازل ہوئی کہ انہوں نے نبی کریم رؤف ورحیم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور مسلمانوں کومسجد حرام میں نماز وعبادت سے روکا اور مسلمانوں کوعمرہ کرنے کے اجازت نہ دی حتیٰ کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ پربھی اپنے دروازے پر سے نماز پڑھنے پر پابندی لگائی یہاں تک کہ انہوں نے وہاں سے ہجرت کرلی ایک اورروایت کے مطابق تحویل قبلہ کے بعد مدینہ کے یہودی کعبہ معظّمہ کے دشمن ہو گے اوروہ مسلمانوں کوکعبہ معظّمہ کی طرف رخ کر کے نماز پڑھنے سے روکنے لگے۔

(تفسیر روح البیان تفسیر کبیر تفسیر القرآن)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ ۚ فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۱۵﴾

(پارہ ۱۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 115)

ترجمہ کنزالایمان: اور پورب وپچھّم (مشرق ومغرب) سب اللہ ہی کا ہے تو تم جدھر منہ کرو ادھر وجہ اللہ (خدا کی رحمت تمہاری طرف متوجہ) ہے بیشک اللہ وسعت والا علم والا ہے۔

مشرق ومغرب سب اللہ کا ہے

اس آیت کریمہ کے شان نزول کے مطابق بیت سی روایات ہیں ایک تو یہ کہ ایک مرتبہ صحابہ کرام علیہم الرضوان سفر میں تھے کہ رات آگئی چنانچہ قبلہ کا صحیح رخ معلوم نہ ہو سکنے کے سبب جس کا جس طرف گمان جما اس نے اسی طرف رخ کر کے نماز ادا کر لی جب صبح حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں اس واقعہ کی خبر دی گئی تو یہ آیت کریمہ نازل ہوئی ایک روایت کے مطابق یہ آیت کریمہ مسافر کے بارے میں نازل ہوئی کہ وہ سفر کی حالت میں اپنی سواری پر نفل نماز پڑھ سکتا ہے اگرچہ اس کی سواری کا رخ کسی طرف بھی ہو اسی حالت میں اسکے نفل کی ادائیگی درست ہے ایک تیسری روایت کے مطابق ایک بار صحابہ کرام علیہم الرضوان نے نبی کریم رؤف ورحیم سے عرض کی کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم کس طرف منہ کر کے دعا مانگا کریں، کیا جس طرح نماز کا قبلہ ہے اس طرح دعا کا بھی کوئی قبلہ ہے جس طرف ہم منہ کر کے دعا مانگیں تو یہ آیت کریمہ نازل ہوئی ایک اور روایت کے مطابق یہ آیت کریمہ نماز خوف کے متعلق نازل ہوئی ہے کہ جس وقت جنگ کی حالت ہو اور دشمن کے حملے کا خوف ہو تو اس حالت میں جس طرف منہ کر کے نماز پڑھ سکتے ہیں ایک قول یہ بھی ہے کہ تحویل قبلہ کے بعد یہود مسلمانوں کو طعنہ زنی کرتے تھے کہ تمھارا دین کتنا عجیب ہے جس کا کوئی قبلہ ہی مقرر نہیں کبھی بیت المقدس کو قبلہ مقرر کیا جاتا ہے کبھی کعبہ مقدسیہ کو قبلہ بنایا جاتا ہے چنانچہ ان کے جواب میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی ایک روایت کے مطابق ایک وقت ایسا بھی تھا جس میں مسلمانوں کو یہ اختیار دیا گیا تھا کہ جس طرف چاہیں اسی طرف منہ کر کے نماز پڑھیں خواہ بیت المقدس کی طرف یا خانہ کعبہ کی طرف یہ آیت کریمہ اس وقت کی ہے۔

(تفسیر کبیر تفسیر احکام القرآن وتفسیر خزائن لعرفان)

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَاِذَا قَضٰۤی اَمْرًا فَاِنَّمَا یَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَیَكُوْنُ ﴿۱۱۷﴾

(پارہ 1۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 117)

ترجمہ کنزالایمان: نیا پیدا (ایجاد) کرنے والا آسمانوں اور زمین کا اور جب کسی بات کا حکم فرمائے تو اس سے یہی فرماتا ہے کہ ہو جا وہ فوراً ہو جاتی ہے۔

باطل عقیدے

یہود کا عقیدہ تھا کہ حضرت عزیز علیہ السلام اللہ کے بیٹے ہیں جبکہ عیسائی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ کا بیٹا مانتے تھے اور مشرکین عرب فرشتوں کو اللہ کی بیٹیاں کہتے تھے کیونکہ وہ خدائی کاموں پر مقرر ہیں اور کسی کو دکھائی نہیں دیتے چنانچہ وہ اللہ کی بیٹیاں ہیں ان تمام کی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر نعیمی)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَقَالَ الَّذِیْنَ لَا یَعْلَمُوْنَ لَوْ لَا یُكَلِّمُنَا اللّٰهُ اَوْ تَاْتِیْنَاۤ اٰیَةٌ ؕ كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّثْلَ قَوْلِهِمْ ؕ تَشَابَهَتْ قُلُوْبُهُمْ ؕ قَدْ بَیَّنَّا الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یُّوْقِنُوْنَ ﴿۱۱۸﴾

(پارہ 1۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 118)

ترجمہ کنزالایمان: اور جاہل بولے اللہ ہم سے کیوں نہیں کلام کرتا یا ہمیں کوئی نشانی ملے ان سے اگلوں (پہلوں) نے بھی ایسی ہی کہی ان کی سی بات اِن کے اُن کے دل ایک سے (یکساں) ہیں بیشک ہم نے نشانیاں کھول دیں یقین والوں کے۔

بے ڈھنگا مطالبہ

یہ آیت کریمہ رفیع ابن خزیمہ کے متعلق نازل ہوئی جس نے حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مطالبہ کیا کہ اگر آپ اللہ سے فرمادیں کہ وہ ہم سے کلام کر کے ہمیں بتائے کہ آپ اللہ کے نبی ہیں تو ہم آپ پر ایمان لے آئیں گے کہ واقعی آپ اللہ کے رسول ہیں چنانچہ اس کے جواب میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر نعیمی)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلَّذِیْنَ اٰتَیْنٰهُمُ الْكِتٰبَ یَتْلُوْنَهٗ حَقَّ تِلَاوَتِهٖؕ اُولٰٓىٕكَ یُؤْمِنُوْنَ بِهٖؕ وَ مَنْ یَّكْفُرْ بِهٖ فَاُولٰٓىٕكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ۠ ﴿۱۲۱﴾ (پارہ 1۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 121)

ترجمہ کنزالایمان: جنہیں ہم نے کتاب دی ہے وہ جیسی چاہئے اس کی تلاوت کرتے ہیں وہی اس پر ایمان رکھتے ہیں اور جو اس کے منکر ہوں تو وہی زیاں کار (خسارہ پانے والے) ہیں۔

تلاوتِ قرآن کا فیض

نبی کریم رؤف ورحیم کے ہجرت فرمانے سے قبل بعض صحابہ حبشہ کہ طرف ہجرت کر چکے تھے اور وہاں کے بادشاہ نجاشی اور انکے ساتھیوں کو قرآن سنا کر انھیں دین اسلام کی طرف راغب کرلیا تھا جب نبی کریم رؤف ورحیم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مدینہ منورہ ہجرت فرمائی تو مہاجرین صحابہ بھی مدینہ منورہ آگے کیونکہ انھیں اپنے آقا و مولا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دور رہنا گوارہ نہ تھا ان کے ساتھ بتیس اہل حبشہ اور آٹھ شامی راہب بھی تھے یہ اہل حبشہ اور شامی اہل کتاب قرآن پاک سن سن کر اور اپنی کتابوں میں نبی آخری الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نعت وصفات اپنی کتابوں میں پڑھ کر اسلام اور داعی اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دلدادہ ہو گئے تھے اور ایمان لا کر حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے ان کے بارے میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان وتفسیر نعیمی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ اِذْ جَعَلْنَا الْبَیْتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَ اَمْنًاؕ وَ اتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرٰهٖمَ مُصَلًّىؕ وَ عَهِدْنَاۤ اِلٰۤى اِبْرٰهٖمَ وَ اِسْمٰعِیْلَ اَنْ طَهِّرَا بَیْتِیَ لِلطَّآىٕفِیْنَ وَ الْعٰكِفِیْنَ وَ الرُّكَّعِ السُّجُوْدِ ﴿۱۲۵﴾ (پارہ 1۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 125)

ترجمہ کنزالایمان: اور (یاد کرو) جب ہم نے اس گھر کو لوگوں کے لئے مرجع (لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ) اور امان بنایا اور ابراہیم کے کھڑے ہونے کی جگہ کو نماز کا مقام بناؤ اور ہم نے تاکید فرمائی ابراہیم واسماعیل کو کہ میرا گھر خوب ستھرا کرو طواف کرنے والوں اور اعتکاف والوں اور رکوع وسجود والوں کے لئے۔

Marfat.com

مبارک پتھر

آیت کے اس جزو واتخذوا سے معلی تک کا شان نزول یہ ہے کہ ایک مرتبہ نبی کریم رؤف و رحیم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑ کر مقام ابرھیم نامی پتھر دکھایا حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں عرض کی جب یہ اتنا معظم پتھر ہے تو ہم اسے معلیٰ کیوں نہ بنالیں کہ اس کے سامنے کھڑے ہو کر کعبہ کو رخ کر کے نماز پڑھیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا مجھے اس کا حکم نہیں دیا گیا تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر مسلک وتفسیر احمدی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِذْ قَالَ لَهٗ رَبُّهٗۤ اَسْلِمْ ۙ قَالَ اَسْلَمْتُ لِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۱۳۱﴾ (پارہ 1۔ سورۃ البقرہ آیت نمبر 131)

ترجمہ کنزالایمان: جبکہ اس سے اس کے رب نے فرمایا گردن رکھ (خود کو رب کے سپرد کر) عرض کی میں نے گردن رکھی (رب کے سپرد کیا) اس کے لئے جو رب ہے سارے جہان کا۔

ایمان کی دولت

یہود کے بہت بڑے عالم حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ جب ایمان لے آئے تو انہوں نے اپنے دو بھتیجوں مہاجر اور سلمہ کو دعوت اسلام پیش کی اور ان سے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے توریت میں نبی آخری الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آمد کی خبر دی ہے جو اولاد اسمٰعیل میں سے ہونگے اور جن کا نام احمد ہوگا اور یہ بھی فرمایا کہ ان پر ایمان لانے والا ہدایت پائے گا اور جو ان پر ایمان نہ لائے گا ملعون ہوگا آپ رضی اللہ عنہ کی یہ بات سن کے ایک بھتیجے سلمہ تو ایمان لے آئے لیکن آپ کے دوسرے بھتیجے مہاجر نے اسلام قبول کرنے سے انکار کر دیا اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (خزائن العرمان، تفسیر روح البیان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَآءَ اِذْ حَضَرَ یَعْقُوْبَ الْمَوْتُ ۙ اِذْ قَالَ لِبَنِیْهِ مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْۢ بَعْدِیْ ؕ قَالُوْا نَعْبُدُ اِلٰهَكَ وَ اِلٰهَ اٰبَآىِٕكَ اِبْرٰهٖمَ وَ اِسْمٰعِیْلَ وَ اِسْحٰقَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ وَّ نَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ﴿۱۳۳﴾ (پارہ 1۔ سورۃ البقرہ آیت نمبر 133)

Marfat.com

ترجمہ کنزالایمان: بلکہ تم میں کے خود موجود (کیا تم اس وقت حاضر) تھے جب یعقوب کو موت آئی جبکہ اس نے اپنے بیٹوں سے فرمایا میرے بعد کس کی پوجا کرو گے بولے ہم پوجیں گے اسے جو خدا ہے آپ کا اور آپ کے آباء (باپ دادا) ابراہیم واسمٰعیل واسحاق کا ایک خدا اور ہم اس کے حضور گردن رکھے (حکم کے تابع) ہیں۔

دین یہودیت کی تردید

یہود کا کہنا تھا کہ یعقوب علیہ السلام اپنی وفات کے وقت اپنی اولاد کو یہ وصیت فرما گئے تھے کہ تم ہمیشہ دین یہودیت پر قائم رہنا چنانچہ ان کے اس بیان کی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن وتفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَقَالُوْا كُوْنُوْا هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى تَهْتَدُوْا ؕ قُلْ بَلْ مِلَّةَ اِبْرٰهٖمَ حَنِيْفًا ؕ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۳۵﴾ (پارہ 1۔ سورۃ البقرہ آیت نمبر 135)

ترجمہ کنزالایمان: اور کتابی بولے یہودی یا نصرانی ہو جاؤ راہ (ہدایت) پاؤ گے تم فرماؤ بلکہ ہم تو ابراہیم کا دین لیتے (پیروی کرتے) ہیں جو ہر باطل سے جدا تھے اور مشرکوں سے نہ تھے۔

دینِ ابراہیمی کی تائید

حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ یہود کے سردار مسلمانوں سے بولے کہ موسیٰ علیہ اسلام وہ نبی ہیں جو تمام انبیاء سے افضل ہیں اور ان پر نازل کی گئی کتاب توریت شریف تمام کتابوں سے افضل کتاب ہے اور دین یہودی تمام دینوں میں سچا دین ہے تم اس دین کو قبول کر لو ایسے ہی عیسائیوں نے بھی مسلمانوں کو عیسیٰ علیہ السلام کو افضل قرار دیتے ہوئے اور قرآن وتوریت کا انکار کرتے ہوئے اور عیسائیت کو سچا مذہب بتاتے ہوئے عیسائی مذہب قبول کرنے کہ دعوت دی چنانچہ ان دونوں یہود ونصاریٰ کے جواب میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (الخزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ اَتُحَآجُّوْنَنَا فِى اللّٰهِ وَهُوَ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ ۚ وَلَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ۚ وَنَحْنُ لَهٗ مُخْلِصُوْنَ ﴿۱۳۹﴾ (پارہ 2۔ سورۃ البقرہ آیت نمبر 139)

Marfat.com

ترجمہ کنزالایمان: تم فرماؤ اللہ کے بارے میں جھگڑتے ہو حالانکہ وہ ہمارا بھی مالک ہے اور تمہارا بھی اور ہماری کرنی (ہمارے اعمال) ہمارے ساتھ اور تمہاری کرنی (تمہارے اعمال) تمہارے ساتھ اور ہم نرے اسی (خالص اللہ) کے ہیں۔

اسلام ہی حق ہے

یہود مسلمانوں سے کہتے تھے کہ ہماری ہی کتاب توریت سب سے پہلی کتاب ہمارا قبلہ، ہمارا دین قدیم اور سارے انبیاء علیہم السلام ہم بنی اسرئیل میں سے ہیں اگر محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نبی ہوتے تو یقیناً ہم میں سے ہوتے عرب کے مشرکین میں سے نہ ہوتے چنانچہ ان کی اس بات کے رد میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر نعیمی)

Marfat.com

دوسرا پارہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سَيَقُوْلُ السُّفَهَآءُ مِنَ النَّاسِ مَا وَلّٰىهُمْ عَنْ قِبْلَتِهِمُ الَّتِيْ كَانُوْا عَلَيْهَا ؕ قُلْ لِّلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ ؕ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۱۴۲﴾

(پارہ2۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 142)

ترجمہ کنزالایمان: اب کہیں گے بیوقوف لوگ، کس نے پھیر دیا مسلمانوں کو، ان کے اس قبلہ سے، جس پر تھے تم فرمادو کہ پورب پچھّم (مشرق ومغرب) سب اللہ ہی کا ہے، جسے چاہے سیدھی راہ چلاتا ہے۔

تحویل قبلہ کی تائید

یہود ومشرکین مکّہ یا منافقین تبدیلی قبلہ پر سخت معترض تھے اور انھیں قبلہ کی تبدیلی سخت ناگوار گزری تھی چنانچہ انکے اعتراضات کے جواب میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَمَا جَعَلْنَا الْقِبْلَةَ الَّتِيْ كُنْتَ عَلَيْهَآ اِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ يَّتَّبِعُ الرَّسُوْلَ مِمَّنْ يَّنْقَلِبُ عَلٰى عَقِبَيْهِ ؕ وَاِنْ كَانَتْ لَكَبِيْرَةً اِلَّا عَلَى الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ ؕ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِيْعَ اِيْمَانَكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۴۳﴾

(پارہ2۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 143)

ترجمہ کنزالایمان: اے محبوب! تم پہلے جس قبلہ پر تھے ہم نے وہ اسی لئے مقرر کیا تھا کہ دیکھیں کون رسول کی پیروی کرتا ہے اور کون الٹے پاؤں پھر جاتا (حق سے باطل کی طرف لوٹ جاتا) ہے۔ اور بیشک یہ بھاری (ناگوار) تھی مگر ان پر، جنہیں اللہ نے ہدایت کی اور اللہ کی شان نہیں کہ تمہارا ایمان اکارت (برباد) کرے بیشک اللہ آدمیوں پر بہت مہربان۔

Marfat.com

تحویل قبلہ سے قبل نماز کا حکم

تبدیلی قبلہ کے حکم سے قبل جب بیت المقدس کی طرف رخ کر کے نماز پڑھی جاتی تھی اس زمانے میں جن صحابہ کرام نے وصال فرمایا تو ان کے رشتہ داروں نے تحویل قبلہ کے بعد ان کی بیت المقدس کی طرف پڑھی گئی نماز کا حکم دریافت کیا تو اس پر اس آیت کا یہ حصہ وما کان اللہ نازل فرمایا گیا۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قَدْ نَرٰی تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِی السَّمَآءِ ۚ فَلَنُوَلِّیَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰىهَا ۪ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ وَحَیْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ ؕ وَاِنَّ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ لَیَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا یَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۴﴾

(پارہ 2۔ سورۃ البقرہ آیت نمبر 144)

ترجمہ کنزالایمان: ہم دیکھ رہے ہیں بار بار تمہارا آسمان کی طرف منہ کرنا (چہرہ اٹھانا) تو ضرور ہم تمہیں پھیر دیں گے اس قبلہ کی طرف جس میں تمہاری خوشی ہے ابھی اپنا منہ پھیر دو مسجد حرام کی طرف اور اے مسلمانو! تم جہاں کہیں ہو اپنا منہ اسی کی طرف کرو اور وہ جنہیں کتاب ملی ہے ضرور جانتے ہیں کہ یہ ان کے رب کی طرف سے حق ہے اور اللہ ان کے کوتکوں (اعمال) سے بے خبر نہیں۔

خدا چاہتا ہے رضائے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

نبی کریم رؤف ورحیم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خواہش تھی کہ مسلمانوں کا قبلہ کعبہ معظّمہ ہو چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اسی امید پر بار بار نگاہ آسماں کی طرف اٹھاتے کہ کوئی حکم نازل ہو چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خواہش کے مطابق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی تحویل قبلہ کا حکم ہوا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دوران نماز ہی کعبہ کی طرف رخ انور فرمالیا صحابہ رضی اللہ عنہ نے بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیروی کرتے ہوئے کعبہ معظّمہ کی طرف رخ کرلیا ایک روایت یوں بھی بیان فرمائی گئی ہے کہ نبی کریم رؤف ورحیم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت جبرائیل علیہ السلام سے فرمایا کہ میری خواہش ہے کہ کعبہ معظّمہ کو ہمارا قبلہ بنا دیا جائے جبرائیل علیہ السلام نے عرض کی میں تو رب کے احکام پر مامور ہوں البتہ آپ رب کے بندہ محبوب ہیں آپ دعا فرمایئے اور آپ کی رضا چاہتا ہے یہ کہہ کر جبرئیل علیہ السلام آسماں پر تشریف لے گئے چنانچہ حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم منتظر نگاہوں سے آسماں کی طرف نگاہ فرمایا کرتے تھے تب یہ آیت

Marfat.com

کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان تفسیر روح البیان وتفسیر کبیر)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ يُّقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتٌ ؕ بَلْ اَحْيَآءٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ ۝١٥٤

(پارہ2۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 154)

ترجمہ کنزالایمان؛ اور جو خدا کی راہ میں مارے جائیں انہیں مردہ نہ کہو بلکہ وہ زندہ ہیں ہاں تمہیں خبر نہیں۔

شہدا زندہ ہیں

جنگ بدر کے موقع پر مسلمانوں کی تعداد صرف ۳۱۳ تھی جبکہ کفار کا لشکر ۱۰۰۰ کے قریب تھا مسلمان بے سروسامان جبکہ کفار ہر طرح سے اسلحے سے لیس کثیر ساز وسامان کے ساتھ میدان جنگ میں موجود تھے مگر پھر بھی مسلمانوں کو فتح نصیب ہوئی اور کفار کو ذلت آمیز شکست کا منہ دیکھنا پڑا اس جنگ میں ۱۴ مسلمان شہید ہوئے اس جنگ کے بعد مسلمان اپنے شہید ساتھیوں کے متعلق کہتے تھے کہ ہمارے فلاں فلاں ساتھی اس جنگ میں مارے گئے جبکہ منافقین یہ کہتے پھرتے تھے کہ ان مسلمانوں کی دیوانگی اور کم عقلی تو دیکھو کہ بے سروسامانی کی حالت میں اتنی بڑی جماعت سے ٹکرا جاتے ہیں اور صرف اپنے نبی کی جوشنودی کیلئے اپنی قیمتی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں چنانچہ ان کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر کبیر)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ ۚ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ اَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ اَنْ يَّطَّوَّفَ بِهِمَا ؕ وَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا ۙ فَاِنَّ اللّٰهَ شَاكِرٌ عَلِيْمٌ ۝١٥٨

(پارہ2۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 158)

ترجمہ کنزالایمان: بیشک صفا اور مروہ اللہ کے نشانوں سے ہیں تو جو اس گھر کا حج یا عمرہ کرے اس پر کچھ گناہ نہیں کہ ان دونوں کے پھیرے (ان کے درمیان طواف) کرے اور جو کوئی بھلی بات اپنی طرف (اپنی خوشی) سے کرے تو اللہ نیکی کا صلہ دینے والا خبردار ہے۔

Marfat.com

اللہ عزوجل کی نشانی

پچھلے زمانے میں اساف نامی ایک شخص اور نائلہ نامی ایک عورت نے کعبہ معظّمہ میں ایک دوسرے کو بد نیتی سے چھوا تو قہر خداوندی ان پر نازل ہوا اور دونوں کو پتھر کا کر دیا گیا اور بطور عبرت اساف کو کوہ وصفا پر اور نائلہ کو کوہ مروہ پر رکھ دیا گیا تا کہ لوگ انہیں دیکھ کر عبرت حاصل کریں اور اس مقدس مقام پر گناہ سے باز رہیں کچھ عرصہ گزرنے کے بعد جاہلیت کا دور آیا تو لوگوں نے ان کی پرستش شروع کر دی وہ جب بھی صفا و مروہ کے درمیان دوڑتے تو بطور تعظیم و ادب انھیں بھی چھو لیتے مسلمانوں کو صفا و مروہ کے درمیان دوڑنا ناگوار ہوا کیونکہ اس میں بت پرستوں اور انکی بت پرستی کی مشابہت محسوس ہوتی تھی چنانچہ ان کی تسلی کیلئے یہ کریمہ نازل ہوئی بعض مفسرین کے قول کے مطابق یہود و نصاریٰ مسلمانوں پر اعتراض کیا کرتے تھے کہ ایک طرف تم توحید کا دعویٰ کرتے ہو اور دوسری طرف بت پرستی کرتے ہو تو ان کے جواب میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر کبیر تفسیر خزائن العرفان تفسیر عزیزی و تفسیر نعیمی وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِلَّا الَّذِیْنَ تَابُوْا وَ اَصْلَحُوْا وَ بَیَّنُوْا فَاُولٰٓئِكَ اَتُوْبُ عَلَیْهِمْ ۚ وَ اَنَا التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ ﴿۱۶۰﴾ (پارہ 2۔ سورۃ البقرہ آیت نمبر 160)

ترجمہ کنزالایمان: مگر وہ جو توبہ کریں اور سنواریں (اپنے اعمال درست کریں) اور ظاہر کریں تو میں ان کی توبہ قبول فرماؤں گا اور میں ہی ہوں بڑا توبہ قبول فرمانے والا مہربان۔

علماء یہود کی خیانت

حضرت معاذ بن جبل اور اسعد بن معاذ اور خارجہ ابن زید نے علماء یہود سے کچھ توریت کے بعض احکامات دریافت کئے جس پر انہوں نے وہ احکامات چھپائے اور نہ بتائے ایک اور روایت کے مطابق ایک انصاری تعلبد ابن عنہ نے اپنے ایک یہودی دوست سے نبی آخری الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صفات و علامات سے متعلق دریافت کیا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ذکر تمھاری کتابوں میں موجود ہے تو اس نے صاف انکار کر دیا اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر درمنثور)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۶۳﴾ (پارہ2۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 163)

ترجمہ کنزالایمان: اور تمہارا معبود ایک معبود ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں مگر وہی بڑی رحمت والا مہربان۔

اللہ ایک ہے

ایک مرتبہ کفار نے نبی کریم رؤف و رحیم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کرنے لگے کہ آپ اپنے رب کی ذات و صفات کا ذکر کریں تا کہ ہم آپ کے رب اور اپنے معبودوں میں فرق کر سکیں چنانچہ اس موقع پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی جس میں رب تعالیٰ کی زات و عام صفات کا تذکرہ فرمایا گیا یہ آیت کریمہ ذات وصفات کے بیان میں اول درجے کی ہے۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَالْفُلْكِ الَّتِيْ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ بِمَا يَنْفَعُ النَّاسَ وَمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ مَّآءٍ فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَبَثَّ فِيْهَا مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ ۖ وَّتَصْرِيْفِ الرِّيٰحِ وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿۱۶۴﴾ (پارہ2۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 164)

ترجمہ کنزالایمان: بیشک آسمانوں اور زمین کی پیدائش اور رات و دن کا بدلتے آنا (رات دن کا بدلنا) اور کشتی کہ دریا میں لوگوں کے فائدے لے کر چلتی ہے اور وہ جو اللہ نے آسمان سے پانی اتار کر مردہ زمین کو اس سے جلا دیا (ہرا بھرا کر دیا) اور زمین میں ہر قسم کے جانور پھیلائے اور ہواؤں کی گردش اور وہ بادل کہ آسمان و زمین کے بیچ میں حکم کا باندھا ہے (اس کے حکم سے کام پر لگے ہیں) ان سب میں عقلمندوں کے لئے ضرور نشانیاں ہیں۔

تمام عالم کا ایک ہی رب عزوجل

مشرکین نے جب توحید و وحدانیت سے متعلق آیت سنی تو از راہ تعجب بولے کہ اتنی بڑی دنیا کے لئے صرف ایک ہی رب کیسے کافی ہو سکتا ہے آپ ہمیں کوئی قوی دلیل دیجئے تو ان کے اس اعتراض کے جواب میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

Marfat.com

ایک دوسرے قول کے مطابق قریش نے حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مطالبہ کیا کہ آپ اپنے رب سے دعا کریں کہ وہ کوہ وصفا کو سونے کا بنا دے تو ہم آپ پر ایمان لے آئیں گے چنانچہ حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دعا فرمائی تو رب نے فرمایا ہم آپ کی دعا پوری کر دینگے مگر اس کے باوجود اگر یہ لوگ ایمان نہ لائے اور کفر پر ہی قائم رہے تو پھر ان پر ایسا عزاب نازل فرمائیں گے جو کسی کو نہ دیا ہوگا تو نبی کریم رؤف ورحیم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا مولیٰ کریم میں ایسی نشانی نہیں چاہتا تو یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر نعیمی وتفسیر درمنثور)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ كُلُوْا مِمَّا فِی الْاَرْضِ حَلٰلًا طَیِّبًا وَّ لَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّیْطٰنِ ؕ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِیْنٌ ﴿۱۶۸﴾ اِنَّمَا یَاْمُرُكُمْ بِالسُّوْٓءِ وَ الْفَحْشَآءِ وَ اَنْ تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۶۹﴾ (پارہ2۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 168-169)

ترجمہ کنزالایمان: اے لوگو کھاؤ جو کچھ زمین میں حلال پاکیزہ ہے اور شیطان کے قدم پر قدم نہ رکھو (پیچھے نہ چلو)، بیشک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے، وہ تو تمہیں حکم دے گا بدی اور بے حیائی کا اور یہ کہ اللہ پر وہ بات جوڑو جس کی تمہیں خبر نہیں۔

من مانی حرمت

عرب کے مشرکین کا یہ دستور تھا کہ کچھ جانور اپنے بتوں کے نام پر چھوڑ دیا کرتے تھے اور ان کی سواری اور گوشت وغیرہ یا ان سے کوئی بھی فائدہ لینے کو اپنے اوپر حرام جانتے تھے چنانچہ ان کے اس فعل کی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی بعض روایات میں آیا ہے کہ عبداللہ بن سلام اور ان کے دیگر ساتھی ایمان لے آنے کے باوجود دور جاہلیت کی مانند اونٹ کا گوشت اپنے اوپر حرام جانتے تھے کیونکہ اسلام سے قبل ان کے دین یہودیت میں اونٹ کا گوشت حرام تھا چنانچہ انکے بارے میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی بعض روایات کے مطابق بنوثقیف اور بنی عامر اور خزاعہ کے کچھ لوگوں نے کھجور پنیر اور دیگر لذیذ چیزیں اپنے اوپر حرام کر لی تھیں وہ یہ سمجھتے تھے کہ ترک دنیا یعنی دنیا کی نعمتوں سے خود کو محروم رکھنے پر اجر وثواب عطا کیا جاتا ہے چنانچہ ان کی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر روح المعانی وتفسیر کبیر)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ اِذَا قِیْلَ لَهُمُ اتَّبِعُوْا مَاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا بَلْ نَتَّبِعُ مَاۤ اَلْفَیْنَا عَلَیْهِ اٰبَآءَنَا ؕ اَوَ لَوْ كَانَ اٰبَآؤُهُمْ لَا یَعْقِلُوْنَ شَیْـًٔا وَّ لَا یَهْتَدُوْنَ ۝۱۷۰ وَ مَثَلُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا كَمَثَلِ الَّذِیْ یَنْعِقُ بِمَا لَا یَسْمَعُ اِلَّا دُعَآءً وَّ نِدَآءً ؕ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یَعْقِلُوْنَ ۝۱۷۱ (پارہ2۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 171)

ترجمہ کنزالایمان: اور جب ان سے کہا جائے اللہ کے اتارے پر چلو تو کہیں بلکہ ہم تو اس پر چلیں گے جس پر اپنے باپ دادا کو پایا کیا اگرچہ ان کے باپ دادا نہ کچھ عقل رکھتے ہوں نہ ہدایت اور کافروں کی کہاوت (مثال) اس کی سی ہے جو پکارے ایسے کو کہ خالی چیخ و پکار کے سوا کچھ نہ سنے بہرے، گونگے، اندھے تو انہیں سمجھ نہیں۔

ضد اور ہٹ دھرمی

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک بار حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہود کو دعوت اسلام پیش کی اور انھیں اللہ کے عذاب سے ڈرایا تو وہ بولے کہ ہم تو اپنے باپ داداؤں کے دین کو نہ چھوڑیں گے اور اس پر قائم رہیں گے کیونکہ ہمارے باپ دادا ہم سے زیادہ دانا اور واقف تھے چنانچہ اس موقع پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر درمنثور و تفسیر کبیر)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّ الَّذِیْنَ یَكْتُمُوْنَ مَاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ الْكِتٰبِ وَ یَشْتَرُوْنَ بِهٖ ثَمَنًا قَلِیْلًا ۙ اُولٰٓىٕكَ مَا یَاْكُلُوْنَ فِیْ بُطُوْنِهِمْ اِلَّا النَّارَ وَ لَا یُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ وَ لَا یُزَكِّیْهِمْ ۪ وَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ۝۱۷۴ (پارہ2۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 174)

ترجمہ کنزالایمان: وہ جو چھپاتے ہیں اللہ کی اتاری کتاب اور اس کے بدلے ذلیل (حقیر، بہت تھوڑی سی) قیمت لے لیتے ہیں وہ اپنے پیٹ میں آگ ہی بھرتے ہیں اور اللہ قیامت کے دن ان سے بات نہ کرے گا اور نہ انہیں ستھرا کرے، اور ان کے لئے دردناک عذاب ہے۔

Marfat.com

علماء یہود کے دو چہرے

نبی کریم رؤف ورحیم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تشریف آوری سے قبل علماء یہود آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات وصفات وعلامات لوگوں کو بتایا کرتے تھے اور کہتے تھے کہ نبی آخری الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جن کا نام محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہوگا وہ ہم میں سے ہونگے چنانچہ لوگ ان کی بہت عزت کیا کرتے انھیں نذرانے اور تحفے دیا کرتے تھے ان کی خدمت کیا کرتے تھے علماء یہود کی یہ قدر ومنزلت اس لیے تھی کہ لوگ انھیں بزرگ جانتے تھے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی انہی میں سے ہونگے العرض علماء یہود لوگوں سے خوب مال ودولت تحائف ونذرانے وصول کیا کرتے تھے مگر جب نبی کریم رؤف ورحیم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بنی اسرئیل کے بجائے بنی اسمٰعیل میں تشریف لائے تو انہیں اپنی آمدنی بند ہوجانے اور تحائف اور نذرانے رک جانے اور اپنی قدر ومنزلت لوگوں کی نگاہ میں کم ہوجانے کا خدشہ لاحق ہوا چنانچہ انہوں نے توریت میں موجود نبی آخری الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صفات وعلامات اور حلیہ مبارک مین تبدیلی کردی اور کہا کہ وہ نبی آخر الزماں نہیں جس کا زکر توریت میں ہے وہ تو ابھی آئیں گے اور ہماری قوم میں سے ہی ہونگے یہ اس سبب سے کہا کہ لوگ آخری نبی آنے کے منتظر رہیں اور انھیں تحائف ونزرانے دیتے رہیں چنانچہ ان کے حق میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر درمنثور)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لَيْسَ الْبِرَّ اَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَ الْمَغْرِبِ وَ لٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَ الْمَلٰٓئِكَةِ وَ الْكِتٰبِ وَ النَّبِيّٖنَ ۚ وَ اٰتَى الْمَالَ عَلٰى حُبِّهٖ ذَوِي الْقُرْبٰى وَ الْيَتٰمٰى وَ الْمَسٰكِيْنَ وَ ابْنَ السَّبِيْلِ ۙ وَ السَّآئِلِيْنَ وَ فِي الرِّقَابِ ۚ

(پارہ 2۔ سورۃ البقرہ آیت نمبر 177)

ترجمہ کنزالایمان: کچھ اصل نیکی یہ نہیں کہ منہ مشرق یا مغرب کی طرف کرو ہاں اصلی نیکی یہ کہ ایمان لائے اللہ اور قیامت اور فرشتوں اور کتاب اور پیغمبروں پر اور اللہ کی محبت میں اپنا عزیز مال دے رشتہ داروں اور یتیموں اور مسکینوں اور راہ گیر اور سائلوں کو اور گردنیں چھوڑانے (قیدیوں، مقروضوں، غلاموں کو آزادی دلانے) میں۔

یہود ونصاریٰ کا باطل گمان

یہود کے نزدیک بیت المقدس کا مشرقی حصہ قبلہ مقرر تھا جبکہ نصاریٰ نے بیت المقدس کے مغربی حصے کو

Marfat.com

اپنا قبلہ بنا رکھا تھا اور ان دونوں کا یہ گمان تھا کہ ہمارا قبلہ درست ہے چنانچہ اس طرف منہ کر کے نماز پڑھ لینا درست ہے لہٰذا ان دونوں فریق کی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر نعیمی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِي الْقَتْلٰى ؕ اَلْحُرُّ بِالْحُرِّ وَ الْعَبْدُ بِالْعَبْدِ وَ الْاُنْثٰى بِالْاُنْثٰى ؕ فَمَنْ عُفِيَ لَهٗ مِنْ اَخِيْهِ شَيْءٌ فَاتِّبَاعٌۢ بِالْمَعْرُوْفِ وَ اَدَآءٌ اِلَيْهِ بِاِحْسَانٍ ؕ ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَ رَحْمَةٌ ؕ فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۷۸﴾ (پارہ 2۔ سورۃ البقرہ آیت نمبر 178)

ترجمہ کنزالایمان: اے ایمان والوں تم پر فرض ہے کہ جو ناحق مارے جائیں ان کے خون کا بدلہ لو آزاد کے بدلے آزاد اور غلام کے بدلے غلام اور عورت کے بدلے عورت تو جس کے لئے اس کے بھائی کی طرف سے کچھ معافی ہوئی۔ تو بھلائی (نرمی و مہربانی) سے تقاضا ہو اور اچھی طرح ادا، یہ تمہارے رب کی طرف سے تمہارا بوجھ ہلکا کرنا ہے اور تم پر رحمت تو اس کے بعد جو زیادتی کرے اس کے لئے دردناک عذاب ہے۔

قصاص کا حکم

اس آیت کریمہ کے شان نزول کے متعلق چند روایات ہیں:

مدینہ منورہ کے دو قبیلے اوس اور خزرج تھے ان میں سے ایک قبیلہ اپنے مال و دولت عزت اور انفرادی قوت کے لحاظ سے دوسرے سے زیادہ تھا چنانچہ اس نے قسم کھائی کہ ہم اپنے غلام کے قتل کے بدلے دوسرے قبیلے کے آزاد کو اور عورت کے بدلے مرد کو اور اپنے ایک مرد کے بدلے دوسرے قبیلے کے دو کو قتل کرین گے اسلام سے قبل بڑے لوگ غریبوں اور چھوٹے لوگوں پر یونہی ظلم کیا کرتے تھے چنانچہ یہ معاملہ حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں پیش کیا گیا تو یہ آیت کریمہ نازل کی گئی۔

ایک اور روایت میں ہے کہ دین موسوی میں قتل کا بدلہ قتل ہی تھا نہ ہی قصاص کے احکامات تھے نہ ہی مقتول کے لوحقین معاف کرنے کا حق رکھتے تھے جبکہ دین عیسوی میں معاف کر دینے کا حق تو تھا مگر قصاص کا حکم نہ تھا جب کہ کفار عرب کبھی تو خون کے بدلے خون کرتے اور کبھی خون کے بدلے مال لیتے مگر دونوں میں زیادتی کرتے تھے کہ بڑے آدمی کے قتل کے عوض کئی قتل کئے جاتے یا حق سے زیادہ مال وصول کیا جاتا جبکہ غریب

Marfat.com

کے قتل بدلہ نہایت معمولی ہوتا چنانچہ یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

ایک اور روایت کے مطابق یہ آیت حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کی شہادت کے موقعہ پر آئی۔

(تفسیر خزائن العرفان، تفسیر کبیر، تفسیر منثور)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

كُتِبَ عَلَيْكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ اِنْ تَرَكَ خَيْرَا ۖ الْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ وَ الْاَقْرَبِيْنَ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۸۰﴾ (پارہ2۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 180)

ترجمہ کنزالایمان: تم پر فرض ہوا کہ جب تم میں کسی کو موت آئے اگر کچھ مال چھوڑے تو وصیت کر جائے اپنے ماں باپ اور قریب کے رشتہ داروں کے لئے موافق دستور (شریعت کے مطابق) یہ واجب ہے پرہیزگاروں پر۔

وراثت کا حکم

اسلام سے قبل کفار کا یہ حال تھا کہ وہ نام ونمود کی بہت چاہ رکھتے تھے اپنے جینے مرنے میں نام ونمود کا لحاظ رکھتے تھے یہاں تک مرتے وقت بھی اپنی تمام جائداد و مال وغیرہ کسی ادارے وغیرہ کے نام کر جاتے کہ میرے بعد یہ مال فلاں ادارے کو ملے تا کہ میرا نام میری دریا دلی میری سخاوت لوگ یاد رکھیں اور رشتہ داروں کو مال دینے سے کتراتے تھے کہ مال اندر ہی اندر تقسیم ہو جائے گا اور میرا نام بھی نہ ہو سکے گا چنانچہ ان کی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر نعیمی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ اِذَا سَاَلَكَ عِبَادِيْ عَنِّيْ فَاِنِّيْ قَرِيْبٌ ؕ اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ ۙ فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لِيْ وَ لْيُؤْمِنُوْا بِيْ لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُوْنَ ﴿۱۸۶﴾

(پارہ2۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 186)

ترجمہ کنزالایمان: اور اے محبوب جب تم سے میرے بندے مجھے پوچھیں تو میں نزدیک ہوں (اپنی رحمت سے) دعا قبول کرتا ہوں پکارنے والے کی جب مجھے پکارے تو انہیں چاہئے میرا حکم مانیں اور مجھ پر ایمان لائیں کہ کہیں راہ (ہدایت) پائیں۔

Marfat.com

دعائیں قبول کرنے والا

اس آیت کریمہ کے شان نزول کے بارے میں چند روایات ہیں:

صحابہ کرام علیہم الرضوان ایک مرتبہ نبی کریم رؤف ورحیم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عشق الٰہی سے مغلوب ہو کر عرض گزار ہوئے کہ ہمارا رب کہاں ہے اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی دوسری روایت کے مطابق ایک اعرابی حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئے کہ ہمارا رب قریب ہے کہ ہم اس سے مناجات کریں یا دور ہے کہ ہم اسے پکاریں تو اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

ایک روایت میں آیا ہے کہ ایک غزوہ میں صحابہ کرام بلند آواز سے نعرہ تکبیر لگاتے تھے تو حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے فرمایا کہ تم بہرے یا غائب کو نہیں پکارتے بلکہ سمیع وقریب کو پکارتے ہو تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تصدیق میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی (خیال رہے کہ حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا منشا یہ تھا کہ ہم چپکے سے دشمن پر جا پڑیں اور وہ گھبرا کر ہتھیار ڈال دیں اور بغیر خون خرابہ کے فتح حاصل ہو جائے مگر جب صحابہ کرام نے جب بلند آواز سے نعرے لگائے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی منشا کے سبب منع فرمایا ورنہ ذکر بالجہر ممنوع نہیں یہ ممانعت موقع کے لحاظ سے تھی)۔

ایک اور قول کے مطابق صحابہ کرام نے نبی کریم رؤف ورحیم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی کہ ہم رب عزوجل سے کس وقت دعا کیا کریں تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان، تفسیر درمنثور و تفسیر کبیر)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ اِلٰى نِسَآئِكُمْ ؕ هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَ اَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ ؕ عَلِمَ اللّٰهُ اَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَخْتَانُوْنَ اَنْفُسَكُمْ فَتَابَ عَلَيْكُمْ وَ عَفَا عَنْكُمْ ۚ فَالْـٰٔنَ بَاشِرُوْهُنَّ وَ ابْتَغُوْا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ ۪ (پارہ 2۔ سورۃ البقرہ آیت نمبر 187)

ترجمہ کنزالایمان: روزہ کی راتوں میں اپنی عورتوں کے پاس (صحبت کے لیے) جانا تمہارے لئے حلال ہوا وہ تمہاری لباس ہیں اور تم ان کے لباس، اللہ نے جانا (ازل میں) کہ تم اپنی جانوں کو خیانت میں ڈالتے تھے (اللہ سے بدعہدی کر کے) تو اس نے تمہاری توبہ قبول کی اور تمہیں معاف فرمایا تو اب ان سے صحبت کرو اور طلب کرو جو اللہ نے تمہارے نصیب میں لکھا ہو۔

Marfat.com

امت پر آسانی

اگلی شریعتوں میں افطار کے بعد سے عشاء تک کھانا پینا اور عورتوں سے جماع کرنا حلال تھا مگر بعد نماز عشاء یہ تمام باتیں حرام ہو جاتی تھیں یہاں تک کہ شروع اسلام میں بھی یہی حکم رہا اسی دوران ایک دفعہ حضرت عمر فاورق رضی اللہ عنہ اور دیگر صحابہ کرام بعد نماز عشاء اپنی بیویوں سے جماع کر بیٹھے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے جب غسل کیا تو رونے لگے اور اپنے کو ملامت کرنے لگے پھر خدمت اقدس میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں اللہ اور اس کے رسول کی بارگاہ میں اپنے خطا کار نفس کی ملامت کرتا ہوں میں نے عشاء کے بعد اپنی بیوی سے جماع کر لیا ہے حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اے عمر تمہارا یہ کام نہ تھا اس پر کچھ حضرات صحابہ بھی کھڑے ہو کر معذرت خواہ ہوئے کہ ہم سے بھی یہ خطا ہوئی تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر کبیر و تفسیر در منثور وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْاَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْاَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ ۪ ثُمَّ اَتِمُّوا الصِّيَامَ اِلَى الَّيْلِ ۚ وَلَا تُبَاشِرُوْهُنَّ وَ اَنْتُمْ عٰكِفُوْنَ ۙ فِي الْمَسٰجِدِ ؕ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَقْرَبُوْهَا ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿۱۸۷﴾ (پارہ 2۔ سورۃ البقرہ آیت نمبر 187)

ترجمہ کنزالایمان: اور کھاؤ اور پیو یہاں تک کہ تمہارے لئے ظاہر ہو جائے سفیدی کا ڈورا (صبح کی سفیدی) سیاہی کے ڈورے (رات کی سیاہی) سے (پو پھٹ کر) پھر رات آنے تک روزے پورے کرو اور عورتوں کو ہاتھ نہ لگاؤ (صحبت نہ کرو) جب تم مسجدوں میں اعتکاف سے ہو یہ اللہ کی حدیں ہیں ان کے پاس نہ جاؤ اللہ یوں ہی بیان کرتا ہے لوگوں سے اپنی آیتیں کہ کہیں انہیں پرہیزگاری ملے۔

سفیدی اور سیاہی کا ڈورا

اسلام کے شروع میں رمضان کی راتوں میں سونے سے پہلے پہلے کھانے پینے کی اجازت تھی مگر سونے کے بعد یا عشاء کے بعد کھانا پینا وغیرہ سب حرام ہو جاتا تھا چنانچہ ایک صحابی مصرعہ ابن قیس رضی اللہ عنہ جو سخت محنتی آدمی تھے اور دن بھر محنت کرتے تھے ایک مرتبہ ماہ رمضان میں روزہ کی حالت میں دن بھر محنت مشقت

Marfat.com

کر کے شام کو گھر آئے اور افطار کے لیے کھانا مانگا زوجہ محترمہ کھانا پکانے میں مصروف ہو گئیں یہ لیٹ گئے اور انہیں تھکن کے سبب نیند آ گئی جب زوجہ محترمہ کھانا تیار کر کے آئیں تو دیکھا کہ آپ سو رہے ہیں آپ نے نیند سے بیدار کیا تو انہوں نے کھانا کھانے سے انکار کر دیا کیونکہ اب کھانا شرعی لحاظ سے حرام ہو چکا تھا چنانچہ انہوں نے اسی حالت میں دوسرا روزہ بھی رکھ لیا جس کے سبب کمزوری بہت بڑھ گئی اور دوپہر کو غش آ گیا چنانچہ ان کے حق میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں سفید اور کالے ڈورے دنیاوی دھاگے سمجھا لہٰذا میں نے سیاہ و سفید دھاگے اپنے تکیے کے نیچے رکھ لیے اور راتوں کو اٹھ اٹھ کر انھیں دیکھتا جب صبح خدمت اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں یہ واقع سنایا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تبسم فرمایا اور ارشاد فرمایا کہ تب تو تمھارا تکیہ بڑا فراخ ہے یعنی وہ ڈورے جو یہاں مراد ہیں تمھارے تکیے کے نیچے نہیں آ سکتے سفید دھاگے سے دن کی سفیدی اور سیاہ دھاگے سے رات کی سیائی مراد ہے چنانچہ لفظ من الفجر نازل ہوا۔ اس اجازت کے مل جانے کے بعد صحابہ کرام حالت اعتکاف میں بھی عورتوں سے صحبت کر لیا کرتے تھے کہ رات ہونے پر گھر چلے جایا کرتے بعد صحبت غسل کر کے مسجد میں آ جایا کرتے تھے چنانچہ اعتکاف کے متعلق احکام نازل ہوئے۔

الغرض اس آیت کے مختلف جزو کے مختلف شان نزول روایات کئے گئے ہیں۔

(تفسیر خزائن العرفان تفسیر کبیر تفسیر روح البیان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَلَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ وَتُدْلُوْا بِهَآ اِلَى الْحُكَّامِ لِتَاْكُلُوْا فَرِيْقًا مِّنْ اَمْوَالِ النَّاسِ بِالْاِثْمِ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۸﴾ (پارہ 2۔ سورۃ البقرہ آیت نمبر 188)

ترجمہ کنزالایمان: اور آپس میں ایک دوسرے کا مال ناحق نہ کھاؤ اور نہ حاکموں کے پاس ان کا مقدمہ اس لئے پہنچاؤ کہ لوگوں کا کچھ مال ناجائز طور پر کھا لو جان بوجھ کر۔

مالِ ناحق نہ کھاؤ

حضرت عبدان حضری اور حضرت امراء القیس کندی میں زمین کا کچھ تنازعہ تھا انہوں نے یہ مقدمہ بارگاہ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں پیش کیا جس میں حضرت عبدان مدعی تھے اور حضرت امراء القیس مدعا علیہ چونکہ حضرت عبدان کے پاس کوئی گواہ نہ تھا لہٰذا حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت امراء القیس کو قسم کا حکم ارشاد فرمایا اور پھر

Marfat.com

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ آیت کریمہ تلاوت فرمائی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَهِلَّةِ ؕ قُلْ هِيَ مَوَاقِيْتُ لِلنَّاسِ وَ الْحَجِّ ؕ وَ لَيْسَ الْبِرُّ بِاَنْ تَاْتُوا الْبُيُوْتَ مِنْ ظُهُوْرِهَا وَ لٰكِنَّ الْبِرَّ مَنِ اتَّقٰى ۚ وَ اْتُوا الْبُيُوْتَ مِنْ اَبْوَابِهَا ۪ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۱۸۹﴾ (پارہ2۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 189)

ترجمہ کنزالایمان: تم سے نئے چاند (شروع چاند) کو پوچھتے ہیں تم فرمادو وہ وقت کی علامتیں ہیں لوگوں اور حج کے لئے اور یہ کچھ بھلائی نہیں کہ گھروں میں پچھیت (پچھلی دیوار) توڑ کر آؤ ہاں بھلائی تو پرہیز گاری ہے، اور گھروں میں دروازوں سے آؤ اور اللہ سے ڈرتے رہو اس امید پر کہ فلاح (کامیابی) پاؤ۔

دلکش جواب

اس آیت کے دو حصے ہیں جس کے شان نزول ہیں ایک شان نزول یسئلونك سے والحج تک کا ہے اور دوسرا شان نزول لیس البر سے تفلحون تک کا ہے۔

پہلے حصے کا شان نزول یہ ہے کہ ایک بار حضرت معاذ بن جبل اور ثعلبہ ابن غنم نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم چاند کا کیا حال ہے کہ ایک جیسا نہیں رہتا شروع تاریخوں میں باریک ہوتا ہے پھر بڑھنا شروع ہوتا ہے۔اور بڑھتے بڑھتے پورا مکمل ہوجاتا ہے پھر گھٹنا شروع ہوتا ہے اور گھٹتے گھٹتے پہلے کی طرح باریک ہوجاتا ہے۔ چنانچہ ان کے جواب میں یہ آیت نازل ہوئی۔

دوسرے جزو کا شان نزول یہ بیان کیا گیا کہ دور جاہلیت میں حج کا احرام باندھ کر لوگ اپنے گھر دروازے سے داخل نہ ہوتے تھے بلکہ خیموں کے پیچھے اور مکانوں کے پچھت توڑ کر گھر میں داخل ہوتے اور نکلتے تھے البتہ بنی قریش و بنی خزاعہ اور بنی عامر و بنی ثقیف کے لوگ دروازے سے ہی آنا جانا رکھتے۔مگر ان کے علاوہ اگر کوئی اور دروازہ سے آمد ورفت رکھتا تو یہ اسے فاجر وگناہ گار کہتے تھے۔ایک مرتبہ حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت رفاعہ انصاری حالت احرام میں دروازے سے نکلے تو لوگ حضرت رفاعہ کو فاجر کہنے لگے تو حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تم دروازے سے کیوں نکلے تم تو بنی قریش سے نہیں ہو تو انہوں نے عرض کیا کہ میں بھی قریش بھی سے ہوں کیونکہ آپ کے دین پر ہوں اور آپکا غلام ہوں اور غلام کا شمار مولیٰ کے ساتھ

Marfat.com

ہے چنانچہ ان کے اس دلکش جواب میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر درمنثور، تفسیر خزائن العرفان، وتفسیر احمدی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ اَنْفِقُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَ لَا تُلْقُوْا بِاَیْدِیْكُمْ اِلَى التَّهْلُكَةِ ۛۚ وَ اَحْسِنُوْا ۛۚ اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ ﴿۱۹۵﴾ (پارہ2۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 195)

ترجمہ کنزالایمان: اور اللہ کی راہ میں خرچ کرو اور اپنے ہاتھوں، ہلاکت میں نہ پڑو اور بھلائی والے ہو جاؤ بیشک بھلائی والے اللہ کے محبوب ہیں۔

اپنے ہاتھوں ہلاکت

اس آیت کریمہ کے شان نزول میں دو روایات ہیں:

حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ پے در پے فتوحات اسلامیہ کے سبب جب اسلام خوب پھیلا تو ہم نے باہم یہ طے کیا کہ اب تک تو ہم دین اسلام کی ترویج واشاعت میں لگے رہے اور اپنے گھر بار کاروبار سے بے توجہی برتتے رہے لیکن اب جبکہ دین اسلام کی خوب ترویج واشاعت ہو چکی تو اب ہمیں چاہیے کہ گھر بار کاروبار کی فکر کریں اور اپنی باقی ماندہ زندگی بال بچوں میں گزاریں چنانچہ اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

جب مسلمان عمرہ قضا کی عرض سے مکہ شریف روانہ ہوئے تو مفلس ونادار صحابہ کی ایک جماعت خدمت اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہوئی اور عرض گزار ہوئی کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم اس فریضہ کی ادئیگی کے لئے مال وتوشہ نہیں رکھتے پھر کیونکر یہ فریضہ ادا کریں چنانچہ اس موقع پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر روح البیان، تفسیر کبیر تفسیر احمدی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ اَتِمُّوا الْحَجَّ وَ الْعُمْرَةَ لِلّٰهِ ؕ فَاِنْ اُحْصِرْتُمْ فَمَا اسْتَیْسَرَ مِنَ الْهَدْیِ ۚ وَ لَا تَحْلِقُوْا رُءُوْسَكُمْ حَتّٰى یَبْلُغَ الْهَدْیُ مَحِلَّهٗ ؕ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَّرِیْضًا اَوْ بِهٖۤ اَذًى مِّنْ رَّاْسِهٖ فَفِدْیَةٌ مِّنْ صِیَامٍ اَوْ صَدَقَةٍ اَوْ نُسُكٍ ۚ

(پارہ2۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 196)

Marfat.com

ترجمہ کنزالایمان: اور حج اور عمرہ اللہ کے لئے پورا کرو پھر اگر تم روکے جاؤ (دشمن یا بیماری کے سبب) تو قربانی بھیجو جو (آسانی سے) میسر آئے اور اپنے سر نہ منڈاؤ جب تک قربانی اپنے ٹھکانے نہ پہنچ جائے (قربانی کی جگہ ذبح کے بعد) پھر جو تم میں بیمار ہو یا اس کے سر میں کچھ تکلیف ہے (جو سر منڈائے دور نہ ہو) تو بدلے دے روزے یا خیرات یا قربانی۔

احرام کے احکام

یعلیٰ ابن امیہ سے مروی ہے کہ نبی کریم رؤف ورحیم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مقام جعرانہ میں رونق افروز تھے تو ایک شخص بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں اس حالت میں حاضر خدمت ہوا کہ جبہ پہنے اور خوشبو لگائے ہوئے تھا حالانکہ یہ محرم تھا مگر لاعلمی میں سلا ہوا کپڑا اور جو شبو استعمال کئے ہوئے تھا وہ عرض گزار ہوا کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں کس طرح عمرہ ادا کروں اس کے دریافت کرتے ہی یہ آیت نازل ہوئی۔

یعلیٰ فرماتے ہیں کہ مجھے کافی عرصہ سے خواہش تھی کہ وحی کو نازل ہوتے دیکھوں چنانچہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے مجھ سے فرمایا کہ وحی کا نزول دیکھنا چاہتے ہو تو آؤ میں تمہیں دکھاؤں یہ فرما کر حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چہرہ انور سے چادر مبارک اٹھائی تو میں نے دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خراٹے لے رہے ہیں اور منہ مبارک میں کچھ جھاگ سے تھے جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی یہ حالت ختم ہوئی اور وحی کا نزول ہو چکا تو ارشاد فرمایا کہ سائل کہاں ہے سائل حاضر ہوا تو ارشاد فرمایا اپنا جبہ اتار دے اور خوشبو کو دھوڈال یعنی بغیر خوشبو بغیر سلے ہوئے کپڑے پہن لے اور جو حج میں کرتا ہے وہ عمرہ میں کر۔ (تفسیر درمنثور)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَتَزَوَّدُوْا فَاِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوٰى وَاتَّقُوْنِ يٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿۱۹۷﴾

(پارہ 2۔ سورۃ البقرہ آیت نمبر 197)

ترجمہ کنزالایمان: اور توشہ ساتھ لو کہ سب سے بہتر توشہ پرہیزگاری (بھیک مانگنے اور لوٹ مار سے بچنا) ہے اور مجھ سے ڈرتے رہو اے عقل والو۔

پرہیزگاری کا توشہ

بعض یمنی لوگوں کا یہ حال تھا کہ وہ بغیر کسی سامان واسباب کے حج کے لیے نکل پڑتے اور کہتے ہیں کہ ہم اللہ پر توکل کرنے والے ہیں اور اس کے مہمان ہیں کیا وہ ہمیں نہ کھلائے گا پھر یہ لوگ مکہ مکرمہ پہنچ کر اپنی

Marfat.com

ضروریات پوری کرنے کیلے لوگوں سے سوال کرنا شروع کردیتے بلکہ بعض اوقات تو مانگنے پر نہ ملنے کی وجہ سے لوٹ مار خیانت بھی کر لیتے چنانچہ ان کے۔ ا۔ یہ یت کریمہ کا یہ حصہ نازل ہوا۔ (تفسیر نعیمی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَبْتَغُوْا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ فَاِذَآ اَفَضْتُمْ مِّنْ عَرَفٰتٍ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ عِنْدَ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ ۪ وَاذْكُرُوْهُ كَمَا هَدٰىكُمْ ۚ وَاِنْ كُنْتُمْ مِّنْ قَبْلِهٖ لَمِنَ الضَّآلِّيْنَ ﴿۱۹۸﴾ (پارہ2۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 198)

ترجمہ کنزالایمان: تم پر کچھ گناہ نہیں کہ اپنے رب کا فضل تلاش کرو، تو جب عرفات سے پلٹو تو اللہ کی یاد کرو مشعر حرام (مزدلفہ میں ایک پہاڑ) کے پاس اور اس کا ذکر کرو جیسے اس نے تمہیں ہدایت فرمائی اور بیشک اس سے پہلے تم بہکے ہوئے تھے۔

ایام صبح میں تجارت

اس کے شان نزول میں چند روایات ہیں:

حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ بعض لوگ ایسے تھے کہ جو حج کے زمانے میں تجارت سے بچتے تھے یہاں تک کہ عبدالضحیٰ چاند دیکھتے ہی بازاروں کا رخ بھی نہ کرتے تھے اور حج میں تجارت کرنے والے حاجی کو کہا کرتے تھے کہ یہ حاجی نہیں داجی ہے یعنی کمائی کرنے والا بلکہ بعض لوگوں کا تو یہ حال تھا کہ وہ حج کہ زمانے میں یہ سوچ کر مہمانوازی کمزوروں کی مدد اور لوگوں کی حاجت روائی وغیرہ سے رکے رہتے کہ ہی صرف حج کا زمانہ ہے اس میں کوئی اور کام نہ کرنا چاہیے چنانچہ اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

ایک دوسری روایت کے تحت حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں ایک شخص حاضر ہوا اور عرض گزار ہوا کہ یہ لوگ کرایہ پر اونٹ چلانے کا کام کرتے ہیں بعض لوگ ہم سے کہتے ہیں کہ تمھارا حج ہی نہیں ہوتا تو کیا واقعی ایسا ہے تو آپ رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا نبی کریم رؤف ورحیم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت عالی میں ایک ایسا ہی سوال پیش کیا گیا تھا جس پر یہ آیت نازل ہوئی چنانچہ زمانہ حج میں تجارت مزدوری اور کرایہ کا کاروبار جائز ہے۔

ایک روایت میں آیا ہے کہ عرب کے بڑے بڑے بازاروں میں زمانہ حج میں کاروبار کیا جاتا تھا اور اسی پر گزراوقات تھی پھر اسلام کی تشریف آوری کے بعد لوگ اپنے جزیہ تقوی کے سبب حج میں تجارت وکاروبار کو

Marfat.com

گناہ سمجھنے لگے اور اس بارے میں بارگاہ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں دریافت کیا تو اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر کبیر، تفسیر روح المعانی و بخاری وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فَاِذَا قَضَيْتُمْ مَّنَاسِكَكُمْ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَذِكْرِكُمْ اٰبَآءَكُمْ اَوْ اَشَدَّ ذِكْرًا ؕ فَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا وَمَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ﴿۲۰۰﴾

(پارہ2۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 200)

ترجمہ کنزالایمان: پھر جب اپنے حج کے کام پورے کر چکو تو اللہ کا ذکر کرو جیسے اپنے باپ دادا کا ذکر کرتے تھے بلکہ اس سے زیادہ اور کوئی آدمی یوں کہتا ہے کہ اے رب ہمارے ہمیں دنیا میں دے اور آخرت میں اس کا کچھ حصہ نہیں۔

بری رسم کا خاتمہ

اہل عرب کا یہ دستور تھا کہ جب وہ حج سے فارغ ہو جاتے تو ایک جلسہ منعقد کرتے جس میں نظم و نثر کی صورت میں اپنے باپ داداؤں کے فضائل و مناقب اور اپنی سبھی خوبیاں اور اوصاف بیان کرتے چنانچہ اس کیلئے کافی پہلے سے غزلیں قصیدے لکھ کر تیار کرتے تھے ہر ایک کی یہ کوشش ہوتی تھی کہ وہ دوسرے سے بڑھ چڑھ کر نہ صرف اپنے باپ دادوں کے فضائل اور قصیدے بیان کرے بلکہ اپنے علمی جوہر اور کمالات سے بھی دوسروں کو پست کر دے جیسے کہ امراء القیس کے قصیدے چنانچہ اس بری رسم کے خاتمے کیلئے یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر درمنثور)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَاذْكُرُوا اللّٰهَ فِيْٓ اَيَّامٍ مَّعْدُوْدٰتٍ ؕ فَمَنْ تَعَجَّلَ فِيْ يَوْمَيْنِ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ۚ وَمَنْ تَاَخَّرَ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ۙ لِمَنِ اتَّقٰى ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۲۰۳﴾ (پارہ2۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 203)

ترجمہ کنزالایمان: اور اللہ کی یاد کرو گنے ہوئے (تھوڑے) دنوں میں جو تو جلدی کر کے دو دن میں (رمی کر کے مکہ معظمہ) چلا جائے اس پر کچھ گناہ نہیں اور جو رہ جائے (تیسرے

Marfat.com

دن تیرہویں ذی الحجہ کو بھی ٹھہر جائے) تو اس پر گناہ نہیں پرہیزگار (گناہ سے بچنے والے) کے لئے اور اللہ سے ڈرتے رہو اور جان رکھو کہ تمہیں اسی کی طرف اٹھنا (اس کی بارگاہ میں حاضر ہونا) ہے۔

خیالِ باطل

بعض مفسرین تحریر فرماتے ہیں کہ بعض اہل عرب ایسے تھے جو سمجھتے تھے کہ منیٰ میں تین دن ٹھہرنا ضروری ہے لہٰذا جب کوئی بارہویں ذی الحجہ کو لوٹ آتا تو اسے گناہ گار جانتے تھے جبکہ بعض کا خیال اس کے برعکس تھا ان کا کہنا تھا کہ بارہویں ذی الحجہ کو لوٹ آنا ضروری ہے اگر کوئی تیرہویں تک وہاں ٹھہرا رہا تو گناہ گار ہوگا چنانچہ ان دونوں کی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان وتفسیر احمدی)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّعْجِبُكَ قَوْلُهٗ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَيُشْهِدُ اللّٰهَ عَلٰى مَا فِيْ قَلْبِهٖ ۙ وَهُوَ اَلَدُّ الْخِصَامِ ﴿۲۰۴﴾ وَاِذَا تَوَلّٰى سَعٰى فِي الْاَرْضِ لِيُفْسِدَ فِيْهَا وَيُهْلِكَ الْحَرْثَ وَالنَّسْلَ ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْفَسَادَ ﴿۲۰۵﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُ اتَّقِ اللّٰهَ اَخَذَتْهُ الْعِزَّةُ بِالْاِثْمِ فَحَسْبُهٗ جَهَنَّمُ ؕ وَلَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۲۰۶﴾ (پارہ2۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 204-206)

ترجمہ کنزالایمان: اور بعض آدمی وہ ہیں کہ دنیا کی زندگی میں اس کی بات تجھے بھلی لگے اور اپنے دل کی بات پر اللہ کو لائے (گواہ بنائے) اور وہ سب سے بڑا جھگڑالو (سخت دشمن) ہے، اور جب پیٹھ پھیرے تو (کوشش کرتا ہے کہ) زمین میں فساد ڈالتا پھرے اور کھیتی اور جانیں (نسل) تباہ کرے اور اللہ فساد سے راضی نہیں اور جب اس سے کہا جائے کہ اللہ سے ڈرو تو اسے اور ضد چڑھے گناہ کی (ضد میں اور گناہ کرے) ایسے کو دوزخ کافی ہے اور وہ ضرور بہت برا بچھونا (ٹھکانہ) ہے۔

جھوٹے دعوے

یہ تینوں آیات اخنس ابن شریف منافق کے حق میں نازل ہوئیں یہ بہت تیز زبان شاطر و چالاک ہونے کے ساتھ ساتھ اپنی باتوں میں فصاحت و بلاغت بھی رکھتا تھا دربار اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں اپنے اسلام محبت کے بلند و بانگ دعوے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت کا دم بھرتا تھا اور قسمیں کھا کھا کر اپنی سچائی کا یقین دلاتا تھا مگر درحقیقت اسلام کا پکا مخالف اور حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا سخت دشمن تھا اور در پردہ مسلمانوں کے خلاف سازشوں

Marfat.com

اور فتنہ وفساد میں مشغول رہتا تھا اس نے کئی مرتبہ مسلمانوں کو نقصان پہنچایا ان کے جانور ہلاک کر ڈالے اور ان کے کھیتوں کو آگ لگا دی جب بعض مسلمانوں نے اس کو عار دلائی کہ اللہ سے ڈرو اور فتنہ وفساد سے باز آجا تو بجائے ماننے کے شرمندہ ہونے کے وہ اور بھی ضد اور ہٹ دھرمی پر آمادہ ہو گیا چنانچہ اس کے متعلق یہ آیات نازل ہوئیں۔ (تفسیر خزائن العرفان، تفسیر کبیر، تفسیر روح البیان وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْرِيْ نَفْسَهُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ رَءُوْفٌۢ بِالْعِبَادِ ۝

(پارہ 2۔ سورۃ البقرہ آیت نمبر 207)

ترجمہ کنزالایمان: اور کوئی آدمی اپنی جان بیچتا (دیتا) ہے اللہ کی مرضی چاہنے میں اور اللہ بندوں پر مہربان ہے۔

استقامت کے پہاڑ

اس کے شان نزول کی کافی روایات ہیں جن میں سے بعض درج ذیل ہیں:

حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضرت صہیب ابن سنان اور حضرت عمار بن یاسر اور ان کی والدہ سمیہ اور حضرت بلال اور حضرت خباب رضی اللہ عنہ ہجرت کی غرض سے مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ روانہ ہوئے ابھی راستے میں ہی تھے کہ مشرکین مکہ نے انہیں آلیا حضرت خباب رضی اللہ عنہ تو موقع پا کر وہاں سے بچ نکلے مگر حضرت یاسر رضی اللہ عنہ کو ان مشرکوں نے بے دردی سے شہید کر دیا اور حضرت سمیہ رضی اللہ عنہ کے دونوں پاؤں دو اونٹوں کے پیروں سے باندھ کر ان اونٹوں کو مختلف سمتوں میں ہانک دیا اور یوں انہیں نہایت بے دردی سے شہید کر دیا گیا جبکہ حضرت صہیب رضی اللہ عنہ جو کہ سو برس کے ضعیف العمر شخص تھے مگر بڑے ماہر تیر انداز تھے انہوں نے اپنا تیر و کمان نکالا اور فرمایا کہ اے قریش مکہ جب تک کہ میرے پاس ایک تیر بھی موجود ہے تم میرے قریب بھی نہیں آسکتے میں ایک ایک تیر سے تمھارے کئی کئی آدمیوں کو موت کے گھات اتار دوں گا جب تیر ختم ہو جائیں گے تو تلوار لے کر تمھاری پوری جماعت کا صفایا کر دونگا میں بوڑھا آدمی ہوں اگر چلا جاؤں تو تمھیں کچھ نقصان نہ ہوگا اور میرے رہنے سے تمھیں کوئی فائدہ نہ ہوگا ہاں البتہ اگر تم مجھے چھوڑ دو اور مدینہ منورہ جانے دو تو میں تمھیں اپنے مدفون مال کا پتہ بتا دونگا جو بہت زیادہ ہے تم وہ سب لے لو اور مجھے جانے دو چنانچہ مشرکین مکہ اس بات پر راضی ہو گئے لہٰذا آپ رضی اللہ عنہ نے اپنے مدفون مال کا پتہ

Marfat.com

انھیں بتا دیا اور مدینہ منورہ آ گئے جب آپ رضی اللہ عنہ مدینہ منورہ پہنچے تو سب سے پہلے آپ رضی اللہ عنہ کی ملاقات حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے ہوئی تو آپ رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا اے صہیب تم نے تو بڑے فائدے کا کاروبار کیا صہیب رضی اللہ عنہ نے حیرت سے پوچھا کون سا کاروبار تو حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے یہ آیت کریمہ تلاوت فرمائی اور ارشاد فرمایا تم وہاں کفار کو اپنا مال دے کر اپنی جان بچائی اور یہاں تمھاری اس تجارت کی تعریف میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی معلوم ہوا کہ یہ آیت کریمہ حضرت صہیب رضی اللہ عنہ کی تعریف میں نازل ہوئی۔

ایک دوسری روایت کے مطابق جس رات نبی کریم رؤف و رحیم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ ہجرت کا ارادہ فرمایا تو اپنے بستر مبارک پر حضرت علی رضی اللہ عنہ کو لٹایا اور خود ہجرت کے لیے روانہ ہو گے چنانچہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے جذبہ جانثاری کی تعریف میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی ایک اور روایت کے مطابق جب کفار مکہ نے جب حضرت صہیب رضی اللہ عنہ کو شہید کر دیا تو ان کی لاش کو سولی پر سے اتارنے کے لئے حضرت زبیر ابن عوام اور مقداد بن اسود رضی اللہ عنہ کو روانہ فرمایا یہ دونوں حضرات اپنی جان کی پرواہ نہ کرتے ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حکم پر روانہ ہو گئے اور وہاں پہنچ کر لاش اتارنے میں کامیاب ہو گئے چنانچہ ان دونوں حضرات کی تعریف میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر کبیر، تفسیر روح البیان، تفسیر روح المعانی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ادْخُلُوْا فِي السِّلْمِ كَآفَّةً ۪ وَّلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ؕ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۲۰۸﴾ فَاِنْ زَلَلْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْكُمُ الْبَيِّنٰتُ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۰۹﴾ (پارہ2۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 209)

ترجمہ کنزالایمان: اے ایمان والو! اسلام میں پورے داخل ہو (اس کے سارے احکام مان لو) اور شیطان کے قدموں پر (پیچھے) نہ چلو بیشک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے، اور اگر اس کے بعد بھی بچ لو (پھسلو سیدھے راستے سے) کہ تمہارے پاس روشن حکم آ چکے، تو جان لو کہ اللہ زبردست حکمت والا ہے۔

صرف اسلام کا راستہ

حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ اور ان کے بعض رفقاء اسلام قبول کرنے کے بعد بھی شریعت موسوی

Marfat.com

کے بعض احکام پر عمل پیرا رہے یعنی ہفتہ کے دن کی تعظیم کرتے اس دن شکار نہ کرتے اونٹ کے دودھ اور گوشت کے استعمال سے بچتے کیونکہ ان کا یہ خیال تھا کہ دین اسلام میں یہ چیزیں محض جائز ہیں مگر ان پر عمل ضروری نہیں جبکہ توریت میں ان چیزوں کی سختی سے مخالفت آئی ہے لہٰذا اگر ہم ان چیزوں سے باز رہیں تو اس میں اسلام کی مخالفت بھی نہ ہوگی اور دین موسوی پر عمل بھی ہو جائے گا چنانچہ انھیں اس عمل سے روکنے کے لئے یہ آیت کریمہ نازل ہوئی بعض کے مطابق منافقین کو دورنگی یا دہرے عمل سے روکنے کے لیے یہ آیت کریمہ نازل ہوئی اور بعض کا کہنا ہے کہ یہ آیت کریمہ یہود کو دعوت اسلام دینے کے لیے نازل ہوئی۔

(تفسیر خزائن العرفان، تفسیر کبیر)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

زُيِّنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَ يَسْخَرُوْنَ مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۘ وَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا فَوْقَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۲۱۲﴾

(پارہ 2۔ سورۃ البقرہ آیت نمبر 212)

ترجمہ کنزالایمان: کافروں کی نگاہ میں دنیا کی زندگی آراستہ کی (خوشنما کر کے دکھائی) گئی اور مسلمانوں سے ہنستے (مذاق کرتے) ہیں اور ڈر والے ان سے اوپر (بلند و حاوی) ہوں گے قیامت کے دن اور خدا جسے چاہے بے گنتی (بے شمار) دے۔

ڈر والوں کا مرتبہ

حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ابوجہل اور دیگر سرداران قریش غریب مسلمانوں جیسے حضرت بلال رضی اللہ عنہ و حضرت عمار رضی اللہ عنہ اور حضرت خباب رضی اللہ عنہ وغیرہ کا مذاق اڑایا کرتے تھے کہ اگر خدا ان سے خوش اور ہم سے ناراض ہوتا تو انھیں غریب و نادار اور ہمیں امیر کیوں رکھتا چنانچہ اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی ایک دوسری روایت کے مطابق جب امیر مسلمان مکہ مکرمہ سے ہجرت کر کے مدینہ منورہ پہنچے تو وہاں پہنچ کر غربت و ناداری میں مبتلا ہو گئے کیونکہ اتنا سارا مال و اسباب و جائداد مکہ مکرمہ میں ہی چھوڑ آئے تھے چنانچہ رؤسا یہود ان کا تمسخر اڑاتے اور انھیں بے وقوف و بے عقل کہتے کہ ان کو دیکھو کیسے بے وقوف ہیں کہ صرف دین کی خاطر مال و دولت پر ٹھوکر مار کر غربت کو گلے لگا لیا تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی ایک روایت میں آیا ہے کہ حضرت مقاتل نے فرمایا کہ عبداللہ بن ابی منافق اور اسکے ساتھی غریب مسلمانوں کا ان

Marfat.com

کی غربت کے سبب مذاق اڑاتے اور انھیں بے عقل کہتے جبکہ خود کو عقلمند سمجھتے چنانچہ عبداللہ بن ابی اور اس کے ساتھیوں کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر کبیر، وتفسیر روح المعانی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَ لَمَّا یَاْتِكُمْ مَّثَلُ الَّذِیْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ ؕ مَسَّتْهُمُ الْبَاْسَآءُ وَ الضَّرَّآءُ وَ زُلْزِلُوْا حَتّٰى یَقُوْلَ الرَّسُوْلُ وَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ مَتٰى نَصْرُ اللّٰهِ ؕ اَلَاۤ اِنَّ نَصْرَ اللّٰهِ قَرِیْبٌ ﴿۲۱۴﴾ (پارہ2۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 214)

ترجمہ کنزالایمان: کیا اس گمان میں ہو کہ جنت میں چلے جاؤ گے اور ابھی تم پر اگلوں کی سی روداد (حالت) نہ آئی پہنچی انہیں سختی اور شدت (بیرونی واندرونی تکلیف) اور ہلا ہلا (جھنجوڑ) ڈالے گئے یہاں تک کہ (بے قرار ہوکر) کہہ اٹھا رسول اور اس کے ساتھ ایمان والے کب آئے گی اللہ کی مدد سن لو بیشک اللہ کی مدد قریب ہے۔

مسلمانوں کی تسکینِ خاطر

غزوہ احزاب کے موقعہ پر مسلمان سخت مصیبت اور پریشانی کا شکار تھے ایک طرف شدید سردی اور بھوک کی شدت اور بے سروسامانی دوسری طرف سخت ترین دشمن کا سامنا جو سامان حرب سے لیس تھے پھر مسلمانوں کا اس حالت میں خالی پیٹ پر پتھر باندھ کر خندق کی کھدائی کا مرحلہ یہ تمام صورت ایسی تھی کہ امکان تھا کہ مسلمان ہمت ہار جائیں تو اس موقعہ پر مسلمانوں کی ڈھارس بندھانے کے لیے یہ آیت کریمہ نازل ہوئی ایک دوسری روایت کے مطابق حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب مسلمان ہجرت کے موقعہ پر اپنا گھر بار، کاروبار مال و دولت سب کچھ چھوڑ کر مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ پہنچے تو یہاں کے یہودیوں نے مسلمانوں کو تکلیفیں اور اذیتیں پہچانے میں کوئی کسر نہ اٹھا رکھی اور ان کے خلاف خفیہ سازشیں شروع کردیں مسلمان ویسے ہی لٹے پٹے اور اپنا وطن گھر بار کاروبار چھوڑ کر آئے تھے ہی غم ان کے لیے بہت تھا اس پر یہود کی عداوتوں نے انھیں ہر صدمے سے دوچار کردیا تب آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر کبیر، تفسیر خزائن العرفان وغیرہ)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

يَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ ؕ قُلْ مَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ خَيْرٍ فَلِلْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ وَ الْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ؕ وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ﴿۲۱۵﴾

(پارہ2۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 215)

ترجمہ کنزالایمان: تم سے پوچھتے ہیں کیا خرچ کریں، تم فرماؤ جو کچھ مال نیکی میں خرچ کرو تو وہ ماں باپ اور قریب کے رشتہ داروں اور یتیموں اور محتاجوں اور راہ گیر کے لئے ہے اور جو بھلائی کرو بیشک اللہ اسے جانتا ہے۔

راہِ خدا میں خرچ کرنے کا انداز

حضرت عمرو بن جموح بہت بوڑھے مالدار صحابی تھے انہوں نے بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیا خرچ کروں اور کس پر خرچ کروں تو ان کے جواب میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی ایک دوسری روایت کہ مطابق سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ایک شخص خدمت اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا کہ میرے پاس ایک دینار ہے اسکا کیا کروں؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اپنی جان پر خرچ کر واس نے عرض کیا دو دینار ہیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا اپنے گھر والوں پر خرچ کر پھر عرض کیا تین ہیں ارشاد فرمایا اپنے خادم پر خرچ کر عرض کیا چار ہیں ارشاد فرمایا اپنے ماں باپ پر خرچ کر عرض کیا پانچ ہیں فرمایا اپنے رشتے داروں پر خرچ کر عرض کیا چھ ہیں ارشاد فرمایا راہ خدا میں خرچ کر چنانچہ اسی کی تائید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر کبیر تفسیر روح المعانی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ قِتَالٍ فِيْهِ ؕ قُلْ قِتَالٌ فِيْهِ كَبِيْرٌ ؕ وَصَدٌّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ كُفْرٌۢ بِهٖ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۫ وَ اِخْرَاجُ اَهْلِهٖ مِنْهُ اَكْبَرُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ وَالْفِتْنَةُ اَكْبَرُ مِنَ الْقَتْلِ ؕ وَلَا يَزَالُوْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ حَتّٰى يَرُدُّوْكُمْ عَنْ دِيْنِكُمْ اِنِ اسْتَطَاعُوْا ؕ (پارہ2۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 217)

ترجمہ کنزالایمان: تم سے پوچھتے ہیں ماہ حرام میں لڑنے کا حکم تم فرماؤ اس میں لڑنا بڑا گناہ ہے اور اللہ کی راہ سے روکنا اور اس پر ایمان نہ لانا اور مسجد حرام سے روکنا، اور اس کے بسنے

Marfat.com

والوں کو نکال دینا اللہ کے نزدیک یہ گناہ اس سے بھی بڑے ہیں اور ان کا فساد قتل سے سخت تر ہے اور ہمیشہ تم سے لڑتے رہیں گے یہاں تک کہ تمہیں تمہارے دین سے پھیر دیں اگر بن پڑے (اگر یہ طاقت رکھیں)۔

ماہِ حرام کا حکم

ہجرت کے دوسرے سال غزوہ بدر سے دو ماہ قبل حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے پھوپھی زاد بھائی حضرت عبداللہ ابن جحش رضی اللہ عنہ کو آٹھ صحابہ کے ہمراہ ان کا سردار بنا کر کفار کی خبر لانے کے لیے روانہ فرمایا ساتھ ہی ایک فرمان بھی لکھ کر دیا اور تاکید فرمائی کہ ابھی نہ پڑھنا دو دن کا راستہ طے کر لو تو پھر پڑھنا چنانچہ حضرت عبداللہ بن جحش رضی اللہ عنہ نے ارشاد مبارک پر عمل کرتے ہوئے دو دن بعد فرمان مبارک کھولا تو اس میں تحریر تھا کہ تم بطن نخلہ جا کر قریش کے قافلے کی خبر لاؤ اور جو ساتھ جانا چاہے اسے ساتھ لے جاؤ جو نہ جانا چاہے اسے جانے پر مجبور نہ کرو چنانچہ حضرت عبداللہ بن جحش رضی اللہ عنہ نے یہ فرمان مبارک اپنے ساتھیوں کو پڑھ کر سنا دیا وہ سب آپ رضی اللہ عنہ کے ساتھ جانے پر آمادہ تھے چنانچہ آپ رضی اللہ عنہ کے ساتھ روانہ ہو گئے جب منزل قرح پہنچے تو اتفاقاً حضرت سعد ابن ابی وقاص اور عتبہ بن غزوان کا اونٹ گم ہو گیا چنانچہ اس لئے تلاش کرنے کی غرض سے یہ دونوں حضرات یہیں رک گئے اور باقی چھ حضرات عبداللہ بن جحش کے ساتھ روانہ ہو گئے جب بطن نخلہ پہنچے جو مکہ مکرمہ اور طائف کے درمیان واقع ہے تو جمادی اُخریٰ کی آخری تاریخیں تھیں کچھ عرصہ کے بعد قریش کا ایک تجارتی قافلہ جب طائف سے تجارتی سامان کے ہمراہ یہاں سے گزرا تو حضرت عبداللہ بن جحش رضی اللہ عنہ اور آپ کے ساتھیوں نے باہم مشورہ کیا کہ آج جمادی آخریٰ کی آخری تاریخ ہے اگر آج ہم نے اس قافلے پر حملہ نہ کیا تو شام کو جب رجب کا چاند ہو جائیگا اور چونکہ اس ماہ میں جنگ حرام ہے لہٰذا پھر ہم جنگ نہ کر سکیں گے چنانچہ انہوں نے باہم طے کر کے قریش کے اس تجارتی قافلے پر حملہ کر دیا اور عمرو بن حضرمی کو قتل کر دیا اور باقی دو کو گرفتار کر لیا اور مال غنیمت لے کر بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہو گئے مگر انہیں یہ خبر نہ ہو سکی کہ جب انہوں نے قریش کے تجارتی قافلے پر حملہ کیا تو اس دن رجب کی پہلی تاریخ تھی مگر وہ اس دن جمادی آخریٰ کی تیس تاریخ سمجھتے چنانچہ کفار کو اس کی خبر ہوئی تو انہوں نے شور برپا کر دیا کہ مسلمانوں نے اس حرمت والے مہینے کی بھی پرواہ نہ کی اور جنگ کرنے اور خون بہانے سے نہ رکے جب اس کی اطلاع نبی کریم رؤف ورحیم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک پہنچی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عبداللہ بن جحش رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ ہم نے تمہیں جنگ کرنے نہیں بلکہ کفار کی خبر لانے کے لئے روانہ کیا تھا پھر تم نے جنگ کیوں کی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Marfat.com

نے مال غنیمت بھی قبول نہ فرمایا اوران دونوں قیدیوں کے متعلق بھی کچھ حکم ارشاد فرمایا؛ حضرت عبداللہ بن جحش رضی اللہ عنہ بہت نادم اور شرمندہ ہوئے اور خدمت اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں عرض گزار ہوئے کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم سے نادانستگی میں یہ غلطی ہوئی ہم نے اس دن جمادی آخریٰ کی تیس تاریخ سمجھ کر حملہ کیا ہمیں چاند ہونے کی خبر نہ ہوسکی چنانچہ ان کی تائید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر روح البیان، تفسیر درمنثور)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَ الَّذِیۡنَ هَاجَرُوۡا وَ جٰهَدُوۡا فِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰهِ ۙ اُولٰٓئِكَ یَرۡجُوۡنَ رَحۡمَتَ اللّٰهِ ؕ وَ اللّٰهُ غَفُوۡرٌ رَّحِیۡمٌ ﴿۲۱۸﴾ (پارہ2۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 218)

ترجمہ کنزالایمان: وہ جوایمان لائے اوروہ جنہوں نے اللہ کے لئے اپنے گھر بار چھوڑے (ہجرت کی) اوراللہ کی راہ میں لڑے وہ رحمت الٰہی کے امیدوار (امیدرکھتے) ہیں، اور اللہ بخشنے والامہربان ہے۔

رحمتِ الٰہی کے مستحق

حضرت عبداللہ بن جحش رضی اللہ عنہ اوران کے ساتھیوں کے متعلق بعض لوگ قیاس آرئیاں کرنے لگے کہ جوانہوں نے غلط فہمی میں جمادی آخریٰ سمجھ کر جنگ کی انہیں رجب کے چاند ہونے کا علم نہ ہوسکا اس لئے انہیں کچھ گناہ تو نہ ہوا البتہ انہیں جہاد کا ثواب نہیں دیا جائے گا۔ چنانچہ اس خیال کے رد میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ جبکہ دوسری روایت کے مطابق جب حضرت عبداللہ بن جحش رضی اللہ عنہ خدمت اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں عرض گزار ہوئے کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس جنگ میں ہم پر کچھ گناہ تو ہوا لیکن کیا ہم ثواب سے محروم رہ گئے تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان، تفسیر کبیر، تفسیر روح البیان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یَسۡـَٔلُوۡنَكَ عَنِ الۡخَمۡرِ وَ الۡمَیۡسِرِ ؕ قُلۡ فِیۡهِمَاۤ اِثۡمٌ كَبِیۡرٌ وَّ مَنَافِعُ لِلنَّاسِ ۫ وَ اِثۡمُهُمَاۤ اَكۡبَرُ مِنۡ نَّفۡعِهِمَا ؕ (پارہ2۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 219)

ترجمہ کنزالایمان: تم سے شراب اور جوئے کا حکم پوچھتے ہیں، تم فرمادو کہ ان دونوں میں بڑا گناہ ہے اورلوگوں کے کچھ دنیوی نفع بھی اوران کا گناہ ان کے نفع سے بڑا (بڑھ کر) ہے۔

Marfat.com

شراب اور جوئے کی ہلاکتیں

جب مسلمان ہجرت کر کے مدینہ منورہ پہنچے تو دیکھا کہ یہاں تو شراب اور جوا لوگوں میں بہت رائج ہے چنانچہ حضرت عمر اور حضرت معاذ ابن جبل رضی اللہ عنہما خدمت اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہوئے اور عرض گزار ہوئے یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شراب اور جوئے کے بارے میں حکم ارشاد فرمایئے کیونکہ شراب عقل کو برباد کرنے والی ہے اور جوا مال کو تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر روح المعانی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ ۬ قُلِ الْعَفْوَ ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُوْنَ ۙ﴿۲۱۹﴾ (پارہ2۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 219)

ترجمہ کنزالایمان: تم سے پوچھتے ہیں کیا خرچ کریں تم فرماؤ جو فاضل بچے (ضرورت سے بچا ہو) اسی طرح اللہ تم سے آیتیں بیان فرماتا ہے کہ کہیں تم غور کرو۔

صدقہ دینے کی رغبت

ایک روایت کے مطابق جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مسلمانوں کو صدقہ دینے کی رغبت دلائی تو انہوں نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کی مقدار بھی ارشاد فرمایئے کہ ہم کس قدر مال راہ خدا میں خرچ کریں تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ ایک دوسری روایت کے مطابق حضرت معاذ بن جبل و حضرت ثعلبہ رضی اللہ عنہما بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئے کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم غلام بھی رکھتے ہیں اور ہمارے بال بچے بھی ہیں ہم ان پر کس قدر خرچ کریں اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان، تفسیر نعیمی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْيَتٰمٰى ؕ قُلْ اِصْلَاحٌ لَّهُمْ خَيْرٌ ؕ وَ اِنْ تُخَالِطُوْهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ الْمُفْسِدَ مِنَ الْمُصْلِحِ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَاَعْنَتَكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۲۰﴾ (پارہ2۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 220)

ترجمہ کنزالایمان: اور تم سے یتیموں کا مسئلہ پوچھتے ہیں تم فرماؤ ان کا بھلا کرنا بہتر ہے اور اگر اپنا ان کا خرچ ملا لو تو وہ تمہارے (اسلامی) بھائی ہیں اور خدا خوب جانتا ہے بگاڑنے

Marfat.com

والے (فسادی) کوسنوارنے (اصلاح کرنے) والے سے، اوراللہ چاہتا تو تمہیں مشقت میں ڈالتا (یتیموں کے مال کے متعلق)، بیشک اللہ زبردست حکمت والا ہے۔

یتیموں کے احکام

عرب میں یہ رواج تھا کہ یتیموں کے مال کھا جانے میں احتیاط نہ کی جاتی تھی لہذا جب انہیں یہ حکم پہنچایا گیا کہ جولوگ یتیموں کا مال کھا جاتے ہیں وہ اپنے پیٹ میں انگارے بھرتے ہیں چنانچہ اس وعید کوسن کر مسلمان بہت ڈر گئے اور پھران کے مال کی اسطرح احتیاط کرنے لگے کہ نہ ان کے مال سے کچھ کھاتے نہ پیتے چنانچہ وہ کھانا پورا خرچ نہ ہوتا اور بچ جاتا مسلمان پھر بھی اس کھانے کو ہاتھ نہ لگاتے چنانچہ وہ بچا ہوا کھانا سڑ جاتا تو پھر اسے پھینک دیتے چنانچہ اس پریشانی کی شکایت بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں عرض کی گئی اور حضرت عبد اللہ بن رواد رضی اللہ عنہ عرض گزار ہوئے یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اتنی احتیاط لوگوں پر پریشانی ہے ڈر ہے کہ وہ اس احتیاط کے پیش نظر یتیموں کی پرورش چھوڑ دیں گے چنانچہ یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر کبیر، تفسیر روح المعانی وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَلَا تَنْكِحُوا الْمُشْرِكٰتِ حَتّٰى يُؤْمِنَّ ؕ (پارہ2۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 221)

ترجمہ کنزالایمان: اورشرک والی عورتوں سے نکاح نہ کرو جب تک مسلمان نہ ہوجائیں۔

مشرکہ عورتوں سے نکاح کی ممانعت

حضرت ابومرثد غنوی رضی اللہ عنہ جوایک بہادر صحابی تھے انہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مکہ مکرمہ روانہ فرمایا تا کہ وہ وہاں پر موجود ضعیف مسلمانوں کو کسی تدبیر کے ساتھ نکال لائیں جو ہجرت نہ کر سکے تھے۔ وہاں ایک مشرکہ عورت بھی رہتی تھی جس کا نام عناق تھا وہ زمانہ جاہلیت سے ہی حضرت ابومرثد رضی اللہ عنہ سے والہانہ محبت رکھتی تھی اور حسین وجمیل اور مالدار تھی جب اسے معلوم ہوا کہ آپ رضی اللہ عنہ مکہ مکرمہ تشریف لائے ہیں تو وہ آپ کے پاس آئی اور ملاپ کی خواہش کرنے لگی آپ رضی اللہ عنہ نے اس سے فرمایا کہ اے عناق اب میں مسلمان ہوں اور اسلام میں زنا کی ہرگز اجازت نہیں یہ سن کر اس نے آپ سے نکاح پر اصرار کیا تو آپ رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا کہ میں اب اپنے آقا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا غلام ہوں جو حکم وہ ارشاد فرمائیں گے وہی کروں گا چنانچہ جب آپ بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہوئے تو سب ماجرا عرض کر دیا اور نکاح کی بابت دریافت کیا

Marfat.com

تب آیت کریمہ کا پہلا جملہ وَلَا تَنْكِحُوا الْمُشْرِكٰتِ حَتّٰى يُؤْمِنَّ نازل ہوا۔

(تفسیر احمدی، تفسیر خزائن والعرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَلَاَمَةٌ مُّؤْمِنَةٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكَةٍ وَّلَوْ اَعْجَبَتْكُمْ ۚ (پارہ2۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 221)

ترجمہ کنزالایمان: اور بیشک مسلمان لونڈی مشرکہ سے اچھی ہے اگرچہ وہ تمہیں بھاتی (پسند) ہو۔

مومنہ لونڈی کی فضیلت

حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ نے ایک دن کسی غلطی پر اپنی حبشی لونڈی کو تھپڑ مار دیا لیکن پھر بہت نادم ہوئے اور شرمندہ ہو کر بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہوئے اور پورا واقعہ عرض کر دیا تو نبی کریم رؤف الرحیم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس لونڈی کے متعلق دریافت فرمایا کہ وہ کیسی ہے تو آپ رضی اللہ عنہ نے عرض کی کہ وہ توحید ورسالت کا ماننے والی اور نماز وروزے کی پابند ہے۔ تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اے عبداللہ وہ تو مومنہ ہے تو آپ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ خدا کی قسم میں اسے آزاد کر کے اپنے نکاح میں لاؤں گا پھر انہوں نے جو کہا ویسا ہی کیا اس پر لوگوں نے انہیں طعنے دیئے کہ فلاں فلاں حسین ومالدار مشرکہ عورتوں کو چھوڑ کر ایک حبشی لونڈی سے نکاح کر لیا تب آیت کریمہ کا دوسرا جملہ نازل ہوا۔

(تفسیر احمدی، تفسیر خزائن العرفان، تفسیر روح المعانی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْمَحِيْضِ ۭ قُلْ هُوَ اَذًى ۙ فَاعْتَزِلُوا النِّسَاۗءَ فِي الْمَحِيْضِ ۙ وَلَا تَقْرَبُوْهُنَّ حَتّٰى يَطْهُرْنَ ۚ فَاِذَا تَطَهَّرْنَ فَاْتُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ اَمَرَكُمُ اللّٰهُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ التَّوَّابِيْنَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِيْنَ ۝۲۲۲ (پارہ2۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 222)

ترجمہ کنزالایمان: اور تم سے پوچھتے ہیں حیض کا حکم تم فرماؤ وہ ناپاکی ہے تو عورتوں سے الگ رہو حیض کے دنوں اور ان سے نزدیکی (صحبت) نہ کرو جب تک پاک نہ ہو لیں پھر جب پاک ہو جائیں تو ان کے پاس جاؤ جہاں سے تمہیں اللہ نے حکم دیا (فرج میں جائز جہتوں سے)،

Marfat.com

بیشک اللہ پسند کرتا ہے بہت توبہ کرنے والوں کو اور پسند رکھتا ہے ستھروں (پاک ہونے والوں) کو۔

حائضہ کے احکام

عرب کے یہود و مجوس کا یہ وطیرہ تھا کہ وہ حائضہ عورتوں سے نہ صرف نفرت کرتے تھے بلکہ انھیں ان کے ساتھ کھانا پینا سونا ان سے بولنا ان کی طرف دیکھنا حتیٰ کہ ایک ساتھ ایک مکان میں رہنا بھی پسند نہ کرتے تھے جبکہ عیسائیوں کا حال اس کے برعکس تھا وہ تو حائضہ عورتوں سے مجامعت سے بھی دریغ نہ کرتے تھے اور مشرکین عرب یہود کے طریقے پر عمل پیرا تھے چنانچہ ایک دفعہ حضرت ثابت ابن حراح اور دیگر صحابہ کرام علیہم الرضوان نے بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہو کر حیض کے احکام کے بارے میں عرض کی تو یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر درمنثور تفسیر المعانی تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ ۪ فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ وَ قَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ ؕ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْۤا اَنَّكُمْ مُّلٰقُوْهُ ؕ وَ بَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۲۲۳﴾ (پارہ 2۔ سورۃ البقرہ آیت نمبر 223)

ترجمہ کنزالایمان: تمہاری عورتیں تمہارے لئے کھیتیاں ہیں، تو آؤ اپنی کھیتیوں میں جس طرح چاہو اور اپنے بھلے کا کام پہلے کرو اور اللہ سے ڈرتے رہو اور جان رکھو کہ تمہیں اس سے ملنا ہے اور اے محبوب بشارت دو ایمان والوں کو۔

میں ہلاک ہو گیا

یہود عرب کا کہنا تھا کہ جو کوئی اپنی بیوی کے ساتھ پیچھے سے فرج میں جماع کرے تو اس حمل سے بھینگا بچہ پیدا ہوگا یہی عام اہل عرب کا بھی خیال تھا چنانچہ ایک بار حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں ہلاک ہو گیا میں اسی طرح صحبت کر بیٹھا تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر کبیر وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ لَا تَجْعَلُوا اللّٰهَ عُرْضَةً لِّاَيْمَانِكُمْ اَنْ تَبَرُّوْا وَ تَتَّقُوْا وَ تُصْلِحُوْا بَيْنَ النَّاسِ ؕ وَ اللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۲۴﴾ (پارہ 2۔ سورۃ البقرہ آیت نمبر 224)

Marfat.com

ترجمہ کنزالایمان: اور اللہ کو اپنی قسموں کا نشانہ نہ بنالو کہ (بار بار اس کی قسمیں کھاؤ) احسان اور پرہیزگاری اور لوگوں میں صلح کرنے کی قسم کرلو، اور اللہ سنتا جانتا ہے۔

بھلائی کی قسم

حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہا کی ہمشیرہ رضی اللہ عنہ بشیر ابن نعمان کے نکاح میں تھی ان دونوں زوجہ وشوہر کچھ ناچاقی ہوگئی جس کے سبب ان کی زوجہ اپنے بھائی عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہا کے گھر آ گئیں تو حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ نے قسم کھالی کہ نہ میں کبھی اپنے بہنوئی کے گھر جاؤں گا نہ اپنی بہن اور ان کے درمیان صلح کراؤنگا چنانچہ جب کچھ عرصہ بعد حضرت نعمان رضی اللہ عنہ نے اپنی زوجہ رضی اللہ عنہ سے صلح و اتفاق کرنا چاہا تو لوگوں نے حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ سے کہا کہ آپ ان کے درمیان صلح کا راستہ استوار فرمادیں تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں قسم کھاچکا ہوں کہ ان میں صلح نہ کراؤں گا لہٰذا اب یہ کام نہیں کرسکتا چنانچہ اس موقعہ پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

ایک دوسری روایت کے مطابق حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے خالہ زاد بھائی حضرت مسطح رضی اللہ عنہ ایک غریب ونادار شخص تھے ان کا تمام خرچ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہی اٹھاتے تھے چنانچہ ایک مرتبہ ان کے اور حضرت مسطح رضی اللہ عنہ کے درمیان کچھ ناراضگی ہوگئی اور حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے قسم کھالی کہ آئندہ ان کا خرچ نہ اٹھاؤنگا معاملہ یہ تھا کہ حضرت مسطح رضی اللہ عنہ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا پر تہمت لگانے والوں کی کچھ حمایت کی تھی لہٰذا حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ ان سے ناراض ہوگئے کہ میری بیٹی کو تہمت لگانے والوں کا ساتھ دیتے ہیں جبکہ میری بیٹی ان کی بھتیجی بھی ہے یہ کیسے رشتہ دار ہیں کہ میری بیٹی سے کوئی ہمدردی نہیں چنانچہ اس موقعہ پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان، تفسیر روح المعانی وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لِلَّذِيْنَ يُؤْلُوْنَ مِنْ نِّسَآئِهِمْ تَرَبُّصُ اَرْبَعَةِ اَشْهُرٍ ۚ فَاِنْ فَآءُوْ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ○ وَاِنْ عَزَمُوا الطَّلَاقَ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ○

(پارہ 2۔ سورۃ البقرہ آیت نمبر 226-227)

ترجمہ کنزالایمان: اور وہ جو قسم کھا بیٹھتے ہیں اپنی عورتوں کے پاس (قریب نہ) جانے کی انہیں چار مہینے کی مہلت ہے، پس اگر اس مدت میں پھر آئے (رجوع کرلے) تو اللہ بخشنے والا

Marfat.com

مہربان ہے اور اگر چھوڑ (طلاق) دینے کا ارادہ پکا کرلیا تو اللہ سنتا جانتا ہے۔

ظلم کی قسم

زمانہ جاہلیت میں جب لوگ اپنی عورتوں سے مال کا مطالبہ کرتے اور وہ دینے سے منع کرتیں تو بطور سزا ان عورتوں کے پاس تین سال یا اس سے بھی زائد عرصہ تک نہ جانے کی قسم کھالیتے تو انھیں پریشان کرنے کیلے یونہی چھوڑ دیتے کہ نہ ان کے پاس آتے نہ انھیں طلاق دیتے کہ وہ کسی سے نکاح ہی کرلیں اس طرح وہ شوہر والی ہوتے ہوئے بھی بیوگی کی سی زندگی گزارتیں چنانچہ اس ظلم کی ممانعت پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی بعض روایات میں آیا ہے کہ زمانہ جاہلیت میں ایلاء یعنی عورت کے پاس نہ جانے کی قسم بھی یعنی شوہر بیوی کے پاس نہ جانے کی قسم کھالیتا اور برسوں اس سے علیحدہ رہتا اسے خرچ ونان نفقہ سے بھی محروم رکھتا اور یوں عورت ماں باپ پر بوجھ بن کر پریشان ہوکر محنت مزدوری یا دوسروں سے سوال کر کے اپنی ضروریات پوری کرتی چنانچہ اس آیت کریمہ میں اس ظلم سے ممانعت فرمائی گئی۔ (تفسیر خزائن العرفان، تفسیر احمدی، تفسیر نعیمی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَالْمُطَلَّقٰتُ يَتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ ثَلٰثَةَ قُرُوْٓءٍ ؕ وَلَا يَحِلُّ لَهُنَّ اَنْ يَّكْتُمْنَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ فِيْٓ اَرْحَامِهِنَّ اِنْ كُنَّ يُؤْمِنَّ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ وَبُعُوْلَتُهُنَّ اَحَقُّ بِرَدِّهِنَّ فِيْ ذٰلِكَ اِنْ اَرَادُوْٓا اِصْلَاحًا ؕ وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِيْ عَلَيْهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۠ وَلِلرِّجَالِ عَلَيْهِنَّ دَرَجَةٌ ؕ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۲۸﴾

(پارہ 2۔ سورۃ البقرہ آیت نمبر 228)

ترجمہ کنزالایمان: اور طلاق والیاں اپنی جانوں کو روکے رہیں (نکاحِ ثانی سے) تین حیض تک اور انہیں حلال نہیں کہ چھپائیں وہ جو اللہ نے ان کے پیٹ میں پیدا کیا (حمل یا حیض) اگر اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتی ہیں اور ان کے شوہروں کو اس مدت کے اندر ان کے پھیر لینے (رجوع کرنے) کا حق پہنچتا ہے اگر ملاپ چاہیں اور عورتوں کا بھی حق ایسا ہی ہے جیسا ان پر ہے شرع کے موافق (مثل اسی کے) اور مردوں کو ان پر فضیلت ہے، اور اللہ غالب حکمت والا ہے۔

مطلقہ کی عدت

حضرت اسماء بنت یزید انصاریہ رضی اللہ عنہا کا فرمانا ہے کہ زمانہ جاہلیت میں طلاق کی عدت مقرر نہ تھی

Marfat.com

عہد رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں میرے شوہر نے طلاق دے دی اس وقت تک عدت کے احکام نازل نہ ہوئے تھے چنانچہ اس موقع پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر درمنثور)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ ۪ فَاِمْسَاكٌۢ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ تَسْرِيْحٌۢ بِاِحْسَانٍ ؕ

(پارہ2۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 229)

ترجمہ کنزالایمان: یہ طلاق دو بار تک ہے پھر بھلائی کے ساتھ روک لینا ہے یا نکوئی (اچھے سلوک) کے ساتھ چھوڑ دینا ہے۔

طلاق کا کھیل

زمانہ جاہلیت میں بعض لوگوں کا یہ حال تھا کہ وہ اپنی بیویوں کو محض پریشان اور تنگ کرنے کے لیے اسے طلاق دے دیتے تھے اور جب عدت ختم ہونے کا وقت ہوتا تو رجوح کر لیتے اور اس رجعت کی کوئی حد نہ تھی خواہ عمر بھر کتنی ہی طلاقیں دے دیتے پھر رجوح کر لیتے چنانچہ ایک عورت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی خدمت بابرکت میں حاضر ہوئی اور عرض گزار ہوئی کہ میرے شوہر نے مجھ سے کہا ہے کہ میں تجھے طلاق دیتا رہونگا اور رجوح کرتا رہونگا جب بھی عدت ختم ہونے لگے گی میں رجوح کر لونگا یہ سن کر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا خاموش رہیں اور پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں اس کے متعلق دریافت کیا تو آیت کریمہ کا یہ پہلا جملہ نازل ہوا۔ (تفسیر درمنثور، تفسیر کبیر، تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَلَا يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَاْخُذُوْا مِمَّآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ شَيْـًٔا اِلَّآ اَنْ يَّخَافَآ اَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ؕ فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ۙ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيْمَا افْتَدَتْ بِهٖ ؕ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَعْتَدُوْهَا ۚ وَمَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۲۲۹﴾ (پارہ2۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 229)

ترجمہ کنزالایمان: اور تمہیں روا (حلال) نہیں کہ جو کچھ عورتوں کو دیا اس میں سے کچھ واپس لو مگر جب دونوں کو اندیشہ ہو کہ اللہ کی حدیں (شرعی حقوق) قائم نہ کریں گے پھر اگر تمہیں

Marfat.com

خوف ہو کہ وہ دونوں ٹھیک انہیں حدوں پر نہ رہیں گے تو ان پر کچھ گناہ نہیں اس میں جو بدلہ (معاوضہ) دے کر عورت چھٹی لے (جان چھڑالے)، یہ اللہ کی حدیں (قوانین) ہیں ان سے آگے نہ بڑھو اور جو اللہ کی حدوں سے آگے بڑھے تو وہی لوگ ظالم ہیں۔

اسلام کا پہلا خلع

حضرت جمیلہ بنت عبداللہ بن ابی رضی اللہ عنہا حضرت ثابت بن قیس کے نکاح میں تھیں مگر اپنے شوہر کو سخت ناپسند کرتی تھیں ایک بار بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہو کر اپنے شوہر کی شکایت پیش کی اور ان کے پاس نہ جانے کا ارادہ کرلیا تب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ثابت رضی اللہ عنہ کو طلب فرمایا اور تمام واقعہ بیان فرمایا تو حضرت ثابت رضی اللہ عنہ نے عرض کی کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں نے اپنی زوجہ کو ایک باغ دیا تھا اگر یہ میرے ساتھ رہنے پر راضی نہیں اور مجھ سے علیحدگی چاہتی ہیں تو پھر وہ باغ مجھے واپس کردیں میں انھیں آزاد کردونگا، چنانچہ جمیلہ رضی اللہ عنہا نے بخوشی اس بات کو قبول کرلیا کہا کہ مجھے منظور ہے بلکہ میں کچھ مال زائد بھی دونگی تب آیت کریمہ کا باقی حصہ ولا یحل سے آخر تک نازل ہوا اسلام میں یہ پہلا خلع تھا۔

(تفسیر خزائن العرفان، تفسیر روح البیان، تفسیر درمشور وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهٗ مِنْۢ بَعْدُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهٗ ؕ فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَاۤ اَنْ يَّتَرَاجَعَاۤ اِنْ ظَنَّاۤ اَنْ يُّقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ؕ وَ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ يُبَيِّنُهَا لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۲۳۰﴾ (پارہ2۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 230)

ترجمہ کنزالایمان: پھر اگر تیسری طلاق اسے دی تو اب وہ عورت اسے حلال نہ ہوگی جب تک دوسرے خاوند کے پاس نہ رہے، پھر وہ دوسرا اگر اسے طلاق دے دے تو ان دونوں پر گناہ نہیں کہ پھر آپس میں مل جائیں (رجوع کرلیں) اگر سمجھتے ہوں کہ اللہ کی حدیں نباہیں (قائم رکھیں) گے اور یہ اللہ کی حدیں (قوانین) ہیں جنہیں بیان کرتا ہے دانش مندوں (سمجھداروں) کے لئے (تاکہ اس پر عمل کریں)۔

اللہ کی حدیں

حضرت عائشہ بنت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ حضرت رفاعہ ابن وہب کے نکاح میں تھیں انھوں نے اپنے

Marfat.com

زوجہ حضرت عائشہ کو تین طلاقیں دے دیں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عدت گزار کر عبدالرحمن ابن زبیر قرظی سے نکاح کرلیا کچھ دن بعد بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہوکر اپنے شوہر کے نامرد ہونے کی شکایت کی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کیا واپس رفاعہ سے نکاح کرنا چاہتی ہو انہوں نے عرض کی ہاں تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر درمنثور تفسیر روح المعانی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَاَمْسِكُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ سَرِّحُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ ۪ وَّ لَا تُمْسِكُوْهُنَّ ضِرَارًا لِّتَعْتَدُوْا ۚ وَ مَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ ؕ (پارہ2۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 231)

ترجمہ کنزالایمان: اور جب تم عورتوں کو طلاق دو اور ان کی میعاد آ لگے (عدت کا اخیر وقت آپہنچے) تو اس وقت تک یا بھلائی کے ساتھ روک لو یا نکوئی (اچھے سلوک) کے ساتھ چھوڑ دو اور انہیں ضرر (نقصان) دینے کے لئے روکنا نہ ہو کہ حد سے بڑھو اور جو ایسا کرے وہ اپنا ہی نقصان کرتا ہے۔

حد سے نہ بڑھو

ثابت ابن سیار انصاری رضی اللہ عنہ نے اپنی زوجہ کو طلاق دے دی لیکن جب ان کی عدت کے دن پورے ہونے کے قریب ہوئے تو دو تین دن پہلے ان سے رجوح کر کے پھر طلاق دے دی تا کہ وہ دوبارہ عدت کریں اور اس دوران کسی دوسرے سے نکاح نہ کرسکیں چنانچہ اسی مخمصہ میں نو ماہ کا عرصہ گزر گیا تب یہ آیت کریمہ کا پہلا حصہ ظلم نفسہ تک نازل ہوا۔ (تفسیر درمنثور، تفسیر نعیمی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ لَا تَتَّخِذُوْٓا اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا ۪ وَّ اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَ مَآ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنَ الْكِتٰبِ وَ الْحِكْمَةِ يَعِظُكُمْ بِهٖ ۚ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ وَ اعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۲۳۱﴾

(پارہ2۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 231)

ترجمہ کنزالایمان: اور اللہ کی آیتوں کو ٹھٹھا نہ بنالو (کہ عمل نہ کرو) اور یاد کرو اللہ کا

Marfat.com

احسان جوتم پر ہے اور وہ جوتم پر کتاب اور حکمت اتاری تمہیں نصیحت دینے کو اور اللہ سے ڈرتے رہو اور جان رکھو کہ اللہ سب کچھ جانتا ہے۔

شریعت کو کھیل نہ بناؤ

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ بعض لوگوں کی یہ عادت تھی کہ وہ کسی سے کہہ دیتے کہ میں نے اپنی بیٹی تیرے نکاح میں دی وہ کہتا میں نے قبول کی پھر بعد میں کہتے کہ ہم نے تو دل لگی یا مذاق میں ایسا کہا تھا یونہی کچھ لوگ اپنے غلاموں کو آزاد کر دیتے یا اپنی بیویوں کو طلاق دے دیتے اور بعد میں مذاق یا دل لگی کا بہانہ کر دیتے تھے تب یہ آیت کریمہ کا دوسرا جملہ اخیر تک نازل ہوا۔ (تفسیر درمنثور)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ اِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ اَنْ يَّنْكِحْنَ اَزْوَاجَهُنَّ اِذَا تَرَاضَوْا بَيْنَهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ ذٰلِكَ يُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ مِنْكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ ذٰلِكُمْ اَزْكٰى لَكُمْ وَ اَطْهَرُ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَ اَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۳۲﴾

(پارہ 2۔ سورۃ البقرہ آیت نمبر 232)

ترجمہ کنزالایمان: اور جب تم عورتوں کو طلاق دو اور ان کی میعاد (عدت) پوری ہو جائے تو اے عورتوں کے والیو انہیں نہ روکو اس سے کہ اپنے شوہروں سے نکاح کر لیں جب کہ آپس میں موافق شرع (شریعت کے مطابق) رضامند ہو جائیں یہ نصیحت اسے دی جاتی ہے جو تم میں سے اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتا ہو یہ تمہارے لئے زیادہ ستھرا اور پاکیزہ ہے اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔

نصیحت

حضرت معقل ابن یسار رضی اللہ عنہ نے اپنی بہن جمیلہ کا نکاح اپنے چچازاد بھائی عبداللہ ابن عاصم رضی اللہ عنہ سے کر دیا اتفاقاً کسی بات پر دونوں میاں بیوی کی آپس میں ناچاقی ہوگئی اور عبداللہ رضی اللہ عنہ کو طلاق دے جس کا حضرت معقل رضی اللہ عنہ کو بہت صدمہ ہوا عدت گزارنے کے بعد جب عبداللہ رضی اللہ عنہ واپس جمیلہ رضی اللہ عنہ سے نکاح کا ارادہ ظاہر فرمایا تو حضرت معقل رضی اللہ عنہ نے قسم کھالی کہ اب میں اپنی بہن جمیلہ کا نکاح ہرگز تم سے نہ کرونگا مگر ان کی ہمشیرہ رضی اللہ عنہا ان سے نکاح کرنا چاہتی تھیں تب یہ آیہ

Marfat.com

کریمہ نازل ہوئی تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت معقل رضی اللہ عنہ طلب فرما کر یہ آیت کریمہ سنائی تو انھوں نے رب کی اطاعت میں اپنا سر تسلیم خم کر دیا اور اپنی بہن کا نکاح دوبارہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے کر دیا۔

ایک اور روایت کے مطابق حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی چچازاد بہن کو ان کے شوہر نے طلاق دی پھر جب عدت گزر گئی تو دوبارہ ان ہی سے نکاح کا ارادہ ظاہر فرمایا تو حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے انکار کر دیا جبکہ ان کی چچازاد بہن اپنے سابقہ شوہر سے دوبارہ نکاح کی خواہش مند تھی تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر احمدی، تفسیر روح المعانی، م تفسیر خزائن العرفان تفسیر کبیر تفسیر احمدی وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اِنْ طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ مَا لَمْ تَمَسُّوْهُنَّ اَوْ تَفْرِضُوْا لَهُنَّ فَرِيْضَةً ۖ وَّ مَتِّعُوْهُنَّ ۚ عَلَى الْمُوْسِعِ قَدَرُهٗ وَ عَلَى الْمُقْتِرِ قَدَرُهٗ ۚ مَتَاعًا بِالْمَعْرُوْفِ ۚ حَقًّا عَلَى الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۲۳۶﴾ (پارہ2۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 236)

ترجمہ کنزالایمان: تم پر کچھ مطالبہ (مواخذہ) نہیں تم عورتوں کو طلاق دو جب تک تم نے ان کو ہاتھ نہ لگایا ہو یا کوئی مہر مقرر کرلیا ہو اور ان کو کچھ برتنے کو (جوڑا) دو مقدور والے پر اس کے لائق (حسبِ وسعت) اور تنگدست پر اس کے لائق حسب (حیثیت) دستور کچھ برتنے کی چیز (جوڑا) یہ واجب ہے بھلائی والوں (پرہیزگاروں) پر۔

بغیر صحبت طلاق پر مہر

ایک انصاری صحابی نے قبیلہ بنی حنیفہ کی ایک عورت سے نکاح کیا جبکہ کچھ مہر مقرر نہ ہوا تھا بغیر صحبت اپنی زوجہ کو طلاق دے دی چونکہ اس سے پہلے ایسی طلاق کبھی واقع نہ ہوئی تھی لہٰذا اس کے احکام کے بارے میں تردد ہوا تو یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حٰفِظُوْا عَلَى الصَّلَوٰتِ وَ الصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى ۗ وَ قُوْمُوْا لِلّٰهِ قٰنِتِيْنَ ﴿۲۳۸﴾ فَاِنْ خِفْتُمْ فَرِجَالًا اَوْ رُكْبَانًا ۚ فَاِذَاۤ اَمِنْتُمْ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَمَا عَلَّمَكُمْ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۳۹﴾ (پارہ2۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 238-239)

Marfat.com

ترجمہ کنزالایمان: نگہبانی (حفاظت) کرو سب نمازوں کی اور بیچ کی نماز کی اور کھڑے ہو اللہ کے حضور ادب (اطاعت) سے پھر اگر خوف (دشمن یا درندے وغیرہ) میں ہو تو پیادہ (پیدل) یا سوار جیسے بن پڑے پھر جب اطمینان سے ہو تو اللہ کی یاد کرو جیسا اس نے سکھایا جو تم نہ جانتے تھے۔

نمازوں کی نگہبانی

ایک قوم عمارت و مکانات بنانے میں اسقدر مشغول ہوگئی کہ ان کی توجہ اپنی مساجد کو آباد کرنے کی طرف نہ رہی چنانچہ انکے حق میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر احمدی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا ۖ وَّصِيَّةً لِّاَزْوَاجِهِمْ مَّتَاعًا اِلَى الْحَوْلِ غَيْرَ اِخْرَاجٍ ۚ فَاِنْ خَرَجْنَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْ مَا فَعَلْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِنَّ مِنْ مَّعْرُوْفٍ ۗ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۴۰﴾ وَلِلْمُطَلَّقٰتِ مَتَاعٌۢ بِالْمَعْرُوْفِ ۗ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِيْنَ ﴿۲۴۱﴾ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۲۴۲﴾

(پارہ 2۔ سورۃ البقرہ آیت نمبر 240-42)

ترجمہ کنزالایمان: اور جو تم میں مریں اور بیبیاں چھوڑ جائیں، وہ اپنی عورتوں کے لئے وصیت کر جائیں سال بھر تک نان نفقہ دینے کی بے نکالے (بغیر نکالے) پھر اگر وہ خود نکل جائیں تو تم پر اس کا مؤاخذہ نہیں جو انہوں نے اپنے معاملہ میں مناسب طور پر کیا، اور اللہ غالب حکمت والا ہے، اور طلاق والیوں کے لئے بھی مناسب طور پر نان ونفقہ ہے، یہ واجب ہے پرہیزگاروں پر، اللہ یونہی بیان کرتا ہے تمہارے لئے اپنی آیتیں کہ کہیں تمہیں سمجھ ہو (تم سمجھو)۔

بیوہ اور مطلقہ کے لئے وصیت

حضرت حکیم بن حارث رضی اللہ عنہ جو طائف میں مقیم تھے جب انھیں حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مدینہ منورہ ہجرت فرما جانے کی اطلاع ملی تو انہوں نے بھی وہاں سے مدینہ منورہ ہجرت کا ارادہ کرلیا اور مع اپنی بیوی بچوں اور والدین کے رخت سفر باندھا لیکن ابھی راستے ہی میں تھے یا مدینہ منورہ پہنچے ہی تھے کہ اچانک وفات پا گئے چونکہ صاحب ثروت اور مالدار شخص تھے لہٰذا ان کے مال کے متعلق بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں پیش

Marfat.com

کیا گیا تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر احمدی وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَهُمْ اُلُوْفٌ حَذَرَ الْمَوْتِ فَقَالَ لَهُمُ اللّٰهُ مُوْتُوْا ثُمَّ اَحْيَاهُمْ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ ۝ (پارہ 2۔ سورۃ البقرہ آیت نمبر 243)

ترجمہ کنزالایمان: اے محبوب کیا تم نے نہ دیکھا تھا انہیں جو اپنے گھروں سے نکلے اور وہ ہزاروں تھے (طاعون کی) موت کے ڈر سے، تو اللہ نے ان سے فرمایا مرجاؤ پھر انہیں (اس وقت کے نبی کی دعا سے) زندہ فرمادیا، بیشک اللہ لوگوں پر فضل کرنے والا ہے مگر اکثر لوگ ناشکرے ہیں۔

مردے زندہ کرنا

ایک بار حضرت عمر رضی اللہ عنہ نماز ادا فرما رہے تھے اس دوران دو یہودی آپس میں کچھ بات چیت کر رہے تھے بعد فراغت حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے دریافت فرمایا کہ تم آپس میں کیا باتیں کر رہے تھے وہ کہنے لگے کہ ہم حزقیل علیہ السلام اور ان کے زندہ کرنے کے معجزے کا تذکرہ کر رہے تھے تو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا کہ ہم نے قرآن پاک میں نہ ہی حزقیل علیہ اسلام کا ذکر سنا نہ ہی ان کے مردہ زندہ ہونے کے متعلق کوئی ذکر پایا مردے تو حضرت موسیٰ علیہ اسلام نے ہی زندہ کئے ہیں وہ یہودی بولے کہ کیا قرآن پاک میں یہ آیت نہیں ورسل من انفسہم علیك (النساء ۱۶۴) کہ ہم نے بہت سے پیغمبروں کے قصے بیان نہ فرمائے آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ہاں انہوں نے عرض کیا یہ بھی ان ہی پیغمبر میں سے ہیں اس کے بعد حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر ہوئے تو یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر درمنثور)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مَنْ ذَا الَّذِيْ يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗٓ اَضْعَافًا كَثِيْرَةً ۭ وَاللّٰهُ يَقْبِضُ وَيَبْصُۜطُ ۠ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝ (پارہ 2۔ سورۃ البقرہ آیت نمبر 245)

Marfat.com

ترجمہ کنزالایمان: کوئی جواللہ کوقرض حسن (خوش دلی کے ساتھ) دے تواللہ اس کے لئے بہت گنا بڑھادے اوراللہ تنگی اور کشایش کرتا ہے اور تمہیں اسی کی طرف پھر (لوٹ) جانا۔

جواللہ کوقرضِ حسن دے

حضرت ابو الاحداح رضی اللہ عنہ بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں عرض گزار ہوئے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے پاس دو باغ ہیں اگر میں ان میں سے ایک اللہ کی راہ میں صدقہ کردوں تو کیا پھر مجھے جنت میں اس جیسا باغ ملے گا ارشاد فرمایا ہاں پھر عرض کی کیا میری زوجہ بھی میرے ساتھ اس باغ میں ہونگی ارشاد فرمایا ہاں پھر عرض کیا میرے بچے بھی میرے ساتھ ہونگے ارشاد فرمایا ہاں پس آپ رضی اللہ عنہ نے ان دو باغوں میں سے ایک باغ جسکا نام حنفیہ تھا صدقہ کردیا آپ اسی باغ میں رہتے تھے چنانچہ باغ پر پہنچ کر اپنی زوجہ کو آواز دی کہ اے ام الدحداح آؤ یہاں سے چلیں میں نے اس باغ کا اپنے رب سے سودا کرلیا ہے اب یہ باغ ہمارا نہیں ہے آپ رضی اللہ عنہ کی نیک زوجہ نے فرمایا کہ آپ نے بہترین خریداری سے بہترین نفع بخش سودا کیا ہے اس پر آیت کریمہ من ذالذی سے ترجعون تک نازل ہوئی ایک دوسری روایت حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جب آیت کریمہ کمثل حبہ انبت الخ (البقرہ ۲۶۱) نازل ہوئی جسمیں مسلمانوں کو صدقہ کا بدلہ سات سو گناہ یا اس سے بھی زیادہ ملنے کی خوشخبری سنائی گئی تو تب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دعا فرمائی کہ یا اللہ میری امت کو اور زیادہ بدلہ عطا فرما تو پھر یہ آیت کریمہ من ذالذی الخ نازل ہوئی۔

(تفسیر کبیر، تفسیر درمنثور)

Marfat.com

تیسرا پارہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا اقْتَتَلُوْا (پارہ3۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 253)

ترجمہ کنزالایمان: اور اللہ چاہتا تو وہ نہ لڑتے۔

معافی اور رضا

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا وہاں حضرت صدیق اکبر، حضرت عمر فاروق، حضرت عثمان غنی اور حضرت امیر معاویہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین بھی حاضر خدمت تھے اسی اثناء میں حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ بھی وہاں حاضر خدمت ہوئے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ سے دریافت فرمایا کہ کیا تم علی سے محبت کرتے ہو تو انہوں سے عرض کی جی ہاں تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا عنقریب تمہارے اور ان کے درمیان جنگ ہوگی آپ رضی اللہ عنہ عرض گزار ہوئے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پھر اس جنگ کے بعد کیا ہوگا، تو ارشاد فرمایا معافی اور رضا اس پر حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی رضینا بقضاء اللہ چنانچہ تب یہ ولو شاء اللہ۔ الخ نازل ہوا۔ (تفسیر درمنثور)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ ۙ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَ يُؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ۗ لَا انْفِصَامَ لَهَا ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۵۶﴾ (پارہ3۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 256)

ترجمہ کنزالایمان: کچھ زبردستی (جبر) نہیں دین میں بیشک خوب جدا (ظاہر) ہوگئی ہے نیک راہ (ہدایت) گمراہی سے تو جو شیطان کو نہ مانے اور اللہ پر ایمان لائے اس نے بڑی محکم گرہ (مضبوط رسی) تھامی جسے کبھی کھلنا نہیں، اور اللہ سنتا جانتا ہے۔

Marfat.com

مضبوط گرہ

حضرت حصین رضی اللہ عنہ کے دو بیٹے عیسائی تھے وہ ایک مرتبہ تجارت کی غرض سے مدینہ منورہ آئے تو حضرت حصین رضی اللہ عنہ نے انہیں پکڑ لیا اور ان سے فرمایا کہ جب تک تم ایمان نہ لے آؤ گے میں تمہیں ہرگز نہیں چھوڑوں گا انہوں نے انکار کی بلا آخر یہ مقدمہ بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں پیش ہوا حضرت حصین رضی اللہ عنہ خدمت اقدس میں عرض گزار ہوئے یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں یہ کیسے گوارا کرلوں کہ میرے گوشہ جگر جہنم میں جائیں اور میں دیکھتا رہوں چنانچہ اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ ایک دوسری روایت کے مطابق قبل اسلام انصار میں یہ دستور تھا کہ جن عورتوں کے بچے زندہ نہ رہتے تھے وہ نذر مان لیا کرتی تھیں کہ یا اللہ اگر ہمارا بچہ زندہ رہا تو ہم اسے یہودی کر دینگے پھر اگر انکے یہ بچے زندہ رہتے تو وہ اسے یہودی ہی رہنے دیتے مگر پھر جب اسلام تشریف لایا اور وہاں سے قبیلہ ابن نصیر کو جلا وطن کیا گیا تو ان میں انصار کی ایسی یہودی اولاد بھی تھی چنانچہ انصار نے چاہا کہ وہ اپنی اولاد کو ملک بدر نہ ہونے دیں اور اپنے پاس ہی رکھیں تو انہیں اسلام قبول کرنے پر مجبور کرنے لگے اس موقعہ پر پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر درمنثور تفسیر خازن)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَللّٰهُ وَلِیُّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ۙ یُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْۤا اَوْلِیٰٓـُٔهُمُ الطَّاغُوْتُ ۙ یُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ ؕ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۵۷﴾ (پارہ 3۔ سورۃ البقرہ آیت نمبر 257)

ترجمہ کنزالایمان: اللہ والی (مددگار) ہے مسلمانوں کا انہیں اندھیریوں (باطل) سے نور (حق) کی طرف نکلتا ہے، اور کافروں کے حمایتی شیطان ہیں وہ انہیں نور (حق) سے اندھیریوں (باطل) کی طرف نکالتے ہیں یہی لوگ دوزخ والے ہیں انہیں ہمیشہ اس میں رہنا۔

دو گروہ

اس کے شان نزول کے متعلق کئی روایات ہیں ایک روایت کے مطابق یہ آیت مرتدین کے متعلق نازل ہوئی دوسری روایت کے مطابق قبل از اسلام کچھ لوگ تو عیسی علیہ السلام پر ایمان رکھتے تھے مگر کچھ ان کے انکاری تھے چنانچہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لے آنے کے بعد حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے انکاری یعنی مشرکین تو نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لا کر عیسیٰ علیہ السلام پر بھی ایمان لے آئے اور بعض حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو

Marfat.com

ماننے والے نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان نہ لا کر در پردہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بھی انکاری ہو گئے چنانچہ ان دونوں گروہوں کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی ایک اور روایت کے مطابق بعض اہل کتاب نبی آخری الزمان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تشریف لانے سے قبل ان کی آمد کی بشارتیں لوگوں کو سنایا کرتے تھے اور بعض جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تشریف آوری ہو گئی تو محض حسد و جلن میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان نہ لائے اور بعض عیسائی اپنے نصرانی مذہب پر قائم تھے مگر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تشریف آوری پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر بھی ایمان لے آئے ان دونوں گروہوں کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ بعض روایات کے مطابق یہ آیت ہر کافر اور ہر مومن کے متعلق نازل ہوئی۔ (تفسیر بیضاوی، تفسیر کبیر، تفسیر نعیمی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ثُمَّ لَا یُتْبِعُوْنَ مَآ اَنْفَقُوْا مَنًّا وَّ لَآ اَذًى ۙ لَّهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَ لَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَ لَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ ﴿۲۶۲﴾ قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ وَّ مَغْفِرَةٌ خَیْرٌ مِّنْ صَدَقَةٍ یَّتْبَعُهَآ اَذًى ؕ وَاللّٰهُ غَنِیٌّ حَلِیْمٌ ﴿۲۶۳﴾

(پارہ 3۔ سورۃ البقرہ آیت نمبر 263)

ترجمہ کنزالایمان: وہ جو اپنے مال اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں پھر دیئے پیچھے (دینے کے بعد) نہ احسان رکھیں (جتائیں) نہ تکلیف (طعنہ) دیں ان کا نیگ (انعام) ان کے رب کے پاس ہے اور انہیں نہ کچھ اندیشہ ہو نہ کچھ غم، اچھی بات کہنا (نرمی سے منع کر دینا) اور درگزر کرنا اس خیرات سے بہتر ہے جس کے بعد ستانا (جتانا) ہو اور اللہ (تمام صدقات سے) بے پرواہ حلم والا ہے۔

راہِ خدا میں خرچ

غزوہ تبوک کے موقع پر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے ایک سو اونٹ مع سامان حرب کے راہ خدا میں پیش کئے اور مزید اعلان فرمایا کہ جس غازی کے پاس سامان حرب نہ ہو تو میں اسے مزید فراہم کروں گا اس کے علاوہ مدینہ منورہ میں میٹھے پانی کی قلت تھی تو حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے بیر رومہ خرید کر مسلمانوں کے لیے وقف کر دیا۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تب پھر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے لیے دعائیں فرمائیں کہ یا اللہ میں عثمان سے

Marfat.com

راضی ہوں تو بھی راضی ہو جاتی کہ دعا کرتے کرتے صبح ہوگئی تو یہ آیت کریمہ نازل ہوئی یونہی حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ کے پاس آٹھ ہزار درہم تھے جس میں سے چار ہزار درہم تو انہوں نے گھر والوں کے لئے چھوڑ دیئے اور چار ہزار درہم بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر کر دیئے تو نبی کریم رؤف رحیم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کیلئے دعا فرمائی کہ اللہ تمھارے خرچ کئے ہوئے اور گھر رکھے ہوئے مال میں برکت دے چنانچہ اس موقع پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

بعض روایات کے مطابق ایک مرتبہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے گھر کھانے کو کچھ نہ تھا چنانچہ آپ رضی اللہ عنہ نے بحالت مجبوری اپنی زوجہ حضرت فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہ کی قمیص چھ درہم میں فروخت کر دی ابھی راستے میں ہی تھے کہ ایک سائل مل گیا چنانچہ آپ رضی اللہ عنہ نے وہ درہم اس سائل کو عطا فرما دیئے پھر کچھ ہی دور گئے تھے کہ ایک شخص ملا جو اونٹی بیچ رہا تھا آپ رضی اللہ عنہ نے وہ اونٹنی قرض میں خرید فرمائی اور آگے بڑھے کہ اونٹنی کا ایک خریدار مل گیا جس نے کافی رقم دے کر اونٹنی خرید لی جس سے آپ رضی اللہ عنہ کو بہت نفع حاصل ہوا پھر آپ رضی اللہ عنہ رقم لے کر اس شخص کی طرف روانہ ہوئے جس سے قرض میں وہ اونٹنی خریدی تھی مگر تلاش کے باوجود وہ شخص کہیں نظر نہ آیا تب بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہو کر تمام معاملہ عرض کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ وہ سائل جس سے تم نے درہم صدقے کئے تھے وہ داروغہ جنت رضوان تھے اور جس نے اونٹنی فروخت کی تھی وہ میکائل علیہ السلام اور اونٹنی خریدنے والا جبرئیل علیہ السلام تھے تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر خزائن العرفان روح المعانی تفسیر کبیر تفسیر روح البیان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اَنْفِقُوْا مِنْ طَیِّبٰتِ مَا كَسَبْتُمْ وَ مِمَّاۤ اَخْرَجْنَا لَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ ۪ وَ لَا تَیَمَّمُوا الْخَبِیْثَ مِنْهُ تُنْفِقُوْنَ وَ لَسْتُمْ بِاٰخِذِیْهِ اِلَّاۤ اَنْ تُغْمِضُوْا فِیْهِ ؕ وَ اعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ غَنِیٌّ حَمِیْدٌ ﴿۲۶۷﴾ (پارہ 3۔ سورۃ البقرہ آیت نمبر 267)

ترجمہ کنزالایمان: اے ایمان والو! اپنی پاک کمائیوں میں سے کچھ دو اور تمہارے لئے زمین سے نکالا (زمینی پیداوار) اس میں سے جو ہم نے اور خاص ناقص (ردی چیز) کا ارادہ نہ کرو کہ دو تو اس میں سے اور تمہیں ملے تو نہ لو گے جب تک اس میں چشم پوشی (درگزر) نہ کرو اور جان رکھو کہ اللہ (خیرات سے) بے پروا سراہا گیا (مستحق حمد) ہے۔

Marfat.com

ناقص صدقہ ناقص ثواب

بعض لوگوں کا یہ وطیرہ تھا کہ اپنے خرموں کے دو حصے کر لیتے عمدہ الگ اور ردّی الگ جب کوئی صدقہ لینے والا ان کے پاس آتا تو ردّی خرمے اسے دے دیتے اور عمدہ خرمے اپنے گھر کیلئے رکھ لیتے اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

دیگر روایات کے مطابق ایک مرتبہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لوگوں کو صدقہ کرنے کا حکم ارشاد فرمایا تو بعض لوگوں نے ردی خرموں کے خوشے حاضر خدمت کئے تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

بعض روایات کے مطابق بعض انصاری صحابی ردی خرموں کے خوشوں کو مسجد نبوی میں ٹانگ دیا کرتے تھے تا کہ غریب و نادار اہل صفہ اسے کھالیں ایک مرتبہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان ردی خرموں سے کچھ خرموں کو جھاڑ کر فرمایا کیا ان کا صدقہ کرنے والا ناقص ثواب ہی چاہتا ہے تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر روح المعانی تفسیر، درمنثور، تفسیر کبیر وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنْ تُبْدُوا الصَّدَقٰتِ فَنِعِمَّا هِیَ ۚ وَ اِنْ تُخْفُوْهَا وَ تُؤْتُوْهَا الْفُقَرَآءَ فَهُوَ خَیْرٌ لَّكُمْ ؕ وَ یُكَفِّرُ عَنْكُمْ مِّنْ سَیِّاٰتِكُمْ ؕ وَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرٌ ﴿۲۷۱﴾

(پارہ 3۔ سورۃ البقرہ آیت نمبر 271)

ترجمہ کنزالایمان: اگر خیرات اعلانیہ دو تو وہ کیا ہی اچھی بات ہے اور اگر چھپا کر فقیروں کو دو یہ تمہارے لئے سب سے بہتر ہے اور اس میں تمہارے کچھ گناہ گھٹیں (مٹیں) گے، اور اللہ کو تمہارے کاموں کی خبر ہے۔

اعلانیہ صدقہ بہتر یا پوشیدہ

جب آیت کریمہ وما انفقتم من نفقة (بقرہ ۲۷) نازل ہوئی تو صحابہ کرام علیہم الرضوان بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں عرض گزار ہوئے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب اللہ ہر صدقہ کے بارے میں جانتا ہے تو پھر اعلانیہ صدقہ بہتر ہے یا پوشیدہ تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر روح المعانی)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لَيْسَ عَلَيْكَ هُدٰىهُمْ وَ لٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ فَلِاَنْفُسِكُمْ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْنَ اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْهِ اللّٰهِ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ يُّوَفَّ اِلَيْكُمْ وَ اَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ﴿۲۷۲﴾ (پارہ3۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 272)

ترجمہ کنزالایمان: انہیں راہ (ہدایت) دینا تمہارے ذمہ لازم نہیں، ہاں اللہ راہ دیتا ہے جسے چاہتا ہے، اور تم جو اچھی چیز (راہِ خدا میں) دو تو تمہارا ہی بھلا ہے اور تمہیں خرچ کرنا مناسب نہیں مگر اللہ کی مرضی (رضا) چاہنے کے لئے، اور جو مال دو تمہیں (اس کا بدلہ) پورا ملے گا اور نقصان نہ دیئے جاؤ گے۔

مشرکین کو صدقات

اس کے شانِ نزول کے متعلق چند روایات ہیں:

ایک مرتبہ حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہ کی والدہ اور دادی ان کے پاس اپنی کچھ حاجت لے کر آئیں یہ دونوں مشرکہ تھی آپ رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا کہ تم بے دین ہو میں حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جب تک نہ پوچھ لوں تمہیں کچھ نہ دوں گی پھر جب آپ رضی اللہ عنہ بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہوئیں تو یہ آیت کریمہ نازل ہوئیں اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انھیں مشرکہ ماں اور دادی پر صدقہ کا حکم دیا۔ ایک دوسری روایت کے مطابق بعض صحابہ کی بنی نضر و بنی قریضہ سے قربت داری تھی یہ انصار انھیں اپنے صدقات نہ دیتے تھے اور ان سے کہتے تھے کہ جب تک تم اسلام قبول نہ کرو گے ہم یہ صدقات تمہیں نہ دیں گے چنانچہ پھر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

ایک اور روایت میں آیا ہے کہ قبل از اسلام مسلمانوں کی یہود سے رشتہ داریاں تھیں چنانچہ وہ ان کے ساتھ اچھا سلوک کیا کرتے اور انکی مدد کیا کرتے تھے مگر جب یہ مسلمان ہو گئے تو اب انہیں یہودیوں کے ساتھ اچھا سلوک کرنا یا ان کی مدد کرنا ناگوار ہوا اور انہوں نے ان سے اپنا ہاتھ روک لیا تاکہ یہود اسلام لے آئیں تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

ایک روایت کے مطابق مسلمان پہلے عام فقرائے مدینہ پر صدقہ کیا کرتے تھے اور ان کے مومن یا کافر ہونے کا لحاظ نہ کرتے تھے لیکن جب مسلمانوں کی تعداد بڑھ گئی تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مشرکین کو صدقات دینے سے منع فرما دیا تاکہ یہود اسلام لانے پر مجبور ہو جائیں تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر کبیر، تفسیر خزائن العرفان، تفسیر خازن)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لِلْفُقَرَآءِ الَّذِيْنَ اُحْصِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ضَرْبًا فِي الْاَرْضِ يَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ اَغْنِيَآءَ مِنَ التَّعَفُّفِ ۚ تَعْرِفُهُمْ بِسِيْمٰهُمْ ۚ لَا يَسْـَٔلُوْنَ النَّاسَ اِلْحَافًا ۗ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ﴿۲۷۳﴾

(پارہ3۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 273)

ترجمہ کنزالایمان: ان فقیروں کے لئے جوراہ خدا میں (جہاد، طلب علم، تبلیغ دین وغیرہ کے سبب) روکے گئے زمین میں چل نہیں سکتے (دنیوی کاروبار یا حصولِ معاش کے لیے) نادان (ناواقف آدمی) انہیں تونگر (غنی) سمجھے (ان کے سوال سے) بچنے کے سبب تو انہیں ان کی صورت سے پہچان لے گا لوگوں سے سوال نہیں کرتے کہ گڑگڑانا پڑے اور تم جو خیرات کرو اللہ اسے جانتا ہے۔

اصحابِ صفّہ

مسجد نبوی کہ قریب ایک چبوترہ تھا جسکا نام صفہ تھا وہاں تقریبا پانچ سو کے قریب فقراء و نادار مہاجرین رہتے تھے جنکی نہ ہی بیبیاں تھی نہ بال بچے نہ گھر نہ کوئی دنیوی سامان نہ کوئی کاروبار یہ مسجد میں ہی حاضر رہتے نماز روزہ و تلاوت میں مشغول رہتے تھے لشکر اسلام کہ ساتھ جہاد میں شرکت کرتے انہیں اصحاب صفہ کہا جاتا تھا انکی غریب و ناداری کا یہ حال تھا کہ ان میں سے بعض کے پاس تو ستر چھپانے کیلئے پورا لباس بھی موجود نہ تھا چنانچہ ان کے متعلق آیت کریمہ نازل ہوئی جس میں ان اصحاب صحابہ کو صدقہ و خیرات کرنے کی رغبت دی گئی۔

(تفسیر کبیر، تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۲۷۴﴾ (پارہ3۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 274)

ترجمہ کنزالایمان: وہ جو اپنے مال خیرات کرتے ہیں رات میں اور دن میں چھپے اور ظاہر ان کے لئے ان کا نیگ (انعام) ہے ان کے رب کے پاس ان کو نہ کچھ اندیشہ ہو نہ کچھ غم۔

Marfat.com

انعام کی بشارت

اس آیت کریمہ کے نزول کے متعلق چند روایات ہیں:

جب للفقراء الذین الخ (بقرہ ۲۷۳) نازل ہوئی تو حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ نے دن میں اصحاب صفہ پر بہت سے دینار صدقہ کیے جب کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے رات میں ایک وسق (یعنی ساٹھ صاع اور ہر صاع تقریبا چار کلو یعنی کل تقریبا چھ من) کھجوریں اصحاب صفہ پر صدقہ کیں تو یہ آیت کریمہ نازل ہوئی ایک دوسری روایات کے مطابق حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے چالیس ہزار دینار (ایک لاکھ روپے سے زیادہ) صدقہ کیا دس ہزار دینار رات میں دس ہزار دن میں دس ہزار خفیہ دس ہزار اعلانیہ تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

ایک اور روایت میں آیا ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس صرف چار درہم ہی تھے جو آپ رضی اللہ عنہ نے صدقہ کئے ایک دن میں ایک رات میں ایک پوشیدہ ایک اعلانیہ پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کا سبب دریافت فرمایا تو انہوں نے عرض کیا کہ اپنے آپ کو وعدہ الہیٰ کا حقدار بنانے کے لیے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لک زالک چنانچہ ان کی تائید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی ایک اور روایت کے مطابق بعض صحابہ نے جہاد کی نیت سے گھوڑے پالے تھے جن کی دن رات خدمت اور دیکھ بھال کرتے تھے چنانچہ ان کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی ایک روایت میں آیا ہے کہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے لشکر اسلام کو اس وقت سامان جہاد فراہم کیا جبکہ اس کی اشد ضرورت تھی چنانچہ ان کے حق میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر خازن تفسیر کبیر تفسیر خزائن العرفان تفسیر بیضاوی تفسیر مدارک تفسیر ابن عباس تفسیر روح المعانی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَذَرُوْا مَا بَقِيَ مِنَ الرِّبٰٓوا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۲۷۸﴾ فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا فَاْذَنُوْا بِحَرْبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۚ وَاِنْ تُبْتُمْ فَلَكُمْ رُءُوْسُ اَمْوَالِكُمْ ۚ لَا تَظْلِمُوْنَ وَلَا تُظْلَمُوْنَ ﴿۲۷۹﴾

(پارہ 3۔ سورۃ البقرہ آیت نمبر 278-79)

ترجمہ کنزالایمان: اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور چھوڑ دو جو باقی رہ گیا ہے سود اگر مسلمان ہو پھر اگر ایسا نہ کرو (سود کو نہ چھوڑو) تو یقین کرلو (خوب جان لو) اللہ اور اللہ کے رسول

Marfat.com

سے لڑائی کا اور اگر تم توبہ کرو تو اپنا اصل مال (جو بطورِ قرض دیا تھا) لے لو نہ تم کسی کو نقصان پہنچاؤ نہ تمہیں نقصان ہو۔

سود کی حرمت

اس آیت کریمہ کے چند شان نزول روایت کیے گئے ہیں:

کفار مکہ کے پاس سود کا بہت رواج تھا پھر جب ان کفار نے فتح مکہ کے دن اسلام قبول کیا اور سود کی حرمت کے متعلق احکام سنے تو ان کی یہ خواہش ہوئی کہ آئندہ تو سود سے بچیں گے مگر جو پچھلا ہے کم از کم وہ تو وصول کر ہی لیں چنانچہ تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

ایک دوسری روایت کے مطابق قبیلہ بنی ثقیف کے چار بھائی تھے جو بنی مغیرہ کو سود پر قرض دیا کرتے تھے جب طائف کی فتح کے بعد یہ چاروں بھائی مسلمان ہو گئے تو انہوں نے بنی مغیرہ سے اپنا پچھلا سود مانگا تو انہوں نے کہا خدا کی قسم ہم ہرگز نہ رہیں گے کیونکہ اسلام میں سود حرام ہو چکا ہے چنانچہ یہ مقدمہ حضرت عتاب ابن اسید کے پاس پیش ہوا تو حضرت عتاب رضی اللہ عنہ نے حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ واقعہ لکھ کر روانہ کیا تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی ایک اور روایت میں آیا ہے کہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ و حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے سود کی حرمت نازل ہونے سے قبل کچھ کھجوریں سود پر قرض دی تھیں جب مقروض نے اپنے باغ کے پھل توڑے تو انہوں نے کچھ لے لیے اور کچھ باقی رہے چنانچہ یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

ایک اور روایت میں ہے کہ حضرت عباس اور حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہما شرکت میں تجارت کرتے تھے اور سود کا لین دین بھی کیا کرتے تھے ان حضرات کا مقروض پر بہت مال تھا چنانچہ ان کے بارے میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر کبیر تفسیر خازن تفسیر روح المعانی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَاِنْ كَانَ ذُوْ عُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ اِلٰى مَيْسَرَةٍ ؕ وَاَنْ تَصَدَّقُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝٢٨٠ وَاتَّقُوْا يَوْمًا تُرْجَعُوْنَ فِيْهِ اِلَى اللّٰهِ ۫ ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝٢٨١ (پارہ 3۔ سورۃ البقرہ آیت نمبر 280-81)

ترجمہ کنزالایمان: اور اگر قرض دار تنگی والا ہے تو اسے مہلت دو آسانی تک، اور قرض اس پر بالکل چھوڑ دینا (معاف کر دینا) تمہارے لئے اور بھلا ہے اگر جانو اور ڈرو اس دن سے

Marfat.com

جس میں اللہ کی طرف پھرو (اس کی بارگاہ میں حاضر ہو) گے، اور ہر جان کو اس کی کمائی (اعمال کی جزا) پوری بھر دی جائے گی (پورا بدلہ دیا جائے گا) اور ان پر ظلم نہ ہوگا۔

قرض دار کو مہلت

جب پچھلی آیت نازل ہوئی اور سود کی ممانعت آ گئی تو ان چاروں بھائیوں نے جن کا تعلق بنو ثقیف سے تھا کہا کہ ہم اللہ عزوجل اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جنگ کی طاقت نہیں رکھتے ہم سود لینے سے توبہ کرتے ہیں البتہ صرف اپنا اصل قرض ہی لیں گے چنانچہ پھر وہ بنی مغیرہ کے پاس گئے اور بولے کے ہم نے سب سود معاف کیا البتہ ہمارا اصل قرض ہمیں ادا کردو جس پر انہوں نے تنگدستی کا عذر کیا اور کہا کہ ہمیں کچھ مہلت دو آمدنی ہوتے ہی سب سے پہلے تمھارا قرض اتاریں گے لیکن ان ثقفی بھائیوں نے انکار کر دیا اور فوراً ادائیگی کا مطالبہ کیا تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر کبیر تفسیر روح المعانی تفسیر احمدی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا تَدَايَنْتُمْ بِدَيْنٍ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى فَاكْتُبُوْهُ ؕ وَلْيَكْتُبْ بَّيْنَكُمْ كَاتِبٌۢ بِالْعَدْلِ ۪ وَلَا يَاْبَ كَاتِبٌ اَنْ يَّكْتُبَ كَمَا عَلَّمَهُ اللّٰهُ فَلْيَكْتُبْ ۚ

(پارہ 3۔ سورۃ البقرہ آیت نمبر 282)

ترجمہ کنزالایمان: اے ایمان والو! جب تم ایک مقرر مدت تک کسی دین (ادھار) کا لین دین کرو تو اسے لکھ لو اور چاہئے کہ تمہارے درمیان کوئی لکھنے والا ٹھیک ٹھیک لکھے اور لکھنے والا لکھنے سے انکار نہ کرے جیسا کہ اسے اللہ نے سکھایا ہے تو اسے لکھ دینا چاہئے۔

معاہدہ نامہ

حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ یہ آیت کریمہ بیع سلم کے بارے میں نازل ہوئی کہ جب حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مدینہ منورہ تشریف آوری ہوئی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مدینے والوں کو پھولوں میں بیع سلم کرتے ملاحظہ فرمایا کہ دو دو تین تین سال پہلے غلہ کی خرید و فروخت کرتے تھے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس بیع کو جائز رکھا مگر ساتھ ہی اس بات کا پابند کیا کہ معیاد اور وزن پہلے سے طے کر لیا جائے۔

(تفسیر درمنثور)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ اَشْهِدُوْٓا اِذَا تَبَايَعْتُمْ ۪ وَ لَا يُضَآرَّ كَاتِبٌ وَّ لَا شَهِيْدٌ ؕ وَ اِنْ تَفْعَلُوْا فَاِنَّهٗ فُسُوْقٌۢ بِكُمْ ؕ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ ؕ وَ يُعَلِّمُكُمُ اللّٰهُ ؕ وَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۲۸۲﴾

(پارہ3۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 282)

ترجمہ کنزالایمان: اور جب خرید وفروخت کرو تو گواہ کرلو اور نہ کسی لکھنے والے کو ضرر دیا جائے، نہ گواہ کو (یا، نہ لکھنے والا نقصان پہنچائے نہ گواہ) اور جو تم ایسا کرو تو یہ تمہارا فسق (گناہ) ہوگا، اور اللہ سے ڈرو اور اللہ تمہیں سکھاتا ہے، (دنیوی قوانین) اور اللہ سب کچھ جانتا ہے۔

دستاویز کا حکم

جب آیت کریمہ ولا یاب کاتب نازل ہوئی تو بعض لوگ معاملہ کرتے وقت کاتب کے پاس آکر دستاویز لکھوانے کی خواہش کرتے تو کاتب ٹال دیتا اور کہتا کہ میں اس وقت مصروف ہوں تم کسی اور کاتب سے لکھوالو جب یہ لوگ اس سے کہتے کہ دستاویز لکھنا تو حکم الہیٰ ہے پھر تم کیوں اس سے بچتے ہو اور انکار کرتے ہو یہاں تک کہ پھر وہ لوگ اس کاتب سے دستاویز لکھوا کر ہی دم لیتے جس سے کاتب سخت دشواری میں آگئے تب یہ جملہ ولا یضار الخ نازل ہوئی۔ (تفسیر درمنثور وتفسیر روح المعانی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَ الْمُؤْمِنُوْنَ ؕ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَ مَلٰٓئِكَتِهٖ وَ كُتُبِهٖ وَ رُسُلِهٖ ۫ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۫ وَ قَالُوْا سَمِعْنَا وَ اَطَعْنَا ۫ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَ اِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ﴿۲۸۵﴾ (پارہ3۔سورۃ البقرہ آیت نمبر 285)

ترجمہ کنزالایمان: رسول ایمان لایا اس پر جو اس کے رب کے پاس سے اس پر اترا اور ایمان والے سب نے مانا اللہ اور اس کے فرشتوں اور اس کی کتابوں اور اس کے رسولوں کو یہ کہتے ہوئے کہ ہم اس کے کسی رسول پر ایمان لانے میں فرق نہیں کرتے (کہ بعض کو مانیں اور بعض کو نہیں) اور عرض کی کہ ہم نے سنا (یقین کیا) اور مانا (بخوشی تیری اطاعت کریں گے) تیری معافی (مغفرت عطا) ہو اے رب ہمارے اور تیری ہی طرف پھرنا (لوٹنا) ہے۔

Marfat.com

صحابہ کی تعریف

جب آیت کریمہ وَ اِنْ تُبْدُوْا مَا فِیْ اَنْفُسِکُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ یُحَاسِبْکُمْ بِهِ اللّٰهُ فَیَغْفِرُ لِمَنْ یَّشَآءُ وَ یُعَذِّبُ مَنْ یَّشَآءُ وَ اللّٰهُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ نازل ہوئی تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہ کی ایک جماعت بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئی کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم تمام احکام کی اطاعت پر راضی ہیں اور ہم مطیع وفرمانبردار رہیں گئے لیکن ہمارے دل میں وسوسوں اور خطرات سے گھرے ہیں ان پر گرفت ہوگئی تو نجات کیسے ممکن ہے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ کیا تم بنی اسرئیل کی طرح کہنا چاہتے ہو کہ ہم نے سن تو لیا مگر مانیں گے نہیں تب حضرات صحابہ رضی اللہ عنہ معذرت کرنے لگے اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی جس میں ان حضرات صحابہ کی مطیع وفرمانبردار اور سچے مسلمان ہونے کی خبر دی گئی۔ (تفسیر خازن وتفسیر درمنثور)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لَا یُکَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ؕ لَهَا مَا کَسَبَتْ وَ عَلَیْهَا مَا اکْتَسَبَتْ ؕ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِیْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَ لَا تَحْمِلْ عَلَیْنَآ اِصْرًا کَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَی الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ (پارہ 3۔ سورۃ البقرہ آیت نمبر 286)

ترجمہ کنزالایمان: اللہ کسی جان پر بوجھ نہیں ڈالتا مگر اس کی طاقت بھر (طاقت کے مطابق)، اس کا فائدہ ہے جو اچھا کمایا (نیک عمل کیے) اور اسکا نقصان ہے جو برائی کمائی (بداعمال کیے) اے رب ہمارے! ہمیں نہ پکڑ اگر ہم بھولیں (تیرا حکم ماننے میں کوتاہی ہو) یا چوکیں (بلاارادہ گناہ کر بیٹھیں) اے رب ہمارے! اور ہم پر بھاری بوجھ نہ رکھ (سخت احکام و سزاؤں کا) جیسا تو نے ہم سے اگلوں (پہلی امتوں یہود و نصاریٰ) پر رکھا تھا۔

وسوسوں پر گرفت نہیں

جب آیت کریمہ وان تبدوا الخ نازل ہوئی تو حضرات صحابہ رضی اللہ عنہ کی ایک جماعت بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئی کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم نماز روزہ حج زکوٰۃ وغیرہ ظاہری احکام پر تو عمل پیرا ہیں مگر ہمارے دلی خطرات ہمارے اختیار میں نہیں اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر روح البیان تفسیر درمنثور تفسیر خازن)

Marfat.com

سورۃ آل عمران

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الٓمّٓ ﴿۱﴾ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ﴿۲﴾ نَزَّلَ عَلَیْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَیْنَ یَدَیْهِ وَ اَنْزَلَ التَّوْرٰىةَ وَ الْاِنْجِیْلَ ﴿۳﴾ مِنْ قَبْلُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَ اَنْزَلَ الْفُرْقَانَ ؕ (پارہ3۔سورۃ آل عمران آیت نمبر 2-3)

ترجمہ کنزالایمان: اللہ ہے جس کے سوا کسی کی پوجا نہیں آپ زندہ اوروں (تمام جہاں) کا قائم رکھنے والا، اس نے تم پر یہ سچی کتاب اتاری اگلی (پہلے نازل شدہ) کتابوں کی تصدیق فرماتی اور اس نے اس سے پہلے توریت اور انجیل اتاری، لوگوں کو راہ دکھاتی (ہدایت کے لیے) اور فیصلہ (حق و باطل میں فرق کرنے والا) اتارا۔

الوہیت کا تقاضا

ایک مرتبہ نجران کے عیسائیوں کی ایک جماعت بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہوئی جس میں تین اس قوم کے بڑے پیشوا تھے ایک کا نام عبدالمسیح لقب عاقب تھا۔

یہ اپنی قوم کا سردار تھا جس کی رائے کے بغیر عیسائی کوئی کام نہیں کرتے تھے دوسرے کا نام ایہم تھا یہ اپنی قوم کا افسر مال تھا جس کے ذمہ ساری قوم کی خوردنوش اور رسد کا انتظام تھا تیسرے کا نام ابو حارثہ ابن علقمہ تھا جو نصاریٰ کے تمام علماء پادریوں کا بڑا پیشوا تھا روم کے بادشاہ اس کے علم اور دینی عظمت کی وجہ سے ان کا بڑا ادب واحترام کرتے تھے اور اس کے لیے جائیدادیں زمینیں وقف کی تھیں اور کینسے بنائے تھے یہ ہی اس جماعت کا سردار اعظم تھا جب یہ لوگ نجران سے چلے تو ابو حارثہ خچر پر سوار ہوا اور اس کا بھائی کرز ابن علقمہ اس کے ساتھ تھا اچانک ابو حارثہ کا خچر پھسلا کرز نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام لے کر کہا کہ وہ ہلاک ہوں کیونکہ اس زمانے میں پھسلتے وقت دشمنوں کو بددعا دیا کرتے تھے ابو حارثہ نے کہا کہ خبردار وہ کیوں ہلاک ہوں تو ہلاک ہو کرز نے کہا کیوں؟ ابو حارثہ نے کہا کہ وہ سچے نبی ہیں یہ وہ ہی آخر الزمان پیغمبر ہیں جن کا اب تک انتظار تھا کرز نے کہا کہ تم ان پر ایمان کیوں نہیں لاتے ابو حارثہ بولا کہ ہمارے بادشاہوں نے ہمیں بہت جائداد دے رکھی ہے اگر ان پر ایمان لے آئیں تو سب کچھ چھن جائے گا یہ بات کرز کے دل میں بیٹھ گئی آخر کار کچھ عرصہ بعد کرز نے اپنے پچیس ساتھیوں کے ساتھ مسلمان ہو گئے خیر یہ لوگ سفر کر کے مدینہ منورہ پہنچے جب مسجد نبوی میں حاضر ہوئے تو عصر کی

Marfat.com

نماز کا وقت تھا یہ لوگ عمدہ اور قیمتی پوشاکیں پہن کر بڑے شان وشوکت سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مناظرہ کرنے آئے تھے صحابہ کرام فرماتے ہیں کہ ہم نے آج تک ایسی شان وشکوہ والی جماعت نہ دیکھی تھی انھیں مسجد نبوی میں اتارا گیا جب ان کی نماز کا وقت آیا تو انہوں نے وہاں ہی نماز شروع کر دی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا انہیں اپنی نماز پڑھ لینے دو چنانچہ انہوں نے مشرق کی طرف نماز پڑھی (خازن و روح البیان وغیرہ) پھر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے فرمایا کہ تم ایمان لاؤ وہ بولے کہ ہم تو آپ سے پہلے ایمان لا چکے ہیں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم جھوٹے ہو تمہیں اسلام لانے سے چند باتیں روکتی ہیں تم عیسیٰ علیہ السلام کو خدا کا بیٹا مانتے ہو خنزیر کھاتے ہو وغیرہ وغیرہ ان میں سے کوئی بولا کہ واقعی وہ خدا کے بیٹے تھے ورنہ بتاؤ ان کے باپ کون ہیں؟ بعض نے کہا کہ وہ تیسرے خدا تھے دیکھو قرآن شریف میں بھی خلقنا انزلنا وغیرہ جمع کے صیغے فرمائے گئے ہیں اور جمع کم از کم تین پر بولی جاتی ہے اگر خدا ایک ہوتا تو ہر جگہ واحد کا صیغہ ہی ہوتا بعض بولے کہ نہیں ان میں خدائی اثر ایسے حلول کئے ہوئے تھے جیسے پھول سے رنگ و بو کیونکہ ان میں خدائی کے کام ظاہر ہوئے انہوں نے مردے زندہ کئے انہوں نے اندھوں اور کوڑھوں کو اچھا کیا انہوں نے مٹی سے پرندے بنا کر ان میں روح پھونک دی یہ کام وہی کر سکتا ہے جس میں خدائی ہو حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تم تو جانتے ہو کہ بیٹا باپ کے مشابہ ہوتا ہے وہ بولے ہاں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ ہمارا رب حی لا یموت ہے اس کیلئے موت ناممکن اور عیسیٰ علیہ السلام پر موت آنے والی ہے انہوں نے کہا ہاں پھر فرمایا کہ رب بندوں کا حقیقی کارساز محافظ اور روزی دینے والا ہے وہ بولے ہاں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کیا حضرت عیسیٰ علیہ السلام بھی ایسے ہیں انہوں نے کہا نہیں پھر فرمایا کہ تم جانتے ہو کہ اللہ تعالیٰ پر آسمان وزمیں کی کوئی چیز پوشیدہ نہیں انہوں نے اقرار کیا تو فرمایا کیا عیسیٰ علیہ السلام بھی بغیر تعلیم الٰہی کچھ جان سکتے ہیں وہ بولے نہیں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تم جانتے ہو کہ عیسیٰ علیہ السلام حمل میں رہے پیدا ہونے والے کی طرح پیدا ہوئے بچوں کی طرح کھاتے پیتے تھے انسانی عوارضات بھی رکھتے تھے انہوں نے اقرار کیا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا پھر وہ الٰہ کیسے ہیں اس پر وہ سارے خاموش ہو گئے تب سورۃ آل عمران کی کچھ اور اسی (۸۰) آیتیں نازل ہوئیں۔ (تفسیر کبیر تفسیر خازن تفسیر خزائن العرفان وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

هُوَ الَّذِیْٓ اَنْزَلَ عَلَیْكَ الْكِتٰبَ مِنْهُ اٰیٰتٌ مُّحْكَمٰتٌ هُنَّ اُمُّ الْكِتٰبِ وَ اُخَرُ مُتَشٰبِهٰتٌ ؕ فَاَمَّا الَّذِیْنَ فِیْ قُلُوْبِهِمْ زَیْغٌ فَیَتَّبِعُوْنَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَآءَ

Marfat.com

الْفِتْنَةِ وَابْتِغَآءَ تَاْوِيْلِهٖ ۚ وَمَا يَعْلَمُ تَاْوِيْلَهٗٓ اِلَّا اللّٰهُ ۘ وَالرّٰسِخُوْنَ فِي الْعِلْمِ يَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِهٖ ۙ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ رَبِّنَا ۚ وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّآ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝

(پارہ 3۔سورۃ آل عمران آیت نمبر 7)

ترجمہ کنزالایمان: وہی ہے جس نے تم پر یہ کتاب اتاری اس کی کچھ آیتیں صاف معنی رکھتی ہیں (جس میں بالکل شبہ نہیں) وہ کتاب کی اصل ہیں اور دوسری وہ ہیں جن کے معنی میں اشتباہ ہے (جس کے معنی و مقصود واضح نہیں) وہ جن کے دلوں میں کجی ہے (ٹیڑھا پن) وہ اشتباہ والی کے پیچھے پڑتے ہیں (واضح آیات کو چھوڑ کر) گمراہی چاہنے (گمراہ کرنے) اور اس کا (غلط) پہلو ڈھونڈنے کو اور اس کا ٹھیک پہلو (صحیح معنی) اللہ ہی کو معلوم ہے اور (کامل) پختہ علم والے کہتے ہیں ہم اس پر ایمان لائے سب ہمارے رب کے پاس سے ہے اور نصیحت نہیں مانتے مگر عقل والے۔

دلوں کا ٹیڑھا پن

اس آیت کریمہ کے نزول کی چند روایات ہیں ایک یہ کہ ایک مرتبہ نجران کے عیسائی نبی آخری الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دلائل سن کر عرض گزار ہوئے کہ آپ کے قرآن نے بھی عیسیٰ علیہ السلام کو کلمۃ اللہ اور روح اللہ فرمایا ہے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہاں تو وہ بولے بس پھر تو ہمارا دعویٰ سچا ثابت ہوا کہ عیسیٰ علیہ السلام اللہ کے بیٹے ہیں تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

دوسری روایت کہ مطابق ایک بار یہود کا سردار ابو یاسر ابن اخطب اپنی یہود جماعت کے ساتھ حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مجلس پاک کے پاس سے گزرا اس وقت حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سورۃ بقرہ کی آیات الم ذالک الکتاب الخ تلاوت فرما رہے تھے ابو یاسر اپنے بھائی حیی ابن اخطب کے پاس آیا اور یہی آیت پڑھ کر سنائی پھر ایک جماعت کو لے کر حاضر خدمت ہوا اور کہنے لگا کہ ہم جس دین کی عمر اکہتر برس ہی ہو ہم اس دین کی پیروی کیسے کریں نبی کریم رؤف ورحیم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تم یہ بات کیسے کہتے ہو تو بولا کہ کہ آپ کی یہ آیت نازل ہوئی الف کا عدد ایک لام کے تیس اور میم ۔کے عدد چالیس کل اکہتر عدد ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دین کی عمر اکہتر سال ہوئی تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا وہ بولا اب تو معاملہ آگے بڑھ گیا کہ یہ تو ایک سو اکسٹھ ہو گئے پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا المص ،المر، وہ بولا اب تو بات اور مزید آگے بڑھ گئی کہ اب تو دو سو اکہتر عدد ہو گئے ہمیں نہیں جانتے کہ کسے مانیں کیسے نہ مانیں تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

Marfat.com

ایک اور روایت کے مطابق عیسائیوں کا کہنا تھا کہ رب فرماتا ہے نحن خلقنا کم (واقعہ ۵۶) نخن قدرنا یعنی ہم جمع کا صیغہ ہے اور جمع کم از کم تین کے لیے آتی ہے تو معلوم ہوا کہ خدا تین ہیں تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر روح المعانی در منثور ابن جریر تفسیر احمدی تفسیر خازن)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَتُغْلَبُوْنَ وَ تُحْشَرُوْنَ اِلٰى جَهَنَّمَ ؕ وَ بِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۱۲﴾ قَدْ كَانَ لَكُمْ اٰيَةٌ فِيْ فِئَتَيْنِ الْتَقَتَا ؕ فِئَةٌ تُقَاتِلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ اُخْرٰى كَافِرَةٌ يَّرَوْنَهُمْ مِّثْلَيْهِمْ رَاْیَ الْعَيْنِ ؕ وَ اللّٰهُ يُؤَيِّدُ بِنَصْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّاُولِي الْاَبْصَارِ ﴿۱۳﴾ (پارہ3۔سورۃ آل عمران آیت نمبر 12-13)

ترجمہ کنزالایمان: فرمادو، کافروں سے کوئی دم جاتا ہے (عنقریب) کہ تم (مسلمانوں سے) مغلوب ہوگے اور دوزخ کی طرف ہانکے جاؤ گے اور وہ بہت ہی برا بچھونا (ٹھکانا)، بیشک تمہارے لئے نشانی تھی دو گروہوں میں جو آپس میں بھڑ پڑے، ایک جتھا (گروہ مسلمان) اللہ کی راہ میں لڑتا اور دوسرا کافر کہ انہیں آنکھوں دیکھا اپنے سے دونا سمجھیں (مسلمان دگنی تعداد میں نظر آتے)، اور اللہ اپنی مدد سے زور (قوت) دیتا ہے جسے چاہتا ہے بیشک اس میں عقلمندوں کے لئے ضرور دیکھ کر سیکھنا (نصیحت حاصل کرنا) ہے۔

کفار کو ذلت آمیز شکست

ایک روایت کے مطابق جب جنگ بدر میں کفار کو ذلت آمیز شکست سے دوچار ہونا پڑا اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینہ منورہ واپس تشریف لائے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہود مدینہ کو جمع کر کے ان سے ارشاد فرمایا کہ اللہ سے ڈرو اور ایسی ذلت و مصیبت اٹھانے سے پہلے ہی اسلام کے دامن میں آجاؤ جیسی ذلت و مصیبت جنگ بدر میں کفار کو پیش آئی۔

جبکہ تم یہ بات بخوبی جانتے ہو اور اپنی کتابوں میں پڑھ چکے ہو کہ میں سچا نبی ہوں اس پر یہود بولے کہ کفار قریش کا حال تو یہ تھا کہ جنگی مہارت نہ رکھتے تھے اگر ہمیں جنگ کی صورت پیش آئی تو پتہ چل جائیگا کہ ہم فن جنگ میں کتنے ماہر ہیں اور جنگ میں لڑنے والے کیسے ہوتے ہیں تو اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

ایک اور روایت کے مطابق جب یہود مدینہ کو جنگ بدر میں کفار قریش کی ذلت آمیز شکست کی خبر ہوئی تو

Marfat.com

وہ آپس میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے متعلق کہنے لگے کہ وہ اللہ کے سچے ہیں اور ان کا ہی ذکر ہم نے ہماری کتاب توریت میں کیا گیا ہے چنانچہ ہمیں ان کی پیروی کرنا چاہیے ان میں سے بعض کہنے لگے کہ ابھی کوئی فیصلہ کرنے میں جلدی نہ کرو یہ شکست و فتح اتفاقی بھی ہوسکتی ہے ابھی اور جنگوں میں دیکھو کہ کیا ہوتا ہے پھر جب جنگ احد میں مسلمانو کو بظاہر شکست سے دوچار ہونا پڑا تو یہود کی ہمتیں اور بڑھیں یہاں تک کہ انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کئے گئے معائدے کو توڑ ڈالا پھر ان کا سردار کعب بن اشرف اپنی جماعت کے ساتھ کفار قریش کے پاس پہنچا اور انہیں یہ رائے دی کہ تم باہر سے مسلمانوں پر حملہ کرو ہم مدینہ سے ان پر حملہ کرتے ہیں تو مسلمان ہمارے بیچ پس کر رہ جائیں گے اس پر کفار مکہ بولے کہ تم تو اہل کتاب ہو اگر تم عین وقت پر مسلمانوں سے جا ملے تو ہم کہاں جائیں گے تو کعب بولا کہ ہم یقین دلاتے ہیں کہ ایسا ہرگز نہیں کرینگے چنانچہ کفار مکہ نے اس سے کہا کہ اگر تم ہمارے بتوں لات و منات کے سر پر ہاتھ رکھ کر قسم کھالو تو ہم تمھارا یقین کر لینگے لہٰذا کعب نے کفار کی بات مانتے ہوئے ایسا ہی کیا اور کہا کہ دین اسلام ہم دونوں کی راہ میں رکاوٹ ہے پہلے اسے اپنے راستے سے ہٹالیں پھر ہم آپس میں لڑیں یا نہ لڑیں دیکھا جائے گا چنانچہ اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر خزئن العرفان تفسیر خازن)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًۢا بِالْقِسْطِ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ (پارہ3۔سورۃ آل عمران آیت نمبر 18)

ترجمہ کنزالایمان: اور اللہ نے گواہی دی کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں اور فرشتوں نے اور عالموں نے انصاف سے قائم ہوکر (انصاف کے ساتھ) اس کے سوا کسی کی عبادت نہیں عزت والا حکمت والا۔

سب سے بڑی گواہی

روایت کے مطابق شام کے یہودی علماء میں سے دو جب مدینے منورہ آئے اور انہوں نے مدینہ منورہ کو دیکھا تو آپس میں کہنے لگے کہ نبی آخری الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے شہر مبارک کی جو صفت کتاب میں موجود ہے وہ اس شہر میں پائی جاتی ہے پھر جب بارگاہ نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چہرہ مبارک سراپا اقدس اور اخلاق کریمانہ کو دیکھا تو توریت کے مطابق پایا اور نبی آخری الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پہچان لیا کہ آپ ہی نبی

Marfat.com

آخری الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں پھر عرض گزار ہوئے کہ آپ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہاں میں ہی ہوں پھر عرض کیا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم احمد ہیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہاں میں ہی ہوں پھر عرض گزار ہوئے ہم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ایک سوال کرتے ہیں اگر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کا صحیح جواب دے دیا تو ہم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لے آئیں گے کہ آپ ہی نبی آخری الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرمایئے کہ اللہ تعالیٰ کی کتاب میں سب سے بڑی گواہی کون سی ہے تو اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی جسے سن کر دونوں یہودی عالم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لے آئے اور مسلمان ہو گئے۔ (تفسیر نعیمی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّ الدِّیْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ ۗ وَ مَا اخْتَلَفَ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْیًۢا بَیْنَهُمْ ؕ وَ مَنْ یَّكْفُرْ بِاٰیٰتِ اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ سَرِیْعُ الْحِسَابِ ○ (پارہ 3۔ سورۃ آل عمران آیت نمبر 19)

ترجمہ کنزالایمان: بیشک اللہ کے یہاں (نزدیک) اسلام ہی دین ہے اور پھوٹ (اختلافات) میں نہ پڑے کتابی مگر (بعد) اس کے کہ انہیں علم آ چکا اپنے دلوں کی جلن (حسد) سے اور جو اللہ کی آیتوں کا منکر ہو تو بیشک اللہ جلد حساب لینے والا ہے۔

اللہ کے نزدیک اسلام ہی دین ہے

ایک روایت کے مطابق یہود اور عیسائیوں نے اپنے دین کا نام اسلام سے بدل کر یہودیت و نصرانیت رکھ لیا یہود ان کے خدا کا نام تھا اور ناصرہ عیسائیوں کے وطن کا نام تھا غرض یہ کہ جب یہود اور عیسائیوں نے نبی آخر الزماں کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نبوت کا انکار کر کے اپنے اپنے دین کے نام بدل دیے تو یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

ایک دوسری روایت کے مطابق یہود و نصاریٰ دونوں کا دعویٰ تھا کہ ہمارا دین عمدہ و اعلیٰ ہے چنانچہ یہ آیت کریمہ نازل ہوئی جس میں ان دونوں کے باطل دعوؤں کا رد کیا گیا۔ (تفسیر خزائن العرفان تفسیر روح المعانی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فَاِنْ حَآجُّوْكَ فَقُلْ اَسْلَمْتُ وَجْهِیَ لِلّٰهِ وَ مَنِ اتَّبَعَنِ ؕ وَ قُلْ لِّلَّذِیْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ وَ الْاُمِّیّٖنَ ءَاَسْلَمْتُمْ ؕ فَاِنْ اَسْلَمُوْا فَقَدِ اهْتَدَوْا ۚ وَ اِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَیْكَ

Marfat.com

الْبَلٰغُ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿۲۰﴾ (پارہ3۔سورۃ آل عمران آیت نمبر 20)

ترجمہ کنزالایمان: پھر اے محبوب! اگر وہ تم سے حجت (اسلام کے بارے میں کج بحثی) کریں تو فرمادو میں اپنا منہ (اپنی ذات) اللہ کے حضور (اس کی اطاعت میں) جھکائے (رب کے سپرد کر چکا) ہوں اور (وہ) جو میرے پیرو ہوئے اور کتابیوں اور اَن پڑھوں (عرب کے مشرکین) سے فرماؤ کیا تم نے گردن رکھی (اسلام لائے) پس اگر وہ گردن رکھیں (اسلام لے آئیں) جب تو راہ (ہدایت) پا گئے اور اگر منہ پھیریں (اسلام سے) تو تم پر تو (تمھارا کام تو) یہی حکم پہنچا دینا ہے اور اللہ بندوں کو دیکھ رہا ہے۔

اسلام کے متعلق کج بحثی

ایک روایت میں آیا ہے کہ جب یہود و نصاریٰ نے یہ آیت ان الدّین عنداللہ الاسلام (آل عمران ۱۹) سنی تو وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور عرض گزار ہوئے کے اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارا دین بھی اسلام ہے اور ہم اسی دین پر ہیں یہ یہودیت اور نصرانیت نام تو ہمارے نسب کے نام ہیں ہمارے دین کے نام نہیں ہمارا دینی کوئی اختلاف نہیں بلکہ آپس میں صرف نسبی اختلاف ہے اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يُدْعَوْنَ اِلٰى كِتٰبِ اللّٰهِ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ يَتَوَلّٰى فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ وَ هُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۲۳﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّاۤ اَيَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ ۪ وَّغَرَّهُمْ فِيْ دِيْنِهِمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۲۴﴾ فَكَيْفَ اِذَا جَمَعْنٰهُمْ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ۫ وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۲۵﴾ (پارہ3۔سورۃ آل عمران آیت نمبر 23-25)

ترجمہ کنزالایمان: کیا تم نے انہیں نہ دیکھا (غور نہیں کیا) جنہیں کتاب کا ایک حصہ ملا کتاب اللہ کی طرف بلائے جاتے ہیں کہ وہ ان کا فیصلہ (کتاب اللہ کے مطابق) کرے پھر ان میں کا ایک گروہ اس سے روگرداں ہو کر پھر جاتا ہے (اس کے حکم سے منہ پھیر لیتا ہے) یہ جرأت انہیں اس لئے ہوئی کہ وہ کہتے ہیں ہرگز ہمیں آگ نہ چھوئے گی مگر گنتی کے دنوں (تھوڑے ہی

Marfat.com

دن) اوران کے دین میں انہیں فریب دیا اس جھوٹ (جھوٹے عقیدوں) نے جو باندھتے تھے تو کیسی ہوگی جب ہم انہیں اکٹھا کریں گے اس دن (قیامت) کے لئے جس میں شک نہیں اور ہر جان کو اس کی کمائی (اعمال کا بدلہ) پوری بھر (پوری پوری) دی جائے گی اوران پر ظلم نہ ہوگا۔

یہود کا اعتراض

روایت میں آیا ہے کہ ایک مرتبہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہود کے مدرسے میں تشریف لے گئے اور یہود کو اسلام کی دعوت دی وہ بولے اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ کس دین پر ہیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ دین ابرھیمی پر وہ بولے مگر ابراھیم علیہ السلام تو دین یہودیت پر تھے پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہودیت کیوں اختیار نہیں کی جبکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا کہنا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دین ابراھیمی پر ہیں تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ توریت لاؤ ابھی معلوم ہو جائے گا مگر یہود اس پر رضا مند نہ ہوئے اور انکاری ہو گئے تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

دیگر روایات کے مطابق خیبر کے یہود میں سے کسی مالدار یہود اور یہودن نے زنا کیا تو توریت میں زنا کی سزا رجم مقرر تھی یعنی سنگسار کرنے کا حکم تھا مگر چونکہ یہ دونوں مال دار گھرانے سے تعلق رکھتے تھے لہٰذا یہود کو یہ بات ناگوار گزری اور اس کی سزا پر اعتراض ہوا انہوں نے چاہا کہ کسی طرح یہ دونوں اس سزا سے بچ جائیں چنانچہ یہ مقدمہ بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر کیا گیا کہ شائد آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رجم کی سزا نہ سنائیں غالباً انہوں نے قرآن پاک کا یہ حکم سن لیا ہوگا جس میں زانی اور زانیہ کو سو کوڑے مارنے کا حکم دیا گیا ہے انھیں یہ معلوم نہ تھا کہ یہ سزا کنوارے زانی کی ہے شادی شدہ کی نہیں شادی شدہ زانی کی سزا قرآن میں بھی رجم ہی مقرر کی گئی ہے چنانچہ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں یہ مقدمہ لے کر آئے تا کہ مجرم موت کی سزا سے بچ جائیں مگر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حکم قرآن انھیں رجم کی سزا ہی سنائی جس پر یہودی غصے میں بھر گئے اور کہنے لگے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ فیصلہ سنا کر ظلم کیا ہے زانی کی سزا یہ نہیں ہے چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ٹھیک ہے توریت لے آؤ جو اس میں ہوگا فیصلہ اسی پر ہوگا وہ بولے ٹھیک ہے چنانچہ توریت لائی گئی یہود کا ایک بڑا عالم دین صوریا توریت میں آیت رجم پر ہاتھ رکھ کر اس عبارت کو چھوڑ کر آگے اور پیچھے کی آیتیں پڑھنے لگا چنانچہ عبداللہ ابن سلام رضی اللہ عنہ جو پہلے یہود کے بڑے عالم دین تھے اور اب اسلام لا چکے تھے انہوں نے ابن صوریا کا ہاتھ ہٹا کر آیت رجم پڑھ دی اور بارگاہ اقدس میں عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ابن صوریا نے اس آیت کو چھپا لیا تھا اس پر یہود کو سخت ذلت کا سامنا کرنا پڑا اور دونوں یہودی زانی مرد اور عورت نبی

Marfat.com

کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حکم سے سنگسار کر دیئے گئے اور یہود سخت معترض اور ناراض ہوئے تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان تفسیر کبیر تفسیر خازن وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَ تَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَ تُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَ تُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ؕ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ؕ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۶﴾ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَ تُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَ تُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَ تُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَ تَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۲۷﴾

(پارہ 3۔ سورۃ آل عمران آیت نمبر 26-27)

ترجمہ کنزالایمان: یوں عرض کر، اے اللہ! ملک کے مالک تو جسے چاہے سلطنت دے اور جس سے چاہے چھین لے، اور جسے چاہے عزت دے اور جسے چاہے ذلت دے، ساری بھلائی تیرے ہی ہاتھ ہے، بیشک تو سب کچھ کر سکتا ہے تو دن کا حصہ رات میں ڈالے (دن کو رات میں داخل کرے) اور رات کا حصہ دن میں ڈالے (رات کو دن میں داخل کرے) اور مردہ سے زندہ نکالے اور زندہ سے مردہ نکالے اور جسے چاہے بے گنتی (بے حساب) دے۔

حضور دانائے غیوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی غیبی خبریں

غزوہ خندق کے موقع پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خندق کی کھدائی کا حکم فرمایا چنانچہ صحابہ کرام نے حکم کی تکمیل فرمائی اور کھدائی میں مصروف ہو گئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہر چالیس گز زمیں کے حصے پر دس صحابہ کو مقرر فرمایا چنانچہ زمیں کے جس حصے پر حضرت عمرو بن عوف حضرت سلمان فارسی حضرت حذیفہ ابن یمان اور دیگر چھ صحابی کھدائی کر رہے تھے وہاں زمیں میں ایک پتھر آ گیا اور کسی صورت میں نہ ٹوٹا چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں یہ معاملہ پیش کیا گیا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود کدال دست مبارک میں لی اور حضرت سلیمان فارسی رضی اللہ عنہ کے ساتھ خندق میں اتر گئے جیسے ہی اس پتھر پر ایک چوٹ ماری تو اس سے ایک تیز سفید روشنی نکلی سب نے تکبیر کہی نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا مجھے اس وقت خیرہ کے محل دکھائے گئے پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس پتھر پر دوسری چوٹ ماری تو پھر ویسی ہی روشنی نمودار ہوئی نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا مجھے شام کی زمین دکھائی گئی پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پتھر پر تیسری چوٹ ماری تو ویسی ہی چمک ظاہر ہوئی اور پتھر ٹوٹ گیا نبی

Marfat.com

کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ مجھ پر صنعاء کے محل ظاہر ہوئے اور جبرئیل نے خبر دی کہ میری اُمت کی ان سب پر سلطنت ہوگی مسلمانوں نے خوش ہو کر حمد کہی جس پر منافقین ہنسے اور آپس میں تمسخرانہ کہنے لگے کہ مسلمانوں کو دیکھو ان میں باہر نکل کر کنارے سے لڑنے کی طاقت و ہمت تو ہے نہیں جب ہی اپنے چھپنے کیلئے خندق کھود رہے ہیں اور خواب حیرہ اور کسریٰ کی سلطنت کے دیکھ رہے ہیں حیرہ اور صنعا جیسی مضبوط سلطنتوں پر قبضے کی امید لگائے بیٹھے ہیں تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

بعض روایات کے مطابق نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فتح مکہ کے موقعہ پر مسلمانوں کو ملک فارس و روم کو فتح کرنے کی جو شخبری سنائی تو منافقین طنزا کہنے لگے کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مکہ و مدینہ پر قناعت کرنے کے بجائے مزید فارس و روم کی طمع رکھتے ہیں کہاں یہ اور وہ بڑی بڑی مضبوط و محفوظ طاقتور سلطنتیں اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

دیگر روایات میں آیا ہے کہ یہود کا کہنا تھا کہ جنہوں نے نبوت کو بنی اسرئیل سے بنی اسمٰعیل میں منتقل کر دیا ہم ان کی ہم ان کی اطاعت ہرگز نہ کرینگے تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر کبیر تفسیر خازن تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لَا يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَلَيْسَ مِنَ اللّٰهِ فِيْ شَيْءٍ اِلَّآ اَنْ تَتَّقُوْا مِنْهُمْ تُقٰىةً ؕ وَيُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهٗ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ ﴿۲۸﴾ قُلْ اِنْ تُخْفُوْا مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ اَوْ تُبْدُوْهُ يَعْلَمْهُ اللّٰهُ ؕ وَيَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۹﴾

(پارہ 3۔ سورۃ آل عمران آیت نمبر 28-29)

ترجمہ کنزالایمان: مسلمان کافروں کو اپنا دوست نہ بنالیں مسلمانوں کے سوا اور جو ایسا کرے گا اسے اللہ سے کچھ علاقہ (تعلق) نہ رہا مگر یہ کہ تم ان سے کچھ ڈرو (کچھ خوف ہو) اور اللہ تمہیں اپنے غضب سے ڈراتا ہے اور اللہ ہی کی طرف پھرنا (لوٹنا) ہے، تم فرمادو کہ اگر تم اپنے جی کی بات (دل کے ارادے) چھپاؤ یا ظاہر کرو اللہ کو سب معلوم ہے، اور جانتا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے، اور ہر چیز پر اللہ کا قابو ہے۔

Marfat.com

کفار سے دوستی کی مذمت

روایت میں ہے حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ نے جنگ خندق کے موقعہ پر بارگاہ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پانچ سو یہودی میرے حلیف ہیں اگر آپ اجازت فرمائیں تو دشمن سے مقابلے کے لیے ان کی مدد لے لی جائے تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

بعض روایات کے مطابق حضرت حاطب ابن ابی بلیقہ رضی اللہ عنہ کبھی کبھی کفار مکہ سے محبت کا اظہار کیا کرتے تھے چنانچہ انھیں اس سے منع فرمایا گیا اور یہ آیت کریمہ نازل ہوئی دیگر روایات میں ہے عبداللہ بن منافق اور اس کے ساتھی یہود و مشرکین سے محبت رکھتے ان سے میل ملاپ رکھتے اور مسلمانوں کی خفیہ خبریں انھیں پہنچاتے چنانچہ ان کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن تفسیر خزئن العرفان تفسیر کبیر تفسیر روح المعانی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَ یَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ؕ وَ اللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۳۱﴾ قُلْ اَطِیْعُوا اللّٰهَ وَ الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّ اللّٰهَ لَا یُحِبُّ الْكٰفِرِیْنَ ﴿۳۲﴾ (پارہ 3۔ سورۃ آل عمران آیت نمبر 31-32)

ترجمہ کنزالایمان: اے محبوب تم فرمادو کہ لوگو اگر تم اللہ کو دوست رکھتے ہو تو میرے فرمانبردار ہو جاؤ، اللہ تمہیں دوست رکھے گا اور تمہارے گناہ بخش دے گا اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے، فرمادو کہ حکم مانو اللہ اور رسول کا پھر اگر وہ منہ پھیریں (اطاعت سے) تو اللہ کو خوش (پسند) نہیں آتے کافر۔

اسلام سے بے رخی

ایک مرتبہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا گزر قریش کی ایک جماعت پر سے ہوا انہوں نے وہاں اپنے بت گاڑے ہوئے تھے وہ اپنے ان بتوں کو سجاتے جاتے تھے اور ان کو سجدہ بھی کرتے جاتے تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے ارشاد فرمایا کہ اے جماعت قریش تم اپنے جد امجد ابرھیم علیہ السلام کے دین کی مخالفت میں لگے ہوئے ہو اور ان بتوں کو پوجتے ہو تو قریش بولے کہ ہم تو ان بتوں کو اس لئے پوجتے ہیں کہ ہمیں اللہ کے قریب کر دیں اور ہم ان کے ذریعے اللہ کا قرب پالیں چنانچہ یہ آیت کریمہ نازل ہوئی اور روایت میں آیا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کعب بن اشرف یہودی اور اس کے پیرکاروں کو اسلام کی دعوت دی تو وہ بولے ہم تو اللہ کے بیٹے اور اس

Marfat.com

کے پیارے ہیں ہمیں تمھاری پیروی اور تمھارے دین کی کیا حاجت ہے تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

بعض کے مطابق نجران کے عیسائی جب الوہیت مسیح کے مسئلہ میں دلائل سے عاجز آ گئے تو ناچار بولے کہ ہم تو عیسیٰ علیہ السلام میں یہ صفات اللہ کی محبت کے حاصل کرنے کیلئے ثابت کرتے ہیں تا کہ اس کے ذریعے ہمیں محبت الٰہی نصیب ہو جائے اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی

(تفسیر خازن تفسیر خزائن العرفان تفسیر کبیر تفسیر روح البیان وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰۤى اٰدَمَ وَ نُوْحًا وَّ اٰلَ اِبْرٰهِيْمَ وَ اٰلَ عِمْرٰنَ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۳۳﴾ ذُرِّيَّةًۢ بَعْضُهَا مِنْۢ بَعْضٍ ؕ وَ اللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۳۴﴾ (پارہ3۔سورۃ آل عمران آیت نمبر 33-34)

ترجمہ کنزالایمان: بیشک اللہ نے چن لیا آدم اور نوح اور ابراہیم کی آل اولاد اور عمران کی آل کو سارے جہاں سے یہ ایک نسل ہے ایک دوسرے سے (بعض ان کے بعض سے ہیں) اور اللہ سنتا جانتا ہے۔

قرآنی تردید

یہود کا کہنا تھا کہ ہم حضرت ابراہیم واسحٰق ویعقوب علیہم السلام کی اولاد میں سے ہیں اور ان ہی کے دین پر ہیں چنانچہ ان کے رد میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی بعض کے مطابق عیسائی عیسیٰ علیہ السلام کو خدا کا بیٹا یا خدا کہا کرتے تھے چنانچہ ان کی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر خازن تفسیر خزائن العرفان تفسیر روح المعانی تفسیر نعیمی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّ مَثَلَ عِيْسٰى عِنْدَ اللّٰهِ كَمَثَلِ اٰدَمَ ؕ خَلَقَهٗ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ قَالَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿۵۹﴾ اَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُنْ مِّنَ الْمُمْتَرِيْنَ ﴿۶۰﴾ فَمَنْ حَآجَّكَ فِيْهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ اَبْنَآءَنَا وَ اَبْنَآءَكُمْ وَ نِسَآءَنَا وَ نِسَآءَكُمْ وَ اَنْفُسَنَا وَ اَنْفُسَكُمْ ۟ ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَلْ لَّعْنَتَ اللّٰهِ عَلَى الْكٰذِبِيْنَ ﴿۶۱﴾

(پارہ3۔سورۃ آل عمران آیت نمبر 59-61)

Marfat.com

ترجمہ کنزالایمان: عیسیٰ کی کہاوت (مثال) اللہ کے نزدیک آدم کی طرح ہے اسے مٹی سے بنایا پھر فرمایا ہو جا وہ فوراً ہو جاتا ہے، اے سننے والے! یہ تیرے رب کی طرف سے حق ہے تو شک والوں میں نہ ہونا، پھر اے محبوب! جو تم سے عیسیٰ کے بارے میں حجت کریں (جھگڑیں) بعد اس کے کہ تمہیں علم آ چکا تو ان سے فرما دو آؤ ہم بلائیں اپنے بیٹے اور تمہارے بیٹے اور اپنی عورتیں اور تمہاری عورتیں اور اپنی جانیں اور تمہاری جانیں، پھر مباہلہ کریں تو جھوٹوں پر اللہ کی لعنت ڈالیں یہی۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی کہاوت

جب نجران کے عیسائیوں کا وفد بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہوا تو ان کے سردار عاقب اور عبدالمسیح نے خدمت اقدس میں عرض کی آپ اس بارے میں کیا فرماتے ہیں کہ عیسیٰ علیہ السلام اللہ کے بندے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ہاں وہ اللہ کے بندے اور اس کے رسول اس کا کلمہ ہیں جو کنواری مریم کی طرف رب تعالیٰ کی طرف سے القاء کئے گئے تھے یہ سن کر نجران کے وفد کے لوگ غصے میں بھر گئے اور معترض ہو کر کہنے لگے کیا آپ نے کسی ایسے بندے کو دیکھا ہے جو بغیر باپ کے پیدا ہوا ہو عیسیٰ علیہ السلام کا بن باپ کے پیدا ہونا ان کے ابن اللہ ہونے کی دلیل ہے چنانچہ اس وقت یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر خازن وتفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ تَعَالَوْا اِلٰى كَلِمَةٍ سَوَآءٍۭ بَيْنَنَا وَ بَيْنَكُمْ اَلَّا نَعْبُدَ اِلَّا اللّٰهَ وَ لَا نُشْرِكَ بِهٖ شَيْـًٔا وَّ لَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُوْلُوا اشْهَدُوْا بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ ﴿۶۴﴾ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تُحَآجُّوْنَ فِيْۤ اِبْرٰهِيْمَ وَ مَآ اُنْزِلَتِ التَّوْرٰىةُ وَ الْاِنْجِيْلُ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِهٖ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۵﴾

(پارہ 3۔ سورۃ آل عمران آیت نمبر 64-65)

ترجمہ کنزالایمان: تم فرماؤ، اے کتابیو! ایسے کلمہ (ایسی بات) کی طرف آؤ جو ہم میں تم میں یکساں ہے یہ کہ عبادت نہ کریں مگر خدا کی اور اس کا شریک کسی کو نہ کریں اور ہم میں کوئی ایک دوسرے کو رب نہ بنالے اللہ کے سوا پھر اگر وہ نہ مانیں تو کہہ دو تم گواہ رہو کہ ہم مسلمان ہیں،

Marfat.com

اے کتاب والو! ابراہیم کے باب میں کیوں جھگڑتے ہو توریت وانجیل تو نہ اتری مگر ان کے بعد (پھر ابراہیم عیسائی یا یہودی کیسے ہو گئے) تو کیا تمہیں عقل نہیں سنتے ہو۔

دینِ حنیف

جب نجران کے عیسائیوں اور مدینہ منورہ کے یہودیوں کا آپس میں مناظرہ ہوا عیسائیوں کا کہنا تھا کہ ابراھیم علیہ السلام عیسائی تھے اور یہودیوں کا دعویٰ تھا کہ ابراھیم علیہ السلام یہودی تھے چنانچہ جب جھگڑا طول پکڑ گیا تو دونوں فریق بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں اپنا مقدمہ لے کر حاضر خدمت ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فیصلہ چاہا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ تم دونوں کا ہی دعویٰ غلط ہے ابراھیم علیہ السلام نہ تو عیسائی تھے نہ یہودی بلکہ وہ تو دین حنیف پر تھے اور مسلمان تھے اور ہم ان کے ہی دین پر ہیں اگر تم ان کی پیروی چاہتے ہو تو اسلام قبول کر کے مسلمان ہو جاؤ تو یہود بولے کہ آپ یہ چاہتے ہیں کہ ہم آپ کو رب مان لیں جیسے عیسائی عیسیٰ علیہ السلام کو رب مانتے ہیں پھر عیسائی بولے آپ یہ چاہتے ہیں کہ ہم آپ کے متعلق ویسا ہی عقیدہ رکھیں جیسا یہود عزیر علیہ السلام کے لیے رکھتے ہیں چنانچہ اس موقع پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّ اَوْلَى النَّاسِ بِاِبْرٰهِيْمَ لَلَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ وَ هٰذَا النَّبِيُّ وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ وَ اللّٰهُ وَلِيُّ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۶۸﴾ (پارہ 3۔ سورۃ آل عمران آیت نمبر 68)

ترجمہ کنز الایمان: بیشک سب لوگوں سے ابراہیم کے زیادہ حق دار وہ تھے جو ان کے پیرو ہوئے (اتباع کرنے والے) اور یہ نبی اور ایمان والے اور ایمان والوں کا ولی اللہ ہے۔

نیک بخت بادشاہ

ایک مرتبہ سرداران یہود نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہنے لگے کہ اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ بخوبی جانتے ہیں کہ ہم ابرھیم علیہ السلام سے نہایت قرب رکھتے ہیں کیونکہ وہ بھی یہودی تھے ہم بھی یہودی ہیں اور آپ کا انکار محض حسد کے بناء پر ہے اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر روح المعانی)

ایک روایت میں آیا ہے کہ جب کفار مکہ کی ایذا رسائیوں کے سبب مسلمان ہجرت کر کے حبشہ کی طرف گئے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینہ منورہ تشریف لے گئے تو کفار قریش جلن اور حسد میں مبتلا ہو گئے کہ مسلمان ہجرت کر کے ہماری دسترس سے نکل گئے اور چین وسکون میں آ گئے چنانچہ انہوں نے فیصلہ کیا کہ کسی طرح حبشہ کے

Marfat.com

بادشاہ نجاشی کو مسلمانوں کے خلاف بھڑکائے تا کہ وہ مسلمانوں کو اپنے ملک میں رہنے کی اجازت نہ دے چنانچہ پہلے تو کفار نے بادشاہ کی طرف اپنا وفد بھیجا جس نے بادشاہ سے کہا کہ آپ نے جن لوگوں کو اپنے ملک میں رہنے کی اجازت دی ہے وہ سخت فتنہ پرور فسادی لوگ ہیں اور ان کے تکبر کا یہ حال ہے کہ وہ کبھی بھی آپ کو سجدہ نہ کرینگے یقین نہ آئے تو انہیں بلا کر دیکھ لیں لہٰذا آپ انھیں ہمارے حوالے کر دیں تا کہ ہم انہیں قتل کر دیں اور لوگوں کو ان کے فتنوں سے بچالیں۔

چنانچہ بادشاہ نے ان مہاجرین کو اپنے دربار میں بلایا جب یہ حضرات صحابہ دربار میں داخل ہوئے تو بغیر سجدہ کئے بادشاہ کے سامنے آ کھڑے ہوئے بادشاہ نے پوچھا کہ تم نے مجھے سجدہ کیوں نہ کیا تم میرے دربار کی توہین کے مرتکب ہوئے ہو تو حضرت جعفر ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ہمارے سر صرف اپنے خالق و مالک کے سامنے جھکتے ہیں اور اسی کو سجدہ کرتے ہیں جو آپ کو تخت و تاج عطا فرمانے والا ہے پھر نجاشی بادشاہ نے سوال کیا کہ قریش مکہ نے تم لوگوں کی شکایتیں بھیجی ہیں ان کے بارے میں کیا کہتے ہو تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہم غلام نہیں آزاد لوگ ہیں اور نہ ہی ہم کوئی جرم یا خون کر کے بھاگے ہیں ہاں ان کے نزدیک ہمارا جرم یہ ہے کہ ہم شرک و بت پرستی کے بجائے اللہ واحد تعالیٰ کو اپنا رب عزوجل ماننے والے ہیں نجاشی نے پوچھا تمھارا دین کیا ہے آپ رضی اللہ عنہ نے جواباً فرمایا کہ دین اسلام اور نبی آخری الزمان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعلیمات کا ذکر فرمایا پھر نجاشی نے کہا اچھا اپنا قرآن ہمیں بھی سناؤ چنانچہ آپ رضی اللہ عنہ نے سورۃ عنکبوت سورہ روم اور سورہ کہف کی تلاوت فرمائی جس سے سن کر نجاشی بادشاہ کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے کفار مکہ نے جب یہ منظر دیکھا تو نجاشی بادشاہ کو بھڑکانے کیلئے کہا کہ اے بادشاہ یہ لوگ آپ کے پیغمبر عیسیٰ علیہ السلام اور ان کی والدہ بی بی مریم کو برا بھلا کہتے ہیں نجاشی بادشاہ نے اس بابت حضرت جعفر رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا تو آپ رضی اللہ عنہ نے اس کے جواب میں سورہ مریم تلاوت فرمائی نجاشی اور ان کے تمام درباریوں پر وجد طاری ہو گیا اور زار و قطار رونے لگے نجاشی نے کہا کہ رب کی قسم حضرت مسیح علیہ السلام کی بھی یہی تعلیم تھی پھر کہا تم لوگ دین ابراھیمی پر ہو میرے ملک میں تمھارے لیے امن ہے اس کے بعد کفار قریش کو ان کے ہدیے واپس کر کے واپس مکہ بھیج دیا ادھر حبشہ میں یہ معاملہ ہوا اور ادھر مدینہ منورہ میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر خازن و تفسیر روح المعانی)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَدَّتْ طَّآىِٕفَةٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَوْ يُضِلُّوْنَكُمْ ؕ وَمَا يُضِلُّوْنَ اِلَّاۤ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۶۹﴾ (پارہ3۔سورۃ آل عمران آیت نمبر 69)

ترجمہ کنزالایمان: کتابیوں کا ایک گروہ دل سے چاہتا ہے کہ کسی طرح تمہیں گمراہ کردیں، (اسلام سے بھٹکادیں) اور وہ اپنے ہی آپ کو گمراہ کرتے ہیں (اپنی گمراہی بڑھاتے ہیں) اور انہیں شعور نہیں۔

باطل ترغیب

ایک مرتبہ یہود کے سرداروں نے حضرت عمار و حذیفہ اور ابن جبل رضی اللہ عنہ کو یہودیت کی دعوت دیتے ہوئے یہودی بن جانے کی رغبت دلائی تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر کبیر و تفسیر روح المعانی وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ قَالَتْ طَّآىِٕفَةٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اٰمِنُوْا بِالَّذِيْۤ اُنْزِلَ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَجْهَ النَّهَارِ وَ اكْفُرُوْۤا اٰخِرَهٗ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۷۲﴾ (پارہ3۔سورۃ آل عمران آیت نمبر 72)

ترجمہ کنزالایمان: اور کتابیوں کا ایک گروہ بولا وہ جو ایمان والوں پر اترا صبح کو اس پر ایمان لاؤ اور شام کو منکر ہو جاؤ شاید وہ پھر جائیں (اسلام چھوڑ دیں)۔

یہود کی سازش

خیبر کے علماء یہود نے باہم مشورہ کیا کسی طرح مسلمانوں کو دین اسلام سے بہکا دیا جائے اور دین اسلام سے متنفر کر دیا جائے چنانچہ انہوں نے یہ سازش تیار کی کہ یہود کی ایک جماعت صبح اسلام قبول کرے اور شام کو اسلام سے پھر جائے اور مرتد ہو جائے اور باقی مسلمانوں کو وسوسوں اور شکوک و شبہات میں مبتلا کرے اور ان سے کہے کہ ہم تو حق کے طالب ہیں اس لیے حق کی تلاش میں اسلام قبول کر بیٹھے مگر جب ہم نے اپنی کتابوں سے نبی آخری الزماں اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا موازنہ کیا تو انھیں اپنی کتاب سے ہٹ کر پایا یہ وہ پیغمبر نہیں جن کی صفات ہماری کتاب میں ذکر کی گئی ہے لہذٰا مسلمان ان کی پُرفریب باتوں سے دھوکا کھا جائیں اور یہ سوچنے پر مجبور ہو جائیں کہ یہ لوگ تو حق کے طلبگار ہیں۔

ضدی اور ہٹ دھرم نہیں اور یہ تو اہل کتاب علماء میں سے ہیں اور انہوں نے کوئی تو خرابی دین اسلام میں

Marfat.com

دیکھی ہوگی جو اسلام قبول کر کے پھر اسلام چھوڑ دیا چنانچہ اس موقعہ پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

ایک دوسری روایت کے مطابق جب کعبہ معظّمہ کو مسلمانوں کا قبلہ مقرر کیا گیا تو یہود کو بہت ناگوار گزرا چنانچہ یہود کا سردار کعب بن اشرف اور مالک بن سیف نے تحویل قبلہ سے متعلق وسوسوں اور شکوک شبہات میں مسلمانوں کو مبتلا کرنے کے لئے یہ سازش کی کہ صبح نماز مسلمانوں کے ساتھ کعبہ کی طرف رخ کر کے پڑھ لو اور شام کو اپنے قبلہ بیت المقدس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھ لو اور مسلمانوں کو بتا دو کہ ہم نے اپنی کتابوں میں قبلہ کی تبدیلی کا کوئی ذکر نہیں پایا لہٰذا ہم اس نئے قبلے کو نہیں مانتے حالانکہ حقیقت تو یہ تھی کہ ان کی کتابوں میں نبی آخر الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی یہ صفت موجود تھی کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم امام القبلتین ہونگے دو قبلوں کی طرف نماز پڑھیں گے اور پڑھائینگے مگر یہ حقیقت جانتے ہوئے بھی ان یہود نے جانتے بوجھتے یہ جھوٹ بولا اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر روح المعانی تفسیر خازن تفسیر کبیر وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَمِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مَنْ اِنْ تَاْمَنْهُ بِقِنْطَارٍ يُّؤَدِّهٖۤ اِلَيْكَ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ اِنْ تَاْمَنْهُ بِدِيْنَارٍ لَّا يُؤَدِّهٖۤ اِلَيْكَ اِلَّا مَا دُمْتَ عَلَيْهِ قَآئِمًا ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لَيْسَ عَلَيْنَا فِى الْاُمِّيّٖنَ سَبِيْلٌ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۷۵﴾ بَلٰى مَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ وَاتَّقٰى فَاِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۷۶﴾

(پارہ 3۔ سورۃ آل عمران آیت نمبر 75-76)

ترجمہ کنزالایمان: اور کتابیوں میں کوئی وہ ہے کہ اگر تو اس کے پاس ایک ڈھیر امانت رکھے تو وہ تجھے ادا کر دے گا اور ان میں کوئی وہ ہے کہ اگر ایک اشرفی اس کے پاس امانت رکھے تو وہ تجھے پھیر کر (واپس) نہ دے گا مگر جب تک تو اس کے سر پر کھڑا رہے (مطالبہ کرتا رہے) یہ اس لئے کہ وہ کہتے ہیں کہ اَن پڑھوں کے معاملہ میں ہم پر کوئی مؤاخذہ (پکڑ) نہیں اور اللہ پر جان بوجھ کر جھوٹ باندھتے (بولتے) ہیں ہاں کیوں نہیں جس نے اپنا عہد پورا کیا اور پرہیزگاری کی اور بیشک پرہیزگار اللہ کو خوش (پسند) آتے ہیں۔

یہودی کی بددیانتی

ایک قریشی نے عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کے پاس بطور امانت بارہ سو اوقیہ یعنی اڑتالیس ہزار دینار

Marfat.com

رکھوائے پھر جب اس نے کچھ عرصہ بعد اپنی رقم مانگی تو عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے بلا تامل وہ رقم اس کو واپس کردی یونہی ایک دوسرے شخص نے فخاص یہودی کے پاس ایک اشرفی بطور امانت رکھوائی پھر جب وہ اس سے اپنی اشرفی مانگنے گیا تو فخاص یہودی نے صاف انکار کردیا کہ مجھے کوئی اشرفی نہ دی تھی تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

ایک دوسری روایت کے مطابق ایک شخص نے زمانہ کفر میں ایک یہود کو قرض دیا پھر جب وہ شخص ایمان لاکر مسلمان ہوگیا تو اسلام لانے کے بعد یہودی کے پاس اپنا قرض مانگنے گیا تو یہودی نے قرض واپس کرنے سے انکار کردیا اور کہا کہ چونکہ تم ہمارے دین سے پھر گئے ہو اور بے دین ہوگئے ہو اس لیے میں تمھارا قرض اس وقت تک واپس نہیں کرونگا جب تک تم اسلام چھوڑ نہیں دیتے تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر کبیر تفسیر خازن)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّ الَّذِیْنَ یَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَ اَیْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِیْلًا اُولٰٓئِكَ لَا خَلَاقَ لَهُمْ فِی الْاٰخِرَةِ وَلَا یُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ وَ لَا یَنْظُرُ اِلَیْهِمْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ وَ لَا یُزَكِّیْهِمْ وَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ﴿۷۷﴾ (پارہ3۔سورۃ آل عمران آیت نمبر 77)

ترجمہ کنزالایمان: جو اللہ کے عہد اور اپنی قسموں کے بدلے ذلیل دام لیتے ہیں (اور جھوٹی قسمیں کھاتے ہیں) آخرت میں ان کا کچھ حصہ نہیں اور اللہ نہ ان سے بات کرے نہ ان کی طرف نظر (رحمت) فرمائے قیامت کے دن اور نہ انہیں پاک کرے، (کفر و گناہوں سے) اور ان کے لئے دردناک عذاب ہے۔

جھوٹی قسموں کا عذاب

اس آیت کریمہ کے شان نزول کے متعلق چند روایات درج ذیل ہیں:

رؤسائے یہود و علمائے یہود جن میں کعب بن اشرف حیی ابن اخطب ابورافع کنانہ ابن ابی حقیق وغیرہ نے توریت کے عہد کو توڑا اور اس میں موجود نبی آخری الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات وصفات کو چھپایا اور توریت کی آیات کو بدل دیا اور جھوٹی قسمیں کھائیں کہ یہ آیات رب کی طرف سے نازل شدہ ہیں اور ان کی یہ بدعہدی اس سبب سے تھی کہ انھیں حاصل ہونے والی آمدنی رک نہ جائے چنانچہ ان کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

Marfat.com

یہود کا کہنا تھا کہ اگر ہم مسلمانوں کا مال غضب کرلیں تو ہم کو کوئی گناہ نہ پہنچے گا کیونکہ یہ حکم الہیٰ ہے ان کی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

اشعث بن قیس کندی رضی اللہ عنہ کا ایک شخص سے زمین کا تنازعہ چل رہا تھا جب جھگڑا بڑھا تو مقدمہ بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں پیش کیا گیا نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مدعی سے فرمایا کہ اپنا گواہ پیش کرو وہ عرض گزار ہوا میرے پاس تو کوئی گواہ نہیں پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اشعث بن قیس رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ تم قسم کھاؤ چنانچہ وہ قسم کھانے کیلئے تیار ہوئے ہی تھے کہ یہ آیت کریمہ نازل ہوئی اور وہ قسم کھانے سے باز رہے اور زمین مدعی کے حوالے کردی۔

ایک روایت میں آیا کہ ایک شخص بازار میں مال فروغت کرنے آیا ایک گاہک نے اس چیز کی کچھ قیمت لگائی تو اس شخص نے قسم کھائی کہ رب کی قسم تجھ سے پہلے تو ایک گاہک اس کی زیادہ رقم دے رہا تھا مگر میں نے اس کو نہ دیا تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

ایک روایت کے مطابق اپنا مال فروخت کرنے کی خاطر جھوٹی قسمیں کھانے والے تاجر کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی بعض کے مطابق ایک مرتبہ حضرموت اور امرء القیس کے درمیان کچھ جھگڑا ہو گیا چنانچہ بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں مقدمہ پیش کیا گیا نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرمی سے فرمایا کہ اپنا کوئی گواہ پیش کروانہوں نے جواب دیا کہ میرے پاس تو کوئی گواہ نہیں تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ٹھیک ہے پھر امرء القیس قسم کھائیں حضرمی عرض گزار ہوئے کہ پھر تو امرء القیس میری زمین لے لینگے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو کوئی اپنے بھائی کا مال غضب کرنے کے لیے جھوٹی قسم کھائے گا تو وہ اپنے رب عزوجل سے اس حال میں ملاقات کرے گا کہ اس کا رب اس سے ناراض ہوگا امرء القیس عرض گزار ہوئے یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور جو کوئی سچی قسم بھی نہ کھائے اور اپنا مال چھوڑ دے تو ارشاد فرمایا اس کے لیے جنت ہے تو آپ نے عرض کی حضور گواہ رہیے میں نے زمیں چھوڑ دی اور حضرمی کو دے دی تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر خازن تفسیر خزائن العرفان احکام القرآن تفسیر روح المعانی تفسیر کبیر وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَاِنَّ مِنْهُمْ لَفَرِيْقًا يَّلْوٗنَ اَلْسِنَتَهُمْ بِالْكِتٰبِ لِتَحْسَبُوْهُ مِنَ الْكِتٰبِ وَمَا هُوَ مِنَ الْكِتٰبِ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَمَا هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ

Marfat.com

الْكَذِبَ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۷۸﴾ (پارہ3۔سورۃ آل عمران آیت نمبر 78)

ترجمہ کنزالایمان: اوران میں کچھ وہ ہیں جو زبان پھیر کر (موڑ کر اصل عبارت بدل دیتے ہیں) کتاب میں میل (ملاوٹ) کرتے ہیں کہ تم سمجھو یہ بھی کتاب میں ہے اور وہ کتاب میں نہیں، اور وہ کہتے ہیں یہ اللہ کے پاس سے ہے اور وہ اللہ کے پاس سے نہیں، اور اللہ پر دیدہ و دانستہ (جان بوجھ کر) جھوٹ باندھتے ہیں۔

یہود ونصاریٰ کی تحریف

یہود ونصاریٰ نے توریت وانجیل میں اپنی طرف سے تبدیلیاں کیں اور اپنی طرف سے اپنی آسانی کے لیے جو چاہا مالا دیا چنانچہ ان علماء یہود ونصاریٰ کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی مثلاً کعب بن اشرف مالک ابن صیف حیی ابن اخطب ابو یاسر بن عمرو شاعر وغیرہ علماء یہود ونصاریٰ۔ (تفسیر خزائن العرفان تفسیر روح المعانی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّؤْتِيَهُ اللّٰهُ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ثُمَّ يَقُوْلَ لِلنَّاسِ كُوْنُوْا عِبَادًا لِّيْ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ كُوْنُوْا رَبّٰنِيّٖنَ بِمَا كُنْتُمْ تُعَلِّمُوْنَ الْكِتٰبَ وَبِمَا كُنْتُمْ تَدْرُسُوْنَ ﴿۷۹﴾ وَلَا يَاْمُرَكُمْ اَنْ تَتَّخِذُوا الْمَلٰٓئِكَةَ وَالنَّبِيّٖنَ اَرْبَابًا ؕ اَيَاْمُرُكُمْ بِالْكُفْرِ بَعْدَ اِذْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۸۰﴾ (پارہ3۔سورۃ آل عمران آیت نمبر 79-80)

ترجمہ کنزالایمان: کسی آدمی کا یہ حق نہیں کہ اللہ اسے کتاب اور حکم و پیغمبری دے پھر وہ لوگوں سے کہے کہ اللہ کو چھوڑ کر میرے بندے (پجاری) ہو جاؤ ہاں یہ کہے گا کہ اللہ والے (دیندار) ہو جاؤ اس سبب سے کہ تم کتاب سکھاتے ہو اور اس سے کہ تم درس کرتے ہو اور نہ تمہیں یہ حکم دے گا کہ فرشتوں اور پیغمبروں کو خدا ٹھیرالو، کیا تمہیں کفر کا حکم دے گا بعد اس کے کہ تم مسلمان ہو لیے۔

یہود ونصاریٰ کی تردید

نجران کے عیسائیوں کا کہنا تھا کہ ہم عیسیٰ علیہ السلام کو اس لیے رب مانتے ہیں کیونکہ خود انہوں نے ہمیں یہ حکم دیا ہے کہ ہم انہیں رب مانیں تب ان کی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

ایک دوسری روایت کے مطابق بعض یہود وعیسائیوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم

Marfat.com

سے یہی چاہتے ہیں کہ نا ہم آپ کو رب مانیں اور آپ کی عبادت کریں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا خدا کی پناہ نہ ہی میں یہ چاہتا ہوں نہ ہی میں نے ایسا کوئی حکم دیا ہے اور نہ ہی میرے رب نے مجھے اس کا حکم دیا ہے اور اس لیے بھیجا ہے اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ بعض کے مطابق ایک شخص بارگاہ نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض گزار ہوا کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جیسا ہم آپ پر سلام کرتے ہیں ویسا ہی دوسروں کو بھی کرتے ہیں تو کیوں نہ ہم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سجدہ کرلیا کریں تا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان وعظمت کا قوی طور پر اظہار ہو اور دوسروں سے نمایاں وممتاز ہو تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ یہ بات کسی کے لیئے جائز نہیں کہ وہ اللہ کے سوا کسی کو سجدہ کرے البتہ تمھیں چاہیے کہ اپنے نبی کی تعظیم کرو تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی ایک روایت میں ہے کہ یہود کا یہ کہنا تھا کہ کوئی شخص بھی بزرگی اور درجہ میں ہمارے ہم پلہ نہیں ہوسکتا اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی

(تفسیر کبیر تفسیر خزائن العرفان تفسیر روح المعانی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ يَبْغُوْنَ وَ لَهٗۤ اَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ طَوْعًا وَّ كَرْهًا وَّ اِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ﴿۸۳﴾ (پارہ3۔سورۃ آل عمران آیت نمبر 83)

ترجمہ کنزالایمان: تو کیا اللہ کے دین کے سوا اور دین چاہتے ہیں اور اسی کے حضور گردن رکھے (اس کے تابع حکم) ہیں جو کوئی آسمانوں اور زمین میں ہیں خوشی سے مجبوری سے اور اُسی کی طرف پھیریں گے (لوٹائے جائیں گے)۔

دینِ اسلام سے بیزاری

ایک بار اہل کتاب کے دو گروہوں کا آپس میں جھگڑا ہو گیا دونوں گروہوں میں سے ہر ایک کا دعوی تھا کہ ہمارا دین دین ابراھیمی سے نزدیک تر ہے جب جھگڑے نے طول پکڑا تو مقدمہ بارگاہ نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں پیش کیا گیا نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا تم دونوں ہی دین ابرھیمی سے دور ہو تمھارا دین ابرھیمی سے کیا واسطہ تمھارے عقائد واعمال تو دین ابراھیمی کے ہرگز مطابق نہیں تم دین ابراھیمی سے کیسے نزدیک تر ہو سکتے ہو اس پر وہ بولے کہ ہمیں آپ کا فیصلہ منظور نہیں اور ہم ہرگز آپ کا دین قبول نہیں کریں گے تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر کبیر وتفسیر خازن وتفسیر روح المعانی)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَمَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ الْاِسْلَامِ دِيْنًا فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْهُ ۚ وَ هُوَ فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۸۵﴾ كَيْفَ يَهْدِي اللّٰهُ قَوْمًا كَفَرُوْا بَعْدَ اِيْمَانِهِمْ وَشَهِدُوْٓا اَنَّ الرَّسُوْلَ حَقٌّ وَّجَآءَهُمُ الْبَيِّنٰتُ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۸۶﴾

(پارہ3۔سورۃ آل عمران آیت نمبر 85-86)

ترجمہ کنزالایمان: اور جو اسلام کے سوا کوئی دین چاہے گا وہ ہرگز اس سے قبول نہ کیا جائے گا اور وہ آخرت میں زیاں کاروں (نقصان اٹھانے والوں) سے ہے، کیوں کر اللہ ایسی قوم کی ہدایت چاہے جو ایمان لا کر کافر ہو گئے اور گواہی دے چکے تھے کہ رسول سچا ہے اور انہیں کھلی نشانیاں آ چکی تھیں (دیکھ چکے تھے) اور اللہ ظالموں کو ہدایت نہیں کرتا۔

ہدایت سے محروم

اس کے شان نزول کے مطابق چند روایات درج ذیل ہیں:

یہود و نصاریٰ نبی آخری الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تشریف آوری سے پہلے نہ صرف آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان رکھتے تھے بلکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وسیلے سے دعائیں کیا کرتے تھے لوگوں کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تشریف آوری کی بشارت سنایا کرتے تھے اور خود بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آمد کے شدت سے منتظر تھے مگر جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تشریف آوری ہوئی تو حسد و جلن کا شکار ہو گئے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انکار کر بیٹھے چنانچہ ان کے بارے میں یہ آیت کریمہ کیف یھدی اللہ قوما الخ نازل ہوئی۔

ایک روایت کے مطابق بارہ اشخاص جن میں ابو عامر راہب حارث ابن مسوید انصاری طعمہ ابن مبارک بھی شامل تھے اسلام سے پھر کر مرتد ہو گئے اور کفار مکہ سے جا ملے پھر انہوں نے اہل مدینہ کے پاس خطوط لکھ کر پوچھا کہ کیا ہماری توبہ قبول ہو سکتی ہے اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر خازن و تفسیر خزائن العرفان تفسیر کبیر تفسیر روح المعانی)

بعض علماء فرماتے ہیں کہ یہ دونوں واقعات ان دونوں آیات کا شان نزول ہیں اور بعض فرماتے ہیں کہ ان دونوں واقعات پر صرف پچھلی آیت کیف یھدی اللہ الخ نازل ہوئی۔ (تفسیر کبیر تفسیر نعیمی)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِلَّا الَّذِیْنَ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَ اَصْلَحُوْا ۫ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۸۹﴾

(پارہ3۔سورۃ آل عمران آیت نمبر 89)

ترجمہ کنزالایمان: مگر جنہوں نے اس کے بعد توبہ کی اور آپا سنبھالا (عقائد واعمال درست کیے) تو ضرور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

قبولیتِ توبہ

جب بارہ اشخاص کے مرتد ہونے کا واقعہ ہوا جس میں حضرت حارث بن سوید انصاری بھی شامل تھے تو کفار مکہ سے مل جانے کے بعد حضرت حارث بن سوید انصاری رضی اللہ عنہ کو سخت شرمندگی اور اپنے مرتد ہو جانے پر شدید پچھتاوا ہوا چنانچہ انہوں نے اپنی قوم کے پاس پیغام بھیجا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے معلوم کرو کہ میں اپنے کئے پر سخت نادم وشرمندہ ہوں تو کیا میری توبہ قبول ہوسکتی ہے چنانچہ ان کے حق میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان تفسیر خازن)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بَعْدَ اِیْمَانِهِمْ ثُمَّ ازْدَادُوْا كُفْرًا لَّنْ تُقْبَلَ تَوْبَتُهُمْ ۚ وَ اُولٰٓىٕكَ هُمُ الضَّآلُّوْنَ ﴿۹۰﴾ (پارہ3۔سورۃ آل عمران آیت نمبر 90)

ترجمہ کنزالایمان: بیشک وہ جو ایمان لاکر کافر ہوئے پھر اور کفر میں بڑھے ان کی توبہ ہرگز قبول نہ ہوگی اور وہی ہیں بہکے ہوئے (کامل گمراہ)۔

اسلام کو کھیل بنالیا

یہود موسیٰ علیہ السلام پر تو ایمان لے آئے مگر اس کے بعد عیسیٰ علیہ السلام اور ان کی کتاب انجیل کا انکار کیا پھر ان کا کفر اور سرکشی اس قدر بڑھی کہ عیسیٰ علیہ السلام کے ساتھ ساتھ نبی آخری الزمان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل شدہ کتاب قرآن مجید کا بھی انکار کرنے لگے چنانچہ ان کے حق میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی بعض روایات کے مطابق یہود اور عیسائی نبی آخری الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تشریف آوری سے قبل تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نبوت کا اعلان لوگوں میں کیا کرتے تھے مگر جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تشریف آوری ہوئی تو آپ پر ایمان نہ لائے یہاں تک کہ کفر پر ہٹ دھرمی اس قدر بڑھی کہ نبی آخری الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے معجزات اور قرآن مجید پر بھی ایمان نہ

Marfat.com

لائے چنانچہ ان کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

بعض علماء فرماتے ہیں کہ حضرت حارث بن سوید کے ساتھیوں نے اسلام کو استقامت سے اپنانے کے بجائے اسے کھیل بنالیا تھا کبھی اسلام لے آتے کبھی کافر ہو جاتے چنانچہ ان کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن تفسیر خزائن العرفان تفسیر روح المعانی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَ مَاتُوْا وَ هُمْ كُفَّارٌ فَلَنْ یُّقْبَلَ مِنْ اَحَدِهِمْ مِّلْءُ الْاَرْضِ ذَهَبًا وَّ لَوِ افْتَدٰى بِهٖؕ اُولٰٓىٕكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ وَّ مَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِیْنَ ﴿۹۱﴾

(پارہ 3۔ سورۃ آل عمران آیت نمبر 91)

ترجمہ کنزالایمان: وہ جو کافر ہوئے اور کافر ہی مرے ان میں کسی سے زمین بھر سونا ہرگز قبول نہ کیا جائے گا (بطورِ فدیہ) اگرچہ اپنی خلاصی (عذاب سے چھٹکارہ پانے) کو دے، ان کے لئے دردناک عذاب ہے اور ان کا کوئی یار نہیں۔

اسلام کو معمولی سمجھ لیا

جب حضرت حارث بن سوید انصاری رضی اللہ عنہ کے ساتھ مرتد ہو جانے والوں نے جب حضرت حارث بن سوید کو اپنے ارتداد پر توبہ کرنے اور دوبارہ مسلمان ہو جانے اور ان کی توبہ قبول ہو جانے کا ماجرا دیکھا تو انہوں نے اسلام کو معمولی چیز سمجھ کر یہ خیال کیا کہ اسلام لانا کوئی مسئلہ نہیں جب تک چاہو کفر اپنائے رہو اور جب چاہو اسلام قبول کرلو جب ہم اسلام قبول کرنا چاہیں گے تو ہمارے لیے بھی یہی آیتیں نازل ہو جائینگی چنانچہ ان کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن وتفسیر روح المعانی)

Marfat.com

چوتھا پارہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

كُلُّ الطَّعَامِ كَانَ حِلًّا لِّبَنِيٓ اِسْرَآءِيْلَ اِلَّا مَا حَرَّمَ اِسْرَآءِيْلُ عَلٰى نَفْسِهٖ مِنْ قَبْلِ اَنْ تُنَزَّلَ التَّوْرٰىةُ ۭ قُلْ فَاْتُوْا بِالتَّوْرٰىةِ فَاتْلُوْهَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ○

(پارہ4۔سورۃ آل عمران آیت نمبر 93)

ترجمہ کنزالایمان: سب کھانے بنی اسرائیل (اولادِ یعقوب) کو حلال تھے مگر وہ جو یعقوب نے اپنے اوپر حرام (بطورِ منت) کرلیا تھا توریت اترنے سے پہلے تم فرماؤ توریت لاکر پڑھو اگر سچے ہو۔

قرآن کی تکذیب

جب قرآن کریم کی وہ آیات نازل ہوئیں جس میں فرمایا گیا تھا یہود کی نافرمانیوں کی وجہ سے سزا کے طور پر بہت سی حلال چیزیں ان پر حرام فرمادی گئیں تب یہود بارگاہ نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہوکر کہنے لگے یہ چیزیں ہم پر حرام نہیں کی گئیں بلکہ یہ چیزیں تو نوح علیہ السلام کے زمانے سے ہی حرام تھیں اس بات سے ان یہود کا مقصد قرآن کو جھٹلانا تھا چنانچہ ان کی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ ایک دوسری روایت کے مطابق یہود بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہوئے اور کہنے لگے کہ آپ خود کو دین ابراھیمی پر بتاتے ہیں اور لوگوں کو بھی یہی بتاتے ہیں کہ آپ دین ابراھیمی کے ہی پیروکار ہیں مگر ہم آپ کے اعمال تو دین ابراھیمی جیسے نہیں پاتے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دریافت فرمایا کون سے اعمال دین ابراھیمی کے خلاف ہیں تو یہود بولے کہ دین ابراھیمی میں تو اونٹ کا گوشت اور اس کا دودھ حرام تھا جبکہ آپ کے دین میں یہ دونوں چیزیں حلال ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا تمھارا کہنا غلط ہے یہ چیزیں دین ابراھیمی میں بھی حلال تھیں چنانچہ اس موقعہ پر یہود کی تردید اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تائید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

ایک اور روایت کے مطابق جب بعض یہودیوں نے دین اسلام اور قرآن مجید پر اعتراض کیا کہ دین اسلام کے بعض احکام اور قرآن مجید کی بعض آیات منسوخ کی گئی ہیں لہٰذا جس دین میں احکام منسوخ ہوتے

Marfat.com

رہتے ہوں وہ کیسے دین حق ہوسکتا ہے اس پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ تم پر بھی پہلے یہ چیزیں حلال تھیں مگر بعد میں حرام کردی گئیں تو پھر تو دین یہودیت پر بھی اعتراض لازم ہوگا اور توریت پر بھی حق نہ ہونا لازم ہوگا اس پر یہودی بولے کہ آپ غلط کہتے ہیں یہ چیزیں ہم سے پہلے بھی حرام ہی تھیں کبھی حلال نہ ہوئیں تب ان کی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر نعیمی تفسیر روح البیان تفسیر خازن تفسیر خزائن العرفان تفسیر کبیر)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّ اَوَّلَ بَیْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِیْ بِبَكَّةَ مُبٰرَكًا وَّ هُدًى لِّلْعٰلَمِیْنَ ﴿۹۶﴾

(پارہ4۔سورۃ آل عمران آیت نمبر 96)

ترجمہ کنزالایمان: بیشک سب میں پہلا گھر جو لوگوں کی عبادت (کے لیے) کو مقرر ہوا وہ ہے جو مکہ میں ہے برکت والا اور سارے جہان کا راہنما۔

مسلمانوں کا قبلہ افضل ہے

ایک مرتبہ یہود مسلمانوں سے بولے کہ تمھارا قبلہ کعبہ ہے اور ہمارا قبلہ بیت المقدس ہے ہمارا قبلہ تمھارے قبلے سے اعلیٰ ہمارا بیت المقدس تمھارے کعبہ سے افضل ہے کیونکہ ہمارا قبلہ تمھارے قبلے سے زیادہ پرانا اور پہلے کا ہے اور انبیاء کرام علیہم السلام کا قبلہ رہ چکا ہے اور ان کی ہجرت گاہ ہے اور ہمارے قبلہ شام کی متبرک زمین پر واقع ہے جہاں قیامت قائم ہوگی اس کے جواب میں مسلمانوں نے ان سے کہا تم غلط کہتے ہو ہمارا کعبہ افضل ہے چنانچہ اس موقع پر یہود کی تردید میں اور مسلمانوں کی تائید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی

ایک اور روایت کے مطابق جب تحویل قبلہ کا واقعہ ہوا اور مسلمانوں کا قبلہ بیت المقدس سے کعبہ معظّمہ کر دیا گیا تو یہود طعن کرنے لگے کہ مسلمانوں کو دیکھو کہ پرانے اور افضل قبلے کو جو انبیاء کرام کا قبلہ رہ چکا ہے اسے چھوڑ کر نیا اور ادنیٰ قبلہ کو اپنا لیا چنانچہ ان کی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر خازن تفسیر خزائن العرفان تفسیر روح المعانی تفسیر جلالین تفسیر صاوی تفسیر روح البیان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِنْ تُطِیْعُوْا فَرِیْقًا مِّنَ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ یَرُدُّوْكُمْ بَعْدَ اِیْمَانِكُمْ كٰفِرِیْنَ ﴿۱۰۰﴾ (پارہ4۔سورۃ آل عمران آیت نمبر 100)

Marfat.com

ترجمہ کنزالایمان: اے ایمان والو! اگر تم کچھ کتابیوں کے کہے پر چلے (ان کی بات مانی) تو وہ تمہارے ایمان کے بعد کافر (بنا) کر چھوڑیں گے۔

پُرتاثیر الفاظ

قبل از اسلام انصار مدینہ کے دو قبیلے تھے اوس اور خزرج ان دونوں گروہوں کی آپس میں سخت عداوت تھی یہ عداوت اتنی پرانی تھی کہ اس سے سو برس کا عرصہ گزر چکا تھا مگر اس عرصے میں دشمنی ختم ہونے کی کوئی صورت نہ نکلی اور نہ ہی آئندہ کوئی امکان نظر آتا تھا مگر جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اسلام کی نورانی روشنی لے کر مدینہ منورہ میں جلوہ افروز ہوئے تو ان دونوں قبیلوں میں آپس میں صلح ومحبت کے پھول کھلا دیئے اور یہ دونوں قبیلے آپس میں ایسے شیر وشکر ہو گئے کہ پرانی دشمنی کا کوئی شائبہ تک نہ رہا منافقین سے یہ بات کسی طرح برداشت نہ ہوتی تھی اشقت بن قیس جو پکا کافر اور مسلمانوں کا سخت دشمن تھا اس کا گزر جب ایک مجلس پر سے ہوا جہاں یہ دونوں قبیلے آپس میں الفت ومحبت کا اظہار کر رہے تھے چنانچہ وہ یہ دیکھ کر آگ بگولہ ہو گیا اور اسے انتہائی ناگوار گزرا لہٰذا اس نے ایک اجنبی یہودی کو بلایا اور اس سے ان دونوں قبیلوں کو ان کی پرانی دشمنیاں یاد دلانے اور ان کو آپس میں لڑوانے کا کام سپرد کیا لہٰذا وہ یہودی شخص اس مجلس میں گیا اور وہاں وہ اشعار پڑھ پڑھ کر سنانے لگا جن میں ان دونوں قبیلوں کی سابقہ دشمنیوں جنگوں فتح وذلت آمیز شکست کا ذکر تھا دونوں قبیلوں نے جب یہ اشعار سنے تو انھیں اپنی دشمنی اور عداوت کے گزرے واقعات یاد آ گئے اور جو جذبہ عداوت دب گیا تھا ابھر کر پھر سامنے آ گیا اور دونوں فریق بھڑک اٹھے اور ایک دوسرے کے مدمقابل آنے کے لئے ہتھیار لے کر دوڑے اسی دوران عاقبت شناس اور مصالحت پسند لوگوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس کی اطلاع دی چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہاں تشریف لے آئے آپ سراپا رحمت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھتے ہی دونوں فریق اپنی اپنی جگہ پر ٹھہر گئے پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان دونوں سے ارشاد فرمایا کہ کیا تم ہدایت کے راستے پر آنے کے بعد پھر گمراہ ہونا چاہتے ہو کیا تم میرے ہوتے ہوئے آپس میں پیار محبت بھلا کر ایک دوسرے کا خون بہانا چاہتے ہو یہ الفاظ پر تاثیر سن کر دونوں فریق غفلت سے جاگ گئے اپنے اپنے ہتھیار پھینک دیئے اور ایک دوسرے کے گلے مل کر زاروقطار رونے لگے حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے ایسا کوئی دن نہ دیکھا جس کا اول ایسا شر اور آخر ایسی خیر پر ہو تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر کبیر تفسیر خازن تفسیر مدارک تفسیر روح المعانی)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقٰتِهٖ وَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۰۲﴾

(پارہ4۔سورۃ آل عمران آیت نمبر 102)

ترجمہ کنزالایمان: اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو جیسا اس سے ڈرنے کا حق ہے (جو عذابِ الٰہی سے بچا سکے) اور ہرگز نہ مرنا مگر مسلمان۔

عداوت محبت میں بدل گئی

انصار کے دو قبیلوں اوس وخزرج میں قبل از اسلام سخت عداوت تھی جو بعد اسلام محبت و دوستی میں بدل گئی ایک مرتبہ دونوں قبیلوں کے ثعلبہ بن غنم اور اسعد بن زرارہ خزرجی بیٹھے آپس میں دوستانہ گفتگو کر رہے تھے کہ اچانک گفتگو کے درمیان خاندانی فخر وفضیلت کی باتیں چھڑ گئیں ثعلبہ جو قبیلہ اوس سے تھے کہنے لگے کہ ہمارا قبیلہ اوس تو قبیلہ خزرج سے افضل ہے کیونکہ اسی قبیلے میں خزیمہ ابن ثابت ہیں جنکی گواہی رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دو کے قائم مقام فرمائی اور اسی قبیلے اوس میں حضرت حنظلہ شہید بھی ہیں جنھیں یہ فضیلت ومرتبہ حاصل ہے کہ بعد شہادت انھیں فرشتوں نے غسل دیا اور اور ان کا لقب غسیل ملائکہ ہوا اور اسی قبیلے اوس میں سعد ابن معاذ بھی ہیں کہ جن کی لاش کی حفاظت کیلے اللہ تعالیٰ نے شہد کی مکھیوں کو مقرر فرمایا کہ دشمن ان کی لاش کے قریب تک نہ جاسکا اور اسی قبیلے اوس میں سعد ابن معاذ بھی ہیں جن کی وفات پر عرش الٰہی بھی ہل گیا۔

ثعلبہ رضی اللہ عنہ کی یہ بات سن کر اسعد خزرجی کہنے لگے کہ ہمارے خاندان کی فضیلت ومرتبہ کا کیا پوچھنا ہمارے قبیلہ خزرج ہی میں وہ چار جلیل القدر صحابہ ہیں جن کے ذریعے قرآن قائم ہے یعنی ابی ابن کعب معاذ ابن جبل زید بن ثابت اور ابوزید اور قبیلہ خزرج میں ہی سعد ابن عبادہ ہیں جو انصار کے ایک بڑے خطیب اور رئیس ہیں الغرض اس خاندان کا فخریہ تذکرہ ہوتے ہوتے جھگڑے کی صورت اختیار کیا گیا اور اس سے پہلے کہ مزید کوئی بدمزگی ہوتی لوگوں نے یا پھر خود نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان دونوں فریقوں میں صلح کرائی چنانچہ اس موقعہ پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن تفسیر تنویر المقیاس)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَ تَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ؕ وَ لَوْ اٰمَنَ اَهْلُ الْكِتٰبِ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ؕ مِنْهُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ

Marfat.com

وَ اَكْثَرُهُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۱۱۰﴾ (پارہ4۔سورۃ آل عمران آیت نمبر 110)

ترجمہ کنزالایمان: تم (اے امت محمدیہ) بہتر (بہترین ہو) ہوان امتوں میں جو لوگوں میں ظاہر (پیدا) ہوئیں بھلائی کا حکم دیتے ہواور برائی سے منع کرتے ہواور اللہ پر ایمان رکھتے ہو، اور اگر کتابی ایمان لاتے تو ان کا بھلا تھا، ان میں کچھ مسلمان ہیں اور زیادہ کافر، وہ تمہارا کچھ نہ بگاڑیں گے (نقصان نہ پہنچا سکیں گے)۔

اسلام سب سے بہترین دین

ایک دفعہ علماء یہود میں سے مالک ابن صیف اور وہب ابن یہود حضرت عبداللہ بن مسعود حضرت ابی بن کعب حضرت معاذ ابن جبل وغیرہ سے کہنے لگے کہ آخر تمھیں اسلام اور مسلمانوں میں گیا ایسی اچھائی اور خوبی نظر آئی کہ تم نے ہماری پرانی محبت اور تعلق کو چھوڑ کر ان سے دوستی اور محبت کا رشتہ استوار کرلیا ان حضرات صحابہ علیہم الرضوان نے جواب دیا کہ مسلمانوں کا دین سب سے بہترین دین مسلمان قوم سب سے بہترین قوم ہے اور ان کے نبی افضل الانبیاء اور سید المرسلین ہیں اس پر یہودی بولے تم غلط کہتے ہو یہودیت سب سے بہترین دین ہے اور بنی اسرئیل سب سے بہترین قوم ہیں دیکھو تمھارا قرآن ہی بنی اسرائیل کی عظمت وفضیلت بیان کر رہا ہے کہ وانی فضلتکم علی العٰلمین چنانچہ ان یہود کی تردید میں اور حضرات صحابہ کی تائید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن تفسیر خزائن العرفان تفسیر روح المعانی وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لَنْ يَّضُرُّوْكُمْ اِلَّاۤ اَذًى ؕ وَ اِنْ يُّقَاتِلُوْكُمْ يُوَلُّوْكُمُ الْاَدْبَارَ ۫ ثُمَّ لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿۱۱۱﴾ (پارہ4۔سورۃ آل عمران آیت نمبر 111)

ترجمہ کنزالایمان: مگر یہی ستانا (تکلیف دینا) اور اگر تم سے لڑیں تو تمہارے سامنے سے پیٹھ پھیر جائیں گے (میدان چھوڑ کر بھاگ جائیں گے) پھر ان کی مدد نہ ہوگی۔

یہود کے بڑے عالم کا قبولِ اسلام

جب یہود کے ایک بہت بڑے عالم حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کے ساتھی مشرف بہ اسلام ہوئے تو سرداران یہود ابورافع ابو یاسر کعب بن اشرف ابن صوریا وغیرہ ان حضرات کو طعنے دینے اور ملامتیں کرنے لگے اور ان کے خلاف سازشوں میں برسر پیکار ہو گئے جس کے سبب یہ حضرات تشویش میں مبتلا ہو گئے

Marfat.com

چنانچہ ان کی تسلی واطمینان کے لیے یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن وتفسیر روح المعانی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لَيْسُوْا سَوَآءً ؕ مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اُمَّةٌ قَآئِمَةٌ يَّتْلُوْنَ اٰيٰتِ اللّٰهِ اٰنَآءَ الَّيْلِ وَ هُمْ يَسْجُدُوْنَ ﴿۱۱۳﴾ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَ يَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَ يَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَ يُسَارِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ ؕ وَ اُولٰٓئِكَ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۱۴﴾

(پارہ4۔سورۃ آل عمران آیت نمبر 113-14)

ترجمہ کنزالایمان: سب ایک سے نہیں کتابیوں میں کچھ وہ ہیں کہ (راہِ) حق پر قائم ہیں اللہ کی آیتیں پڑھتے ہیں رات کی گھڑیوں میں اور سجدہ کرتے ہیں اللہ اور پچھلے دن (قیامت) پر ایمان لاتے ہیں اور بھلائی کا حکم دیتے اور برائی سے منع کرتے ہیں اور نیک کاموں پر دوڑتے (جلدی کرتے) ہیں، اور یہ لوگ لائق ہیں۔

اسلام قبول کرنے والوں کی مدح

جب علماء یہود میں سے بڑی شان والے اور خاندانی عالم حضرت عبداللہ بن سلام وغیرہ ایمان لائے تو یہودی علماء ان حضرات کے دشمن ہو گئے اور ان کے بارے میں کہنے لگے کہ یہ بدترین جماعت ہے کہ اپنے باپ دادا کا بہترین دین چھوڑ کر نیا دین قبول کر بیٹھے ہیں چنانچہ ان کی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

ایک دوسری روایت کے مطابق قبل از اسلام نجران وحبشہ وروم کے بعض عیسائی ایسے بھی تھے جو صحیح عیسائیت پر قائم تھے اور اسی طرح مدینہ منورہ کے بعض یہودی بھی صحیح یہودیت پر قائم تھے لہٰذا جب نبی آخری الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تشریف آوری ہوئی تو یہ لوگ فوراً آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لا کر مسلمان ہو گئے چنانچہ ان کے حق میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر کبیر تفسیر خازن تفسیر خزائن العرفان تفسیر روح المعانی تفسیر روح البیان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ مَا يَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَلَنْ يُّكْفَرُوْهُ ؕ وَ اللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۱۵﴾

(پارہ4۔سورۃ آل عمران آیت نمبر 115)

ترجمہ کنزالایمان: اور وہ جو بھلائی (نیکی) کریں ان کا حق نہ مارا جائے گا اور اللہ کو

Marfat.com

معلوم ہیں (جانتا ہے) ڈر والے (پرہیز گاروں کو)۔

حضراتِ صحابہ علیہم الرضوان کی حمایت

جب علماء یہود میں سے حضرت سیدنا عبداللہ بن سلام اور ان کے ساتھی مشرف بہ اسلام ہوئے تو یہود نے ان پر طعن و تشنیع شروع کر دی اور ان کے اسلام قبول کرنے پر سخت اعتراضات شروع کر دیئے کہ تم نے اپنی ہلاکت کا سامان کر لیا کہ ہدایت کو چھوڑ کر گمراہی کا راستہ اختیار کیا اور اپنے باپ دادا کے پرانے اور صحیح دین کو چھوڑ کر محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے باطل اور نو مولود دین کو اختیار کر لیا چنانچہ ان حضرات صحابہ کی حمایت میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر کبیر تفسیر خازن)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لَنْ تُغْنِیَ عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ وَلَاۤ اَوْلَادُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَیْـًٔا ؕ وَ اُولٰٓىٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۱۱۶﴾ (پارہ 4۔ سورۃ آل عمران آیت نمبر 116)

ترجمہ کنز الایمان: وہ جو کافر ہوئے ان کے مال اور اولاد ان کو اللہ (کے عذاب) سے کچھ نہ بچا لیں گے اور وہ جہنمی ہیں ان کو ہمیشہ اس میں رہنا۔

مشرکین مکہ کی خوش فہمی

مشرکین مکہ ابو جہل وغیرہ نے اسلام اور مسلمانوں کے خلاف سازشیں کرنے اور انھیں نقصان پہنچانے کی ہر ممکن کوشش کی اور اس کے لیے جانی و مالی طاقت صرف کرنے میں کوئی کسر نہ اٹھا رکھی اور اپنی ان ناپاک کوششوں میں وہ اجر و ثواب کا یقین کئے بیٹھے تھے اور یہ کہتے پھرتے تھے کہ ہمارا مال اولاد طاقت سب سے زیادہ ہے اگر رب ہم سے راضی نہ ہوتا تو ہمیں مسلمانوں پر مال اولاد طاقت و قوت میں برتری عطا نہ کرتا چنانچہ ان مشرکین کی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر روح المعانی تفسیر صاوی تفسیر خازن وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا بِطَانَةً مِّنْ دُوْنِكُمْ لَا یَاْلُوْنَكُمْ خَبَالًا ؕ وَدُّوْا مَا عَنِتُّمْ ۚ قَدْ بَدَتِ الْبَغْضَآءُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ ۖۚ وَ مَا تُخْفِیْ صُدُوْرُهُمْ اَكْبَرُ ؕ قَدْ بَیَّنَّا لَكُمُ الْاٰیٰتِ اِنْ كُنْتُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۱۸﴾ (پارہ 4۔ سورۃ آل عمران آیت نمبر 118)

Marfat.com

ترجمہ کنزالایمان: اے ایمان والو! غیروں (کفار) کو اپنا راز دار نہ بناؤ وہ تمہاری برائی (نقصان پہنچانے میں) میں کمی نہیں کرتے ان کی آرزو ہے، جتنی ایذا پہنچے بیر (بغض) ان کی باتوں سے جھلک اٹھا (ظاہر ہو گیا) اور وہ جو سینے میں (بغض وکینہ وحسد) چھپائے ہیں اور بڑا ہے (اس سے زیادہ ہے جو ان کی زبان پر ہے)۔

یہود سے میل جول کی ممانعت

قبل از اسلام بعض انصار کی یہود مدینہ سے دوستیاں رشتہ داریاں قربت داریاں رضاعی وسسرالی رشتے وغیرہ تھے چنانچہ پرانے تعلقات کے سبب یہ انصار ایمان لے آئے اور مسلمان ہو گئے پھر بھی ان سے میل ملاپ وغیرہ قائم رکھے رہے اور ان سے اپنے معاملات میں صلاح ومشورے بھی لیتے رہے چنانچہ انھیں یہود سے میل ملاپ صلاح ومشورے سے منع فرمانے کے لیے یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

ایک اور روایت کے مطابق منافقین مسلمانوں کے ساتھ گھلے ملے رہتے اور ان کے ساتھ نمازیں وغیرہ بھی ادا کیا کرتے تھے چنانچہ بعض سادہ لوح مسلمان انھیں مخلص جان کر ان سے میل ملاپ رکھتے اور اپنے اور مسلمانوں سے متعلق خفیہ باتیں اور راز اور جنگی تیاریوں سے انہیں آگاہ کر دیا کرتے تھے وہ نہ جانتے تھے کہ منافقین یہود کے جاسوس ہیں چنانچہ سادہ لوح مسلمانوں کو منافقین سے آگاہ کرنے کے لیے یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر کبیر تفسیر صاوی تفسیر روح المعانی تفسیر خازن تفسیر خزائن العرفان تفسیر نعیمی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بَلٰٓى ۙ اِنْ تَصْبِرُوْا وَ تَتَّقُوْا وَيَاْتُوْكُمْ مِّنْ فَوْرِهِمْ هٰذَا يُمْدِدْكُمْ رَبُّكُمْ بِخَمْسَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُسَوِّمِيْنَ ﴿۱۲۵﴾ (پارہ 4۔ سورۃ آل عمران آیت نمبر 125)

ترجمہ کنزالایمان: ہاں کیوں نہیں اگر تم صبر وتقویٰ کرو اور کافر اسی دم تم پر آ پڑیں (پورے جوش وقوت سے) تو تمہارا رب تمہاری مدد کو پانچ ہزار فرشتے نشان والے (امدادی فرشتے) بھیجے گا۔

اللہ عزوجل کی مدد ونصرت

اس آیت کریمہ کے متعلق مختلف اقوال ہیں اکہ اس میں کون سی امداد کا ذکر ہے ایک قول تو یہ ہے کہ جب جنگ بدر میں مسلمانوں کو یہ خبر ملی کہ کفار مکہ کی امداد کیلے ایک بہت بڑی کمک پہنچنے والی ہے تو وہ تشویش و

Marfat.com

پریشانی کا شکار ہو گئے کہ پہلے ہی ہمارے مقابل ہمارے دشمنوں کی تعداد تین گناہ زیادہ ہے ہم بے سروسامان ہیں جب کہ دشمن کے پاس سامان جنگ کی کثرت ہے یہی کیا کم تھا کہ مزید مدد بھی پہنچنے والی ہے اب ہمارا کیا بنے گا تب مسلمانوں کے اطمینان وتسلی کے لیے یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

دوسرے قول کے مطابق جب ابوسفیان جو اس وقت مسلمان نہ ہوئے تھے جنگ احد سے لوٹے تو کچھ آگے جا کر خیال آیا کہ ہم نے فتح حاصل کرنے کے باوجود پورا فائدہ نہ اٹھایا ہمیں چاہے تھا اس موقع سے فائدہ اٹھا کر مسلمانوں کو صفحہ ہستی سے مٹا دیتے چنانچہ اس خیال سے واپس پلٹے اسی اثنا میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو وحی بھیجی گئی کہ دشمن واپس پلٹ کر حملے کا ارادہ رکھتا ہے لہٰذا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے زخمی صحابہ رضی اللہ عنہ کو دوبارہ جنگ کے لیے کمر بستہ ہونے کا حکم فرمایا یہ حضرات صحابہ جو سخت زخمی حالت میں تھے اپنے ذخموں پر پٹیاں باندھ کر اپنے آقا و مولیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حکم کی تکمیل میں مقابلے کے لیے تیار ہو گئے تو اللہ تعالیٰ نے ان حضرات کی اطاعت کو پسند فرمایا اور یہ آیت کریمہ نازل فرمائی جس میں ان کی مدد کا وعدہ فرمایا گیا۔

ایک اور قول کے مطابق یہ آیت کریمہ جنگ احزاب یعنی غزوہ خندق کی خبر دینے کے لیے نازل ہوئی کہ مشرکین عرب بڑی تعداد میں جنگی سامان سے لیس تم پر حملہ کریں گے مگر اللہ تمھاری مدد کے لیے پانچ ہزار فرشتے بھیجے گا جو تمھیں دشمن پر فتح سے ہمکنار کرینگے۔

ایک اور روایت میں آیا ہے یہ پانچ ہزار فرشتوں کی امداد کا وعدہ قیامت تک کے مسلمانوں کے لیے ہے جو کوئی تقویٰ واخلاص کے ساتھ اللہ کی راہ میں لڑے گا اللہ تعالیٰ اس کی پانچ ہزار فرشتوں سے مدد فرمائیگا۔

(تفسیر کبیر تفسیر روح المعانی تفسیر خازن)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لَيْسَ لَكَ مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ اَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ اَوْ يُعَذِّبَهُمْ اِنَّهُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۲۸﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲۹﴾ ع (پارہ4۔سورۃ آل عمران آیت نمبر 129)

ترجمہ کنزالایمان: یہ بات تمہارے ہاتھ نہیں (بلکہ اللہ قبضہ میں ہے) یا انہیں توبہ کی توفیق دے یا ان پر عذاب کرے کہ وہ ظالم ہیں، اور اللہ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے جسے چاہے بخشے اور جسے چاہے عذاب کرے، اور اللہ بخشنے والا مہربان۔

Marfat.com

توبہ کی توفیق

اس آیت کریمہ کے کئی شان نزول ہیں ایک تو یہ کہ جنگ احد میں عتبہ ابن ابی وقاص نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو زخم پہنچایا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چہرہ مبارک سے خون بہہ نکلا تو ابوحذیفہ رضی اللہ عنہ کے غلام سالم اور حضرت علی رضی اللہ عنہ خون دھوتے تھے اس عالم میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے چہرہ مبارک سے خون پونچھتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ وہ قوم بھلا کیسے کامیاب ہوگئی جس نے اپنے نبی کے چہرے کو خون سے رنگ دیا حالانکہ ان کا نبی ان کی خیر خواہی چاہتا ہے یہ خود ہی نہیں وہ انہیں جنت کی طرف لے جانے کے لیے کوشاں ہے تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

ایک دوسری روایت کے مطابق جب جنگ احد میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی مثلہ کی گئی نعش کو ملاحظہ فرمایا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سخت رنج اور صدمے سے دوچار ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ہم ان کے بدلے میں تیئس کفار مقتولوں کا مثلہ کریں گے تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی بعض کے مطابق مکہ مکرمہ اور ہذیل کے درمیان رہنے والے کچھ لوگ بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ ہم لوگ مسلمان ہو چکے ہیں اور اب چاہتے ہیں کہ علم دین سیکھنے کے واسطے کچھ علماء ہمارے ساتھ کر دئے جائیں جو ہمارے علاقے میں نومسلموں کو دین کی تعلیم دیں چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے ہمراہ ستر (۷۰) حضرات صحابہ کو جو قاری تھے روانہ کر دئے اس علاقے میں رعل زکوٰۃ عصیہ بنی نسیحان قبائل آباد تھے جب یہ قاری حضرات وہاں پہنچے تو ان قبائل نے سخت بدعہدی کی اور انھیں شہید کر دیا جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس واقع کی خبر پہنچی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سخت صدمہ اور رنج پہنچا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان مذکورہ قبیلوں کیلئے بارگاہ الٰہی میں بددعا فرمائی اس طرح کہ نماز فجر کی جماعت میں دوسری رکعت کے رکوع سے سر اٹھا کر قنوت نازلہ پڑھتے تھے تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی اور قنوت نازلہ منسوخ فرما دی گئی۔

(تفسیر بیضاوی تفسیر روح المعانی تفسیر صاوی وغیرہ)

خیال رہے کہ ان روایات میں کوئی تعارض نہیں کیونکہ بیر معونہ کا واقعہ جنگ احد سے صرف چار ماہ بعد ہوا ابھی جنگ احد کے زخم بھرنے نہ پائے تھے کہ بیر معونہ کا یہ دلدوز واقعہ ہوا تب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے احد کے کفار اور بیر معونہ کے قبائل کے لیے بددعا فرمائی ان تمام واقعات کی بنا پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر نعیمی)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوا الرِّبٰۤوا اَضْعَافًا مُّضٰعَفَةً ۪ وَّ اتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۱۳۰﴾ وَ اتَّقُوا النَّارَ الَّتِیْۤ اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِیْنَ ﴿۱۳۱﴾ (پارہ4۔سورۃ آل عمران آیت نمبر 131)

ترجمہ کنزالایمان: اے ایمان والوں سود دونا دون (دگنا، چارگنا بڑھا کر) نہ کھاؤ اللہ سے ڈرو اس امید پر کہ تمہیں فلاح (کامیابی) ملے، اور اس آگ سے بچو جو کافروں کے لئے تیار رکھی ہے۔

سود کی ممانعت

مشرکین عرب کا یہ قائدہ تھا کہ جب وہ کسی کو قرض دیتے اور قرض کی مدت پوری ہوتی اور وہ مقروض سے اپنا قرض وصول کرنے پہنچتے اور مقروض اتنی استطاعت نہ پاتا کہ قرض ادا کر سکے تو وہ ان سے معذرت خواہ ہوتا اور کچھ مہلت مانگتا تو یہ مشرکین عرب اس سے کہتے تھے کہ ٹھیک ہے ہم مدت بڑھا دیتے ہیں تم قرض کی رقم بڑھا دو چنانچہ مقروض مجبوراً اپنے اوپر دگنا قرض مان لیتا تو وہ اس سے دگنی مہلت دے دیتے اور یوں بار بار مہلت مانگنے کی وجہ سے مقروض پر کئی گناہ قرض ہو جاتا اور اس مقروض کو قرض کی رقم کے بدلے کئی کئی گنا سود کی رقم بھرنا پڑتی چنانچہ اس ظلم کو روکنے کیلئے یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر صاوی تفسیر کبیر تفسیر خازن تفسیر مدارک، تفسیر بیضاوی وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ اَطِیْعُوا اللّٰهَ وَ الرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۱۳۲﴾ وَ سَارِعُوْۤا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَ جَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَ الْاَرْضُ ۙ اُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِیْنَ ﴿۱۳۳﴾

(پارہ4۔سورۃ آل عمران آیت نمبر 133)

ترجمہ کنزالایمان: اور اللہ و رسول کے فرمانبردار رہو اس امید پر کہ تم رحم کیے جاؤ، (رحمت پاؤ) اور دوڑو (حاصل کرنے میں جلدی کرو) اپنے رب کی بخشش اور ایسی جنت کی طرف جس کی چوڑان (چوڑائی) میں سب آسمان و زمین (ہیں جو) پرہیزگاروں (اطاعت گذاروں) کے لئے تیار کر رکھی ہے۔

Marfat.com

گناہوں کا کفارہ

ایک مرتبہ صحابہ کرام علیہم الرضوان کی ایک جماعت بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہوکر عرض گزار ہوئی کہ بنی اسرئیل تو اللہ کے محبوب تھے کہ جب ان سے کوئی گناہ سرزد ہوجاتا تو صبح سویرے اس کے دروازے پر اللہ تعالیٰ اس کا گناہ تحریر فرما دیتا اور اس طرح وہ گناہ گار بدنام ہوجاتا چنانچہ اپنے کئے ہوئے گناہ پر شرمندہ ہو کر آئندہ کے لیے گناہ سے تائب ہوجاتا اور یوں اس کے گناہ کا کفارہ دنیا میں ہی ادا ہوجاتا مگر ہمارے گناہوں کی اللہ تعالیٰ پردہ پوشی فرماتا ہے کہ وہ کسی پر ظاہر نہیں ہو پاتے اور یوں ہمارے گناہوں کا کفارہ ادا ہی نہیں ہو پاتا اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی جس میں اللہ تعالیٰ کی اطاعت اور نیک اعمال پر سبقت کو گناہوں کا کفارہ قرار دیا گیا۔ (تفسیر روح المعانی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَالَّذِيْنَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً اَوْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللّٰهَ فَاسْتَغْفَرُوْا لِذُنُوْبِهِمْ ۫ وَمَنْ يَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اللّٰهُ ۫ وَلَمْ يُصِرُّوْا عَلٰى مَا فَعَلُوْا وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳۵﴾ اُولٰٓئِكَ جَزَآؤُهُمْ مَّغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَجَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ وَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ﴿۱۳۶﴾ (پارہ 4۔ سورۃ آل عمران آیت نمبر 135-36)

ترجمہ کنزالایمان: اور وہ کہ جب کوئی بے حیائی (برائی میں حد سے بڑھے) یا اپنی جانوں پر ظلم کریں (گناہوں کے مرتکب ہوں) اللہ کو یاد کر کے اپنے گناہوں کی معافی چاہیں اور گناہ کون بخشے سوا اللہ کے، اور اپنے کیے (گناہوں) پر جان بوجھ کر اڑ نہ جائیں، (ڈٹے نہ رہیں) ایسوں کو بدلہ ان کے رب کی بخشش اور جنتیں ہیں جن کے نیچے نہریں رواں ہمیشہ ان میں رہیں اور کامیوں (نیک لوگوں) کا اچھا نیک (انعام) ہے۔

گناہ پر ندامت

ان آیات کریمہ کے شان نزول کے متعلق چند روایات ہیں ایک تو یہ کہ ایک انصاری اور ایک ثقفی گہرے دوست تھے اور ان کا آپس میں بہت ہی بھائی چارہ تھا ایک مرتبہ وہ ثقفی نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ کسی غزوہ میں شریک ہونے کے لیے روانہ ہوئے اور اپنا گھر بار اور سودا سلف کا انتظام اپنے انصاری دوست کے سپرد کر گئے چنانچہ ان انصاری دوست کا ثقفی کے گھر بار کے انتظامات کی وجہ سے پردے میں رہتے ہوئے

Marfat.com

ان کے گھر آنا جانا ہوتا ایک دن کوئی سودا پہنچانے ثقفی دوست کے گھر گئے ثقفی کی زوجہ نے سودا لینے کے لیے اندر سے ہاتھ باہر نکالا تو ان انصاری نے بڑھ کر انکے ہاتھ بوسہ لے لیا مگر پھر فوراہی سخت نادم اور شرمندہ ہوئے اور اس پیشمانی کی حالت میں جنگل کا رخ کیا وہ اپنے سر پر خاک ڈالتے تھے اور منہ پر طمانچے مارتے تھے کہ ہائے یہ مجھ سے کیا غضب ہو گیا کہ میں اپنے غازی بھائی کی خیانت کا مرتکب ہوا کئی روز اسی حالت میں گزر گئے یہاں تک کہ ثقفی جہاد سے لوٹ آئے پھر اپنی زوجہ سے اپنے انصاری دوست کا احوال معلوم کیا تو زوجہ بولیں اللہ کسی کو ایسا بھائی اور دوست نہ دے پھر تمام واقعہ کہہ سنایا چنانچہ ثقفی یہ سن کر انصاری کی تلاش میں نکلے یہاں تک کہ انھیں پہاڑوں پر سجدے کی حالت میں زار و قطار روتے ہوئے اور اپنی خطا پر سخت ندامت کا اظہار کرتے ہوئے پایا یہ دیکھ کر ثقفی کی آنکھوں میں بھی آنسو بہنے لگے ایسا لگتا تھا کہ جیسا پہاڑ بھی ان انصاری کے ساتھ رو رہے ہیں پھر ثقفی نے انصاری کو سجدے سے اٹھایا اور گلے سے لگا لیا اور ان سے کہا کہ آؤ چلو بارگاہ بے کس پناہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں چلتے ہیں جہاں ہر درد کی دوا ملتی ہے ابھی یہ دونوں مسجد نبوی میں آئے ہی تھے کہ یہ آیت کریمہ نازل ہوئیں۔

ایک اور روایت کے مطابق مدینہ منورہ میں ایک شخص تھے جنکی کھجوروں کی دکان تھی چنانچہ ایک مرتبہ ان کی دکان پر ایک خوبصورت عورت کھجور لینے آئی انہوں نے اس عورت سے کہا کہ یہ کھجوریں تو اچھی نہیں عمدہ کھجوریں گھر میں ہیں وہاں سے لے لو چنانچہ یہ بہانہ کر کے اس عورت کو گھر میں لے گئے اور اس کا بوسہ لے لیا عورت نے ان سے کہا اے بندہ خدا سے ڈر کل اللہ کو کیا جواب دے گا اللہ عزوجل کا نام سنتے ہی وہ اللہ کے خوف سے لرز اٹھے اور سخت نادم اور شرمندہ ہوئے اور اسی پیشمانی کی حالت میں بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہوئے تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لَا تَهِنُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَ اَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۳۹﴾ اِنْ يَّمْسَسْكُمْ قَرْحٌ فَقَدْ مَسَّ الْقَوْمَ قَرْحٌ مِّثْلُهٗ ؕ وَ تِلْكَ الْاَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاسِ ۚ وَ لِيَعْلَمَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ يَتَّخِذَ مِنْكُمْ شُهَدَآءَ ؕ وَ اللّٰهُ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۴۰﴾ وَ لِيُمَحِّصَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ يَمْحَقَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۴۱﴾ (پارہ 4۔ سورۃ آل عمران آیت نمبر 141)

ترجمہ کنزالایمان: اور نہ سستی کرو اور نہ غم کھاؤ (نہ دل ہارو) تم ہی غالب آؤ گے

Marfat.com

(کافروں پر) اگر ایمان رکھتے ہو، اگر تمہیں کوئی تکلیف پہنچی تو وہ لوگ بھی (کفار بھی پہلے جنگ میں) ویسی ہی تکلیف پا چکے ہیں اور یہ دن ہیں (فتح وشکست کے) جن میں ہم نے لوگوں کے لیے باریاں رکھی ہیں (دن بدلتے رہتے ہیں) اور اس لئے کہ اللہ پہچان کرادے (تم پر ظاہر کردے) ایمان والوں کی اور تم میں سے کچھ لوگوں کو شہادت کا مرتبہ دے اور اللہ دوست (محبوب) نہیں رکھتا ظالموں کو، اور اس لئے کہ اللہ مسلمانوں کا (انہیں منافقین سے الگ کر دے) نکھار دے اور کافروں کو مٹا دے۔

اونچا تو صرف اللہ ہی ہے

ان آیات کریمہ کے متعلق چند روایات ہیں جو درج ذیل ہیں:

ایک روایت یہ ہے کہ جب جنگ احد میں ابوسفیان جو مشرکین مکہ سے تھے اپنی ظاہری فتح سے دھوکہ کھا کر اس ارادے سے واپس جنگ کے میدان کی طرف پلٹے کہ مسلمانوں کو صفحہ ہستی سے مٹا دیں گے چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے غزوہ احد کے زخمی مجاہدین کو دوبارہ دشمن سے نبرآزما ہونے کے لئے روانہ ہونے کا حکم فرمایا اور انھیں حکم فرمایا کہ دشمن کی فوج کا پتہ لگائیں کہ وہ کہاں ہیں جب مجاہدین کو اس پر پریشانی محسوس ہوئی چنانچہ جب یہ آیت کریمہ نازل ہوئیں۔

ایک دوسری روایت کے مطابق غزوہ احد میں جبکہ مسلمان افراتفری کا شکار ہو گئے اور وہ ہمت وحوصلہ ہارنے لگے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مسلمانوں کو اس حالت کو ملاحظہ فرما کر بارگاہ الہیٰ میں مدد کی دعا فرمائی کہ یا اللہ تو ہی ہماری اصل طاقت اور قوت ہے اس وقت ان مسلمانوں کے علاوہ کوئی نہیں جو دنیا میں تیری عبادت کرتا ہو چنانچہ اس موقعہ ہر یہ آیت کریمہ نازل ہوئیں۔

بعض روایات کے مطابق جنگ احد ختم ہونے کے بعد ابوسفیان جو اس وقت مشرکین مکہ میں سے تھے انہوں نے تین بار پکارا کیا قوم میں محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں؟ پھر پکارا کیا قوم میں ابوبکر ہیں پھر پکارا کیا قوم میں عمر بن خطاب ہیں؟ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے فرمایا کہ خاموش رہو پھر جب ادھر خاموشی رہی تو ابوسفیان خوشی سے بولے کہ تینوں قتل کر دیئے گے یہ سن کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ خاموش نہ رہ سکے اور بول پڑے کہ اے اللہ کے دشمنو یہ تینوں زندہ ہیں اور تمھاری راہ میں رکاوٹ بنے رہینگے اور تمھاری آنکھ میں کھٹکتے رہینگے یہ سن کر ابوسفیان فخریہ گانے لگا کہ اے ہبل اونچا ہو جا اونچا ہو جا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ جواب دو کہ ہبل بے چارہ کیا اونچا ہوگا اونچا تو صرف اللہ ہی ہے ابوسفیان بولے ہمارے پاس تو عزی بت ہے

Marfat.com

جبکہ تمھارے پاس کچھ بھی نہیں ہے تو حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ جواب دو ہمارا مولیٰ اور وارث اللہ عزوجل ہے ہاں تمھارا کوئی وارث نہیں تب ابوسفیان بولے کہ بدر کا بدلہ ہو گیا ہم تم برابر ہو گئے تو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ بولے کہ ہرگز نہیں ہمارے مقتول تو شہید اور جنتی ہیں جبکہ تمھارے مقتول مردہ اور جہنمی ہیں پھر برابری کیسی؟ تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی جس میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی تائید فرمائی گئی۔ (تفسیر کبیر تفسیر روح المعانی تفسیر خازن تفسیر صاوی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ؕ اَفَاْئِنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ ؕ وَمَنْ يَّنْقَلِبْ عَلٰى عَقِبَيْهِ فَلَنْ يَّضُرَّ اللّٰهَ شَيْـًٔا ؕ وَسَيَجْزِى اللّٰهُ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۱۴۴﴾ (پارہ4۔سورۃ آل عمران آیت نمبر 144)

ترجمہ کنزالایمان: اور محمد تو ایک رسول ہیں ان سے پہلے اور رسول ہو چکے تو کیا اگر وہ انتقال فرمائیں یا شہید ہوں تو تم الٹے پاؤں پھر جاؤ گے اور جو الٹے پاؤں پھرے گا (جہاد یا اسلام سے) اللہ (یا اللہ کے دین کا) کا کچھ نقصان نہ کرے گا، اور عنقریب اللہ شکر والوں کو صلہ دے گا۔

افواہ

غزوہ احد کے موقعہ پر جب عبداللہ بن قمیعہ یا عتبہ بن ابی وقاص نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو زخم پہنچائے جس سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا چہرہ مبارک زخمی ہو گیا پھر وہ شہید کرنے کے ارادے سے آگے بڑھا تو حضرت معصب ابن عمیر نے آگے بڑھ کر اس کا وار خود پر روکا اور وہ شہید ہو گئے تو وہ خوشی سے چیخا کہ میں نے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو قتل کر دیا ہے یہ افواہ مدینہ منورہ پہنچی تو منافقین مدینہ مسلمانوں کو ورغلانے لگے کہ جن کی وجہ سے تم اپنا پرانا باپ دادا کا دین چھوڑا تھا وہ تو رہے ہی نہیں اگر وہ سچے نبی ہوتے تو کفار کے ہاتھوں کیوں کر قتل ہوتے لہٰذا اب اپنے پرانے باپ داداؤں کے دین کی طرف واپس لوٹ چلو اس پر بعض ضعیف العقیدہ ونو مسلم کہنے لگے کہ ہمیں ابن ابی منافق کے ذریعے ابوسفیان سے امان دلوا دو ہم ان کی اطاعت پر راضی ہو جائیں گے مگر راسخ العقیدہ مسلمان منافقین کی یہ بات سنتے ہی بول پڑے کہ اگر رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شہید ہو بھی گئے تو کیا ہوا ہمارا رب تو زندہ ہے اور رہے گا ہم ہرگز یہ سچا دین نہ چھوڑیں گے پھر سب سے پہلے حضرت کعب بن مالک نے نبی

Marfat.com

کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خوشخبری مسلمانوں تک پہنچائی پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مسلمانوں سے فرمایا کہ اے مسلمانوں میرے پاس آجاؤ چنانچہ مسلمان آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں آکر جمع ہو گئے تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی جس میں راسخین کی تائید منافقین کی تردید اور ضعفاء پر عتاب فرمایا گیا۔

(تفسیر خازن تفسیر کبیر تفسیر روح المعانی تفسیر روح البیان تفسیر صاوی وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تُطِیْعُوا الَّذِیْنَ كَفَرُوْا یَرُدُّوْكُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ فَتَنْقَلِبُوْا خٰسِرِیْنَ ○ بَلِ اللّٰهُ مَوْلٰىكُمْ ۚ وَهُوَ خَیْرُ النّٰصِرِیْنَ ○

(پارہ4۔سورۃ آل عمران آیت نمبر 149-50)

ترجمہ کنزالایمان: اے ایمان والو! اگر تم کافروں کے کہے پر چلے (ان کی بات مانے) تو وہ تمہیں الٹے پاؤں لوٹا دیں گے (کفر کی طرف) پھر ٹوٹا کھا کے (آخرت کا نقصان اٹھا کر) پلٹ جاؤ گے (کفر کی طرف) بلکہ اللہ تمہارا مولا ہے اور وہ سب سے بہتر مددگار۔

مسلمانوں کی ہمتیں توڑنے کی کوشش

جب جنگ احد میں کافروں کو بظاہر مسلمانوں پر غلبہ ہوا اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے شہادت کی افواہ اڑ گئی تو عبداللہ بن ابی منافق ضعفاء مومنین سے کہنے لگا کہ چلو ابوسفیان کے پاس جا کر اپنی جان و مال کی امان لے لیں اور اس کی اطاعت قبول کر لیں ہم تو پہلے ہی کہتے تھے کہ دین اسلام سچا مذہب اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سچے نہیں ورنہ وہ کفار کے ہاتھوں قتل نہ کئے جاتے پھر اور منافقین بھی اس کی تائید میں بولے کہ اسلام تو ایک نیا اور عارضی دین تھا جو آج اپنے انجام کو پہنچا چلو اپنے پرانے آباؤ واجداد کے دین کی طرف لوٹتے ہیں اور اپنے پرانے بھائیوں سے جا ملتے ہیں اور اب ان ہی کے ساتھ زندگی گزارنے کا تہیہ کرتے ہیں چنانچہ تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

بعض دوسری روایات کے مطابق یہود مدینہ کی مسلسل یہ کوشش تھی کہ وہ کسی طرح نومسلموں کو اسلام سے متعلق وسوسوں اور شکوک وشبہات میں مبتلا کر دیں اور کسی طرح انھیں اسلام سے پھیر دیں چنانچہ ان کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ تفسیر نعیمی کے مطابق یہ بھی ہوسکتا ہے ان یہودیوں نے احد کے اس واقعہ سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ان مسلمانوں کو اسلام سے متعلق شکوک وشبہات ڈالنے کی کوشش کی ہو لہذا ان دونوں روایتوں

Marfat.com

میں کوئی تعارض نہیں۔ (تفسیر کبیر تفسیر مدارک تفسیر صاوی تفسیر بیضاوی تفسیر روح المعانی تفسیر نعیمی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سَنُلْقِیْ فِیْ قُلُوْبِ الَّذِیْنَ كَفَرُوا الرُّعْبَ بِمَآ اَشْرَكُوْا بِاللّٰهِ مَا لَمْ یُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا ۚ وَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ؕ وَبِئْسَ مَثْوَى الظّٰلِمِیْنَ ﴿۱۵۱﴾

(پارہ4۔سورۃ آل عمران آیت نمبر 151)

ترجمہ کنزالایمان: کوئی دم جاتا ہے (عنقریب) کہ ہم کافروں کے دلوں میں رعب (ہیبت وگھبراہٹ) ڈالیں گے کہ انہوں نے اللہ کا شریک ٹھہرایا جس پر اس نے کوئی سمجھ (دلیل) نہ اتاری اور ان کا ٹھکانا دوزخ ہے، اور کیا برا ٹھکانا ناانصافوں کا۔

مسلمانوں کا رعب ودبدبہ

غزوہ احد کے بعد جب ابوسفیان واپس پلٹے تو راستے میں اپنے ساتھیوں سے کہنے لگے کہ ہم سے غلطی ہو گئی جب ہمیں مسلمانوں پر غلبہ حاصل ہو ہی گیا تھا تو ہمیں چاہیے تھا کہ ہم مسلمانوں کو صفحہ ہستی سے ہی مٹا دیتے اور اسلام کا جڑ سے خاتمہ کر دیتے چلو واپس پلٹو اسلام کو سرے سے مٹا کر آئیں چنانچہ ایک بدوی کو کچھ رقم بطور اجرت دی جائے کہ جا کر مسلمانوں سے کہہ دو کہ سنبھل جائیں ہم پھر تم پر حملہ آور ہو رہے ہیں چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے زخمی مجاہدین کو دشمن کے خلاف مقابلے پر نکلنے کا حکم فرمایا لہٰذا یہ حضرات اپنے زخموں پر پٹیاں باندھ کر ابوسفیان کے مقابل نکل کھڑے ہوئے یہاں تک کہ منزل حمراء اسد پر پہنچ گئے مگر کا دور دور تک پتہ نہ تھا چنانچہ اس منزل پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر روح المعانی وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَلَقَدْ صَدَقَكُمُ اللّٰهُ وَعْدَهٗۤ اِذْ تَحُسُّوْنَهُمْ بِاِذْنِهٖ ۚ حَتّٰۤى اِذَا فَشِلْتُمْ وَتَنَازَعْتُمْ فِی الْاَمْرِ وَعَصَیْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَاۤ اَرٰىكُمْ مَّا تُحِبُّوْنَ ؕ مِنْكُمْ مَّنْ یُّرِیْدُ الدُّنْیَا وَمِنْكُمْ مَّنْ یُّرِیْدُ الْاٰخِرَةَ ۚ ثُمَّ صَرَفَكُمْ عَنْهُمْ لِیَبْتَلِیَكُمْ ۚ وَلَقَدْ عَفَا عَنْكُمْ ؕ وَاللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ عَلَى الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۱۵۲﴾

(پارہ4۔سورۃ آل عمران آیت نمبر 152)

Marfat.com

ترجمہ کنزالایمان: اور بیشک اللہ نے تمہیں سچ کر دکھایا اپنا وعدہ جب کہ تم اس کے حکم سے کافروں کو قتل کرتے تھے یہاں تک کہ جب تم نے بزدلی کی اور حکم میں جھگڑا ڈالا (حکم پر اختلاف کیا) اور نافرمانی کی بعد اس کے کہ اللہ تمہیں دکھا چکا تمہاری خوشی کی بات (کفار کا بھاگنا اور مالِ غنیمت) تم میں کوئی دنیا (مالِ غنیمت) چاہتا تھا اور تم میں کوئی آخرت (کا ثواب) چاہتا تھا پھر تمہارا منہ ان (کفار) سے پھیر دیا کہ تمہیں آزمائے اور بیشک اس نے تمہیں معاف کر دیا، اور اللہ مسلمانوں پر فضل کرتا (عمل سے بڑھ کر ثواب عطا کرتا) ہے۔

صحابہ کا غور کرنا

جب صحابہ کرام کو غزوہ احد میں کفار کے ہاتھوں ہزیمت اٹھانی پڑی اور وہ جنگ ختم ہونے کے بعد واپس مدینہ منورہ پلٹے تو بعض آپس میں انہی کوتاہیوں پر غور وخوص کرتے ہوئے کہنے لگے کہ ہم سے رب تعالیٰ نے بھی وعدہ فرمایا تھا کہ فتح نصیب ہوگی اور رسول نے بھی ہم سے فتح کا وعدہ فرمایا تھا۔ سوچو کہ ہم سے کیا کوتاہی ہوئی جس کے سبب اس وعدے کا ظہور نہ ہوا اور ہمیں شکست ہوئی تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر کبیر تفسیر روح المعانی تفسیر روح البیان تفسیر صاوی تفسیر خازن تفسیر نعیمی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغْشٰى طَآئِفَةً مِّنْكُمْ ۙ وَ طَآئِفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ؕ يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَيْءٍ ؕ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ ؕ يُخْفُوْنَ فِيْۤ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا يُبْدُوْنَ لَكَ ؕ يَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا ؕ قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ ۚ وَ لِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَ لِيُمَحِّصَ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ؕ وَ اللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۱۵۴﴾ (پارہ4۔سورۃ آل عمران آیت نمبر 154)

ترجمہ کنزالایمان: پھر تم پر غم کے بعد چین کی نیند (غنبی پرسکون نیند) اتاری کہ تمہاری (مسلمانوں کی) ایک جماعت کو گھیرے تھی اور ایک گروہ (کفار ومنافقین) کو اپنی جان کی پڑی

Marfat.com

تھی اللہ پر بے جا گمان (بدگمانی) کرتے تھے جاہلیت (مشرکین) کے سے گمان، کہتے کیا اس کام (مشورے) میں کچھ ہمارا بھی اختیار ہے (کہ مانا جائے) تم فرمادو کہ اختیار تو سارا اللہ کا ہے اپنے دلوں میں چھپاتے ہیں (بدعقیدگیاں) جو تم پر ظاہر نہیں کرتے کہتے ہیں، ہمارا کچھ بس ہوتا (تو ہم گھروں میں ہی رہ جاتے) تو ہم یہاں نہ مارے جاتے، تم فرمادو کہ اگر تم اپنے گھروں میں ہوتے جب بھی جن کا مارا جانا لکھا جاچکا تھا اپنی قتل گاہوں تک نکل آتے اور اس لئے کہ اللہ تمہارے سینوں کی بات آزمائے اور جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے اسے کھول دے (تمہارا نفاق ظاہر ہوجائے) اور اللہ دلوں کی بات جانتا ہے۔

نزولِ سکینہ

مشرکین مکہ جب میدان احد سے پلٹنے لگے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہنے لگے کہ اگلے سال ہم پھر بدر میں آپ کے مقابل آئینگے مسلمانوں کو اس بات کا خدشہ لاحق ہوا کہیں یہ کفار جاتے جاتے مدینہ پر حملہ نہ کردیں چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک شخص دشمن کی خبر گیری کے لیے روانہ کیا اس شخص نے آکر اطلاع دی کہ وہ لوگ تیزی سے اپنا سامان باندھ کر اونٹوں پر لاد رہے ہیں اور بھاگنا چاہتے ہیں چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ وہ گئے اب حملہ کا کوئی خطرہ نہیں چنانچہ مسلمانوں کا اضطراب ختم ہوا اور پرسکون ہوگئے اسی اثناء میں احد والوں کی دو جماعتیں ہوگئیں ایک مومنین کی اور ایک منافقین کی مومنین کی جماعت پر قدرتی طور پر اونگھ مسلط ہوگئی ان کی یہ حالت ہوگئی کہ اونگھ کے سبب بار بار تلوار ہاتھ سے چھوٹ جاتی تھی پھر اٹھاتے تھے پھر چھوٹ جاتی تھی حالانکہ وہ ابھی صف بستہ تھے مگر اونگھ سے جھوم رہے تھے جب کہ احد والوں کی دوسری جماعت یعنی منافقین کا یہ حال تھا کہ ان کی حالت تھکن اور پریشانی کے سبب انتہائی خراب تھی منتشر خیالات اور اترے ہوئے چہرے نڈھال جسم نیند و اونگھ تو دور کی بات انھیں کسی پل چین وقرار نہ تھا بار بار یہی کہتے کہ ہم بلاوجہ یہاں آگئے ہم تو پہلے ہی کہتے تھے کہ مدینہ میں رہ کر مدافعانہ جنگ کی جائے اور کبھی یہ کہتے نظر آتے کہ نہ مسلمان یہاں کا رخ کرتے نہ اس طرح مارے جاتے غرض اس دن مومنین تو چین وسکون سے تھے جبکہ منافقین بدحواسی و پریشانی میں مبتلا تھے یہی مومنین ومخلص کی پہچان تھی چنانچہ یہی حالات بتانے کیلئے اس وقت یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر روح المعانی، تفسیر خازن)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ لِنْتَ لَهُمْ ۚ وَ لَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِيْظَ الْقَلْبِ لَا نْفَضُّوْا مِنْ حَوْلِكَ ۪ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمْ وَشَاوِرْهُمْ فِي الْاَمْرِ ۚ فَاِذَا عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِيْنَ ﴿۱۵۹﴾ (پارہ4۔سورۃ آل عمران آیت نمبر 159)

ترجمہ کنزالایمان: توکیسی کچھ اللہ کی مہربانی ہے کہ اے محبوب! تم ان کے لئے نرم دل ہوئے اور اگر تند مزاج سخت دل ہوتے تو وہ ضرور تمہارے گرد (تمھاری بارگاہ) سے پریشان (منتشر) ہوجاتے تو تم انہیں معاف فرماؤ اور ان کی شفاعت کرو اور کاموں میں ان سے مشورہ لو اور جو کسی بات کا ارادہ پکا کرلو (مصمم ارادہ کرلو) تو اللہ پر بھروسہ کرو (اسباب پر نہیں) بیشک توکل والے اللہ کو پیارے ہیں۔

اخلاقِ کریمانہ کی تعریف

جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے اپنے دو ساتھیوں کے ساتھ مدینہ لوٹ آنے سے متعلق بغرض شکایت حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کی زوجہ محترمہ بعد غزوہ احد بارگاہ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہوئیں اور اپنے شوہر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شکایت کرنے لگیں کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عفان کے بیٹے نے یہ کیسی حرکت کی کہ آئندہ کسی امامت وکلیدی کے عہدے کے قابل نہ رہے اسی وقت نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت علی رضی اللہ عنہ اپنے ہتھیار دھو رہے تھے حضرت علی رضی اللہ عہنہ نے بھی حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی زوجہ سے فرمایا کہ ہاں آج ہم کو عثمان نے رسوا کردیا اس پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان دونوں کو خاموش رہنے کے لیے فرمایا اور ارشاد فرمایا کہ اب اور کچھ نہ کہنا پھر جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ حاضر ہوئے تو انھیں دیکھ کر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تبسم فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ اے بھائی تم اس دن بہت دور چلے گئے تھے چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس اخلاق کریمانہ کر تعریف میں آکر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر کبیر وغیرہ)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَمَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّغُلَّ ؕ وَمَنْ يَّغْلُلْ يَاْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۚ ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۱۶۱﴾ (پارہ4۔سورۃ آل عمران آیت نمبر 161)

ترجمہ کنزالایمان: اور کسی نبی پر یہ گمان نہیں ہوسکتا کہ وہ کچھ چھپا رکھے (خیانت

Marfat.com

کرے) اور جو (خائن) چھپا رکھے (خیانت کرے) وہ قیامت کے دن اپنی چھپائی چیز (خیانت کیا ہوا مال) لے کر آئے گا پھر ہر جان کو ان کی کمائی (اعمال کی جزا) بھر پور دی جائے گی اور ان پر ظلم نہ ہوگا۔

مال غنیمت

اس آیت کریمہ کے چند شان نزول روایات کئے گے ہیں جو درج ذیل ہیں:

ایک تو یہ کہ جنگ بدر کے موقعہ پر مال غنیمت میں سے ایک چادر گم ہوگئی جو تلاش کے باوجود نہ ملی بعض منافقین کہنے لگے کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وہ چادر خود رکھ لی ہوگی ان منافقین کی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

ایک دوسری روایت کے مطابق جنگ احد کے موقعہ پر جب مشرکین مکہ شکست کھا کر بھاگنے لگے درہ کی حفاظت پر معمور مسلمانوں نے جب یہ دیکھا کہ باقی مسلمان ان کا پیچھا کر رہے ہیں اور ان کی غنیمتیں لوٹ رہے ہیں تو یہ حضرات بھی ان غنیمتوں کو لوٹنے کے لیے درہ چھوڑ کر غنیمتیں لوٹنے میں مصروف ہو گئے کہ ہوسکتا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ فرمادیں کہ جس نے جو جو غنیمتں لوٹی ہیں وہ اسی کی ہیں تو اگر ہم درہ پر ہی رہے تو غنیمتں حاصل کرنے سے محروم رہ جائیں گے چنانچہ اس موقعہ پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

ایک اور روایت کے مطابق ایک جہاد میں بعض بڑے لوگوں نے اس خواہش کا اظہار کیا کہ ہم عام لوگوں سے برتر ہیں لہٰذا ہمیں غنیمت میں بھی زیادہ حصہ دیا جائے چنانچہ ان کی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

بعض کے مطابق ایک جہاد میں جب مسلمانوں کو فتح ہوئی تو غنیمت تقسیم میں کچھ تاخیر ہوگئی اس پر بعض لوگ کہنے لگے کہ شاید غنیمت تقسیم نہ کی جائے اس پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کی اس غلط فہمی کو دور فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا کہا گر ہمارے پاس احد پہاڑ جتنا بھی سونا غنیمت میں حاصل ہو تب بھی ہم یہ تم سب میں تقسیم فرمائیں گے ایسا کبھی نہ ہوگا کہ تمھاری غنیمت ہم رکھ لیں اور تمھیں کچھ نہ دیں یہ خیانت ہے اور اللہ تعالیٰ کے نبی خیانت سے پاک ہیں اللہ نے انھیں خیانت سے محفوظ رکھا ہے اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر روح البیان، تفسیر بیضاوی وغیرہ)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَفَمَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَ اللّٰهِ كَمَنْۢ بَآءَ بِسَخَطٍ مِّنَ اللّٰهِ وَمَاْوٰىهُ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۱۶۲﴾ هُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶۳﴾

(پارہ4۔سورۃ آل عمران آیت نمبر 162-63)

ترجمہ کنزالایمان: تو کیا جو اللہ کی مرضی پر چلا وہ اس جیسا ہوگا جس نے اللہ کا غضب اوڑھا (غضب کا حقدار بنا) اور اس کا ٹھکانا جہنم ہے، اور کیا بری جگہ پلٹنے کی، وہ اللہ کے یہاں درجہ درجہ ہیں اور اللہ ان کے کام دیکھتا ہے۔

مخلصین ومنافقین میں فرق

جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے غزوہ احد کے لیے مسلمانوں کو روانگی کا حکم فرمایا تو مخلص مومنین نے فوراً حکم کی تکمیل کی اور احد کی طرف روانہ ہو گئے جبکہ بعض منافقین مجبوراً روانہ ہوئے مگر بعد میں واپس لوٹ آئے جبکہ بعض منافقین تو گئے ہی نہیں چنانچہ ان مومنین اور منافقین کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر خازن، تفسیر روح المعانی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا ؕ بَلْ اَحْيَآءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ ﴿۱۶۹﴾ فَرِحِيْنَ بِمَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۙ وَيَسْتَبْشِرُوْنَ بِالَّذِيْنَ لَمْ يَلْحَقُوْا بِهِمْ مِّنْ خَلْفِهِمْ ۙ اَلَّا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۱۷۰﴾ يَسْتَبْشِرُوْنَ بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۷۱﴾

(پارہ4۔سورۃ آل عمران آیت نمبر 169-71)

ترجمہ کنزالایمان: اور جو اللہ کی راہ میں مارے گئے ہرگز انہیں مردہ نہ خیال کرنا، بلکہ وہ اپنے رب کے پاس زندہ ہیں روزی پاتے ہیں شاد (خوش) ہیں اس پر جو اللہ نے انہیں اپنے فضل سے دیا اور خوشیاں منا رہے ہیں اپنے پچھلوں کی جو ابھی ان سے نہ ملے (جو ابھی شہید نہیں ہوئے) کہ ان پر نہ کچھ اندیشہ ہے اور نہ کچھ غم، خوشیاں مناتے ہیں اللہ کی نعمت اور فضل کی اور یہ کہ اللہ ضائع نہیں کرتا اجر مسلمانوں کا۔

Marfat.com

شہداء کا اکرام

ان آیت کریمہ کے شان نزول متعلق چند روایات ہیں۔ایک تو یہ کہ یہ آیت کریمہ غزوہ بدر کے شہداء کے متعلق نازل ہوئی جن میں چھے مہاجر اور چھیاٹھ انصار شامل تھے۔

بعض روایات کے مطابق نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہ سے فرمایا کہ تمھارے جو بھائی جنگ احد میں شہید ہوئے اللہ تعالیٰ نے ان کی روحوں کی سبز پرندوں کے رکھا وہ جنت کی نہروں پر سیر کرتی جاتی ہیں اور جو چاہیں وہاں سے پھل کھاتی ہیں اور عرش کے نیچے لٹکی ہوئی سبزی قندیلوں میں رہتی ہیں انہوں نے بارگاہ الٰہی میں عرض کیا کے اے کاش ہمارے اس عیش وآرام کی خبر دنیا میں ہمارے بھائیوں کو مل جائے تا کہ وہ جہاد میں سستی نہ کریں چنانچہ رب تعالیٰ نے فرمایا یہ خبر ہم پہنچا دیتے ہیں لہٰذا یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔دیگر روایات میں آیا ہے کہ حضرت جابر ابن عبداللہ رضی اللہ عنہ کو دل شکستہ دیکھ کر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کیوں پریشان ہو انہوں نے عرض کیا میرے والد احد میں شہید ہو گے وہ بہت قرض چھوڑ گئے ہیں اس کے علاوہ وہ بال بچے بھی چھوڑ گئے ہیں ان سب کا بار مجھ پر ہے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ میں تمھیں ایک خوشخبری سناؤں وہ عرض گزار ہوئے جی ہاں یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ہر کسی سے حجاب میں ہی کلام فرمایا سوائے تمھارے والد کے کہ انھیں اپنا دیدار کی نعمت عطا فرمائی اور کلام فرمایا کہ اے میرے بندے مجھ سے کچھ مانگ انہوں نے عرض کیا اے میرے مولیٰ مجھے پھر زندہ فرما کر دنیا میں بھیج تا کہ میں پھر تیری راہ میں جہاد کروں اور مارا جاؤں ارشاد باری ہوا کہ بعد موت ہم کسی کو دنیا میں واپس نہیں بھیجتے تو تمھارے والد نے بارگاہ الٰہی میں عرض کی اچھا پھر خبر دنیا میں بھیج دے کہ تو نے میرا اتنا احترام واکرام فرمایا تو رب تعالیٰ نے فرمایا تمھاری دعائیں قبول فرماتے ہیں چنانچہ یہ آیت کریمہ نازل ہوئی بعض روایات میں آیا ہے کہ جب کچھ نجدی لوگ تبلیغ دین کے بہانے اپنے ساتھ ستر (۷۰) قاریوں کو لے گئے اور مقام بیر معونہ پر انھیں بے دردی سے شہید کر دیا ان کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔(تفسیر خازن، تفسیر کبیر، تفسیر صاوی، تفسیر روح البیان تفسیر روح المعانی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلَّذِیْنَ اسْتَجَابُوْا لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ مِنْۢ بَعْدِ مَاۤ اَصَابَهُمُ الْقَرْحُ ۛ لِلَّذِیْنَ اَحْسَنُوْا مِنْهُمْ وَاتَّقَوْا اَجْرٌ عَظِیْمٌ ﴿۱۷۲﴾ (پارہ4۔سورۃ آل عمران آیت نمبر 172)

ترجمہ کنزالایمان: وہ جو اللہ ورسول کے بلانے پر حاضر ہوئے بعد اس کے کہ انہیں زخم

Marfat.com

پہنچ چکا تھا ان کے نکوکاروں اور پرہیز گاروں کے لئے بڑا ثواب ہے۔

صحابہ کی اطاعت

غزوہ احد کے بعد جب ابوسفیان نے ظاہری غلبہ حاصل کیا تو مکہ معظّمہ واپس ہوتے ہوئے مقام روحاء پر پہنچ کر اس خیال سے پچھتانے لگے کہ کاش اس غلبہ سے فائدہ اٹھا کر مسلمانوں کا کام تمام کر دینا چاہیے تھا اور اسلام کا درخت جڑ سے اکھڑ دینا چاہیے تھا چنانچہ اس خیال کے آتے ہی واپس حملہ کا ارادہ کیا جب اس کی اطلاع نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ہوئی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ابوسفیان سے مقابلے کے لیے نکلنے کا حکم فرمایا زخمی مجاہدین نے اپنے زخموں پر پٹیاں باندھیں بلکہ بعض تو پٹیاں بھی نہ باندھ سکے جوش وجذبے کے ساتھ یونہی کفار سے مقابلے کیلئے نکل کھڑے ہوئے۔ ادھر ابوسفیان کو جب معبد ابن ابی معبد خزاعی نے جو ابوسفیان کا گہرا دوست تھا مسلمانوں کے اس جوش وجذبے کے ساتھ ان کے مقابل نکلنے کی اطلاع دی اور کہا کہ واپس مکہ چلو ورنہ ہماری خیر نہیں تو ابوسفیان کا لشکر بھی اسی بات پر مصر ہوا کہ ہمیں مسلمانوں سے مقابلہ کرنے کے بجائے واپس لوٹ جانا چاہیے چنانچہ یہ لوگ واپس مکہ لوٹ گئے اور یوں مسلمانوں نے جب تین چار روز حمراء الاسد میں قیام کیا اور کوئی کافر مقابل نہ آیا تو یہ مہاجرین بخیریت واپس مدینہ منورہ واپس آ گئے اور ڈھیروں اجر وثواب کے مستحق ہوئے چنانچہ ان حضرات صحابہ کی تعریف میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ بعض روایات کے مطابق جب غازیانِ احد کے قدم اُکھڑ گئے اور وہ افر تفری کا شکار ہو کے منتشر ہو گئے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف سے اعلان کیا گیا جس میں مسلمانوں کو واپس بلایا گیا چنانچہ اعلان سن کر مسلمان نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس لوٹ آئے اور مسلمان شہیدوں کی نعشوں کو کفار کی دسترس سے بچایا اور یوں کفار سوائے حضرت سیدنا حمزہ رضی اللہ عنہ کی نعش مبارک کے سوا کسی کی نعش کا مثلہ نہ کر سکے چنانچہ یہ آیت کریمہ ان غازیان احد کے متعلق نازل ہوئی۔

(تفسیر کبیر، تفسیر روح المعانی، تفسیر خازن، تفسیر روح البیان، تفسیر صاوی، تفسیر مدارک تفسیر بیضاوی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلَّذِیْنَ قَالَ لَهُمُ النَّاسُ اِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا لَكُمْ فَاخْشَوْهُمْ فَزَادَهُمْ اِیْمَانًا ۖ وَّ قَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ ﴿۱۷۳﴾ فَانْقَلَبُوْا بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ لَّمْ یَمْسَسْهُمْ سُوْٓءٌ ۙ وَّ اتَّبَعُوْا رِضْوَانَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ عَظِیْمٍ ﴿۱۷۴﴾ اِنَّمَا ذٰلِكُمُ الشَّیْطٰنُ یُخَوِّفُ اَوْلِیَآءَهٗ ۪ فَلَا تَخَافُوْهُمْ وَخَافُوْنِ اِنْ كُنْتُمْ

Marfat.com

مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۷۵﴾ (پارہ4۔سورۃ آل عمران آیت نمبر 173-75)

ترجمہ کنزالایمان: وہ جن سے لوگوں (کفار کے ایجنٹوں) نے کہا کہ لوگوں (کفار) نے تمہارے لئے جتھا جوڑا (لشکر جمع کر رکھا ہے) تو ان سے ڈرو (خوف کھاؤ) تو ان (مخلص مسلمانوں) کا ایمان اور زائد ہوا (بڑھ گیا) اور بولے اللہ ہم کو بس (کافی) ہے اور کیا اچھا کارساز تو پلٹے (جنگ سے) اللہ کے احسان اور فضل سے (عافیت اور ثواب کے) کہ انہیں کوئی برائی نہ پہنچی اور اللہ کی خوشی پر چلے اور اللہ بڑے فضل والا ہے وہ تو شیطان ہی ہے کہ اپنے دوستوں (منافقین) سے دھمکاتا ہے تو ان سے نہ ڈرو اور مجھ سے ڈرو اگر ایمان رکھتے ہو۔

عارضی فتح

ابوسفیان جب غزوہ احد سے ظاہری فتح حاصل کر کے لوٹنے لگے تو بولے کہ اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اگلے مقام پر بدر حضری میں اب ہماری تمھاری جنگ ہوگی حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرمان پر جواب دیا انشا اللہ ضرور۔ چنانچہ جب اگلے سال حسب وعدہ ابوسفیان اپنے لشکر کے ساتھ بدر کی طرف روانہ ہوئے تو بیچ راستے میں ہی قدرتی طور پر ان کے دل میں مسلمانوں کا رعب اور ہیبت چھا گئی کہ آگے جانے کا ارادہ ترک کر دیا اتفاقاً نعیم ابن مسعود کی جو ابھی مسلمان نہ ہوئے تھے ابوسفیان سے ملاقات ہوگئی ابوسفیان نے نعیم ابن مسعود سے کہا کہ تم ہمارا ایک کام کرو ہم اس کے بدلے تمہیں دس اونٹ بطور انعام دینگے وہ کام یہ ہے کہ پچھلے سال ہم نے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بدر حضریٰ میں جنگ کا وعدہ کیا تھا اور اسی ارادے سے نکلے تھے مگر اب یہ خیال آرہا ہے کہ یہ وقت جنگ کے لیے مناسب نہیں مگر مسئلہ یہ ہے کہ اگر مسلمان بدر میں پہنچ گئے اور ہم نہ پہنچے تو ہماری بڑی ذلت ہوگی لہٰذا تم مسلمانوں سے جا کر کہہ دو کہ ابوسفیان ایک لشکر جرار کے ساتھ جنگ کرنے آرہا ہے تمھیں اس کے مقابل سخت شکست کا سامنا ہوگا عزت اسی میں ہے کہ تم لوگ بدر کی طرف نہ جاؤ اور جنگ کا خیال دل سے نکال دو اس طرح ہمارا جنگ کے لیے نکلنا مشہور ہو جائے گا اور ہمارا راز راز ہی رہ جائے گا چنانچہ نعیم ابن مسعود نے مدینہ منورہ پہنچ کر ایسا ہی کیا اور مسلمانوں کو جنگ سے باز رہنے کی ترغیب دلائی مگر مسلمانوں نے یہ خبر سن کر کہا کہ اللہ عزوجل ہمارے ساتھ ہے چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک لشکر جرار کے ساتھ بدر حضریٰ پہنچے وہاں میدان صاف تھا دشمن کا دور دور تک پتہ نہ تھا قریب ہی ایک سالانہ میلہ لگا ہوا تھا جہاں مسلمانوں نے اپنے پاس موجود نقدی اور مال سے تجارت کی اور خوب زیادہ نفع کمایا ساتھ ہی میلے میں موجود قبائل کو دعوت اسلام بھی دی جس کی وجہ سے کئی قبیلوں نے اسلام قبول کر لیا اور یوں آٹھ دن کے بعد مسلمان شاداں و فرحاں

Marfat.com

اجروثواب اور دنیاوی نفع کما کر واپس مدینہ لوٹ آئے جب کہ ابوسفیان کی جماعت سارے عرب میں بدنام ہو گئی اس لشکر کا نام جیش السویق پڑ گیا یعنی ستو پینے والا لشکر جو کھاپی کر لوٹ آیا اس واقعہ سے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر صاوی، تفسیر خازن، تفسیر کبیر، تفسیر روح المعانی، تفسیر روح البیان، تفسیر مدارک، تفسیر بیضاوی وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ لَا یَحْزُنْكَ الَّذِیْنَ یُسَارِعُوْنَ فِی الْكُفْرِ ۚ اِنَّهُمْ لَنْ یَّضُرُّوا اللّٰهَ شَیْــٴًـا ؕ یُرِیْدُ اللّٰهُ اَلَّا یَجْعَلَ لَهُمْ حَظًّا فِی الْاٰخِرَةِ ۚ وَ لَهُمْ عَذَابٌ عَظِیْمٌ ﴿۱۷۶﴾

(پارہ 4۔ سورۃ آل عمران آیت نمبر 176)

ترجمہ کنزالایمان: اور اے محبوب! تم ان کا کچھ غم نہ کرو جو کفر پر دوڑتے (لپکتے) ہیں وہ اللہ (کے دین کا) کا کچھ نہ بگاڑیں گے اور اللہ چاہتا ہے کہ آخرت (کی نعمتوں) میں ان کا کوئی حصہ نہ رکھے اور ان کے لئے بڑا عذاب ہے۔

مشرکین کی ایذاءرسانی

مشرکین مکہ وقتاً فوقتاً مسلمانوں کو تنگ کرتے رہتے تھے چنانچہ ان کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

بعض روایات کے مطابق منافقین مدینہ مسلمانوں کو کفار مکہ سے ڈراتے رہتے تھے اور ان کے دلوں میں دین اسلام اور نبی آخری الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے متعلق شکوک وشبہات پیدا کرنے کیلئے ہر وقت کوشاں رہتے تھے چنانچہ ان کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ بعض کے مطابق کفار مکہ اسلام قبول کرنے کے بعد مشرکین عرب کی ایذاء رسائیوں کے خوف سے مرتد ہو کر دین اسلام سے پھر گئے جس کی وجہ سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سخت صدمہ پہنچا۔ چنانچہ اس صدمہ کے دفع کیلئے یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

ایک اور روایت کے مطابق علماء یہود و رؤسائے یہود جیسے کعب بن اشرف وغیرہ نے تورات میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صفت وصفات کو بدل دیا اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نبوت کا انکار کر دیا اور مسلمانوں کو بھی دین اسلام سے پھر جانے کی ترغیب دلاتے رہتے چنانچہ ان کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر کبیر، تفسیر روح المعانی، تفسیر خازن وغیرہ)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّمَا نُمْلِيْ لَهُمْ خَيْرٌ لِّاَنْفُسِهِمْ ؕ اِنَّمَا نُمْلِيْ لَهُمْ لِيَزْدَادُوْٓا اِثْمًا ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۱۷۸﴾ (پارہ4۔سورۃ آل عمران آیت نمبر 178)

ترجمہ کنزالایمان: اور ہرگز کافر اس گمان میں نہ رہیں کہ وہ جو ہم انہیں ڈھیل (مہلت) دیتے ہیں کچھ ان کے لئے بھلا (خیر) ہے، ہم تو اسی لئے انہیں ڈھیل دیتے ہیں کہ (غافل ہوکر) اور گناہ میں بڑھیں اور ان کے لئے ذلت کا عذاب ہے۔

کفار اور یہود کی خوش فہمی

کفار مکہ اور یہود مدینہ کا یہ کہنا تھا کہ اسلام تو یہ دعویٰ کرتا ہے کہ کفار و مشرکین آخرت میں کوئی حصہ نہ پائیں گے جبکہ حالت یہ ہے کہ ہمیں دنیا کی ہر نعمت مال اولاد جائیداد عہدہ مرتبہ عزت شہرت کی صورت میں ملی ہوئی ہے جبکہ مسلمانوں کے پاس ہمارے مقابلے میں کچھ بھی نہیں ہے اور دنیا آخرت کا نمونہ ہے جیسے جو یہاں ملا ہے وہی آخرت میں پائے گا لہٰذا ہم تو آخرت میں بھی اعلیٰ و عمدہ نعمتیں پائینگے اور مسلمان یہاں کی طرح وہاں بھی ان نعمتوں سے محروم رہینگے تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن، تفسیر روح المعانی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مَا كَانَ اللّٰهُ لِيَذَرَ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلٰى مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ حَتّٰى يَمِيْزَ الْخَبِيْثَ مِنَ الطَّيِّبِ ؕ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُطْلِعَكُمْ عَلَى الْغَيْبِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَجْتَبِيْ مِنْ رُّسُلِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۪ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ۚ وَاِنْ تُؤْمِنُوْا وَتَتَّقُوْا فَلَكُمْ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۷۹﴾

(پارہ4۔سورۃ آل عمران آیت نمبر 179)

ترجمہ کنزالایمان: اللہ مسلمانوں کو اس حال پر چھوڑنے کا نہیں (کہ مخلص اور منافقین پہچانے نہ جائیں) جس پر تم ہو جب تک جدا نہ کردے گندے (منافق) کو ستھرے (مخلص) سے اور اللہ کی شان یہ نہیں کہ اے عام لوگو! تمہیں غیب کا علم دے دے ہاں اللہ چن لیتا ہے اپنے رسولوں سے جسے چاہے (غیب کا علم دینے کے لیے) تو ایمان لاؤ اللہ اور اس کے رسولوں پر اور اگر ایمان لاؤ اور پرہیزگاری کرو تو تمہارے لئے بڑا ثواب ہے۔

Marfat.com

غیبوں پر خبردار

اس آیت کریمہ کے متعلق چند روایات ہیں ایک یہ کہ ایک مرتبہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا جیسے آدم علیہ اسلام پر روحیں پیش کی گئیں تھیں ایسے ہی عالم کی پیدائش سے قبل مجھ پر اور میری امت دعوت یعنی سب انسان پیش کئے گئے اور میں نے سب کو جان لیا کہ کون ایمان لائے گا اور کون کفر پر قائم رہے گا۔ جب اس بات کی اطلاح منافقین کو ملی تو از راہ تمسخر اپنی جماعت میں کہنے لگے کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تو ان لوگوں کو بھی جاننے کا دعویٰ کر رہے ہیں جو ابھی دنیا میں آئے ہی نہیں اور ہم جو عرصے سے آپ کے ساتھ ہیں تو ہمیں آج تک پہچانتے نہیں۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس بات پر مطلع ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے منبر شریف پر جلوہ افروز ہو کر اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا فرمائی پھر ارشاد فرمایا یا لوگ ہمارے علم پر طعن کرتے ہیں۔ آج ہم سے قیامت تک کی جو بات پوچھنا چاہو پوچھ لو تم جو پوچھو گے ہم بتا دیں گے تب حضرت عبداللہ ابن خذافہ سہمی رضی اللہ عنہ کھڑے ہو کر عرض گزار ہوئے یا رسول اللہ میرے والد کون ہیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تمھارے والد حذافہ ہیں اور پوچھو کیا پوچھنا چاہتے ہو تب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کھڑے ہو کر عرض گزار ہوئے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم اللہ کی ربوبیت، اسلام کے دین ہونے، قرآن کے حق ہونے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سچے نبی ہونے پر ایمان رکھتے ہیں ہمیں معافی عنایت فرما دیں۔ تب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کیا تم ایسے طعنوں سے باز رہو گے کیا تم باز رہو گے پھر منبر شریف سے نیچے تشریف لے گئے تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

ایک دوسری روایت کے مطابق ایک مرتبہ کفار و مشرکین نے کہا کہ اگر محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سچے نبی ہیں تو پھر ہمیں خبر دیں کہ ہم میں سے کون ایمان لائے گا اور کون کفر پر قائم رہے گا تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ بعض کے مطابق قریش بولے اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ بتایئے جنتی کون کون ہیں اور دوزخی کون کون ہیں اور ان کی تعداد کیا ہے اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ بعض روایات کے مطابق ایک مرتبہ مسلمانوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمیں ایسی علامات بتایئے کہ ہم مومن و کافر کو پہچان لیں تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ بعض مفسرین کے مطابق منافقین یہ دعویٰ کیا کرتے تھے کہ ہم صحابہ کرام کی طرح مخلص مومنین ہیں مگر غزوہ احد میں ان کا نفاق کھل کر سامنے آ گیا تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر روح المعانی، تفسیر خازن، تفسیر خزائن العرفان)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ بِمَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ هُوَ خَيْرًا لَّهُمْ ؕ بَلْ هُوَ شَرٌّ لَّهُمْ ؕ سَيُطَوَّقُوْنَ مَا بَخِلُوْا بِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ وَلِلّٰهِ مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۱۸۰﴾ ع (پارہ4۔سورۃ آل عمران آیت نمبر 180)

ترجمہ کنزالایمان: اور جو بخل کرتے ہیں اس چیز میں جو اللہ نے انہیں اپنے فضل سے دی ہرگز اسے (بخل کو) اپنے لئے اچھا نہ سمجھیں بلکہ وہ ان کے لئے برا ہے، عنقریب وہ (مال) جس میں بخل کیا تھا قیامت کے دن ان کے گلے کا طوق (پھندا) ہوگا اور اللہ ہی وارث (حقیقی مالک) ہے آسمانوں اور زمین کا اور اللہ تمہارے کاموں سے خبردار ہے۔

بخل کی نحوست

بعض مسلمان زکوٰۃ ادا نہیں کیا کرتے تھے یا دیتے تو تھے مگر پوری نہیں دیتے تھے چنانچہ ان کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ ایک روایت کے مطابق علماء یہود تورات کی وہ آیات لوگوں سے بیان نہ کیا کرتے تھے جن میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اوصاف بیان کئے گئے تھے اور وہ انہیں بیان کرنے میں بخل کیا کرتے تھے چنانچہ یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر روح المعانی، تفسیر خازن)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَلِلّٰهِ مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۱۸۰﴾ ع

(پارہ4۔سورۃ آل عمران آیت نمبر 180)

ترجمہ کنزالایمان: اور اللہ ہی وارث (حقیقی مالک) ہے آسمانوں اور زمین کا اور اللہ تمہارے کاموں سے خبردار ہے۔

صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو لئے تائید اور گواہی

ایک بار حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ یہود کے مدرسے میں گئے تو وہاں یہود کے بڑے بڑے علماء کو ملاحظہ کیا ان ہی میں سے ان کا پادری فخاص بن عازورا بھی موجود تھا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے مخاص کو مخاطب کر کے ارشاد فرمایا کہ اے فخاص اللہ سے ڈر اور اسلام قبول کر لے تو اچھی طرح جانتا ہے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہی سچے رسول ہیں جس کی بشارتیں تمھاری کتاب توریت میں دی گئی ہیں لہٰذا ایمان لے آ نماز قائم

Marfat.com

کر اور زکواۃ دے اور اللہ تعالیٰ کو قرض دے اجر وثواب کا حقدار بن جائے گا اس پر فخاص بولا کہ اگر ہم خدا کو قرض دیں تو ہم غنی ہوئے اور خدا فقیر۔ اور تمھارے رسول تو سود کے لین دین کو حرام کہتے ہیں جبکہ ساتھ ہی یہ بھی کہتے ہیں جو اللہ کی راہ میں دے گا اللہ اس سے ایک سے دس بلکہ سات سو بلکہ اس سے بھی زیادہ دے گا یہ تو خالص سود ہوا ہم ایسے باطل عقیدے والے دین کو کیسے قبول کریں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ یہ بکواس سن کر ضبط نہ کر سکے اور فخاص کو ایک زوردار تھپڑ رسید کیا اور فرمایا کہ اگر تو زمی نہ ہوتا تو میں تجھے قتل کر دیتا فخاص روتا ہوا آپ رضی اللہ عنہ کی شکایت لے کر بارگاہ نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہوا اور آپ رضی اللہ عنہ کی شکایت کی نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو طلب فرمایا اور فخاص کو مارنے کا سبب دریافت فرمایا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے سارا ماجرا کہہ سنایا کہ اس نے بارگاہ الٰہی میں بکواس کی تھی جس کی وجہ سے میں نے اسے مارا فخاص یہ سن کر مکر گیا اور قسم کھا کر بولا کہ میں نے کچھ نہیں کہا یہ غلط کہتے ہیں۔ چنانچہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی تائید و گواہی میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلَّذِیْنَ قَالُوْۤا اِنَّ اللّٰهَ عَهِدَ اِلَیْنَاۤ اَلَّا نُؤْمِنَ لِرَسُوْلٍ حَتّٰى یَاْتِیَنَا بِقُرْبَانٍ تَاْكُلُهُ النَّارُ ؕ قُلْ قَدْ جَآءَكُمْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِیْ بِالْبَیِّنٰتِ وَ بِالَّذِیْ قُلْتُمْ فَلِمَ قَتَلْتُمُوْهُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ﴿۱۸۳﴾ فَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقَدْ كُذِّبَ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ جَآءُوْ بِالْبَیِّنٰتِ وَ الزُّبُرِ وَ الْكِتٰبِ الْمُنِیْرِ ﴿۱۸۴﴾ (پارہ 4۔ سورۃ آل عمران آیت نمبر 183-184)

ترجمہ کنزالایمان: وہ جو کہتے ہیں اللہ نے ہم سے اقرار کرلیا ہے کہ ہم کسی رسول پر ایمان نہ لائیں جب تک ایسی قربانی کا حکم نہ لائے جسے آگ کھائے تم فرمادو مجھ سے پہلے بہت رسول تمہارے پاس کھلی نشانیاں (معجزات) اور یہ حکم لے کر آئے جو تم کہتے ہو پھر تم نے انہیں کیوں شہید کیا اگر سچے ہو تو اے محبوب! اگر وہ تمہاری تکذیب کرتے ہیں تو تم سے اگلے رسولوں کی بھی تکذیب کی گئی ہے جو صاف نشانیاں (معجزات) اور صحیفے اور چمکتی کتاب لے کر آئے تھے۔

علماء یہود کا جھوٹ

ایک مرتبہ علماء یہود کی ایک جماعت جس میں فخاص بن عازورا، کعب بن اشرف، مالک بن صیف وغیرہ بھی شامل تھے بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہوئے اور عرض گزار ہوئے کہ ہم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان تو لے

Marfat.com

آئیں مگر مجبوری یہ ہے کہ ہماری کتاب توریت میں ہمیں یہ تاکید فرمائی گئی ہے کہ ہم اس نبی پر ایمان لائیں جو اپنی نبوت کے ثبوت کے طور پر یہ معجزہ دکھائے کہ پہلے جانورں کی قربانی کرے پھر اس قربانی کے گوشت کو ایک پہاڑ پر رکھ دے پھر غیب سے ایک سفید رنگ کی بغیر دھوئیں کی آگ ظاہر ہو اور گوشت کو جلا دے۔ چنانچہ اب جو نبی یہ معجزہ دکھائیں ہم اس پر ایمان لے آئیں گے اگر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم واقعی سچے نبی ہیں تو یہ معجزہ دکھائیں ہم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لے آئیں گے چنانچہ ان کی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر کبیر تفسیر روح المعانی، تفسیر روح البیان، تفسیر جلالیں، تفسیر خازن، تفسیر مدارک، تفسیر بیضاوی، تفسیر خزئن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لَتُبْلَوُنَّ فِیْۤ اَمْوَالِكُمْ وَ اَنْفُسِكُمْ ۫ وَ لَتَسْمَعُنَّ مِنَ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَ مِنَ الَّذِیْنَ اَشْرَكُوْۤا اَذًى كَثِیْرًا ؕ وَ اِنْ تَصْبِرُوْا وَ تَتَّقُوْا فَاِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ○ (پارہ 4۔ سورۃ آل عمران آیت نمبر 186)

ترجمہ کنزالایمان: تمہارے مال اور تمہاری جانوں میں (اس کے ذریعے) اور بیشک ضرور تم اگلے کتاب والوں اور مشرکوں سے بہت کچھ برا (دل آزار باتیں) سنو گے اور اگر تم صبر کرو اور (گناہ سے) بچتے رہو تو یہ بڑی ہمت کا کام ہے۔

دل آزار باتیں

اس آیت کریمہ کے شان نزول کے متعلق چند روایات ہیں۔ ایک یہ کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے ذریعے بنی قنیقاع کے سردار فخاص کے پاس ایک خط روانہ فرمایا جس میں اس سے کہا گیا کہ مشرکین کے مقابل تم ہماری مدد کرو۔ ساتھ ہی حضرت ابو بکر صدیق کو یہ تاکید بھی فرمائی جب فخاص کوئی ناگوار بات کہے تو اس سے ہرگز جنگ نہ کرنا۔

چنانچہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فخاص کو یہ خط دیا تو فخاص بولا کہ کیا تمھارا رب تھک گیا ہے جو اسے ہماری مدد کی ضرورت پڑ گئی۔ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ جوش غضب سے قتل کرنے کے لیے آگے بڑھے مگر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حکم یاد آ گیا لہذا رک گئے تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

ایک دوسری روایت کے مطابق ایک مرتبہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دراز گوش پر سوار ہو کر قبیلہ بنی حارث میں سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کی عیادت کیلئے تشریف لے گئے راستے میں ایک ایسے مقام پر گزرے جہاں مسلمان کفار

Marfat.com

ومشرکین سب ہی جمع تھے چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہاں دعوت اسلام دینے کے لیے ٹھہرے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دراز گوش کا غبار اڑ رہا تھا عبداللہ بن ابی منافق اپنی ناک پر کپڑا رکھ کر بولا ہمیں ہماری مجلسوں میں تنگ نہ کیا کریں جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے اسے تبلیغ کیا کریں یہ سن کر حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ بولے کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرمائیں اور تبلیغ کریں ہمیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی باتیں بہت پیاری اور بھلی معلوم ہوتی ہیں اس پر کفار و مسلمانوں کی آپس میں بحث و تکرار شروع ہوگئی اس سے پہلے کہ نوبت ہاتھا پائی تک پہنچتی نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ڈنے بہت حلم و تدبر سے معاملہ رفع دفع فرما دیا پھر سعد ابن عبادہ کے پاس تشریف لے گئے اور ان سے اس معاملے کا ذکر فرمایا حضرت سعد عرض گزار ہوئے۔ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تشریف آوری سے قبل اہل مدینہ اسے اپنی سرداری کیلئے منتخب کر رہے تھے۔ مگر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تشریف آوری سے یہ سرداری نہ مل سکی اس لیے وہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے حسد و جلن کے سبب ایسی باتیں کرتا ہے۔ تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ واضح ہو کہ یہ واقعہ اس وقت کا ہے جب عبداللہ بن ابی نے خود کو مسلمان ظاہر نہ کیا تھا۔

بعض روایات کے مطابق مدینہ منورہ کا ایک یہودی کعب بن اشرف جو بہت مالدار تھا اور شعر و شاعری سے بھی شغف رکھتا تھا وہ مشرکین کو مسلمانوں کے خلاف بھڑکاتا رہتا تھا اور انھیں روپیہ اور مال بانٹتا رہتا تاکہ وہ اس کے کہنے میں رہیں۔ یہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان میں اہانت آمیز شاعری کرتا اور مسلمانوں کی لہجو میں قصیدے لکھتا ان قصیدوں میں مومنہ پاکباز بیبیوں کی شان میں سخت بے حرمتی و گستاخی کرتا چنانچہ اسکے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر روح المعانی، تفسیر خازن)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَفْرَحُوْنَ بِمَآ اَتَوْا وَّ يُحِبُّوْنَ اَنْ يُّحْمَدُوْا بِمَا لَمْ يَفْعَلُوْا فَلَا تَحْسَبَنَّهُمْ بِمَفَازَةٍ مِّنَ الْعَذَابِ ۚ وَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ وَ لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ وَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ (پارہ 4۔ سورۃ آل عمران آیت نمبر 189-188)

ترجمہ کنزالایمان: ہرگز نہ سمجھنا انہیں جو خوش ہوتے ہیں اپنے کیے (بداعمالیوں) پر اور چاہتے ہیں کہ بے کیے (نیک عمل نہ کرنے کے باوجود) ان کی تعریف ہو ایسوں کو ہرگز عذاب سے دور نہ جاننا اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے اور اللہ ہی کے لئے ہے آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

Marfat.com

علماء یہود اور منافقین کی جھوٹی خوشی

ایک مرتبہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علماء یہود سے توریت کا کوئی مسئلہ دریافت فرمایا تو انہوں نے جان بوجھ کر غلط جواب بتایا اور اس بات کے منتظر رہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب ان کی عظمت، قابلیت، کی تعریف کریں کہ کیسا برجستہ اور صحیح جواب بتایا یہ لوگ تو توریت کے ماہر ہیں۔ تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ ایک اور روایت کے مطابق جب بھی کوئی غزوہ پیش آتا تو منافقین کی یہ کوشش ہوتی کہ وہ اس میں نہ جائیں اور یہیں رہ جائیں چنانچہ جب وہ اپنی اس کوشش میں کامیاب ہو جاتے اور مدینہ میں ہی رہ جاتے تو بہت خوش ہوتے اور جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غزوہ سے تشریف لے آتے تو یہ منافقین مختلف عذر پیش کرتے قسمیں کھاتے کہ ہمیں یہ عذر تھا اس لیے ہم نہ جا سکے۔ پھر جب ان پر کوئی عتاب نہ کیا جاتا تو یہ مزید چاہتے کہ اب ان کی بھی غازیوں کی طرح تعریف وتوصیف اور مدح سرائی ہو ان کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

بعض کے مطابق علمائے یہود توریت کے احکام بدل کر لوگوں کو اپنی طرف سے تبدیل شدہ گھڑی ہوئی آیتوں کی تبلیغ کر کے بھٹکایا اور گمراہ کیا کرتے تھے اور ساتھ ہی اس بات کے بھی متمنی تھے کہ ان کے ہاتھ پاؤں چومے جائیں لوگ انھیں عالم کہیں ان کی علمیت کی دھاک لوگوں پر خوب بیٹھ جائے ان کی عزت وتوقیر اور ان کی تعظیم واکرم کیا جائے۔ چنانچہ ان کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر خازن، تفسیر روح المعانی، تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ اخْتِلَافِ الَّیْلِ وَ النَّهَارِ لَاٰیٰتٍ لِّاُولِی الْاَلْبَابِ ﴿۱۹۰﴾ الَّذِیْنَ یَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ قِیٰمًا وَّ قُعُوْدًا وَّ عَلٰى جُنُوْبِهِمْ وَ یَتَفَكَّرُوْنَ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۚ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ

(پارہ 4۔ سورۃ آل عمران آیت نمبر 191)

ترجمہ کنزالایمان: بیشک آسمانوں اور زمین کی پیدائش اور رات اور دن کی باہم بدلیوں (رات دن کے بدلنے میں) میں (قدرت کی) نشانیاں ہیں عقلمندوں کے لئے جو اللہ کی یاد کرتے ہیں کھڑے اور بیٹھے اور کروٹ پر لیٹے (ہر حال) اور آسمانوں اور زمین کی پیدائش میں غور کرتے ہیں اے رب ہمارے! تو نے یہ بیکار نہ بنایا پاکی ہے تجھے تو ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچالے۔

Marfat.com

عالم میں غور وتدبر

بعض مشرکین مکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں عرض گزار ہوے کہ آپ ہمیں عقیدہ توحید کی طرف لاتے ہیں حالانکہ عقیدہ توحید ہماری سمجھ سے باہر ہے کہ اتنا بڑا عالم ایک اکیلا خدا کیسے بنا سکتا ہے اور اس کا نظام کیونکر چلا سکتا ہے۔ان کے جواب میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

ایک اور روایت کے مطابق ایک بار قریش مکہ یہود مدینہ کے پاس آئے اور بولے کہ تم اپنے نبی موسیٰ علیہ السلام کے معجزات کے بارے میں بتاؤ تو یہود بولے کہ عصا و ید بیضاء پھر عیسائیوں سے بولے کہ اب تم اپنے نبی عیسیٰ علیہ السلام کے معجزات کے بارے میں بتاؤ تو وہ بولے کہ مردوں کو زندہ کرنا، کوڑھو پیدائشی اندھوں کو اچھا کرنا پھر دونوں بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہوئے اور بولے کہ آپ اپنی دعا سے مکے کے دونوں پہاڑ صفا و مروہ کو سونے کا بنا کر دکھائیں تا کہ ہم رب کی قدرت کا نظارہ اپنی آنکھوں سے کرلیں تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن، تفسیر صاوی، تفسیر روح البیان، تفسیر روح المعانی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فَاسْتَجَابَ لَهُمْ رَبُّهُمْ اَنِّیْ لَآ اُضِیْعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِّنْكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰی ۚ بَعْضُكُمْ مِّنْ بَعْضٍ ۚ فَالَّذِیْنَ هَاجَرُوْا وَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِیَارِهِمْ وَ اُوْذُوْا فِیْ سَبِیْلِیْ وَ قٰتَلُوْا وَ قُتِلُوْا لَاُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَیِّاٰتِهِمْ وَ لَاُدْخِلَنَّهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ ثَوَابًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ وَ اللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الثَّوَابِ

(پارہ 4۔سورۃ آل عمران آیت نمبر 195)

ترجمہ کنزالایمان: تو ان کی دعا سن لی ان کے رب نے کہ میں تم میں کسی کام والے (نیکوکاروں) کی محنت اکارت (اجر ضائع) نہیں کرتا مرد ہو یا عورت تم آپس میں ایک (مسلمان) ہو تو وہ جنہوں نے ہجرت کی اور اپنے گھروں سے نکالے گئے اور میری راہ میں ستائے گئے (جانی و مالی تکلیفیں اٹھائیں) اور لڑے اور مارے گئے میں ضرور ان کے سب گناہ اتار دوں گا (مٹا دوں گا) اور ضرور انہیں (جنت کے) باغوں میں لے جاؤں گا جن کے نیچے نہریں رواں اللہ کے پاس کا ثواب، اور اللہ ہی کے پاس اچھا ثواب ہے۔

Marfat.com

نیکی ضائع نہیں جاتی

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا ایک مرتبہ بارگاہ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں عرض گزار ہوئیں کہ ہم نے بھی مردوں کی طرح ہجرت کی مگر قرآن کریم میں ہم عورتوں کی ہجرت کا ذکر نہ فرمایا گیا صرف مردوں کی ہی ہجرت کا ذکر ہوا تو کیا ہم عورتوں کی ہجرت قبول نہ ہوئی۔ اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

ایک اور روایت کے مطابق ایک شخص نے کسی اجنبہ عورت کا بوسہ لے لیا مگر پھر فوراً ہی شرمندہ ہو کر بارگاہ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں توبہ کرنے حاضر ہو گیا اور معذرت پیش کرنے لگا نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خاموشی اختیار فرمائی پھر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ صحابہ کرام عرض گزار ہوئے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ معافی خاص اسی کے لیے ہے یا دوسروں کے لیے بھی ہے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا سب انسانوں کے لیے۔

(تفسیر جلالین، تفسیر کبیر، تفسیر خازن، تفسیر روح المعانی وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لَا يَغُرَّنَّكَ تَقَلُّبُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِي الْبِلَادِ ﴿۱۹۶﴾ مَتَاعٌ قَلِيْلٌ ۚ ثُمَّ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۚ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۱۹۷﴾ لٰكِنِ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا نُزُلًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۚ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ لِّلْاَبْرَارِ ﴿۱۹۸﴾

(پارہ 4۔ سورۃ آل عمران آیت نمبر 196-98)

ترجمہ کنزالایمان: اے سننے والے! کافروں کا شہروں میں اہلے گہلے پھرنا (عیش و آرام سے گھومنا پھرنا) ہرگز تجھے دھوکا نہ دے (کہ اللہ تو ان پر مہربان ہے) تھوڑا برتنا (یہ تھوڑی دیر کا لطف ہی ہے پھر) ان کا ٹھکانا دوزخ ہے، اور کیا ہی برا بچھونا (ٹھکانہ)، لیکن وہ جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں ان کے لئے جنتیں ہیں جن کے نیچے نہریں بہیں ہمیشہ ان میں رہیں اللہ کی طرف کی، مہمانی (اللہ کے دائمی مہمان ہوں گے) اور جو اللہ پاس ہے وہ نیکوں کے لئے سب سے بھلا (بہتر)۔

آخرت کی مہمانی

مشرکین مکہ اور یہود مدینہ مختلف جگہوں میں تجارتی قافلوں میں جاتے رہتے اور خوب تجارت کر کے بہت سا نفع حاصل کر کے لوٹتے اور خوب عیش کرتے۔ ان کو دیکھ کر بعض فقراء مومنین بارگاہ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں عرض

Marfat.com

گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس میں کیا حکمت پوشیدہ ہے کہ اللہ کے دشمن تو خوب عیش و آرام میں زندگی بسر کریں اور ہم فقر و فاقہ اور افلاس میں مبتلا رہ کر زندگی گزاریں۔ تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر کبیر، تفسیر خازن، تفسیر جلالین، تفسیر روح المعانی، تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَاِنَّ مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَمَنْ يُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِمْ خٰشِعِيْنَ لِلّٰهِ ۙ لَا يَشْتَرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيْلًا ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۱۹۹﴾ (پارہ 4۔ سورۃ آل عمران آیت نمبر 199)

ترجمہ کنزالایمان: اور بیشک کچھ کتابی ایسے ہیں کہ اللہ پر ایمان لاتے ہیں اور اس پر جو تمہاری طرف اترا اور جو ان کی طرف اترا ان کے دل اللہ کے حضور جھکے ہوئے (عاجزی و اطاعت سے) اللہ کی آیتوں کے بدلے ذلیل دام نہیں لیتے (کہ حقیر قیمت کے بدلے آیات بدل دیں) یہ وہ ہیں، جن کا ثواب ان کے رب کے پاس ہے اور اللہ جلد حساب کرنے والا ہے۔

قبولِ اسلام پر بشارت

اس آیت کریمہ کے چند شان نزول روایت کئے گئے ہیں۔ ایک تو یہ کہ حبشہ کا بادشاہ نجاشی جن کا نام اصحمہ یا مکحول ابن صعفہ تھا اور جو مشرف بہ اسلام ہو گئے تھے جب ان کا انتقال ہوا اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ان کے انتقال کی خبر ملی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہ کرام سے ارشاد فرمایا چلو ان پر نماز جنازہ پڑھیں چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مع اپنے صحابہ کے جنت البقیع تشریف لے گئے رب تعالیٰ نے حبشہ کی زمین اور نجاشی کی نعش مبارک آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر منکشف فرما دی چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مع اپنے صحابہ کے ان کی نماز جنازہ پڑھی اور ان کے لئے دعائے مغفرت فرمائی منافقین نے اس بات کو خوب اچھالا اور زبان طعن دراز کی کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک عیسائی شخص کی نماز جنازہ پڑھائی اور جسے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کبھی دیکھا تک نہ تھا۔ چنانچہ منافقین کی اس تردید اور نجاشی بادشاہ کی تعریف میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

ایک دوسری روایت کے مطابق چالیس یہودی جن میں سے بتیس نجرانی اور آٹھ رومی تھے یہ سب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لا کر مشرف بہ اسلام ہوئے ان کی تعریف کی مدح سرائی میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ ایک روایت میں ہے کہ علماء یہود کے ایک بہت بڑے عالم حضرت عبداللہ بن سلام جو اولاد انبیاء میں

Marfat.com

سے تھے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لا کر اسلام کے دامن سے وابستہ ہوئے۔ چنانچہ ان کے بارے میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ جس میں انھیں خوشخبریاں سنائی گئیں۔ بعض کے مطابق وہ اہل کتاب جو بعد میں اسلام قبول کر کے مسلمان ہو جائیں ان عام مومنین کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر خازن، تفسیر خزائن العرفان، تفسیر کبیر، تفسیر روح المعانی)

سورۃ النساء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَاٰتُوا الْیَتٰمٰۤی اَمْوَالَهُمْ وَلَا تَتَبَدَّلُوا الْخَبِیْثَ بِالطَّیِّبِ ۪ وَلَا تَاْكُلُوْۤا اَمْوَالَهُمْ اِلٰۤی اَمْوَالِكُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ حُوْبًا كَبِیْرًا ۝۲ (پارہ 4۔ سورۃ النساء، آیت نمبر 2)

ترجمہ کنزالایمان: اور یتیموں کو ان کے مال دو اور ستھرے (حلال) کے بدلے گندا (حرام) نہ لو اور ان کے مال اپنے مالوں میں ملا کر نہ کھا جاؤ، بیشک یہ بڑا گناہ ہے۔

سر تسلیم خم

قبیلہ بنی غطفان میں ایک شخص کا بھائی انتقال کر گیا عرب کے دستور کے مطابق اس کا مال اور یتیم بچہ اس کی دیکھ بھال اور پرورش میں آ گئے جب وہ یتیم بچہ بالغ ہوا تو اس نے اپنے چچا سے اپنے باپ کے مال کا مطالبہ کیا چچا نے دینے سے انکار کر دیا کیونکہ قبل از اسلام عرب میں دستور تھا کہ مال پرورش کرنے والے کو مل جاتا تھا۔

چنانچہ وہ بچہ بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ چچا نے اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت میں سر تسلیم خم کر دیا اور تمام مال بھتیجے کے حوالے کر دیا۔

(تفسیر کبیر، تفسیر خازن، تفسیر بیضاوی، تفسیر خزائن العرفان، تفسیر روح البیان، تفسیر روح المعانی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تُقْسِطُوْا فِی الْیَتٰمٰی فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ مَثْنٰی وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ ۚ فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تَعْدِلُوْا فَوَاحِدَةً اَوْ مَا مَلَكَتْ اَیْمَانُكُمْ ؕ ذٰلِكَ اَدْنٰۤی اَلَّا تَعُوْلُوْا ۝۳ وَاٰتُوا النِّسَآءَ صَدُقٰتِهِنَّ نِحْلَةً ؕ فَاِنْ طِبْنَ لَكُمْ عَنْ شَیْءٍ

Marfat.com

مِّنْهُ نَفْسًا فَكُلُوْهُ هَنِيْٓـًٔا مَّرِيْٓـًٔا ۝۴ (پارہ4۔سورۃ النسا،آیت نمبر 3-4)

ترجمہ کنزالایمان: اوراگر تمہیں اندیشہ ہو کہ یتیم لڑکیوں میں (ان سے نکاح کر کے) انصاف نہ کرو گے تو نکاح میں لاؤ جو عورتیں تمہیں خوش آئیں (پسند ہوں) دو دو اور تین تین اور چار چار (چاہو دو، چاہو تین یا چاہو چار) پھر اگر ڈرو کہ دو بیبیوں کو برابر (برابری کا سلوک) نہ رکھ سکو گے تو ایک ہی کرو یا کنیزیں جن کے تم مالک ہو یہ اس سے زیادہ قریب ہے کہ تم سے ظلم نہ ہو (کسی بیوی کی حق تلفی نہ ہو) اور عورتوں کو ان کے مہر خوشی سے دو پھر اگر وہ اپنے دل کی خوشی سے مہر میں سے تمہیں کچھ دے دیں (کچھ مہر معاف کر دیں) تو اسے کھاؤ رچتا پچتا (جو لذیذ بھی حلال بھی)۔

بیویوں کے حقوق

اس آیت کریمہ کے چند شان نزول روایت کئے گئے ہیں ایک یہ کہ بعض لوگ اپنے زیر پرورش یتیم لڑکیوں سے ان کے مال اور ان کے حسن و جمال کے سبب ان سے نکاح کر لیا کرتے تھے مگر نہ ہی ان کا مہر مقرر کرتے نہ ہی ان کے حقوق زوجیت پورے ادا کرتے چنانچہ ان کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

ایک دوسری روایت کے مطابق بعض لوگ اپنے زیر پرورش یتیم لڑکیوں سے ان کی بدصورتی کے باوجود صرف مال کے لالچ میں نکاح کر لیا کرتے تھے مگر ان کی بدصورتی کے سبب ان کی طرف التفات نہ کرتے اور بے رغبتی کی وجہ سے ان کے حقوق زوجیت وغیرہ ادا نہ کرتے تھے اور اس کی موت کے منتظر رہتے کہ یہ مرے تو اس کا تمام مال ہمیں مل جائے انھیں اس ظلم سے روکنے کیلئے یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

ایک روایت میں آیا ہے کہ بعض لوگ گزشتہ آیات نازل ہونے کی وجہ سے جس میں یتیموں کے مال کی سخت احتیاط بیان فرمائی گئی یہ لوگ یتیموں کی پرورش سے گھبراتے اور کتراتے تھے مگر جو یتیم لڑکیاں ان کے نکاح میں ہوتیں ان پر ظلم کرتے ان کے حقوق میں ادائیگی سے کوتاہی کرتے اور کثرت ازواج میں مشغول رہتے چنانچہ ان کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ بعض کے مطابق کچھ لوگ کثرت سے ازواج رکھتے کسی کی آٹھ کسی کی دس بیویاں تھیں پھر ان سب کی ضروریات پوری کرنے کے لیے جب اپنے پاس مال نہ پاتے تو اپنے زیر پرورش یتیموں کا مال ان بیویوں پر خرچ کرتے اور ان کے خرچوں کو پورا کرتے چنانچہ ان کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن، تفسیر روح البیان، تفسیر نیضاوی وغیرہ)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ قُوْلُوْا لَهُمْ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ۝۵ وَ ابْتَلُوا الْيَتٰمٰى حَتّٰۤى اِذَا بَلَغُوا النِّكَاحَ ۚ فَاِنْ اٰنَسْتُمْ مِّنْهُمْ رُشْدًا فَادْفَعُوْۤا اِلَيْهِمْ اَمْوَالَهُمْ ۚ وَ لَا تَاْكُلُوْهَاۤ اِسْرَافًا وَّ بِدَارًا اَنْ يَّكْبَرُوْا ؕ وَ مَنْ كَانَ غَنِيًّا فَلْيَسْتَعْفِفْ ۚ وَ مَنْ كَانَ فَقِيْرًا فَلْيَاْكُلْ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ فَاِذَا دَفَعْتُمْ اِلَيْهِمْ اَمْوَالَهُمْ فَاَشْهِدُوْا عَلَيْهِمْ ؕ وَ كَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا ۝۶

(پارہ4۔سورۃ النسا،آیت نمبر 5-6)

ترجمہ کنزالایمان: اور یتیموں کو آزماتے رہو (قابلیت اور طبعی رجحان کو) یہاں تک کہ جب وہ نکاح کے قابل ہوں تو اگر تم ان کی سمجھ ٹھیک دیکھو تو ان کے مال انہیں سپرد کردو اور انہیں (یتیموں کا مال) نہ کھاؤ حد سے بڑھ کر اور اس جلدی میں کہ کہیں بڑے نہ ہو جائیں (انکا مال واپس نہ دینا پڑ جائے) اور جسے حاجت نہ ہو (غنی ہو) وہ بچتا رہے (یتیم کے مال سے) اور جو حاجت مند ہو وہ بقدر مناسب (ضرورت کی حد تک) کھائے، پھر جب تم ان کے مال انہیں سپرد کرو تو ان پر (کسی کو) گواہ کرلو، اور اللہ کافی ہے حساب لینے کو۔

متولی کے لئے احتیاطیں

جب حضرت رفاعہ رضی اللہ عنہ فوت ہوئے تو ان کا بیٹا ثابت ابن رفاعہ ابھی چھوٹا ہی تھا چنانچہ حضرت رفاعہ رضی اللہ عنہ کا یہ بیٹا اور ان کا مال رفاعہ رضی اللہ عنہ کے بھائی کے سپرد ہوئے۔ پھر وہ بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہوئے اور عرض گزار ہوئے کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھے رفاعہ کے یتیم بچے اور ان کے چھوڑے ہوئے مال کا متولی بنایا گیا ہے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرمایئے کہ کیا میں اس خدمت کے صلے میں اسی مال میں سے کچھ کھا سکتا ہوں یا نہیں اور یہ مال میں بچے کو کب کس طرح اس کے سپرد کروں چنانچہ ان کے جواب میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَ الْاَقْرَبُوْنَ ۪ وَ لِلنِّسَآءِ نَصِيْبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَ الْاَقْرَبُوْنَ مِمَّا قَلَّ مِنْهُ اَوْ كَثُرَ ؕ نَصِيْبًا مَّفْرُوْضًا ۝۷

(پارہ4۔سورۃ النسا،آیت نمبر 7)

Marfat.com

ترجمہ کنزالایمان: مردوں کے لئے حصہ ہے اس میں سے جو (ترکے میں) چھوڑ گئے ماں باپ اور قرابت والے اور عورتوں کے لئے حصہ ہے اس میں سے جو (ترکے میں) چھوڑ گئے ماں باپ اور قرابت والے ترکہ تھوڑا ہو یا بہت، حصہ ہے اندازہ باندھا (شریعت کا مقرر کردہ) ہوا پھر بانٹتے وقت اگر رشتہ دار (جن کا وراثت میں حصہ نہیں)۔

وراثت کے حصہ دار

جب حضرت اوس ابن ثابت رضی اللہ عنہ فوت ہو گئے تو کثیر مال کے علاوہ ایک بیوی ام کحہ تین لڑکیاں اور دو چچا کے بیٹے سوید اور عرفجہ بھی چھوڑے عرب کے دستور کے مطابق حضرت اوس بن ثابت کے تمام مال پر ان کے چچازاد بھائیوں سوید اور عرفحہ نے قبضہ کرلیا اور ان کی بیوہ اور یتیم کو کچھ نہ دیا اس زمانے میں یہ دستور تھا کہ چھوٹی اولاد کو وراثت سے محروم رکھا جاتا تھا اور میراث اسی کو دی جاتی تھی جو جنگ میں جاتا تھا ام کحہ نے سوید اور عرفجہ سے کہا کہ جب تم ان یتیم بچیوں کا مال لینا ہی چاہتے ہو تو پھر ان سے نکاح بھی کرلو مگر انہوں نے نکاح سے انکار کر دیا کیوں کہ وہ لڑکیاں حسن و جمال والی نہ تھیں چنانچہ ام کحہ بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں فریاد لے کر حاضر ہوئیں اور سارا ماجرا کہہ سنایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان دونوں کو بلایا اور ان سے ان کے ظلم کی وجہ دریافت فرمائی۔ وہ بولے ہماری قوم میں یہ دستور ہے کہ میت کے مال کے بالغ مرد وارث ہوتے ہیں جبکہ عورتیں اور نابالغ بچوں کا اس میں سے کچھ حصہ نہیں ہوتا تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر کبیر، تفسیر روح المعانی، تفسیر روح البیان، تفسیر خازن، تفسیر بیضاوی، تفسیر خزائن العرفان، تفسیر مدارک)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَلْيَخْشَ الَّذِيْنَ لَوْ تَرَكُوْا مِنْ خَلْفِهِمْ ذُرِّيَّةً ضِعٰفًا خَافُوْا عَلَيْهِمْ ۪ فَلْيَتَّقُوا اللّٰهَ وَلْيَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا ۝ (پارہ 4۔ سورۃ النسا، آیت نمبر 9)

ترجمہ کنزالایمان: اور ڈریں (غور کریں) وہ لوگ اگر اپنے بعد ناتواں اولاد چھوڑتے تو ان کا کیسا انہیں خطرہ ہوتا تو چاہئے کہ اللہ سے ڈریں اور سیدھی (اچھی) بات کریں۔

وارثوں کے حقوق

بعض لوگ قریب المرگ مریض کے پاس عیادت کے لیے جاتے اور پھر اس سے غیر ضروری صدقہ و خیرات کرنے کی ترغیب دلاتے اور اس سے کہتے کہ یہ وارث بھلا تیرے کیا کام آئیں گے یہ تو تیرے بعد تیرا

Marfat.com

مال لے لیں گے اور پھر پلٹ کر تجھے یاد بھی نہ کریں گے جبکہ تیرا دیا ہوا صدقہ وخیرات قبر وحشر میں تیرے کام آئے گا لہٰذا اپنا مال وارثوں کے پاس چھوڑنے کے بجائے اللہ کی راہ میں صدقہ کردے۔ ان لوگوں کو مقصد یہ تھا کہ وراثتیں یا تو مکمل طور پر وارث سے محروم ہی رہ جائیں یا پھر پائیں تو کم پائیں چنانچہ ان کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر روح المعانی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّ الَّذِیۡنَ یَاۡکُلُوۡنَ اَمۡوَالَ الۡیَتٰمٰی ظُلۡمًا اِنَّمَا یَاۡکُلُوۡنَ فِیۡ بُطُوۡنِہِمۡ نَارًا ؕ وَ سَیَصۡلَوۡنَ سَعِیۡرًا ﴿۱۰﴾ (پارہ4۔سورۃ النساء، آیت نمبر 10)

ترجمہ کنزالایمان: وہ جو یتیموں کا مال ناحق کھاتے ہیں وہ تو اپنے پیٹ میں نری آگ بھرتے ہیں اور کوئی دم جاتا ہے (عنقریب) کہ بھڑکتے دھڑے (آتش کدے) میں جائیں گے۔

پیٹ میں آگ

قبیلہ غطفان کا ایک شخص تھا جب اس کے بھائی کا انتقال ہوا تو بھائی کا سارا مال اور اس کا یتیم بیٹا اس کے سپرد ہوا تو اس نے یتیم کا سارا مال ہڑپ کرلیا اور یتیم کو بے آسرا چھوڑ دیا چنانچہ اس کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یُوۡصِیۡکُمُ اللّٰہُ فِیۡۤ اَوۡلَادِکُمۡ ۟ لِلذَّکَرِ مِثۡلُ حَظِّ الۡاُنۡثَیَیۡنِ ۚ فَاِنۡ کُنَّ نِسَآءً فَوۡقَ اثۡنَتَیۡنِ فَلَہُنَّ ثُلُثَا مَا تَرَکَ ۚ وَ اِنۡ کَانَتۡ وَاحِدَۃً فَلَہَا النِّصۡفُ ؕ وَ لِاَبَوَیۡہِ لِکُلِّ وَاحِدٍ مِّنۡہُمَا السُّدُسُ مِمَّا تَرَکَ اِنۡ کَانَ لَہٗ وَلَدٌ ۚ فَاِنۡ لَّمۡ یَکُنۡ لَّہٗ وَلَدٌ وَّ وَرِثَہٗۤ اَبَوٰہُ فَلِاُمِّہِ الثُّلُثُ ۚ فَاِنۡ کَانَ لَہٗۤ اِخۡوَۃٌ فَلِاُمِّہِ السُّدُسُ مِنۡۢ بَعۡدِ وَصِیَّۃٍ یُّوۡصِیۡ بِہَاۤ اَوۡ دَیۡنٍ ؕ اٰبَآؤُکُمۡ وَ اَبۡنَآؤُکُمۡ لَا تَدۡرُوۡنَ اَیُّہُمۡ اَقۡرَبُ لَکُمۡ نَفۡعًا ؕ فَرِیۡضَۃً مِّنَ اللّٰہِ ؕ اِنَّ اللّٰہَ کَانَ عَلِیۡمًا حَکِیۡمًا ﴿۱۱﴾ (پارہ4۔سورۃ النساء، آیت نمبر 11)

ترجمہ کنزالایمان: اللہ تمہیں حکم دیتا ہے تمہاری اولاد کے بارے میں بیٹے کا حصہ دو

Marfat.com

بیٹیوں (کے حصے کے) برابر ہے پھر اگر نری (صرف) لڑکیاں ہوں اگر چہ دو سے اوپر تو ان کو ترکہ کی دو تہائی اور اگر ایک لڑکی ہو تو اس کا آدھا اور میت کے ماں باپ کو ہر ایک کو اس کے ترکہ سے چھٹا اگر میت کے اولاد ہو پھر اگر اس کی اولاد نہ ہو اور ماں باپ چھوڑے تو ماں کا تہائی پھر اگر اس کے کئی بہن بھائی ہوں تو ماں کا چھٹا (یہ ترکہ تقسیم ہوگا) بعد اس وصیت کے جو کر گیا اور دین (میت کا قرض چکائے) کے تمہارے باپ اور تمہارے بیٹے تم کیا جانو کہ ان میں کون تمہارے زیادہ کام آئے گا یہ حصہ باندھا (مقرر کیا) ہوا ہے اللہ کی طرف سے بیشک اللہ علم والا حکمت والا ہے۔

وراثت کا مال

اس آیت کریمہ کے شان نزول کے متعلق چند روایات ہیں ایک یہ کہ ایک مرتبہ جابر رضی اللہ عنہ سخت بیمار ہوئے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مع حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ ان کی عیادت کے لیے تشریف لے گئے تو انھیں حالت غشی میں پایا پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان پر اپنا غسالہ شریف چھڑکا تو انھیں ہوش آ گیا پھر وہ بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں عرض گزار ہوئے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ میرے پاس کچھ مال ہے میں اس کے متعلق کیا فیصلہ کروں۔ میرے بعد یہ مال کس طرح تقسیم کیا جائے گا نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خاموشی اختیار فرمائی یہاں تک کہ یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ ایک دوسری روایت کے مطابق یہ آیت کریمہ بھی انہی ام کحہ زوجہ اوس ابن ثابت کے متعلق نازل ہوئی جن کا ذکر پہلے گزر چکا ہے۔ بعض رویات کے مطابق جب حضرت سعد ابن ربیعہ شہید ہوئے تو انہوں نے اپنے پیچھے ایک بیوی دو لڑکیاں اور ایک بھائی چھوڑا چنانچہ عرب کے دستور کے مطابق مسعود ضی اللہ عنہ کے بھائی نے سارا مال لے لیا اور ان بیوہ اور یتیم لڑکیوں کو اس میں سے کچھ نہ دیا چنانچہ ان بیوہ نے بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہو کر فریاد کی اور تمام داستان کہہ سنائی کہ اب ہم کہاں دھکے کھانے جائیں مال پر تو میرے شوہر کے بھائی نے قبضہ کر لیا نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشار فرمایا گھبراؤ مت اللہ تعالیٰ تمھاری مدد فرمائے گا تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

بعض کے مطابق قبل از اسلام عرب کا یہ دستور تھا کہ مرنے والے کے مال سے عورتوں اور چھوٹے بچوں کو محروم کر دیا جاتا تھا صرف جوان مرد ہی میراث پاتے تھے چنانچہ جب حضرت حسان بن ثابت شاعر دربار رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بھائی کا انتقال ہوا تو آپ نے اپنے پیچھے ایک بیوہ اور پانچ بیٹیاں چھوڑیں دستور کے مطابق آپ کا سارا چھوڑا ہوا مال دوسرے وارثوں نے لے لیا اور بیوہ اور یتیم بچیوں کو کچھ نہ دیا چنانچہ ان کی بیوہ نے

Marfat.com

بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں شکایت فرمائی تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن، تفسیر روح المعانی، تفسیر کبیر)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَاِنْ كَانَ رَجُلٌ يُّوْرَثُ كَلٰلَةً اَوِ امْرَاَةٌ وَّ لَهٗۤ اَخٌ اَوْ اُخْتٌ فَلِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ ۚ فَاِنْ كَانُوْۤا اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ فَهُمْ شُرَكَآءُ فِي الثُّلُثِ مِنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصٰى بِهَاۤ اَوْ دَيْنٍ ۙ غَيْرَ مُضَآرٍّ ۚ وَصِيَّةً مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَلِيْمٌ ﴿۱۲﴾

(پارہ4۔سورۃ النسا، آیت نمبر 12)

ترجمہ کنزالایمان: اور اگر کسی ایسے مرد یا عورت کا ترکہ بٹتا ہو جس نے ماں باپ اولاد کچھ نہ چھوڑے اور ماں کی طرف سے اس کا بھائی یا بہن ہے تو ان میں سے ہر ایک کو چھٹا پھر اگر وہ بہن بھائی ایک سے زیادہ ہوں تو سب تہائی میں شریک ہیں میت کی وصیت اور دین نکال کر (قرض چکانے کے بعد) جس میں اس نے نقصان نہ پہنچایا ہو (وارثوں کو) یہ اللہ کا ارشاد (حکم) ہے اور اللہ علم والا حلم والا ہے۔

کلالہ کی میراث

ایک مرتبہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سخت بیمار ہو گئے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ کی عیادت کے لیے تشریف لے گئے تو حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نہ ہی میرے والد ہیں اور نہ ہی کوئی اولاد میری میراث کس طرح تقسیم ہو گی تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ جس میں کلالہ کی میراث کا ذکر بیان ہوا۔

(تفسیر خازن، تفسیر روح المعانی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَلَيْسَتِ التَّوْبَةُ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ ۚ حَتّٰۤى اِذَا حَضَرَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ اِنِّيْ تُبْتُ الْـٰٔنَ وَلَا الَّذِيْنَ يَمُوْتُوْنَ وَهُمْ كُفَّارٌ ؕ اُولٰٓئِكَ اَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۸﴾ (پارہ4۔سورۃ النسا، آیت نمبر 18)

ترجمہ کنزالایمان: اور وہ توبہ ان کی (مقبول) نہیں جو گناہوں میں لگے رہتے ہیں، یہاں تک کہ جب ان میں کسی کو موت آئے تو کہے اب میں نے توبہ کی اور نہ ان کی جو کافر مریں

Marfat.com

ان کے لئے ہم نے دردناک عذاب تیار رکھا ہے۔

مقبول توبہ

اس آیت کا پہلا جزو منافقین کے متعلق نازل ہوا جبکہ دوسرا جزو ولا الذین کفار ومشرکین کے متعلق نازل ہوا۔ (تفسیر روح المعانی، خازن، تفسیر مدراک)

ایک دوسری روایت کے مطابق اس آیت کا پہلا جزو ان گناہ گار مومنوں کے متعلق نازل ہوا جو مرتے وقت توبہ کریں ان کی توبہ مشیت پر موقوف ہے قبولیت کا وعدہ نہیں۔ جبکہ دوسرا جزو کفار کے متعلق نازل ہوا۔

(تفسیر احمدی)

چند اور اقوال کے مطابق اس آیت کا پہلا جزو کفار سے متعلق ہے جو علامات موت دیکھ کر توبہ کریں مگر قبول نہیں اور دوسرا جزو ان کفار سے متعلق ہے جو بغیر توبہ کئے مرجائیں۔ (تفسیر نعیمی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا یَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَرِثُوا النِّسَآءَ كَرْهًا (پارہ 4۔ سورۃ النساء، آیت نمبر 19)

ترجمہ کنزالایمان: اے ایمان والو! تمہیں حلال نہیں کہ عورتوں کے (مال کے) وارث بن جاؤ زبردستی۔

بیوہ کے حقوق

اس آیت کریمہ کے چند شان نزول روایت کئے گئے ہیں ایک یہ کہ قبل از اسلام جب کوئی شخص مرجاتا تو اس کے وارث مرد اس کے مال کے ساتھ اس کی بیوی کے بھی مالک بن جاتے اس کی بیوی کا دیور یا سوتیلا بیٹا اس بیوہ پر چادر وغیرہ ڈال دیتا اور کہتا کہ میں اس کا مالک ہوں پھر یا تو اس بیوہ کا کسی سے نکاح کرا دیتا اور مہر خود رکھ لیتا یا پھر اس سے اپنی لونڈی یا خادمہ کی طرح اپنے گھر میں ہی رکھ لیتا یا پھر یہ بھی ہوتا کہ کبھی دیور خود اس بیوہ سے نکاح کر لیتا اور اس کا کوئی مہر مقرر نہ کرتا اور کہتا کہ جو میرا بھائی مہر دے چکا وہ کافی ہے۔ چنانچہ اس کی ممانعت کے لئے آیت کا یہ پہلا جزو نازل ہوا۔ ایک دوسری روایت کے مطابق قبیلہ انصار کی ایک خاتون جو حضرت ابوقیس کے نکاح میں تھیں بیوہ ہوگئیں چنانچہ ابوقیس کے بیٹے نے جو دوسری بیوی سے تھا ان پر قبضہ کر لیا چنانچہ وہ بی بی بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہوئیں اور فریاد کناں ہوئیں کہ یا رسول اللہ میں بیوہ ہوگئی ہوں مگر نہ ہی مجھے خاوند کی میراث میں سے کچھ حصہ ملا اور نہ ہی نکاح ثانی کا کوئی حق دیا گیا اب میں باقی ماندہ

Marfat.com

زندگی کیسے بسر کروں۔تب یہ آیت کریمہ کا یہ پہلا جزو نازل ہوا۔

(تفسیر روح المعانی،تفسیر خازن،تفسیر جلالین،تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ لِتَذْهَبُوْا بِبَعْضِ مَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ ۚ وَعَاشِرُوْهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ فَاِنْ كَرِهْتُمُوْهُنَّ فَعَسٰٓى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْـًٔا وَّيَجْعَلَ اللّٰهُ فِيْهِ خَيْرًا كَثِيْرًا ۝۱۹ (پارہ4۔سورۃ النساء،آیت نمبر 19)

ترجمہ کنزالایمان: اورعورتوں کو روکونہیں اس نیت سے کہ جومہران کو دیا تھااس میں سے کچھ لے لومگراس صورت میں (اجازت ہے جبکہ) کہ صریح بے حیائی کا کام (شوہر کی نافرمانی، زبان درازی) کریں اوران سے اچھا برتاؤ کرو (کھلانے پلانے بات چیت وغیرہ میں) پھراگر وہ (تمھاری بیویاں) تمہیں پسند نہ آئیں (صورت وغیرہ کے سبب) توقریب ہے کہ کوئی چیز تمہیں ناپسند ہواوراللہ اس میں بہت بھلائی رکھے (اس کے ذریعے نعمت عطا ہو)۔

ظالم شوہر

بعض شوہر جنھیں اپنی بیویاں پسند نہ تھیں تو نہ ہی وہ انھیں رہنے بسنے دیتے تھے اور نہ ہی انھیں طلاق دیتے تھے بلکہ ان کی موت کے منتظر رہتے تا کہ ان کے نکاح میں رہتے ہوئے وہ بیوی فوت ہو اور اس کی چھوڑی ہوئی تمام میراث اسے مل جائے۔ چنانچہ اس ظلم سے روکنے کیلئے اس آیت کریمہ کا دوسرا جزو نازل ہوا۔

ایک دوسری روایت کے مطابق بعض ظالم شوہر اپنی بیویوں کو طلاق دے دیتے جب عدت کی مدت ختم ہونے کو ہوتی تو رجوع کر لیتے اور اور سالوں اسی طرح کرتے رہتے اس طرح عورت نہ تو اس کے گھر میں آباد و خوش رہتی نہ مطلقہ ہو جاتی اور نہ ہی کسی دوسری جگہ نکاح کر سکتی کہ عدت ختم ہونے سے پہلے ہی شوہر رجوع کر لیتا عرض یہ کہ اس کی پوری زندگی برباد ہو جاتی چنانچہ اس ظلم کو روکنے کے لیے آیت کریمہ کا دوسرا جزو نازل ہوا۔

(تفسیر روح المعانی،تفسیر خزائن العرفان)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَاِنْ اَرَدْتُّمُ اسْتِبْدَالَ زَوْجٍ مَّكَانَ زَوْجٍ ۙ وَّاٰتَيْتُمْ اِحْدٰىهُنَّ قِنْطَارًا فَلَا تَاْخُذُوْا مِنْهُ شَيْـًٔا ؕ اَتَاْخُذُوْنَهٗ بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿۲۰﴾ وَكَيْفَ تَاْخُذُوْنَهٗ وَقَدْ اَفْضٰى بَعْضُكُمْ اِلٰى بَعْضٍ وَّاَخَذْنَ مِنْكُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ﴿۲۱﴾

(پارہ4۔سورۃ النساء،آیت نمبر 20-21)

ترجمہ کنزالایمان: اوراگرتم ایک بی بی کے بدلے دوسری بدلنا چاہواوراسے ڈھیروں مال دے چکے ہوتواس میں سے کچھ واپس نہ لو کیااسے واپس لوگے جھوٹ باندھ کر(بہتان لگا کر)اور کھلے گناہ سے اور کیونکراسے واپس لوگے حالانکہ تم میں ایک دوسرے کے سامنے بے پردہ ہولیا(تنہائی میں ساتھ رہ لیے)اوروہ تم سے گاڑھا عہد لے چکیں(جس سے مہر لازم ہوگیا)۔

جاہلانہ دستور

عرب میں ایک جاہلانہ دستور یہ بھی تھا کہ جب کوئی شخص اپنی بیوی کوطلاق دینا چاہتااورکسی دوسری عورت سے نکاح کرنا چاہتاتواپنی بے قصور بیوی پرزنا کی تہمت لگا کر بدنام کردیتااوراسے پریشان اورتنگ کرتا تاکہ یہ بے قصورتنگ آکر کچھ رقم اسے دے کرطلاق لے لےاوریوں شوہراسی رقم سے دوسرا نکاح کرلے چنانچہ اس ظلم سے روکنے کے لیے یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر کبیر،تفسیر روح المعانی،تفسیر روح البیان،تفسیر مدراک،تفسیر بیضاوی وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَلَا تَنْكِحُوْا مَا نَكَحَ اٰبَآؤُكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ ؕ اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً وَّمَقْتًا ؕ وَسَآءَ سَبِيْلًا ﴿۲۲﴾ ع (پارہ4۔سورۃ النساء،آیت نمبر 22)

ترجمہ کنزالایمان: اورباپ دادا کی منکوحہ(سوتیلی ماؤں)سے نکاح نہ کرومگر جوہوگزرا (اس قانون کے بننے سے پہلے)وہ بیشک بے حیائی اورغضب کا کام ہےاور بہت بری راہ۔

باپ دادا کی منکوحہ

قبل از اسلام اہل عرب کا یہ دستورتھا کہ اپنے باپ دادا کے انتقال کے بعدان کی بیویوں یعنی سوتیلی ماؤں،سوتیلی دادیوں سوتیلی نانیوں سے نکاح کرلیتے تھے چنانچہ مدینہ منورہ سے اسودابن خلف نے اپنے باپ

Marfat.com

خلف کی بیوی سے اور صفیان ابن امیہ ابن خلف نے اپنے باپ امیہ کی بیوی سے اور منظور ابن ریان نے اپنے باپ ریان کی بیوی سے ان کی موت کے بعد نکاح کر لئے۔ تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

ایک اور روایت کے مطابق انصار کے ایک نیک شخص ابوقیس کے انتقال کے بعد ان کے بیٹے قیس نے اپنی سوتیلی والدہ کو نکاح کا پیغام بھیجا وہ بولیں تمھارے باپ بھی نیک تھے اور تم بھی نیک ہو میں تمھاری ماں رہ چکی ہوں اب میں کس طرح تمھارے نکاح میں آسکتی ہوں میں پہلے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھ لوں۔ پھر وہ بارگاہ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہوئیں اور یہ واقعہ عرض کیا تو اس وقت یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر روح المعانی، تفسیر کبیر، تفسیر خازن)

Marfat.com

پانچواں پارہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ۚ كِتٰبَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ ۚ وَاُحِلَّ لَكُمْ مَّا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ اَنْ تَبْتَغُوْا بِاَمْوَالِكُمْ مُّحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ ؕ فَمَا اسْتَمْتَعْتُمْ بِهٖ مِنْهُنَّ فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ فَرِيْضَةً ؕ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا تَرٰضَيْتُمْ بِهٖ مِنْۢ بَعْدِ الْفَرِيْضَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۲۴﴾

(پارہ 5۔ سورۃ النسا، آیت نمبر 24)

ترجمہ کنزالایمان: اور حرام ہیں شوہر دار (شوہر والی) عورتیں مگر کافروں کی عورتیں جو (گرفتار ہوکر) تمہاری ملک (قبضے) میں آجائیں یہ اللہ کا نوشتہ (تحریری حکم) ہے تم پر اور ان کے سوا جو رہیں وہ تمہیں حلال ہیں (نکاح کے ذریعے) کہ اپنے مالوں (مہر وغیرہ) کے عوض تلاش کرو قید لاتے نہ پانی گراتے (صرف شہوت پوری کرنے کی غرض نہ ہو) تو جن عورتوں کو نکاح میں لانا چاہو ان کے بندھے ہوئے (مقرر کردہ) مہر انہیں دو، اور قرارداد کے بعد اگر تمہارے آپس میں کچھ رضامندی ہوجاوے تو اس میں گناہ نہیں بیشک اللہ علم وحکمت والا ہے۔

لونڈی کے احکام

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جنگ اوطاس کے موقعہ پر لشکر اسلام کو اوطاس کی طرف روانہ فرمایا وہاں کے کفار خوف کے مارے پہاڑوں گھاٹیوں اور غاروں میں چھپ گئے اور ان کی عورتیں گرفتار ہوکر مسلمانوں کے قبضے میں آگئیں مگر ان غازیوں نے سوچا کہ ان عورتوں کے خاوند تو زندہ ہیں اور انہیں طلاق بھی نہیں ہوئی ہے اس لئے ہوسکتا ہے کہ ان سے صحبت حرام ہو۔ چنانچہ بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں اس معاملے کے متعلق عرض کی گئی تو یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

ایک دوسری روایت کے مطابق یہ آیت کریمہ فروخت شدہ لونڈیوں کے متعلق نازل ہوئی۔ ان کے ہاں منکوحہ لونڈی کا نکاح بیع سے ٹوٹ جاتا ہے اور خریدار کو بعد استز اء صحبت جائز ہوتی ہے۔ بعض کے نزدیک یہ

Marfat.com

آیت کریمہ اپنی مملوکہ لونڈی کے متعلق نازل ہوئی جس کا نکاح کسی اور سے کر دیا گیا ان کے نزدیک مالک کو یہ حق حاصل ہے کہ اپنی لونڈی کو اس کے خاوند سے علیحدہ کر دے یعنی اس کا نکاح توڑ دے۔

(تفسیر خازن، روح المعانی، تفسیر خزائن العرفان، تفسیر بیضاوی،)

بعد کے دونوں قول عامۃ المسلمین کے مذہب کے خلاف ہیں لہٰذا پہلا قول ہی صحیح ہے۔ (تفسیر روح المعانی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یُرِیْدُ اللّٰهُ لِیُبَیِّنَ لَكُمْ وَ یَهْدِیَكُمْ سُنَنَ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَ یَتُوْبَ عَلَیْكُمْ ؕ وَ اللّٰهُ عَلِیْمٌ حَكِیْمٌ ﴿۲۶﴾ وَ اللّٰهُ یُرِیْدُ اَنْ یَّتُوْبَ عَلَیْكُمْ ۗ وَ یُرِیْدُ الَّذِیْنَ یَتَّبِعُوْنَ الشَّهَوٰتِ اَنْ تَمِیْلُوْا مَیْلًا عَظِیْمًا ﴿۲۷﴾ یُرِیْدُ اللّٰهُ اَنْ یُّخَفِّفَ عَنْكُمْ ۚ وَ خُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِیْفًا ﴿۲۸﴾ (پارہ 5۔ سورۃ النساء، آیت نمبر 26-28)

ترجمہ کنزالایمان: اللہ چاہتا ہے کہ اپنے احکام تمہارے لئے بیان کر دے اور تمہیں اگلوں کی روشیں (گزشتہ نبیوں کے طریقے) بتا دے اور تم پر اپنی رحمت سے رجوع (رحمت) فرمائے اور اللہ علم و حکمت والا ہے، اور اللہ تم پر اپنی رحمت سے رجوع (رحمت) فرمانا چاہتا ہے، اور جو اپنے مزوں (نفسانی خواہشات) کے پیچھے پڑے ہیں وہ چاہتے ہیں کہ تم سیدھی راہ سے بہت الگ ہو جاؤ (حرام کار میں لگ جاؤ) اللہ چاہتا ہے کہ تم پر تخفیف (احکام آسان) کرے اور آدمی کمزور بنایا گیا۔

بے ڈھنگی دلیل

یہودیوں کے ہاں ان کی علاتی بہنوں اور بھتیجیوں اور بھانجیوں سے نکاح جائز سمجھا جاتا تھا جب اسلام میں ان عورتوں کی حرمت نازل ہوئی تو وہ کہنے لگے کہ اسلام میں خالہ پھوپھو حرام مگر ان کی بیٹیاں حلال ہیں تو اس طرح تو پھر بھائی بہن حرام ہیں تو ان کی بیٹیاں حلال ہونی چاہیں یہ کیسی عجیب بات ہے، پھوپھی خالہ کے احکام بھائی بہن پر جاری نہیں ہوتے چنانچہ ان کی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر مدراک، تفسیر کبیر، تفسیر روح المعانی، تفسیر روح البیان وغیرہ)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَلَا تَتَمَنَّوْا مَا فَضَّلَ اللّٰهُ بِهٖ بَعْضَكُمْ عَلٰى بَعْضٍ ؕ لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبُوْا ؕ وَلِلنِّسَآءِ نَصِيْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبْنَ ؕ وَسْـَٔلُوا اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ﴿۳۲﴾ (پارہ5۔سورۃ النساء، آیت نمبر 32)

ترجمہ کنزالایمان: اوراس کی آرزو (حسد) نہ کروجس سے اللہ نے تم میں ایک کو دوسرے پر (دینی ودنیوی نعمتوں میں) بڑائی دی مردوں کے لئے ان کی کمائی (ان کے اعمال) سے حصہ (اجر) ہے، اورعورتوں کے لئے ان کی کمائی (ان کے اعمال) سے حصہ (اجر) اوراللہ سے اس کا فضل مانگو، بیشک اللہ سب کچھ جانتا ہے۔

کمائی سے حصہ

حضرت ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ عنہ بارگاہ اقدس میں عرض گزار ہوئیں یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مرد جہاد کر کے بڑے بڑے درجے پالیتے ہیں اور میراث بھی عورتوں سے دگنا پاتے ہیں کاش ہم بھی مرد ہوتے عورتیں نہ ہوتے۔اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

ایک دوسری روایت کے مطابق جب آیت میراث نازل ہوئیں تو مرد کہنے لگے جیسے دنیا میں ہم عورتوں سے دگنا حصہ پاتے ہیں ایسے ہی آخرت میں بھی عورتوں سے دگنا ثواب پائینگے۔یہ سن کر عورتیں کہنے لگیں کہ جیسے دنیا میں ہمارا مردوں کے مقابل آدھا حصہ ہے ایسے ہی آخرت میں ہمارے گناہوں کی سزا مردوں کے مقابل آدھی دی جائے گی۔اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔یہ قول سیدی کا ہے۔

تیسری روایت کے مطابق جب آیات میراث نازل ہوئیں تو اور مروں کے حصے عورتوں سے دگنے رکھے گئے تو عورتیں بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں عرض گزار ہوئیں یارسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عورتیں مردوں سے کمزور ہیں کمانے کے قابل نہیں ان کے حصے مردوں سے زیادہ ہونے چاہیے تھے اور مرد قوی وتوانا ہیں کما سکتے ہیں ان کا حصہ زیادہ کیوں تو پھر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ایک روایت کے مطابق ایک خاتون بارگاہ رسالت میں حاضر ہوکر عرض گزار ہوئی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عورتوں مردوں کا رب عزوجل بھی ایک اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی ایک دادا حضرت آدم ودادی حضرت بی بی حوا بھی ایک پھر قرآن کریم میں مروں کا ذکر عورتوں کے مقابل میں زیادہ کیوں رکھا گیا ہے نیز مردوں کو تو جہاد میں شرکت کی اجازت ہے جبکہ عورتوں کو نہیں اس کی کیا وجہ ہے کیونکہ مرد تو جہاد میں شرکت کر کے غازی اور شہید کا مرتبہ پالیتے ہیں جبکہ عورتیں ان درجات سے محروم رہ جاتی ہیں تو نبی

Marfat.com

کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ حاملہ عورت کو دن بھر روزہ رات بھر نمازیں پڑھنے کا ثواب نو ماہ تک ملتا رہتا ہے اور جننے کی تکلیف میں اس سے بے حد وحساب اجر دیا جاتا ہے اور جب بچہ کو دودھ پلاتی ہے تو ہر چسکی پر ایک جان بچانے کا ثواب ملتا ہے تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر کبیر، تفسیر روح المعانی، تفسیر خازن، تفسیر بیضاوی، تفسیر روح البیان، تفسیر صاوی وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ لِكُلٍّ جَعَلْنَا مَوَالِيَ مِمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَ الْاَقْرَبُوْنَ ؕ وَ الَّذِيْنَ عَقَدَتْ اَيْمَانُكُمْ فَاٰتُوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدًا ﴿۳۳﴾

(پارہ 5۔ سورۃ النسا، آیت نمبر 33)

ترجمہ کنز الایمان: اور ہم نے سب کے لئے مال کے مستحق (وارث) بنا دیے ہیں جو کچھ چھوڑ جائیں ماں باپ اور قرابت والے اور وہ جن سے تمہارا حلف بندھ چکا (معاہدہ ہو چکا) انہیں ان کا حصہ دو، بیشک ہر چیز اللہ کے سامنے ہے (کچھ پوشیدہ نہیں)۔

قبولِ اسلام پر حصہ میراث

جب حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اپنے بیٹے عبد الرحمن کو اسلام کی دعوت دی اور انہوں نے اسلام کو قبول کرنے سے انکار کر دیا اور تو حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے قسم کھالی کے میں اپنے مال میں سے کچھ عبد الرحمن کو نہ ہی جیتے جی نہ ہی بعد انتقال بطور میراث کچھ دونگا پھر اللہ کا فضل ہوا اور حضرت عبد الرحمن نے اسلام قبول کر لیا۔ تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی کہ آپ اپنے بیٹے کو ان کا حصہ میراث دیں۔ (تفسیر خازن)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلرِّجَالُ قَوّٰمُوْنَ عَلَى النِّسَآءِ بِمَا فَضَّلَ اللّٰهُ بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ وَّ بِمَآ اَنْفَقُوْا مِنْ اَمْوَالِهِمْ ؕ فَالصّٰلِحٰتُ قٰنِتٰتٌ حٰفِظٰتٌ لِّلْغَيْبِ بِمَا حَفِظَ اللّٰهُ ؕ وَ الّٰتِيْ تَخَافُوْنَ نُشُوْزَهُنَّ فَعِظُوْهُنَّ وَ اهْجُرُوْهُنَّ فِي الْمَضَاجِعِ وَ اضْرِبُوْهُنَّ ۚ فَاِنْ اَطَعْنَكُمْ فَلَا تَبْغُوْا عَلَيْهِنَّ سَبِيْلًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيًّا كَبِيْرًا ﴿۳۴﴾

(پارہ 5۔ سورۃ النسا، آیت نمبر 34)

Marfat.com

ترجمہ کنزالایمان: مرد افسر (حاکم) ہیں عورتوں پر اس لیے کہ اللہ نے ان میں ایک (مرد) کو دوسرے (عورت) پر فضیلت دی اور اس لئے کہ مردوں نے ان پر اپنے مال (مال ونفقہ وغیرہ) خرچ کیے تو نیک بخت (نیکوکار) عورتیں ادب والیاں (اطاعت گزار) ہیں خاوند کے پیچھے (اپنی عزت، شوہر کے مال وغیرہ) حفاظت رکھتی ہیں جس طرح اللہ نے حفاظت کا حکم دیا اور جن عورتوں کی نافرمانی کا تمہیں اندیشہ ہو تو انہیں سمجھاؤ اور ان سے الگ سوؤ اور انہیں (ہلکی مار) مارو پھر اگر وہ تمہارے حکم میں آجائیں (فرمانبرداری کریں) تو ان پر زیادتی کی کوئی راہ نہ چاہو (زیادتی کا بہانہ نہ ڈھونڈو) بیشک اللہ بلند بڑا (حاکم تم پر قابو والا) ہے۔

مرد افسر ہیں عورتوں پر

سعد ابن ربیع رضی اللہ عنہ نے ایک بار اپنی زوجہ کے نافرمانی کرنے پر ناراض ہو کر ایک تھپڑ مار دیا ان کی زوجہ کے والد زید ابن زبیر اپنی بیٹی کو لے کر خدمت اقدس میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئے کہ میں نے اپنی بیٹی سعد کے نکاح میں دے دی انہوں نے اس سے کسی بات پر ناراض ہو کر تھپڑ مار دیا اب قصاص دلوایا جائے چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قصاص کی اجازت فرمائی ہی تھی کہ یہ آیت کریمہ نازل ہوئی پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انھیں یہ آیت کریمہ سنائی کہ بیوی شوہر سے تھپڑ کا قصاص نہیں لے سکتی۔

(تفسیر خازن، تفسیر بیضاوی، تفسیر روح المعانی، تفسیر روح البیان، تفسیر کبیر وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِلَّذِیْنَ یَبْخَلُوْنَ وَ یَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ وَ یَكْتُمُوْنَ مَاۤ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖؕ وَ اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِیْنَ عَذَابًا مُّهِیْنًاۚ﴿۳۷﴾ (پارہ 5۔ سورۃ النساء، آیت نمبر 37)

ترجمہ کنزالایمان: جو آپ بخل (خود بھی کنجوسی) کریں اور اوروں سے (بھی) بخل کے لئے کہیں اور اللہ نے جو انہیں اپنے فضل سے دیا ہے اسے چھپائیں اور کافروں کے لئے ہم نے ذلت کا عذاب تیار کر رکھا ہے۔

مالی اور علمی بخل

اسامہ ابن حبیب، حیی ابن احطب نافع بن ابی نافع وغیرہ دیگر کفار انصار کے دوست رہ چکے تھے جب انصار نے قبول اسلام کر لیا تو پھر بھی یہ لوگ پچھلے تعلقات کی بناہ پر کبھی کبھار ملنے آجاتے اور انصار سے دبے

Marfat.com

دبے لفظوں میں کہتے کہ اپنا مال بچا کر رکھو اور صدقہ وخیرات وخرچ جہاد پر خرچ نہ کرو۔ آئندہ نجانے کیسے حالات ہوں اور کیا ضرورت پڑ جائے اگر تمھارے پاس مال نہ ہوا تو تم کسی بڑی مصیبت میں بھی گرفتار ہو سکتے ہو۔ تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ بعض کے مطابق یہود نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی توریت میں موجود صفت وصفات چھپایا کرتے تھے اور یہ بیان کرنے میں بخیلی کرتے کہ نہ خود سناتے نہ اپنے پادریوں وغیرہ کو سنانے دیتے تب ان کی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ پہلی رویت میں مالی بخل اور دوسری روایت میں علمی بخل مراد ہو سکتا ہے۔ لہٰذا ہو سکتا ہے کہ یہ آیت دونوں ہی روایتوں کے متعلق ہو۔ (تفسیر روح البیان، وتفسیر روح المعانی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَالَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ رِئَآءَ النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ وَمَنْ يَّكُنِ الشَّيْطٰنُ لَهٗ قَرِيْنًا فَسَآءَ قَرِيْنًا ﴿۳۸﴾ وَمَاذَا عَلَيْهِمْ لَوْ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقَهُمُ اللّٰهُ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِهِمْ عَلِيْمًا ﴿۳۹﴾

(پارہ 5۔ سورۃ النساء، آیت نمبر 39)

ترجمہ کنزالایمان: اور وہ جو اپنے مال لوگوں کے دکھاوے کو (اپنی ناموری کے لیے) خرچ کرتے ہیں اور ایمان نہیں لاتے اللہ اور نہ قیامت پر، اور جس کا مصاحب (ساتھی) شیطان ہوا، تو کتنا برا مصاحب (ساتھی) ہے، اور ان کا کیا نقصان تھا اگر ایمان لاتے اللہ اور قیامت پر اور اللہ کے دیے میں سے اس کی راہ میں خرچ (صدقہ) کرتے اور اللہ ان کو جانتا ہے۔

منافقین کا اسلام کے خلاف ورغلانہ

منافقین مدینہ وقتاً فوقتاً بہانے بہانے سے مسلمانوں کو زکوٰۃ وصدقات میں مال خرچ کرنے کے حوالے سے ڈراتے رہتے تھے کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ ان صدقہ خیرات میں مال خرچ کر کے تم بالکل ہی مفلس ہو جاؤ لہٰذا برے وقت کے لئے اپنا مال بچا کر رکھو۔ پھر یہ منافقین خود بارگاہ اقدس میں کبھی کبھی مال حاضر کیا کرتے تھے تا کہ ان کا نفاق چھپا رہے اور انہیں لوگ مسلمان ہی سمجھتے رہیں چنانچہ ان کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

بعض مفسرین کے نزدیک مشرکین مکہ اور منافقین مدینہ لوگوں کو اسلام سے پھرنے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Marfat.com

کی مخالفت پر آمادہ کرنے کے جتن کرتے رہتے تھے نام نمود دنیا دکھانے کے لئے تو بے حساب مال خرچ کرتے مگر اسلام پر خرچ کرنے سے کتراتے تھے چنانچہ ان کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر کبیر)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَ اَنْتُمْ سُكٰرٰى حَتّٰى تَعْلَمُوْا مَا تَقُوْلُوْنَ وَ لَا جُنُبًا اِلَّا عَابِرِیْ سَبِیْلٍ حَتّٰى تَغْتَسِلُوْا ؕ (پارہ5۔سورۃ النساء، آیت نمبر 43)

ترجمہ کنزالایمان: اے ایمان والو! نشہ کی حالت میں نماز کے پاس نہ جاؤ (نماز کے وقت نشہ نہ کرو) جب تک اتنا ہوش نہ ہو کہ جو کہو اسے سمجھو (کہ کیا کہہ رہے ہو) اور نہ ناپاکی کی حالت (جب وضو اور غسل فرض ہو) میں بے نہائے مگر مسافری میں (پانی ملنا ممکن نہ ہو)۔

شراب کی حرمت

امیر المومنین حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جب شراب کی حرمت کا حکم نہ آیا تھا اس زمانے میں حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ کے گھر حضرات صحابہ کی دعوت تھی حسب معمول کھانے کھانے کے بعد شراب پیش کی گئی شراب پی کر ہم سب نشے میں چور ہو گئے ایسے میں مغرب کی نماز کا وقت آ گیا لوگوں نے مجھے امام بنایا چونکہ میں بھی نشے میں تھا لہٰذا جب سورۃ کافروں کی تلاوت شروع کی تو اس میں چاروں جگہ لا کو چھوڑ دیا اور بغیر لا کے پڑھ گیا تب یہ آیت کریمہ کا یہ جزو نازل ہوا۔ جس میں نشے کی حالت میں نماز پڑھنے سے روک دیا گیا۔ ایک روایت کے مطابق شراب حرام ہونے سے قبل بعض صحابہ نشے کی حالت میں نماز پڑھنے مسجد نبوی آ جاتے تھے۔ ان کے متعلق یہ آیت کریمہ کا یہ جزو نازل ہوا۔

(تفسیر صاوی، تفسیر روح المعانی تفسیر خازن تفسیر کبیر وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ اِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰۤى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ اَوْ جَآءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَآىِٕطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُوْا مَآءً فَتَیَمَّمُوْا صَعِیْدًا طَیِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَ اَیْدِیْكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا غَفُوْرًا ﴿۴۳﴾ (پارہ5۔سورۃ النساء، آیت نمبر 43)

ترجمہ کنزالایمان: اور اگر تم بیمار ہو (کہ پانی نقصان پہنچائے) یا سفر میں (جب پانی نہ

Marfat.com

مل سکے) یا تم میں سے کوئی قضائے حاجت سے آیا ہو یا تم نے عورتوں کو چھوا (صحبت کی) اور پانی نہ پایا تو پاک مٹی سے تیمم کرو تو اپنے منہ اور ہاتھوں کا مسح کرو بیشک اللہ معاف کرنے والا بخشنے والا ہے۔

تیمم کے احکام

غزوہ مریسیع کے موقع پر ام المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہ کا ہار گم ہو گیا بہت تلاش بسار کے باوجود ہار نہ ملا اسی حالت میں نماز عصر کا وقت آ گیا وضو کرنے کے لئے پانی موجود نہ تھا تب سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے اپنی صاحبزادی سیدہ عائشہ صدیقہ کو مارا کہ تمھاری وجہ سے دیر ہوئی اور سب پریشان ہوئے تم نے ہار کیوں گم کیا تب یہ آیت کریمہ کا یہ جزو نازل ہوا اور تیمم کے احکام نازل ہوئے۔ (تفسیر روح المعانی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يَشْتَرُوْنَ الضَّلٰلَةَ وَ يُرِيْدُوْنَ اَنْ تَضِلُّوا السَّبِيْلَ ﴿۴۴﴾ وَ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِاَعْدَآئِكُمْ ؕ وَ كَفٰى بِاللّٰهِ وَلِيًّا وَّ كَفٰى بِاللّٰهِ نَصِيْرًا ﴿۴۵﴾ (پارہ 5۔ سورۃ النساء، آیت نمبر 45-44)

ترجمہ کنزالایمان: کیا تم نے انہیں نہ دیکھا جن کو کتاب سے ایک (کچھ) حصہ ملا گمراہی مول لیتے ہیں (ہدایت کے بدلے) اور چاہتے ہیں کہ تم بھی راہ سے بہک جاؤ، (اسلام چھوڑ دو) اور اللہ خوب جانتا ہے تمہارے دشمنوں کو اور اللہ کافی ہے اور اللہ کافی ہے مددگار۔

اسلام کے خلاف بہکانا

منافقین مدینہ عبداللہ ابن ابی وغیرہ اور کچھ یہود پادری آپس میں ملتے تو اسلام کی برائیاں کرتے تاکہ لوگ اسلام سے متنفر ہو کر اسلام قبول کرنے سے باز رہیں چنانچہ ان کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ ایک دوسری روایت کے مطابق رفاعہ ابن زید اور مالک ابن دختم یہودی انتہائی بے ادب اور گستاخ رسول تھے بارگاہ رسالت میں ہمیشہ بدتمیزی اور بے ہودگی کا مظاہرہ کرتے تھے اور نبی کریم رؤف رحیم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کی بدتمیزی پر صبر و استقلال اختیار فرمایا کرتے چنانچہ ان کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ ان دونوں روایتوں میں کوئی تعارض نہیں۔ (تفسیر خازن و تفسیر روح المعانی)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اٰمِنُوْا بِمَا نَزَّلْنَا مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّطْمِسَ وُجُوْهًا فَنَرُدَّهَا عَلٰۤى اَدْبَارِهَاۤ اَوْ نَلْعَنَهُمْ كَمَا لَعَنَّاۤ اَصْحٰبَ السَّبْتِ ؕ وَ كَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ﴿۴۷﴾ (پارہ5۔سورۃ النساء،آیت نمبر 47)

ترجمہ کنزالایمان: اے کتاب والو! ایمان لاؤ اس پر جو ہم نے اتارا تمہارے ساتھ والی کتاب کی تصدیق فرماتا قبل اس کے کہ ہم بگاڑ دیں کچھ مونہوں کو (چہرے کے نقوش مٹا دیں گے) تو انہیں پھیر دیں ان کی پیٹھ کی طرف (چہرہ سر کے پچھلے حصے کی طرح بنا دیں گے) یا انہیں لعنت کریں جیسی لعنت کی ہفتہ والوں پر (کہ انہیں بندر بنا کر ہلاک کر دیا گیا) اور خدا کا حکم ہو کر رہے۔

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تکذیب

ایک مرتبہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مالک ابن صیف، عبداللہ بن صوریا، کعب بن اشرف وغیرہ علماء یہود کو بلا کر اسلام کی دعوت دی اور فرمایا کہ اے یہود کی جماعت اللہ سے ڈرو اور دین اسلام قبول کر لو اللہ کی قسم تم اچھی طرح جانتے ہو کہ میں اللہ کا سچا رسول ہوں اور تمھارے پاس سچی کتاب لایا ہوں اگر تم نے اس سچے دین کو قبول نہ کیا تو اللہ کو کیا منہ دکھاؤ گئے اور اسے کیا جواب دو گے اس پر وہ یہود بولے کہ اللہ کی قسم ہم آپ کو سچا نہیں جانتے اگر جانتے ہوتے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان ضرور لے آتے چنانچہ اس موقعہ پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔
(تفسیر خازن، تفسیر روح المعانی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّ اللّٰهَ لَا یَغْفِرُ اَنْ یُّشْرَكَ بِهٖ وَ یَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ یَّشَآءُ ۚ وَ مَنْ یُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدِ افْتَرٰۤى اِثْمًا عَظِیْمًا ﴿۴۸﴾ (پارہ5۔سورۃ النساء،آیت نمبر 48)

ترجمہ کنزالایمان: (کوئی اسے ٹال نہیں سکتا) بیشک اللہ اسے نہیں بخشتا کہ اس کے ساتھ کفر کیا جائے اور کفر سے نیچے (کفر کے علاوہ گناہ) جو کچھ ہے جسے چاہے معاف فرما دیتا ہے اور جس نے خدا کا شریک ٹھہرایا اس نے بڑا گناہ کا طوفان باندھا، (فساد پھیلایا)۔

Marfat.com

شان نزول

جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے منبر شریف پر قیام فرما ہو کر اس آیت کا اعلان فرمایا: قل یعبادی الذین اسرفو علی انفسھم (سورۃ الزمر ۳۵) تو ایک صاحب کھڑے ہو کر عرض گزار ہوئے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیا شرک بھی قابل بخشش ہے اور کیا مشرک بھی بخشا جائے گا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خاموشی اختیار فرمائی تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

ایک دوسری روایت کے مطابق جب جنگ احد میں حضرت وحشی رضی اللہ عنہ نے قبل از اسلام حضرت سیدنا امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کو شہید کیا پھر مکہ معظمہ پہنچ کر انھیں اور ان کے ساتھیوں کو شرمندگی اور پچھتاوا ہوا پھر انہوں نے بارگاہ رسالت میں ایک خط میں عرض کی کہ ہم اسلام قبول کرنے کو تیار ہیں مگر ہم آپ سے یہ آیت سن چکے ہیں کہ والذین یدعون مع اللہ الھا اخر (فرقان ۶۸) تو ہم لوگ شرک اور مسلمانوں کے قتل جیسے کام بھی کر چکے ہیں پھر ہماری بخشش کیسے ہوگی اور اگر بخشش نہ ہو تو پھر ہمارے اسلام قبول کرنے کا کیا فائدہ تو یہ آیت کریمہ نازل ہوئی: الا من تاب و امن و عمل صالحا (مریم ۶) چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ آیت مبارکہ تحریر فرما کر روانہ فرمائی تو اس کے جواب میں انہوں نے پھر خط میں یہ عریضہ لکھا کہ اس آیت میں بخشش کے لیے نیک اعمال کی قید لگائی گئی ہے ممکن ہے ہم یہ سب نیک اعمال نہ کر سکیں تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی و یغفر ما دون (النساء ۴۸) کہ اللہ شرک و کفر نہ بخشے گا اس کے سوا جسے چاہے بخش دے گا نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پھر یہ آیت تحریر فرما کر روانہ فرما دی تو اس کے جواب میں پھر انہوں نے یہ عریضہ بھیجا کہ اس آیت میں بھی ہماری بخشش یقینی نہیں نجانے اللہ ہماری مغفرت چاہے یا نہ چاہے تو پھر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر کبیر، وخازن، وتفسیر روح البیان وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يُزَكُّوْنَ اَنْفُسَهُمْ ؕ بَلِ اللّٰهُ يُزَكِّيْ مَنْ يَّشَآءُ وَ لَا يُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ۝ اُنْظُرْ كَيْفَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ؕ وَ كَفٰى بِهٖۤ اِثْمًا مُّبِيْنًا ۝

(پارہ 5۔ سورۃ النساء، آیت نمبر 49-50)

ترجمہ کنزالایمان: کیا تم نے انہیں نہ دیکھا جو خود اپنی ستھرائی (پارسائی) بیان کرتے ہیں بلکہ اللہ جسے چاہے ستھرا کرے (گناہوں سے پاک کر دے) اور ان پر ظلم نہ ہوگا دانہ خرما

Marfat.com

کے ڈورے (کھجور کی گٹھلی کے ریشے) برابر دیکھو کیا اللہ پر جھوٹ باندھ رہے ہیں اور یہ کافی ہے صریح گناہ۔

یہود و نصاریٰ کا گھمنڈ

کچھ یہودی اپنے چھوٹے چھوٹے بچوں کو لے کر بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہوئے اور بولے کہ کیا یہ چھوٹے بچے بھی گناہ گاروں میں داخل ہیں تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا نہیں تو وہ بولے کہ قسم اس کی جس کی قسم کھائی جاتی ہے ہمارا حال بھی یہی ہے کہ ہم بھی ان بچوں کی طرح گناہ گاروں میں داخل نہیں ہم بھی ان کی طرح بے گناہ ہیں کہ ہمارے دن کے گناہ رات آنے سے پہلے اور رات کے گناہ دن ہونے سے پہلے بخش دیے جاتے ہیں چنانچہ ان کی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ ایک دوسری رویت کے مطابق یہود و نصاریٰ کا یہ کہنا تھا کہ ہم اللہ کے بیٹے اور اس کے پیارے ہیں جنت صرف ہمارے لئے ہے ہمارے سوا کوئی اس میں نہ جائے گا چنانچہ ان کی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن، تفسیر کبیر، تفسیر روح المعانی، وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يُؤْمِنُوْنَ بِالْجِبْتِ وَ الطَّاغُوْتِ وَ يَقُوْلُوْنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا هٰۤؤُلَآءِ اَهْدٰى مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا سَبِيْلًا ﴿۵۱﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ ؕ وَ مَنْ يَّلْعَنِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ نَصِيْرًا ﴿۵۲﴾ (پارہ 5۔ سورۃ النساء، آیت نمبر 51-52)

ترجمہ کنزالایمان: کیا تم نے، وہ نہ دیکھے جنہیں کتاب کا ایک (کچھ) حصہ ملا ایمان لاتے ہیں بت اور شیطان پر اور کافروں کو کہتے ہیں کہ یہ مسلمانوں سے زیادہ راہ (ہدایت) پر ہیں، یہ ہیں جن پر اللہ نے لعنت کی اور جسے خدا لعنت کرے تو ہرگز اس کا کوئی یار (مددگار) نہ پائے گا۔

اسلام مٹا دینے کا عہد

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب مشرکین مکہ سے خطرہ محسوس فرما کر یہود مدینہ سے صلح فرمائی اور ان سے یہ معائدہ کیا کہ ہم پر مشرکین مکہ کا حملہ ہو جانے کی صورت میں نہ ہی ہماری مدد کرنا اور نہ ہی مشرکین مکہ کو مدد دینا بس غیر جانبدار رہنا چنانچہ یہود نے معاہدہ منظور کر لیا مگر جب مشرکین مکہ کے حملے جنگ احد میں حملہ آور ہونے کے بعد انہوں نے مشرکین مکہ کا بظاہر غلبہ ہوتے دیکھا تو معاہدے کی پروانہ کی اور مشرکین مکہ سے ساز باز اور

Marfat.com

معاملات طے کرنے شروع کر دیئے اور اس سلسلے میں یہود دو بڑے کعب بن اشرف اور حیی ابن اخطب نے مکہ پہنچ کر ابوسفیان اور دیگر قریش مکہ کو مسلمانوں پر حملہ کرنے اور ابھارنے پر ہر طرح سے اپنی مدد کا یقین دلانے لگے اس پر ابوسفیان جو اس وقت ایمان نہ لائے تھے بولے کہ تم اہل کتاب ہو اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صاحب کتاب تم ان سے قریب اور ہم سے دور ہو کیا معلوم تم ہمیں دھوکہ دے رہے ہو اور جب ہم مسلمانوں پر حملہ کریں تو تم مسلمانوں کے ساتھ مل کر ہم پر حملہ کر دو اگر تم واقعی ہمارے ساتھ ہو تو پہلے ہمارے دو بتوں کو سجدہ کرو پھر ہمیں تمہارا اعتبار آ جائے گا چنانچہ کعب بن اشرف اور حیی ابن اخطب نے بتوں کو سجدہ کیا پھر کعب بن اشرف نے ابوسفیان سے کہا کہ آؤ ہم سب کعبہ سے لپٹ کر یہ عہد کریں کہ ہم دونوں اسلام کی مخالفت اور اسے مٹانے میں کوئی کسر نہ اٹھا رکھیں گے چنانچہ سب نے ایسا ہی کہا پھر ابوسفیان بولے کہ تم تو توریت عالم ہو تمہیں بتاؤ کہ ہم حق پر ہیں یا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور انکے ساتھی جبکہ ہم حاجیوں کے خدمت گار انھیں پانی پلانے والے قیدیوں کو آزاد کرنے والے مہمان نوازی کرنے والے قرابت داروں کے حقوق ادا کرنے والے بیت اللہ کے پاسبان ہیں جبکہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تو اپنے آباؤ واجداد کے دین کو چھوڑ کر نئے دین کی دعوت دیتے ہیں اور حرم شریف کو چھوڑ گئے ہیں ہمارا دین قدیم ہے اور ان کا دین جدید اس پر کعب بولا کہ اللہ کی قسم توریت کی رو سے تم لوگ ہی ہدایت پر ہو اس موقع پر ان یہود کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر خزائن، تفسیر کبیر، روح المعانی، روح البیان، تفسیر جلالین، وتفسیر صاوی وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَمْ لَهُمْ نَصِيْبٌ مِّنَ الْمُلْكِ فَاِذًا لَّا يُؤْتُوْنَ النَّاسَ نَقِيْرًا ﴿۵۳﴾ اَمْ يَحْسُدُوْنَ النَّاسَ عَلٰى مَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ فَقَدْ اٰتَيْنَآ اٰلَ اِبْرٰهِيْمَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَاٰتَيْنٰهُمْ مُّلْكًا عَظِيْمًا ﴿۵۴﴾ فَمِنْهُمْ مَّنْ اٰمَنَ بِهٖ وَمِنْهُمْ مَّنْ صَدَّ عَنْهُ ۭ وَكَفٰى بِجَهَنَّمَ سَعِيْرًا ﴿۵۵﴾ (پارہ5۔سورۃ النساء، آیت نمبر 52-55)

ترجمہ کنزالایمان: کیا ملک (سلطنت) میں ان کا کچھ حصہ (اختیار) ہے ایسا ہو تو لوگوں کو تل بھر (ذرہ برابر) نہ دیں، یا لوگوں سے حسد کرتے ہیں اس پر جو اللہ نے انہیں اپنے فضل سے دیا تو ہم نے تو ابراہیم کی اولاد کو کتاب اور حکمت عطا فرمائی اور انہیں بڑا ملک دیا (عظیم سلطنت دی) تو ان میں کوئی اس پر ایمان لایا اور کسی نے اس سے منہ پھیرا (ایمان نہ لائے)

Marfat.com

اور دوزخ کافی ہے۔

یہود کے اعتراضات کو جوابات

یہود مدینہ کا کہنا تھا کہ نبوت تو صرف بنی اسرئیل کی میراث ہے اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم چونکہ اس خاندان سے نہیں ہیں تو پھر نبوت کیسے مل سکتی ہے، کبھی کہتے کہ نبوت وسلطنت ایک جگہ جمع نہیں ہوسکتی پھر بھلا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک ہی ساتھ نبی اور بادشاہ کیسے بن گئے پھر کبھی اعتراض کرتے کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اگر نبی ہوتے تو پھر انھیں نو بیویوں کی حاجت کیوں پیش آئی چنانچہ ان تمام اعتراضات کے جواب میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر کبیر، تفسیر خازن، تفسیر روح المعانی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰٓى اَهْلِهَا ۙ وَ اِذَا حَكَمْتُمْ بَيْنَ النَّاسِ اَنْ تَحْكُمُوْا بِالْعَدْلِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ نِعِمَّا يَعِظُكُمْ بِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ سَمِيْعًۢا بَصِيْرًا ﴿۵۸﴾

(پارہ 5۔ سورۃ النساء، آیت نمبر 58)

ترجمہ کنزالایمان: بیشک اللہ تمہیں حکم دیتا ہے کہ امانتیں جن کی ہیں انہیں سپرد کرو اور یہ کہ جب تم لوگوں میں فیصلہ کرو تو انصاف کے ساتھ فیصلہ کرو بیشک اللہ تمہیں کیا ہی خوب نصیحت فرماتا ہے، بیشک اللہ سنتا دیکھتا ہے۔

کعبہ مشرفہ کی کلید برداری

فتح مکہ کے روز جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب فاتحانہ شان وشوکت سے مکہ مکرمہ میں داخل ہوئے تو عثمان بن طلحہ جو قبیلہ بنی عبدالدار سے تھے اور کعبے کے کلیدار برادر تھے انہوں نے کعبے کے دروازے میں تالا لگا دیا اور خود چھت پر چڑھ گئے جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کعبہ شریف سے بتوں کو نکالنے کے لیے حضرت علی کے زریعے چابی طلب فرمائی تو انہوں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو چابی دینے سے انکار کر دیا کہ اگر میں انھیں اللہ کا رسول سمجھتا تو چابی دے دیتا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ان کے ہاتھ سے چابی چھین لی اور فرمایا کہ آج تم سب محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زیر دست ہو آج پورے مکہ میں کعبہ میں ان ہی کا راج ہے پھر یہ چابی نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور پیش کر دی نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کعبہ معظمہ کو بتوں سے صاف کر دیا اور عین کعبہ میں دو رکعت نفل ادا فرمائے اس کے بعد حضرت عباس رضی اللہ عنہ عرض گزار ہوئے کہ حضور حاجیوں کو پانی پلانے کی

Marfat.com

سعادت بھی حاصل ہے لہٰذا کعبہ کے کلیدی برادری کی سعادت بھی مجھے ملنی چاہیے تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر جلالین، وخازن وکبیر وغیرہ)

مگر حق یہ ہے کہ فتح مکہ کے روز حضرت عثمان بن طلحہ مسلمان تھے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھے اور آپ نے بخوشی خانہ کعبہ کا دروازہ کھولا البتہ جب حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے کعبہ کی کلیدی برادری کی خواہش کا اظہار کیا تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عثمان بن طلحہ سے فرمایا کہ اے عثمان تم یہ چابی لوتا قیامت یہ چابی تم میں ہی رہے گی۔ (تفسیر خزائن العرفان، وروح المعانی، وتفسیر روح البیان وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اَطِیْعُوا اللّٰهَ وَ اَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَ اُولِی الْاَمْرِ مِنْكُمْۚ فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ فِیْ شَیْءٍ فَرُدُّوْهُ اِلَى اللّٰهِ وَ الرَّسُوْلِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَ الْیَوْمِ الْاٰخِرِؕ ذٰلِكَ خَیْرٌ وَّ اَحْسَنُ تَاْوِیْلًا ﴿۵۹﴾ (پارہ 5۔ سورۃ النساء، آیت نمبر 59)

ترجمہ کنزالایمان: اے ایمان والو! حکم مانو اللہ کا اور حکم مانو رسول کا اور ان کا جو تم میں حکومت والے (مسلمان حکمران) ہیں پھر اگر تم میں کسی بات کا جھگڑا اٹھے تو اسے اللہ اور رسول کے حضور رجوع کرو (شرعی فیصلہ کرو) اگر اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتے ہو یہ بہتر ہے اور اس کا انجام سب سے اچھا۔

بارگاہ رسالت میں فیصلہ

ایک لشکر میں حضرت خالد بن ولید امیر وسپہ سالار تھے حضرت عمار بن یاسر بھی اس لشکر میں شامل تھے جس علاقہ پر جہاد کرنا تھا لشکر جیسے ہی اس کے قریب پہنچا تو وہاں کے لوگ راتوں رات اپنے بال بچوں اور سامان کو لے کر وہاں سے بھاگ نکلے البتہ ان میں سے ایک شخص چھپتے چھپاتے اپنے بال بچوں کے ساتھ لشکر اسلام کی طرف آیا اور حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ سے کہنے لگا کہ میں اسلام قبول کر چکا ہوں میری قوم کے سب افراد تو بھاگ چکے ہیں اب صرف میں ہی یہاں اکیلا باقی رہ گیا ہوں کیا میرا ایمان لانا فائدہ مند ہوگا، یعنی اگر میری جان و مال اور بال بچے امن سے رہیں تو میں یہاں رک جاؤں ورنہ میں بھی بھاگ نکلوں تو حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ نے فرمایا تمھیں تمھارا ایمان فائدہ دے گا تم میری امان میں ہو لہٰذا وہ شخص اطمینان سے اپنے گھر کی طرف لوٹ گیا۔ صبح سویرے لشکر اسلام نے اس علاقے پر حملہ کیا تو سوائے اس شخص اور اس

Marfat.com

کے بال بچوں کے علاوہ کسی کو نہ پایا لہٰذا حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے اس شخص کو مع اس کے بال بچوں کے قید کرلیا اور سامان پر قبضہ کرلیا۔ جب حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کو اس کی خبر ہوئی تو آپ رضی اللہ عنہ فوراً حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کے پاس پہنچے کہ میں اس شخص کو امان دے چکا ہوں یہ شخص مسلمان ہو چکا ہے آپ رضی اللہ عنہ اسے چھوڑ دیں حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں لشکر کا امیر ہوں تمھیں مجھے بتائے بغیر امن دینے کا کوئی حق نہیں چنانچہ دونوں حضرات میں کچھ شکر رنجی ہوگئی یہاں تک کے اسی حالت میں مدینہ منورہ روانہ ہو گئے اور بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں مقدمہ پیش کیا گیا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عمار رضی اللہ عنہ کے حق میں فیصلہ فرمایا اور اس شخص کو مع مال کے چھوڑ دیا مگر ساتھ ہی حضرت عمار رضی اللہ عنہ کو تاکید فرمائی کی آئندہ بغیر امیر لشکر کی اجازت کے کسی کو امان نہ دیں۔ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عمار جیسے غلام کو مجھ پر میرے مقابل آنے کی اجازت عطا فرماتے ہیں تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو عمار رضی اللہ عنہ کو برا کہے اللہ اس کا برا کرے جو عمار رضی اللہ عنہ سے بغض رکھے خدا اس سے ناراض ہو جو عمار رضی اللہ عنہ کو لعنت کرے خدا اس پر لعنت کرے حضرت عمار رضی اللہ عنہ یہ سن کر بارگاہ نبوی سے اجازت لیکر روانہ ہو گئے تو حضرت خالد بن ولید فوراً ان کے پیچھے ہو لیے اور راستے میں ان کو جا لیا اور ان کا دامن پکڑ کر معذرت خواہ ہوئے اور انھیں راضی کیا اس موقعہ پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر روح المعانی، تفسیر خازن)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يَزْعُمُوْنَ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَ مَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَحَاكَمُوْٓا اِلَى الطَّاغُوْتِ وَ قَدْ اُمِرُوْٓا اَنْ يَّكْفُرُوْا بِهٖ ؕ وَ يُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّضِلَّهُمْ ضَلٰلًۢا بَعِيْدًا ﴿۶۰﴾ وَ اِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا اِلٰى مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَ اِلَى الرَّسُوْلِ رَاَيْتَ الْمُنٰفِقِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْكَ صُدُوْدًا ﴿۶۱﴾ ج (پارہ 5۔ سورۃ النساء، آیت نمبر 60-61)

ترجمہ کنزالایمان: کیا تم نے انہیں نہ دیکھا جن کا دعویٰ ہے کہ وہ ایمان لائے اس پر جو تمہاری طرف اترا اور اس پر جو تم سے پہلے اترا پھر چاہتے ہیں کہ شیطان کو اپنا پنچ بنائیں (اس کا فیصلہ مانیں) اور ان کو تو حکم یہ تھا کہ اسے اصلاً نہ مانیں (اس کو دشمن جانیں) اور ابلیس یہ چاہتا ہے کہ انہیں دور بہکا دے (ہدایت سے دور کردے) اور جب ان سے کہا جائے کہ اللہ کی اتاری

Marfat.com

ہوئی کتاب اور رسول کی طرف آؤ تو تم دیکھو گے کہ منافق تم سے منہ موڑ کر پھر جاتے ہیں۔

حق و باطل میں فرق کرنے والے

ایک روایت کے مطابق ایک یہودی اور ایک منافق کے درمیان جھگڑا ہوا اس جھگڑے میں یہودی حق پر تھا جبکہ منافق جھوٹا تھا جھگڑے نے جب طول پکڑا تو یہودی نے منافق سے کہا چلو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس کا فیصلہ کرواتے ہیں اس پر منافق بولا کہ نہیں کعب بن اشرف یہودی کے پاس چلتے ہیں یہودی نے تعجب سے کہا کہ تو کیسا مسلمان ہے کہ اپنے نبی کے بجائے اپنا فیصلہ یہود کے سردار سے کرانا چاہتا ہے اس پر منافق شرمندہ ہو کر بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہونے کے لیے تیار ہوا چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے معاملہ سماعت فرما کر یہودی کے حق میں فیصلہ فرما دیا وہاں سے نکل کر منافق بولا کہ مجھے یہ فیصلہ منظور نہیں چلو صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے فیصلہ کرواتے ہیں چنانچہ دونوں صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے بھی معاملہ سن کر یہودی کے حق میں فیصلہ دیا چنانچہ وہاں سے نکل کر بھی منافق یہی کہنے لگا کہ مجھے یہ فیصلہ منظور نہیں چلو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے فیصلہ کروائیں چنانچہ دونوں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے جب حضرت عمر فاروق کو یہ بتایا گیا کہ منافق نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے فیصلے سے راضی نہیں تو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے منافق سے پوچھا کیا یہ بات درست ہے تو منافق نے کہا کہ ہاں یہ سچ ہے تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ یہیں ٹھہرو میں ابھی تمھارا فیصلہ کرتا ہوں پھر گھر کے اندر تشریف لے گئے تلوار نکال کر لائے اور منافق کی گردن اڑا دی اور فرمایا جو رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فیصلے اور حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے عدل کو نہ مانے اس کا یہ ہی فیصلہ ہونا چاہیے۔ منافق کے قتل پر اس کے رشتے دار بارگاہ رسالت میں حاضر ہو کر حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے خلاف شکایت بیان کرنے لگے چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے اصل واقعہ دریافت فرمایا تو آپ رضی اللہ عنہ نے تمام واقعہ عرض کر دیا اور فرمایا کہ جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فیصلے کو نہ مانے اور کسی اور کا فیصلہ چاہے اس کا فیصلہ میرے نزدیک یہی ہونا چاہیے تھا چنانچہ اسی لمحے حضرت جبرئیل علیہ اسلام یہ آیت کریمہ لے کر حاضر خدمت ہوئے اور عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عمر حق و باطل میں فرق کرنے والے ہیں تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اے عمر تم آج سے فاروق یعنی حق و باطل میں فرق کرنے والے ہو۔ چنانچہ اس دن سے آپ رضی اللہ عنہ کا لقب فاروق ہوا۔ (تفسیر کبیر، تفسیر خازن، تفسیر بیضاوی، تفسیر مدارک، تفسیر روح المعانی وغیرہ)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فَكَيْفَ إِذَآ أَصَابَتْهُم مُّصِيبَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيهِمْ ثُمَّ جَآءُوكَ يَحْلِفُونَ بِاللَّهِ إِنْ أَرَدْنَآ إِلَّآ إِحْسَانًا وَتَوْفِيقًا ﴿٦٢﴾ (پارہ5۔سورۃ النساء، آیت نمبر 62)

ترجمہ کنزالایمان: کیسی (حالت) ہوگی جب ان پر کوئی افتاد (آفت آ) پڑے بدلہ اس (بداعمالیوں) کا جو انکے ہاتھوں نے آگے بھیجا پھر اے محبوب! تمہارے حضور حاضر ہوں، اللہ کی (جھوٹی) قسم کھاتے کہ ہمارا مقصود تو بھلائی اور میل (صلح وملاپ) ہی تھا۔

بے جا تاویلیں

جب منافق کے قتل پر اس کے رشتہ دار وقرابت دار اور دیگر منافقین بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہوئے اور بے جا تاویلیں کرنے لگے کہ شبہ (منافق) کی نیت خراب نہ تھی نہ ہی وہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فیصلے سے انکاری تھا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے یہ قتل بے جا کیا ہے ہمیں اس خون کا بدلہ چاہیے غالباً یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن، تفسیر کبیر)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَمَآ أَرْسَلْنَا مِن رَّسُولٍ إِلَّا لِيُطَاعَ بِإِذْنِ اللَّهِ ۚ وَلَوْ أَنَّهُمْ إِذ ظَّلَمُوٓا أَنفُسَهُمْ جَآءُوكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللَّهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُولُ لَوَجَدُوا اللَّهَ تَوَّابًا رَّحِيمًا ﴿٦٤﴾

(پارہ5۔سورۃ النساء، آیت نمبر 64)

ترجمہ کنزالایمان: اور ہم نے کوئی رسول نہ بھیجا مگر اس لئے کہ اللہ کے حکم سے اس کی اطاعت کی جائے اور اگر جب وہ اپنی جانوں پر ظلم کریں (گناہ کر بیٹھیں) تو اے محبوب! تمہارے حضور حاضر (جسمانی یا قلبی طور پر) ہوں اور پھر اللہ سے (تمہارے وسیلے سے) معافی چاہیں اور رسول ان کی شفاعت فرمائے (اللہ سے ان کے لیے معافی چاہے) تو ضرور اللہ کو بہت توبہ قبول کرنے والا مہربان (گناہ بخشنے والا) پائیں۔

بارہ منافقین کی نشاندہی

ایک روایت کے مطابق منافقین نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایزاء پہنچانے کے لیے ناپاک سازشیں تیار کیں جب یہ اس برے ارادے سے بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہوئے تو حضرت جبرائیل علیہ السلام نے

Marfat.com

حاضر خدمت ہو کر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ان کی ناپاک نیت سے باخبر کر دیا جب منافقین بارگاہ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہوئے تو مہاجرین اور انصار کا ایک ہجوم بارگاہ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر تھا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ یہاں بعض ایسے بھی ہیں جو نیت فاسد کے ساتھ آئے ہیں مگر وہ اپنی اس سازش میں ناکام و نامراد ہونگے لہٰذا انھیں چاہیے کہ اپنے اس برے ارادے سے باز آجائیں اخلاص کے ساتھ سچی توبہ کریں ہم بھی ان کی بخشش کی دعا کرینگے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے یہ فرمانے کے باوجود کوئی نہ اٹھا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پھر یہی ارشاد فرمایا مگر یہ لوگ نہ کھڑے ہوئے تب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اے فلاں تو اٹھ کھڑا ہو اے فلاں تو کھڑا ہو جا چنانچہ بارہ منافقین کے نام لے کر پکارا اور انھیں کھڑا کر دیا تب یہ منافقین عرض گزار ہوئے کہ ہم بس اٹھنا ہی چاہتے تھے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نام لے کر پکار دیا حضور ہم توبہ کرتے ہیں اور معافی کے طلبگار ہیں تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اب کچھ نہیں ہو سکتا یہاں سے نکل جاؤ تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر کبیر)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فَلَا وَ رَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوْا فِيْۤ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ وَ يُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ﴿۶۵﴾ (پارہ 5۔ سورۃ النساء، آیت نمبر 65)

ترجمہ کنزالایمان: تو اے محبوب! تمہارے رب کی قسم وہ مسلمان نہ ہوں گے جب تک اپنے آپس کے جھگڑے میں تمہیں حاکم نہ بنائیں پھر جو کچھ تم حکم فرما دو اپنے دلوں میں اس (حکم کو قبول کرنے) سے رکاوٹ (تردّد) نہ پائیں اور جی (خوش دلی) سے مان لیں۔

بارگاہ نبوت کا فیصلہ

حضرت عروہ ابن زبیر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میرے والد حضرت زبیر کا کھیت ایک انصاری کے کھیت سے متصل تھا دونوں کھیت ایک ہی نالی سے سیراب کیے جاتے تھے۔ حضرت زبیر کا کھیت بالائی حصے پر تھا جبکہ انصاری کا کھیت نشیب میں تھا انصاری کہتا تھا کہ پہلے میں اپنے کھیت کو پانی دونگا جبکہ حضرت زبیر پہلے ہی اپنے کھیت کو پہلے پانی دینے پر بضد تھے چنانچہ معاملہ طول پکڑ گیا اور مقدمہ بارگاہ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں پیش ہوا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کے حق میں فیصلہ دیا اور فرمایا کہ پہلے تم اپنے کھیت کو پانی دو اس

Marfat.com

کے بعد اپنے بھائی کی طرف پانی چھوڑ واس پر وہ انصاری بولا کہ حضرت زبیر آپ کے پھوپھی زاد ہیں (اس لیے آپ نے ان کی رعایت کی) یہ سن کر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بہت رنج ہوا اور صدمے سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا چہرہ مبارک متغیر ہو گیا اور فرمایا کہ اچھا زبیر اب تم ایسا کرنا کہ تم اپنے کھیت کو خوب پانی دو یہاں تک کہ تمھارا پانی کھیت کے منڈیر کے برابر تک پہنچ جائے تو اس کے بعد پانی انصاری کی طرف چھوڑنا چنانچہ اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر کبیر، تفسیر خازن، تفسیر روح البیان، تفسیر روح المعانی، تفسیر مدراک وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ لَوْ اَنَّا كَتَبْنَا عَلَيْهِمْ اَنِ اقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ اَوِ اخْرُجُوْا مِنْ دِيَارِكُمْ مَّا فَعَلُوْهُ اِلَّا قَلِيْلٌ مِّنْهُمْ ؕ وَ لَوْ اَنَّهُمْ فَعَلُوْا مَا يُوْعَظُوْنَ بِهٖ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ وَ اَشَدَّ تَثْبِيْتًا ﴿۶۶﴾ وَّ اِذًا لَّاٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ لَّدُنَّاۤ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۶۷﴾ وَّ لَهَدَيْنٰهُمْ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ﴿۶۸﴾

(پارہ 5۔ سورۃ النساء، آیت نمبر 66-68)

ترجمہ کنزالایمان: اور اگر ہم ان پر فرض کرتے کہ اپنے آپ کو قتل کر دو یا اپنے گھر بار چھوڑ کر نکل جاؤ تو ان میں تھوڑے ہی ایسا کرتے، اور اگر وہ کرتے جس بات کی انہیں نصیحت (ہدایت) دی جاتی ہے تو اس میں ان کا بھلا (دین و دنیا کا فائدہ) تھا اور ایمان پر خوب جمنا (ایمان پر ثابت قدمی ملتی) اور ایسا ہوتا تو ضرور ہم انہیں اپنے پاس سے بڑا ثواب دیتے اور ضرور ان کو سیدھی راہ کی ہدایت کرتے، (کہ وہ کامیابی پاتے)۔

شمع رسالت کے پروانے

چند صحابہ کرام کا بعض یہود مدینہ سے مناظرہ ہوا یہودی بولے کہ ہم تو اپنے پیغمبر موسیٰ علیہ السلام کے اتنے مطیع و فرمانبردار ہیں کہ انہوں نے ہمیں ایک خطا کے بدلے یہ حکم فرمایا کہ ہم اپنی جان دے دیں تو ہمیں معافی دے دی جائے گی چنانچہ ہم نے بلا تامل آپ کو قتل کرنے کے لیے پیش کر دیا اور ستر ہزار اسرائیلی اس حکم کی تعمیل میں قتل ہو گئے جبکہ تم اپنا حال دیکھو کہ اپنے آپ کو اپنے نبی کا فرمانبردار کہتے ہو مگر جب تمھارے نبی تمھیں جہاد کا حکم دیتے ہیں تو تم حیلے بہانے کرتے ہو اور حکم کی ادائیگی میں تامل کرتے ہو جبکہ اس جہاد میں تمھارے لیے فائدہ ہی فائدہ ہے۔ یہ سن کر حضرات صحابہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ خدا کی قسم اگر ہمارے نبی ہمارے آقا و مولیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اگر ہمیں اپنی جانیں دینے اپنا مال اور گھر بار چھوڑنے کا حکم دیں تو ہم بلا تامل تعمیل کریں چنانچہ

Marfat.com

اس موقعہ پر حضرات صحابہ کی تائید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن، تفسیر کبیر، تفسیر روح المعانی وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ ۚ وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا ﴿۶۹﴾ ذٰلِكَ الْفَضْلُ مِنَ اللّٰهِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ عَلِيْمًا ﴿۷۰﴾ (پارہ5۔سورۃ النسا، آیت نمبر 69-70)

ترجمہ کنزالایمان: اور جو اللہ اور اس کے رسول کا حکم مانے تو اُسے ان کا ساتھ ملے گا جن پر اللہ نے فضل کیا یعنی انبیاء اور صدیق (ظاہر و باطن کے سچے) اور شہید اور نیک لوگ یہ کیا ہی اچھے ساتھی ہیں، یہ اللہ کا فضل ہے، اور اللہ کافی ہے جاننے والا۔

عاشق صادق

اس کے متعلق چند روایات ہیں ایک روایت تو یہ ہے کہ حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ایک ایسے عاشق صادق تھے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بغیر کسی پل چین و قرار نہ آتا تھا ایک دن بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں اس حال میں حاضر ہوئے کہ ان کا رنگ زرد اڑا ہوا چہرہ اترا ہوا بدن لاغر غرض یہ کہ آثار غم ظاہر تھے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس حالت کا سبب دریافت فرمایا تو عرض کی حضور میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے عشق میں گرفتار ہوں ایک پل آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نہ دیکھوں تو دل سکون و قرار نہ پاتا ہے آخرت کا خیال آتا ہے تو سوچتا ہوں کہ اگر میں رب کے فضل سے بخش بھی دیا گیا اور اس کے کرم سے جنت کا حقدار بھی ہو گیا تو جنت میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مقام نہایت اعلیٰ اور ارفع ہو گا اور میں تو آپ کے غلاموں کے درجے میں نجانے کتنے نیچے پڑا ہوں گا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ملاقات کیونکر ممکن ہو گی۔

میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جدائی کیوں کر برداشت کر سکوں گا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھے بغیر کیوں کر جنت میں سکون پا سکوں گا۔ تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ ایک دوسری روایت کے مطابق بعض انصار بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمیں جنت کا شوق نہیں ہم تو بس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت با سعادت کے طلبگار ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دیدار کے مشتاق ہیں۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جنت میں حضرات انبیاء کے ساتھ ہونگے اور ہم امتیوں کے ساتھ تو ہم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بغیر دیکھے کیسے صبر کر سکیں گے۔ تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

Marfat.com

ایک اور روایت کے مطابق ایک انصاری صحابہ بارگاہ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے دولت کدے میں تشریف لے جاتے ہیں تو مجھے بھی اپنے گھر جانا پڑتا ہے وہاں جا کر بال بچوں گھر بار میں میرا دل نہیں لگتا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بغیر بے قراری و بے چینی محسوس کرتا ہوں جب تک آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھ نہ لوں چین نہیں پڑتا تو سوچتا ہوں کہ جنت میں ہمارا کیا بنے گا ہم کہاں ہوں گے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہاں ہوں گے میرا دل آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بغیر کیسے قرار پائے گا تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن، تفسیر مدراک، تفسیر روح المعانی، تفسیر روح البیان، تفسیر خزائن العرفان، تفسیر بیصاوی، تفسیر کبیر)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فَلْيُقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ يَشْرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا بِالْاٰخِرَةِ ؕ وَ مَنْ يُّقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيُقْتَلْ اَوْ يَغْلِبْ فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۷۴﴾ وَ مَا لَكُمْ لَا تُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ الْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَ النِّسَآءِ وَ الْوِلْدَانِ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَاۤ اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ اَهْلُهَا ۚ وَ اجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۙ وَّ اجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيْرًا ﴿۷۵﴾ (پارہ 5۔ سورۃ النساء، آیت نمبر 75)

ترجمہ کنزالایمان: تو انہیں اللہ کی راہ میں لڑنا چاہئے جو دنیا کی زندگی بیچ کر آخرت لیتے ہیں اور جو اللہ کی راہ میں لڑے پھر مارا جائے یا غالب آئے تو عنقریب ہم اسے بڑا ثواب دیں گے، اور تمہیں (اے مسلمانو) کیا ہوا کہ نہ لڑو اللہ کی راہ میں (جبکہ جہاد فرض ہو چکا) اور کمزور مردوں اور عورتوں اور بچوں کے واسطے (جو) یہ دعا کر رہے ہیں کہ اے ہمارے رب ہمیں اس بستی سے نکال جس کے لوگ ظالم ہیں اور ہمیں اپنے پاس (غیب) سے کوئی حمایتی دے دے اور ہمیں اپنے پاس سے کوئی مددگار دے دے۔

جہاد کا حکم

قبل از ہجرت اسلام میں جہاد کا حکم نازل نہ ہوا تھا جب ہجرت کے بعد جہاد فرض ہوا تو بعض ضعفاء اور بعض مومنین اور عام منافقین اس فرض کی ادائیگی میں پس و پیش کرنے لگے اور سستی کرنے لگے۔ چنانچہ یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر صاوی)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ قِيْلَ لَهُمْ كُفُّوْٓا اَيْدِيَكُمْ وَ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَ اٰتُوا الزَّكٰوةَ ۚ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ يَخْشَوْنَ النَّاسَ كَخَشْيَةِ اللّٰهِ اَوْ اَشَدَّ خَشْيَةً ۚ وَقَالُوْا رَبَّنَا لِمَ كَتَبْتَ عَلَيْنَا الْقِتَالَ ۚ لَوْ لَآ اَخَّرْتَنَآ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ؕ قُلْ مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيْلٌ ۚ وَ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّمَنِ اتَّقٰى ۣ وَلَا تُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ﴿۷۷﴾ (پارہ5۔سورۃ النساء،آیت نمبر 77)

ترجمہ کنزالایمان: کیا تم نے انہیں نہ دیکھا جن سے کہا گیا اپنے ہاتھ (خود کو جہاد سے) روک لو اور نماز قائم رکھو اور زکوٰۃ دو پھر جب ان پر جہاد فرض کیا گیا تو ان میں بعضے (منافقین) لوگوں (کفار) سے ایسا ڈرنے لگے جیسے (مومن) اللہ سے ڈرے یا اس سے بھی زائد اور بولے اے رب ہمارے! تو نے ہم پر جہاد کیوں فرض کر دیا تھوڑی مدت تک ہمیں اور جینے دیا ہوتا، تم فرمادو کہ دنیا کا برتنا (جینا) تھوڑا ہے اور ڈر والوں (اطاعت گذاروں) کے لئے آخرت اچھی اور تم پر تاگے (دھاگے) برابر ظلم نہ ہو۔

منافقین کا جہاد سے پس وپیش

منافقین مدینہ اپنے جوش ایمانی اور جذبہ جہاد کو ظاہر کرنے کے لیے جہاد کی اجازت طلب کرتے رہتے مگر جب جہاد فرض ہوتا ہے تو اس حکم کے نازل ہوتے ہی پس وپیش اور حیلے بہانے کرنے لگے چنانچہ ان منافقین کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر کبیر، وتفسیر نعیمی)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يُدْرِكْكُّمُ الْمَوْتُ وَ لَوْ كُنْتُمْ فِيْ بُرُوْجٍ مُّشَيَّدَةٍ ؕ

(پارہ5۔سورۃ النساء،آیت نمبر 78)

ترجمہ کنزالایمان: تم جہاں کہیں ہو موت تمہیں آلے گی اگرچہ مضبوط قلعوں میں ہو۔

جھوٹا اظہارِ افسوس

غزوہ احد کے موقعہ پر جو مسلمان شہید ہوئے تو منافقین اور یہود ان شہدائے احد کے بارے میں یہ کہتے پھرتے تھے کہ اگر یہ لوگ ہماری بات مانتے اور اس غزوہ میں نہ جاتے تو یوں اس طرح نہ مارے جاتے۔ دل

Marfat.com

ہی دل میں یہ منافقین اور یہوان کی شہادت پر خوش ہوتے مگر زبان سے جھوٹا اظہار افسوس کرتے تھے اس پر یہ آیت کریمہ کا پہلا جز نازل ہوا۔ (تفسیر خازن، وروح وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ يَّقُوْلُوْا هٰذِهٖ مِنْ عِنْدِكَ ؕ قُلْ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ فَمَالِ هٰٓؤُلَآءِ الْقَوْمِ لَا يَكَادُوْنَ يَفْقَهُوْنَ حَدِيْثًا ﴿۷۸﴾ (پارہ5۔سورۃ النسا، آیت نمبر 78)

ترجمہ کنزالایمان: اور انہیں کوئی برائی (مصیبت) پہنچے تو کہیں یہ حضور کی طرف (حضور کے سبب) سے آئی تم فرمادو سب اللہ کی طرف سے ہے تو ان لوگوں کو کیا ہوا کوئی (اتنی واضح) بات سمجھتے معلوم ہی نہیں ہوتے۔

یہود کا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سوا اظہارِ مخالفت

جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہجرت فرما کر مدینہ منورہ جلوہ افروز ہوئے اور یہود مدینہ کو اسلام قبول کرنے کی دعوت دی تو اکثر یہود مدینہ سرکشی وہٹ دھرمی اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مخالفت پر اتر آئے ان میں کچھ ایسے بھی تھے جو بظاہر کلمہ پڑھ کر خود کو مسلمان ظاہر کرتے مگر ہر طرح سے مسلمانوں کی مخالفت اور ان کو نقصان پہنچانے پر کمر بستہ ہو گئے چنانچہ جب کبھی مدینہ منورہ میں بارش نہ ہوتی یا پھل وغیرہ میں کمی آجاتی تو یہ منافقین اور یہود مشورہ کرنے لگتے کہ جب سے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارے ہاں آئے ہیں خیر و برکت کم ہوگئی ہے اور مصیبتیں اور پریشانیاں آنے لگی ہیں (نعوذ باللہ) چنانچہ ان کی تردید میں آیت کریمہ کا یہ جز نازل ہوا۔

(تفسیر کبیر، تفسیر خازن، تفسیر مدارک، تفسیر بیضاوی، تفسیر روح المعانی وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ ۚ وَمَنْ تَوَلّٰى فَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ﴿۸۰﴾

(پارہ5۔سورۃ النسا، آیت نمبر 80)

ترجمہ کنزالایمان: جس نے رسول کا حکم مانا بیشک اس نے اللہ کا حکم مانا اور جس نے (اطاعت سے) منہ پھیرا تو ہم نے تمہیں ان کے بچانے کو (اعمال کا ذمہ دار بنا کر) نہ بھیجا۔

Marfat.com

منافقین کی شورشیں

ایک مرتبہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب یہ ارشاد فرمایا کہ جس نے میری اطاعت کی اس نے اللہ عزوجل کی اطاعت کی اور جس نے مجھ سے محبت کی اس نے اللہ عزوجل سے محبت کی تو یہ سن کر منافقین آپس میں کہنے لگے کہ یہ تو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شرک کی دعوت دیتے ہیں اور یہ چاہتے ہیں کہ ہم انھیں اس طرح خدا مان لیں جیسے عیسائیوں نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اپنا خدا بنایا اس پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تائید میں اور منافقین کی رد میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن، تفسیر روح المعانی، تفسیر روح البیان وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَيَقُوْلُوْنَ طَاعَةٌ فَاِذَا بَرَزُوْا مِنْ عِنْدِكَ بَيَّتَ طَآئِفَةٌ مِّنْهُمْ غَيْرَ الَّذِیْ تَقُوْلُ ؕ وَاللّٰهُ يَكْتُبُ مَا يُبَيِّتُوْنَ ۚ فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۸۱﴾ اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ ؕ وَلَوْ كَانَ مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللّٰهِ لَوَجَدُوْا فِيْهِ اخْتِلَافًا كَثِيْرًا ﴿۸۲﴾ (پارہ 5۔ سورۃ النساء، آیت نمبر 81-82)

ترجمہ کنزالایمان: اور کہتے ہیں ہم نے حکم مانا پھر جب تمہارے پاس سے نکل کر جاتے ہیں تو ان میں ایک (منافقین کا) گروہ جو کہہ گیا تھا اس کے خلاف رات کو منصوبے گانٹھتا (سازشیں کرتا) ہے اور اللہ لکھ رکھتا ہے ان کے رات کے منصوبے تو اے محبوب تم ان سے چشم پوشی کرو (دھیان نہ دو) اور اللہ پر بھروسہ رکھو اور اللہ کافی ہے کام بنانے (تمھاری حمایت) کو، تو کیا غور نہیں کرتے قرآن میں اور اگر وہ غیر خدا کے پاس سے (انسان کا بنایا ہوا) ہوتا تو ضرور اس (کے احکام) میں بہت اختلاف (تضاد) پاتے۔

منافقین کی منافقت

منافقین کا یہ وطیرہ تھا کہ جب وہ بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہوتے تو کہتے کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مطیع و فرمانبردار ہیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو حکم ارشاد فرمائیں ہمیں قبول ہے۔ مگر جب یہ اپنے گھروں کو لوٹتے تو اپنی بات کے خلاف کہتے چنانچہ ان کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر خازن)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ اِذَا جَآءَهُمْ اَمْرٌ مِّنَ الْاَمْنِ اَوِ الْخَوْفِ اَذَاعُوْا بِهٖ ؕ وَ لَوْ رَدُّوْهُ اِلَى الرَّسُوْلِ وَ اِلٰۤى اُولِى الْاَمْرِ مِنْهُمْ لَعَلِمَهُ الَّذِيْنَ يَسْتَنْۢبِطُوْنَهٗ مِنْهُمْ ؕ وَ لَوْ لَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَ رَحْمَتُهٗ لَاتَّبَعْتُمُ الشَّيْطٰنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۸۳﴾ (پارہ5۔سورۃ النسا، آیت نمبر 82)

ترجمہ کنزالایمان: اور جب ان کے پاس کوئی بات اطمینان (فتح وسلامتی) یا ڈر (شکست ومصیبت) کی آتی ہے اس کا (لوگوں میں) چرچا کر بیٹھتے ہیں اور اگر اس میں رسول اور اپنے ذی اختیار (خاص صحابہ) لوگوں کی طرف رجوع لاتے (اسکے متعلق پوچھتے) تو ضرور اُن سے اُس کی حقیقت جان لیتے (کہ کون سی خبر پھیلانی ہے) یہ جو بعد میں کاوش کرتے ہیں اور اگر تم پر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی تو ضرور تم شیطان کے پیچھے لگ جاتے (اسکی اطاعت کرتے) مگر تھوڑے (سوائے تھوڑوں کے)۔

منافقین کا فساد

جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کسی لشکر اسلام کو جہاد کے لیے روانہ فرماتے اور میدان جنگ سے متعلق ان کی فتح یا شکست کی خبریں بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں پہنچتیں تو وہاں منافقین بھی موجود ہوتے اور بھولے بھالے مسلمان بھی اہل علم مومنین بھی ہوتے اور ضعفا مسلمان بھی چنانچہ منافقین تو میدان جنگ کی خبریں فساد پھلانے کے لیے عام لوگوں تک پہنچاتے جبکہ ضعفاء مسلمان اپنی سادگی میں عام مسلمانوں تک یہ خبریں پہنچا دیتے جس کی وجہ سے میدان جنگ میں موجود مسلمانوں سے متعلق راز فاش ہو جاتے اور ان رازوں کے فاش ہونے کے سبب بعض اوقات شدید خطرات لاحق ہو جاتے چنانچہ ان بھولے بھالے مسلمانوں یا ان منافقین کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن، تفسیر جلالین وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فَمَا لَكُمْ فِى الْمُنٰفِقِيْنَ فِئَتَيْنِ وَ اللّٰهُ اَرْكَسَهُمْ بِمَا كَسَبُوْا ؕ اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَهْدُوْا مَنْ اَضَلَّ اللّٰهُ ؕ وَ مَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ سَبِيْلًا ﴿۸۸﴾

(پارہ5۔سورۃ النسا، آیت نمبر 88)

ترجمہ کنزالایمان: تو تمہیں کیا ہوا کہ منافقوں کے بارے میں (تم) دو فریق ہو گئے

Marfat.com

اور اللہ نے انہیں اوندھا (گمراہ) کر دیا ان کے کوتکوں (کرتوتوں) کے سبب کیا یہ چاہتے ہیں کہ اسے (ہدایت کی) راہ دکھاؤ جسے اللہ نے گمراہ کیا اور جسے اللہ گمراہ کرے تو ہرگز اس کے لئے (ہدایت کی) راہ نہ پائے گا۔

منافقین کا فریب

اس آیت کریمہ کے مختلف شان نزول روایت کئے گئے ہیں:

کچھ لوگ بظاہر اسلام قبول کر کے مدینہ منورہ میں رہنے لگے پھر کچھ عرصہ بعد بارگاہ نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں یہ عرض لے کر حاضر ہوئے کہ حضور مدینہ منورہ کی آب و ہوا ہمیں موافق نہیں آ رہی اگر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اجازت فرمائیں تو ہم بدر کی طرف چلے جائیں تا کہ وہاں صحت مند تندرست و توانا رہیں چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انھیں اجازت مرحمت فرمائی چنانچہ یہ لوگ خانہ بدوشوں کی طرح جگہ جگہ رکتے ٹھہرتے بدر پہنچے مگر وہاں بھی زیادہ دن نہ رکے اور آگے بڑھ گئے یہاں تک کے مکہ مکرمہ جا پہنچے اور وہاں جا کر کفار مکہ سے جا ملے۔ جب مدینہ منورہ میں یہ خبر پہنچی تو صحابہ کرام کے درمیان ان کے متعلق آرا ہو گئیں ان جماعت کا خیال تھا کہ وہ لوگ کلمہ گو مسلمان ہیں آب و ہوا کے موافق نہ آنے کی وجہ سے مکہ مکرمہ چلے گئے ہیں۔ ہمیں ان کی طرف سے بدگمانی نہیں کرنی چاہیے اور اگر کبھی جنگ کے موقعہ پر بھی وہ ہمارے سامنے آ جائیں تو ان کے قتل سے ہمیں گریز کرنا چاہیے جبکہ دوسری جماعت کا خیال تھا کہ یہ لوگ پہلے بھی منافق تھے اور منافقت میں ہی بظاہر کلمہ پڑھ کر مسلمان ہو گئے تھے مگر اب یہ کھلے کافر بن کر شرعی مرتد ہو چکے اگر یہ مسلمان ہوتے تو دارالسلام سے نکل کر ہرگز دار کفر تک نہ پہنچتے۔ چنانچہ اس موقعہ پر دوسری جماعت کی تائید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

ایک دوسری روایت کے مطابق ایک قوم نے مدینہ منورہ آ کر اسلام قبول کیا کچھ عرصہ گزرنے کے بعد وہ لوگ بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں عرض گزار ہوئے کہ ہماری زمینیں جائیداد وغیرہ اطراف مکہ معظمہ میں ہیں اگر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمیں اجازت دیں تو ہم وہاں جا کر آباد ہو جائیں۔ مگر پھر اجازت لیے بغیر ہی وہاں جا کر آباد ہو گئے چنانچہ ان کے متعلق صحابہ کرام رضی اللہ عنہ کی دو جماعتیں ہو گئیں ایک ان کی مخالفت میں ایک حمایت میں۔ چنانچہ مخالفت کرنے والی جماعت کے حق میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

ایک روایت میں آیا ہے کہ بعض لوگ مکہ معظمہ میں بظاہر تو کلمہ پڑھ کر مسلمان ہو گئے تھے مگر پھر بھی قدرت رکھنے کے باوجود وہاں سے ہجرت نہ کرتے تھے بلکہ جب بھی موقعہ پاتے مسلمانوں کی مخالفت میں کفار مکہ کا ساتھ دیتے تھے ان کی خبریں وقتاً فوقتاً مدینہ منورہ پہنچتی رہتی۔ صحابہ کرام کی مختلف رائے ہوتیں کچھ

Marfat.com

انھیں مومن سمجھتے اور کچھ کافر یا مرتد چنانچہ جب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ ایک اور روایت کے مطابق کچھ لوگ مدینہ منورہ آکر بظاہر کلمہ پڑھ کر مسلمان ہو گئے پھر اپنا تجارتی سامان لینے کے بہانے کہ ہم مکہ جا کر اپنا سامان لے آئیں تا کہ یہاں تجارت کر سکیں مکہ معظّمہ گئے مگر واپس پلٹ کر نہ آئے چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے قتل کا حکم ارشاد فرمایا تو اس موقعہ پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر روح البیان، تفسیر بیضاوی، تفسیر مدارک، تفسیر خازن، تفسیر کبیر، روح المعانی)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سَتَجِدُوْنَ اٰخَرِیْنَ یُرِیْدُوْنَ اَنْ یَّاْمَنُوْكُمْ وَیَاْمَنُوْا قَوْمَهُمْ ؕ كُلَّمَا رُدُّوْۤا اِلَى الْفِتْنَةِ اُرْكِسُوْا فِیْهَا ۚ فَاِنْ لَّمْ یَعْتَزِلُوْكُمْ وَیُلْقُوْۤا اِلَیْكُمُ السَّلَمَ وَیَكُفُّوْۤا اَیْدِیَهُمْ فَخُذُوْهُمْ وَاقْتُلُوْهُمْ حَیْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ ؕ وَاُولٰٓىِٕكُمْ جَعَلْنَا لَكُمْ عَلَیْهِمْ سُلْطٰنًا مُّبِیْنًا ﴿۹۱﴾ (پارہ 5۔ سورۃ النساء، آیت نمبر 91)

ترجمہ کنزالایمان: اب کچھ اور تم ایسے (دشمن) پاؤ گے جو یہ چاہتے ہیں کہ تم سے بھی امان میں رہیں اور اپنی قوم سے بھی امان میں رہیں جب کبھی انکی قوم انہیں فساد کی طرف پھیرے (جنگ پر ابھارے) تو اس پر اوندھے گرتے ہیں (ان کی بات مان لیتے ہیں) پھر اگر وہ تم سے کنارہ نہ کریں (جنگ سے نہ رکیں) اور صلح کی گردن نہ ڈالیں (صلح پر آمادہ نہ ہوں) اور اپنے ہاتھ (لڑنے) سے نہ روکیں تو انہیں پکڑو اور جہاں پاؤ قتل کرو، اور یہ ہیں جن پر ہم نے تمہیں صریح (صاف) اختیار دیا۔

منافقین کی چالبازی

مدینہ منورہ میں قبیلہ بنی اسد اور قبیلہ غطفان اور بنی عبدالدار کے بعض لوگ جب مسلمانوں کے پاس ہوتے تو اپنے آپ کو مسلمان ظاہر کرتے اور کہتے کہ ہم بھی تمھاری طرح مسلمان ہیں اور ہمارا بھی ان چیزوں پر ایمان ہے جن پر تم لوگ ایمان لاتے ہو۔ پھر جب یہ لوگ اپنی قوم کے پاس جاتے تو ان سے کہتے کہ مسلمان تو ہمارے لیے سانپ بچھوؤں کی طرح خطرناک ہیں ہم ان کے ساتھ بھلا کیونکر ہو سکتے ہیں ہم تو تمھارے ساتھ ہیں پہلے بھی تھے اور آئندہ بھی تمھارے ساتھ ہی رہینگے یہ منافقین اپنی اس چالبازی پر بڑا خوش ہوتے چنانچہ مسلمانوں کو منافقین کی اس سازش سے خبردار رہنے کا حکم فرمانے کے لئے یہ آیت کریمہ نازل ہوئی اور انھیں قتل

Marfat.com

کرنے کی اجازت فرمائی گئی۔ (تفسیر خازن، تفسیر خزائن العرفان، تفسیر روح المعانی وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ اَنْ يَّقْتُلَ مُؤْمِنًا اِلَّا خَطَـًٔا ۚ وَمَنْ قَتَلَ مُؤْمِنًا خَطَـًٔا فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ وَّدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰٓى اَهْلِهٖٓ اِلَّآ اَنْ يَّصَّدَّقُوْا ۭ فَاِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍ عَدُوٍّ لَّكُمْ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ۭ وَاِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ فَدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰٓى اَهْلِهٖ وَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ۚ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ تَوْبَةً مِّنَ اللّٰهِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۹۲﴾ (پارہ5۔سورۃ النساء، آیت نمبر 92)

ترجمہ کنزالایمان: اور مسلمانوں کو نہیں پچتا (ان کے لیے جائز نہیں) کہ مسلمان کا خون کرے مگر ہاتھ بہک کر (غلطی سے) اور جو کسی مسلمان کو نادانستہ قتل کرے تو اس پر (بطورِ کفارہ) ایک مملوک (غلام) مسلمان کا آزاد کرنا ہے اور خون بہا کہ (خونِ مسلم کا معاوضہ) مقتول کے لوگوں (وارثوں) کو سپرد کی جائے مگر یہ کہ وہ معاف کردیں پھر اگر وہ اس قوم (کافر) سے ہو جو تمہاری دشمن ہے اور خود (مقتول) مسلمان ہے تو صرف ایک مملوک مسلمان کا آزاد کرنا اور اگر وہ اس قوم میں ہو کہ تم میں ان میں معاہدہ ہے تو اس کے لوگوں کو خوں بہا سپرد کیا جائے اور ایک مسلمان مملوک آزاد کرنا تو جس کا ہاتھ نہ پہنچے (قاتل نہ غلام پائے نہ قیمت) وہ لگاتار دو مہینے کے روزے رکھے یہ اللہ کے یہاں اس کی توبہ ہے اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔

غلط فہمی کے سبب مسلمان کا قتل

اس آیت کریمہ کے متعلق چند روایتیں ہیں:

عیاش ابن ربیعہ جو ابو جہل ابن ہشام اور حارث ابن ہشام کے ماں شریکے یعنی سوتیلے بھائی تھے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہجرت سے پہلے مکہ معظمہ میں مسلمان ہو کر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو گئے پھر کفار کے خوف سے مدینہ منورہ پہنچ گئے عیاش کو والدہ کو عیاش سے بڑی محبت تھی اس نے ابو جہل و حارث سے کہا جو اس کے بیٹے تھے کہ جب تک میں عیاش کو نہ دیکھوں نہ کچھ کھاؤں نہ پیؤں نہ سایہ میں بیٹھوں اسے بلا کر لاؤ۔ یہ دونوں یعنی ابو جہل و حارث نے اپنے ساتھ حارث ابن زید ابن ابی امیہ کو لے لیا یہ تینوں مدینہ منورہ پہنچے اور

Marfat.com

انہوں نے عیاش کو پالیا ان سے ماں کا حال بیان کر کے انہیں خدا تعالیٰ کا واسطہ دے کر کہا کہ گھر چلو اور ماں کی جان بچاؤ اور ہم اللہ تعالیٰ کو ضامن دیتے ہیں کہ تم کو دین کی آزادی دیں گے جو دین چاہو اختیار کرو عیاش نے ان کی بات مان لی اور ان کے ساتھ روانہ ہو گئے حدود مدینہ سے باہر نکل کر ان تینوں نے عیاش کی مشکیں باندھ دیں اور ہر ایک نے سو سو کوڑے انہیں مارے اور قیدی کی شکل میں مکہ معظّمہ لائے ان کی ماں بولی کہ جب تک تم اسلام نہ چھوڑ دو تم کو نہ کھلواؤں گی نہ سایہ میں رکھوں گی چنانچہ یہ یوں ہی بندھے ہوئے بھوکے پیاسے دھوپ میں ڈال دئے گئے آخر جب جان سے تنگ آ گئے تو بظاہر کفر اختیار کر لیا حارث ابن زید نے بطور طعنہ کہا کہ اگر اسلام جھوٹا دین تھا تو تم اتنے روز تک گمراہ رہے اور اگر سچا دین ہے تو تم اب گمراہ ہو گئے عیاش بولے کہ یہ دونوں ابو جہل و حارث ابن ہشام تو میرے سوتیلے بھائی مجھے جو چاہیں کہیں تم ہمارے معاملہ میں دخل دینے والے کون اللہ کی قسم جب میں تم کو اکیلا پاؤں گا قتل کر دوں گا ادھر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مدینہ پاک کی طرف ہجرت فرمائی موقعہ پا کر عیاش مسلمان ہو کر مدینہ منورہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو گئے، حارث ابن زید بھی مسلمان ہو کر مدینہ منورہ پہنچ گئے۔ حارث ابن زید کے اسلام کی خبر عیاش کو نہ تھی مسجد قبا شریف کے پاس عیاش نے حارث کو اکیلا دیکھا تو قتل کر دیا لوگوں نے عیاش سے کہا حارث مسلمان ہو چکے تھے تب ان کو بہت افسوس ہوا بارگاہ رسالت میں حاضر ہوئے اور سارا واقعہ عرض کیا اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(خازن، روح المعانی، کبیر، خزائن العرفان)

ایک روایت کے مطابق حضرت ابو الدارداء رضی اللہ عنہ کا ایک لشکر اسلام میں موجود تھے اس دوران ایک شخص کو بکریاں چراتے دیکھا اسے کافر جان کر قتل کرنا چاہا تو اس شخص نے فوراً کلمہ پڑھا تا کہ انھیں اس کے مسلمان ہونے کا علم ہو جائے۔ مگر آپ رضی اللہ عنہ یہ سمجھے کہ شاید یہ جان بچانے کے لیے کلمہ پڑھ رہا ہے کہ اسے مسلمان سمجھ کر چھوڑ دیا جائے چنانچہ آپ رضی اللہ عنہ نے اسے قتل کر دیا۔ اس کی بکریوں پر قبضہ کر لیا۔ جب اس واقعہ کی خبر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ہوئی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ناراضگی کا اظہار فرمایا چنانچہ اس موقعہ پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی جس میں کفارہ اور دیت کا حکم نازل ہوا۔ ایک اور روایت میں آیا غزوہ احد میں مجاہدین احد نے حضرت یمان کو مشرک سمجھ کر قتل کرنا چاہا وہاں موجود حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ کہتے رہے کہ یہ میرے والد ہیں انھیں قتل نہ کرو مگر کسی نے ان کی نہ سنی اور حضرت یمان کو شہید کر دیا اس پر حضرت حزیفہ رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا کہ اللہ تمھیں معاف کرے تم نے میرے والد کو جو ایک مومن تھے شہید کر دیا پھر جب یہ واقعہ بارگاہ رسالت میں عرض کیا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بہت صدمہ اور رنج ہوا اس پر یہ آیت کریمہ نازل

Marfat.com

ہوئی۔ (تفسیر خازن، تفسیر روح المعانی، تفسیر کبیر، تفسیر خزائن العرفان، تفسیر کبیر وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَمَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآؤُهٗ جَهَنَّمُ خٰلِدًا فِيْهَا وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ لَعَنَهٗ وَاَعَدَّ لَهٗ عَذَابًا عَظِيْمًا ﴿۹۳﴾ (پارہ 5۔ سورۃ النساء، آیت نمبر 93)

ترجمہ کنزالایمان: اور جو کوئی مسلمان کو جان بوجھ کر قتل کرے تو اس کا بدلہ جہنم ہے کہ مدتوں اس میں رہے اور اللہ نے اس پر غضب کیا اور اس پر لعنت کی اور اس کے لئے تیار رکھا بڑا عذاب۔

مرتد کا عبرت ناک انجام

مدینہ منورہ میں دو بھائی مقیس بن صبابہ اور ہشام بن صبابہ مسلمان ہو گئے کچھ دنوں کے بعد ہشام بن صبابہ کو قبیلہ بنی نجار کے محلے میں قتل شدہ پایا گیا چنانچہ مقیس بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہو کر اپنے بھائی کے قتل کا معاملہ عرض کیا چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بنی منھر کے قبیلے کے ایک شخص کو مقیس کے ساتھ نجار کے پاس روانہ فرمایا کہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمھیں حکم دیتے ہیں کہ اگر تمھیں قاتل کا معلوم ہو تو اسے مقیس کے حوالے کر دو تا کہ اس کا قصاص لیا جائے اور اگر قاتل کے بارے میں نہ جانتے ہو تو پھر تم سب مل کر ہشام کی دیت ایک سو اونٹ مقیس کے حوالے کر دو۔ جب بنی نجار نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ فرمان سنا تو انہوں نے فوراً صدق دل سے کہا سمعنا واطعنا ہم نے سنا اور مانا ہم قاتل کو تو نہیں جانتے کہ کون ہے البتہ ہم دیت دینے کو تیار ہیں چنانچہ انہوں نے سو اونٹ مقیس کو دے دیے۔ مقیس اور بنی منھر کا وہ شخص واپس ہو لیئے راستے میں مقیس کی نیت میں فتور آیا اور اس نے منھری کو قتل کر دیا اور دیت کے اونٹ لے کر مرتد ہو کر مکہ معظّمہ خوشی خوشی یہ کہتا ہوا فرار ہو گیا کہ میں نے منھری کو قتل بھی کر دیا اور اپنے بھائی کی دیت سو اونٹ بھی بنی نجار سے وصول کر لئے واہ کیا خوب بدلہ مجھے ملا اب میں فوراً اپنے بتوں کی طرف رجوع کرتا ہوں۔

جب یہ خبر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پہنچی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سخت صدمہ اور رنج پہنچا چنانچہ اس موقع پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ بعد میں فتح مکہ کے بعد مقیس خاص غلاف کعبہ سے لپٹا ہوا قتل کر دیا گیا۔

(تفسیر خازن، تفسیر روح المعانی، تفسیر روح البیان وغیرہ)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا ضَرَبْتُمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ فَتَبَیَّنُوْا وَ لَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ اَلْقٰۤى اِلَیْكُمُ السَّلٰمَ لَسْتَ مُؤْمِنًا ۚ تَبْتَغُوْنَ عَرَضَ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا فَعِنْدَ اللّٰهِ مَغَانِمُ كَثِیْرَةٌ ؕ كَذٰلِكَ كُنْتُمْ مِّنْ قَبْلُ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَیْكُمْ فَتَبَیَّنُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرًا ﴿۹۴﴾ (پارہ5۔سورۃ النسا،آیت نمبر 94)

ترجمہ کنزالایمان: اے ایمان والو! جب تم جہاد کو چلو تو تحقیق کرلو (جلد بازی نہ کرو) اور جو تمہیں سلام کرے اس سے یہ نہ کہو کہ تو مسلمان نہیں تم جیتی دنیا کا اسباب (مالِ غنیمت) چاہتے ہو تو اللہ کے پاس بہتری غنیمتیں (آخرت کی دائمی نعمتیں) ہیں پہلے تم بھی ایسے ہی تھے پھر (کافر سے مسلمان کیا پھر) اللہ نے تم پر احسان کیا (تمھارا ایمان مشہور کیا) تو تم پر تحقیق کرنا لازم ہے (نومسلم کے ایمان پر شک نہ کرو) بیشک اللہ کو تمہارے کاموں کی خبر ہے۔

مومن کا قتل

اس آیت کریمہ کے شان نزول کے بارے میں مختلف روایات ہیں:

فدک کے علاقے میں کفار کی ایک قوم بنی امرہ ابن عوف آباد تھی اس میں صرف ایک شخص نے اسلام قبول کیا جن کا نام مرداس ابن نہک تھا۔ جب بنی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک لشکر اسلام کو فدک پر جہاد کے لیے روانہ فرمایا جن کا امیر غالبا فغالہ لیثی کو مقرر فرمایا۔ جب یہ لشکر اسلام فدک کے مقام پر پہنچا تو تمام قوم بھاگ گئی مرداس وہی رہے کیونکہ انھیں اطمینان تھا کہ میں تو مسلمان ہو چکا ہوں مجھے تو امان ہی ملے گی چنانچہ جب لشکر اسلام وہاں پہنچا تو یہ مرداس آگے بڑھے اور ان کے ساتھ بکریاں بھی تھی۔ اور فرمایا کہ لا الہ اللہ محمد رسول اللہ۔ میں مسلمان ہو چکا ہوں لشکر میں موجود حضرت سامہ ابن زید سمجھے کہ یہ اپنی جان اور اپنی بکریاں بچانے کیلئے اپنے آپ کو مسلمان ظاہر کرنے کے لیے کلمہ پڑھ رہا ہے چنانچہ آپ رضی اللہ عنہ نے حضرت مرداس کو شہید کر دیا جب یہ لشکر مدینہ منورہ پہنچا اور حضرت اسامہ نے مرداس رضی اللہ عنہ کا واقعہ بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں عرض کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بہت صدمہ اور رنج پہنچا حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ عرض گزار ہوئے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے لئے دعائے مغفرت فرما دیں تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا اے اسامہ اس کلمے کا کیا جوب دو گے حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ بہت رنج و پچھتاوا ہوا بلا آخر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کافی دیر بعد ان کے لیے دعائے مغفرت فرمائی اور ارشاد فرمایا اب یہ بکریاں مرداس کے بال بچوں کو لوٹاؤ اور ایک غلام آزاد کرو

Marfat.com

چنانچہ اس موقعہ پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ ایک دوسری روایت کے مطابق معلم ابن جشائمہ اور عامر ابن ضبط کی قبل از اسلام آپس میں رنجش وعداوت تھی۔ بعد میں جب دونوں نے اسلام قبول کرلیا تو معلم تو مدینہ منورہ آ گیا جبکہ عامر رضی اللہ عنہ اپنی قوم میں ہی رہے ایک اور موقعہ پر معلم اور عامر کی آپس میں ملاقات ہوئی تو عامر رضی اللہ عنہ نے معلم کو سلام کیا تا کہ معلم جان لیں کہ وہ مسلمان ہو گے ہیں مگر معلم اپنی پرانی عداوت کے سبب ان کے سلام کی طرف توجہ نہ کی اور انھیں شہید کر دیا۔ جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس کی اطلاع ہوئی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سخت ناراضگی کا اظہار فرمایا معلم اپنے لیے دعائے مغفرت کیلئے عرض گزار ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دعا فرمانے سے انکار فرما دیا۔ ایک ہفتے کے اندر اندر معلم فوت ہو گیا جب جب اسے زمین میں دفن کیا گیا تو زمین نے اسے باہر پھنک دیا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا زمین تو کافر و مشرک کو بھی قبول کر لیتی ہے مگر رب تعالیٰ نے یہ چاہا کہ تم پر یہ ظاہر فرمائے کہ ایک مومن کو قتل کرنا کس قدر سخت گناہ ہے چنانچہ اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

ایک روایت میں یہ ہے کہ یہ آیت کریمہ حضرت مقدار ابن اسود رضی اللہ عنہ کے متعلق نازل ہوئی جن کا واقعہ حضرت اسامہ بن زید کے واقعہ کی طرح ہی تھا۔ انہوں نے بھی توبہ کی اور بکریاں مقتول کے بال بچوں کو لوٹا دیں اور ایک غلام بھی آزاد کیا۔ ایک اور روایت کے مطابق یہ آیت کریمہ حضرت ابو دوؤد رضی اللہ عنہ کے متعلق نازل ہوئی جنھوں نے ایک شخص کو جو نیا نیا مسلمان ہوا تھا یہ سمجھ کر قتل کر دیا تھا کہ شاید یہ اپنی جان بچانے کے لیے یا بکریاں بچانے کے لیے اپنے آپ کو مسلمان ظاہر کر رہا ہے۔ ہوسکتا ہے کہ یہ تمام واقعات یکے بعد دیگر ایک کے بعد ایک واقع ہوئے ہوں تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر خازن، تفسیر خزائن العرفان، تفسیر روح المعانی، روح البیان، تفسیر کبیر وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لَا يَسْتَوِي الْقٰعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ غَيْرُ اُولِي الضَّرَرِ وَالْمُجٰهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَ اَنْفُسِهِمْ ؕ فَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجٰهِدِيْنَ بِاَمْوَالِهِمْ وَ اَنْفُسِهِمْ عَلَى الْقٰعِدِيْنَ دَرَجَةً ؕ وَ كُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى ؕ وَفَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجٰهِدِيْنَ عَلَى الْقٰعِدِيْنَ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۹۵﴾ دَرَجٰتٍ مِّنْهُ وَ مَغْفِرَةً وَّ رَحْمَةً ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۹۶﴾ (پارہ 5۔ سورۃ النساء، آیت نمبر 95-96)

Marfat.com

ترجمہ کنزالایمان: برابر نہیں وہ مسلمان کہ بے عذر جہاد سے بیٹھ رہیں اور وہ کہ راہ خدا میں اپنے مالوں اور جانوں سے جہاد کرتے ہیں اللہ نے اپنے مالوں اور جانوں کے ساتھ جہاد کرنے والوں کا درجہ بیٹھنے والوں سے بڑا (افضل) کیا اور اللہ نے سب (مسلمانوں) سے بھلائی کا وعدہ فرمایا اور اللہ نے جہاد والوں کو بیٹھنے والوں پر بڑے ثواب سے فضیلت دی ہے، اُس کی طرف سے درجے اور بخشش اور رحمت اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

غزوہ بدر سے محرومی

جب غزوہ بدر پیش آیا تو بعض صحابہ غزوہ میں شریک ہوئے جبکہ بعض صحابہ نے غزوہ میں شرکت نہ کی بلکہ اپنے گھروں میں ہی بیٹھے رہے چنانچہ ان دونوں جماعتوں کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی، ایک روایت میں آیا ہے کہ غزوہ تبوک میں تمام ہی صحابہ شریک ہوئے سوائے حضرت کعب ابن مالک، ھلال ابن امیہ اور مرادہ ابن لوی کے۔ ان تینوں پر بعد میں عتاب ہوا پھر معافی ملی چنانچہ ان کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔
(تفسیر نعیمی، تفسیر روح لمعانی)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِنَّ الَّذِيْنَ تَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِيْٓ اَنْفُسِهِمْ قَالُوْا فِيْمَ كُنْتُمْ ؕ قَالُوْا كُنَّا مُسْتَضْعَفِيْنَ فِي الْاَرْضِ ؕ قَالُوْٓا اَلَمْ تَكُنْ اَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةً فَتُهَاجِرُوْا فِيْهَا ؕ فَاُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ﴿۹۷﴾ اِلَّا الْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ وَالْوِلْدَانِ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ حِيْلَةً وَّلَا يَهْتَدُوْنَ سَبِيْلًا ﴿۹۸﴾ فَاُولٰٓئِكَ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّعْفُوَ عَنْهُمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَفُوًّا غَفُوْرًا ﴿۹۹﴾ (پارہ 5۔ سورۃ النساء، آیت نمبر 97-99)

ترجمہ کنزالایمان: وہ لوگ (کافر و منافق) جن کی جان فرشتے نکالتے ہیں اس حال میں کہ وہ اپنے اوپر ظلم کرتے تھے ان سے فرشتے کہتے ہیں تم کاہے (کس انتظار) میں تھے کہتے ہیں کہ ہم زمین میں کمزور تھے (آزادی سے دین پر عمل نہ کر سکے) کہتے ہیں (فرشتے) کیا اللہ کی زمین کشادہ نہ تھی کہ تم اس میں ہجرت کرتے، تو ایسوں کا ٹھکانا جہنم ہے، اور بہت بری جگہ پلٹنے کی مگر وہ جو (واقعی مجبور تھے) دبا لیے گئے مرد اور عورتیں اور بچے جنہیں نہ کوئی تدبیر بن پڑے (سامانِ سفر پاس نہیں) نہ راستہ جانیں، تو قریب ہے اللہ ایسوں کو معاف فرمائے اور اللہ معاف

Marfat.com

فرمانے والا بخشنے والا ہے۔

مدینہ منورہ ہجرت سے انکار

اس آیت کریمہ کے شان نزول کے متعلق مختلف روایات ہیں۔ یہ آیت کریمہ ان لوگوں کے بارے میں نازل ہوئی جو مسلمان تو ہو گئے مگر جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور دیگر مہاجریں نے مدینہ منورہ ہجرت کی تو یہ لوگ اپنے وطن گھر بار واہل عیال کو چھوڑنے پر رضامند نہ ہوئے اور ہجرت نہ کی تب ان کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

ایک دوسری روایت کے مطابق یہ آیت کریمہ قیس ابن فاکعہ، مغیرہ، زمعہ ولید معیزہ امیہ بن خلف وغیرہ کے متعلق نازل ہوئی جو بظاہر ایمان لے آئے تھے مگر جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور مجاہدیں نے مدینہ منورہ ہجرت کی تو یہ یہیں رکے رہے اور بعد میں مرتد ہو گئے پھر جنگ بدر میں مسلمانوں کے ہاتھوں واصل جہنم ہوئے۔

ایک روایت میں آیا ہے کہ یہ آیت کریمہ منافقین کی ہی ایک قسم کے بارے میں نازل ہوئی جو بظاہر اسلام لے آئے مگر مدینہ منورہ ہجرت کرنے سے رکے رہے پھر جنگ بدر کے موقعہ پر مسلمانوں کا ساتھ دینے کے بجائے ان کے مقابل آئے اور مسلمانوں کے ہاتھوں مارے گئے۔

(تفسیر روح المعانی تفسیر کبیر، تفسیر جلالین، تفسیر روح البیان وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَمَنْ يُّهَاجِرْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يَجِدْ فِي الْاَرْضِ مُرٰغَمًا كَثِيْرًا وَّسَعَةً ؕ وَمَنْ يَّخْرُجْ مِنْۢ بَيْتِهٖ مُهَاجِرًا اِلَى اللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ اَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ (پارہ 5۔ سورۃ النساء، آیت نمبر 100)

ترجمہ کنزالایمان: اور جو اللہ کی راہ میں گھر بار چھوڑ کر نکلے گا وہ زمین میں بہت جگہ اور گنجائش پائے گا، (بے گھر نہ ہوگا) اور جو اپنے گھر سے نکلا اللہ و رسول کی طرف ہجرت کرتا پھر اسے موت نے آلیا تو اس (ہجرت کا اجر و ثواب) کا ثواب اللہ کے ذمہ پر ہو گیا اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

اچھی نیت کی برکت

اس آیت کریمہ کے مختلف شان نزول بیان کئے گئے ہیں:

Marfat.com

جب پچھلی آیات ان الذین توفاھم نازل ہوئی تو مکہ مکرمہ کے مسلمانوں کو بھی اس آیت کریمہ کے متعلق سن گن مل گئی چنانچہ حضرت جندع ابن حمیرہ لینی نے جب یہ آیت کریمہ سنی تو اپنے بچوں کو بلا کر فرمایا کہ میرے پاس مال بھی ہے اور سواری بھی اور میں مدینہ منورہ کے راستے سے واقف بھی ہوں لہٰذا اب ہجرت سے نہ رکوں گا البتہ میں بوڑھا ہوں اونٹ پر بیٹھ نہیں سکتا اس لیے تم اس پر پائیدان رکھ کہ اس میں سوار کر دو اور اونٹ کو مدینہ منورہ کی طرف ہانک دو اور مجھے ارحم الراحمین کے حوالے کر دو اب میں ایک رات بھی مکہ مکرمہ میں نہ گزارنا پسند نہ کرنگا بچوں نے انھیں بہت روکا مگر وہ نہ مانے بلا آخر ان کے بچوں نے ان کی ہدایت کے مطابق انھیں اونٹ پر سوار کرایا اور اونٹ کو مدینہ منورہ کی طرف ہانک دیا ابھی آپ تنعیم کے مقام پر ہی پہنچے تھے کہ آپ کو اپنی وفات کے آثار محسوس ہوئے چنانچہ آپ نے اپنا بایاں ہاتھ اٹھایا اور بولے کہ یہ میرا ہاتھ ہے پھر دایاں ہاتھ اٹھایا اور فرمایا یہ ہاتھ مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ہے پھر فرمایا یا اللہ تو گواہ ہو جا کہ ہجرت پر تیرے محبوب رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بیعت کرتا ہوں پھر آپ انتقال فرما گئے جب آپ کے انتقال کی خبر مدینہ منورہ پہنچی تو صحابہ کرام کو بہت افسوس اور رنج ہوا وہ آپس میں کہنے لگے کہ کاش کہ کاش جندع رضی اللہ عنہ انتقال سے قبل مدینہ منورہ پہنچ جاتے تو ہجرت پوری کر لیتے اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ ایک دوسری روایت کے مطابق حضرت خالد ابن خرام مکہ معظّمہ سے ہجرت کر کے حبشہ کی طرف روانہ ہوئے ابھی راستے میں ہی تھے کہ انھیں سانپ نے ڈس لیا جس کے سبب وہ وفات پا گئے۔ چنانچہ ان کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ ایک روایت میں آیا کہ حضرت اکتم ابن صیفی رضی اللہ عنہ ایمان لا کر مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کے لئے روانہ ہوئے کہ راستے میں ہی انتقال فرما گئے چنانچہ ان کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر خازن، روح البیان، تفسیر صاوی تفسیر روح المعانی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَاِذَا كُنْتَ فِيْهِمْ فَاَقَمْتَ لَهُمُ الصَّلٰوةَ فَلْتَقُمْ طَآئِفَةٌ مِّنْهُمْ مَّعَكَ وَلْيَاْخُذُوْٓا اَسْلِحَتَهُمْ ۫ فَاِذَا سَجَدُوْا فَلْيَكُوْنُوْا مِنْ وَّرَآئِكُمْ ۪ وَلْتَاْتِ طَآئِفَةٌ اُخْرٰى لَمْ يُصَلُّوْا فَلْيُصَلُّوْا مَعَكَ وَلْيَاْخُذُوْا حِذْرَهُمْ وَاَسْلِحَتَهُمْ ۚ وَدَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ تَغْفُلُوْنَ عَنْ اَسْلِحَتِكُمْ وَاَمْتِعَتِكُمْ فَيَمِيْلُوْنَ عَلَيْكُمْ مَّيْلَةً وَّاحِدَةً ؕ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ (پارہ 5۔ سورۃ النساء، آیت نمبر 102)

Marfat.com

ترجمہ کنزالایمان: اور اے محبوب! جب تم (اپنے) ان (صحابہ) میں تشریف فرما ہو پھر نماز میں ان کی امامت کرو تو چاہئے کہ ان میں ایک جماعت تمہارے ساتھ (پیچھے نماز ادا کرتی) ہو اور وہ اپنے ہتھیار لیے رہیں پھر جب وہ سجدہ کرلیں تو (ایک رکعت پڑھ کر) ہٹ کر تم سے پیچھے ہو جائیں اور اب دوسری جماعت آئے جو اس وقت تک نماز میں شریک نہ تھی اب وہ تمہارے مقتدی ہوں اور چاہئے کہ اپنی پناہ اور اپنے ہتھیار لیے رہیں کافروں کی تمنا ہے کہ کہیں تم اپنے ہتھیاروں اور اپنے اسباب سے غافل ہو جاؤ تو ایک دفعہ تم پر جھک پڑیں (حملہ کردیں) اور تم پر مضائقہ نہیں۔

نمازِ خوف

اس آیت کریمہ کے مختلف شان نزول ہیں:

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجاہدین اسلام کے ساتھ غزوہ ذات الرقاع میں تشریف لے گئے اسی دوران نماز ظہر کا وقت آپہنچا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تمام صحابہ کی امامت فرماتے ہوئے نماز ادا فرمائی بعد میں کفار افسوس کرنے لگے کہ ہم نے بڑا اچھا موقعہ ہاتھ سے گنوادیا جب یہ لوگ سجدے میں تھے تو اس وقت اگر ہم ان پر حملہ کردیتے تو ان میں سے کوئی بھی ہمارے ہاتھ سے بچ نہ پاتا ان میں بعض بوڑھے کفار بولے کہ افسوس کی کوئی بات نہیں ابھی تھوڑی ہی دیر میں مسلمانوں کی عصر کی نماز ہونے والی ہے جو ان لوگوں کو جان و مال ہر چیز سے محبوب ہے تم اپنی تیاری مکمل رکھو جیسے ہی یہ لوگ سجدے میں جائیں گے ان پر دھاوا بول دو اور سب کا صفایا کردو۔ چنانچہ نماز عصر سے قبل ہی یہ آیت کریمہ نازل ہوئی جس میں نماز خوف کا طریقہ سکھایا گیا کہ مسلمان جماعت سے نماز بھی پڑھ لیں اور دشمن کے حملے سے بھی خبردار رہیں۔ ایک دوسری روایت کے مطابق نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غزوہ میں شرکت کیلئے صحابہ کرام کو ہمراہ لے کر مقام عسفان تشریف لے گئے اس وقت حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ مسلمان نہ ہوئے تھے اور لشکر کفار کے جرنیل تھے۔ اس وقت یہی واقعہ پیش آیا کہ حضرت خالد بن ولید مسلمانوں کو نماز ظہر پڑھتے دیکھ کر سخت پچھتائے کہ کاش ہم اس وقت مسلمانوں پر حملہ کر کے سب کو تیہ تیغ کر دیتے پھر نماز عصر میں اس منصوبہ کو عملی جامہ پہنانے کی تدبیر کی چنانچہ عصر کی نماز سے پہلے ہی یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن، روح البیان، روح المعانی، تفسیر کبیر وغیرہ)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنْ كَانَ بِكُمْ اَذًى مِّنْ مَّطَرٍ اَوْ كُنْتُمْ مَّرْضٰٓى اَنْ تَضَعُوْٓا اَسْلِحَتَكُمْ ۚ وَخُذُوْا حِذْرَكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿۱۰۲﴾

(پارہ 5۔سورۃ النسا، آیت نمبر 102)

ترجمہ کنزالایمان: اگر تمہیں مینھ کے سبب تکلیف ہو یا بیمار ہو کہ اپنے ہتھیار کھول رکھو اور اپنی پناہ لیے رہو (دفاعی سامان لیے رہو) بیشک اللہ نے کافروں کے لئے خواری (ذلت) کا عذاب تیار کر رکھا ہے۔

غیبی طاقت

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لشکر اسلام کے ساتھ بنی محارب اور بنی انحار پر حملہ کیا اور فتح یاب ہوئے کفار میدان چھوڑ کر بھاگ نکلے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم استنجا فرمانے لشکر سے دور تشریف لے گئے اچانک تیز بارش ہوگئی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک درخت کے نیچے بارش رکنے کا انتظار فرمانے لگے ساتھ کوئی تلوار نہ تھی اچانک ایک کافر غورث ابن حارثہ محاربی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تنہا دیکھ کر اپنے ساتھیوں سے بولا کہ اگر اس موقعہ سے فائدہ نہ اٹھاؤں اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو قتل نہ کروں تو خدا مجھے غارت کرے چنانچہ پہاڑ کی چوٹی سے تلوار لے کر نیچے اترا اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بالکل قریب پہنچ گیا جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے دیکھا تو وہ تلوار کھینچ کر بولا اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مجھ سے کون بچائے گا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا میرا اللہ۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دعا فرمائی کہ یا اللہ مجھے غورث کے شر سے نجات عطا فرما ابھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعا مکمل بھی نہ ہو پائی تھی کہ غورث پر کپکپی طاری ہوگئی اور وہ اوندھے منہ گرا اور تلوار اس کے ہاتھ سے نکل کر دور جا گری پھر وہ تلوار نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اٹھا لی اور اس سے فرمایا کہ بتا اب تجھے مجھ سے کون بچائے گا تو وہ بولا کوئی نہیں جو مجھے بچائے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کیا کلمہ پڑھتا ہے وہ بولا کہ کلمہ تو نہیں پڑھوں گا البتہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے وعدہ کرتا ہوں نہ ہی کبھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جنگ کروں گا اور نہ ہی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دشمن کی مدد کرونگا چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے چھوڑ دیا اور اس کی تلوار اسے واپس کر دی وہ بولا کہ اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھ سے بہتر ہیں اور اچھے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ میں اچھائی کے لیے ہی بھیجا گیا ہوں جب وہ اپنے ساتھیوں کے ساتھ پہاڑ کی چوٹی پر پہنچا تو اس کے ساتھ اسے کہنے لگے کہ تو نے ایک اچھا موقع ہاتھ سے گنوا دیا تو وہ بولا کہ خدا کی قسم میں نہیں جانتا کہ مجھے کس نے گرایا پھر اس نے سارا واقعہ کہہ سنایا جسے سن کر اسی وقت بہت سے لوگ

Marfat.com

مسلمان ہو گئے۔ چنانچہ اس موقعہ پر یہ آیت کریمہ کا آخری حصہ نازل ہوا۔

(تفسیر جازن، تفسیر روح المعانی، تفسیر صاوی وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ لَا تَهِنُوْا فِی ابْتِغَآءِ الْقَوْمِ ؕ اِنْ تَكُوْنُوْا تَاْلَمُوْنَ فَاِنَّهُمْ یَاْلَمُوْنَ كَمَا تَاْلَمُوْنَ ۚ وَ تَرْجُوْنَ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا یَرْجُوْنَ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ عَلِیْمًا حَكِیْمًا ﴿۱۰۴﴾

(پارہ 5۔ سورۃ النسا، آیت نمبر 104)

ترجمہ کنزالایمان: اور کافروں کی تلاش (تعاقب) میں سستی نہ کرو اگر تمہیں دکھ پہنچتا (تکلیف پہنچتی) ہے تو انہیں (کافروں کو) بھی دکھ پہنچتا (تکلیف پہنچتی) ہے جیسا تمہیں پہنچتا ہے، اور تم اللہ سے وہ (اجر وثواب کی) امید رکھتے ہو جو وہ نہیں رکھتے، اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔

مسلمانوں کی ہمت افزائی

غزوہ احد سے فراغت کے بعد نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مسلمانوں کو حکم فرمایا کہ باہر نکلو اور کفار کا تعاقب کرو کہیں یہ لوٹ کر دوبارہ مدینہ منورہ پر حملہ آور نہ ہو جائیں تو حضرات صحابہ نے اپنے سخت زخمی ہونے اور شدید تکلیف کے بارے میں عرض کی تو یہ آیت کریمہ نازل ہوئی جس میں کفار کی ہمت و جرات کا ذکر فرما کر مسلمانوں کی ہمت بندھائی گئی۔ (تفسیر خازن)

تفسیر روح البیان نے اس آیت کریمہ کا نزول کے متعلق ذکر فرمایا کہ یہ آیت کریمہ بدر صغریٰ کے بارے میں نازل ہوئی جبکہ تفسیر روح المعانی نے دونوں احتمال ہی ذکر فرمائے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّاۤ اَنْزَلْنَاۤ اِلَیْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِتَحْكُمَ بَیْنَ النَّاسِ بِمَاۤ اَرٰىكَ اللّٰهُ ؕ وَ لَا تَكُنْ لِّلْخَآىِٕنِیْنَ خَصِیْمًا ﴿۱۰۵﴾ وَّ اسْتَغْفِرِ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا ﴿۱۰۶﴾ وَ لَا تُجَادِلْ عَنِ الَّذِیْنَ یَخْتَانُوْنَ اَنْفُسَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُحِبُّ مَنْ كَانَ خَوَّانًا اَثِیْمًا ﴿۱۰۷﴾

(پارہ 5۔ سورۃ النسا، آیت نمبر 107)

Marfat.com

ترجمہ کنزالایمان: اے محبوب! بیشک ہم نے تمہاری طرف سچی کتاب اتاری کہ تم لوگوں میں (اسکے مطابق) فیصلہ کرو جس طرح تمہیں اللہ (بذریعہ وحی) دکھائے اور دغا والوں (چوروں خائنوں) کی طرف سے نہ جھگڑو (حمایت نہ کرو) اور اللہ سے معافی چاہو بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے، اور ان کی طرف سے نہ جھگڑو (حمایت نہ کرو) جو اپنی جانوں کو خیانت میں ڈالتے ہیں بیشک اللہ نہیں چاہتا (پسند نہیں کرتا) کسی بڑے دغاباز گنہگار کو آدمیوں سے چھپتے ہیں (جھوٹی تاویلیں کر کے)۔

بارگاہ رسالت سے یہودی کے حق میں فیصلہ

قبیلہ انصار میں ایک شخص تھا۔ بشر اس کا لقب تھا طعمہ ابن ابیرق خاندان نبی ظفر سے تھا۔ بڑا منافق اور چور عادی چالباز وہ ایک رات اپنے پڑوسی قتادہ ابن نعمان کے گھر گھس گیا وہاں سے ایک تھیلہ چرایا جس میں آٹا بھی تھا اور زرہ بھی تھیلہ پھٹا ہوا تھا جس سے آٹا گرتا ہوا گیا طعمہ یہ تھیلہ ایک یہودی زید ابن سمین کے ہاں اپنی امانت کر کے رکھ آیا صبح کو اس تھیلے کی تلاش ہوئی طعمہ پر شبہ کیا گیا اس سے پوچھا گیا وہ قسم کھا گیا کہ نہ میں نے تھیلہ چرایا ہے نہ مجھے اس کے متعلق کچھ خبر قتادہ کے گھر والوں نے گرے ہوئے آٹے کے زریعے سے تھیلہ برآمد کر لیا یہودی کو پکڑ لیا اور یہودی بولا کہ یہ تھیلہ آج رات طعمہ میرے گھر امانت کر کے رکھ گیا ہے، یہودیوں کی ایک جماعت نے اس واقعہ کی گواہی دی یہ مقدمہ بارگاہ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں پیش ہوا طعمہ کے تمام عزیز و اقارب نے پرزور طریقے سے طعمہ کی حمایت کی اور یہودی کو سخت سزا دینے کا مطالبہ کیا کہ مال برآمد ہوا یہودی کے گھر سے چور وہی ہے اس نے چوری بھی کی پھر چوری کا انکار بھی کیا پھر ایک بندہ مسلمان یعنی طعمہ کو چوری کا بہتان بھی لگایا یہ تین سزاؤں کا مستحق ہے طعمہ کے ان عزیز و اقارب نے پختہ ارادہ کر لیا کہ جس طرح ہو سکا طعمہ کو چھڑائیں گئے یہودی کو پھنسائیں گے تا کہ اپنی قوم رسوا نہ ہو چونکہ طعمہ مسلمان ہے اور اس کے مقابل یہودی اس لئے فیصلہ طعمہ کے حق میں ہوگا۔

حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فریقین کا بیان سن کر کوئی فیصلہ نہ فرمایا اور طعمہ کے گواہوں پر کوئی خاص جرح بھی نہ کی کیونکہ یہودی بظاہر ملزم بن چکا تھا اس کے گھر سے مال برآمد ہو چکا تھا اس موقعہ پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئیں جن میں طعمہ اور اس کے ساتھیوں کی تکذیب کی گئی اور یہودی اور اس سے گواہوں کی تصدیق فرمائی گئی چنانچہ بارگاہ رسالت سے یہودی کے حق میں فیصلہ ہوا طعمہ کے ہاتھ کاٹنے کا حکم دیا گیا طعمہ یہ سن کر اسلام سے مرتد ہو گیا اور مکہ معظّمہ پہنچ کر کفار سے مل گیا کفار مکہ نے اس سے بہت عزت و محبت سے رکھ لیا وہاں اس نے ایک کافر حجاج ابن علاط کے گھر رات کو نقب لگائی تا کہ گھر میں گھس کر چوری کرے وہ نقب لگا رہا تھا کہ دیوار کا

Marfat.com

ایک پتھر اس کے سر پر گرا جس سے وہ زخمی ہو گیا صبح کو کفار مکہ کو پتہ لگا تو انہوں نے اسے مکہ معظّمہ سے نکال دیا یہ مردود ایک مسافروں کے قافلے میں گیا اور بولا میں مسافر بھوکا ہوں تمھارے ساتھ سفر کرنا چاہتا ہوں انہوں نے اسے ساتھ لے لیا رات کے وقت اس نے ایک مسافر کی چوری کی قافلہ والوں نے اسے پکڑ لیا اور پتھر مار مار کر ہلاک کر دیا غرض یہ کہ طعمہ مرتد ہو کر اس طرح ہلاک ہوا۔

خدا کی قسم نہ وہ اٹھ سکا قیامت تک کہ جس کو تو نے نظروں سے گرا کے چھوڑ دیا۔

(تفسیر خازن، روح البیان، تفسیر کبیر، تفسیر صاوی، خزائن العرفان وغیرہ)

ان آیات کے شان نزول کے متعلق اور بھی روایات ہیں مگر یہ روایت قوی ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

يَّسْتَخْفُوْنَ مِنَ النَّاسِ وَلَا يَسْتَخْفُوْنَ مِنَ اللّٰهِ وَهُوَ مَعَهُمْ اِذْ يُبَيِّتُوْنَ مَا لَا يَرْضٰى مِنَ الْقَوْلِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطًا ۝۱۰۸ هٰۤاَنْتُمْ هٰۤؤُلَآءِ جٰدَلْتُمْ عَنْهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۫ فَمَنْ يُّجَادِلُ اللّٰهَ عَنْهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَمْ مَّنْ يَّكُوْنُ عَلَيْهِمْ وَكِيْلًا ۝۱۰۹ (پارہ5۔سورۃ النساء، آیت نمبر 109)

ترجمہ کنزالایمان: اور اللہ سے نہیں چھپتے (چھپ سکتے) اور اللہ ان کے پاس ہے جب دل میں وہ بات (بری تدبیریں) تجویز کرتے ہیں جو اللہ کو ناپسند ہے اور اللہ (علم وقدرت سے) ان کے کاموں کو گھیرے ہوئے ہے، سنتے ہو (طعمہ کی قوم والو) یہ جو تم ہو دنیا کی زندگی میں تو ان کی طرف سے جھگڑے (جھوٹی حمایت کرتے رہے) تو ان کی طرف سے کون جھگڑے گا اللہ سے قیامت کے دن یا کون ان کا وکیل (حمایتی) ہوگا۔

سازش بے نقاب

جب طعمہ ابن بیرت کا چوری کا مقدمہ بارگاہ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں تحقیقات کے مرحلے میں تھا تو ایک دن طعمہ نے اپنی قوم سے کہا کہ یہ ہماری قوم کی عزت کا معاملہ ہے اگر میں چور ثابت ہو گیا تو ہماری پوری قوم بدنام ہو جائے گی اس لیے میں نے سوچا ہے کہ میں بارگاہ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں اپنے گناہوں کی قسم کھالوں۔ یہودی بھی قسم کھائے گا مگر چونکہ میں مسلمان ہوں اور یہودی کافر ہے اس لیے مجھے یقین ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میری قسم کو قبول فرمائیں گے یہودی کی قوم بھی یہودی کی بے گناہی کی گواہی دے گی لہٰذا تم لوگ بھی میری نیک چلنی اور سچائی کی گواہی دینا

Marfat.com

کیونکہ تم لوگ بھی مسلمان ہو لہٰذا یہودی قوم کی گواہی کے مقابلے میں تمھاری گواہی زیادہ قابل قبول ہوگی۔

چنانچہ طعمہ کی اس تدبیر سے اس کی قوم کے بھولے بھالے مسلمان اس کی چال میں آ گئے۔ مگر رب تعالیٰ کو یہ منظور نہ تھا کہ اس کے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دھوکہ دیا جا سکے چنانچہ یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ جس میں طعمہ کی اس سازش کو بے نقاب فرمایا گیا۔ (تفسیر خازن)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَمَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا اَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهٗ ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ يَجِدِ اللّٰهَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۱۰﴾ وَمَنْ يَّكْسِبْ اِثْمًا فَاِنَّمَا يَكْسِبُهٗ عَلٰى نَفْسِهٖ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۱۱۱﴾ وَمَنْ يَّكْسِبْ خَطِيْٓـَٔةً اَوْ اِثْمًا ثُمَّ يَرْمِ بِهٖ بَرِيْٓـًٔا فَقَدِ احْتَمَلَ بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿۱۱۲﴾ ع (پارہ 5۔ سورۃ النساء، آیت نمبر 110-111-112)

ترجمہ کنز الایمان: اور جو کوئی برائی یا اپنی جان پر ظلم کرے پھر اللہ سے بخشش چاہے تو اللہ کو بخشنے والا مہربان پائے گا، اور جو گناہ کمائے تو اس کی کمائی اسی کی جان پر پڑے (اس کا وبال خود بھگتے) اور اللہ علم و حکمت والا ہے اور جو کوئی خطا یا گناہ کمائے پھر اسے (اس گناہ کو) کسی بے گناہ پر تھوپ دے اس نے ضرور بہتان اور کھلا گناہ اٹھایا۔

توبہ کی ترغیب

بعض کے نزدیک یہ آیت کریمہ طعمہ کو توبہ کی طرف راغب کرنے کے لیے نازل ہوئیں تا کہ وہ اپنے جھوٹ چوری بہتان، نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دھوکہ دینے کی ناپاک و مذموم گناہوں سے توبہ کر لے۔ بعض نے فرمایا کہ یہ آیات کریمہ طعمہ کی قوم کے متعلق نازل ہوئیں جنھوں نے طعمہ کی غلط حمایت و مدد کی۔ بعض کے مطابق یہ آیت کریمہ قیامت تک کے لیے تمام گناہ گاروں کے متعلق ہیں۔ (تفسیر خازن)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَمَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدٰى وَ يَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى وَنُصْلِهٖ جَهَنَّمَ ؕ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ﴿۱۱۵﴾ ع

(پارہ 5۔ سورۃ النساء، آیت نمبر 115)

Marfat.com

ترجمہ کنزالایمان: اور جو رسول کا خلاف کرے بعد اس کے کہ حق راستہ اس پر کھل چکا (واضح ہو چکا) اور مسلمانوں کی راہ سے (اسلام سے ہٹ کر) جدا راہ چلے ہم اُسے اُس کے حال پر (گمراہی میں ہی) چھوڑ دیں گے اور اسے دوزخ میں داخل کریں گے اور کیا ہی بری جگہ (ٹھکانا ہے) پلٹنے کی۔

طعمہ کی بدبختی

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب یہودی کے حق میں فیصلہ دیا اور یہودی کو بری کرنے اور طعمہ کے ہاتھ کاٹنے کا فیصلہ فرمایا تو طعمہ نے حکم عدولی کرتے ہوئے راہ فرار اختیار کی اور مرتد ہو کر مکہ معظّمہ بھاگ گیا اور مرتد ہو کر ہی مرا چنانچہ اس کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن، تفسیر روح البیان، تفسیر کبیر وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَ يَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ وَ مَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًۢا بَعِيْدًا ۝ اِنْ يَّدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖۤ اِلَّاۤ اِنٰثًا ۚ وَ اِنْ يَّدْعُوْنَ اِلَّا شَيْطٰنًا مَّرِيْدًا ۝ لَّعَنَهُ اللّٰهُ ۘ وَ قَالَ لَاَتَّخِذَنَّ مِنْ عِبَادِكَ نَصِيْبًا مَّفْرُوْضًا ۝ (پارہ 5۔ سورۃ النسا، آیت نمبر 116-118)

ترجمہ کنزالایمان: اللہ اسے نہیں بخشتا کہ اس کا کوئی شریک ٹھہرایا جائے اور اس سے نیچے جو کچھ (کفر کے علاوہ گناہ) ہے جسے چاہے معاف فرما دیتا ہے اور جو اللہ کا شریک ٹھہرائے وہ دور کی گمراہی میں پڑا، (ہدایت کے قریب بھی نہیں) یہ شرک والے اللہ کے سوا نہیں پوجتے مگر کچھ عورتوں کو (عورتوں کے ناموں کے بت بنا کر) اور نہیں پوجتے مگر سرکش شیطان کو جس پر اللہ نے لعنت کی اور بولا قسم ہے میں ضرور تیرے بندوں میں سے کچھ ٹھہرایا ہوا (اپنا مقررہ) حصہ لوں گا۔

مغفرت کا پروانہ

ایک بوڑھا شخص بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں جب سے اللہ عزوجل پر ایمان لایا ہوں میں نے شرک سے اپنے آپ کو بچا کر رکھا اور میں نے گناہ تو کئے مگر اللہ پر دلیری سے نہیں بلکہ غلطی سے کیے میرے دل میں یہ گمان تک نہ گزرا کہ میں اللہ عزوجل کی پکڑ سے بچ بھی سکتا ہوں

Marfat.com

میں اب اپنے گناہوں پر نادم ہوں اوران سے توبہ کرتا ہوں نہ جانے میرا کیا بنے گا چنانچہ اس موقعہ پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی جس میں اس شخص کو مغفرت کا پروانہ عطا کیا گیا۔

(تفسیر خازن، تفسیر روح البیان، تفسیر روح المعانی، تفسیر بیضاوی وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لَيْسَ بِاَمَانِيِّكُمْ وَلَآ اَمَانِيِّ اَهْلِ الْكِتٰبِ ؕ مَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا يُّجْزَ بِهٖ ۙ وَلَا يَجِدْ لَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿۱۲۳﴾ (پارہ5۔سورۃ النساء، آیت نمبر 123)

ترجمہ کنزالایمان: نہ کچھ تمہارے خیالوں پر ہے (کہ سوچنے سے مل جائیں گی) اور نہ کتاب والوں کی ہوس پر (کہ اہلِ کتاب ہونے پر مل جائے گی) جو برائی (گناہ) کرے گا اس کا بدلہ (سزا) پائے گا اور اللہ کے سوا نہ کوئی اپنا حمایتی پائے گا نہ مددگار۔

مشرکین اور یہود و نصاریٰ کے باطل خیالات

ایک بار یہود و نصاریٰ مسلمانوں سے کہنے لگے کہ ہمارے نبی تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پہلے اور افضل ہیں اور ہماری کتاب تمہاری کتاب قرآن مجید سے افضل ہے اور پہلے کی ہے ہمارا قبلہ تمہارے قبلہ کعبہ سے پہلے کا اور معظم ہے لہٰذا ہم جنتی ہیں خواہ ہمارے اعمال کیسے بھی ہوں تو مسلمانوں نے کہا کہ ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خاتم النبین ہیں ہماری کتاب قرآن مجید غیر منسوخ ہے ہمارا قبلہ کعبہ شریف تمہارے قبلے بیت المقدس سے کہیں درجہ اعلیٰ و افضل ہے لہٰذا مسلمان تم سے ہر لحاظ سے افضل و برتر ہیں اور لائق بخشش و مغفرت ہیں چنانچہ اس موقعہ پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

ایک دوسری روایت کے مطابق مشرکین عرب اور اہل کتاب یہود و نصاریٰ میں مناظرہ ہوا یہود و نصاریٰ کہنے لگے کہ ہم تو اللہ کے بیٹے اس کے محبوب و پیارے ہیں ہمیں ہمارا کوئی گناہ نقصان نہ دے گا ہمیں صرف چند روز آگ کا عذاب جھیلنا ہوگا پھر ہماری بخشش کر دی جائے گی۔ اس پر مشرکین بولے کہ جب نہ قیامت ہے نہ حساب و کتاب پھر سزا و جزا کیوں ملے گی اور کیسے ملے گی چنانچہ پھر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر روح المعانی، تفسیر خازن، تفسیر کبیر وغیرہ)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ مِنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَ هُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُوْنَ نَقِيْرًا ﴿۱۲۴﴾ وَمَنْ اَحْسَنُ دِيْنًا مِّمَّنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَ هُوَ مُحْسِنٌ وَّاتَّبَعَ مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ؕ وَاتَّخَذَ اللّٰهُ اِبْرٰهِيْمَ خَلِيْلًا ﴿۱۲۵﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيْطًا ﴿۱۲۶﴾ ع

(پارہ5۔سورۃ النسا،آیت نمبر 124-126)

ترجمہ کنزالایمان: اور جو کچھ بھلے کام کرے گا مرد ہو یا عورت اور ہو مسلمان تو وہ جنت میں داخل کیے جائیں گے اور انہیں تِل بھر (ذرہ برابر) نقصان نہ دیا جائے گا (نیکی ضائع نہ کی جائے گی) اور اس سے بہتر کس کا دین جس نے اپنا منہ اللہ کے لئے جھکا دیا (اطاعت اختیار کی) اور وہ نیکی والا ہے اور ابراہیم کے دین (اسلام) پر جو ہر باطل (عقائد و اعمال) سے جدا تھا اور اللہ نے ابراہیم کو اپنا گہرا دوست بنایا اور اللہ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں، اور ہر چیز پر اللہ کا قابو ہے۔

مومن کی نیکیاں مقبول

جب پچھلی آیات میں فرمایا گیا کہ جو برائی کرے گا اس کی سزا پائے گا تو یہود و نصاریٰ مسلمانوں سے بولے کہ ہم اور تم دونوں برابر ہیں تمھیں ہم پر کوئی فضیلت و برتری حاصل نہیں ہم اور تم اللہ کے حضور یکساں درجے والے ہیں کہ اگر گناہ کریں گے تو عذاب بھگتنا ہوگا اور نیکی کریں گے تو اجر و ثواب کے حقدار ٹھہریں گے پھر تم ہم سے افضل کیسے ہو گئے تو اس کے جواب میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی جس میں مسلمانوں کی فضلیت بیان فرمائی گئی کہ مسلمانوں کے تمام نیک اعمال مقبول جبکہ کفار کی تمام نیکیاں نامقبول ہیں۔ (تفسیر کبیر وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَيَسْتَفْتُوْنَكَ فِي النِّسَآءِ ؕ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِيْهِنَّ ۙ وَمَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ فِي الْكِتٰبِ فِيْ يَتٰمَى النِّسَآءِ الّٰتِيْ لَا تُؤْتُوْنَهُنَّ مَا كُتِبَ لَهُنَّ وَ تَرْغَبُوْنَ اَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الْوِلْدَانِ ۙ وَاَنْ تَقُوْمُوْا لِلْيَتٰمٰى بِالْقِسْطِ ؕ وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِهٖ عَلِيْمًا ﴿۱۲۷﴾ (پارہ5۔سورۃ النسا،آیت نمبر 127)

Marfat.com

ترجمہ کنزالایمان: اور تم سے عورتوں (بیوہ، یتیم بچیوں) کے بارے میں فتویٰ (احکام) پوچھتے ہیں تم فرمادو کہ اللہ تمہیں ان کا فتویٰ دیتا ہے اور وہ جو تم پر قرآن میں پڑھا جاتا ہے ان یتیم لڑکیوں کے بارے میں تم انہیں نہیں دیتے جو ان کا مقرر (طے شدہ حصہ) ہے اور انہیں (ناپسند کرنے کے سبب) نکاح میں بھی لانے سے منہ پھیرتے ہو اور کمزور بچوں کے بارے میں اور یہ کہ یتیموں کے حق میں انصاف پر قائم رہو اور تم جو بھلائی کرو تو اللہ کو اس کی خبر ہے۔

میراث کا حکم

زمانہ جاہلیت میں یہ دستور تھا کہ میت کی میراث بیویوں اور اس کے چھوٹے بچوں میں تقسیم نہ ہوتی چنانچہ جب بعد از اسلام بیویوں کی میراث کے احکام نازل ہوئے تو مسلمان سخت متعجب ہوئے وہ سمجھے کہ یہ حکم کچھ عرصے کے لیے نازل ہوا ہے بعد میں یہ حکم منسوخ ہو جائے گا۔ مگر جب یہ حکم منسوخ نہ ہوا تب انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے میراث کی تفصیل کی بابت دریافت کیا تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

ایک روایت کے مطابق حضرت عینیہ ابن حصین رضی اللہ عنہ نے بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارا دستور تو یہ ہے کہ ہم میت کی میراث صرف بالغ مردوں کو ہی دیا کرتے تھے جبکہ آپ تو میت کی میراث سے بیٹی و بہن کو بھی نصف دے دیتے ہیں تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا مجھے اپنے رب کا یہی حکم ہے پھر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ ایک دوسری روایت کے مطابق عرب میں یہ طریقہ رائج تھا کہ جب کوئی نابالغہ یتیم مالدار لڑکی کسی کے زیر پرورش آجاتی تو اگر وہ خوبصورت ہوتی تو وہ خود اس سے نکاح کر لیتا لیکن اگر معمولی شکل وصورت یا بدشکل ہوتی تو رغبت نہ ہونے کے سبب نہ ہی خود نکاح کرتا اور نہ ہی کسی اور کے ساتھ اس کا نکاح کراتا کہ مبادا اس کا مال کسی دوسرے کو نہ مل جائے بلکہ اس کی موت کا انتظار کرتا تاکہ اس کے مرنے کے بعد یہ مال خود ہتھیا لے چنانچہ یہ آیت کریمہ نازل ہوئی جس میں تاکید کی اور اس فعل بد سے منع فرمایا گیا۔ (تفسیر روح المعانی، تفسیر خازن، تفسیر روح البیان، تفسیر کبیر)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَاِنِ امْرَاَةٌ خَافَتْ مِنْۢ بَعْلِهَا نُشُوْزًا اَوْ اِعْرَاضًا فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَآ اَنْ يُّصْلِحَا بَيْنَهُمَا صُلْحًا ؕ وَالصُّلْحُ خَيْرٌ ؕ وَاُحْضِرَتِ الْاَنْفُسُ الشُّحَّ ؕ وَاِنْ تُحْسِنُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿۱۲۸﴾ (پارہ 5۔ سورۃ النساء، آیت نمبر 128)

Marfat.com

ترجمہ کنزالایمان: اوراگرکوئی عورت اپنے شوہر کی زیادتی (حق تلفی) یا بے رغبتی (بے توجہی) کا اندیشہ کرے تو ان پر گناہ نہیں کہ آپس میں صلح کرلیں اور صلح خوب (بہتر) ہے اور دل (توحرص وہوس) لالچ کے پھندے میں ہیں اور اگر تم نیکی اور پرہیز گاری کرو (خیر خواہی سے کام لو) تو اللہ کو تمہارے کاموں کی خبر ہے۔

شوہر کی زیادتی

حضرت عمرہ بنت محمد جو خولہ رضی اللہ عنہ کے نام سے مشہور ہیں حضرت سعد ابن ربیع رضی اللہ عنہ کے نکاح میں تھیں حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے ان کے بوڑھی ہونے کے بعد ایک جوان عورت سے نکاح کرلیا اور قلبی طور پر اس جانب زیادہ راغب ہو گئے اور حضرت خولہ رضی اللہ عنہ کی طرف کچھ لا پرواہو گئے چنانچہ حضرت خولہ رضی اللہ عنہ بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں اپنے خاوند کی بے رغبتی کے متعلق عرض گزار ہوئیں تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی جس پر حضرت خولہ رضی اللہ عنہ اس بات پر راضی ہو گئیں کہ میں اپنے حقوق زوجیت کم کرتی ہوں مگر مجھے طلاق نہ دی جائے۔

ایک دوسری روایت کے مطابق حضرت ابن ابی سائب رضی اللہ عنہ کی زوجہ بہت بوڑھی اور اولاد والی تھیں چنانچہ ابی سائب رضی اللہ عنہ نے ان کو طلاق دے کر دوسری عورت سے نکاح کرنا چاہا تو ان کی زوجہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ آپ مجھے طلاق نہ دیں میں اپنے بچوں کے ساتھ رہونگی اور اپنے خرچے اور حقوق زوجیت میں کمی پر تیار ہوں آپ دوسرا نکاح کرلیں بس مجھے بقدر حاجت خرچ دے دیا کریں جو مجھے اور میرے بچوں کو کافی ہو جائے چنانچہ ان کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر روح المعانی، تفسیر کبیر)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَلَنْ تَسْتَطِيْعُوْٓا اَنْ تَعْدِلُوْا بَيْنَ النِّسَآءِ وَلَوْ حَرَصْتُمْ فَلَا تَمِيْلُوْا كُلَّ الْمَيْلِ فَتَذَرُوْهَا كَالْمُعَلَّقَةِ ؕ وَاِنْ تُصْلِحُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۲۹﴾ وَاِنْ يَّتَفَرَّقَا يُغْنِ اللّٰهُ كُلًّا مِّنْ سَعَتِهٖ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ وَاسِعًا حَكِيْمًا ﴿۱۳۰﴾

(پارہ 5۔ سورۃ النسا، آیت نمبر 130)

ترجمہ کنزالایمان: اور تم سے ہرگز نہ ہو سکے گا کہ عورتوں کو برابر رکھو (انصاف کرسکو) اور چاہے کتنی ہی حرص (یکساں سلوک کرنا چاہو) کرو تو یہ تو نہ ہو کہ ایک طرف پورا جھک جاؤ

Marfat.com

کہ (ایک سے تعلق رکھو) دوسری کو ادھر میں لٹکتی چھوڑ دو (نہ بس سکے نہ جا سکے) اور اگر تم نیکی اور پرہیز گاری کرو (دونوں کے حق ادا کرو) تو بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے، اور اگر وہ دونوں جدا ہو جائیں (نباہ نہ ہو سکے) تو اللہ اپنی کشائش سے تم میں ہر ایک کو دوسرے سے بے نیاز کر دے گا (نعم البدل عطا کر دے گا) اور اللہ کشائش (گنجائش دینے) والا حکمت والا ہے۔

قلبی میلان

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ازواج مطہرات کی تعداد نو تھی جن کے درمیان نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بے مثال عدل و انصاف فرمایا کرتے تھے یہاں تک کہ جب جب سفر درپیش ہوتا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کسی زوجہ محترمہ کو ساتھ لے جانا چاہتے تو ان کے متعلق قرعہ ڈالتے جن کا نام قرعہ میں نکلتا انھیں ہمراہی کا شرف عطا فرماتے مگر قدرتی طور پر قلبی میلان حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ کی طرف زیادہ ہوتا تھا اس میں خود کو بے اختیار پاتے تو بارگاہ الٰہی میں عرض گزار ہوتے یا اللہ جو میرے بس میں ہے اس میں تو میں نے عدل کیا مگر جو میرے اختیار میں نہیں بلکہ تیرے اختیار میں ہے یعنی میرا دلی میلان و محبت تو مجھ سے اس معاملے میں ناراض نہ ہونا۔ چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تائید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر روح المعانی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ ثَوَابَ الدُّنْيَا فَعِنْدَ اللّٰهِ ثَوَابُ الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًا بَصِيْرًا ﴿۱۳۴﴾ (پارہ 5۔ سورۃ النساء، آیت نمبر 134)

ترجمہ کنزالایمان: جو دنیا کا انعام چاہے تو اللہ ہی کے پاس دنیا و آخرت دونوں کا انعام ہے اور اللہ ہی سنتا دیکھتا ہے۔

سزا و جزا کے منکر

مشرکین عرب اللہ کو تو مانتے تھے مگر قیامت حساب و کتاب جنت و دوزخ سزا و جزا کو نہ مانتے تھے وہ نیک اعمال بھی اس لیے کیا کرتے تھے کہ اللہ تعالیٰ دنیا میں انھیں نیک اعمال کی برکت سے مال و دولت عزت شہرت عطا فرما دے چنانچہ ان کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ ایک دوسری روایت کے مطابق بعض منافقین مدینہ روز و جزا جنت دوزخ سزا جزا وغیرہ کو نہ مانتے تھے مگر پھر بھی جہاد وغیرہ میں بھی اس لیے شریک ہو جاتے تھے

Marfat.com

تا کہ انھیں بھی مال غنیمت میں حصہ ملے۔ چنانچہ ان کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِیْنَ بِالْقِسْطِ شُهَدَآءَ لِلّٰهِ وَ لَوْ عَلٰۤى اَنْفُسِكُمْ اَوِ الْوَالِدَیْنِ وَ الْاَقْرَبِیْنَ ۚ اِنْ یَّكُنْ غَنِیًّا اَوْ فَقِیْرًا فَاللّٰهُ اَوْلٰى بِهِمَا ۫ فَلَا تَتَّبِعُوا الْهَوٰۤى اَنْ تَعْدِلُوْا ۚ وَ اِنْ تَلْوٗۤا اَوْ تُعْرِضُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرًا ﴿۱۳۵﴾

(پارہ 5۔ سورۃ النسا، آیت نمبر 135)

ترجمہ کنزالایمان: اے ایمان والو! انصاف پر خوب قائم ہو جاؤ اللہ کے لئے گواہی دیتے (جو سچ ہو وہی کہو) چاہے اس میں تمہارا اپنا نقصان ہو یا ماں باپ کا یا رشتہ داروں کا جس پر (جس کے لیے) گواہی دو وہ غنی ہو یا فقیر ہو (اسکی حالت پر نہ جاؤ) بہر حال اللہ کو اس کا سب سے زیادہ اختیار ہے (کہ اسکی رضا چاہی جائے) تو خواہش (دنیاوی لالچ) کے پیچھے نہ جاؤ کہ حق سے الگ پڑو (جھوٹی گواہی دو) اگر تم ہیر پھیر کرو (حق کا ساتھ نہ دو) یا منہ پھیرو (گواہی چھپالو) تو اللہ کو تمہارے کاموں کی خبر ہے (تم سے غافل نہیں)۔

بارگاہ رسالت میں مقدمہ

ایک مرتبہ بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں ایک امیر شخص اور ایک غریب شخص کا مقدمہ لایا گیا عام حضرات کو غریب پر ترس آنے لگا اور وہ اس سے مظلوم سمجھنے لگے جبکہ امیر شخص کے متعلق انھیں یہ گمان ہوا کہ یہ ظالم اور جھوٹا ہوگا غریب کی کیا مجال جو امیر پر ظلم کر سکے تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی جس میں فرمایا گیا کہ فیصلہ اور گواہی امیری غریبی پر نہیں بلکہ حق پر مبنی ہونا چاہیے۔ (تفسیر خازن، وتفسیر روح المعانی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ وَ الْكِتٰبِ الَّذِیْ نَزَّلَ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَ الْكِتٰبِ الَّذِیْۤ اَنْزَلَ مِنْ قَبْلُ ؕ وَ مَنْ یَّكْفُرْ بِاللّٰهِ وَ مَلٰٓىٕكَتِهٖ وَ كُتُبِهٖ وَ رُسُلِهٖ وَ الْیَوْمِ الْاٰخِرِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًۢا بَعِیْدًا ﴿۱۳۶﴾ (پارہ 5۔ سورۃ النسا، آیت نمبر 136)

ترجمہ کنزالایمان: اے ایمان والو ایمان رکھو اللہ اور اللہ کے رسول پر اور اس کتاب پر

Marfat.com

جو اپنے ان رسول پر اتاری اور اس کتاب پر جو پہلے اتاری اور جو نہ مانے اللہ اور اس کے فرشتوں اور کتابوں اور رسولوں اور قیامت کو تو وہ ضرور دور کی گمراہی میں پڑا، (ہدایت کے قریب بھی نہیں)۔

تمام رسولوں اور کتابوں پر ایمان

ایک مرتبہ حضرت عبداللہ بن سلام اور ان کے بھانجے سلام اور ان کے بھتیجے سلمہ اور یامین اور کعب کے دو بیٹے اسد اور اسید بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہوئے اور عرض کی کہ ہم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کتاب قرآن مجید اور موسیٰ علیہ سلام اور کتاب توریت اور حضرت عزیز علیہ سلام پر تو ایمان لاتے ہیں مگر ان کے علاوہ دوسرے رسولوں اور کتابوں پر ہرگز ایمان نہ لائیں گے۔ تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے ارشاد فرمایا جب تک تم تمام رسولوں اور تمام کتابوں پر ایمان نہ لاؤ گے مومن نہ ہو گے چنانچہ اس پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تائید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ جسے سن کر یہ حضرات سب پر ایمان لے آئے۔ (تفسیر خازن، کبیر، روح المعانی وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ ازْدَادُوْا كُفْرًا لَّمْ یَكُنِ اللّٰهُ لِیَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا لِیَهْدِیَهُمْ سَبِیْلًا ﴿۱۳۷﴾ (پارہ 5۔ سورۃ النساء، آیت نمبر 137)

ترجمہ کنزالایمان: بیشک وہ لوگ جو ایمان لائے پھر کافر ہوئے پھر ایمان لائے پھر کافر ہوئے پھر اور کفر میں بڑھے (کفر پر ڈٹ گئے) اللہ ہرگز نہ انہیں بخشے نہ انہیں (ہدایت کی) راہ دکھائے۔

بنی اسرائیل کا وطیرہ

بنی اسرئیل کا یہ وطیرہ تھا کہ بار بار ایمان لاتے پھر بار بار انکار کرتے اور کفر پر مصر رہتے چنانچہ یہ آیت کریمہ نازل ہوئی جس میں مسلمانوں کو اس بری حرکت سے منع کیا گیا۔ (تفسیر خازن)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْكٰفِرِیْنَ اَوْلِیَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِیْنَ ؕ اَتُرِیْدُوْنَ اَنْ تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ عَلَیْكُمْ سُلْطٰنًا مُّبِیْنًا ﴿۱۴۴﴾ (پارہ 5۔ سورۃ النساء، آیت نمبر 144)

Marfat.com

ترجمہ کنزالایمان: اے ایمان والو! کافروں کو دوست نہ بناؤ مسلمانوں کے سوا کیا یہ چاہتے ہو کہ اپنے اوپر اللہ کے لئے صریح حجت کرلو (جہنم کے حقدار بن جاؤ)۔

کفار سے دوستی کی ممانعت

قبل از اسلام انصار کے بنی قریظہ کے ساتھ دوستیاں رضاعی رشتے، محبتیں اور گہرے تعلقات و مراسم تھے۔ جب انصار نے اسلام قبول کرلیا تو انھیں کفار سے دوستی اور میل ملاپ سے منع فرمایا گیا تو بعض حضرات بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہوکر عرض گزار ہوئے کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اب ہم کس سے دوستی اور میل ملاپ رکھیں ہماری دوستیاں اور تعلقات تو کفار سے ہیں تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا مہاجرین مومنین سے دوستیاں اور تعلقات استوار کرو چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تائید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر کبیر، تفسیر خازن)

Marfat.com

چھٹا پارہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْٓءِ مِنَ الْقَوْلِ اِلَّا مَنْ ظُلِمَ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًا عَلِيْمًا

(پارہ6۔سورۃ النساء آیت نمبر 148)

ترجمہ کنزالایمان: اللہ پسند نہیں کرتا بری بات کا اعلان کرنا (کسی کا عیب اچھالنا) مگر مظلوم سے (کہ مظلوم کرسکتا ہے) اور اللہ سنتا جانتا ہے۔

بری بات کا اعلان اللہ کو پسند نہیں

ایک مرتبہ ایک شخص حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے بدزبانی کررہا تھا آپ نے صبر فرمایا مگر وہ شخص پھر بھی زبان درازی سے نہ رکا، بالآخر حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سنے مجبوراً اسے جواب دے دیا اس پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے ارشاد فرمایا کہ جب تک تم خاموش رہے ایک فرشتہ تمہاری طرف سے جواب دیتا رہا اب جب تم نے خود جواب دے دیا تو وہ فرشتہ چلا گیا اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ ایک دوسری روایت کے مطابق ایک شخص کسی کے گھر بطور مہمان گیا مگر اس شخص نے مہمان کی خاطر تواضع نہ کی چنانچہ اس مہمان نے لوگوں سے اس شخص کی بے مروتی کی شکایت کی چنانچہ یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان، تفسیر کبیر، تفسیر خازن تفسیر روح البیان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَ رُسُلِهٖ وَ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّفَرِّقُوْا بَيْنَ اللّٰهِ وَ رُسُلِهٖ وَ يَقُوْلُوْنَ نُؤْمِنُ بِبَعْضٍ وَّ نَكْفُرُ بِبَعْضٍ ۙ وَّ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَّخِذُوْا بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ۙ﴿۱۵۰﴾ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ حَقًّا ۚ وَ اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿۱۵۱﴾

(پارہ6۔سورۃ النساء آیت نمبر 150-151)

ترجمہ کنزالایمان: وہ جو اللہ اور اس کے رسولوں کو نہیں مانتے اور چاہتے ہیں کہ اللہ سے اس کے رسولوں کو جدا کردیں (اللہ کو مانیں رسولوں کو نہ مانیں) اور کہتے ہیں ہم کسی پر ایمان

Marfat.com

لائے اور کسی کے منکر ہوئے اور چاہتے ہیں کہ ایمان وکفر کے بیچ میں کوئی راہ نکال لیں یہی ہیں ٹھیک ٹھیک (پکے) کافر اور ہم نے کافروں کے لئے ذلت کا عذاب تیار کر رکھا ہے۔

یہود ونصاریٰ کی مذمت

یہود موسیٰ علیہ سلام اور ان پر نازل کردہ کتاب توریت پر ایمان رکھتے تھے مگر حضرت عیسیٰ علیہ سلام اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا انکار کرتے اور ان پر نازل کردہ کتاب انجیل اور قرآن پاک کے بھی منکر تھے یونہی عیسائی حضرت عیسیٰ علیہ سلام کو تو مانتے تھے اور آپ پر نازل ہوئی کتاب انجیل پر ایمان رکھتے تھے مگر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بھی انکار کرتے تھے اور قرآن مجید کا بھی چنانچہ ان دونوں کی جماعتوں کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن، تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

يَسْـَٔلُكَ اَهْلُ الْكِتٰبِ اَنْ تُنَزِّلَ عَلَيْهِمْ كِتٰبًا مِّنَ السَّمَآءِ فَقَدْ سَاَلُوْا مُوْسٰۤى اَكْبَرَ مِنْ ذٰلِكَ فَقَالُوْۤا اَرِنَا اللّٰهَ جَهْرَةً فَاَخَذَتْهُمُ الصّٰعِقَةُ بِظُلْمِهِمْ ۚ ثُمَّ اتَّخَذُوا الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ فَعَفَوْنَا عَنْ ذٰلِكَ ۚ وَ اٰتَيْنَا مُوْسٰى سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ﴿۱۵۳﴾ (پارہ 6۔ سورۃ النساء آیت نمبر 152)

ترجمہ کنزالایمان: اے محبوب! اہل کتاب تم سے سوال کرتے ہیں کہ ان پر آسمان سے ایک (ساتھ پوری) کتاب اتار دو تو وہ تو موسیٰ سے اس سے بھی بڑا سوال کر چکے کہ بولے ہمیں اللہ کو اعلانیہ دکھا دو تو انہیں کڑک (غیبی عذاب) نے آلیا ان کے گناہوں پر پھر بچھڑا لے بیٹھے (اسے پوجنے لگے) بعد اس کے کہ ان کے لئے روشن آیتیں (موسیٰ کے معجزات) ان کے پاس آ چکیں تو ہم نے یہ معاف فرما دیا اور ہم نے موسیٰ کو روشن (کھلا) غلبہ دیا۔

یہود ونصاریٰ کے بے جا مطالبے

ایک مرتبہ یہود کے پوپ اور پادری جن میں کعب بن اشرف اور مخلص بن عازورا بھی شامل تھے ایک بار بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر ہوئے اور کہنے لگے کہ اگر آپ واقعی سچے نبی ہیں تو ہمارے پاس ایسی کتاب لائے جو تبدریج نہیں بلکہ یکدم نازل ہو جیسے ہماری توریت میں ہم ایسی کتاب پر ہرگز ایمان نہ لائیں گے جو آہستہ آہستہ نازل ہو رہی ہو۔ اس کے جواب میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ ایک دوسری روایت کے

Marfat.com

مطابق بعض یہود بارگاہ نبوت صلی اللہ علیہ وسلم میں عرض گزر ہوئے کہ اگر آپ واقعی سچے نبی ہیں تو ہم میں جو فلاں فلاں امیر اور سردار موجود ہیں انکے نام اللہ سے خاص طور پر خطوط لکھوا کر لائیے جسمیں یوں لکھا ہو کہ اے فلاں! محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے رسول ہیں ان پر ایمان لے آؤ اور یہ خطوط جبریل ہمارے پاس لے کر آئیں تب ہم آپ پر ایمان لے آئینگے چنانچہ تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر بیضاوی، تفسیر خازن، تفسیر کبیر، تفسیر خزائن العرفان، تفسیر روح البیان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّاۤ اَوۡحَیۡنَاۤ اِلَیۡكَ كَمَاۤ اَوۡحَیۡنَاۤ اِلٰی نُوۡحٍ وَّ النَّبِیّٖنَ مِنۡۢ بَعۡدِهٖ ۚ وَ اَوۡحَیۡنَاۤ اِلٰۤی اِبۡرٰهِیۡمَ وَ اِسۡمٰعِیۡلَ وَ اِسۡحٰقَ وَ یَعۡقُوۡبَ وَ الۡاَسۡبَاطِ وَ عِیۡسٰی وَ اَیُّوۡبَ وَ یُوۡنُسَ وَ هٰرُوۡنَ وَ سُلَیۡمٰنَ ۚ وَ اٰتَیۡنَا دَاوٗدَ زَبُوۡرًا ﴿۱۶۳﴾ (پارہ6۔سورۃ النساء آیت نمبر 162)

ترجمہ کنزالایمان: بیشک اے محبوب! ہم نے تمہاری طرف وحی بھیجی جیسے وحی نوح اور اس کے بعد پیغمبروں کو بھیجی اور ہم نے ابراہیم اور اسمٰعیل اور اسحاق اور یعقوب اور ان کے بیٹوں اور عیسیٰ اور ایوب اور یونس اور ہارون اور سلیمان کو وحی کی اور ہم نے داؤد کو زبور عطا فرمائی۔

علمائے یہود کے دو راہب

علمائے یہود میں سے دو راہب بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ سلام کے بعد کسی بشر کو نہ ہی نبوت عطا کی گئی نہ کسی کی طرف بھیجی گئی۔ اور آپ موسیٰ علیہ سلام کے بعد ہیں پھر آپ کیسے نبی ہو سکتے ہیں چنانچہ انکے جواب میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر خازن، تفسیر صاوی وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ رُسُلًا قَدۡ قَصَصۡنٰهُمۡ عَلَیۡكَ مِنۡ قَبۡلُ وَ رُسُلًا لَّمۡ نَقۡصُصۡهُمۡ عَلَیۡكَ ؕ وَ كَلَّمَ اللّٰهُ مُوۡسٰی تَكۡلِیۡمًا ﴿۱۶۴﴾ رُسُلًا مُّبَشِّرِیۡنَ وَ مُنۡذِرِیۡنَ لِئَلَّا یَكُوۡنَ لِلنَّاسِ عَلَی اللّٰهِ حُجَّةٌۢ بَعۡدَ الرُّسُلِ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ عَزِیۡزًا حَكِیۡمًا ﴿۱۶۵﴾

(پارہ6۔سورۃ النساء آیت نمبر 164-165)

Marfat.com

ترجمہ کنزالایمان: اور رسولوں کو جن کا ذکر آگے ہم تم سے فرما چکے اور ان رسولوں کو جن کا ذکر تم سے نہ فرمایا اور اللہ نے موسیٰ سے حقیقتاً کلام فرمایا رسول خوشخبری دیتے اور ڈر سناتے کہ رسولوں کے بعد اللہ کے یہاں لوگوں کو کوئی عذر نہ رہے (کہ تیرے احکامات کی خبر نہ ملی) اور اللہ غالب حکمت والا ہے۔

موسیٰ علیہ السلام کا خصوصی ذکر

جب پچھلی آیت اوحینا الیک الخ نازل ہوئی تو یہود مدینہ کہنے لگے کہ اس آیت میں اور نبیوں کا ذکر تو بیان ہوا مگر موسیٰ علیہ سلام کا ذکر نہیں چنانچہ یہ آیت کریمہ نازل ہوئی جس میں موسیٰ علیہ سلام کا خاص طور پر ذکر فرمایا گیا۔ (تفسیر خازن تفسیر صاوی وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لٰكِنِ اللّٰهُ يَشْهَدُ بِمَآ اَنْزَلَ اِلَيْكَ اَنْزَلَهٗ بِعِلْمِهٖ ۚ وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَشْهَدُوْنَ ؕ وَ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ﴿۱۶۶﴾ (پارہ 6۔ سورۃ النساء آیت نمبر 166)

ترجمہ کنزالایمان: لیکن اے محبوب! اللہ اس کا گواہ ہے جو اس نے تمہاری طرف اتارا وہ اس نے اپنے علم سے اتارا ہے (قرآن میں غیبی علوم رکھے) اور فرشتے گواہ ہیں اور اللہ کی گواہی کافی۔

رسالت و کتاب کی تکذیب

ایک مرتبہ یہود کی ایک جماعت بارگاہ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر ہوئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا کہ اے جماعت یہود تم جانتے ہو کہ میں اللہ کا رسول ہوں تو یہود بولے کہ نہ ہی ہم آپکو رسول جانتے ہیں اور نہ ہی آپکے رسول ہونے پر ایمان رکھتے ہیں تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ ایک دوسری روایت کے مطابق ایک مرتبہ مشرکین عرب نے بارگاہ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم میں عرض کیا کہ ہم نے یہود سے آپکے متعلق پوچھا تو ان میں سے کوئی بھی آپکی نبوت و رسالت کی گواہی نہیں دیتا اور نہ ہی انکی کتابوں میں آپکا کوئی ذکر موجود ہے تب اسکے جواب میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ ایک روایت میں آیا کہ جب آیت کریمہ انا اوحینا الیک الخ نازل ہوئی تو یہود مدینہ بولے کہ یہ سراسر غلط ہے آپ پر نہ ہی کوئی وحی نازل ہوئی نہ کوئی کتاب نازل ہوئی تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر مدارک و تفسیر خازن)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ وَلَا تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ ؕ اِنَّمَا الْمَسِيْحُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَكَلِمَتُهٗ ۚ اَلْقٰىهَآ اِلٰى مَرْيَمَ وَرُوْحٌ مِّنْهُ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ۫ۚ وَلَا تَقُوْلُوْا ثَلٰثَةٌ ؕ اِنْتَهُوْا خَيْرًا لَّكُمْ ؕ اِنَّمَا اللّٰهُ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ؕ سُبْحٰنَهٗٓ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗ وَلَدٌ ۘ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۱۷۱﴾ ع (پارہ6۔سورۃ النساء آیت نمبر 171)

ترجمہ کنزالایمان: اے کتاب والو! اپنے دین میں (اپنی طرف سے) زیادتی (اضافہ) نہ کرو اور اللہ پر نہ کہو مگر سچ (اللہ پر صحیح عقیدہ رکھو) مسیح عیسیٰ مریم کا بیٹا اللہ کا رسول ہی ہے (بیٹا نہیں) اور اس کا ایک کلمہ (کُنْ یعنی ہوجا) کہ مریم کی طرف بھیجا اور اس کے یہاں کی ایک روح (اللہ کی طرف سے) تو اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لاؤ اور تین نہ کہو (کہ تین معبود ہیں) باز رہو اپنے بھلے کو اللہ تو ایک ہی خدا ہے پاکی اُسے (وہ پاک ہے) اس سے کہ اس کے کوئی بچہ ہو اسی کا مال ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور اللہ کافی کارساز گار۔

یہود و نصاریٰ کا غلو

عیسائی حضرت عیسیٰ علیہ سلام کی شان میں اضافہ کر کے غلو کیا کرتے تھے چنانچہ ان کی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ بعض کے مطابق عیسائی تو حضرت عیسیٰ علیہ سلام کی شان میں افراط کر کے غلو کیا کرتے تھے جبکہ یہودی آپ علیہ السلام کی شان میں تفریط و کمی کر کے غلو کیا کرتے لہٰذا عیسایوں اور یہودیوں دونوں کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لَنْ يَّسْتَنْكِفَ الْمَسِيْحُ اَنْ يَّكُوْنَ عَبْدًا لِّلّٰهِ وَلَا الْمَلٰٓئِكَةُ الْمُقَرَّبُوْنَ ؕ وَمَنْ يَّسْتَنْكِفْ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَيَسْتَكْبِرْ فَسَيَحْشُرُهُمْ اِلَيْهِ جَمِيْعًا ﴿۱۷۲﴾

(پارہ6۔سورۃ النساء آیت نمبر 172)

ترجمہ کنزالایمان: مسیح (عیسیٰ) اللہ کا بندہ بننے سے کچھ نفرت نہیں کرتا (بلکہ فخر کرتا ہے) اور نہ مقرب فرشتے اور جو اللہ کی بندگی سے نفرت اور تکبر کرے (منہ موڑے) تو کوئی دم

Marfat.com

جاتا ہے کہ (عنقریب) وہ ان سب (کو روزِ قیامت ذلت کے ساتھ) کو اپنی طرف ہانکے گا۔

قابلِ فخر لقب

ایک مرتبہ نجران کے عیسائی بارگاہ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض گزار ہوئے کہ آپ ہمارے نبی عیسیٰ علیہ سلام کو عیب لگاتے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت فرمایا کہ ہم نے انھیں کیا عیب لگایا وہ بولے کہ آپ انھیں عبداللہ (اللہ کا بندہ) کہتے ہیں اس سے بڑھ کر بھلا اور کون سا عیب ہوسکتا ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عبداللہ ہونا عیب نہیں بلکہ قابل فخر ہے جس پر سب ہی ناز کرتے ہیں چنانچہ اس موقعہ پر آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن، روح البیان، تفسیر مدارک، تفسیر بیضاوی، تفسیر خزائن العرفان)

سورۃ المائدہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحِلُّوْا شَعَآىِٕرَ اللّٰهِ وَ لَا الشَّهْرَ الْحَرَامَ وَ لَا الْهَدْيَ وَ لَا الْقَلَآىِٕدَ وَ لَآ آٰمِّيْنَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنْ رَّبِّهِمْ وَ رِضْوَانًا ؕ وَ اِذَا حَلَلْتُمْ فَاصْطَادُوْا ؕ وَ لَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ اَنْ صَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اَنْ تَعْتَدُوْا ۘ وَ تَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَ التَّقْوٰى ۪ وَ لَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَ الْعُدْوَانِ ۪ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝ (پارہ 6۔ سورۃ المائدہ آیت نمبر 2)

ترجمہ کنزالایمان: اے ایمان والو! حلال نہ ٹھہرالو اللہ کے نشان (دین کی نشانیاں) اور نہ ادب (عزت والے) والے مہینے اور نہ حرم کو (ذبح کے لیے) بھیجی ہوئی قربانیاں اور نہ جن کے گلے میں (بطورِ نشانی) علامتیں آویزاں اور نہ ان (حج وعمرہ کرنے والوں) کا مال وآبرو جو عزت والے گھر کا قصد کر کے آئیں اپنے رب کا فضل اور اس کی خوشی چاہتے اور جب احرام (حدودِ حرم) سے نکلو تو شکار کر سکتے ہو اور تمہیں کسی قوم کی عداوت (دشمنی) کہ انہوں نے تم کو مسجد حرام سے روکا تھا، زیادتی (ظلم) کرنے پر نہ ابھارے اور نیکی اور پرہیزگاری پر ایک دوسرے کی مدد کرو اور گناہ اور زیادتی (ظلم کرنے) پر باہم (ایک دوسرے کو) مدد نہ دو اور اللہ سے ڈرتے رہو بیشک اللہ کا عذاب سخت ہے۔

Marfat.com

شیطان کی زبان

ایک مرتبہ ایک کافر شریح ابن ہند بارگاہ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر ہوا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکے آنے سے پہلے ہی صحابہ کو یہ خبر فرمادی تھی کہ ربیعہ کا ایک شخص آئے گا جو شیطان کی زبان بولے گا چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کے مطابق وہ آیا اور عرض کرنے لگا کہ آپ کس چیز کی طرف لوگوں کو بلاتے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کلمہ توحید نماز قائم کرنے زکوٰۃ دینے کی طرف وہ کہنے لگا کہ یہ تو بہت بھلی بات ہے پھر کہنے لگا کہ میرے کچھ خاص دوست ہیں جو اپنے اپنے قبیلوں کے سردار ہیں میں ان سے مشورہ کئے بغیر کوئی کام نہیں کرتا لہٰذا پہلے ان سے مشورہ کرلوں ہوسکتا ہے وہ بھی اسلام قبول کرلیں یہ کہہ کر وہ چلتا بنا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا یہ کافر ہوکر آیا تھا اور غادر ہوکر پلٹ گیا یہ ایمان والا نہیں چنانچہ وہ کافر شخص جاتے جاتے اطراف مدینہ میں مسلمانوں کے چرنے والے جانوروں کو بھی اپنے ساتھ ہانک کرلے گیا اہل مدینہ کو جب اس بات کی خبر ہوئی تو وہ اسکے تعاقب میں دوڑے مگر وہ کافی دور نکل چکا تھا مسلمانوں کو اسکا بہت صدمہ ہوا پھر اگلے سال یہی شخص حج کے احرام میں اپنے ساتھیوں اور ہدی کے جانوروں کو ساتھ لئے اطراف مدینہ سے گزرا تو صحابہ کرام نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسے پکڑنے اور گزشتہ سال کا بدلہ لینے کی عرض کی تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمادیا اور ارشاد فرمایا کہ اس وقت وہ حالت احرام میں ہے اور ہدی کے جانوروں اسکے ساتھ ہیں اس وقت اسے پکڑنا حرام اور ہدی کی بے ادبی ہے چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تائید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ ایک دوسری روایت کے مطابق فتح مکہ دن جب لشکر اسلام مکہ مکرمہ کی طرف روانہ ہورہا تھا تو راستہ میں ایسے لوگ ملے جو عمرہ کے احرام میں مکہ کی طرف جارہے تھے صحابہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت چاہی کے کیونکہ یہ لوگ ابھی مشرکین مکہ ہی کی طرح مشرک ہیں جب ہمیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے مشرکین مکہ پر حملہ کی اجازت مل ہی چکی ہے تو کیوں نہ ہم ان مشرکین پر بھی حملہ کردیں تو نبی کریم صلی علیہ وسلم نے منع فرمادیا چنانچہ یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر خازن تفسیر روح البیان تفسیر روح المعانی وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ وَالْمُنْخَنِقَةُ وَالْمَوْقُوْذَةُ وَالْمُتَرَدِّيَةُ وَالنَّطِيْحَةُ وَمَآ اَكَلَ السَّبُعُ اِلَّا مَا

Marfat.com

ذَكَّيْتُمْ ۗ وَمَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ وَ اَنْ تَسْتَقْسِمُوْا بِالْاَزْلَامِ ؕ ذٰلِكُمْ فِسْقٌ ؕ

(پارہ6۔سورۃ المائدہ آیت نمبر 3)

ترجمہ کنزالایمان: تم پرحرام ہے مُردار (جوبغیر ذبح خود سے ہی مرگیا) اورخون اور سور کا گوشت اوروہ جس کے ذبح میں غیر خدا کا نام پکارا گیا اور جوگلا گھونٹنے سے مرے اور بے دھار کی چیز (لاٹھی گولی وغیرہ) سے مارا ہوا اور جوگر کر مرا اور جسے کسی جانور نے سینگ مارا اور جسے کوئی درندہ کھا گیا مگر جنہیں تم ذبح کرلو، اور جو کسی تھان پر (کسی بت کے سامنے) ذبح کیا گیا اور پانسے ڈال کر بانٹا کرنا (فال نکالنا) یہ گناہ کا کام ہے۔

مشرکین عرب میں رواج

گیارہ چیزیں مشرکین عرب میں بہت رائج تھیں یعنی یہ لوگ جانور کا گلا گھونٹ کر مار ڈالتے پھر اسے کھا لیتے اور کبھی جانور ذبح کرتے تو اسکا بہتا خون جما لیتے تھے پھر اسے بھون کر کھاتے تھے جانوروں کو بتوں کے نام پر ذبح کرتے تھے بتوں کے تھان پر بھینٹ چڑھاتے تھے تیروں سے فال کھولتے تھے چنانچہ ان مروجہ گیارہ چیزوں کو حرام کرنے کے لئے یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن وغیرہ)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَسْـَٔلُوْنَكَ مَا ذَاۤ اُحِلَّ لَهُمْ ؕ قُلْ اُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبٰتُ ۙ وَمَا عَلَّمْتُمْ مِّنَ الْجَوَارِحِ مُكَلِّبِيْنَ تُعَلِّمُوْنَهُنَّ مِمَّا عَلَّمَكُمُ اللّٰهُ فَكُلُوْا مِمَّاۤ اَمْسَكْنَ عَلَيْكُمْ وَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهِ ۪ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ۝ (پارہ6۔سورۃ المائدہ آیت نمبر 4)

ترجمہ کنزالایمان: اے محبوب! تم سے پوچھتے ہیں کہ اُن کے لئے کیا حلال ہوا تم فرمادو کہ حلال کی گئیں تمہارے لئے پاک چیزیں اور جو شکاری جانور تم نے سدھا لیے انہیں شکار پر دوڑاتے جو علم تمہیں خدا نے دیا اس سے انہیں سکھاتے (سدھاتے) تو کھاؤ اس میں سے جو وہ (شکار) مار کر تمہارے لیے رہنے دیں اور اس پر اللہ کا نام لو اور اللہ سے ڈرتے رہو بیشک اللہ کو حساب کرتے دیر نہیں لگتی۔

حلال شکار

اس آیت کریمہ کے چند شان نزول ہیں ایک یہ کہ ایک مرتبہ حضرت جبریل امین نے نبی کریم صلی اللہ

Marfat.com

علیہ وسلم کے دروازہ میبارکہ پر کھڑے ہوکر اندر آنے کی اجازت مانگی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انھیں اجازت مرحمت فرمائی مگر وہ اندر نہ آئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت فرمایا کہ اے جبریل اندر کیوں نہیں آتے تو وہ عرض گزار ہوئے کہ حضور کے گھر میں ایک کتا ہے اور ہم اس گھر میں داخل نہیں ہوسکتے جہاں کتا موجود ہو چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے عام حکم فرمادیا کہ تمام کتے ماردیئے جائیں چنانچہ مدینہ میں جہاں کتے نظر آتے ماردیئے جاتے ابورافع کو ایک بوڑھی عورت کے کتے پر رحم آیا اور اسے نہ مارا پھر بارگاہ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم میں آکر واقعہ عرض کردیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسے بھی ماردو چنانچہ انہوں نے اسے بھی ماردیا پھر لوگوں نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیا کوئی کتا رکھنا جائز بھی ہے یا سب ماردیئے جائیں تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ ایک دوسری راویت کے مطابق عدی میں حاتم رضی اللہ عنہ سے اور زید بن الخصیل جنکا نام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے زید الخیر رکھا یہ دونوں حضرات بارگاہ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر ہوئے اور عرض کی یارسول صلی اللہ علیہ وسلم علاقہ میں شکار بہت عام ہے لہٰذا آپ ارشاد فرمادیں کہ کون کون جانور حلال ہیں اور کس کس جانور کا مارا شکار حلال ہے تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی ایک روایت مطابق حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ بارگاہ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم میں عرض گزار ہوئے کہ ہمارا گزارہ شکار پر ہے اور اکثر ہمارے شکار کتے پکڑتے ہیں تو وہ ہم تک پہنچتے ہوئے مرجاتا ہے اب ہم کیا کریں تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر خازن، تفسیر احمدی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَاِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰٓى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ اَوْ جَآءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَآئِطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُوْا مَآءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَاَيْدِيْكُمْ مِّنْهُ ؕ مَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيَجْعَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ حَرَجٍ وَّلٰكِنْ يُّرِيْدُ لِيُطَهِّرَكُمْ وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝٦ (پارہ 6۔ سورۃ المائدہ آیت نمبر 6)

ترجمہ کنزالایمان: اور اگر تم بیمار ہو یا سفر میں ہو یا تم میں سے کوئی قضائے حاجت سے آیا یا تم نے عورتوں سے صحبت کی اور ان صورتوں میں پانی نہ پایا مٹی سے تیمم کرو تو اپنے منہ اور ہاتھوں کا اس سے مسح کرو، اللہ نہیں چاہتا کہ تم پر کچھ تنگی رکھے (مشکل میں ڈالے) ہاں یہ چاہتا ہے کہ تمہیں خوب ستھرا (پاک) کردے اور اپنی نعمت (اجر وثواب) تم پر پوری (پورا عطا) کر

Marfat.com

دے کہ کہیں تم احسان مانو۔

شبہ کا ازالہ

سورۃ مائدہ کے نزول سے قبل سورۃ نساء میں تیمم کا ذکر ہو چکا تھا سورۃ مائدہ میں وضو اور غسل کا حکم نازل ہوا۔ سورۃ مائدہ احکام کی آخری سورت ہے جسکے سارے احکم محکم ہیں لہٰذا اب یہ شبہ پیدا ہونے کا امکان تھا کہ شاید وضو اور غسل سے تیمم کا حکم منسوخ ہو چکا ہے لہٰذا اس شبہ کے ازالہ کے لئے یہ آیت کریمہ نازل ہوئی جس میں پھر تیمم کا ذکر فرمایا گیا تا کہ بخوبی معلوم ہو جائے کہ تیمم کا حکم باقی ہے منسوخ نہیں ہوا۔ (تفسیر روح المعانی)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِیْنَ لِلّٰهِ شُهَدَآءَ بِالْقِسْطِ وَلَا یَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰۤى اَلَّا تَعْدِلُوْا اِعْدِلُوْا هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ خَبِیْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝ (پارہ 6۔ سورۃ المائدہ آیت نمبر 8)

ترجمہ کنزالایمان: اے ایمان والو اللہ کے حکم پر خوب قائم (عمل پیرا) ہو جاؤ انصاف کے ساتھ گواہی دیتے اور تم کو کسی قوم کی عداوت اس پر نہ اُبھارے کہ انصاف نہ کرو، انصاف کرو، وہ پرہیز گاری سے زیادہ قریب ہے، اور اللہ سے ڈرو، بیشک اللہ کو تمہارے کاموں کی خبر ہے۔

بدلہ لینے کی خواہش

جب کفار مکہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام کو صلح حدیبہ کے موقعہ پر مکہ معظّمہ میں داخل ہونے اور عمرہ کی ادائیگی سے روکا اور واپس کر دیا چنانچہ حضرات صحابہ کو بہت ہی صدمہ پہنچا ان حضرات کے دل میں کفار کے خلاف بدلہ لینے کی خواہش نے سر اٹھایا تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر کبیر)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَیْكُمْ اِذْ هَمَّ قَوْمٌ اَنْ یَّبْسُطُوْۤا اِلَیْكُمْ اَیْدِیَهُمْ فَكَفَّ اَیْدِیَهُمْ عَنْكُمْ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْیَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ

(پارہ 6۔ سورۃ المائدہ آیت نمبر 11)

ترجمہ کنزالایمان: اے ایمان والو! اللہ کا احسان اپنے اوپر یاد کرو جب ایک قوم نے

Marfat.com

چاہا کہ تم پر دست درازی (قتل و ہلاک) کرے تو اس نے ان کے ہاتھ (ان کا شر) تم پر سے روک دیئے اور اللہ سے ڈرو اور مسلمانوں کو اللہ ہی پر بھروسہ چاہئے۔

کفار و یہود کے برے ارادوں کی خبر

اس آیت کریمہ کے چند شان نزول روایت کئے ہیں ایک یہ کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ایک غزوہ میں تھے جب نماز ظہر کا وقت آیا تو لشکر اسلام نے نماز ظہر باجماعت ادا کی کفار کو بعد میں بڑا پچھتاوا ہوا کہ ہم مسلمانوں کو بڑے آرام سے قتل کر سکتے تھے جب یہ سجدے میں گئے تھے اس وقت ان پر ہمیں ہلہ بول دینا چاہئے تھا ہم نے نادر موقعہ گنوا دیا ان میں بعض کفار بولے افسوس نہ کرو ابھی انکی ایک اور نماز آرہی ہے جب یہ لوگ نماز میں ہوں اس وقت ان کا کام تمام کر دینگے چنانچہ اس وقت بذریعہ جبرائیل علیہ السلام نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو کفار کے اس برے ارادے کی خبر دے دی گئی اور نماز خوف کے احکام نازل ہوئے اور مسلمانوں نے اسی کے مطابق نماز ادا فرمائی چنانچہ اسکے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی ایک دوسری روایت کے مطابق جب بئر معونہ کا واقعہ ظہور پزیر ہوا جسمیں کفار ستر صحابہ کو علم دین سیکھنے کا دھوکہ دے کر اپنے ساتھ لے گئے اور ان میں سے ۶۷ کو شہید کر دیا ایک تو راستے ہی میں ایک کافر کو دلال جہنم کر کے خود بھی شہید ہو گئے باقی دو فراز ہو گئے ابھی مدینہ کے راستے ہی میں تھے کہ انھیں دو کافر ملے جنھیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے امن نامہ لکھ کر دیا ہوا تھا ان حضرات صحابہ نے ان کافروں کو قتل کر دیا چنانچہ مقتولین کی قوم نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے دونوں کے قتل کی دیت مانگی چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بنی نضیر (یہود مدینہ) کے محلے میں تشریف لے گئے اور ان سے دین میں مدد مانگی کیونکہ ان سے کئے گئے معاہدے میں یہ شرط بھی تھی کہ ہمارے خطاء قتل کی دیت میں تم مدد کرنا چنانچہ انہوں بظاہر بڑی محبت کا اظہار کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بٹھایا اس دیوار کے اوپر سے ایک بڑا بھاری پتھر نیچے کی طرف پھینکا تا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اسکی ضرب سے شہید ہو جائیں مگر جبریل امین نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اسکی اطلاع دی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم فوراً وہاں سے ہٹ گئے اور لوگوں کی چال ناکام ہو گئی اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی بعض روایات کے مطابق ایک مرتبہ غزوہ بنی غطفان کے موقعہ پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم ایک منزل پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم ایک درخت کے نیچے آرام فرما ہوئے صحابہ کرام جنگل میں متفرق جگہوں پر ٹھہرے ہوئے تھے چنانچہ ایسے میں ایک کافر آیا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تلوار اپنے قبضے میں لی اور سونت کر کھڑا ہو گیا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے چشمان مبارک کھولیں تو وہ کافر کہنے لگا کہ اب آپ کو مجھ سے کون بچائے گا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اللہ یہ سنتے ہی اس کافر کا ہاتھ لرزا اور تلوار چھوٹ کر گر

Marfat.com

پڑی تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس تلوار کو اپنے دست اقدس میں لے لیا اور فرمایا اب بتا تجھے مجھ سے کون بچائے گا وہ بولا کوئی نہیں تب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے چھوڑ دیا اور اس سے بدلہ نہ لیا یہ کرم دیکھ کر وہ مسلمان ہو گیا تب یہ آیت نازل ہوئی۔ (تفسیر روح المعانی، تفسیر روح البیان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ كَثِيْرًا مِّمَّا كُنْتُمْ تُخْفُوْنَ مِنَ الْكِتٰبِ وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ ۬ قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّ كِتٰبٌ مُّبِيْنٌ ۙ﴿۱۵﴾ يَّهْدِيْ بِهِ اللّٰهُ مَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَهٗ سُبُلَ السَّلٰمِ وَيُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ بِاِذْنِهٖ وَيَهْدِيْهِمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۱۶﴾ (پارہ 6۔ سورۃ المائدہ آیت نمبر 16)

ترجمہ کنزالایمان: اے کتاب والو بیشک تمہارے پاس ہمارے یہ رسول تشریف لائے کہ تم پر ظاہر فرماتے ہیں بہت سی وہ چیزیں جو تم نے کتاب میں (لوگوں سے) چھپا ڈالی تھیں اور بہت سی (تمھاری بداعمالیاں) معاف فرماتے ہیں بیشک تمہارے پاس اللہ کی طرف سے ایک نور (محمد عربی) آیا اور روشن کتاب (قرآن) اللہ اس سے ہدایت دیتا ہے اسے جو اللہ کی مرضی پر چلا سلامتی کے ساتھ اور انہیں (کفر و گمراہی کی) اندھیریوں سے (ایمان کی) روشنی کی طرف لے جاتا ہے اپنے حکم سے اور انہیں سیدھی راہ (جنت کی) دکھاتا ہے۔

زانی کی سزا

ایک مرتبہ یہود کی ایک جماعت بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر ہوئی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے رجم کے بارے میں پوچھا کہ زانی کو سنگسار کرنے کے بارے میں آپ کیا کہتے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت فرمایا تم میں بڑا عالم کون ہے تو انہوں نے پورے عرب میں یہود کے بڑے یا پادری اور عالم ابن سوریا کی طرف ارشاد فرمایا کہ اے ابن صوریا تجھے اس ذات کی قسم جس نے موسیٰ علیہ سلام توریت عطا فرمائی اور تجھے قسم ہے اس ذات کی جس نے بنی اسرائیل پر طور اکھیڑا اور تجھے قسم ہے اس ذات کی جس نے بنی اسرائیل کے لئے من وسلویٰ اتارا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ان قسموں سے ابن صوریا لرز گیا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا سچ سچ بتا کہ توریت میں زانی کے لئے رجم کی سزا کا حکم ہے یا نہیں تو ابن صوریا بولا قسم ہے اس رب کی جسکی قسمیں مجھے آپ نے دیں توریت میں رجم کا بہت تاکیدی حکم ہے پھر آپ صلی اللہ علیہ

Marfat.com

وسلم نے ارشاد فرمایا کہ پھر تم لوگوں نے رجم کے حکم کو کیوں چھوڑ دیا وہ کہنے لگا کہ ہماری قوم میں زنا کی کثرت ہوگئی ہے اور بالخصوص یہ جرم بڑے لوگوں میں زیادہ ہے لہٰذا اس برائی کی کثرت ہونے اور قابو سے نکل جانے کے سبب اس کی سزا کو تخفیف کر کے محض سر مونڈنے منہ کالا کرنے سو کوڑے مار دینے کی حد تک محدود کر دیا گیا۔ چنانچہ اس موقعہ پر یہ آیات کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر روح المعانی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ ؕ قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا اِنْ اَرَادَ اَنْ يُّهْلِكَ الْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ؕ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ؕ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ⑰ (پارہ6۔سورۃ المائدہ آیت نمبر 17)

ترجمہ کنزالایمان: بیشک کافر ہوئے وہ جنہوں نے کہا کہ اللہ مسیح بن مریم ہی ہے تم فرما دو پھر اللہ کا کوئی کیا کر سکتا (بگاڑ سکتا) ہے اگر وہ چاہے کہ ہلاک کر دے مسیح بن مریم اور اس کی ماں اور تمام زمین والوں کو اور اللہ ہی کے لیے ہے سلطنت آسمانوں اور زمین اور ان کے درمیان کی جو چاہے پیدا کرتا ہے، اور اللہ سب کچھ کر سکتا ہے۔

نجران کے عیسائیوں کا باطل عقیدہ

نجران کے عیسائیوں یعقوبیہ اور ملکانیہ فرقوں کا یہ عقیدہ تھا کہ اللہ تعالیٰ حضرت عیسیٰ علیہ سلام کی روح میں حلول کر گیا ہے جیسے سورج چاند کی روشنی پھول میں رنگ و بو آگ میں حرارت وغیرہ چنانچہ ان کی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (روح البیان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ وَالنَّصٰرٰى نَحْنُ اَبْنٰٓؤُا اللّٰهِ وَاَحِبَّآؤُهٗ ؕ قُلْ فَلِمَ يُعَذِّبُكُمْ بِذُنُوْبِكُمْ ؕ بَلْ اَنْتُمْ بَشَرٌ مِّمَّنْ خَلَقَ ؕ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ⑱

(پارہ6۔سورۃ المائدہ آیت نمبر 18)

Marfat.com

ترجمہ کنزالایمان: اور یہودی اور نصرانی بولے کہ ہم اللہ کے بیٹے اور اس کے پیارے ہیں تم فرمادو پھر تمہیں کیوں تمہارے گناہوں پر عذاب فرماتا ہے بلکہ تم آدمی ہو اس کی مخلوقات سے جسے چاہے بخشتا ہے اور جسے چاہے سزا دیتا ہے، اور اللہ ہی کے لئے ہے سلطنت آسمانوں اور زمین اور اس کے درمیان کی، اور اسی کی طرف پھرنا (لوٹنا) ہے۔

یہود و نصاریٰ کا باطل گمان

ایک مرتبہ یہود کی ایک جماعت جس میں نعمان بن عاصی بحری ابن عمرو شاش ابن عدی وغیرہ شامل تھے بارگاہ رسالت میں حاضر ہوئی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے انھیں اسلام قبول کرنے کی دعوت دی اور ایمان نہ لانے پر عذاب الٰہی سے ڈرایا تو وہ کہنے لگے کہ ہم تو اللہ کے پیارے ہیں ہمیں عذاب کیوں ہوگا البتہ آپ دوسروں کو عذاب سے ڈرائیں۔ یونہی عیسائی خود کو اللہ کا بیٹا اور اللہ تعالیٰ کو اپنا آسمانی باپ کہتے تھے چنانچہ عیسائی بھی یہی سمجھتے اور کہتے تھے کہ ہمیں اللہ تعالیٰ عذاب دے گا ہی نہیں کیونکہ عیسیٰ علیہ سلام ہمارے گناہوں کے کفارہ کے طور پر سولی پا چکے ہیں۔ چنانچہ انکی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر روح المعانی تفسیر صاوی تفسیر خازن وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ عَلٰى فَتْرَةٍ مِّنَ الرُّسُلِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا جَآءَنَا مِنْۢ بَشِيْرٍ وَّلَا نَذِيْرٍ فَقَدْ جَآءَكُمْ بَشِيْرٌ وَّنَذِيْرٌ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۹﴾ (پارہ 6۔ سورۃ المائدہ آیت نمبر 19)

ترجمہ کنزالایمان: اے کتاب والو! بیشک تمہارے پاس ہمارے یہ رسول تشریف لائے کہ تم پر ہمارے احکام ظاہر فرماتے ہیں بعد اس کے کہ رسولوں کا آنا مدتوں بند رہا تھا (کوئی راہ دکھانے والا نہ تھا) کہ کبھی (قیامت میں تم یہ نہ) کہو کہ ہمارے پاس کوئی خوشی اور ڈر سنانے والا نہ آیا تو یہ خوشی اور ڈر سنانے والے تمہارے پاس تشریف لائے ہیں، اور اللہ کو سب قدرت ہے۔

یہودی راہب مکر گئے

ایک مرتبہ حضرت معاذ بن جبل سعد بن عبادہ عقبہ ابن وھب رضی اللہ عنہ نے دو یہود راہبوں رافع ابن

Marfat.com

حرملہ اور وہب ابن یہودا سے پوچھا کہ زمانہ جاہلیت میں تو تم لوگ ہمیں بنی آخری الزماں صلی اللہ علیہ وسلم کی آمد کی جو بشارتیں سناتے تھے اور ہمیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی صفات سنا سنا کر ہمیں انکا مشتاق بنا دیا تھا اب جب وہ نبی آخری الزماں صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے درمیان تشریف لے آئے اور تمہاری بیان کردہ اوصاف کے مطابق انھیں پا کر ہم ان پر ایمان لے آئے تو تمھیں کیا ہوا کہ ان پر ایمان نہ لائے اللہ سے ڈرو یہ وہی نبی آخری الزماں صلی اللہ علیہ وسلم ہیں جنکی بشارتیں تم سنایا کرتے تھے یہ سن کر وہ دونوں یہودی راہب مگر گئے اور کہنے لگے کہ ہم نے کسی نبی کے آنے کی تمھیں کوئی خبر نہ دی تھی نہ ہی ہماری کتابوں میں نبی آخری الزماں صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق کوئی بشارت موجود ہے سچ تو یہ ہے موسیٰ علیہ سلام پر نبوت کا سلسلہ بند کر دیا۔ چنانچہ انکی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّمَا جَزٰٓؤُا الَّذِیْنَ یُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ وَ یَسْعَوْنَ فِی الْاَرْضِ فَسَادًا اَنْ یُّقَتَّلُوْۤا اَوْ یُصَلَّبُوْۤا اَوْ تُقَطَّعَ اَیْدِیْهِمْ وَ اَرْجُلُهُمْ مِّنْ خِلَافٍ اَوْ یُنْفَوْا مِنَ الْاَرْضِ ؕ ذٰلِكَ لَهُمْ خِزْیٌ فِی الدُّنْیَا وَ لَهُمْ فِی الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِیْمٌ ۙ۝ اِلَّا الَّذِیْنَ تَابُوْا مِنْ قَبْلِ اَنْ تَقْدِرُوْا عَلَیْهِمْ ۚ فَاعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۝

(پارہ 6۔ سورۃ المائدہ آیت نمبر 33-32)

ترجمہ کنزالایمان: وہ کہ اللہ اور اس کے رسول سے لڑتے اور ملک میں فساد کرتے پھرتے ہیں ان کا بدلہ یہی ہے کہ گن گن کر قتل کیے جائیں یا سولی دیے جائیں یا ان کے ایک طرف کے ہاتھ اور دوسری طرف کے پاؤں کاٹے جائیں یا زمین (وطن) سے دور کر دیے جائیں، یہ دنیا میں ان کی رسوائی ہے، اور آخرت میں ان کے لیے بڑا عذاب، مگر وہ جنہوں نے توبہ کر لی اس سے پہلے کہ تم ان پر قابو پاؤ (گرفتار کرو) تو جان لو کہ اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

عہد خلافی

ایک مرتبہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل کتاب سے ایک معاہدہ فرمایا کہ نہ تم ہماری مخالفت کرو گے نہ ہم تمہاری مخالفت کرینگے۔ مگر اہل کتاب نے اس معاہدے کو توڑ دیا اور مسلمانوں کے مال بھی لوٹے اور انھیں قتل بھی کیا تب آیت کریمہ نازل ہوئی جسمیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو مذکورہ سزاؤں میں سے کوئی سزا ان پر

Marfat.com

نافذ کرنے کا اختیار عطا فرمایا گیا۔

ایک روایت کے مطابق ہلال ابن عویمر کی قوم نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے معاہدہ کیا کہ آپکو ہماری طرف سے امن رہے گا اور آپکی طرف سے ہمیں امن رہے گا چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا عہد پورا فرمایا مگر ہلال کی قوم نے معاہدے کو توڑ دیا اور بنی کنانہ کے جو لوگ اسلام قبول کرنے بارگاہ رسالت میں حاضر ہونے کے لئے مدینہ منورہ آرہے تھے انھیں قتل بھی کیا اور انکے مال بھی لوٹ لیئے تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی جس میں عہد شکنی کرنے والوں کو سزا دینے کا حکم ارشاد فرمایا۔ ایک دوسری روایت کے مطابق قبیلہ عرینہ کے کچھ لوگ مدینہ منورہ آکر خود کو مسلمان ظاہر کر کے وہیں رہنے لگے کچھ دن بعد بیمار پڑ گئے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے انھیں حکم فرمایا کہ ہمارے صدقے کے اونٹوں کا دودھ اور پیشاب پیو شفایاب ہو جاؤ گے چنانچہ انہوں نے ایسا ہی کیا مگر جب شفایاب ہو گئے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے چرواہوں کو قتل کر کے اونٹ اپنے ساتھ بھگا کر لے گئے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے پیچھے حضرت یساء رضی اللہ عنہ کو روانہ فرمایا تو ان بدبختوں نے حضرت یسار رضی اللہ عنہ کے ہاتھ اور پاؤں کاٹ کر انھیں شہید کر دیا مگر پھر یہ لوگ بچ نہ سکے اور بہت جلد پکڑے گئے اور گرفتار کر کے خدمت اقدس میں پیش کئے گئے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے ہاتھ پاؤں کٹوا کر اور آنکھیں پھوڑ کر مقام حرہ کے تپتے میدان میں پھنکوا دیا وہ کئی دن تڑپ تڑپ کر وہیں مر گئے اس موقع پر یہ آیت نازل ہوئی۔ (تفسیر کبیر، تفسیر خازن، تفسیر مظہری وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَالسَّارِقُ وَ السَّارِقَةُ فَاقْطَعُوْٓا اَیْدِیَهُمَا جَزَآءًۢ بِمَا كَسَبَا نَكَالًا مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ ﴿۳۸﴾ فَمَنْ تَابَ مِنْۢ بَعْدِ ظُلْمِهٖ وَ اَصْلَحَ فَاِنَّ اللّٰهَ یَتُوْبُ عَلَیْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۳۹﴾ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ یُعَذِّبُ مَنْ یَّشَآءُ وَ یَغْفِرُ لِمَنْ یَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۴۰﴾

(پارہ 6۔ سورۃ المائدہ آیت نمبر 38-40)

ترجمہ کنزالایمان: اور جو مرد یا عورت چور ہو تو ان کا ہاتھ کاٹو ان کے کیے کا بدلہ اللہ کی طرف سے سزا، اور اللہ غالب حکمت والا ہے، تو جو اپنے ظلم کے بعد توبہ کرے اور سنور جائے (نیک اعمال کرے) تو اللہ اپنی مہر (رحمت) سے اس پر رجوع فرمائے گا بیشک اللہ بخشنے

Marfat.com

والا مہربان ہے، کیا تجھے معلوم نہیں کہ اللہ کے لئے ہے آسمانوں اور زمین کی بادشاہی، سزا دیتا ہے جسے چاہے اور بخشتا ہے جسے چاہے، اور اللہ سب کچھ کرسکتا ہے۔

چوری کی تہمت

یہ آیت کریمہ مطعم ابن ابیرق کے متعلق نازل ہوئی جس نے مدینہ منورہ میں ایک گھر سے آٹے کا تھیلا اور زرہ چوری کر کے اس کی تہمت ایک یہودی پر لگادی۔ (تفسیر خازن، تفسیر احمدی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

يٰٓاَيُّهَا الرَّسُوْلُ لَا يَحْزُنْكَ الَّذِيْنَ يُسَارِعُوْنَ فِي الْكُفْرِ مِنَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِاَفْوَاهِهِمْ وَلَمْ تُؤْمِنْ قُلُوْبُهُمْ ۛ وَمِنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا ۛ سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ سَمّٰعُوْنَ لِقَوْمٍ اٰخَرِيْنَ ۙ لَمْ يَاْتُوْكَ ۭ يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ مِنْۢ بَعْدِ مَوَاضِعِهٖ ۚ يَقُوْلُوْنَ اِنْ اُوْتِيْتُمْ هٰذَا فَخُذُوْهُ وَاِنْ لَّمْ تُؤْتَوْهُ فَاحْذَرُوْا ۭ

(پارہ 6۔ سورۃ المائدہ آیت نمبر 41)

ترجمہ کنزالایمان: اے رسول! تمہیں غمگین نہ کریں وہ جو کفر پر (بغیر سوچے سمجھے) دوڑتے ہیں جو کچھ وہ اپنے منہ سے کہتے ہیں ہم ایمان لائے اور ان کے دل مسلمان نہیں اور کچھ یہودی جھوٹ خوب سنتے ہیں اور لوگوں کی خوب سنتے ہیں جو تمہارے پاس حاضر نہ ہوئے اللہ کی باتوں (توریت کی آیات) کو ان کے ٹھکانوں کے بعد (احکام و معنوں کو) بدل دیتے ہیں، کہتے ہیں یہ حکم (ہماری رائے کے مطابق) تمہیں ملے تو مانو اور یہ نہ ملے تو بچو۔

ابن صوریا کا اعتراف

خیبر یا فدک کے یہودیوں میں ایک امیر خاندانی گھرانے کے ایک شادی شدہ جوڑے نے آپس میں زنا کرلیا بحکم توریت ان پر رجم کی سزا جاری ہوتی تھی مگر وہاں کے یہودی پادریوں نے ان دونوں کو اس سزا سے بچانا چاہا انہیں پتہ لگا تھا کہ بمقابلہ توریت کے قرآن مجید کے احکام بہت نرم ہیں اور یہودیت سے آسان دین ہے اس لئے وہاں کے پوپ پادریوں نے خفیہ طور پر ایک جماعت یہود مدینہ قریظہ کے پاس بھیجی اور ان جانے والوں کو سمجھا دیا کہ چونکہ بنی قریظہ ہمارے ہم مذہب ہیں اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہم وطن ہیں اس لئے تم ان کی معرفت حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ عالی میں حاضر ہونا اور یہ مسئلہ دریافت کرو مگر علانیہ

Marfat.com

حاضری نہ دینا بلکہ خفیہ طور پر وہاں جانا اگر وہ سرکار رجم کے سوا کسی اور سزا کا حکم دیں۔ تو یہ سروچشم قبول کر کے اس سزا کا مدینہ منورہ میں بھی اعلان کرنا اور آ کر اپنے وطن خیبر میں بھی خوب دھوم مچاتا تا کہ ہم یہ کہہ سکیں کہ ایک سچے نبی نے یہ ہلکی سزا تجویز فرمائی ہے جن کی نبوت توریت سے ثابت ہے اور اگر وہ رجم کا حکم دیں تو اسے ہرگز قبول نہ کرنا اور چپکے سے واپس آجانا اس جانے آنے کی کسی کو خبر نہ کرنا۔ چنانچہ یہ جماعت مدینہ منورہ حاضر ہوئی نبی قریظہ سے خفیہ طور سے ملی اور ان سے سارا ماجرا بیان کیا۔ چنانچہ ان لوگوں کے ساتھ یہ یہود مدینہ بھی حضور کی خدمت میں آئے جن میں کعب بن اشرف کعب ابن اسد ابن عمرو اور مالک ابن صیف بھی تھے اپنے ساتھ کچھ منافقین کو بھی لے لیا جو بظاہر مسلمان تھے در پردہ کافر اور عرض کیا کہ یارسول اللہ شادی شدہ زانی کی سزا کیا ہے حضور نے فرمایا کیا تم میری تجویز کردہ سزا مانو گے وہ سب یک زبان ہو کر بولے کہ ماننے ہی کے لئے تو یہاں آئے ہیں فرمایا ان کی سزا رجم یعنی سنگسار کرتا ہے وہ بولے ان کی سزا یہ نہیں ہے آپ نے بہت سخت سزا تجویز فرمادی۔ حضور انور نے فرمایا کہ کیا تم اس جوان بے ڈاڑھی والے کانے گورے چٹے عالم کو مانتے ہو جو فدک میں رہتا ہے اور اس کا نام صوریا ہے وہ بولے کہ آج روئے زمین پر اس سے بڑا توریت کا عالم کوئی نہیں فرمایا اسے بلوالو اور اس سے فتویٰ لو ہمارے سامنے چنانچہ فدک سے اسے بلایا گیا (فدک خیبر سے تیس میل جانب تبوک ہے اب وہ جگہ اجڑ چکی ہے) حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے ابن صوریا تجھے قسم ہے اس رب کی جس کے سوا کوئی معبود نہیں جس نے موسیٰ علیہ سلام پر توریت اتاری۔ جس نے فرعون کو غرق کیا جس نے بنی اسرائیل پر من وسلویٰ اتارا سچ بولنا کہ توریت شریف میں شادی شدہ زانی کی سزا رجم ہے یا نہیں ابن صوریا آپ کے فرمان عالی سے کانپ گیا اور بولا کہ بے شک توریت میں ایسے زانی کی سزا جم ہے فرمایا کہ پھر تم نے اس حکم پر عمل کیوں چھوڑ دیا تب اس نے اس کے متعلق بڑا عجیب وغریب قصہ بیان کیا کہ ہمارے ایک بادشاہ کے عزیز نے زنا کرلیا تھا بادشاہ نے ہم لوگوں سے کہا کہ کسی صورت سے میرے اس عزیز کی جان بچالو تم کو اتنا انعام دیا جائے گا تب ہم لوگوں نے بجائے رجم کے منہ کلا کرنا۔ گدھے پر سوار کرنا شہر میں پھرانا کچھ کوڑے مار دینے کی سزا مقرر کرلی۔ اس پر یہودی ابن صوریا کو برا بھلا کہنے لگے اور اس فیصلہ کے انکاری ہو گئے مگر اب یہ معاملہ بہت مشہور ہو چکا تھا چنانچہ ان دونوں زانی وزانیہ کو مسجد نبوی کے سامنے ہی دروازے سے کچھ دور رجم کیا گیا مگر منافقین مدینہ اور وہ خیبر سے آنے والے یہود اس حکم سے ناراض ہی رہے منافقین تو اس سزا پر اعتراض کرنے لگے۔ تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن روح المعانی کبیر روح البیان وغیرہ)

Marfat.com

بروایت ابوداؤد ابن ماجہ عن جابر ابن عبداللہ ان کے شان نزول کے متعلق اور روایات بھی ہیں مگر روایت قومی تر ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فَاِنْ جَآءُوْكَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ اَوْ اَعْرِضْ عَنْهُمْ ۚ وَاِنْ تُعْرِضْ عَنْهُمْ فَلَنْ يَّضُرُّوْكَ شَيْـًٔا ؕ وَاِنْ حَكَمْتَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ﴿۴۲﴾ (پارہ6۔سورۃ المائدہ آیت نمبر 42)

ترجمہ کنزالایمان: تو اگر تمہارے حضور حاضر ہوں (تمھیں اختیار ہے کہ) تو ان میں فیصلہ فرماؤ یا ان سے منہ پھیر لو اور اگر تم ان سے منہ پھیر لو گے تو وہ تمہارا کچھ نہ بگاڑیں گے (ہم آپ کے حافظ و ناصر ہیں) اور اگر ان میں فیصلہ فرماؤ تو انصاف سے فیصلہ کرو، بیشک انصاف والے اللہ کو پسند ہیں۔

دربار رسالت میں مقدمہ

مدینہ منورہ میں یہود کے دو قبیلے آباد تھے بنونضیر جو اونچا مانا جاتا تھا اور بنی قریظہ جو کم تر سمجھا جاتا تھا چنانچہ اسی اونچ نیچ کے فرق کے سبب دستور تھا کہ اگر بنی قریظہ کا کوئی شخص بنونضیر کے کسی شخص کو قتل کر دیتا تو اس مقتول کے وارثوں کو دگنی دیت دیتا اور اگر بنی نضیر کا کوئی شخص بنی قریظہ کے کسی شخص کو قتل کر دیتا تو وہ ایک ہی دیت بلکہ اس سے بھی کم ادا کرتا یہ ظالمانہ طریقہ انکے درمیان عرصے سے رائج تھا۔ پھر جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی مدینہ منورہ تشریف آوری کے بعد بنی قریظہ کے ایک شخص نے بنی نضیر کے ایک شخص کو قتل کر دیا یہودی یادری نے حسب دستور دگنی دیت کا فیصلہ کیا بنی قریظہ نے کہا کہ ہمارا اور انکا ایک ہی دین ہے ایک ہی نسب ہے پھر یہ تفریق کیوں ہم تو اسکا فیصلہ نبی آخری الزماں صلی اللہ علیہ وسلم سے کروائیں گے چنانچہ پھر یہ مقدمہ بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں پیش کیا گیا بنی قریظہ تو خوشی خوشی حاضر ہوئے جبکہ بنی نضیر مجبوراً تب یہ آیت کریمہ فان جاؤك الخ نازل ہوئی۔

(تفسیر خازن، تفسیر ابن کثیر)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ كَتَبْنَا عَلَيْهِمْ فِيْهَآ اَنَّ النَّفْسَ بِالنَّفْسِ ۙ وَالْعَيْنَ بِالْعَيْنِ وَالْاَنْفَ بِالْاَنْفِ وَالْاُذُنَ بِالْاُذُنِ وَالسِّنَّ بِالسِّنِّ ۙ وَالْجُرُوْحَ قِصَاصٌ ؕ فَمَنْ تَصَدَّقَ بِهٖ فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَّهٗ ؕ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝

(پارہ6۔سورۃ المائدہ آیت نمبر 45)

ترجمہ کنزالایمان: اور ہم نے توریت میں ان پر واجب کیا کہ جان کے بدلے جان اور آنکھ کے بدلے آنکھ اور ناک کے بدلے ناک اور کان کے بدلے کان اور دانت کے بدلے دانت اور زخموں میں بدلہ ہے پھر جو دل کی خوشی سے بدلہ (معاف) کرا دے تو وہ اس کا گناہ اتار (مٹا) دے گا اور جو اللہ کے اتارے پر (اسکے مطابق) حکم (نافذ) نہ کرے تو وہی لوگ ظالم ہیں۔

یہود کا ظالمانہ رواج

یہود میں یہ دستور رواج پا گیا تھا کہ اگر کسی عورت کو کوئی مرد قتل کر دیتا تو قاتل کو قتل نہ کیا جاتا چنانچہ اس عمل بد کی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر مدارک)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ اَنِ احْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ وَاحْذَرْهُمْ اَنْ يَّفْتِنُوْكَ عَنْۢ بَعْضِ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَيْكَ ؕ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاعْلَمْ اَنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّصِيْبَهُمْ بِبَعْضِ ذُنُوْبِهِمْ ؕ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ لَفٰسِقُوْنَ ۝

(پارہ6۔سورۃ المائدہ آیت نمبر 49)

ترجمہ کنزالایمان: اور یہ کہ اے مسلمان! اللہ کے اتارے (نازل کردہ احکام) پر حکم (نافذ) کر (کفار) اور ان کی خواہشوں پر نہ چل اور ان سے بچتا رہ کہ کہیں تجھے لغزش نہ دے دیں (حق سے نہ ہٹا دیں) کسی حکم میں جو تیری طرف اترا پھر اگر وہ (حق کے فیصلے سے) منہ پھیریں تو جان لو کہ اللہ ان کے بعض گناہوں کی سزا ان کو پہنچایا چاہتا ہے اور بیشک بہت آدمی بے حکم (نافرمان) ہیں۔

Marfat.com

یہودی یادریوں کی چال

ایک مرتبہ یہود کے کچھ یادری ابن صوریا کعب ابن امیہ وغیرہ نے یہ چال سوچی کہ چلو محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو دھوکہ دے کر کسی طرح انھیں انکے دین سے پھسلا دیں (نعوذ باللہ) چنانچہ وہ بارگاہ رسالت میں حاضر ہوئے اور کہنے لگے کہ اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) آپ جانتے ہیں کہ ہم یہود کے چوٹی کے علماء ہیں لوگ ہماری پیروی کرتے ہیں ہماری عزت کرتے ہیں اگر ہم آپ پر ایمان لے آئیں تو ہماری قوم کی ایک بڑی تعداد بھی آپ پر ایمان لے آئے گی مگر یہ جب ہی ممکن ہے جب آپ ہماری ایک بات مان لیں وہ یہ کہ فلاں قوم سے ہمارا تنازعہ ہے ہم آپ کو اس جھگڑے میں حکم بنا رہے ہیں وہ لوگ بھی آپ کے حکم پر راضی ہو جائینگے بس آپ کو یہ کرنا ہے کہ آپ ہمارے حق میں فیصلہ دے دیں یہ سن کر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فوراً انکار فرما دیا چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی تائید میں یہ آیت نازل ہوئی۔

(تفسیر خازن تفسیر کبیر روح البیان تفسیر روح المعانی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَفَحُكْمَ الْجَاهِلِيَّةِ يَبْغُوْنَ ؕ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ حُكْمًا لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ۝

(پارہ 6۔ سورۃ المائدہ آیت نمبر 50)

ترجمہ کنزالایمان: تو کیا جاہلیت (کے دور) کا حکم چاہتے ہیں اور اللہ سے بہتر کس کا حکم یقین (ایمان) والوں کے لیے۔

دربار رسالت کا فیصلہ

جب بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم میں بنی قریظہ اور بنی نضیر کے قتل کا مقدمہ پیش ہوا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بنی قریظہ اور بنی نضیر دونوں برابر ہیں کسی کو کسی پر فوقیت نہیں خون کا حکم تمام قوموں کے لئے برابر ہے لہٰذا بنی قریظہ کے دو آدمی ایک کے بدلے قتل نہ کئے جائینگے اس فیصلہ پر بنی نضیر راضی نہ ہوئے اور کہنے لگے کہ ہمارا یہ دستور چلا آرہا ہے کہ ہمارے ایک آدمی کے بدلے بنی قریظہ کے دو آدمی قتل کئے جاتے ہیں لہٰذا آپ ہمارے رواج کے مطابق فیصلہ فرمائیں تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر روح المعانی، تفسیر مدارک، تفسیر بیضاوی وغیرہ)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْیَهُوْدَ وَالنَّصٰرٰۤى اَوْلِیَآءَ ۘ بَعْضُهُمْ اَوْلِیَآءُ بَعْضٍ ؕ وَمَنْ یَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاِنَّهٗ مِنْهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا یَهْدِی الْقَوْمَ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۵۱﴾ (پارہ6۔سورۃ المائدہ آیت نمبر 51)

ترجمہ کنزالایمان: اے ایمان والو! یہود و نصاریٰ کو دوست نہ بناؤ وہ آپس میں ایک دوسرے کے دوست ہیں اور تم میں جو کوئی ان سے دوستی رکھے گا تو وہ انہیں میں سے ہے بیشک اللہ بے انصافوں کو (ہدایت کی) راہ نہیں دیتا۔

یہود و نصاریٰ سے دوستی کی ممانعت

روایت میں آیا کہ ایک مرتبہ حضرت عبادہ ابن صامت رضی اللہ عنہ بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم میں عرض گزار ہوئے کہ یارسول اللہ قبل از اسلام میری یہود کی ایک دولت مند اور جاہ وقسمت والی جماعت سے گہرے اور تعلقات تھے پھر جب میں نے اسلام کی دولت پالی تو ان سب کو چھوڑ ادیا اور اللہ اور اسکے رسول کی محبت پر ان کی محبت کو قربان کر دیا۔ وہاں عبداللہ بن ابی سلول منافق بھی موجود تھا وہ بولا کہ میں نے تو اپنے تعلق ختم نہیں کئے کیونکہ موجودہ حالات میں ضرورت اسی بات کی ہے کہ سب سے تعلقات رکھے جائیں تا کہ برے وقت میں ان سے مدد لی جاسکے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ یہود سے تو تو ہی محبت کر سکتا ہے عبادہ نہیں اس پر وہ بولا کہ ہاں انکی محبت پر راضی ہوں اس موقعہ پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی ایک دوسری روایت کے مطابق غزوہ خندق کے بعد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بنی قریظہ کا محاصرہ فرمایا تو انکے پاس حضرت ابولبابہ رضی اللہ عنہ کو کسی کام سے روانہ کیا جب یہ وہاں پہنچے تو نبی قریظہ نے ان سے پوچھا کہ اگر ہم خود کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے کر دیں تو پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے ساتھ کیا معاملہ فرمائیں گے تو ابولبابہ رضی اللہ عنہ سے اپنے حلق پر انگلی پھیر کر اشارہ فرمایا یعنی قتل کر دیئے جاؤ گے مگر پھر فوراً ہی شرمندہ ہوئے کہ یہ تو میں نے خیانت کر دی اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے راز کو فاش کر دیا تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ ایک اور روایت میں آیا کہ غزوہ احد میں جب مسلمانوں میں افراتفری پھیل گئی تو بعض ضعفہ مومنین خدشات میں مبتلا ہو کر کہنے لگے کہ ہم فلاں فلاں یہودی سے امان لے لیتے ہیں بعض کہنے لگے ہم فلاں فلاں عیسائی کی امن لے لیتے ہیں کہیں اس افراتفری میں دشمن ہم پر ٹوٹ نہ پڑے چنانچہ یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن تفسیر روح المعانی تفسیر کبیر)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّمَا وَلِیُّکُمُ اللّٰہُ وَ رَسُوْلُہٗ وَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوا الَّذِیْنَ یُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوۃَ وَ یُؤْتُوْنَ الزَّکٰوۃَ وَ ھُمْ رٰکِعُوْنَ ﴿۵۵﴾ وَ مَنْ یَّتَوَلَّ اللّٰہَ وَ رَسُوْلَہٗ وَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا فَاِنَّ حِزْبَ اللّٰہِ ھُمُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿۵۶﴾ ع (پارہ6۔سورۃ المائدہ آیت نمبر 55-56)

ترجمہ کنزالایمان: (کفار) تمہارے دوست نہیں (ہاں) مگر اللہ اور اس کا رسول اور ایمان والے کہ نماز قائم کرتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور اللہ کے حضور (اطاعت سے) جھکے ہوئے ہیں اور جو اللہ اور اس کے رسول اور مسلمانوں کو اپنا دوست بنائے تو بیشک اللہ ہی کا گروہ غالب ہے۔

مسلمانوں سے دوستی ومحبت کا حکم

روایت میں آیا کہ ایک مرتبہ حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ بارگاہ رسالت میں عرض کی کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم مسلمان ہو گئے مگر ہمارے اسلام قبول کرنے کے سبب ہماری قوم بنی قریظہ و بنی نضیر نے ہم سے قطع تعلق کرلیا ہے اور آپس میں قسمیں کھا کر یہ طے کرلیا ہے کہ ہم سے کسی قسم کا کوئی تعلق نہ رکھیں گے اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی جسے سن کر حضرت عبداللہ بن سلام نے فرمایا کہ ہم اللہ کے رب ہونے، محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اللہ کے نبی ہونے اور مسلمانوں کے دوست ہونے پر راضی ہیں۔ایک روایت میں آیا کہ جب حضرت عبادہ ابن صامت رضی اللہ عنہ نے اپنے یہود حلیف بنی قریظہ و بنی نضیر کے متعلق یہی شکایت کی انہوں نے ہم سے قطع تعلق کرلیا ہے تو یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان، تفسیر خازن وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الَّذِیْنَ اتَّخَذُوْا دِیْنَكُمْ هُزُوًا وَّ لَعِبًا مِّنَ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَ الْكُفَّارَ اَوْلِیَآءَ ۚ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ﴿۵۷﴾

(پارہ6۔سورۃ المائدہ آیت نمبر 57)

ترجمہ کنزالایمان: اے ایمان والو! جنہوں نے تمہارے دین کو ہنسی کھیل (مذاق) بنالیا ہے وہ جو تم سے پہلے کتاب دیے گئے اور کافران میں کسی کو اپنا دوست نہ بناؤ اور اللہ سے ڈرتے رہو اگر ایمان رکھتے ہو۔

Marfat.com

بظاہر مسلمان درحقیقت کافر

روایت کے مطابق رفاع ابن زید اور سوید ابن حارث جو بظاہر تو مسلمان ہو گئے تھے مگر درحقیقت دل میں کافر تھے یہ دونوں بہت چرب زبان شیریں گفتار اودلفریب لچھے دار باتیں بناتے میں ماہر تھے مسلمان انکے نفاق سے واقف تھے مگر پھر بھی سادہ لوح مسلمان ان سے محبت کرتے ان سے دوستی اور رشتہ اور تعلقات قائم کئے ہوئے تھے چنانچہ انکی فہمائش کے لئے یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر خازن، تفسیر روح المعانی، تفسیر کبیر)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ اِذَا نَادَیْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ اتَّخَذُوْهَا هُزُوًا وَّ لَعِبًا ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا یَعْقِلُوْنَ

(پارہ 6۔ سورۃ المائدہ آیت نمبر 58)

ترجمہ کنزالایمان: اور جب تم نماز کے لئے اذان دو تو اسے ہنسی کھیل بناتے (مذاق اڑاتے) ہیں یہ اس لئے کہ وہ نرے بے عقل لوگ ہیں۔

اذان ونماز کا مذاق

روایت میں ہے کہ جب مؤذن رسول صلی اللہ علیہ وسلم ازان دیتے اور مسلمان نماز کے لئے مسجد نبوی کی طرف جانے لگتے تو بعض یہودی کہتے کہ یہ لوگ نماز کے لئے اٹھ کھڑے ہوئے اللہ کرے یہ اٹھنے کے لائق ہی نہ رہیں۔ پھر جب مسلمان رکوع اور سجدہ کرتے تو یہود مذاق اڑاتے ہوئے بکواس کرتے کہ دیکھو انکی حالت کہ سر نیچے اور چوتڑ اونچے کیئے پڑے ہیں چنانچہ یہ آیات کریمہ نازل ہوئی۔ ایک دوسری روایت کے مطابق مدینہ منورہ میں ایک عیسائی تھا جب بھی مؤذن اشھدان محمد رسول صلی اللہ علیہ وسلم کہتا تو وہ کہتا کہ جھوٹا۔ اللہ کرے جل جائے پھر یہ ہوا کہ ایک شب اس عیسائی کا خادم رات کو گھر کی آگ بجھانے بھول گیا سب گھر والے سو گئے اچانک چنگاری اڑی اور گھر میں آگ لگ گئی سارے گھر والے اور وہ خود بھی جل کر راکھ ہو گیا اس موقعہ پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ بعض کے مطابق مدینہ کے یہود دو منافقین جب ازان کی آواز سنتے تو حسد کی آگ میں جلنے لگتا ایک دن یہ لوگ بارگاہ رسالت میں حاضر ہو کر کہنے لگے کہ آپ نے جو یہ ازان ایجاد کی ہے یہ کسی بھی سابقہ دین میں رائج نہ تھی آپ دعویٰ تو نبوت کا کرتے ہیں اور سارے نبیوں کی مخالفت بھی کرتے ہیں کہ کسی نبی نے اسے رائج نہیں کیا اور یہ ازان تو اونٹ کی آواز مرغے کی سی بانگ بہت

Marfat.com

بڑی معلوم ہوتی ہے چنانچہ انکی اس بکواس کی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر خازن، تفسیر کبیر، تفسیر روح المعانی وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ هَلْ تَنْقِمُوْنَ مِنَّآ اِلَّآ اَنْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَ مَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلُ ۙ وَ اَنَّ اَكْثَرَكُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿۵۹﴾ قُلْ هَلْ اُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ مِّنْ ذٰلِكَ مَثُوْبَةً عِنْدَ اللّٰهِ ؕ مَنْ لَّعَنَهُ اللّٰهُ وَ غَضِبَ عَلَيْهِ وَ جَعَلَ مِنْهُمُ الْقِرَدَةَ وَالْخَنَازِيْرَ وَعَبَدَ الطَّاغُوْتَ ؕ اُولٰٓئِكَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّاَضَلُّ عَنْ سَوَآءِ السَّبِيْلِ ﴿۶۰﴾ (پارہ6۔سورۃ المائدہ آیت نمبر 59-60)

ترجمہ کنزالایمان: تم فرماؤ: اے کتابیوں تمہیں ہمارا کیا برا لگا یہی نہ کہ ہم ایمان لائے اللہ پر اور اس پر جو ہماری طرف اترا اور اس پر جو پہلے اترا اور یہ کہ تم میں اکثر بے حکم (نافرمان) ہیں، تم فرماؤ کیا میں بتادوں جو اللہ کے یہاں اس سے بدتر درجہ میں ہیں وہ جن پر اللہ نے لعنت کی اور ان پر غضب فرمایا اور ان میں سے کردیے بندر اور سور اور شیطان کے پجاری ان کا ٹھکانا زیادہ برا ہے اور یہ سیدھی (ہدایت کی) راہ سے زیادہ بہکے، (دور ہو گئے)۔

یہود کا انکار

ایک مرتبہ بارگاہ رسالت میں یہود کی ایک جماعت جن میں ابو یاسر ابن اخطب رافع ابن ابی عازورا وغیرہ یہود پادری شامل تھے حاضر ہو کر عرض گزار ہوئے کہ آپ کن کن نبیوں پر ایمان لاتے ہیں اور لوگوں کو ایمان لانے کی تعلیم دیتے ہیں تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابراہیم و اسمٰعیل اسحٰق و یعقوب حضرت موسیٰ و عیسیٰ علیہم السلام کے نام گنائے تو یہودی حضرت عیسیٰ علیہ سلام کے نام سن کر جلن و حسد میں مبتلا ہو گئے اور جل کر بولے کہ آپکے دین سے بدتر کوئی دین نہیں یہ تو شر پر مبنی ہے ہم ہرگز عیسیٰ علیہ سلام پر ایمان نہ لائینگے اور نہ ہی ان باتوں کو مانیں گے جو عیسیٰ علیہ سلام نے ماننے کا حکم دیا تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر کبیر تفسیر خازن تفسیر روح المعانی تفسیر خازن وغیرہ)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ اِذَا جَآءُوْكُمْ قَالُوْۤا اٰمَنَّا وَ قَدْ دَّخَلُوْا بِالْكُفْرِ وَ هُمْ قَدْ خَرَجُوْا بِهٖ ؕ وَ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا كَانُوْا يَكْتُمُوْنَ ﴿۶۱﴾ وَ تَرٰى كَثِيْرًا مِّنْهُمْ يُسَارِعُوْنَ فِى الْاِثْمِ وَ الْعُدْوَانِ وَ اَكْلِهِمُ السُّحْتَ ؕ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۶۲﴾ لَوْ لَا يَنْهٰهُمُ الرَّبّٰنِيُّوْنَ وَ الْاَحْبَارُ عَنْ قَوْلِهِمُ الْاِثْمَ وَ اَكْلِهِمُ السُّحْتَ ؕ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ﴿۶۳﴾

(پارہ6۔سورۃ المائدہ آیت نمبر 61-63)

ترجمہ کنزالایمان: اور جب تمہارے پاس آئیں تو کہتے ہیں ہم مسلمان ہیں اور وہ آتے وقت بھی کافر تھے اور جاتے وقت بھی کافر، اور اللہ خوب جانتا ہے جو (اپنی منافقت) چھپا رہے ہیں اور ان میں تم بہتوں (منافقین) کو دیکھو گے کہ گناہ اور زیادتی اور حرام خوری پر دوڑتے ہیں بیشک بہت ہی برے کام کرتے ہیں، انہیں کیوں نہیں منع کرتے ان کے پادری اور درویش گناہ کی بات کہنے اور حرام کھانے سے، بیشک بہت ہی برے کام کر رہے ہیں۔

یہود کی منافقت

ایک مرتبہ چند یہودی بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر ہو کر کہنے لگے کہ ہم آپ پر بھی ایمان لائے اور آپکے دین پر بھی اسلام واقعی بہترین دین ہے جو مگر درحقیقت دل سے کافر تھے یعنی منافقت سے یہ چکنی چپڑی باتیں کیں انکے متعلق یہ آیات کریمہ نازل ہوئیں جن میں انکی بدباطنی ومنافقت کا پردہ چاک فرمایا گیا۔ (تفسیر نعیمی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ قَالَتِ الْيَهُوْدُ يَدُ اللّٰهِ مَغْلُوْلَةٌ ؕ غُلَّتْ اَيْدِيْهِمْ وَ لُعِنُوْا بِمَا قَالُوْا ۘ بَلْ يَدٰهُ مَبْسُوْطَتٰنِ ۙ يُنْفِقُ كَيْفَ يَشَآءُ ؕ وَ لَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَّاۤ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّ كُفْرًا ؕ وَ اَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَ الْبَغْضَآءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ؕ كُلَّمَاۤ اَوْقَدُوْا نَارًا لِّلْحَرْبِ اَطْفَاَهَا اللّٰهُ ۙ وَ يَسْعَوْنَ فِى الْاَرْضِ فَسَادًا ؕ وَ اللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۶۴﴾ (پارہ6۔سورۃ المائدہ آیت نمبر 64)

ترجمہ کنزالایمان: اور یہودی بولے اللہ کا ہاتھ بندھا ہوا ہے (وہ بخیل یا تنگ دست

Marfat.com

ہے بلکہ)ان (بدبختوں) کے ہاتھ باندھے جائیں اوران پراس (بیہودہ بات) کہنے سے لعنت ہے بلکہ اس (اللہ) کے ہاتھ کشادہ ہیں (ہرایک کو) عطا فرماتا ہے جیسے چاہے اوراے محبوب! یہ جوتمہاری طرف تمہارے رب کے پاس سے اترا اس سے ان میں بہتوں کوشرارت اور کفر میں ترقی ہوگی (کفروسرکشی بڑھے گی)اوران میں ہم نے قیامت تک آپس میں دشمنی اور بیر (بغض) ڈال دیا جب کبھی لڑائی کی آگ بھڑکاتے ہیں اللہ اسے بجھادیتا (ناکام بنادیتا) ہے اور زمین میں فساد (پھیلانے) کے لیے دوڑتے پھرتے ہیں، اوراللہ فسادیوں کونہیں چاہتا۔

گستاخانہ کلمات

قحاص ابن عازورا یہودی بڑا مالدار شخص تھا مگر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی عداوت رکھنے کے سبب اللہ کے قہروغضب میں مبتلا ہوگیا اورایک دم بدحال ہوگیا ایک دن اپنے ساتھیوں میں بیٹھا کہنے لگا کہ اللہ کے ہاتھ بندھ گئے یعنی نعوذ باللہ وہ بخیل ہوگیا ہے اسکی تردید میں یہ آیات کریمہ نازل ہوئی ایک دوسری روایت کے مطابق جب یہ آیت من ذالذی یقرض اللہ قرضا حسنا نازل ہوئی تو بعض یہود کہنے لگے کہ اللہ کے ہاتھ بندھ گئے ہیں یعنی (نعوذ باللہ) وہ فقیر ہوگیا ہے کہ اسے قرض کی ضرورت پیش آگئی تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی بعض کے مطابق پہلے عام طور پر صحابہ کرام فقیر ومسکین تھے تو یہود ان کا مذاق اڑاتے تھے اور کہتے پھرتے تھے کہ مسلمانوں کا خدا تو کنجوس بخیل ہے جو اپنے پیاروں پر بھی خرچ نہیں کرتا تب انکی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن تفسیر کبیر تفسیر روح المعانی تفسیر روح البیان وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

يٰٓاَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ؕ وَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسٰلَتَهٗ ؕ وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٦٧﴾

(پارہ6۔سورۃ المائدہ آیت نمبر 67)

ترجمہ کنزالایمان: اے رسول پہنچادو جو کچھ اترا تمہیں تمہارے رب کی طرف سے اوراگر ایسا نہ ہو (کہ ایک حکمِ شرعی پہنچایا) تو (گویا) تم نے اس کا کوئی پیام نہ پہنچایا اوراللہ تمہاری نگہبانی کرے گا لوگوں سے بیشک اللہ کافروں کوراہ نہیں دیتا۔

Marfat.com

حفاظت کی ذمہ داری

جب یہود مدینہ نے اسلام کو پھلتے پھولتے اور نبی آخرالزماں صلی اللہ علیہ وسلم کی روز افزوں ترقی کو دیکھا حسد وجلن میں مبتلا ہو گئے اور بعض ضعفا مومنین یا منافقین کے ذریعے یہ خبر پہنچائی کہ ہم یہودی بڑے مالدار عظیم طاقت وقوت والے ہیں آپ نے تبلیغ اسلام جاری رکھی پھر ہم آپکو قتل کر دینگے یا کرا دینگے اور اگر تبلیغ اسلام سے رک گئے تو ہم نہ صرف آپکی عزت واحترام کرینگے بلکہ آپ پر اپنا مال بھی خرچ کرینگے چنانچہ جب یہ خبر پھیلی تو تقریباً ایک سو صحابہ کرام نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی حفاظت کے لئے مامور ہوئے جو سفر وحضر میں آپ کے ساتھ ساتھ ہوتے چنانچہ اس موقعہ پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی جس میں رب تعالیٰ نے اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کی حفاظت کی ذمہ داری اپنے ذمہ کرم پر لینے کی خبر دی۔ (تفسیر روح البیان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لَسْتُمْ عَلٰى شَيْءٍ حَتّٰى تُقِيْمُوا التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ وَلَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَّآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ۚ فَلَا تَاْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۶۸﴾ (پارہ6۔سورۃ المائدہ آیت نمبر 68)

ترجمہ کنزالایمان: تم فرمادو، اے کتابیو! تم (اللہ کے نزدیک) کچھ بھی (عزت والے) نہیں ہو جب تک نہ قائم کرو توریت اور انجیل اور جو کچھ تمہاری طرف تمہارے رب کے پاس سے اترا اور بیشک اے محبوب! وہ جو تمہاری طرف تمہارے رب کے پاس سے اترا اس میں بہتوں کو شرارت اور کفر کی اور ترقی ہوگی (کفر وسرکشی بڑھے گی) تو تم کافروں کا کچھ غم نہ کھاؤ۔

دین سے بیزاری ولاتعلقی

ایک مرتبہ یہودیوں کی ایک جماعت جس میں رافع ابن حارث مالک ابن صیف رافع ابن حرملہ وغیرہ شامل تھے بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر ہوئے اور کہنے لگے کہ آپ دعوی تو یہ کرتے ہیں کہ آپ دین ابراہیمی پر ہیں اور ہمارے دین ہماری کتب اور ہمارے نبیوں پر ایمان رکھتے ہیں تو وہ سب حق ہیں تو ہم بھی دین ابراہیمی پر ہوئے اور آپ اور ہم ایک ہی ہوئے پھر کیا وجہ ہے کہ آپ ہماری مخالفت کرتے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیونکہ تم خود اپنی کتابوں اور اپنے دین کے احکام کے انکاری ہو گئے اور اپنی طرف سے اپنے دین میں نئی نئی باتیں ایجاد کر لی ہیں جن چیزوں کو لوگوں پر ظاہر کرنے کا تمھیں حکم دیا گیا تھا وہ تم نے

Marfat.com

لوگوں سے پوشیدہ رکھیں تو ہم تمہارے اس دین سے بیزار ہیں اور تمہارے دین سے ہمارا کوئی تعلق نہیں اس پر یہودی بولے کہ ہم بھی آپکے دین سے بیزار اور لاتعلق ہیں کیونکہ ہم حق پر ہیں چنانچہ اس موقعہ پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی تائید اور یہود کی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن، تفسیر روح المعانی تفسیر کبیر وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ ؕ وَقَالَ الْمَسِيْحُ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّيْ وَ رَبَّكُمْ ؕ اِنَّهٗ مَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ وَمَاْوٰىهُ النَّارُ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ﴿۷۲﴾

(پارہ6۔سورۃ المائدہ آیت نمبر 72)

ترجمہ کنزالایمان: بیشک کافر ہیں وہ جو کہتے ہیں کہ اللہ وہی مسیح مریم کا بیٹا ہے اور مسیح نے تو یہ کہا تھا، اے بنی اسرائیل اللہ کی بندگی (عبادت) کرو جو میرا رب اور تمہارا رب، بیشک جو اللہ کا شریک ٹھہرائے تو اللہ نے اس پر جنت حرام کردی اور اس کا ٹھکانا دوزخ ہے اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں۔

نجران کے عیسائیوں کا جھوٹا عقیدہ

ایک مرتبہ نجران کے عیسائیوں کے سردار عاقب اور اسکے متبعین کہنے لگے کہ حضرت عیسیٰ علیہ سلام ہی خدا ہیں خدا ہی مریم کے پیٹ سے جنا گیا اور خدا ہی حضرت عیسیٰ علیہ سلام میں حلول کر گیا ہے چنانچہ انکی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر روح البیان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لُعِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْۢ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ عَلٰى لِسَانِ دَاوٗدَ وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ ؕ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّ كَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ﴿۷۸﴾ كَانُوْا لَا يَتَنَاهَوْنَ عَنْ مُّنْكَرٍ فَعَلُوْهُ ؕ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿۷۹﴾ (پارہ6۔سورۃ المائدہ آیت نمبر 78-79)

ترجمہ کنزالایمان: لعنت کیے گئے وہ جنہوں نے کفر کیا بنی اسرائیل میں داؤد اور عیسیٰ بن مریم کی زبان پر یہ بدلہ ان کی نافرمانی اور سرکشی کا، جو بری بات کرتے آپس میں ایک

Marfat.com

دوسرے کو نہ روکتے ضرور بہت ہی برے کام کرتے تھے۔

یہود و نصاریٰ کا جھوٹا فخر

دورِ رسالت میں اہل کتاب اپنے اولاد انبیاء ہونے پر بڑا فخر کرتے پھرتے تھے اور اسی گھمنڈ میں مبتلا ہو کر بڑی بڑی برائیوں اور بدکاریوں میں مبتلا تھے اور اپنی ان بداعمالیوں پر پردہ ڈالنے کے لئے اپنے اولاد انبیاء ہونے کو آڑ بنایا چنانچہ انکی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن و تفسیر کبیر)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لَتَجِدَنَّ اَشَدَّ النَّاسِ عَدَاوَةً لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا الْيَهُوْدَ وَالَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا ۚ وَلَتَجِدَنَّ اَقْرَبَهُمْ مَّوَدَّةً لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّا نَصٰرٰى ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّ مِنْهُمْ قِسِّيْسِيْنَ وَرُهْبَانًا وَّاَنَّهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۸۲﴾

(پارہ 6۔ سورۃ المائدہ آیت نمبر 82)

ترجمہ کنزالایمان: ضرور تم مسلمانوں کا سب سے بڑھ کر دشمن یہودیوں اور مشرکوں کو پاؤ گے۔ اور ضرور تم مسلمانوں کی دوستی میں سب سے زیادہ قریب ان کو پاؤ گے جو کہتے تھے ہم نصاریٰ ہیں یہ اس لیے کہ ان میں عالم اور درویش ہیں اور یہ غرور نہیں کرتے۔

نجاشی بادشاہ کا قبولِ اسلام

اعلان نبوت کے پانچویں سال مشرکین مکہ کے ظلم مسلمانوں پر بہت ہی زیادہ ہو گئے اور ابھی تک جہاد کا حکم نہیں آیا تھا۔ مسلمانوں کی حفاظت کا کوئی ذریعہ نہ تھا اس لئے حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمانوں کو حبشہ کی طرف ہجرت کر جانے کا مشورہ دیا اور فرمایا کہ وہاں کا بادشاہ نیک آدمی ہے نہ کسی کو ستاتا ہے نہ اس کے ملک میں کوئی ستایا جاتا ہے۔ چنانچہ ماہ رجب پانچویں سال نبوت کو گیارہ مرد چار عورتوں کا مختصر سا مہاجرین کا قافلہ مکہ معظّمہ سے حبشہ روانہ ہوا گیارہ مرد ہیں۔

(1) عثمان ابن عفان (2) زبیر ابن عوام (3) عبداللہ ابن مسعود
(4) عبدالرحمن بن عوف (5) ابوحذیفہ ابن عقبہ (6) مصعب ابن عمیر
(7) ابوسلمہ ابن عبدالاسد (8) عثمان ابن مطعون (9) عامر ابن ربیعہ
(10) حاطب ابن عمرو

Marfat.com

(11) سہیل ابن بیضاء اور چار عورتیں یہ ہیں:

(1) رقیہ بن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یعنی زوجہ عثمان ابن عفان۔

(2) مومن بنت سہیل یعنی ابوحذیفہ کی زوجہ۔

(3) ام سلمہ بنت امیہ یعنی ابوسلمہ کی زوجہ جو بعد میں حضور کے نکاح میں آئیں۔

(4) لیلہ ابی خسیمہ یعنی عامر ابن ربیعہ کی زوجہ پندرہ مہاجرین کا یہ قافلہ براستہ سمندر حبشہ روانہ ہوا انہوں نے آدھے دینار میں کشتی کرایہ پر لی اور بخیریت حبشہ پہنچ گئے۔ اس ہجرت کا نام ہجرت اولیٰ ہے اور ان حضرات کو مہاجرین اولین کہا جاتا ہے پھر جعفر ابن ابی طالب اور دوسرے مسلمان وہاں جاتے رہے۔ حتیٰ کہ وہاں صرف مرد بیاسی پہنچ گئے۔ عورتیں بچے ان کے علاوہ تھے ایک سال کے بعد یعنی نبوت کے چھٹے سال جب کفار مکہ کو پتہ لگا کہ یہ مسلمان تو حبشہ میں امان سے رہنے سہنے لگے تو انہوں نے عمرو ابن عاص اور عبداللہ ابن ربیعہ کو ایک جماعت کے ساتھ بہت سے تحفے تحائف لے کر بادشاہ حبشہ (جس کا نام اصحمہ یا صحمہ تھا لقب نجاشی اس زمانہ میں شاہ حبشہ کو نجاشی کہا جاتا تھا۔ جیسے شاروم کو قیصر اور شاہ فارس کو کسریٰ) کے پاس بھیجا۔ انہوں نے دربار نجاشی میں باریابی حاصل کر لی اور نجاشی کو تحفے پیش کر کے کہا کہ ہمارے مکہ میں ایک دیوانہ نے دعویٰ نبوت کیا ہے (نعوذ باللہ) کچھ لوگ اس کے ساتھ لگ کر بہت فساد پھیلا رہے ہیں۔ ان میں بعض فسادی تیرے ملک میں فساد پھیلانے کے لئے آ گئے ہیں جو تیری دین تیرے نبی عیسیٰ علیہ اسلام کے بھی دشمن ہیں بہتر ہے کہ تو انہیں ہمارے حوالے کر دے تا کہ تیرا ملک فساد سے محفوظ رہے۔ بادشاہ نے کہا کہ میں ان لوگوں کے بیان لینے کے بعد فیصلہ کروں گا۔ چنانچہ یہ مہاجرین شاہی دربار میں بلائے گئے ان حضرات نے دربار میں پہنچ کر باشاہ کو سجدہ نہ کیا بلکہ اسلامی سلام کیا قریشی وفد نے بادشاہ سے کہا کہ کیا آپ نے نہ دیکھا کہ یہ لوگ آپ کے آگے نہ جھکے ایسے متکبر ہیں۔ نجاشی نے ان حضرات سے پوچھا کہ تم نے ہم کو یہ سلام کونسا کیا انہوں نے جواب دیا کہ وہ سلام کیا جو اہل جنت آپس میں کیا کریں گے۔ اور جو فرشتے ایک دوسرے کو کرتے ہیں نجاشی نے پوچھا کہ تم ہمارے عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق کیا کہتے ہو۔ مہاجرین نے کہا کہ وہ اللہ کے بندے اللہ کے رسول کلمۃ اللہ اور جناب مریم کنواری بتول کے فرزند ہیں۔ نجاشی نے زمین سے تنکا اٹھا کر کہا کہ تمہارے نبی نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تعلیم میں تنکے کے برابر بھی کمی زیادتی نہ کی وفد قریش کے منہ تو یہ سن کر ہی زرد پڑ گئے پھر نجاشی نے ان مسلمانوں سے کہا کہ کیا تمہارے قرآن نے ہمارے عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق

Marfat.com

کچھ فرمایا ہے تو حضرت جعفر طیار نے کھڑے ہوکر سورہ مریم کی تلاوت کی بھلا اللہ کا کلام ہو اہل بیت رسول اللہ کی زبان ہو پھر تاثیر کا کیا پوچھنا خود نجاشی اور اس کے درباری راہبین غرضیکہ تمام حاضرین زار وزار رونے لگے ان کی آنکھوں سے آنسوؤں کی جھڑیاں لگ گئیں۔ نجاشی بادشاہ اسی وقت ایمان لے آئے۔ عمرو ابن عاص جو وفد قریش کے رئیس تھے وہ نجاشی کے ہاتھ پر مسلمان ہو گئے ایک معمہ پوچھا جاتا ہے کہ بتاؤ کون تابعی ہے جس کے ہاتھ پر صحابی مسلمان ہوئے وہ تابعی نجاشی ہیں جن کے ہاتھ پر عمرو ابن عاص صحابی ایمان لائے۔ (تفسیر صاوی) پھر نجاشی نے مسلمانوں سے کہا کہ تم میرے ملک میں چین و آرام اور امن و امان سے رہو ادھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ منورہ ہجرت فرمائی۔ اتفاقاً مہاجرین حبشہ میں ابوسفیان کی بیٹی ام حبیبہ یعنی رملہ بنت ابوسفیان ابن صخر ابن حرب جن کی والدہ حضرت عثمان غنی کی پھوپھی صفیہ بن عاص ہیں۔ یہ بھی تھیں۔ نجاشی بادشاہ نے حبشہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا نکاح ام حبیبہ سے کرادیا اور اپنے پاس سے چار سو دینار چار لاکھ درہم ادا کر دیئے۔ (اکمال) حبشہ کے لوگوں نے بہت کچھ سامان عطر تیل وغیرہ بطور جہیز جناب ام حبیبہ کی خدمت میں پیش کئے ام حبیبہ کے پہلے خاوند کا حبشہ میں ہی انتقال ہو چکا تھا۔ (تفسیر صاوی) فتح خیبر کے سال یعنی ۶ ہجری میں یہ مہاجرین حبشہ سے ہجرت کر کے مدینہ منورہ پہنچے اتفاقاً حضرت جعفر خاص فتح خیبر کے دن پہنچے حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا میں نہیں کہہ سکتا کہ آج مجھے فتح خیبر کی زیادہ خوشی ہے یا جعفر کے آنے کی۔ حضرت جعفر کے ساتھ یا ان کے فوراً بعد ہی حبشہ کے عیسائی حضور انور کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ جن میں سے باسٹھ حبشی تھے اور آٹھ شامی حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں سورہ یٰس پڑھ کر سنائی یہ لوگ سن کر بہت روئے اور بولے کہ یہ کلام حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی وحی کے بالکل مطابق ہے ان لوگوں کے متعلق یہ آیات نازل ہوئیں۔ یعنی مومنین دربار نجاشی اور مومنین وفد۔

(تفسیر خازن خزائن تفسیر صاوی وغیرہ)

تفسیر صاوی و خازن نے بہت طویل واقعہ بیان کیا ہے ہم نے مختصراً نقل کیا۔

Marfat.com

ساتواں پارہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ اِذَا سَمِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَى الرَّسُوْلِ تَرٰۤى اَعْيُنَهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ مِمَّا عَرَفُوْا مِنَ الْحَقِّ ۚ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَاۤ اٰمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۸۳﴾

(پارہ 7۔سورۃ المائدہ آیت نمبر 83)

ترجمہ کنزالایمان: اور جب سنتے ہیں وہ جو رسول کی طرف اترا تو ان کی آنکھیں دیکھو کہ آنسوؤں سے ابل رہی (زاروقطار رو رہے) ہیں اس لیے کہ وہ حق (اسلام) کو پہچان گئے، کہتے ہیں اے رب ہمارے! ہم ایمان لائے تو ہمیں حق (اسلام کی صداقت) کے گواہوں میں لکھ لے (شامل فرما)۔

نجاشی بادشاہ اور درباریوں کی تعریف

جب مسلمان مہاجرین حبشہ کے بادشاہ نجاشی کے دربار میں بلائے گئے تو وہاں حبشی عیسائی اور مشرکین مکہ بھی موجود تھے۔تو نجاشی بادشاہ نے مسلمان مہاجرین کے امیر حضرت جعفر بن ابی طالب سے پوچھا کہ کیا تمہارے قرآن میں ہماری حضرت بی بی مریم کا بھی کوئی تذکرہ ہے؟ تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا ''ہمارے قرآن میں تو ان بی بی کے تذکرے پر پوری ایک سورۃ موجود ہے سورۃ المریم'' اور ان کے علاوہ بھی قرآن پاک میں بہت جگہ پر ان کا تذکرہ ہے۔یہ سن کر نجاشی بادشاہ نے سورۃ مریم سنانے کو کہا تو آپ رضی اللہ عنہ نے یہ رکوع تلاوت کیا ''واذکر فی.....عیسیٰ ابن مریم'' تک پڑھا پھر اس کے بعد سورۃ مریم شروع سے ھل اتاک حدیث موسیٰ تک کی تلاوت فرمائی، جسے سن کر نجاشی بادشاہ اور اس کے درباری عیسائی بہت روئے پھر ان کے بعد نجاشی بادشاہ کے ستر اصحاب کے ساتھ مدینہ منورہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کے لئے آئے۔تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۃ یٰسین تلاوت فرمائی جسے سن کر وہ سب زاروقطار رونے لگے چنانچہ یہ آیت کریمہ نازل ہوئی، جس میں ان لوگوں کے جذبہ کی تعریف فرمائی گئی۔(تفسیر مدارک)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَمَا لَنَا لَا نُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَمَا جَآءَنَا مِنَ الْحَقِّ ۙ وَ نَطْمَعُ اَنْ يُّدْخِلَنَا رَبُّنَا مَعَ الْقَوْمِ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۸۴﴾ فَاَثَابَهُمُ اللّٰهُ بِمَا قَالُوْا جَنّٰتٍ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ وَ ذٰلِكَ جَزَآءُ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۸۵﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿۸۶﴾ ع (پارہ 7۔سورۃ المائدہ آیت نمبر 84-86)

ترجمہ کنزالایمان: اور ہمیں کیا ہوا کہ ہم ایمان نہ لائیں اللہ پر اور اس حق پر کہ ہمارے پاس آیا اور ہم طمع (تمنا) کرتے ہیں کہ ہمیں ہمارا رب نیک لوگوں کے ساتھ داخل (جنت) کرے تو اللہ نے ان کے اس کہنے کے بدلے انہیں (جنت کے) باغ دیے جن کے نیچے نہریں رواں ہمیشہ ان میں رہیں گے، یہ بدلہ ہے نیکوں کا اور وہ جنہوں کفر کیا اور ہماری آیتیں جھٹلائیں وہ ہیں دوزخ والے۔

نجاشی بادشاہ کے ستر اصحاب

جب نجاشی بادشاہ اور ان کے ستر اصحاب کی یہ جماعت مدینہ منورہ میں ایمان دولت لے کر اپنے ملک حبشہ پہنچے اور یہود کو ان کے اسلام قبول کر لینے کی خبر ہوئی تو وہ انہیں سخت ملامت کرنے لگے اور طعنے دیئے گئے کہ تم لوگوں کی کیا حالت ہے کہ اپنے باپ دادا کے قدیم دین کو چھوڑ کر نیا دین اختیار کر لیا۔ جو اس پہلے نہ تھا۔ یہود کے اس طعن کا ان لوگوں نے جو بڑا شاندار جواب دیا، اس کا ذکر اس آیت کریمہ میں مذکور ہوا۔

(تفسیر خازن، تفسیر مدارک، تفسیر بیضادی وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحَرِّمُوْا طَيِّبٰتِ مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ لَكُمْ وَ لَا تَعْتَدُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿۸۷﴾ وَ كُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا ۪ وَّ اتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ اَنْتُمْ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ﴿۸۸﴾ (پارہ 7۔سورۃ المائدہ آیت نمبر 87-88)

ترجمہ کنزالایمان: اے ایمان والو! حرام نہ ٹھہراؤ وہ ستھری چیزیں کہ اللہ نے تمہارے لیے حلال کیں اور حد سے نہ بڑھو، (کہ خود سے حلال حرام ٹھہرالو) بیشک حد سے بڑھنے والے اللہ کو ناپسند ہیں، اور کھاؤ جو کچھ تمہیں اللہ نے روزی دی حلال پاکیزہ اور ڈرو اللہ سے جس پر تمہیں ایمان ہے۔

Marfat.com

تارک الدنیا ہونے کی مذمت

ایک مرتبہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہ کرام کی ایک جماعت دوزخ، قیامت اور عذاب الٰہی پر بہت بلیغ بیان فرمایا، جسے سن کر صحابہ کرام پر اتنا اثر ہوا کہ دس صحابہ حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کے گھر جمع ہوئے اور یہ عہد کیا کہ ہم تارک الدنیا ہو جائیں گے ہمیشہ دن کو روزے سے رہیں گے، روز رات کو نوافل ادا کریں گے، کبھی نرم بستروں پر نہیں سوئیں گے، گوشت چربی اور اچھے کھانوں سے پرہیز کریں گے، نہ نکاح کریں گے اور نہ ہی اپنی موجودہ بیویوں کے پاس جائیں گے، ٹاٹ کے کپڑے پہنیں گے، اور خانہ بدوشوں اور مسافروں کی طرح زندگی گزار دیں گے۔ حتیٰ کہ بعض صحابہ نے تو یہاں تک کہہ دیا کہ ہم خصّی ہو جائیں گے تا کہ عورتوں کے قابل نہ رہیں۔ گناہوں کا اصل سبب دنیا ہے، نہ ہمارا دین سے کوئی تعلق ہوگا نہ ہم گناہ میں مبتلا ہونگے۔ جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ان کے اس عہد کی خبر پہنچی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت عثمان بن مغطون رضی اللہ عنہ سے دریافت فرمایا کہ کیا تم لوگوں نے واقعی تارک الدنیا ہونے کے عہد و پیمان کئے ہیں؟ تو انہوں نے اقرار کیا تو عرض گزار ہوئے کہ ہمارے یہ عہد و پیمان اللہ کی رضا حاصل کرنے اور گناہوں سے بچنے کی نیت سے ہیں۔ تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے فرمایا کہ مجھے رب عزوجل نے دنیا ترک دینے کا حکم نہیں فرمایا تم روزے بھی رکھو، افطار بھی کرو، رات کو آرام بھی کرو، نوافل بھی پڑھو۔ مجھے دیکھو میں نے نکاح کیا، گوشت بھی کھاتا ہوں، دنیا میں معاملات بھی کرتا ہوں، یہ میری سنت ہے اور جو میری سنت سے روگردانی کرے وہ میری جماعت سے نہیں۔ تم پر اپنی جان کا بھی حق ہے اور بیوی بچوں قرابت داروں کا بھی۔ پچھلی قومیں اپنے نفس پر بے جا سختیوں کے سبب ہی ہلاک ہوئیں۔ ابھی یہ سلسلہ کلام جاری تھا کہ یہ آیت کریمہ نازل ہوئیں۔

(تفسیر کبیر، تفسیر روح المعانی، تفسیر روح البیان، تفسیر خازن، تفسیر صادی، تفسیر مدارک، تفسیر المقیاس وغیرہ)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْٓ اَيْمَانِكُمْ وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا عَقَّدْتُّمُ الْاَيْمَانَ ۚ فَكَفَّارَتُهٗٓ اِطْعَامُ عَشَرَةِ مَسٰكِيْنَ مِنْ اَوْسَطِ مَا تُطْعِمُوْنَ اَهْلِيْكُمْ اَوْ كِسْوَتُهُمْ اَوْ تَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ ۭ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ ۭ ذٰلِكَ كَفَّارَةُ اَيْمَانِكُمْ اِذَا حَلَفْتُمْ ۭ وَاحْفَظُوْٓا اَيْمَانَكُمْ ۭ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۸۹﴾ (پارہ 7۔ سورۃ المائدہ آیت نمبر 89)

Marfat.com

ترجمہ کنزالایمان: اللہ تمہیں نہیں پکڑتا تمہاری غلط فہمی کی (بنا پر کھائی ہوئی) قسموں پر ہاں ان قسموں پر گرفت (پکڑ) فرماتا ہے جنہیں تم نے مضبوط کیا (ارادہ کر کے قسم کھائی) تو ایسی قسم (جو پوری نہ کی جائے) کا بدلہ دس مسکینوں کو کھانا دینا اپنے گھر والوں کو جو کھلاتے ہو اس کے اوسط (درمیانے کھانے) میں سے یا انہیں کپڑے دینا یا ایک بردہ (صحیح سالم غلام یا لونڈی) آزاد کرنا تو جو ان میں سے کچھ نہ پائے تو تین دن کے روزے یہ بدلہ (کفارہ) ہے تمہاری قسموں کا، جب قسم کھاؤ اور اپنی قسموں کی حفاظت کرو (حتی الامکان نبھاؤ) اسی طرح اللہ تم سے اپنی آیتیں (خوب واضح کر کے) بیان فرماتا ہے کہ کہیں تم احسان مانو، (شکر کرو)۔

غلط فہمی کی قسم

ایک روایت کے مطابق جن حضرات صحابہ نے ترک دنیا کے عہد و پیمان کئے انہیں نبی کریم نے جب اس کی مخالفت فرمائی تو وہ عرض گزار ہوئے کہ ہم تو اپنے ان عہدوں پر قسمیں کھا چکے، اب اپنی ان قسموں کا کیا کریں؟ تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ ایک دوسری روایت کے مطابق سیدنا عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ کے گھر ایک مہمان آیا آپ رضی اللہ عنہ اس وقت گھر میں موجود نہ تھے۔ آپ کی زوجہ محترمہ نے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے انتظار میں مہمان کو کھانا نہ دیا۔ جب آپ رضی اللہ عنہ گھر تشریف لائے تو زوجہ سے بتایا کہ آپ کے انتظار میں مہمان کو اب تک کھانا نہیں کھلایا۔ اس پر آپ نے برہمی میں قسم کھائی کہ میں بھی کھانا نہ کھاؤنگا۔ اس پر آپ کی زوجہ محترمہ نے بھی قسم کھائی کہ میں بھی کھانا نہ کھاؤنگی۔ جب مہمان یہ دیکھا تو اس نے بھی قسم کھا لی کہ اگر آپ دونوں نے کھانا نہ کھایا تو میں بھی کھانا نہ کھاؤنگا۔ حضرت عبداللہ بن رواح رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جب یہ دیکھا کہ مہمان نے بھی کھانا نہ کھانے کی قسم کھالی ہے تو مجبوراً آپ نے اپنی قسم توڑ دی اور کھانا کھایا، آپ کی زوجہ محترمہ نے بھی کھانا کھایا، اور مہمان نے بھی کھانا کھالیا۔ اور پھر صبح بارگاہ رسالت میں حاضر ہو کر تمام ماجرا عرض کیا گیا۔ تب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خوش کرار شاد فرمایا کہ تم نے بہت اچھا کیا، تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن، تفسیر روح المعانی، تفسیر ابن زید)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝۹۰ اِنَّمَا يُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّوْقِعَ بَيْنَكُمُ

Marfat.com

الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ فِي الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ وَيَصُدَّكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَعَنِ الصَّلٰوةِ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَهُوْنَ ﴿۹۱﴾ (پارہ 7۔سورۃ المائدہ آیت نمبر 90-91)

ترجمہ کنزالایمان: اے ایمان والو! شراب اور جوا اور بت اور پانسے ناپاک ہی ہیں شیطانی کام تو ان سے بچتے رہنا کہ تم فلاح (کامیابی) پاؤ، شیطان یہی چاہتا ہے کہ تم میں بَیر (بغض) اور دشمنی (نفرت) ڈلوادے شراب اور جوئے میں (مبتلا کر کے) اور تمہیں اللہ کی یاد اور نماز سے روکے تو کیا (ان کاموں سے) تم باز آئے۔

شراب پر پابندی

ایک انصاری صحابی نے صحابہ کرام کی دعوت کی، جس میں انصار و مہاجرین دونوں موجود تھے۔ کھانے کے بعد حسب معمول شراب کا دور چلا۔ کیونکہ اس وقت تک شراب کی مکمل حرمت کا حکم نازل نہ ہوا تھا چنانچہ شراب پی کر تمام لوگ نشہ میں چور ہو گئے۔ اس وقت ایک صحابی نے کہا کہ انصار مہاجرین سے افضل ہیں۔ اس پر ایک صحابی نے حضرت سعد کی ناک پر اونٹ کی ہڈی ماری، جس سے خون جاری ہو گیا۔ نشہ اتر گیا تو حضرت سعد رضی اللہ عنہ زخمی ناک لئے بارگاہ رسالت میں حاضر ہوئے، تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس واقع سے بہت رنج پہنچا۔ اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ ایک دوسری روایت کے مطابق حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی شدید خواہش تھی کہ شراب پر مکمل پابندی عائد کر دی جائے۔ چنانچہ آپ رضی اللہ عنہ نے دعا فرمائی ''یا اللہ شراب کے متعلق بیان شافی ارشاد فرما'' چنانچہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ رضی اللہ عنہ کو بلا کر آیت کریمہ سنائی آپ رضی اللہ عنہ بہت خوش ہوئے اور فرمایا یا اللہ ہم شراب سے باز آئے۔

(تفسیر خازن، تفسیر احمدی، تفسیر صاوی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جُنَاحٌ فِيْمَا طَعِمُوْٓا اِذَا مَا اتَّقَوْا وَّاٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ثُمَّ اتَّقَوْا وَّاٰمَنُوْا ثُمَّ اتَّقَوْا وَّاَحْسَنُوْا ۗ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۹۳﴾ (پارہ 7۔سورۃ المائدہ آیت نمبر 93)

ترجمہ کنزالایمان: (اب تمہارے گناہ کا وبال تم پر ہے) جو ایمان لائے اور نیک کام کیے ان پر کچھ گناہ نہیں جو کچھ انہوں نے چکھا (حکم آنے سے پہلے) جب کہ ڈریں (کفر سے

Marfat.com

بچیں) اور ایمان رکھیں اور نیکیاں کریں پھر ڈریں (شراب وغیرہ سے بچیں) اور ایمان رکھیں پھر ڈریں (تمام برائیوں سے بچیں) اور نیک رہیں، (ثابت قدم رہیں) اور اللہ نیکوں کو دوست (محبوب) رکھتا ہے۔

شراب اور جوئے کی حرمت

جب شراب و جوئے کے متعلق حرمت کی آیت نزل ہوئیں تو مسلمان فوراً اس سے رک گئے اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے بارگاہ رسالت میں عرض کیا، یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو مسلمان اس حکم کے آنے سے پہلے ہی شراب پیتے اور جوا کھیلتے اور اس سے حاصل کیا ہوا مال کھاتے ہوئے فوت یا شہید ہو گئے اور وہ مسلمان جو زندہ ہیں اور وہ ان چیزوں کا استعمال کر رہے ہیں تو انکے بارے میں کیا حکم ہے؟ تو کیا وہ لوگ گناہگار ہونگے؟ تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر کبیر، تفسیر خازن، تفسیر خزائن، تفسیر قزائن القرآن)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَيَبْلُوَنَّكُمُ اللّٰهُ بِشَيْءٍ مِّنَ الصَّيْدِ تَنَالُهٗٓ اَيْدِيْكُمْ وَرِمَاحُكُمْ لِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ يَّخَافُهٗ بِالْغَيْبِ ۚ فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۹۴﴾

(پارہ 7۔ سورۃ المائدہ آیت نمبر 94)

ترجمہ کنزالایمان: اے ایمان والو! ضرور اللہ تمہیں آزمائے گا (امتحان لے گا) ایسے بعض شکار سے جس تک تمہارا ہاتھ اور نیزے پہنچیں کہ (بہ آسانی قابو میں آجائیں) اللہ پہچان کرادے ان (لوگوں) کی جو اس سے بن دیکھے ڈرتے (خوف خدا رکھتے) ہیں، پھر اس کے بعد (جب حکم پہنچ گیا) جو حد سے بڑھے (اور حکم پر عمل نہ کرے) اس کے لئے دردناک عذاب ہے۔

اللہ عزوجل کی طرف سے امتحان

۶ ہجری میں جب مسلمان عمرہ کے ارادے سے مدینہ منورہ سے مکہ معظّمہ کی طرف روانہ ہوئے۔ حضرات صحابہ عموماً شکار کرتے تھے۔ ان میں سے بعض صحابہ تو شکار کے بہت شوقین تھے۔ چونکہ حالتِ احرام میں سوائے چند جانوروں کے تمام خشکی کے جانوروں کا شکار کرنا حرام ہوتا ہے اور حرم میں بھی شکار کرنا حرام ہوتا ہے چنانچہ جب حضرات صحابہ احرام باندھ کر مقام حدیبیہ پہنچے تو صلح حدیبیہ کا واقعہ پیش آیا۔ جہاں ان حضرات کو

Marfat.com

حالت احرام میں ہی کچھ روز قیام کرنا پڑا۔ اسی حالت احرام میں چرند پرند شکار کے جانوران کے خیموں میں گھس آتے اور یہ حضرات چاہتے تو انہیں شکار کر لیتے۔ مگر اللہ تعالیٰ نے ان حضرات کو پہلے ہی ان حالات کی پیشگی اطلاع فرمادی اور یہ آیت کریمہ نازل فرمائی تا کہ مسلمان خود کو شکار کرنے سے بچائیں اور رب تعالیٰ کے اس امتحان میں پورے اتریں۔ (تفسیر روح البیان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْتُلُوا الصَّيْدَ وَ اَنْتُمْ حُرُمٌ ؕ وَ مَنْ قَتَلَهٗ مِنْكُمْ مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآءٌ مِّثْلُ مَا قَتَلَ مِنَ النَّعَمِ يَحْكُمُ بِهٖ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ هَدْيًۢا بٰلِغَ الْكَعْبَةِ اَوْ كَفَّارَةٌ طَعَامُ مَسٰكِيْنَ اَوْ عَدْلُ ذٰلِكَ صِيَامًا لِّيَذُوْقَ وَبَالَ اَمْرِهٖ ؕ عَفَا اللّٰهُ عَمَّا سَلَفَ ؕ وَ مَنْ عَادَ فَيَنْتَقِمُ اللّٰهُ مِنْهُ ؕ وَ اللّٰهُ عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ ﴿۹۵﴾

(پارہ 7۔ سورۃ المائدہ آیت نمبر 95)

ترجمہ کنزالایمان: اے ایمان والو! شکار نہ مارو جب تم احرام (یا حرم) میں ہو اور تم میں جو اسے قصداً (جان بوجھ کر) قتل کرے تو اس کا بدلہ (کفارہ) یہ ہے کہ ویسا ہی جانور مویشی سے دے تم میں کہ دو ثقہ (عادل متقی) آدمی اس کا حکم کریں (اس کی جو قیمت لگائیں) یہ قربانی ہو کہ کعبہ کو پہنچتی (وہاں ذبح ہو) یا کفارہ دے چند مسکینوں کا کھانا یا اس کے برابر (مسکین کے غلہ کے بدلے) روزے (رکھے) کہ اپنے کام (نافرمانی) کا وبال چکھے اللہ نے معاف کیا جو ہو گزرا (حکم آنے سے پہلے جو کیا) اور جو اب کرے گا اس سے بدلہ لے گا، (سزا دے گا) اور اللہ غالب ہے بدلہ لینے والا۔

حالتِ احرام میں شکار

حضرت ابوالیسر رضی اللہ عنہ ایک مرتبہ عمرہ کے موقع پر احرام کی حالت میں حمار وحشی یعنی ایک نیل گائے کا شکار کر لیا۔ لوگوں نے ان پر اعتراض کیا تو وہ بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہوئے اپنی غلطی کا اعتراف کیا۔ اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن، تفسیر روح المعانی، تفسیر مدارک)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ لَّا یَسْتَوِی الْخَبِیْثُ وَ الطَّیِّبُ وَ لَوْ اَعْجَبَكَ كَثْرَةُ الْخَبِیْثِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ یٰۤاُولِی الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝۱۰۰ (پارہ 7۔سورۃ المائدہ آیت نمبر 100)

ترجمہ کنز الایمان: تم فرمادو کہ گندہ اور ستھرا برابر نہیں اگرچہ تجھے گندے کی کثرت (اس کا ظاہری فائدہ) بھائے، (پسند آئے) تو اللہ سے ڈرتے رہو اے عقل والو! کہ تم فلاح پاؤ۔

گندا مال

ایک مرتبہ ایک نومسلم بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں اسلام قبول کرنے سے قبل شراب کی تجارت کیا کرتا تھا، جس سے میں نے بہت نفع کیا، اب میرے پاس بہت زیادہ مال ہے تو اگر میں یہ مال کسی نیک کام میں خرچ کروں تو کیا مجھے ثواب ملے گا؟ تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا، اگر تم وہ مال حج اور جہاد جیسی اعلیٰ عبادت میں بھی خرچ کرو تو بھی تمہیں مچھر کے پر کے برابر بھی فائدہ نہ دے گا، اللہ پاک ہے، پاک ہی قبول فرماتا ہے۔ تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ ایک دوسری روایت کے مطابق ایک حطیم نامی شخص ایک مرتبہ اہل مدینہ کے کچھ جانور چرا کر لے گیا۔ آئندہ سال جب وہ حج کے ارادے سے حالتِ احرام میں مکہ معظمہ جانے کے لئے مدینہ منورہ کے قریب سے گزرا، تو حضرات صحابہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اجازت مانگی کہ ہم حطیم کا مال چھین لیں اور اسے پچھلی چوری کی سزا بھی دیں۔ تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے منع فرمادیا۔ اور ارشاد فرمایا کہ وہ اس وقت حالتِ احرام میں ہے اور ہدی کے جانور اس کے ساتھ ہیں۔ چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تائید میں یہ آیت نازل ہوئی۔

(تفسیر روح البیان، تفسیر روح المعانی و تفسیر بیضاوی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَسْـَٔلُوْا عَنْ اَشْیَآءَ اِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ ۚ وَ اِنْ تَسْـَٔلُوْا عَنْهَا حِیْنَ یُنَزَّلُ الْقُرْاٰنُ تُبْدَ لَكُمْ ؕ عَفَا اللّٰهُ عَنْهَا ؕ وَ اللّٰهُ غَفُوْرٌ حَلِیْمٌ ۝۱۰۱ قَدْ سَاَلَهَا قَوْمٌ مِّنْ قَبْلِكُمْ ثُمَّ اَصْبَحُوْا بِهَا كٰفِرِیْنَ ۝۱۰۲

(پارہ 7۔سورۃ المائدہ آیت نمبر 101-102)

ترجمہ کنز الایمان: اے ایمان والو! ایسی باتیں (سوال) نہ پوچھو جو تم پر ظاہر کی جائیں

Marfat.com

تو تمہیں بری لگیں اور اگر انہیں اس وقت پوچھو گے کہ قرآن اتر رہا ہے تو تم پر ظاہر کر دی جائیں گی، اللہ انہیں (جن کاموں کو منع نہ کیا) معاف کر چکا ہے اور اللہ بخشنے والا حلم والا ہے، تم سے اگلی (پہلے کی) ایک قوم نے انہیں (بے ضرورت سوالات کو) پوچھا پھر ان سے منکر ہو بیٹھے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی غیبی خبریں

اس آیت کے مختلف شانِ نزول روایت کئے گئے ہیں:

بعض اوقات منافقین از راہ تمسخر و دلگی نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے باتیں پوچھا کرتے تھے۔ کوئی پوچھتا کہ میری اونٹنی گم ہو گئی ہے بتایئے وہ کہاں ہے؟ کوئی پوچھتا میرا باپ کون ہے؟ میں کس کا بیٹا ہوں؟ چنانچہ ایک دن نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے منبر شریف پر قیام فرما ہو کر ارشاد فرمایا کہ جو کچھ پوچھنا ہے ہم سے پوچھ لو ہم اس مجلس میں سب کچھ بتا دیں گے۔ چنانچہ حضرت عبداللہ ابن حذافہ رضی اللہ عنہ کھڑے ہو کر عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرا باپ کون ہے؟ ارشاد فرمایا تمہارا باپ حذافہ ہے۔ یعنی تم حلال نطفے سے پیدا ہوئے ہو اور ایک شخص کھڑا ہو کر عرض گزار ہوا میرا باپ کون ہے؟ ارشاد فرمایا شیبہ کا آزاد کردہ غلام یعنی تو اپنے باپ سے نہیں۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ جب حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے یہ تیور دیکھے تو عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم بارگاہ الٰہی میں توبہ کرتے ہیں (یعنی آپ سب کا پردہ رکھتے ہیں) اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ ایک دوسری روایت کے مطابق کسی شخص نے پوچھا کہ میرا باپ کون ہے؟ ارشاد فرمایا صداقہ ہے، یعنی تو اپنے باپ کے نطفے سے نہیں بلکہ حرام سے ہے۔ کیونکہ اس شخص کی ماں کا خاوند اسکا باپ نہیں بلکہ کوئی اور شخص تھا۔ اسی طرح ایک اور شخص نے پوچھا میرا انجام کیا ہے؟ فرمایا تو جہنمی ہے۔ ایک شخص نے پوچھا میرا باپ وفات پا چکا ہے وہ کس حال میں ہے؟ ارشاد فرمایا وہ دوزخ میں ہے۔ اس موقع پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حج کے فرض ہونے کا حکم نازل ہونے کے بعد صحابہ کرام سے فرمایا کہ حج کرنا فرض ہے۔ تو ایک صحابی حضرت اقرع بن حابس رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیا ہر سال حج فرض ہے؟ تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خاموشی اختیار فرمائی انہوں نے پھر یہی عرض کی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پھر خاموشی اختیار فرمائی۔ انہوں نے پھر یہی عرض کی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اگر ہم ابھی ہاں کہہ دیتے تو ہر سال ہی حج فرض ہو جاتا۔ جبکہ حج عمر میں ایک بار فرض ہے۔ تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر خازن، تفسیر خزائن العرفان وغیرہ)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ ۚ لَا يَضُرُّكُمْ مَّنْ ضَلَّ اِذَا اهْتَدَيْتُمْ ؕ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۰۵﴾

(پارہ 7۔سورۃ المائدہ آیت نمبر 105)

ترجمہ کنزالایمان: اے ایمان والو! تم اپنی فکر رکھو تمہارا کچھ نہ بگاڑے گا جو گمراہ ہوا جب کہ تم راہ پر ہو تم سب کی رجوع (حاضری) اللہ ہی کی طرف ہے پھر وہ تمہیں بتادے گا جو (اعمال) تم کرتے تھے۔

مومنین کا رنج اور افسوس

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اہلِ کتاب سے تو جزیہ قبول فرمالیا مگر مشرکین عرب سے قبول اسلام یا تلوار کا فیصلہ فرمایا اور ان سے جزیہ قبول نہ فرمایا۔ منافقوں نے جب یہ دیکھا تو اعتراض کرنے لگے کہ کیسا عجیب حکم ہے کہ اہلِ کتاب بھی کافر ہیں اور مشرکین بھی کافر مگر اہل کتاب سے تو جزیہ لینے کا حکم ہے لیکن مشرکین سے نہیں یہ فرق کیوں؟ مسلمانوں کو منافقین کے اس اعتراض اور رویئے پر رنج ہوا اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ ایک دوسری روایت کے مطابق بعض مومنین اس بات پر افسردہ اور رنجیدہ ہوتے تھے کہ کافر اسلام کو قبول کیوں نہیں کر لیتے اور اپنے کفر پر کیوں بضد ہیں؟ اور بعض مومنین اپنے کفار رشتہ داروں پر افسوس کیا کرتے تھے کہ یہ آخر ایمان کیوں نہیں لے آتے؟ چنانچہ یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر الکبیر، تفسیر المعانی، تفسیر روح البیان، تفسیر خازن وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا شَهَادَةُ بَيْنِكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ حِيْنَ الْوَصِيَّةِ اثْنٰنِ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ اَوْ اٰخَرٰنِ مِنْ غَيْرِكُمْ اِنْ اَنْتُمْ ضَرَبْتُمْ فِى الْاَرْضِ فَاَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةُ الْمَوْتِ ؕ تَحْبِسُوْنَهُمَا مِنْۢ بَعْدِ الصَّلٰوةِ فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ اِنِ ارْتَبْتُمْ لَا نَشْتَرِىْ بِهٖ ثَمَنًا وَّلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ۙ وَلَا نَكْتُمُ شَهَادَةَ اللّٰهِ اِنَّاۤ اِذًا لَّمِنَ الْاٰثِمِيْنَ ﴿۱۰۶﴾ فَاِنْ عُثِرَ عَلٰۤى اَنَّهُمَا اسْتَحَقَّاۤ اِثْمًا فَاٰخَرٰنِ يَقُوْمٰنِ مَقَامَهُمَا مِنَ الَّذِيْنَ اسْتَحَقَّ عَلَيْهِمُ الْاَوْلَيٰنِ فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ لَشَهَادَتُنَاۤ اَحَقُّ مِنْ شَهَادَتِهِمَا

Marfat.com

وَمَا اعْتَدَيْنَآ اِنَّآ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۰۷﴾ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ يَّاْتُوْا بِالشَّهَادَةِ عَلٰى وَجْهِهَآ اَوْ يَخَافُوْٓا اَنْ تُرَدَّ اَيْمَانٌۢ بَعْدَ اَيْمَانِهِمْ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاسْمَعُوْا ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۱۰۸﴾ ع (پارہ 7۔سورۃ المائدہ آیت نمبر 106-108)

ترجمہ کنزالایمان: اے ایمان والوں تمہاری آپس کی گواہی جب تم میں کسی کو موت آئے وصیت کرتے وقت تم میں کے (جان پہچان والے) دو معتبر شخص ہیں یا غیروں (اجنبیوں) میں کے دو جب تم ملک میں سفر کو جاؤ پھر تمہیں موت کا حادثہ پہنچے، ان دونوں (گواہیوں) کو نماز کے بعد (مسلمانوں کے مجمع میں) روکو وہ اللہ کی قسم کھائیں اگر تمہیں کچھ شک پڑے ہم حلف کے بدلے کچھ مال نہ خریدیں گے اگرچہ قریب کا رشتہ دار ہو اور اللہ کی گواہی نہ چھپائیں گے ایسا کریں تو ہم ضرور گنہگاروں میں ہیں، پھر اگر پتہ چلے کہ وہ کسی گناہ (جھوٹ وغیرہ) کے سزاوار ہوئے تو ان کی جگہ دو اور کھڑے ہوں ان (میت کے وارثوں) میں سے کہ اس گناہ یعنی جھوٹی گواہی نے ان کا حق لے کر ان کو نقصان پہنچایا جو میت سے زیادہ قریب ہوں تو اللہ کی قسم کھائیں کہ ہماری گواہی زیادہ ٹھیک ہے ان دو کی گواہی سے اور ہم حد سے نہ بڑھے (جھوٹ نہ بولا) ایسا ہو تو ہم ظالموں میں ہوں، یہ (طریقہ زیادہ) قریب تر ہے اس سے کہ گواہی جیسی (دینی) چاہیے ادا کریں یا ڈریں کہ (انکی) کچھ قسمیں (بھی) رد کر دی جائیں ان کی (ان جھوٹی) قسموں کے بعد اور اللہ سے ڈرو اور حکم سنو، (اور مانو) اور اللہ بے حکموں (نافرمانوں) کو (جنت کی) راہ نہیں دیتا۔

امانت میں خیانت

حضرت بدیل دو عیسائیوں تمیم ابن روس اور عدی ابن زید کے ساتھ تجارت کے غرض سے شام گئے جب تینوں شام پہنچے تو بدیل سخت بیمار پڑ گئے اور اپنے زندہ رہنے کی کوئی امید باقی نہ رہی تو انہوں نے اپنے مال کی ایک فہرست لکھ کر اپنے سامان میں رکھ دی اور اسکی اطلاع ان دونوں ساتھیوں کو نہ دی اور ان سے کہا کہ اگر میں مرجاؤں تو میرا یہ مال مدینہ میں میرے گھر والوں تک پہنچا دینا۔ پھر آپ کا انتقال ہو گیا آپ کے انتقال کے بعد دونوں عیسائیوں نے آپ کے مال کی تلاشی لی تو ایک چاندی کا تین سو مثقال وزنی وخوبصورت پیالہ نظر آیا جو انہوں نے چھپا لیا اور مکہ مکرمہ میں ایک ہزار درہم میں فروخت کر دیا اور پانچ پانچ سو آپس میں بانٹ لئے باقی مال بدیل کے گھر والوں کو پہنچا دیا۔ جب بدیل کے گھر والوں نے سامان دیکھا تو سامان کی ایک فہرست

Marfat.com

نکلی جس میں چاندی کا ایک پیالہ بھی لکھا ہوا تھا مگر پیالہ سامان میں نہ تھا۔ جب انہوں نے ان دونوں سے اس پیالے کے بارے میں پوچھا تو دونوں صاف مکر گئے کہ ہمیں اس پیالے کے بارے میں کچھ نہیں معلوم۔ چنانچہ یہ مقدمہ پھر بارگاہ رسالت میں پیش کیا گیا، انہوں نے وہاں جھوٹی قسم کھائی کہ ہمیں اس پیالے کے بارے میں کچھ نہیں جانتے۔ چنانچہ مقدمے سے بری ہوگئے۔ عرصہ بعد وہ پیالہ مکہ معظّمہ کے ایک شخص کے پاس دیکھا گیا بدیل کے وارثوں نے اس سے پوچھا کہ تمہارے پاس یہ پیالہ کہاں آیا؟ وہ بولے ہم نے تمیم داری اور عدی سے یہ پیالہ خریدا ہے اب مقدمہ دوبارہ بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں پیش کیا گیا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بدیل کے گھر والوں سے فرمایا کہ اب تم قسم کھاؤ یہ پیالہ بدیل کا ہے اور یہ دونوں عیسائی جھوٹے ہیں۔ چنانچہ ان لوگوں نے قسم کھائی اور پیالہ حاصل کرلیا۔ اور عدی سے پیالہ کی قیمت اس شخص کو واپس دالوائی گئی۔ اس پر یہ دونوں آیتیں نازل ہوئیں۔ یعنی پہلے مقدمے پر پہلی آیت اور دوسرے مقدمہ پر دوسری آیت نازل ہوئی۔ (تفسیر روح البیان، تفسیر خازن، تفسیر خزائن الفرمان، تفسیر کبیر وغیرہ)

سورۃ الانعام

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ لَوْ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ كِتٰبًا فِيْ قِرْطَاسٍ فَلَمَسُوْهُ بِاَيْدِيْهِمْ لَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝۷ وَقَالُوْا لَوْ لَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ مَلَكٌ ؕ وَ لَوْ اَنْزَلْنَا مَلَكًا لَّقُضِيَ الْاَمْرُ ثُمَّ لَا يُنْظَرُوْنَ ۝۸ وَ لَوْ جَعَلْنٰهُ مَلَكًا لَّجَعَلْنٰهُ رَجُلًا وَّ لَلَبَسْنَا عَلَيْهِمْ مَّا يَلْبِسُوْنَ ۝۹ (پارہ 7۔ سورۃ الانعام، آیت نمبر 7-9)

ترجمہ کنزالایمان: اور اگر ہم تم پر کاغذ میں کچھ لکھا ہوا اتارتے کہ وہ اسے اپنے ہاتھوں سے چھوتے جب بھی کافر کہتے کہ یہ (حق) نہیں مگر کھلا جادو، (ہے) اور بولے: ان پر کوئی فرشتہ (رسول بنا کر) کیوں نہ اتارا گیا، اور اگر ہم فرشتہ اتارتے تو کام تمام ہوگیا ہوتا (کہ فوراً ہلاک ہوجاتے) پھر انہیں مہلت نہ دی جاتی اور اگر ہم نبی کو فرشتہ کرتے جب بھی اسے مرد ہی بناتے اور ان پر وہی شبہ رکھتے جس میں اب پڑے ہیں۔

Marfat.com

مشرکین کی ہٹ دھرمی

ایک مرتبہ عبداللہ ابن امیہ نضر ابن حارث، نوفل ابن خویلد وغیرہ کہنے لگے کہ ہم محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ہرگز ایمان نہ لائیں گے۔ جب تک کہ آپ ہمارے پاس اللہ کی کتاب تحریری شکل میں لے کر نہ آئیں۔ اور اس کتاب کے ساتھ کم از کم چار فرشتے بھی آئیں جو اپنے منہ سے ہمارے سامنے یہ گواہی دیں کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے سچے رسول ہیں اور یہ کتاب اللہ کی طرف سے ان کے پاس آئی ہے۔ تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر خازن، تفسیر روح المعانی، تفسیر روح البیان وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ لَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَحَاقَ بِالَّذِيْنَ سَخِرُوْا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝۱۰ قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ ثُمَّ انْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ (پارہ 7۔ سورۃ الانعام، آیت نمبر 10-11)

ترجمہ کنزالایمان: (کہ فرشتہ کیوں اتارا) اور ضرور اے محبوب تم سے پہلے رسولوں کے ساتھ بھی ٹھٹھا کیا گیا (مذاق کیا گیا) تو وہ جو ان سے ہنستے تھے ان کی ہنسی انہیں کو لے بیٹھی (کہ عذاب میں گرفتار ہوئے) تم فرما دو زمین میں سیر کرو پھر دیکھو کہ جھٹلانے والوں کا کیسا انجام ہوا۔

قریش کے سرداروں کی بیہودہ بکواس

ایک بار نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حرم کعبہ میں جلوہ افروز تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارگرد حضرت بلال حبشی، حضرت صہیب، حضرت عمار بن یاسر جیسے فقراء مسلمین بیٹھے تھے۔ جبکہ دوسری طرف کچھ ہٹ کے سرداران قریش ابوجہل، ولید بن مغیرہ، امیہ بن خلف وغیرہ بھی بیٹھے تھے۔ فقراء حضرات صحابہ کو دیکھ کر ابوجہل بولا کہ ان فقراء و مساکین کو دیکھ کر یہ وہ لوگ ہیں جنہیں محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جنت کا بادشاہ کہتے ہیں۔ کہاں ان کی یہ خستہ حالی اور کہاں بادشاہت۔ انکی اس بیہودہ بکواس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر روح البیان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ لَهٗ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَ النَّهَارِ ؕ وَ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝۱۳

(پارہ 7۔ سورۃ الانعام، آیت نمبر 13)

Marfat.com

ترجمہ کنزالایمان: اوراسی کا ہے جو بستا (موجود) ہے رات اور دن میں اور وہی ہے سنتا جانتا۔

کفارِ مکہ کی بکواس

ایک بار مکہ کے کفار بارگاہ رسالت کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حاضر ہوئے اور کہنے لگے کہ ہمیں معلوم ہے کہ دنیاوی احتیاجات وضروریات اور تنگدستی نے آپکو مجبور کیا ہے کہ آپ دعویٰ نبوت کر کے ایک نیا دین ایجاد کرلیں۔ مگر ہم آپ سے وعدہ کرتے ہیں کہ سارے قبیلے والے مل کر آپ کے لئے اتنا مال اکھٹا کر دینگے کہ آپ کی تنگدستی دور ہوجائیگی اور آپکا شمار عرب کے امیر ترین لوگوں میں ہونے لگے گا۔ بس آپ اسلام کی تبلیغ بند کر دیجئے۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ (تفسیر روح البیان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ اَغَيْرَ اللّٰهِ اَتَّخِذُ وَلِيًّا فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ هُوَ يُطْعِمُ وَ لَا يُطْعَمُ ؕ قُلْ اِنِّيْۤ اُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ اَوَّلَ مَنْ اَسْلَمَ وَ لَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۴﴾ قُلْ اِنِّيْۤ اَخَافُ اِنْ عَصَيْتُ رَبِّيْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۵﴾ مَنْ يُّصْرَفْ عَنْهُ يَوْمَىٕذٍ فَقَدْ رَحِمَهٗ ؕ وَ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ ﴿۱۶﴾ (پارہ 7۔ سورۃ الانعام، آیت نمبر 14-16)

ترجمہ کنزالایمان: تم فرماؤ کیا اللہ کے سوا کسی اور کو والی (معبود) بناؤں وہ اللہ جس نے آسمان اور زمین پیدا کیے اور وہ کھلاتا ہے اور کھانے سے پاک ہے تم فرماؤ مجھے حکم ہوا ہے کہ سب سے پہلے گردن رکھوں (رب کا مطیع ہوں) اور ہرگز شرک والوں میں سے نہ ہونا، تم فرماؤ اگر میں اپنے رب کی نافرمانی کروں تو مجھے بڑے دن (قیامت) کے عذاب کا ڈر ہے، اس دن جس سے عذاب پھیر دیا (نجات دی) جائے ضرور اس پر اللہ کی مہر ہوئی، اور یہی کھلی کامیابی ہے۔

کفار کی طرف سے شرک کی دعوت

ایک بار کفار مکہ بارگاہ رسالت کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حاضر ہوئے اور کہنے لگے کہ آپ تو ہمیں ایک نئے ایجاد کردہ دین کی دعوت دیتے ہیں اب ہم آپ کو اس دین کی طرف بلاتے ہیں جو بہت پرانا ہمارے آباؤ اجداد کا دین ہے۔ آپ ہمارے دین کی طرف آجائے جو عرب میں قدیم ترین دین ہے چنانچہ پھر یہ آیت کریمہ نازل ہوئیں۔ (تفسیر خازن وغیرہ)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ اَیُّ شَیْءٍ اَکْبَرُ شَهَادَةً ؕ قُلِ اللّٰهُ ۙ۫ شَهِیْدٌۢ بَیْنِیْ وَ بَیْنَكُمْ ۫ وَ اُوْحِیَ اِلَیَّ هٰذَا الْقُرْاٰنُ لِاُنْذِرَكُمْ بِهٖ وَ مَنْۢ بَلَغَ ؕ اَىِٕنَّكُمْ لَتَشْهَدُوْنَ اَنَّ مَعَ اللّٰهِ اٰلِهَةً اُخْرٰی ؕ قُلْ لَّاۤ اَشْهَدُ ۚ قُلْ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ وَّ اِنَّنِیْ بَرِیْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ﴿۱۹﴾ اَلَّذِیْنَ اٰتَیْنٰهُمُ الْكِتٰبَ یَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا یَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَهُمْ ؕ اَلَّذِیْنَ خَسِرُوْۤا اَنْفُسَهُمْ فَهُمْ لَا یُؤْمِنُوْنَ ﴿۲۰﴾ ع (پارہ 7۔سورۃ الانعام، آیت نمبر 19-20)

ترجمہ کنزالایمان: تم فرماؤ سب سے بڑی گواہی کس کی (اللہ کی) تم فرماؤ کہ اللہ گواہ ہے مجھ میں (میری نبوت کا) اور تم میں (تمھاری بے دینی کا) اور میری طرف اس قرآن کی وحی ہوئی ہے کہ میں اس (اللہ کے عذاب) سے تمھیں ڈراؤں اور (ان کو) جن جن کو (قرآنی احکام) پہنچے تو کیا تم یہ گواہی دیتے ہو کہ اللہ کے ساتھ اور خدا ہیں، تم فرماؤ کہ میں یہ گواہی نہیں دیتا تم فرماؤ کہ وہ تو ایک ہی معبود ہے اور میں بیزار ہوں ان (جھوٹے معبودوں) سے جن کو تم شریک ٹھہراتے ہو جن کو ہم نے کتاب دی اس نبی کو (ایسے) پہچانتے ہیں جیسا اپنے بیٹے کو پہچانتے ہیں جنہوں نے (کفر کر کے) اپنی جان نقصان میں ڈالی وہ ایمان نہیں لاتے۔

قریش کے سرداروں کی بک بک

ایک بار سرداران قریش بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حاضر ہوئے اور کہنے لگے کہ اللہ تعالیٰ کو آپ کے علاوہ نبوت کے لئے اور کوئی نہیں ملا؟ یعنی یہود و نصاریٰ کے پوپ اور پادریوں نے تو یہی بتایا کہ انکی کتابوں میں آپ اور آپ کی نبوت کا کوئی تذکرہ نہیں پھر ہم کس طرح آپ کی نبوت و رسالت کو مان لیں۔ آپ اپنا گواہ پیش کریں۔ اس وقت یہ آیتِ کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر کبیر، تفسیر روح المعانی، تفسیر روح البیان وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ مِنْهُمْ مَّنْ یَّسْتَمِعُ اِلَیْكَ ۚ وَ جَعَلْنَا عَلٰی قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ یَّفْقَهُوْهُ وَ فِیْۤ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ؕ وَ اِنْ یَّرَوْا كُلَّ اٰیَةٍ لَّا یُؤْمِنُوْا بِهَا ؕ حَتّٰۤی اِذَا جَآءُوْكَ یُجَادِلُوْنَكَ یَقُوْلُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْۤا اِنْ هٰذَاۤ اِلَّاۤ اَسَاطِیْرُ الْاَوَّلِیْنَ ﴿۲۵﴾

(پارہ 7۔سورۃ الانعام، آیت نمبر 25)

Marfat.com

ترجمہ کنزالایمان: اوران میں کوئی وہ (کافر) ہے جوتمہاری طرف (فساد کے لیے) کان لگاتا (سنتا) ہےاور ہم نے ان کے دلوں پر (کفروعناد کے) غلاف کردیے (ڈال دیے) ہیں کہ اسے نہ سمجھیں اوران کے کان میں ٹینٹ (روئی ہے) اوراگر ساری نشانیاں (معجزات) دیکھیں توان پرایمان نہ لائیں گے یہاں تک کہ جب تمہارے حضورتم سے جھگڑتے حاضر ہوں تو کافر کہیں یہ تونہیں مگر اگلوں کی داستانیں غلاف (پہلے کی کہانیاں)۔

کفارِ مکہ کا تلاوتِ قرآن پر تبصرہ

ایک مرتبہ کفار مکہ ابوجہل، ابوسفیان، ولید بن مغیرہ، عتبہ وشیبہ، امیہ بن خلف وحارث ابن عامر ایک جگہ موجود تھے۔ قریب ہی نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قرآن کریم کی تلاوت فرمارہے تھے۔ جب ان کے کانوں میں تلاوت کی آواز پہنچی توغور سے دیر تک سنتے رہے۔ پھرانہوں نے نصر بن حارث سے کہا کہ بتاؤ کیا پڑھ رہے ہیں؟ یہ شخص بڑا مردود تھا قصے کہانیاں سنایا کرتا تھا بولا کہ یہ بھی میری طرح قصے کہانیاں ہی سنارہے ہیں۔ اس پر ابوسفیان جواس وقت تک ایمان نہ لائے تھے کہنے لگے کہ مگر محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کچھ باتیں توسچی معلوم ہوتی ہیں، یہ سن کرابوجہل بولا کہ انہیں سچا کہنے سے تو بہتر ہے کہ ہمیں موت آجائے۔ چنانچہ یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَهُمْ يَنْهَوْنَ عَنْهُ وَيَنْـَٔوْنَ عَنْهُ ۚ وَاِنْ يُّهْلِكُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۲۶﴾

(پارہ 7۔ سورۃ الانعام، آیت نمبر 26)

ترجمہ کنزالایمان: اوروہ اس (اسلام) سے روکتے اوراس (اسلام) سے دور بھاگتے ہیں اور ہلاک نہیں کرتے مگر اپنی جانیں (خودکوعذاب کا حقدار ٹھہراتے ہیں) اورانہیں شعور نہیں۔

دولتِ اسلام سے محرومی

ابوطالب، حضوراکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہرطرح خدمت اورتبلیغ اسلام میں معاونت کیا کرتے تھے۔ آپ اسلام کی خوبیوں کے اعتراف کرنے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سچا ہونے کا اظہار کرنے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حفاظت و محبت کرنے کے باوجود اسلام قبول نہ کرتے تھے اس پر یہ آیتِ کریمہ نازل ہوئیں۔

(تفسیر خازن، تفسیر روح المعانی، تفسیر کبیر، تفسیر روح البیان، تفسیر ہادی وغیرہ)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قَدْ نَعْلَمُ اِنَّهٗ لَيَحْزُنُكَ الَّذِىْ يَقُوْلُوْنَ فَاِنَّهُمْ لَا يُكَذِّبُوْنَكَ وَ لٰكِنَّ الظّٰلِمِيْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَ لَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ فَصَبَرُوْا عَلٰى مَا كُذِّبُوْا وَ اُوْذُوْا حَتّٰۤى اَتٰىهُمْ نَصْرُنَا ۚ وَ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ۚ وَ لَقَدْ جَآءَكَ مِنْ نَّبَاِى الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۳۴﴾ (پارہ 7۔سورۃ الانعام، آیت نمبر 33-34)

ترجمہ کنزالایمان: ہمیں معلوم ہے کہ تمہیں رنج دیتی ہے وہ بات جو یہ کہہ رہے ہیں تو وہ تمہیں نہیں جھٹلاتے بلکہ ظالم اللہ کی آیتوں سے انکار کرتے ہیں اور تم سے پہلے رسول جھٹلائے گئے تو انہوں نے صبر کیا اس جھٹلانے اور ایذائیں پانے پر یہاں تک کہ انہیں ہماری مدد آئی (کافر ہلاک ہوئے) اور اللہ کی باتیں (وعدے) بدلنے والا کوئی نہیں اور تمہارے پاس رسولوں (کے صبر و استقلال) کی خبریں آ ہی چکی ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تکذیب

ان آیات کے مختلف شانِ نزول بیان کئے گئے ہیں۔ ابوجہل کا دوست اخنس ابن قبیس ایک دن تنہائی میں ابوجہل سے پوچھا کہ سچ بتاؤ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سچے ہیں یا نہیں میں کسی کو نہیں بتاؤں گا۔ ابوجہل بولا وہ بالکل سچے ہیں ہم نے انکی زبان سے کبھی جھوٹ نہیں سنا۔ میں تو انکی نبوت کا اس لئے انکار کرتا ہوں کہ قصی ابن کلاب میں پہلے ہی بہت سی فضلیتیں موجود ہیں اگر نبوت بھی ان میں تسیم کر لی جائے پھر باقی قریشیوں کے لئے کون سی فضلیت باقی رہے گی۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ ایک دوسری روایت کے مطابق حارث ابن عامر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا سخت ترین دشمن تھا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اعلانیہ جھٹلایا کرتا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نبوت و رسالت کا انکار کیا کرتا تھا۔ مگر جب اپنے گھر میں ہوتا تو اپنے گھر والوں سے کہتا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جھوٹ نہیں بولتے وہ بالکل سچ بات کرتے ہیں۔ اس پر یہ آیتِ کریمہ نازل ہوئی۔ بعض روایات میں آیا ہے کہ ابوجہل نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہتا تھا کہ ہم آپ کی تکذیب نہیں کرتے آپ تو بے شک سچے ہیں ہم تو تکذیب کرتے ہیں جو آپ بیان کرتے ہیں اور جس کی دعوت دیتے ہیں تب یہ آیتِ کریمہ نازل ہوئیں۔

(تفسیر روح المعانی، تفسیر کبیر)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ اِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكَ اِعْرَاضُهُمْ فَاِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ تَبْتَغِيَ نَفَقًا فِي الْاَرْضِ اَوْ سُلَّمًا فِي السَّمَآءِ فَتَاْتِيَهُمْ بِاٰيَةٍ ؕ وَ لَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَمَعَهُمْ عَلَى الْهُدٰى فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿۳۵﴾ اِنَّمَا يَسْتَجِيْبُ الَّذِيْنَ يَسْمَعُوْنَ ؕ وَ الْمَوْتٰى يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ ثُمَّ اِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ﴿۳۶﴾ (پارہ 7۔سورۃ الانعام، آیت نمبر 25-26)

ترجمہ کنزالایمان: اور اگر ان کا (اسلام سے) منہ پھیرنا تم پر شاق (دشوار) گزرا ہے تو اگر تم سے ہو سکے تو زمین میں کوئی سرنگ تلاش کر لو یا آسمان میں زینہ پھر ان کے لیے نشانی (منہ مانگا معجزہ) لے آؤ اور اللہ چاہتا تو انہیں ہدایت پر اکٹھا کر دیتا (سب کو ہدایت دے دیتا) تو اے سننے والے تو ہرگز نادان نہ بن، مانتے تو وہی ہیں جو سنتے ہیں اور ان (ایمان سے خالی) مردہ دلوں کو (انکی قبروں سے) اللہ اٹھائے گا پھر اس کی طرف (سزا سننے کے لیے) ہانکے جائیں گے۔

کفار کی زبان درازی

ایک مرتبہ حارث ابن عامر جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا سخت ترین دشمن تھا اپنی جماعت قریش کو لے کر بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہوا اور کہنے لگا کہ آپ ہمیں کوئی منہ مانگا معجزہ دکھائیں جیسے پچھلے انبیاء کرام اپنی قوم کو منہ مانگا معجزہ دکھایا کرتے تھے۔ تو ہم سب آپ پر ایمان لے آئیں گے۔ جب اللہ تعالیٰ نے انکا یہ مطالبہ رد فرمایا تو یہ مزاق اڑانے لگے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان میں معجزہ نہ دکھانے پر زبان دراز کرنے لگے۔ جس پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بہت رنج پہنچا۔ تب یہ آیات کریمہ نازل ہوئیں۔

(تفسیر کبیر، تفسیر روح المعانی، تفسیر خازن، تفسیر صلوی وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ لَّاۤ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَآئِنُ اللّٰهِ وَ لَاۤ اَعْلَمُ الْغَيْبَ وَ لَاۤ اَقُوْلُ لَكُمْ اِنِّيْ مَلَكٌ ۚ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰۤى اِلَيَّ ؕ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَ الْبَصِيْرُ ؕ اَفَلَا تَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۵۰﴾ (پارہ 7۔سورۃ الانعام، آیت نمبر 50)

ترجمہ کنزالایمان: تم فرمادو میں تم سے (دعوے سے) نہیں کہتا میرے پاس (قبضے میں) اللہ کے خزانے ہیں اور نہ یہ کہوں (دعویٰ کروں) کہ میں آپ (بغیر اللہ کے بتائے) غیب

Marfat.com

جان لیتا ہوں اور نہ تم سے یہ کہوں کہ میں فرشتہ (بشری تقاضوں سے پاک) ہوں میں تو اسی کا تابع (وہی کرتا ہوں) ہوں جو مجھے وحی آتی ہے (حکم ہوتا ہے) تم فرماؤ کیا برابر (ایک جیسے) ہو جائیں گے اندھے اور انکھیارے (آنکھوں والے) تو کیا تم غور نہیں کرتے۔

کفارِ مکہ کو تین بیہودہ مطالبات

کفار عرب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے تین مطالبے کرتے تھے۔ ایک یہ کہ آپ اگر واقعی اللہ کے نبی ہیں تو ہمارے علاقے کے پہاڑوں کو سونا بنا کر ہمیں دولت مند بنا دیجئے۔ دوسرے یہ کہ ہمیں غیب سے بتا دیجئے کہ اشیاء کی قیمتیں آئندہ کیا ہونگیں، کونسی اشیاء مہنگی اور کونسی سستی ہو جائیں گی، تا کہ ہم اپنا کاروباری انتظام کرلیں۔ اور تیسرا یہ کہ اگر آپ واقعی اللہ کے نبی ہیں تو آپ کو کھانے پینے اور نکاح کی حاجت کیوں پیش آتی ہے؟ جبکہ نبی تو دنیا کے مشاغل سے دور رہتے ہیں۔ چنانچہ ان بیہودہ مطالبات کے جواب میں یہ آیتِ کریمہ نازل کی گئیں۔ (تفسیر کبیر، تفسیر خزائن الفرقان، تفسیر خازن وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَلَا تَطْرُدِ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ ؕ مَا عَلَيْكَ مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ وَّ مَا مِنْ حِسَابِكَ عَلَيْهِمْ مِّنْ شَيْءٍ فَتَطْرُدَهُمْ فَتَكُوْنَ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۲﴾ (پارہ 7۔ سورۃ الانعام، آیت نمبر 52)

ترجمہ کنزالایمان: اور دور نہ کرو (حاضر ہونے سے نہ روکو) انہیں (مومنوں کو) جو اپنے رب کو پکارتے ہیں صبح اور شام اس کی رضا چاہتے تم پر ان کے حساب سے کچھ نہیں اور ان پر تمہارے حساب سے کچھ نہیں (ان کا حساب اللہ پر ہے) پھر انہیں (ان مومنین کو) تم دور کرو تو یہ کام انصاف (تمھاری کریمانہ شان) سے بعید ہے۔

کفار کا فقراء مسلمانوں کے ساتھ بیٹھنے سے انکار

ایک مرتبہ اقرع ابن حابس عینیہ ابن حض وغیرہ بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہوئے، تو وہاں حضرت بلال، حضرت صہیب، حضرت عمار وغیرہ فقراء و مسلمین کو بیٹھے ہوئے دیکھا۔ ان کی مفلسی اور مسکینی کی یہ حالت تھی کہ ان میں سے زیادہ تر کے بدن پر صرف ایک کمبل تھا۔ چنانچہ وہ لوگ ان حضرات صحابہ کو حقارت کی نگاہ سے دیکھنے لگے۔ پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بولے کہ ہمیں ان فقراء و مساکین کے ساتھ بیٹھتے ہوئے شرم محسوس

Marfat.com

ہوتی ہے کہ لوگ ہمیں ان کے ساتھ بیٹھا دیکھ کر بھلا کیا کہیں گے؟ ہمارا مذاق اڑے گا۔ لہٰذا آپ انہیں اپنے پاس سے ہٹا دیں تو ہم آپ کے پاس بیٹھ جایا کریں گے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کی بات ماننے سے انکار فرما دیا، تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تائید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ بعض روایات کے مطابق یہ کفار نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہنے لگے کہ آپ ان فقراء و مساکین کے لئے کوئی الگ وقت مقرر فرمالیں، جس وقت ہم آپ کے پاس بیٹھے ہوں ان لوگوں میں سے کوئی نہ آئے۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے ان کفار کی سفارش فرمائی کہ ان کی شرط منظور فرمالیں تا کہ یہ آپ کے وعظ وغیرہ کو سنیں اور ان کے دل سے غرور و تکبر نکل جائے۔ اور آپ کی صحبت بابرکت سے یہ ایمان کی دولت سے مالا مال ہو جائیں۔ تبلیغ دین کے لئے یہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ان کے مطالبے کو مان لیا جائے۔ چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کفار کی درخواست کو قبول فرمالیا۔ کفار بولے آپ ہمیں یہ تحریر فرمادیں۔ چنانچہ حضرت علی رضی اللہ عنہ دوات و قلم وغیرہ لے کر حاضر ہوئے تو یہ آیتِ کریمہ نازل ہوئیں۔ اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کفار کے مطالبے کو ماننے سے انکار فرما دیا اور کاغذ اور قلم و دوات وغیرہ واپس کر دیئے۔ (تفسیر خازن، تفسیر روح المعانی، تفسیر کبیر، تفسیر روح البیان، تفسیر خزائن الفرقان، تفسیر ہادی وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ كَذٰلِكَ فَتَنَّا بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لِّيَقُوْلُوْۤا اَهٰۤؤُلَآءِ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنْۢ بَيْنِنَا ؕ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَعْلَمَ بِالشّٰكِرِيْنَ ﴿۵۳﴾ (پارہ 7۔ سورۃ الانعام، آیت نمبر 53)

ترجمہ کنزالایمان: اور یونہی ہم نے ان میں ایک دوسرے کے لئے فتنہ (آزمائش) بنایا کہ مالدار کافر محتاج مسلمانوں کو دیکھ کر کہیں کیا یہ ہیں جن پر اللہ نے احسان کیا ہم میں سے (بلکہ حق پر تو ہم ہیں) کیا اللہ خوب نہیں جانتا حق ماننے والوں (شکر گذار بندوں) کو۔

کفار کا جھوٹا گھمنڈ

سرداران قریش ابوجہل، عتبہ، شیبہ، امیہ بن خلف، ولید بن مغیرہ وغیرہ کے بعض غلام اور آزاد کردہ غلام مسلمان ہو گئے۔ جس پر یہ سرداران قریش حسد و جلن میں مبتلا ہو گئے۔ چنانچہ وہ لوگ ابوطالب کے پاس آ کر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شکایت کرنے لگے کہ محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے تو ہمارے غلاموں کو عزت دے کر اپنے قریب کر لیا ہے، پھر ہم کس طرح ان پر ایمان لا سکتے ہیں۔ آپ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کہہ دیں کہ ان لوگوں کو اپنے پاس سے نکال دیں تا کہ ہمارے دل میں محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عزت اور عظمت پیدا ہو پھر ہو سکتا ہے ہم بھی اسلام قبول کر لیں۔ بعض

Marfat.com

تو کہنے لگے کہ اللہ تو ہم سے بہت خوش اور راضی ہے اس لئے اس نے ہمیں ہر طرح کی دینی و دنیاوی نعمتیں عطا فرمائی ہیں۔ ہمیں حرمین میں سکونت بخشی، کعبہ کی خدمت کی توفیق دی، حجاج کی خدمت، آبِ زم زم وغیرہ کے انتظامات، دولت، مال، سرداری، جاہ وحشمت، طاقت، قوت، سب کچھ عطا فرمایا اگر اسلام حق ہوتا تو ہمیں پہلے ہی اس کی توفیق دے دی جاتی اور ہم ہی اس کے مستحق ہوتے۔ ابوطالب نے یہ تمام معاملہ عرض کر دیا۔ تب یہ آیات نازل ہوئیں۔ (تفسیر ابن کثیر، تفسیر ابن عباس، تنویر المقیاس)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَ اِذَا جَآءَكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِنَا فَقُلْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ۙ اَنَّهٗ مَنْ عَمِلَ مِنْكُمْ سُوْٓءًا بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابَ مِنْ بَعْدِهٖ وَ اَصْلَحَ فَاَنَّهٗ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۵۴﴾ وَ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ وَ لِتَسْتَبِيْنَ سَبِيْلُ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۵۵﴾

(پارہ 7۔ سورۃ الانعام، آیت نمبر 54-55)

ترجمہ کنزالایمان: اور جب تمہارے حضور وہ حاضر ہوں جو ہماری آیتوں پر ایمان لاتے ہیں تو ان سے فرماؤ تم پر سلام تمہارے رب نے اپنے ذمہ کرم پر (تمھارے لیے) رحمت لازم کرلی ہے کہ تم میں جو کوئی نادانی سے کچھ برائی (گناہ) کر بیٹھے پھر اس کے بعد توبہ کرے اور سنور جائے (نیک عمل کرے) تو بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے، اور اسی طرح ہم آیتوں کو مفصل بیان فرماتے ہیں اور اس لیے کہ مجرموں کا راستہ (طریقہ) ظاہر ہو جائے (تاکہ اس سے بچا جائے)۔

رب عزوجل کا ذمہ کرم

اس آیت کریمہ کے شانِ نزول میں مختلف روایات بیان کی گئی ہیں۔ (۱) یہ آیات بھی انہی حضرات صحابہ کے متعلق نازل ہوئیں جن کے متعلق پچھلی آیات نازل ہوئی تھیں اور یہ انہی آیات کا تتمہ ہیں۔ (۲) جب کفار مکہ نے فقراء صحابہ کو مجلس و وعظ سے الگ کر دینے کا مطالبہ کیا تو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے انکے مطالبے کو مان لینے کی رائے دی تاکہ یہ کفار مکہ کسی طرح اسلام قبول کرلیں جب گزشتہ آیات نازل ہوئیں۔ (۳) یہ آیات تا قیامت تمام مومنین کے متعلق نازل ہوئیں جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں بابرکت میں جسمانی یا قلبی طور پر حاضر ہوں۔ (۴) یہ آیات اصحابِ صفہ کے متعلق نازل ہوئیں جو فقراء و

Marfat.com

مساکین تھے اور جنہوں نے خود کو علم دین سیکھنے کے لئے وقف کر رکھا تھا۔ (۵) بعض لوگ بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہوکر عرض گزار ہوئے کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم بڑے گناہ گار ہیں اور ہم نے گناہ کئے ہیں اب اسکا کیا کریں۔تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خاموشی اختیار فرمائی۔تب یہ آیاتِ کریمہ نازل ہوئیں۔

(تفسیر خازن،تفسیر کبیر،تفسیر روح البیان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ اِنِّیْ نُهِیْتُ اَنْ اَعْبُدَ الَّذِیْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِؕ قُلْ لَّاۤ اَتَّبِعُ اَهْوَآءَكُمْۙ قَدْ ضَلَلْتُ اِذًا وَّ مَاۤ اَنَا مِنَ الْمُهْتَدِیْنَ ﴿۵۶﴾ قُلْ اِنِّیْ عَلٰى بَیِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّیْ وَ كَذَّبْتُمْ بِهٖؕ مَا عِنْدِیْ مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖؕ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِؕ یَقُصُّ الْحَقَّ وَ هُوَ خَیْرُ الْفٰصِلِیْنَ ﴿۵۷﴾ قُلْ لَّوْ اَنَّ عِنْدِیْ مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ لَقُضِیَ الْاَمْرُ بَیْنِیْ وَ بَیْنَكُمْؕ وَ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِالظّٰلِمِیْنَ ﴿۵۸﴾ (پارہ7۔سورۃ الانعام،آیت نمبر 56-58)

ترجمہ کنزالایمان: تم فرماؤ مجھے منع کیا گیا ہے کہ انہیں پوجوں جن کو تم اللہ کے سوا پوجتے ہو تم فرماؤ میں تمہاری خواہشوں پر نہیں چلتا یوں ہو تو میں بہک جاؤں اور راہ پر نہ رہوں،تم فرماؤ میں تو اپنے رب کی طرف سے روشن دلیل پر ہوں (حق جانتا ہوں) اور تم اسے جھٹلاتے ہو میرے پاس نہیں جس (عذاب کو لانے) کی تم جلدی مچا رہے ہو (مجھے) حکم نہیں مگر اللہ کا (جب حکم ہو) وہ حق فرماتا ہے اور وہ سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا،تم فرماؤ اگر میرے پاس (قبضے میں) ہوتی وہ چیز (عذاب) جس کی تم جلدی کر رہے ہو تو مجھ میں تم میں کام ختم (فیصلہ) ہو چکا ہوتا اور (تم پر عذاب آ چکا ہوتا) اللہ خوب جانتا ہے ستمگاروں کو۔

عذابِ الٰہی کا مطالبہ

جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کفار مکہ کو اسلام کی دعوت دی اور ایمان نہ لانے پر عذاب الٰہی سے ڈرایا تو سردارانِ مکہ مذاق اڑاتے ہوئے بطور تمسخر کہنے لئے کہ اگر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سچے ہیں تو وہ عذاب جس سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمیں ڈراتے ہیں وہ جلد لے آیئے ہمیں اسکا انتظار ہے۔ان کے جواب میں یہ آیات نازل ہوئیں۔ایک دوسری روایت کے مطابق بعض کفار نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مطالبہ کیا کرتے تھے کہ مکہ کے پہاڑوں کو سونے کا بنادیں۔اور مکہ کی زمین کو زرخیز اور قابل کاشت بنا کر یہاں نہریں،ندیاں جاری فرمادیں۔

Marfat.com

یہ معجزات جلد دکھایئے ورنہ ہم جان لیں گے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے رسول نہیں۔ان کے جواب میں یہ آیات کریمہ نازل کی گئیں۔(تفسیر خازن،تفسیر روح المعانی،تفسیر کبیر،تفسیر روح البیان،وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ اِذَا رَاَیْتَ الَّذِیْنَ یَخُوْضُوْنَ فِیْۤ اٰیٰتِنَا فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ حَتّٰى یَخُوْضُوْا فِیْ حَدِیْثٍ غَیْرِهٖؕ وَ اِمَّا یُنْسِیَنَّكَ الشَّیْطٰنُ فَلَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّكْرٰى مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ۝۶۸

(پارہ 7۔سورۃ الانعام،آیت نمبر 68)

ترجمہ کنزالایمان: اور اے سننے والے! جب تو انہیں دیکھے جو ہماری آیتوں میں پڑتے (الجھتے) ہیں تو ان سے منہ پھیر لے (دور ہو جا) جب تک اور بات میں پڑیں، (مشغول ہو جائیں) اور جو کہیں (اگر) تجھے شیطان (یہ حکم) بھلاوے تو یاد آئے پر ظالموں (کافروں) کے پاس نہ بیٹھ۔

کفار کی بیہودہ گوئی

کفار مکہ مسلمانوں کو ستانے،قلبی اذیتیں دینے،رنج پہنچانے کے لئے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بلکہ حضرت جبرئیل علیہ السلام حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ کی شان میں بکواس کرتے پھرتے تھے۔ہجرت سے قبل تو مسلمان ان کا کچھ نہ بگاڑ سکتے،لہٰذا دل مسوس کر رہ جاتے۔تب یہ آیاتِ کریمہ نازل ہوئیں۔(تفسیر خازن وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ مَا عَلَى الَّذِیْنَ یَتَّقُوْنَ مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَیْءٍ وَّ لٰكِنْ ذِكْرٰى لَعَلَّهُمْ یَتَّقُوْنَ ۝۶۹ (پارہ 7۔سورۃ الانعام،آیت نمبر 69)

ترجمہ کنزالایمان: اور پرہیزگاروں پر (جو مجبوراً بیٹھے ہوں) ان کے حساب سے کچھ (مواخذہ) نہیں ہاں (انھیں) نصیحت دینا شاید وہ باز آئیں۔

کفار سے معاملات

جن گزشتہ آیات واذا رایت الذین نازل ہوئی تو مسلمان بارگاہ رسالت میں عرض گزار ہوئے: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اگر ہمیں کفار کے پاس بیٹھنے کی ممانعت ہے تو پھر کیونکر دینی و دنیاوی کام کر سکتے ہیں کیونکہ

Marfat.com

یہ کفار تو ہر جگہ ہی موجود ہوتے ہیں۔ حتیٰ کہ مسجد حرام شریف میں بھی، پھر ہم تو کعبہ اور حرم شریف میں نماز وغیرہ کس طرح ادا کر سکیں گے۔ تب یہ آیات کریمہ نازل ہوئیں۔ (تفسیر کبیر، تفسیر روح المعانی، تفسیر مدارک وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ اَنَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُنَا وَلَا يَضُرُّنَا وَنُرَدُّ عَلٰٓى اَعْقَابِنَا بَعْدَ اِذْ هَدٰىنَا اللّٰهُ كَالَّذِى اسْتَهْوَتْهُ الشَّيٰطِيْنُ فِى الْاَرْضِ حَيْرَانَ ۖ لَهٗٓ اَصْحٰبٌ يَّدْعُوْنَهٗٓ اِلَى الْهُدَى ائْتِنَا ۭ قُلْ اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى ۭ وَاُمِرْنَا لِنُسْلِمَ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝۷۱ وَاَنْ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّقُوْهُ ۭ وَهُوَ الَّذِىْٓ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ۝۷۲

(پارہ 7۔ سورۃ الانعام، آیت نمبر 71-72)

ترجمہ کنزالایمان: تم فرماؤ کیا ہم اللہ کے سوا اس (جھوٹے معبود) کو پوجیں جو ہمارا نہ بھلا کرے (نفع دے سکیں) نہ برا (نقصان پہنچا سکیں) اور الٹے پاؤں (کفر کی طرف) پلٹا دیے جائیں بعد اس کے کہ (جبکہ) اللہ نے ہمیں (اسلام کی) راہ دکھائی (اور ہم) اس کی طرح (ہو جائیں) جسے شیطان نے زمین میں راہ بھلا دی (بہکا دیا) حیران ہے (کہ کہاں جائے) اس کے رفیق اسے (ہدایت کی) راہ کی طرف بلا رہے ہیں کہ ادھر آ، (ہدایت اِدھر ہے) تم فرماؤ کہ اللہ ہی کی ہدایت ہدایت ہے اور ہمیں حکم ہے کہ ہم اس کے لیے گردن رکھ دیں (فرمانبردار رہیں) جو رب ہے سارے جہان اور یہ کہ نماز قائم رکھو اور اس سے ڈرو، اور وہی ہے جس کی طرف اٹھنا ہے، (اور حساب دینا ہے)۔

بت پرستی کی دعوت

ایک مرتبہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے بیٹے عبدالرحمن جو اس وقت تک مسلمان نہ ہوئے تھے۔ انہوں نے اپنے والد سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ کو شرک و بت پرستی کی دعوت دی۔ چنانچہ انکی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ بعض روایات کے مطابق ایک مرتبہ مشرکین مکہ نے فقراء مسلمین کو اسلام چھوڑ کر شرک اختیار کرنے کی دعوت دی اور انہیں اس کے بدلے خوب مال و دولت کا لالچ بھی دیا۔ تو ان کفار کی تردید میں یہ آیات نازل کی گئیں۔ (تفسیر صاوی، تفسیر مدارک، تفسیر بیضاوی، تفسیر روح المعانی، تفسیر ابن کثیر، تفسیر المقیاس وغیرہ)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖٓ اِذْ قَالُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى بَشَرٍ مِّنْ شَیْءٍ ؕ قُلْ مَنْ اَنْزَلَ الْكِتٰبَ الَّذِیْ جَآءَ بِهٖ مُوْسٰى نُوْرًا وَّ هُدًى لِّلنَّاسِ تَجْعَلُوْنَهٗ قَرَاطِیْسَ تُبْدُوْنَهَا وَ تُخْفُوْنَ كَثِیْرًا ۚ وَ عُلِّمْتُمْ مَّا لَمْ تَعْلَمُوْٓا اَنْتُمْ وَ لَاۤ اٰبَآؤُكُمْ ؕ قُلِ اللّٰهُ ۙ ثُمَّ ذَرْهُمْ فِیْ خَوْضِهِمْ یَلْعَبُوْنَ ﴿۹۱﴾ (پارہ 7۔سورۃ الانعام، آیت نمبر 91)

ترجمہ کنزالایمان: اور یہود نے اللہ کی قدر نہ جانی جیسی چاہیے تھی جب بولے اللہ نے کسی آدمی پر کچھ نہیں اتارا، تم فرماؤ کس نے اُتاری وہ کتاب جو موسیٰ لائے تھے روشنی اور لوگوں کے لیے ہدایت جس کے تم نے الگ الگ کاغذ بنا لیے (اپنی خواہش کے مطابق) ظاہر کرتے ہو اور بہت سے چھپا لیتے ہو (کچھ حصہ بدل دیا کچھ چھپالیا) اور تمہیں وہ سکھایا (علم دیا) جاتا ہے جو نہ تم کو معلوم تھا نہ تمہارے باپ دادا کو، اللہ کہو، (اللہ نے کتاب اتاری) پھر انہیں چھوڑ دو ان کی بیہودگی میں انہیں کھیلتا (مشغول)۔

یہودی عالم کی معزولی

کفار قریش نے یہود کے عالم ابن صیف کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مناظرہ کرنے کے لئے بلایا تا کہ یہ اپنی چرب زبانی و حاضر جوابی سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو لاجواب کر دے۔ اور لوگ یہ دیکھ کر آپ پر ایمان نہ لائیں۔ جب ابن صیف مناظرے کے لئے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے حاضر ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے دریافت فرمایا تو توریت کا علم رکھتا ہے۔ وہ بولا اس وقت پورے عرب میں مجھ سے بڑا توریت کا عالم کوئی نہیں۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرمایا کہ تجھے رب عزوجل کی قسم ہے جس نے موسیٰ علیہ السلام پر توریت نازل فرمائی، توریت میں یہ آیت ہے کہ اللہ تعالیٰ موٹے پادری کو ناپسند فرماتا ہے۔ وہ بولا ہاں یہ ہے۔ تو آپ نے فرمایا کہ تو بہت موٹا تازہ ہے مجھ سے مناظرہ تو بعد میں کرنا پہلے تو اپنے ایمان کو ثابت کر۔ اس پر ابن صیف گھبرا گیا اور جھلا کر بولا کہ اللہ نے کسی بشر پر کچھ نہ اتارا نہ وحی نہ کتاب۔ اس کی اس بکواس پر خود یہودی اس پر لعنت ملامت کرنے لگے کہ تو نے تو توریت کا ہی انکار کر ڈالا۔ وہ بولا مجھے غصہ آ گیا تھا غصے میں میرے منہ سے نکل گیا تھا۔ یہود بولے تو نے تو غصے میں ہمارے مذہب کو ہی جھٹلا دیا ہے تو ہماری سرداری کے قابل نہیں چنانچہ اسے سرداری سے معزول کر کے اسکی جگہ کعب بن اشرف کو اپنا سردار مقرر کر لیا۔ (تفسیر خازن، تفسیر خزائن الفرقان، تفسیر کبیر، تفسیر مدارک وغیرہ)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰی عَلَی اللّٰہِ کَذِبًا اَوْ قَالَ اُوْحِیَ اِلَیَّ وَ لَمْ یُوْحَ اِلَیْہِ شَیْءٌ

(پارہ 7۔سورۃ الانعام، آیت نمبر 93)

ترجمہ کنزالایمان: اوراس سے بڑھ کرظالم کون جواللہ پرجھوٹ باندھے یا(یا جھوٹی بات منسوب کرے) کہے مجھے وحی ہوئی اوراسے کچھ وحی نہ ہوئی۔

جھوٹا دعویٰ نبوت

مسیلمہ کذاب اور اسود عنسی نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دور مبارک میں جھوٹی نبوت کا دعویٰ کیا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے وصال سے دو دن قبل اسود عنسی کذاب کے متعلق خبر دے دی تھی کہ اسے فیروز ویلمی وسلمی نے قتل کر دیا۔اور فرمایا کہ فیروز کامیاب ہوا۔جبکہ مسلمہ کذاب جوخود کو نبی کہتا تھا اور جھوٹی آیات اپنی طرف سے گھڑ گھڑ کر سناتا تھا اسے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے دور مبارک میں حضرت وحشی رضی اللہ عنہ نے جہنم واصل کیا۔ان دونوں کذابوں کے متعلق آیت کریمہ کا یہ پہلا جزو نازل فرمایا گیا۔

(تفسیر خازن، تفسیر خزائن العرفان، تفسیر روح المعانی و بیان، تفسیر کبیر)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَّمَنْ قَالَ سَاُنْزِلُ مِثْلَ مَآ اَنْزَلَ اللّٰہُ ؕ (پارہ 7۔سورۃ الانعام، آیت نمبر 93)

ترجمہ کنزالایمان: اور جو کہے ابھی میں اُتارتا ہوں ایسا جیسا (قرآن) اللہ نے اُتارا۔

زمین نے نعش باہر پھینک دی

نضر بن حارث یہ جھوٹا دعویٰ کرتا تھا کہ میں بھی قرآن مجید جیسا کلام بنا سکتا ہوں۔اور بہت سی جھوٹی عبارتیں قرآن مجید کے مقابل بنا کر لوگوں کو سنایا کرتا تھا۔بعض روایات کے مطابق عبداللہ ابن سعد ابی سرخ جو پہلے مسلمان تھا اور کاتب وحی میں سے تھا۔جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے اٹھارویں پارے کی آیت کریمہ ولقد خلقنا الانسان من سلالة لکھوائی تو یہ بہت متعجب ہوا اس کے منہ سے بے اختیار نکلا فتبارك الله احسن الخالقين تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے فرمایا کہ اس آیت کریمہ کا آخری حصہ یہی ہے اسے لکھ لے۔اس پر وہ گھمنڈ میں مبتلا ہو گیا اور مرتد ہو گیا اور مکہ معظّمہ سے بھاگ گیا اور کفار مکہ سے کہنے لگا جیسے محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سچے نبی ہیں تو ایسے ہی میں بھی سچا نبی ہوں کہ مجھ پر بھی اس آیت کا آخری حصہ

Marfat.com

نازل ہوا ہے۔ روایت کے مطابق یہ شخص فتح مکہ سے کچھ پہلے بارگاہ رسالت میں حاضر ہو کر توبہ کر کے مسلمان ہو گیا۔ جبکہ مرقات شرح مشکوۃ میں فرمایا گیا ہے کہ یہ شخص کفر پر ہی مرا۔ اس کی نعش زمین سے باہر نکال پھینکی۔ اس کے متعلق آیت کا یہ دوسرا جز نازل ہوا۔ (تفسیر خازن، تفسیر خزائن العرفان، تفسیر روح المعانی و بیان، تفسیر کبیر)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَلَقَدْ جِئْتُمُوْنَا فُرَادٰى كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّتَرَكْتُمْ مَّا خَوَّلْنٰكُمْ وَرَآءَ ظُهُوْرِكُمْ ۚ وَمَا نَرٰى مَعَكُمْ شُفَعَآءَكُمُ الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ اَنَّهُمْ فِيْكُمْ شُرَكٰٓؤُا ؕ لَقَدْ تَّقَطَّعَ بَيْنَكُمْ وَضَلَّ عَنْكُمْ مَّا كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿۹۴﴾ (پارہ 7۔ سورۃ الانعام، آیت نمبر 94)

ترجمہ کنزالایمان: اور بیشک تم ہمارے پاس اکیلے آئے جیسا ہم نے تمہیں پہلی بار پیدا کیا تھا اور پیٹھ پیچھے (دنیا میں ہی) چھوڑ آئے جو مال و متاع ہم نے تمہیں دیا تھا اور ہم تمہارے ساتھ تمہارے ان سفارشیوں (بتوں پادریوں وغیرہ) کو نہیں دیکھتے جن کا تم اپنے میں ساجھا (عبادات میں اللہ کا شریک) بتاتے تھے بیشک تمہارے آپس کی ڈور کٹ گئی (رشتے ٹوٹ گئے) اور تم سے گئے (جھوٹے ثابت ہو گئے) جو دعوے (بخشوانے کے وعدے) کرتے تھے۔

کفار کا غرور و تکبر

کفار مکہ فقراء و مساکین مسلمانوں کو دیکھ کر غرور سے کہا کرتے تھے، ہمارے پاس مال و دولت جاہ و حشمت کسی چیز کی کمی نہیں۔ جیسے ہم دنیا میں آرام و آسائش میں ہیں اور ان سے بہتر ہیں۔ یونہی ہم آخرت میں بھی ان سے افضل اور برتر اور آرام سے ہونگے۔ اللہ ہم سے راضی اور خوش ہے اور ان سے ناراض جبھی تو ہمیں سب کچھ عطا فرمایا اور انہیں فقر میں مبتلا کیا۔ چنانچہ ان کی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئیں۔ بعض روایات کے مطابق نضر ابن حارث یہ کہتا پھرتا تھا کہ میرے لات و عزیٰ اور دوسرے بت بروز قیامت میری شفاعت کریں گے۔ چنانچہ اسکی تردید میں آیت کریمہ نازل ہوئیں۔ (تفسیر روح البیان، تفسیر روح العانی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ الْجِنَّ وَخَلَقَهُمْ وَخَرَقُوْا لَهٗ بَنِيْنَ وَبَنٰتٍۢ بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ (پارہ 7۔ سورۃ الانعام، آیت نمبر 100)

Marfat.com

ترجمہ کنزالایمان: اور اللہ کا شریک ٹھہرایا جنوں کو حالانکہ اسی نے ان کو بنایا اور اس (اللہ) کے لیے بیٹے اور بیٹیاں گھڑلیں جہالت سے، پاکی (بے عیب ہے) اور برتری ہے اس کو ان کی باتوں سے۔

کفار عرب کے بیہودہ عقیدے

کفار عرب کے مختلف فرقوں میں سے ایک فرقہ کا عقیدہ یہ تھا کہ اللہ تعالیٰ اور ابلیس آپس میں بھائی بھائی ہیں۔ (معاذ اللہ) انسان اور بے ضرر جانور تو اللہ تعالیٰ نے پیدا کئے ہیں اور اس کے علاوہ برائیاں بھی ابلیس نے یہ پیدا کی ہیں۔ اس فرقہ کا نام عربی میں زندیق ہوا۔ بعض کا عقیدہ تھا کہ فرشتے اللہ تعالیٰ کی بیٹیاں ہیں۔ بعض کے نزدیک حضرت عیسیٰ علیہ السلام یا عزیر علیہ السلام اللہ کے بیٹے ہیں۔ چنانچہ ان سب کی تردید میں یہ آیات کریمہ نازل ہوئیں۔ (تفسیر روح البیان، تفسیر خازن، تفسیر کبیر، تفسیر روح المعانی وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَلَا تَسُبُّوا الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَسُبُّوا اللّٰهَ عَدْوًۢا بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ كَذٰلِكَ زَيَّنَّا لِكُلِّ اُمَّةٍ عَمَلَهُمْ ۪ ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ مَّرْجِعُهُمْ فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۰۸﴾ (پارہ 7۔ سورۃ الانعام، آیت نمبر 108)

ترجمہ کنزالایمان: اور انہیں (بتوں وغیرہ کو) گالی نہ دو وہ جن کو وہ اللہ کے سوا پوجتے ہیں کہ وہ (جواباً) اللہ کی شان میں بے ادبی کریں گے زیادتی (بڑھ چڑھ کر برا کہیں گے) اور جہالت سے (ضد میں آ کر) یونہی ہم نے ہر اُمت (کے کفار کی) کی نگاہ میں اس کے عمل (کفر و گناہ) بھلے کر دیے (اچھے کر کے دکھا دیئے) ہیں پھر انہیں اپنے رب کی طرف پھرنا (حساب و عذاب کے لیے حاضر ہونا) ہے اور وہ انہیں بتا دے گا جو کرتے تھے۔

کفار کا گستاخانہ مکالمہ

پہلے مسلمان کفار اور ان کے جھوٹے معبودوں کو برا بھلا کہتے تھے اور ان کا مذاق اڑایا کرتے تھے۔ تو جواباً کفار بھی مسلمانوں اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حتیٰ کہ اللہ کی شان میں بھی گستاخی و بے ادبی کرتے اور انہیں برا بھلا کہتے تھے، اور مسلمان انہیں روکنے کی طاقت نہیں رکھتے تھے۔ لہٰذا اس موقع پر یہ آیت کریمہ نازل کی گئیں۔ ایک اور روایت کے مطابق جب حضرت ابو طالب کی وفات کا وقت قریب آیا تو قریش کے سردار

Marfat.com

ابوجہل امیہ بن خلف وغیرہ ان کے پاس آئے اور کہنے لگے کہ آپ اپنے بھتیجے محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو اپنی وفات سے قبل سمجھا دیں کہ وہ ہمارے بتوں اور ہماری مخالفت چھوڑ دیں۔ ورنہ ایسا نہ ہو کہ آپکی وفات کے بعد ہم انہیں قتل کر دیں اور لوگ باتیں بنائیں کہ ابو طالب کے وفات پاتے ہی قریش نے محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو قتل کر دیا۔ چنانچہ ابو طالب نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تمام بات بتائی تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا پہلے تم میری ایک بات مان لو۔ ابوجہل بولا وہ کیا؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا اسلام قبول کرلو تو تمام اختلاف ہی ختم ہو جائیگا۔ کفار نے صاف انکار کر دیا اور کہنے لگے اگر آپ ہمارے بتوں کو بُرا کہیں گے تو ہم بھی آپ کے رب کو بُرا کہیں گے۔ تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن، تفسیر روح المعانی، تفسیر ابن کثیر وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ اَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَیْمَانِهِمْ لَئِنْ جَآءَتْهُمْ اٰیَةٌ لَّیُؤْمِنُنَّ بِهَا ؕ قُلْ اِنَّمَا الْاٰیٰتُ عِنْدَ اللّٰهِ وَ مَا یُشْعِرُكُمْ ۙ اَنَّهَاۤ اِذَا جَآءَتْ لَا یُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۰۹﴾ وَ نُقَلِّبُ اَفْـِٕدَتَهُمْ وَ اَبْصَارَهُمْ كَمَا لَمْ یُؤْمِنُوْا بِهٖۤ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّ نَذَرُهُمْ فِیْ طُغْیَانِهِمْ یَعْمَهُوْنَ ﴿۱۱۰﴾ ع

(پارہ 7۔ سورۃ الانعام، آیت نمبر 109-110)

ترجمہ کنزالایمان: اور انہوں نے اللہ کی قسم کھائی اپنے حلف میں پوری کوشش سے کہ اگر ان کے پاس کوئی نشانی آئی (معجزات آئے) تو ضرور اس پر ایمان لائیں گے، تم فرمادو کہ نشانیاں تو اللہ کے پاس ہیں اور تمہیں کیا خبر کہ جب وہ (معجزات) آئیں تو یہ ایمان نہ لائینگے اور ہم پھیر دیتے ہیں (محروم کر دیتے ہیں) ان کے دلوں (کو حق قبول کرنے سے) اور آنکھوں کو (حق دیکھنے سے) جیسا وہ پہلی بار ایمان نہ لائے تھے اور انہیں چھوڑ دیتے ہیں کہ اپنی سرکشی (کفر و شرک) میں بھٹکا کریں۔

مشرکین کی جھوٹی قسم

جب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی: نزول علیھم یعنی اگر ہم چاہیں تو ان پر آسمانی نشانی اتار دیں جس سے ان کی گردنیں اسکے سامنے جھک جائیں تب مشرکین نے قسم کھا کر کہا اگر آپ ہمیں منہ مانگا آسمانی معجزہ دکھا دیں تو ہم ایمان قبول کرلیں گے۔ چنانچہ انکی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ ایک دوسری روایت کے مطابق ایک مرتبہ سرداران قریش نے بارگاہ رسالت میں یہ مطالبہ کیا کہ موسیٰ علیہ السلام نے عصا کا معجزہ دکھایا۔

Marfat.com

عیسیٰ علیہ السلام نے مردے زندہ کرنے، اندھوں کو کرنے، کوڑھی کو شفاء دینے کا معجزہ دکھایا۔ صالح علیہ السلام نے پتھر سے اونٹنی نکالنے کا معجزہ دکھایا۔ آپ بھی ہمیں ایسا ہی کوئی معجزہ دکھائیں۔ تو ہم آپ پر ایمان لے آئینگے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تم کونسا معجزہ دیکھنا چاہتے ہو۔ وہ بولے کہ صفاء کے پہاڑ سونے کے بنادیں، اور ہمارے مردہ رشتہ داروں کو زندہ فرمادیں۔ تاکہ ان سے ہم آپکی سچائی کی گواہی لے لیں۔ اور ہمارے پاس فرشتوں کو بلادیں تاکہ ہم ان سے بھی آپ کے متعلق پوچھ لیں کہ آپ واقعی اللہ کے نبی ہیں پھر ہم ایمان لے آئینگے۔ بعض مومنین نے بھی ان کی حمایت کی کہ اگر یہ ایمان لے آتے ہیں تو بہت اچھا ہوجائیگا۔ اس پر جبرئیل علیہ السلام حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ انکا یہ مطالبہ صبح سے پہلے ہی پورا کردیا جائیگا مگر یہ ایمان نہ لائینگے اور ہلاک کردیئے جائینگے۔ اور اگر آپ نے ان کا یہ مطالبہ پورا نہ کیا اور معجزہ نہ دکھایا تو اس وقت تک یہ ایمان نہ لائینگے۔ مگر بعد میں بہت سے ان میں سے ایمان لاسکتے ہیں۔ چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا پھر تو میں ان کا یہ مطالبہ پورا کرنا نہیں چاہتا، نہ ہی ان کی ہلاکت چاہتا ہوں۔ تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئیں۔

(تفسیر خازن، تفسیر کبیر، تفسیر روح المعانی وروح البیان، تفسیر صاوی، تفسیر ابن کثیر وغیرہ)

Marfat.com

آٹھواں پارہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ لَوْ اَنَّنَا نَزَّلْنَآ اِلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةَ وَ كَلَّمَهُمُ الْمَوْتٰى وَ حَشَرْنَا عَلَيْهِمْ كُلَّ شَيْءٍ قُبُلًا مَّا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْٓا اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ يَجْهَلُوْنَ ﴿۱۱۱﴾

(پارہ 8۔ سورۃ الانعام، آیت نمبر 111)

ترجمہ کنزالایمان: اور اگر ہم ان کی طرف فرشتے اُتارتے (جو اسلام کی گواہی دیتے) اور ان سے مردے (اسلام کے حق ہونے پر) باتیں کرتے اور ہم (دنیا کی) ہر چیز ان کے سامنے اٹھالاتے (کہ سب اسلام کی گواہی دیتیں) جب بھی وہ ایمان لانے والے نہ تھے مگر یہ کہ خدا چاہتا (تو ایمان لے آتے) ولیکن ان میں بہت نرے جاہل ہیں۔

سرداران قریش کا ازراہِ تمسخر مطالبہ

ایک مرتبہ سرداران قریش ولید ابن مغیرہ مخزومی، عاص ابن وائل سہمی، اسود ابن عبد، یغوث زہری، اسود بن مطلب اور حارث ابن حنظلہ دیگر کفار قریش کے ہمراہ خدمت اقدس صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر ہو کے عرض گزار ہوئے کہ آپ ہمارے بزرگوں میں سے ابن کلاب اعور جد عان این عمرو کو زندہ کر دے جنہیں فوت ہوئے کافی عرصہ گزر چکا ہے سارے قریش ان کی بات مانتے ہیں انھیں سچا جانتے ہیں اگر یہ زندہ ہو کر اسلام کی سچائی اور آپ کی حقانیت کی گواہی دیں گے تو ہم فوراً اسلام قبول کر لینگے۔ چناچہ انکی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی کیونکہ انکا یہ مطالبہ بھی دیگر مطالبوں کی طرح محض دل لگی اور شغل کے طور پر تھا۔

(تفسیر خازن، خزائن العرفان، تفسیر کبیر، روح البیان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَفَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْتَغِيْ حَكَمًا وَّ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ اِلَيْكُمُ الْكِتٰبَ مُفَصَّلًا ؕ وَ الَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْلَمُوْنَ اَنَّهٗ مُنَزَّلٌ مِّنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ﴿۱۱۴﴾ وَ تَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقًا وَّ عَدْلًا ؕ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَ هُوَ

Marfat.com

السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ ﴿۱۱۵﴾ (پارہ8۔سورۃ الانعام،آیت نمبر 114-115)

ترجمہ کنزالایمان: (اے محبوب ان سے پوچھو) تو کیا اللہ کے سوا میں کسی اور کا فیصلہ چاہوں اور وہی ہے جس نے تمہاری طرف مفصل کتاب اُتاری اور جن کو ہم نے کتاب دی وہ جانتے ہیں کہ یہ تیرے رب کی طرف سے سچ اترا ہے تو اے سننے والے تو ہرگز شک والوں میں نہ ہو، اور پوری ہے تیرے رب کی بات سچ اور انصاف میں اس کی باتوں کا کوئی بدلنے والا نہیں اور وہی ہے سنتا جانتا۔

کفار مکہ کی سازش

ایک مرتبہ سرداران قریش بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ والہ وسلم میں حاضر ہوئے اور کہنے لگے کہ آپ خود کو اللہ کا نبی بتاتے ہیں۔اور اسلام کو دین حق کہتے ہیں اور قرآن کو اللہ کی کتاب بتاتے ہیں جبکہ ہم ان سب باتوں کا انکار کرتے ہیں تو یوں کرتے ہیں ہم اسکا فیصلہ یہودوں نصاری کی پوپ اور پادریوں سے کروالیتے ہیں کہ یہ لوگ نہ تو ہمارے دین کے ماننے والے ہیں نہ آپکے، البتہ یہ لوگ پچھلی نازل شدہ کتابوں کا بخوبی علم رکھتے ہیں اگر وہ آپ کی تصدیق کردیں تو ہم آپکی بتائی ہوئی باتوں پر ایمان لے آئینگے تو پھر آپ اپنے دعووں سے دست بردار ہوجایئے گا یوں آپ کے اور ہمارے درمیان فیصلہ ہوجائے گا کہ کون حق پر ہے چناچہ انکی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی، کیونکہ انکی یہ سازش تھی کہ پوپ و پادریوں کو رشوتیں کھلا کر اسلام کے خلاف فیصلہ کروالینگے۔(تفسیر کبیر،تفسیر خزائن العرفان،تفسیر خازن،تفسیر روح المعانی وروح البیان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ اِنۡ تُطِعۡ اَکۡثَرَ مَنۡ فِی الۡاَرۡضِ یُضِلُّوۡکَ عَنۡ سَبِیۡلِ اللّٰہِ ؕ اِنۡ یَّتَّبِعُوۡنَ اِلَّا الظَّنَّ وَ اِنۡ ہُمۡ اِلَّا یَخۡرُصُوۡنَ ﴿۱۱۶﴾ اِنَّ رَبَّکَ ہُوَ اَعۡلَمُ مَنۡ یَّضِلُّ عَنۡ سَبِیۡلِہٖ ۚ وَ ہُوَ اَعۡلَمُ بِالۡمُہۡتَدِیۡنَ ﴿۱۱۷﴾ (پارہ8۔سورۃ الانعام،آیت نمبر 116-117)

ترجمہ کنزالایمان: اور اے سننے والے (مسلمان) زمین میں اکثر وہ ہیں کہ تو ان کے کہے پر چلے تو تجھے اللہ کی راہ سے بہکا دیں، وہ صرف گمان (باپ دادا کے غلط عقائد) کے پیچھے ہیں اور نری اٹکلیں (فضول اندازے) دوڑاتے ہیں تیرا رب خوب جانتا ہے کہ کون بہکا اس کی راہ سے اور وہ خوب جانتا ہے ہے ہدایت والوں کو۔

Marfat.com

مشرکین مکہ کی بھونڈی اٹکلیں

ایک مرتبہ مکہ کے مشرکین بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم میں حاضر ہوکر بولے کہ ایسی بکری جو ذبح ہوئے بغیر اپنی طبعی موت مرجائے تو اسے موت دینے والا کون ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا اللہ تعالیٰ اس پر وہ مشرکین کہنے لگے کہ آپ اور آپکے اصحاب کا تو یہ کہنا ہے کہ جسے آپ لوگ ذبح کر کے ماردیں وہ تو آپکے لئے حلال ہے اور جس کو شکرہ، باز، شکاری کتا مار دے وہ بھی آپ کیلئے حلال ہے مگر جسے اللہ تعالیٰ موت دے اور وہ اپنی موت مرجائے تو اسے آپ حرام کہتے ہیں آپ خود کو اللہ کا مطیع وفرمانبردار کہتے ہیں اور حال یہ ہے کہ اپنے مارے کو حلال اور اللہ کے مارے کو حرام کہتے ہیں، چنانچہ انکی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن، تفسیر صاوی)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فَكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كُنْتُمْ بِاٰيٰتِهٖ مُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ وَ مَا لَكُمْ اَلَّا تَاْكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَ قَدْ فَصَّلَ لَكُمْ مَّا حَرَّمَ عَلَيْكُمْ اِلَّا مَا اضْطُرِرْتُمْ اِلَيْهِ ؕ وَ اِنَّ كَثِيْرًا لَّيُضِلُّوْنَ بِاَهْوَآئِهِمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِالْمُعْتَدِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ (پارہ 8۔ سورۃ الانعام، آیت نمبر 118-119)

ترجمہ کنزالایمان: تو کھاؤ اس میں سے جس پر اللہ کا نام لیا گیا اگر تم اسکی آیتیں مانتے ہو، اور تمہیں کیا ہوا کہ اس میں سے نہ کھاؤ جس پر اللہ کا نام لیا گیا وہ تم سے مفصل بیان کر چکا جو کچھ تم پر حرام ہوا مگر جب تمہیں اس سے مجبوری ہو (جان کا خطرہ ہو تو کھالیں) اور بیشک بہتیرے (بہت سے) اپنی خواہشوں سے گمراہ کرتے ہیں (حلال حرام ٹھہراتے ہیں) بے جانے، بیشک تیرا رب حد سے بڑھنے والوں کو خوب جانتا ہے۔

تقویٰ اختیار کرنے کا شوق

امام ابونصر کی روایت کے مطابق بعض مسلمان تقویٰ اختیار کرنے کے شوق میں گوشت چربی اور دیگر اچھی غذاؤں سے پرہیز کرنے لگے کہ اسطرح نفس کشی کے ذریعے اور موٹا پہننے سادہ کہنے سے ہمیں تقویٰ حاصل ہوجائیگا چنانچہ ان حضرات کے لئے یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

جبکہ عام مفسرین کے نزدیک اس آیت کریمہ کا شانِ نزول وہی ہے جو پچھلی آیات میں بیان ہوا کہ مکہ

Marfat.com

کے مشرکین مسلمانوں پر یہ اعتراض کیا کرتے تھے کہ تم اللہ کے مارے کو حرام کہتے ہو اور خود جسے مارا ہو اس جانور کو حلال بتاتے ہو چنانچہ اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر روح المعانی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَذَرُوْا ظَاهِرَ الْاِثْمِ وَ بَاطِنَهٗ ؕ اِنَّ الَّذِیْنَ یَكْسِبُوْنَ الْاِثْمَ سَیُجْزَوْنَ بِمَا كَانُوْا یَقْتَرِفُوْنَ ﴿۱۲۰﴾ (پارہ 8۔ سورۃ الانعام، آیت نمبر 120)

ترجمہ کنزالایمان: اور چھوڑ دو کھلا اور چھپا گناہ، وہ جو گناہ کماتے ہیں عنقریب اپنی کمائی کی سزا پائیں گے۔

علانیہ وخفیہ گناہ

قبل از اسلام عرب کے لوگ علانیہ زنا کرتے اس پہ فخریہ طور پر اسکا ذکر کرتے اس سے متعلق قصائد کہتے اور شائع بھی کراتے مگر عرب کے بڑے لوگ علانیہ زنا کو تو عیب جانتے مگر خفیہ زنا کو وہ بھی برا نہ سمجھتے تھے چنانچہ ان تمام لوگوں کی فہمائش اور علانیہ اور خفیہ زنا سے ممانعت کیلئے یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

ایک دوسری روایت کے مطابق قبل از اسلام عرب کے لوگوں کا یہ دستور تھا کہ مرد دِن میں بیت اللہ کا ننگے ہو کر طواف کیا کرتے جبکہ عورتیں رات کے اندھیرے میں بالکل برہنہ ہو کر طواف کیا کرتی تھیں چنانچہ ان دونوں گناہوں سے ممانعت کیلئے یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر صاوی، تفسیر کبیر، تفسیر روح المعانی، تفسیر خازن وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ كَذٰلِكَ جَعَلْنَا فِیْ كُلِّ قَرْیَةٍ اَكٰبِرَ مُجْرِمِیْهَا لِیَمْكُرُوْا فِیْهَا ؕ وَ مَا یَمْكُرُوْنَ اِلَّا بِاَنْفُسِهِمْ وَ مَا یَشْعُرُوْنَ ﴿۱۲۳﴾ (پارہ 8۔ سورۃ الانعام، آیت نمبر 122)

ترجمہ کنزالایمان: اور اسی طرح ہم نے ہر بستی میں اس کے مجرموں کے سرغنہ کیے کہ اس میں داؤ کھیلیں (اسلام سے بھٹکائیں) اور داؤں نہیں کھیلتے مگر اپنی جانوں پر اور انہیں شعور نہیں۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان میں نازیبا الفاظ

سرداران قریش کا یہ معمول تھا کہ ان میں سے چار اشخاص مکہ معظّمہ جانے کے راستوں پر بیٹھ جایا کرتے

Marfat.com

جہاں سے لوگ عمرہ، حج یا بازار یا تجارت وغیرہ جانے کیلئے گزرا کرتے تھے اور یہ چاروں ہر آنے والے کو ورغلایا کرتے کہ تم مکہ جارہے ہو ذرا سنبھل کر رہنا کہ وہاں محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے پاس ہرگز نہ جانا کہ وہ جادوگر و کاہنا ہیں (معاذ اللہ) چنانچہ اس کے بارے میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَاِذَا جَآءَتْهُمْ اٰيَةٌ قَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ حَتّٰى نُؤْتٰى مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ رُسُلُ اللّٰهِ ۘ اَللّٰهُ اَعْلَمُ حَيْثُ يَجْعَلُ رِسَالَتَهٗ ۭ سَيُصِيْبُ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا صَغَارٌ عِنْدَ اللّٰهِ وَعَذَابٌ شَدِيْدٌۢ بِمَا كَانُوْا يَمْكُرُوْنَ ﴿۱۲۴﴾ (پارہ 8۔ سورۃ الانعام، آیت نمبر 124)

ترجمہ کنزالایمان: اور جب ان کے پاس کوئی نشانی آئے تو کہتے ہیں ہم ہرگز ایمان نہ لائیں گے جب تک ہمیں بھی ویسا ہی (نبوت کا اعزاز) نہ ملے جیسا اللہ کے رسولوں کو ملا اللہ خوب جانتا ہے جہاں اپنی رسالت رکھے عنقریب مجرموں کو اللہ کے یہاں ذلت پہنچے گی اور سخت عذاب بدلہ ان کے مکر (فریب) کا۔

خیالِ فاسد

ایک بار ولید بن معیزہ نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے کہنے لگا کہ اگر نبوت کوئی اچھی چیز ہے تو پھر تو اسکا میں زیادہ حقدار تھا کہ آپ سے عمر میں مال میں زیادہ ہوں، یوں ہی ابوجہل کا بھی یہ کہنا تھا کہ اب یہ وقت آیا کہ عبد مناف کی اولاد ہم سے شرافت و عزت میں بڑھ گئی کہ اب انکے میں سے ایک شخص خود کو اللہ کا نبی بتاتا ہے میں تو کبھی ہرگز ان پر ایمان نہ لاؤں گا ہاں جب کے مجھے بھی وحی آئے اور مجھے بھی نبوت ملے چنانچہ ان دونوں کی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر کبیر، صاوی، خازن، روح البیان وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ مِمَّا ذَرَاَ مِنَ الْحَرْثِ وَالْاَنْعَامِ نَصِيْبًا فَقَالُوْا هٰذَا لِلّٰهِ بِزَعْمِهِمْ وَهٰذَا لِشُرَكَآئِنَا ۚ فَمَا كَانَ لِشُرَكَآئِهِمْ فَلَا يَصِلُ اِلَى اللّٰهِ ۚ وَمَا كَانَ لِلّٰهِ فَهُوَ يَصِلُ اِلٰى شُرَكَآئِهِمْ ۭ سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ﴿۱۳۶﴾ (پارہ 8۔ سورۃ الانعام، آیت نمبر 126)

ترجمہ کنزالایمان: اور اللہ نے جو کھیتی اور مویشی پیدا کیے ان میں اسے ایک حصہ دار

Marfat.com

(اللہ کے نام کا حصہ) ٹھہرایا تو بولے یہ اللہ کا ہے ان کے خیال (فاسد) میں اور یہ ہمارے شریکوں (بتوں) کا تو وہ (حصہ) جو ان کے شریکوں کا ہے وہ تو خدا کو نہیں پہنچتا، اور جو خدا کا ہے وہ ان کے شریکوں کو پہنچتا ہے، کیا ہی برا حکم لگاتے ہیں۔

اللہ کے مال میں سے بتوں کا حصہ

قبل از اسلام کفار کا یہ دستور تھا کہ ان کے کھیتوں میں جو کچھ بھی پیداوار ہوتی یا ان کے جانور اونٹ بکریاں وغیرہ جو بچے دیتے یہ اسکے تین حصے کر لیتے ایک حصہ اللہ تعالیٰ کے نام کا جو وہ غریب مسکین مہمان اور دیگر اچھے کاموں کے لئے رکھتے ایک حصہ اپنے بتوں کے نام کا رکھتے جو بتوں کے چڑھاووں، بت خانوں، وہاں کے پجاریوں پر خرچ کیا جاتا اور تیسرا حصہ وہ خود اپنے خرچ کیلئے رکھ لیتے۔ اگر اللہ کے نام کے نکالے ہوئے حصہ میں سے کوئی جانور مر جاتا تو کوئی پرواہ نہ کرتے البتہ اگر بتوں کے حصہ والا جانور مر جاتا تو اللہ کے نام والے حصہ میں سے جانور نکال کر بتوں والے حصے میں ڈال دیتے اور اسی طرح اگر اللہ کے نام کے حصے میں سے کچھ بتوں کے حصہ میں گر جاتا تو اسے اسی میں رہنے دیتے لیکن اگر اللہ کے نام والے حصہ میں بتوں کے نام کا کچھ گر جاتا تو اسے نکال لیتے اور کہتے کہ اللہ تو غنی ہے اُسے ان چیزوں کی کیا ضرورت، ان کفار عرب کا یہ دستور صدیوں سے چلا آرہا تھا کہ اعلیٰ وعمدہ مال اللہ کے نام کے حصہ سے نکال کر بتوں کے حصہ میں ڈال دیتے تھے چنانچہ اسکے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر نعیمی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَكَذٰلِكَ زَيَّنَ لِكَثِيْرٍ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ قَتْلَ اَوْلَادِهِمْ شُرَكَآؤُهُمْ لِيُرْدُوْهُمْ وَلِيَلْبِسُوْا عَلَيْهِمْ دِيْنَهُمْ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا فَعَلُوْهُ فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُوْنَ ﴿۱۳۷﴾

(پارہ 8۔ سورۃ الانعام، آیت نمبر 127)

ترجمہ کنزالایمان: اور یوں ہی بہت مشرکوں کی نگاہ میں ان کے شریکوں نے اولاد کا قتل بھلا کر دکھایا ہے کہ انہیں ہلاک کریں اور ان کا دین اُن پر مشتبہ کر دیں (کہ یہ جاہلانہ اعمال جائز ہیں) اور اللہ چاہتا تو ایسا نہ کرتے تو (اے محبوب) تم انہیں چھوڑ دو وہ ہیں اور ان کے افتراء، (جھوٹے عقیدے)۔

Marfat.com

اہلِ عرب کی قبیح و مذموم حرکت

قبل از اسلام نعمان ابن منذر اور اسکے ساتھیوں نے عرب کے ایک قبیلے اوس پر ڈاکہ ڈالا اور انکی عورتوں کو قیدی بنا کر لے گئے ان عورتوں میں قیس بن عاصم کی بیٹی بھی تھی جب کچھ عرصے بعد ان ڈکیتوں اور قبیلہ اوس میں صلح ہوئی تو یہ شرط ٹھرائی گئی کہ قیدی عورتوں میں سے جو آزاد ہونا چاہے وہ اپنے قبیلے میں واپس چلی جائے اور رہنا چاہے ان کے ساتھ ہی رہے چنانچہ تمام عورتوں نے ہی یہ خواہش کہ انہیں آزاد کر دیا جائے چنانچہ انھیں آزاد کر دیا گیا وہ سب اپنے گھروں کو لوٹ گئیں مگر قیس بن عاصم کی بیٹی نے جانے سے انکار کر دیا اور کہا کہ میں تو نعمان کے ساتھ ہی رہونگی جب قیس نے یہ سنا تو غصے میں آگ بگولہ ہو کر قسم کھائی کہ میری لڑکی نے مجھے کہیں منہ دکھانے کے قابل نہ چھوڑا اب آئندہ میرے جو بھی لڑکی ہوگی میں اُسے زندہ دفن کر دوں گا چنانچہ اسکے بعد سے عرب میں یہ رواج ہی پڑ گیا کہ جسکے گھر لڑکی پیدا ہوتی وہ اس زندہ دفن کر دیتے بعض غربت و افلاس کے خوف سے بعض اپنی بڑائی قائم رکھنے کیلئے کہ کوئی ہمارا داماد بن کر ہم پر رعب کیوں جمائے بعض اپنی اولاد کو ذبح کرنے کی منت مان لیتے اور منت پوری ہونے پر اپنی اولاد کو ذبح بھی کر دیا کرتے تھے۔ چنانچہ اس آیت کریمہ میں اہل عرب کی اس قبیح و مذموم حرکت کی تردید بیان کی گئی۔

(تفسیر روح المعانی و تفسیر خازن وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَقَالُوْا هٰذِهٖۤ اَنْعَامٌ وَّ حَرْثٌ حِجْرٌ ۖ لَّا یَطْعَمُهَاۤ اِلَّا مَنْ نَّشَآءُ بِزَعْمِهِمْ وَ اَنْعَامٌ حُرِّمَتْ ظُهُوْرُهَا وَ اَنْعَامٌ لَّا یَذْكُرُوْنَ اسْمَ اللّٰهِ عَلَیْهَا افْتِرَآءً عَلَیْهِ ؕ سَیَجْزِیْهِمْ بِمَا كَانُوْا یَفْتَرُوْنَ ﴿۱۳۸﴾ (پارہ 8۔ سورۃ الانعام، آیت نمبر 138)

ترجمہ کنزالایمان: اور بولے یہ مویشی اور کھیتی روکی ہوئی (بتوں کے نام پر وقف) ہے اسے وہی کھائے جسے ہم چاہیں (یعنی بتوں کے خدمتگار کھائیں) اپنے جھوٹے خیال سے (یہ بات کہتے ہیں) اور کچھ مویشی ہیں جن پر چڑھنا حرام ٹھہرایا اور کچھ مویشی کے ذبح پر اللہ کا نام نہیں لیتے یہ سب اللہ پر جھوٹ باندھنا ہے، عنقریب وہ انہیں بدلے دے گا ان کے افتراؤں (جھوٹ و بہتان) کا۔

Marfat.com

کفارعرب کا جاہلانہ دستور

کفارعرب کا یہ دستور تھا کہ اپنی پیداوار کے دو حصے کرتے ایک حصہ اپنے لئے ایک بتوں کے لئے اور اپنے جانوروں کے چار حصے کرتے بعض اپنے کاروبار کے لئے بعض بتوں کے نام پر چھوڑ دیتے بعض وہ جنھیں استعمال میں تو لاتے مگر انھیں ذبح نہ کرتے اپنی موت مرجانے دیتے اور بعض وہ جنھیں اپنے استعمال میں نہ لاتے نہ ہی سواری کرتے نہ ان پر سامان لادتے نہ ہی انکا دودھ استعمال کرتے اس آیت کریمہ میں اہل عرب کی اس وقف شدہ پیداوار اور جانوروں کا ذکر فرمایا گیا ہے۔ (تفسیر احمد)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ قَتَلُوْٓا اَوْلَادَهُمْ سَفَهًۢا بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّ حَرَّمُوْا مَا رَزَقَهُمُ اللّٰهُ افْتِرَآءً عَلَى اللّٰهِ ؕ قَدْ ضَلُّوْا وَ مَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ﴿۱۴۰﴾ (پارہ 8۔ سورۃ الانعام، آیت نمبر 140)

ترجمہ کنزالایمان: بیشک تباہ ہوئے وہ جو اپنی اولاد کو قتل کرتے ہیں احمقانہ جہالت سے اور حرام ٹھہراتے ہیں وہ جو اللہ نے انہیں (حلال) روزی دی اللہ پر جھوٹ باندھنے کو بیشک وہ بہکے (گمراہ ہوئے) اور راہ (ہدایت) نہ پائی۔

رسم جاہلیت

قبل اسلام دور جاہلیت میں قبیلہ وبیعہ اور مفر کا دستور یہ تھا کہ اگر کسی کے ہاں لڑکی کی ولادت ہوتی تو وہ اپنی بیوی کو صاف کہہ دیتا کہ اس لڑکی کو زندہ دفن کردے ورنہ تو مجھ پر حرام ہے چنانچہ پھر یہ عورت نفاس سے فارغ ہوکر اپنی سہلیوں کے ہمراہ اپنی لڑکی کو لے کر جنگل کی طرف نکل جاتی پھر جنگل پہنچنے پر تمام عورتیں باری باری اس بچی کو گود میں لیتیں پھر پہلے سے ایک تیار شدہ قبر میں ماں اپنے ہاتھوں سے بچی کو قبر میں ڈالتی اور پھر سب عورتیں مل کر اس پر مٹی ڈال دیتیں اور یوں وہ بچی زندہ دفن کردی جاتی اور یہ اس لئے تھا کہ کوئی ان کا داماد بن کر ان پر بڑائی نہ جتا سکے اور بعض روایت کے مطابق بعض جگہ یہ رسم جاہلیت تھی کہ فاقہ وافلاس کے سبب لوگ اپنے نومولود لڑکوں کو تو پیدا ہوتے ہی مار دیتے جبکہ لڑکیوں کو چھوڑ دیتے تاکہ جب وہ جوان ہوجائیں تو انھیں فروخت کرکے مال کما سکیں چنانچہ یہ آیت کریمہ نازل ہوئی جسمیں اس جاہلانہ رسم کا ذکر فرمایا گیا ہے۔

(تفسیر خازن وتفسیر مدارک)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَمِنَ الْاَنْعَامِ حَمُوْلَةً وَّفَرْشًا ؕ كُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ؕ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۙ﴿۱۴۲﴾ ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ ۚ مِنَ الضَّاْنِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْمَعْزِ اثْنَيْنِ ؕ قُلْ ءٰٓالذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ اَرْحَامُ الْاُنْثَيَيْنِ ؕ نَبِّـُٔوْنِيْ بِعِلْمٍ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۙ﴿۱۴۳﴾

(پارہ8۔سورۃ الانعام،آیت نمبر 142-143)

ترجمہ کنزالایمان: اورمویشی میں سے کچھ بوجھ اٹھانے والے اور کچھ زمین پر بچھے کھاؤ اس میں سے جو اللہ نے تمہیں روزی دی اور شیطان کے قدموں (اس کے کہے) پر نہ چلو، بیشک وہ تمہارا صریح (کھلا) دشمن ہے، آٹھ نر و مادہ ایک جوڑا بھیڑ کا اور ایک جوڑا بکری کا، تم فرماؤ کیا اس نے دونوں نر حرام کیے یا دونوں مادہ یا وہ جسے دنوں مادہ پیٹ میں لیے ہیں کسی علم سے بتاؤ اگر تم سچے ہو (تو حرام کی دلیل دو)۔

بے سروپا دستور و رواج

ایک مرتبہ کفار کی جماعت اور ان کا سردار مالک ابن عوف حبشی بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر ہوا اور عرض کرنے لگا کہ آپ تو ہمارے جانوروں کی حلت وحرمت جو ہمارے باپ دادا صدیوں سے مانتے چلے آئے ہیں مٹا رہے ہیں جبکہ بزرگوں کے دستور اور رواج انکے نام اور انکے کام تو روشن کرنے اور پیروی کرنے کے لائق ہوتے ہیں اور آپ انھیں ختم کرنا چاہتے ہیں تو اسکے جواب میں نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ایسے دستور وایسے رواج جے بے سروپا ہوں اور بے قاعدہ ہوں انھیں مٹا ہی دینا چاہیے جانوروں کی حلت وحرمت محض اپنی عقل واندازے سے نہیں بلکہ شریعت اور نبوت کے تحت ہونا چاہیے تم اس حالت وحرمت کو اپنی عقل کے ترازو میں تولتے ہو خود ہی سوچو ایک جانور مردوں کے لئے تو حلال جانتے ہو اور عورتوں کے لئے حرام اور اگر وہ جانور مرجائے تو سب کے لئے حلال مانتے ہو یہ کس قاعدے سے ہوا اسکے حلال وحرام کا فیصلہ کیونکر ہوا اس بات کا جواب مالک بن عوف سے نہ بن پڑا اور بولا کہ اس لاجواب بات کا میں کیا جواب دوں چناچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی تائید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ لَّآ اَجِدُ فِیْ مَآ اُوْحِیَ اِلَیَّ مُحَرَّمًا عَلٰی طَاعِمٍ یَّطْعَمُهٗٓ اِلَّآ اَنْ یَّكُوْنَ مَیْتَةً اَوْ دَمًا مَّسْفُوْحًا اَوْ لَحْمَ خِنْزِیْرٍ فَاِنَّهٗ رِجْسٌ اَوْ فِسْقًا اُهِلَّ لِغَیْرِ اللّٰهِ بِهٖ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ غَیْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَاِنَّ رَبَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۱۴۵﴾ (پارہ8۔سورۃ الانعام،آیت نمبر 145)

ترجمہ کنزالایمان: (اے محبوب) تم فرماؤ میں (تمھارے حرام کیے ہوئے کو) نہیں پاتا اس میں جو میری طرف وحی ہوئی کسی کھانے والے پر کوئی کھانا حرام مگر یہ کہ مردار ہو یا رگوں کا بہتا خون یا بدجانور (سوَر) کا گوشت وہ نجاست ہے' یا وہ بے حکمی کا جانور جس کے ذبح میں غیر خدا کا نام پکارا گیا تو جو ناچار ہوا (بھوک سے مجبور ہوا) نہ یوں کہ آپ خواہش کرے (کہ لذت کی وجہ سے کھائے) اور نہ یوں کہ ضرورت سے بڑھے (کہ ضرورت سے زیادہ کھائے) تو بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

جانوروں کی حرمت کا شرعی قاعدہ

جب کفار کی جماعت اور مالک بن عوف حبشی جانوروں کی حرمت کا کوئی قاعدہ بیان نہ کر سکے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم کی بات پر لاجواب ہو گئے تو پھر بارگاہ نبوت صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم میں عرض کرنے لگے کہ ہمارے پاس تو جانوروں کی حرمت کا کوئی قاعدہ نہیں آپ ہی کو قاعدہ یا قانون بتادیں جسکا تعلق وحی سے ہو چناچہ اسکے جواب میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَعَلَى الَّذِیْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا كُلَّ ذِیْ ظُفُرٍ ۚ وَمِنَ الْبَقَرِ وَالْغَنَمِ حَرَّمْنَا عَلَیْهِمْ شُحُوْمَهُمَآ اِلَّا مَا حَمَلَتْ ظُهُوْرُهُمَآ اَوِ الْحَوَایَآ اَوْ مَا اخْتَلَطَ بِعَظْمٍ ؕ ذٰلِكَ جَزَیْنٰهُمْ بِبَغْیِهِمْ ۫ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿۱۴۶﴾ فَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقُلْ رَّبُّكُمْ ذُوْ رَحْمَةٍ وَّاسِعَةٍ ۚ وَلَا یُرَدُّ بَاْسُهٗ عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِیْنَ ﴿۱۴۷﴾ (پارہ8۔سورۃ الانعام،آیت نمبر 146-47)

ترجمہ کنزالایمان: اور یہودیوں پر ہم نے حرام کیا ہر ناخن والا جانور اور گائے اور بکری کی چربی ان پر حرام کی مگر جو ان کی پیٹھ میں لگی ہو یا آنت یا ہڈی سے ملی ہو، ہم نے یہ ان کی سرکشی (اسلام سے بغاوت) کا بدلہ دیا (کہ حلال کو ان کے لیے حرام کر دیا) اور بیشک ہم ضرور سچے

Marfat.com

ہیں، پھر اگر وہ تمہیں جھٹلائیں (کہ یہ سب پہلے سے حرام تھا) تو تم فرماؤ کہ تمہارا رب وسیع رحمت والا ہے اور اس کا عذاب مجرموں پر سے نہیں ٹالا جاتا۔

یہود کا جاہلانہ عقیدہ

یہود کا یہ دستور تھا کہ وہ اونٹ وغیرہ بعض حلال جانور صرف اسلئے حرام جانتے تھے اور انھیں نہ کھاتے تھے کہ یہ جانور تمام انبیاء کرام کی شریعتوں میں حرام رہ چکے ہیں اور مسلمان ان جانوروں کو حلال جان کر سخت گناہ کے مرتکب ہوتے ہیں چنانچہ انکی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئیں۔

(تفسیر روح المعانی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَوْ تَقُوْلُوْا لَوْ اَنَّآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا الْكِتٰبُ لَكُنَّآ اَهْدٰى مِنْهُمْ ۚ فَقَدْ جَآءَكُمْ بَيِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَهُدًى وَّ رَحْمَةٌ ۚ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَصَدَفَ عَنْهَا ؕ سَنَجْزِى الَّذِيْنَ يَصْدِفُوْنَ عَنْ اٰيٰتِنَا سُوْٓءَ الْعَذَابِ بِمَا كَانُوْا يَصْدِفُوْنَ ﴿۱۵۷﴾ (پارہ 8۔ سورۃ الانعام، آیت نمبر 157)

ترجمہ کنزالایمان: یا کہو کہ اگر ہم پر کتاب اُترتی تو ہم ان سے زیادہ ٹھیک راہ پر ہوتے (اس پر عمل کرتے) تو تمہارے پاس تمہارے رب کی روشن دلیل اور ہدایت اور رحمت آئی تو اس سے زیادہ ظالم کون جو اللہ کی آیتوں کو جھٹلائے اور ان سے منہ پھیرے عنقریب وہ جو ہماری آیتوں سے منہ پھیرتے ہیں ہم انہیں بڑے عذاب کی سزا دیں گے بدلہ ان کے منہ پھیرنے کا۔

کفارِ عرب کا جھوٹا دعویٰ

عرب شریف میں یہ مشہور تھا کہ یہود و نصاریٰ پر توریت و رنجیل نازل ہوئیں مگر یہود نے اپنے نبی حضرت موسیٰ علیہ سلام کی مخالفتیں کیں انھیں اذیت پہنچائی جبکہ عیسائیوں کا یہ حال کہ انہوں نے اپنے نبی حضرت عیسیٰ علیہ سلام کو سولی دلوانے کی کوشش کی کفار عرب کا کہنا تھا کہ ان قوموں نے اپنی کتابوں سے کوئی فائدہ نہ اُٹھایا لیکن اگر ہم پر کوئی آسمان کتاب نازل ہوئی تو ہم تو اسکی تعمیل کرتے اسکے احکامات پر عمل پیرا ہوتے اور اس سے فائدہ اٹھاتے، مگر جب قرآن پاک نازل ہوتو یہی دعویٰ کرنے والے کفار اسکے مخالف اور نبی کریم صلی اللہ علیہ

Marfat.com

وسلم کے دشمن ہوگئے چنانچہ انکے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن وتفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّ الَّذِیْنَ فَرَّقُوْا دِیْنَهُمْ وَ كَانُوْا شِیَعًا لَّسْتَ مِنْهُمْ فِیْ شَیْءٍؕ اِنَّمَاۤ اَمْرُهُمْ اِلَى اللّٰهِ ثُمَّ یُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوْا یَفْعَلُوْنَ ﴿۱۵۹﴾ مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَاۚ وَ مَنْ جَآءَ بِالسَّیِّئَةِ فَلَا یُجْزٰۤى اِلَّا مِثْلَهَا وَ هُمْ لَا یُظْلَمُوْنَ ﴿۱۶۰﴾

(پارہ8۔سورۃ الانعام، آیت نمبر 159-160)

ترجمہ کنزالایمان: وہ جنہوں نے اپنے دین میں جُدا جُدا راہیں نکالیں (فرقے بنالیے) اور کئی گروہ ہوگئے اے محبوب! تمہیں ان سے کچھ علاقہ (تعلق) نہیں ان کا معاملہ اللہ ہی کے حوالے ہے پھر وہ انہیں بتادے گا جو کچھ وہ کرتے تھے جو ایک نیکی لائے تو اس کے لیے اس جیسی دس (نیکیاں) ہیں اور جو برائی لائے تو اسے بدلہ نہ ملے گا مگر اس (برائی) کے برابر اور ان پر ظلم نہ ہوگا۔

یہود ونصاریٰ کے مختلف فرقے

رسالت صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم کے دور میں یہود ونصاریٰ کئی فرقوں میں موجود تھے اور ہر فرقہ دوسرے فرقے کی برائی اور مذمت بیان کرتا تھا اور ایک دوسرے کو کافر کہتا تھا یہ سب فرقے اسلام دشمنی میں تو ایک تھے مگر خود آپس میں ایک دوسرے کے مخالف تھے۔ چنانچہ انکی برائی میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر صاوی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ اِنَّنِیْ هَدٰىنِیْ رَبِّیْۤ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍۚ دِیْنًا قِیَمًا مِّلَّةَ اِبْرٰهِیْمَ حَنِیْفًاۚ وَ مَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ ﴿۱۶۱﴾ (پارہ8۔سورۃ الانعام، آیت نمبر 161)

ترجمہ کنزالایمان: تم فرماؤ بیشک مجھے میرے رب نے سیدھی راہ دکھائی ٹھیک (سچے) دین ابراہیم کی ملّت جو ہر باطل (گمراہی) سے جُدا تھے، اور مشرک نہ تھے۔

دینِ باطل کی دعوت

ایک مرتبہ کفار مکہ نے حضور پُرنور صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم کو اسلام چھوڑ کر اپنے دین باطل قبول کرنے کی دعوت دی اور بت پرستی کی طرف مائل کرنے کی کوشش کی یہ ہمارا دین قدیم ہمارے باپ داداؤں کا دین ہے

Marfat.com

آپ اسکی مخالفت چھوڑ کر اسے اپنالیں چنانچہ ان کفار کی تردید میں یہ آیات کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر مدارک، تفسیر خازن، تفسیر بیضاوی وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ اَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْغِيْ رَبًّا وَّ هُوَ رَبُّ كُلِّ شَيْءٍ ؕ وَلَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ اِلَّا عَلَيْهَا ۚ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ۚ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ مَّرْجِعُكُمْ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿۱۶۴﴾ (پارہ8۔سورۃ الانعام، آیت نمبر 164)

ترجمہ کنزالایمان: تم فرماؤ کیا اللہ کے سوا اور رب چاہوں حالانکہ وہ ہر چیز کا رب ہے اور جو کوئی کچھ کمائے وہ اسی کے ذمہ ہے، اور کوئی (گناہ کا) بوجھ اٹھانے والی جان دوسرے (کے گناہ) کا بوجھ نہ اٹھائے گی پھر تمہیں اپنے رب کی طرف پھرنا ہے وہ تمہیں بتادے (فیصلہ فرما دے) گا جس (عقائد واعمال) میں اختلاف کرتے تھے۔

عذاب کی ذمہ داری

ولید بن مغیرہ نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور دیگر مسلمانوں سے یہ کہتا کہ آپ لوگ اسلام کو چھوڑ کر ہمارے دین میں واپس آجائیں اگر آپ لوگوں پر اسلام چھوڑنے کے سبب عذاب آیا بھی تو وہ عذاب آپ لوگوں کی جگہ میں بھگت لوں گا اس عذاب کی ذمہ داری میں اپنے سر لے لونگا چنانچہ اسکی اس بیہودہ بکواس کی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن)

سورۃ الاعراف

بسم اللہ الرحمن الرحیم

يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ قَدْ اَنْزَلْنَا عَلَيْكُمْ لِبَاسًا يُّوَارِيْ سَوْاٰتِكُمْ وَرِيْشًا ؕ وَلِبَاسُ التَّقْوٰى ۙ ذٰلِكَ خَيْرٌ ؕ ذٰلِكَ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿۲۶﴾ (پارہ8۔سورۃ الاعراف، آیت نمبر 26)

ترجمہ کنزالایمان: اے آدم کی اولاد! بیشک ہم نے تمہاری طرف ایک لباس وہ اُتارا کہ تمہاری شرم کی چیزیں چھپائے اور ایک وہ کہ تمہاری آرائش (زینت کا ذریعہ) ہو اور پرہیزگاری (ایمان واطاعت) کا لباس وہ سب سے بھلا (بہتر) یہ اللہ کی (قدرت کی) نشانیوں

Marfat.com

میں سے ہے کہ کہیں وہ نصیحت مانیں۔

اہلِ عرب کی بیہودہ سوچ

قبل از اسلام اہل عرب کا یہ دستور تھا کہ وہ کعبہ معظّمہ کا بالکل برہنہ ہوکر طواف کیا کرتے تھے خواہ مرد ہو یا عورتیں ان کا یہ کہنا تھا کہ چونکہ ہم لباس پہن کر طرح طرح کے گناہ کرتے ہیں لہٰذا ایسے لباس میں طواف کرنا کعبہ معظّمہ کی بے ادبی و بے حرمتی ہے چنانچہ انکی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر کبیر، تفسیر روح المعانی، تفسیر بیضاوی، تفسیر روح البیان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یٰبَنِیْۤ اٰدَمَ خُذُوْا زِیْنَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّ كُلُوْا وَ اشْرَبُوْا وَ لَا تُسْرِفُوْا ۚ اِنَّهٗ لَا یُحِبُّ الْمُسْرِفِیْنَ ﴿۳۱﴾ (پارہ 8۔ سورۃ الاعراف، آیت نمبر 31)

ترجمہ کنزالایمان: اے آدم کی اولاد! اپنی زینت لو جب مسجد میں جاؤ اور کھاؤ اور پیو اور (شریعت کی) حد سے (آگے) نہ بڑھو، بیشک حد سے بڑھنے والے اسے پسند نہیں۔

کفار کی بیہودہ رسم

قبل از اسلام کفار کعبہ معظّمہ کا بالکل برہنہ ہوکر طواف کیا کرتے تھے مرد دن کے وقت اور عورتیں رات میں بعض عورتیں بالکل برہنہ ہونے میں جھجکتیں تو اپنی شرمگاہوں پر ایسی جھالرسی لٹکا لیتی تھیں جیسے گھوڑے کی پیشانی پر مکھیوں سے حفاظت کیلئے ڈالی جاتی ہیں، اس بیہودہ رسم کے خاتمے کے لئے یہ آیت کریمہ نازل ہوئی، ایک دوسری روایت کے مطابق قبیلہ بنی عامر کے لوگ زمانہ حج میں بہت ہی سادہ کھانا وہ بھی بہت قلیل مقدار میں کھاتے یہاں تک کہ حربی اور روغنی کھانے سے بھی بچتے صرف خشک روٹیاں چبا لیتے اور اسے بھی عبادت کا حصہ جانتے تھے چنانچہ اس طریقہ کے رد کے لئے آیت کریمہ نازل ہوئی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِیْنَةَ اللّٰهِ الَّتِیْۤ اَخْرَجَ لِعِبَادِهٖ وَ الطَّیِّبٰتِ مِنَ الرِّزْقِ ؕ قُلْ هِیَ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا خَالِصَةً یَّوْمَ الْقِیٰمَةِ ؕ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یَّعْلَمُوْنَ ﴿۳۲﴾ (پارہ 8۔ سورۃ الاعراف، آیت نمبر 32)

Marfat.com

ترجمہ کنزالایمان: تم فرماؤ کس نے حرام کی اللہ کی (حلال کردہ) وہ زینت جو اس نے اپنے بندوں کے لیے نکالی اور پاک رزق، تم فرماؤ کہ وہ (نعمت) ایمان والوں کے لیے ہے دنیا میں اور قیامت میں تو خاص انہی (مسلمانو) کی ہے، ہم یونہی مفصل آیتیں بیان کرتے ہیں علم والوں کے لیے۔

مسلمانوں پر بے جا اعتراض

کفار عرب کا یہ وطیرہ تھا کہ وہ جب مسلمانوں کو لباس پہن کر کعبہ معظّمہ کا طواف کرتے دیکھتے اور ایام حج میں انھیں اعلیٰ وعمدہ کھانا کھاتے دیکھتے تو اعتراض کرتے ہوئے کہتے کہ ان مسلمانوں کی کعبہ معظّمہ کے ادب و احترام کی کوئی پرواہ نہیں یہ پیٹ بھرنے والے لوگ ہیں اگر اللہ والے یا متقی ہوتے تو اتنی اعلیٰ وعمدہ غذا استعمال نہ کرتے چنانچہ انکی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر روح البیان وغیرہ)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَ نَزَعْنَا مَا فِیْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ ۚ وَ قَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ هَدٰىنَا لِهٰذَا ۫ وَ مَا كُنَّا لِنَهْتَدِیَ لَوْ لَاۤ اَنْ هَدٰىنَا اللّٰهُ ۚ لَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ؕ وَ نُوْدُوْۤا اَنْ تِلْكُمُ الْجَنَّةُ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۴۳﴾ (پارہ 8۔ سورۃ الاعراف، آیت نمبر 42)

ترجمہ کنزالایمان: اور ہم نے ان (مسلمانوں) کے سینوں سے کینے کھینچ لیے (نکال دیئے) ان کے (لیے جنت کے باغوں میں) نیچے نہریں بہیں گی اور کہیں گے سب خوبیاں اللہ کو جس نے ہمیں اس کی راہ دکھائی اور ہم (جنت کی) راہ نہ پاتے اگر اللہ ہمیں (ہدایت کی) راہ نہ دکھاتا، بیشک ہمارے رب کے رسول حق (سچا کلام) لائے اور ندا ہوئی کہ یہ جنت تمہیں میراث (اللہ کے فضل سے) ملی صلہ تمہارے اعمال کا۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ظاہری وصال

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ یہ آیت کریمہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ عمر فاروق وعثمان وعلی مرتضیٰ وطلحہ وزبیر، ابن مسعود، عمار بن یاسر، سلمان فارسی اور ابوذر غفاری رضی اللہ عنہم کے بارے میں نازل ہوئی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے ظاہری وصال فرمانے کے بعد ان حضراتِ صحابہ میں آپس میں کچھ اختلافات ہو گئے جنکے دور ہونے کی قرآن میں غیبی خبر دی گئی۔ (تفسیر نعیمی، تفسیر کبیر، تفسیر بیضاوی، تفسیر مدارک وغیرہ)

Marfat.com

نواں پارہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعَا ِالَّذِىْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْىٖ وَ يُمِيْتُ ۪ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهِ النَّبِىِّ الْاُمِّىِّ الَّذِىْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَ كَلِمٰتِهٖ وَاتَّبِعُوْهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۵۸﴾

(پارہ9۔سورۃ الاعراف،آیت نمبر 158)

ترجمہ کنزالایمان: تم فرماؤ اے لوگو! میں تم سب کی طرف اس اللہ کا رسول ہوں کہ آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اسی کو ہے (وہی مالک حقیقی ہے) اس کے سوا کوئی معبود نہیں جلائے (زندہ کرے) اور مارے تو ایمان لاؤ اللہ اور اس کے رسول بے پڑھے (بغیر استاد کے پڑھے) غیب بتانے والے پر کہ اللہ اور اس کی باتوں پر ایمان لاتے ہیں اور ان کی غلامی (اطاعت) کرو کہ تم راہ (ہدایت) پاؤ۔

یہود کا باطل عقیدہ

یہود کی ایک جماعت تھی جسکا سردار عیسی اصفہان تھا اس جماعت کو عیسوی کہا جاتا تھا۔اس جماعت کا یہ عقیدہ تھا نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نبی برحق تو ہیں مگر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صرف اہل عرب کے ہی نبی ہیں۔ بنی اسرائیل کے نبی نہیں اور گزشتہ نبیوں کی طرح آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نبوت بھی مخصوص قوم کے لئے ہے۔ ہر ایک کے لئے نہیں چنانچہ اس آیت کریمہ میں اس عقیدے کی تردید فرمائی گئی۔ (تفسیر کبیر)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَسْـَٔلْهُمْ عَنِ الْقَرْيَةِ الَّتِىْ كَانَتْ حَاضِرَةَ الْبَحْرِ ۘ اِذْ يَعْدُوْنَ فِى السَّبْتِ اِذْ تَاْتِيْهِمْ حِيْتَانُهُمْ يَوْمَ سَبْتِهِمْ شُرَّعًا وَّيَوْمَ لَا يَسْبِتُوْنَ ۙ لَا تَاْتِيْهِمْ ۚ كَذٰلِكَ ۚ نَبْلُوْهُمْ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿۱۶۳﴾ (پارہ9۔سورۃ الاعراف،آیت نمبر 163)

ترجمہ کنزالایمان: اور ان سے حال پوچھو اس بستی کا کہ دریا کنارے تھی جب وہ ہفتے کے بارے میں حد سے بڑھتے (حکم کے خلاف کرتے) جب ہفتے کے دن ان کی مچھلیاں پانی پر

Marfat.com

تیرتی ان کے سامنے آتیں اور جو دن ہفتے کا نہ ہوتا نہ آتیں اس طرح ہم انہیں آزماتے تھے ان کی بے حکمی (نافرمانی) کے سبب۔

یہود کی جھوٹی تعریفیں

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہود مدینہ سے فرمایا، کہ تم لوگ اپنے باپ داداؤں کی پیروی میں لگے ہو کہ انہوں نے بھی اپنے پچھلے نبیوں کی مخالفت کی تھی اور تم بھی میری مخالفت پر آمادہ ہو۔ اس پر یہود مدینہ کہنے لگے کہ ہمارے باپ دادا تو نبیوں کے بڑے فرمانبردار تھے جبکہ وہ یہودی بخوبی جانتے تھے کہ انکے باپ دادا واقعی اپنے نبیوں کی مخالفت کیا کرتے تھے مگر یہ یہودی سمجھتے تھے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور مدینہ والے اس بات سے بے خبر ہونگے لہٰذا وہ اپنے باپ داداؤں کی جھوٹی تعریفوں میں لگے رہتے ہیں۔ تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر صاوی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَالَّذِيْنَ يُمَسِّكُوْنَ بِالْكِتٰبِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ؕ اِنَّا لَا نُضِيْعُ اَجْرَ الْمُصْلِحِيْنَ ﴿۱۷۰﴾

(پارہ 9۔ سورۃ الاعراف، آیت نمبر 170)

ترجمہ کنزالایمان: اور وہ جو کتاب کو مضبوط تھامتے (عمل کرتے ہیں) ہیں اور انہوں نے نماز قائم رکھی، ہم نیکوں کا نیگ (اجر) نہیں گنواتے (ضائع نہیں کرتے)۔

شانِ نزول

بعض علماء یہود نہ تو توریت شریف میں تحریف کرتے، نہ ہی اسکے معنی بدلتے، نہ ہی رشوتیں لیتے بلکہ صحیح طور پر یہودیت پر قائم رہتے اور نبی آخر الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا زمانہ مبارک پا کر توریت شریف کے مطابق آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لے آئے جیسے حضرت عبداللہ بن سلام اور انکے ساتھی وغیرہ۔ چنانچہ ان علماء یہود کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا ۪ وَذَرُوا الَّذِيْنَ يُلْحِدُوْنَ فِيْٓ اَسْمَآئِهٖ ؕ سَيُجْزَوْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ○ وَمِمَّنْ خَلَقْنَآ اُمَّةٌ يَّهْدُوْنَ بِالْحَقِّ

Marfat.com

وَ بِهٖ یَعْدِلُوْنَ۠ (پارہ9۔سورۃ الاعراف،آیت نمبر 180-181)

ترجمہ کنزالایمان: اور اللہ ہی کے بہت اچھے نام تو اسے ان سے پکارو اور انہیں چھوڑ دو جو اس کے ناموں میں حق (حد) سے نکلتے ہیں وہ جلد اپنا کیا (سزا) پائیں گے، اور ہمارے بنائے ہوؤں میں ایک گروہ وہ ہے کہ حق (کی راہ) بتائیں اور اس پر انصاف (کا فیصلہ) کریں۔

ابوجہل کی جاہلانہ بات

ایک مرتبہ ایک صحابی نے نماز سے فارغ ہوکر یا اللہ یا رحمن کہہ کر رب عزوجل کو پکارا تو وہاں موجود ایک کافر جو غالباً ابوجہل تھا اپنے ساتھیوں سے بولا کہ محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اور ان کے اصحاب دعویٰ تو ایک اللہ کی عبادت کا کرتے ہیں مگر پکارتے دو معبودوں کو ہیں ایک کا نام اللہ اور ایک کا رحمن ہے چنانچہ اس کی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر روح البیان، تفسیر خازن)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ الَّذِیْنَ كَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَا سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِّنْ حَیْثُ لَا یَعْلَمُوْنَ۠ ﴿۱۸۲﴾ وَ اُمْلِیْ لَهُمْ ؕ اِنَّ كَیْدِیْ مَتِیْنٌ ﴿۱۸۳﴾ (پارہ9۔سورۃ الاعراف،آیت نمبر 182-183)

ترجمہ کنزالایمان: اور جنہوں نے ہماری آیتیں جھٹلائیں (انکار کیا) جلد ہم انہیں آہستہ آہستہ عذاب کی طرف لے جائیں گے جہاں سے انہیں خبر نہ ہوگی اور میں انہیں (نعمتیں دے کر) ڈھیل (مہلت) دوں گا بیشک میری خفیہ تدبیر بہت پکی ہے۔

کفارِ مکہ کی خوش فہمی

کفار مکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بہت قلبی رنج وصدمے پہنچایا کرتے تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مضحکہ اڑاتے اور تمسخر کرتے اس کے باوجود آرام وآسائش میں عشرت کی زندگی گزار رہے تھے ان کا کہنا تھا کہ ہمارا رب ہمارے ان اعمال سے راضی وخوش ہے جب ہی تو اس نے ہمیں اتنی نعمتیں عطا فرمائی ہیں اور ہمیں تندرستی وخوشحالی سے مالا مال فرمایا ہے چنانچہ ان کی اس خوش فہمی کو دور فرمانے کے لئے یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر روح المعانی، تفسیر خازن)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَوَ لَمْ یَتَفَکَّرُوْا ۗ مَا بِصَاحِبِهِمْ مِّنْ جِنَّةٍ ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ ﴿۱۸۴﴾

(پارہ9۔سورۃ الاعراف،آیت نمبر 184)

ترجمہ کنزالایمان: کیا سوچتے نہیں کہ ان کے صاحب (رسول) کو جنوں (دیوانگی) سے کچھ علاقہ نہیں (تعلق)، وہ تو صاف (کافروں کو) ڈر سنانے والے ہیں۔

کفار کی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان میں بکواس

زمانہ تبلیغ کی ابتداء میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک مرتبہ صفا کی پہاڑی پر کھڑے ہو کر صبح تک لوگوں کو اسلام کی دعوت دیتے رہے اس دوران لمحہ بھر بھی آرام نہ فرمایا۔اس پر کفار مکہ کہنے لگے کہ محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) مجنوں دیوانے ہو گئے ہیں کہ تمام رات باتیں کرتے رہے گھڑی بھر بھی آرام نہ کیا۔اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی ایک روایت کے مطابق جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر وحی کا نزول ہوتا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا چہرہ انور سرخ ہو جاتا سردی کے موسم میں بھی پسینہ مبارکہ کثرت سے نکلتا لمبی سانسیں اور خراٹے جاری ہو جاتے غرض غیر معمولی کیفیت پیدا ہو جاتی جسے دیکھ کر کفار مکہ کہتے کہ آپ جنون طاری ہوتا ہے اور دیوانگی کا دور پڑتا ہے ان کی اس بکواس کی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔(تفسیر خازن،تفسیر کبیر،تفسیر روح المعانی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ اَیَّانَ مُرْسٰىهَا ؕ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّیْ ۚ لَا یُجَلِّیْهَا لِوَقْتِهَاۤ اِلَّا هُوَ ؕ ثَقُلَتْ فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ لَا تَاْتِیْكُمْ اِلَّا بَغْتَةً ؕ یَسْـَٔلُوْنَكَ كَاَنَّكَ حَفِیٌّ عَنْهَا ؕ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۷﴾ (پارہ9۔سورۃ الاعراف،آیت نمبر 187)

ترجمہ کنزالایمان: تم سے قیامت کو پوچھتے ہیں کہ وہ کب کو ٹھہری ہے تم فرماؤ اس کا علم تو میرے رب کے پاس ہے، اسے وہی اس کے (مقررہ) وقت پر ظاہر کرے گا بھاری پڑ رہی ہے (اسکی ہیبت ہے) آسمانوں (والوں) اور زمین (والوں) میں، تم پر نہ آئے گی مگر اچانک، تم سے ایسا پوچھتے ہیں گویا تم نے اسے (اس کا وقت) خوب تحقیق (معلوم) کر رکھا ہے، تم فرماؤ اس کا علم تو اللہ ہی کے پاس ہے لیکن بہت لوگ جانتے نہیں۔

Marfat.com

قریش کے سرداروں کا قیامت کے بارے میں سوال

ایک مرتبہ قریش کے سردار جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے رشتہ دار بھی تھے بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہوئے اور کہنے لگے کہ ہم تو آپ کے قرابت دار ہیں اور عزیز واقارب سے تو کوئی بات نہیں چھپائی جاتی لہذا آپ ہمیں بتادیں کہ وہ قیامت جس کے آنے کا آپ ہمیں خوف دلاتے ہیں وہ کب اور کس تاریخ اور کس دن آئے گی چنانچہ ان کے جواب میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ایک دوسری روایت کے مطابق بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں دو یہودی حاضر ہوئے اور عرض کرنے لگے کہ اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اگر آپ واقعی اللہ کے سچے نبی ہیں تو پھر بتایئے کہ قیامت کب آئے گی کیونکہ جب ہم اس بارے میں جانتے ہیں تو پھر آپ تو اللہ کے نبی ہیں آپ کو تو ضرور معلوم ہونا چاہیے کہ قیامت کب آیے گی کس تاریخ کو اور کس دن آئے گی۔

(تفسیر کبیر، خازن، روح البیان، مدارک، تفسیر صاوی، بیضاوی، روح المعانی وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ لَّآ اَمْلِكُ لِنَفْسِیْ نَفْعًا وَّ لَا ضَرًّا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ وَ لَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ الْغَیْبَ لَا سْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَیْرِ ۛۚ وَ مَا مَسَّنِیَ السُّوْٓءُ ؕ اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِیْرٌ وَّ بَشِیْرٌ لِّقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ۠ ﴿۱۸۸﴾ (پارہ9۔سورۃ الاعراف، آیت نمبر 188)

ترجمہ کنزالایمان: تم فرماؤ میں اپنی جان کے بھلے برے کا (اللہ کی عطا کے بغیر) خود مختار نہیں مگر جو اللہ چاہے اور اگر میں (اللہ کے بتائے بغیر) غیب جان لیا کرتا تو یوں ہوتا کہ میں نے بہت بھلائی (دین ودنیا کی نعمتیں) جمع کرلی، اور مجھے کوئی برائی (مصیبت) نہ پہنچی میں تو یہی (عذاب کا) ڈر اور (جنت کی) خوشی سنانے والا ہوں انہیں جو ایمان رکھتے ہیں۔

منافق کی بیہودہ بات

ایک مرتبہ کفار مکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہنے لگے کہ حضور آپ تو اللہ کے سچے نبی ہیں آئندہ کے حالات سے باخبر ہیں تو ایسا کریں کہ آپ ہمیں چیزوں کے آنے والے بھاؤ پہلے سے بتادیا کریں کون سی چیز سستی ہو گی اور کون سی مہنگی تا کہ ہم اسی حساب سے تجارت کیا کریں اور یوں بہت سا نفع حاصل کرلیا کریں گے۔اور ہمیں یہ بھی پہلے سے بتادیا کریں کہ کہاں قحط پڑے گا کہاں ارزانی ہوگی تا کہ ہم قحط کی جگہ چھوڑ کر ارزانی کے مقام پر چلے جایا کریں۔چنانچہ ان کے جواب میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ایک دوسری روایت کے مطابق

Marfat.com

جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غزوہ بن مصطلق سے واپس تشریف لا رہے تھے تو راستہ میں زور کی آندھی آئی جس سے نمازیوں کے اونٹ اور گھوڑے تک سراسیمہ ہو کر بھاگ گئے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لشکر کو اطلاع فرمائی کہ آج مدینہ منورہ میں رفاعہ (منافق) مر گیا اس اطلاع سے لشکر میں موجود منافقین کو بہت رنج وصدمہ ہوا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ہماری اونٹنی گم ہو گئی ہے تلاش کرو اس پر عبداللہ بن ابی منافق بولا کہ حضور کا بھی حال عجیب ہے ابھی تو مدینہ میں مرنے والے کی خبر تو دے رہے ہیں مگر خود اپنی اونٹنی سے بے خبر ہیں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جب منافق کی اس بیہودہ بات کی اطلاع ہوئی تو آپ نے فرمایا کہ یہ منافقین ہمارے علم پر اعتراض کرتے ہیں ہم بتاتے ہیں کہ ہماری اونٹنی کہاں ہے جاؤ ہماری اونٹنی پہاڑ کی اس گھاٹی میں ہے اس کی نکیل ایک درخت میں الجھ گئی ہے جب لوگوں نے وہاں جا کر دیکھا اور اونٹنی ہو اس حالت میں پایا جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا تھا اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان، تفسیر کبیر)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلِ ادْعُوْا شُرَكَآءَكُمْ ثُمَّ كِيْدُوْنِ فَلَا تُنْظِرُوْنِ ﴿۱۹۵﴾

(پارہ 9۔ سورۃ الاعراف، آیت نمبر 195)

ترجمہ کنزالایمان: تم فرماؤ کہ اپنے شریکوں (جھوٹے معبودوں) کو پکارو اور مجھ پر داؤ چلو (جو ہو سکے بگاڑ لو) اور مجھے (سنبھلنے کی) مہلت نہ دو۔

مشرکین عرب کا بھونڈا حربہ

جب مشرکین عرب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے روشن دلائل سے عاجز ہوئے تو پھر یہ حربہ استعمال کیا کہ آپ کو اپنے بتوں سے ڈرانے کی کوشش کرنے لگے اگر آپ ان کی مخالفت سے نہ رکے تو پھر یہ بت آپ کو جانی و مالی نقصان پہنچائیں گے چنانچہ انکی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی جس میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی غنا قلبی ظاہر فرمائی گئی۔ (تفسیر کبیر، روح المعانی، تفسیر خازن)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَاِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۰۰﴾

(پارہ 9۔ سورۃ الاعراف، آیت نمبر 200)

Marfat.com

ترجمہ کنزالایمان: اور اے سننے والے اگر شیطان تجھے کوئی کونچا دے (کسی برے کام پر اکسائے) تو اللہ کی پناہ مانگ بیشک وہی سنتا جانتا ہے۔

غصہ کی حالت میں حکم الٰہی

جب پچھلی آیت ''خذ العفو'' نازل ہوئی تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت جبرائیل علیہ السلام سے دریافت فرمایا کہ غصہ کی حالت میں حکم الٰہی کیا ہے تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر کبیر، تفسیر خازن، تفسیر روح المعانی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۲۰۴﴾

(پارہ 9۔ سورۃ الاعراف، آیت نمبر 204)

ترجمہ کنزالایمان: اور جب قرآن پڑھا جائے تو اسے کان لگا کر سنو اور خاموش رہو کہ تم پر رحم ہو۔

امام کے پیچھے قراءت منسوخ

ایک مرتبہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہ کرام کی نماز میں امامت فرمائی ایک انصاری صحابہ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے دوران نماز قرات کی تب ہی یہ آیت کریمہ نازل ہوئی جس میں نماز میں امام کے پیچھے قرات منسوخ ہوئی۔ (تفسیر روح المعانی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّ الَّذِیْنَ عِنْدَ رَبِّكَ لَا یَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَیُسَبِّحُوْنَهٗ وَلَهٗ یَسْجُدُوْنَ ﴿۲۰۶﴾ (پارہ 9۔ سورۃ الاعراف، آیت نمبر 206)

ترجمہ کنزالایمان: اس کی عبادت سے تکبر (انکار) نہیں کرتے اور اس کی پاکی بولتے اور اسی کو سجدہ کرتے ہیں۔

کفارِ مکہ کا تکبر

کفار مکہ کے اسلام قبول نہ کرنے کا ایک سبب یہ بھی تھا کہ وہ جانتے تھے کہ مسلمان اپنے رب کو سجدہ

Marfat.com

کرتے ہیں جبکہ ان کے نزدیک سجدہ کرنے میں ان کی توہین تھی ان کا کہنا تھا کہ ''اتسجد لمانا مرنا وزادھم نفورا'' چنانچہ ان کی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر روح البیان)

سورۃ الانفال

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَنْفَالِ ؕ قُلِ الْاَنْفَالُ لِلّٰهِ وَ الرَّسُوْلِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَ اَصْلِحُوْا ذَاتَ بَیْنِكُمْ ۪ وَ اَطِیْعُوا اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗۤ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ۝

(پارہ 9۔ سورۃ الانفال، آیت نمبر 1)

ترجمہ کنزالایمان: اے محبوب! تم سے غنیمتوں (کے احکام) کو پوچھتے ہیں تم فرماؤ غنیمتوں کے مالک اللہ اور رسول ہیں تو اللہ سے ڈرو اور (اس کے حکم پر راضی رہو) اپنے آپس میں میل (صلح صفائی) رکھو اور اللہ اور رسول کا حکم مانو اگر ایمان رکھتے ہو۔

مالِ غنیمت کی تقسیم

اس آیت کریمہ کے مختلف شان نزول ہیں:

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے غزوہ بدر سے فراغت کے بعد مال غنیمت تقسیم فرمایا تو ان میں آٹھ صحابہ وہ بھی تھے جو غزوہ بدر میں شریک تو نہ تھے مگر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حکم سے ہی دوسری خدمات پر مامور تھے اس پر بعض صحابہ کے دل میں یہ خیال آیا کہ جب یہ حضرات جنگ میں شریک نہیں ہوئے تو پھر ان میں غنیمت سے حصہ کیوں مل رہا ہے چنانچہ اس موقعہ پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

جب غزوہ بدر میں یہ معاملہ درپیش ہوا کہ مال غنیمت صرف مہاجرین میں تقسیم کیا جائے یا انصار میں یا دونوں میں تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

اس غزوہ بدر کے موقع پر نوجوانان اسلام تو جہاد میں شریک ہوئے جبکہ ضعیف و بوڑھے مسلمان ان کی پشت پناہی میں پیچھے رہے جیسا کہ جنگ کی حکمت عملی کا تقاضا ہوتا ہے کہ فوج کی پشت پناہی کے لئے بھی کچھ لوگ موجود ہوں چنانچہ جب غزوہ سے فراغت کے وقت مال غنیمت کی تقسیم کا وقت آیا تو مجاہدین کا خیال یہ تھا کہ چونکہ ہم نے جہاد کیا ہے اس لئے اس غنیمت پر صرف ہمارا ہی حق ہے جبکہ بوڑھے حضرات کا کہنا تھا کہ کیونکہ ہم لشکر اسلام کی پشت پناہی پر مامور تھے اس لئے غنیمت کے حقدار ہم بھی ہیں چنانچہ تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

Marfat.com

غزوہ بدر کے موقع پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لشکر اسلام سے فرمادیا تھا کہ جو مجاہد کسی کافر کو قتل کرے گا تو مقتول کا سامان اس کا گھوڑا کپڑے تلوار وغیرہ قتل کرنے والے کو غنیمت کے وقت دے دیا جائے گا چنانچہ اس کے متعلق مجاہدین میں یہ گفتگو ہوئی کہ مقتول کا مال غنیمت میں شامل کیا جائے گا یا صرف قتل کرنے والے کو دیا جائے گا تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

کفار کے بعض مال جہاد کے بغیر ہی مسلمانوں کے قبضے میں آجاتے تھے چنانچہ ان کے متعلق یہ معاملہ درپیش ہوا کہ اس مال کی تقسیم کیسے کی جائے یہ مال غنیمت میں شمار ہوگا یا نہیں۔ چنانچہ اس کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

مال غنیمت میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا پانچواں حصہ ہوتا تھا اور چار حصے مجاہدین کے چنانچہ اس خمس کے متعلق گفتگو ہوئی کہ یہ کہاں خرچ کیا جائے تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر کبیر، تفسیر مدارک، تفسیر خازن)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

كَمَآ اَخْرَجَكَ رَبُّكَ مِنۢ بَيْتِكَ بِالْحَقِّ ۖ وَاِنَّ فَرِيْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ لَكٰرِهُوْنَ ۝ يُجَادِلُوْنَكَ فِي الْحَقِّ بَعْدَ مَا تَبَيَّنَ كَاَنَّمَا يُسَاقُوْنَ اِلَى الْمَوْتِ وَهُمْ يَنْظُرُوْنَ ۝ (پارہ 9۔ سورۃ الانفال، آیت نمبر 5-6)

ترجمہ کنزالایمان: جس طرح اے محبوب! (بدر کے موقعہ پر) تمہیں تمہارے رب نے تمہارے گھر سے حق کے ساتھ برآمد کیا (نکالا) اور بیشک مسلمانوں کا ایک گروہ اس (جنگ) پر ناخوش (ہچکچا رہا) تھا سچی بات میں تم سے جھگڑتے (عرض معروض کرتے) تھے بعد اس کے کہ (فتح) ظاہر ہو چکی (ان کا حال یہ تھا) گویا وہ آنکھوں دیکھی موت کی طرف ہانکے جاتے ہیں۔

غزوہ بدر

یہ آیت کریمہ ابتداء واقعہ بدر کے متعلق نازل ہوئی واقعہ یہ تھا قریش کا قافلہ ابوسفیان کی سرکردگی میں مکہ معظمہ سے شام تجارت کے لئے گیا جہاں اس کو بہت ہی نفع ہوا ان لوگوں نے مسلمانوں کے مقابل جنگی تیاریوں پر خرچ کرنا تھا یہ قافلہ براستہ مدینہ منورہ مکہ معظمہ واپس لوٹا تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مسلمانوں کو اس کی خبر دی اور فرمایا کہ اس میں صرف چالیس آدمی ہیں جن میں ابوسفیان، عمرو ابن عاص مخرم ابن نوفل جیسے سردار بھی ہیں ان کے پاس مال تجارت بہت زیادہ ہے صحابہ نے بے تامل اس قافلہ کا راستہ روک لینے اور اس سے سارا

Marfat.com

سامان چھین لینے کا ارادہ کیا اس مقصد کے لئے تین سو تیرہ حضرت بہت بے سروسامانی میں مدینہ سے نکلے جن میں ستر اونٹ سوار تھے اور صرف دو گھوڑے سوار زبیر اور مقداد آٹھ تلواریں تھیں چھ زرہیں یہ حضرات ادھر روانہ ہوئے ادھر ابوسفیان نے یا تو بھانپ لیا یا کسی جاسوس نے انہیں خبر کردی انہوں نے ضمضم ابن عمرو غفاری کو کچھ اجرت دے کر مکہ معظّمہ کی چھت پر چڑھ کر اہل مکہ کو للکارا کہ تمہارا قافلہ خطرے میں ہے جلد اس کی مدد کو روانہ ہو چنانچہ ساڑھے نو سو جنگی بہادر سامان جنگ سے لیس یہاں سے روانہ ہونے لگے ادھر حضرت عاقلہ بنت عبدالمطلب نے خواب دیکھا کہ ایک اونٹ سوار مقام ابطح میں آیا اور اس نے تین سو بار اونچی آواز میں کہا کہ اے غدارو اپنی قتل گاہوں کی طرف چلو سب لوگ اس کے پاس جمع ہو گئے پھر اس نے بوقیس پہاڑ سے ایک چٹان اکھیڑ کر فضا میں پھینکی وہ چٹان فضا میں پہنچ کر پاش پاش ہوئی اور اس کے ٹکڑے ہر گھر میں گرے حضرت عاقلہ نے یہ خواب اپنے بھائی حضرت عباس سے کہی انہوں نے اپنے دوست ولید ابن عتبہ سے کہی عتبہ نے اپنے دوست ابوجہل سے بیان کی ابوجہل ہنس کر بولا کہ عبدالمطلب کی اولاد میں اب تک مرد نبی بنے اب عورتیں بھی نبی بننے لگیں اس نے اس خواب پر کوئی دھیان نہ دیا ساڑھے نو سو شہ سوار بہت سامان جنگ سے لیس نکلے انہیں نفیر کہتے ہیں ابوسفیان کا قافلہ غیر کہلاتا ہے یہ قافلہ عمیر، ان لوگوں کو اپنے فتح پر اتنا یقین تھا کہ اپنے ساتھ شراب کے گھڑے ناچنے والے عورتیں بھی لے گئے تھے کہ مسلمانوں کو صفحہ ہستی سے مٹا کر مدینہ میں شرابیں پئیں گے اور ناچ ناچ کر جشن منائیں گے ادھر ابوسفیان نے مدینہ منورہ والا راستہ چھوڑ کر بحرین والا راستہ اختیار کیا اور اپنے قافلہ کو مکہ معظّمہ پہنچا دیا ابوجہل کو کہلا بھیجا کہ چونکہ ہمارا قافلہ بخیریت مکہ پہنچ گیا ہے اس لئے تم لوگ واپس آ جاؤ مگر ابوجہل نے اکڑ کر کہا کہ بہادر لوگ جب جنگ کے لئے نکل پڑتے ہیں تو بغیر کچھ کئے واپس نہیں ہوتے ابوسفیان تم ہم سے آملو ہمارے جشن میں شرکت کرو چنانچہ یہ چالیس آدمی بھی ابوجہل سے جا ملے اور اب ان کی تعداد نو سو نوے ہو گئی اس وقت حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وادی قرآن میں مع ان صحابہ کے تشریف فرما تھے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان حضرات سے فرمایا کہ عیر چاہتے ہو یا نفیر یعنی ابوسفیان سے جنگ چاہتے ہو یا ابوجہل کی جماعت سے سے اکثر نے عرض کیا کہ ہم عیر چاہتے ہیں کیونکہ ہم جنگ کی تیاری کر کے مدینہ منورہ سے نہیں چلے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ عیر تو گیا اب نفیر سے دو دو ہاتھ کرنا ہیں اسی پر ان لوگوں نے کہا کہ حضور عیر کے پیچھے چلئے نفیر کو چھوڑیئے حضور انور اس پر ناراض ہوئے حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما نے ان لوگوں کے سامنے بہت ہی دل کش اور دل نشین تقریر فرمائی جس پر ان حضرات کو جوش آ گیا حضرت مقداد ابن اسود کھڑے ہو کر بولے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ کو جہاں رب تک چلیں ہم آپ کے ساتھ ہم حضرت

Marfat.com

موسی کے ساتھی نہیں جو آپ سے کہہ دیں کہ ''اذ ھب انت وَربك فقاتل وانا ھھنا قاعدون'' کہ آپ اور آپ کا رب جانہیں دونوں جہاد کریں ہم تو یہاں ہی بیٹھے رہیں گے بلکہ ہم تو یہ کہتے ہیں کہ اذھب انت وربك فقاتلا انا معکما مقاتلون آپ اور آپ کا رب جنگ کے لئے جائیں ہم آپ کے ساتھ جہاد کریں گے اس پر حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بہت خوش ہوئے پھر حضرت سعد ابن معاذ بولے ؎

تعالیٰ اللہ یہ شیوہ ہی نہیں ہے باوفاؤں کا　　پیا ہے دودھ ہم لوگوں نے غیرت مند ماؤں کا

یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اگر حضور ہم کو سمندر میں کود جانے کا حکم دیں تو ہم کو کوئی عذر نہ ہوگا بے دھڑک کود جائیں گے اس پر حضور انور بہت خوش ہوئے اور فرمایا کہ چلو اللہ پر توکل کر کے یہ کفار انشاء اللہ سخت شکست پائیں گے میں کفار کے قتل گاہ کو دیکھ رہا ہوں پھر یہ آیت نازل ہوئی۔

(تفسیر روح البیان، روح المعانی، کبیر، خازن، مدارک وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِذْ تَسْتَغِيْثُوْنَ رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ لَكُمْ اَنِّيْ مُمِدُّكُمْ بِاَلْفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُرْدِفِيْنَ ۝۹ وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى وَلِتَطْمَئِنَّ بِهٖ قُلُوْبُكُمْ ۚ وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝۱۰ (پارہ 9۔ سورۃ الانفال، آیت نمبر 9-10)

ترجمہ کنزالایمان: جب تم اپنے رب سے (فتح کے لیے) فریاد کرتے تھے تو اس نے تمہاری سن لی کہ میں تمہیں مدد دینے والا ہوں (آسمان سے اترتے) ہزاروں فرشتوں کی قطار سے اور یہ تو اللہ نے کیا مگر تمہاری خوشی کو اور اس لیے کہ تمہارے دل چین پائیں، اور مدد نہیں مگر اللہ کی طرف سے بیشک اللہ غالب حکمت والا ہے۔

نصرتِ الٰہی

غزوہ بدر کے موقع پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب مجاہدین اور سامان جنگ کی قلت کو ملاحظہ فرمایا اور دوسری جانب لشکر کفار کی کئی گناہ یادہ تعداد اور ان کے سامان حرب کی کثرت کی جانب نظر فرمائی تو بارگاہ الٰہی میں عرض گزار ہوئے یا اللہ اگر آج تو نے ہماری مدد نہ فرمائی تو پھر روئے زمین پر تیری عبادت کرنے والا کوئی نہ بچے گا یا اللہ اپنا وعدہ پورا فرما جو تو نے مجھ سے کیا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دست مبارک دراز فرمائے یہ دعا فرماتے رہے یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی چادر مبارک دوش مبارک سے نیچے تشریف لئے آئی حضرت ابوبکر صدیق رضی

Marfat.com

اللہ عنہ نے آگے بڑھ کر چادر مبارک کو دوبارہ دوش مبارک پر ڈالا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے لپٹ گئے اور عرض گزار ہوئے یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ نے بہت دعا فرمائی یقیناً رب تعالی آپ کی ضرور مدد فرمائے گا چنانچہ اس موقعہ پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر روح البیان، تفسیر معانی، تفسیر کبیر، تفسیر خازن، تفسیر بیضاوی، تفسیر صاوی وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِذْ یُغَشِّیْكُمُ النُّعَاسَ اَمَنَةً مِّنْهُ وَ یُنَزِّلُ عَلَیْكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً لِّیُطَهِّرَكُمْ بِهٖ وَ یُذْهِبَ عَنْكُمْ رِجْزَ الشَّیْطٰنِ وَ لِیَرْبِطَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ وَ یُثَبِّتَ بِهِ الْاَقْدَامَ ؕ (پارہ 9۔ سورۃ الانفال، آیت نمبر 11)

ترجمہ کنزالایمان: جب اس نے تمہیں اونگھ سے گھیر دیا (سلا دیا) تو اس کی طرف سے چین (تسکین) تھی (جو تمھیں عطا کی) اور آسمان سے تم پر پانی اتارا کہ تمہیں اس سے ستھرا (پاک صاف) کردے اور شیطان کی ناپاکی (وسوسہ) تم سے دور فرمادے اور تمہارے دلوں کی ڈھارس بندھائے اور اس سے تمہارے قدم جمادے۔

بارش فتح کا پیش خیمہ

جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بدر کی طرف روانہ ہوئے راستہ میں قریب بدر دو شخص ملے ان سے حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پوچھا کہ کیا یہاں سے ابوسفیان کا قافلہ گزرا تھا وہ بولے ہاں رات کے وقت گزرا تھا ان دونوں کو مسلمانوں نے کفار مکہ کے حالات معلوم کرنے کے لئے پکڑ لیا ان دونوں میں سے ایک تو ابورافع تھے یعنی حضرت عباس کا غلام دوسرا اسلم تھا عقبہ ابن ابی معیط کا غلام صحابہ کرام نے ابورافع سے پوچھا کہ اس جنگ کے لئے مکہ معظّمہ سے کتنے لوگ نکلے ہیں وہ بولا کہ قریبا سارے ہی نکل پڑے ہیں حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مکہ نے اپنے جگر کے ٹکڑے ہماری طرف پھینک دیئے ہیں پھر ابورافع سے پوچھا کہ کیا کچھ لوگ واپس بھی لوٹ گئے وہ بولا ہاں جب ابوسفیان کے قافلہ کی بخیریت نکل جانے کی خبر ملی تو ابی ابن سرجی اپنے تین سو ساتھیوں کے ساتھ واپس لوٹ گئے یہ شخص بنی زہرہ کا سردار تھا حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس دن ابو کو لقب دیا اخس کا کیونکہ وہ اپنی قوم سے کٹ گیا اتنی تحقیق کے بعد یہ حضرات بدر کی طرف روانہ ہوئے تو دیکھا کہ کفار مکہ وہاں پہلے سے پہنچ چکے ہیں اور انہوں نے وادی بدر کے اچھے صاف میدانی علاقہ پر قبضہ کرلیا ہے۔ جہاں پانی ہے مسلمان بدر کے ریتے والے حصہ میں اترے جہاں پانی نہ تھا ان حضرات کو اس وقت دو دشواریاں پیش

Marfat.com

آئیں ایک پانی کا نہ ہونا سخت پیاس دوسرا دھنس جانا اچھی طرح نہ چل سکنا اس موقع پر شیطان بہ شکل انسانی ان غازیوں کے پاس آیا اور الگ الگ ایک ایک سے ملا بولا کہ تم کہتے ہو کہ تم حق پر ہو اللہ کے پیارے ہو تمہارے نبی سچے ہیں یہ عجیب حقانیت ہے کہ رب نے تم کو خشک اور دیتے والے علاقہ میں اتارا اب نتیجہ یہ ہوگا کہ جب تم پیاس سے بدحال ہو جاؤ گے تو کفار نہایت آسانی سے تم کو شکست فاش دے دیں گے تم میں سے کوئی گھر واپس نہ جاوے گا کہ تم پیاسے رہو گے کفار تازہ دم اس پر ان میں سے بعض حضرات کو سخت فکر ہوئی ادھر دریائے رحمت الٰہی جوش میں آیا اور خوب موسلا دار بارش ہوئی جس سے ریت جم کر نہایت اچھی زمین بن گیا اور صحابہ کرام نے اسی حصہ میں لمبی چوڑی حوض نما جگہ بنائی جس میں پانی بھر گیا ان لوگوں نے تالابوں کی طرح اسے استعمال کیا ادھر کفار والا حصہ پھسلن ہو گیا جس سے انہیں چلنا پھرنا دشوار ہو گیا مومنوں کو اس بارش سے اتنی خوشی ہوئی جو بیان سے باہر ہے سب کے دل مطمئن ہو گئے اور یہ بارش ان کو فتح کا پیش خیمہ معلوم ہوئی اس موقع پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (روح البیان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فَلَمْ تَقْتُلُوْهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ قَتَلَهُمْ ۪ وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَ لٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى ۚ وَلِيُبْلِيَ الْمُؤْمِنِيْنَ مِنْهُ بَلَآءً حَسَنًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝ ذٰلِكُمْ وَ اَنَّ اللّٰهَ مُوْهِنُ كَيْدِ الْكٰفِرِيْنَ ۝ (پارہ 9۔ سورۃ الانفال، آیت نمبر 17-18)

ترجمہ کنزالایمان: تو تم نے انہیں قتل نہ کیا بلکہ (درحقیقت) اللہ نے انہیں قتل کیا، اور اے محبوب! وہ خاک جو تم نے پھینکی تھی بلکہ (درحقیقت) اللہ نے پھینکی اور اس لیے کہ مسلمانوں کو اس سے اچھا انعام عطا فرمائے، بیشک اللہ سنتا جانتا ہے، یہ (نعمتیں) تو لو اور اس کے ساتھ یہ ہے کہ اللہ کافروں کا داؤ (فریب) سست (کمزور) کرنے والا ہے۔

واقعہ فتح بدر

جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بدر میں غازیوں کو اتارا تو دو شخص حضور انور کی خدمت میں لائے گئے اسلم جو بنی حوج کا غلام تھا ابو یسار جو بنی عاص ابن سعد کا غلام تھا انہیں غازیان بدر پکڑ کر حضور کے پاس لائے ان سے حضور انور نے پوچھا کہ کفار مکہ کتنی تعداد میں ہیں وہ بولے بہت کم ہیں مگر ہم کو پوری گنتی نہیں معلوم فرمایا روزانہ کتنے اونٹ ان کی خوراک کے لئے ذبح ہوتے ہیں وہ بولے ایک دن دس دوسرے دن نو حضور انور نے فرمایا

Marfat.com

کہ وہ نو سو اور ایک ہزار کے درمیان ہیں پھر پوچھا کہ ان میں سرداران قریش کتنے ہیں وہ بولے کہ عتبہ ابن ربیعہ، شیبہ ابن ربیعہ، ابو البخر ی ابن ہشام، حکیم ابن حزام، حارث ابن عامر، طعمہ ابن مری، نصر ابن حارث، عمرو ابن ہشام یعنی ابوجہل، امیہ ابن خلف، نسیہ ابن حجاج، حیہ ابن حجاج، سہیل ابن عمر یہ بارہ توچوٹی کے سردار ہیں باقی ان کے علاوہ ہیں حضور انور نے فرمایا کہ مکہ نے اپنے جگر پارے نکال پھینکے ہیں پھر عرض کیا کیا اے میرے رب یہ قریش یہاں فخر و تکبر کرتے آئے ہیں انہوں نے تیرا مقابلہ کیا تیرے نبی کو جھٹلایا تو نے مجھ سے جس فتح کا وعدہ فرمایا ہے وہ پورا کر پھر جناب علی سے فرمایا کہ مجھے ایک مٹھی خاک دو آپ نے پیش کی حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے شاھت الوجوہ کہہ کر وہ خاک کفار کی طرف پھینکی تو سارے کفار کی دونوں آنکھوں میں وہ دھول پڑ گئی بلکہ نتھنوں اور منہ میں بھی۔

میں تیرے ہاتھوں کے صدقے کیسی کنکریاں تھیں وہ
جس سے سارے کافروں کا وفعتہً منہ پھیر گیا

یہ واقعہ فتح بدر کا پیش خیمہ ہوا پھر چند گھنٹوں میں مسلمانوں نے ستر کافر مار دیئے اور گرفتار کر لئے ان کے اپنے 13 غازی شہید ہوئے جو بدر میں آرام فرما رہے ہیں اس فتح کے بعد غازیان بدر آپس میں باتیں کرنے لگے کوئی کہتا کہ نے فلاح کافر کو یوں مارا کوئی کہتا میں نے فلاں کو یوں قید کیا تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر خازن)

اس کو تفسیر کبیر، بیضاوی، صاوی، مدارک، روح المعانی، روح البیان، وغیرہم نے بیان کیا مگر تفصیل خازن میں ہے۔

یہ آیت کریمہ غزوہ خیبر کے موقع پر نازل ہوئی۔ جبکہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قلعہ کے دروازے پر تیر چلایا تو اس سے قلعہ کے اندر ابن ابی الحقیق ہلاک ہوا۔

یہ آیت غزوہ احد کے موقع پر نازل ہوئی کہ ابی ابن خلف اولاً بدر میں قید ہوا یہاں سے فدیہ دے کر رہا ہوا پھر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بولا کہ میں نے آپ کو قتل کرنے کے لئے ایک گھوڑا پالا ہے جسے میں بذات خود گھاس دانہ پانی دیتا ہوں اس پر بیٹھ کر آپ کو قتل کروں گا حضور نے فرمایا انشاء اللہ میں تجھے قتل کروں گا چنانچہ یہ مردود اس گھوڑے پر سوار حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف دوڑ آیا مسلمان غازی اس کے مقابل آئے حضور نے فرمایا اسے مجھ تک آنے دو حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس پر نیزہ سے حملہ کیا جس سے اس کی ایک پسلی ٹوٹ گئی زخمی ہو کر اپنے ساتھیوں کے پاس آیا وہ بولے کوئی بات نہیں معمولی زخم ہے آرام ہو جائے گا ابی ابن خلف بولا کہ زخم تو

Marfat.com

معمولی ہے مگر زخم لگانے والا بڑی قوی ہے محمد کا مارا کبھی بچ نہیں سکتا پھر وہ کتے کی طرح بھونکتا ہوا مر گیا۔

یہ آیت کریمہ غزوہ حنین کے موقع پر نازل ہوئی حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس دن بھی ایک مٹھی خاک کفار کی طرف پھینکی جس سے ان ساروں کے آنکھوں میں دھول ہی دھول ہو گئی مگر قوی پہلا قول ہے کہ یہ آیت غزوہ بدر میں نازل ہوئی۔ (تفسیر کبیر، تفسیر روح المعانی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنْ تَسْتَفْتِحُوْا فَقَدْ جَآءَكُمُ الْفَتْحُ ۚ وَاِنْ تَنْتَهُوْا فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَاِنْ تَعُوْدُوْا نَعُدْ ۚ وَلَنْ تُغْنِيَ عَنْكُمْ فِئَتُكُمْ شَيْـًٔا وَّلَوْ كَثُرَتْ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۧ (پارہ 9۔ سورۃ الانفال، آیت نمبر 19)

ترجمہ کنزالایمان: اے کافرو! اگر تم فیصلہ مانگتے ہو (کہ حق کی فتح ہو) تو یہ فیصلہ تم پر آ چکا (تم شکست کھا گئے) اور اگر (اب کفر سے) باز آؤ تو تمہارا (دنیا و آخرت میں) بھلا ہے اور اگر تم پھر شرارت (نافرمانی) کرو تو ہم پھر سزا دیں گے اور تمہارا جتھا (گروہ) تمہیں کچھ کام نہ دے گا (عذاب سے نہ بچا سکے گا) چاہے کتنا ہی بہت ہو اور اس کے ساتھ یہ ہے کہ اللہ مسلمانوں کے ساتھ ہے۔

مددِ الٰہی عزوجل

جب کفار مکہ بدر میں جنگ کے لئے روانہ ہونے لگے تو ابوجہل نے کعبہ کا پردہ پکڑ کر کہا یارب ہمارا دین پرانا اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دین نیا ہے تجھے ان دونوں میں سے جو دین پسند ہو اسے فتح عطا فرما اور ہماری اور محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی جماعت میں جو حق و ہدایت پر ہو اس کی مدد فرما اور جو مجرم ہو اسے ذلت و رسوائی عطا فرما۔ چنانچہ اس کے متعلق یہ کریمہ نازل ہوئی ایک دوسری روایت کے مطابق غزوہ بدر سے پہلے مسلمانوں نے بارگاہ الٰہی میں اپنے لئے فتح و نصرت کی دعا مانگی چنانچہ مسلمانوں کو غزوہ بدر میں شاندار فتح ہوئی پھر جب مال غنیمت اور قیدیوں سے فدیہ لینے کا موقع آیا تو مجاہدین نے آپس میں اختلاف ہوا چنانچہ اس موقع پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر روح المعانی، خازن، روح البیان، مدارک، تفسیر کبیر وغیرہ)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ عِنْدَ اللّٰهِ الصُّمُّ الْبُكْمُ الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۲۲﴾ وَ لَوْ عَلِمَ اللّٰهُ فِيْهِمْ خَيْرًا لَّاَسْمَعَهُمْ ؕ وَ لَوْ اَسْمَعَهُمْ لَتَوَلَّوْا وَّ هُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۲۳﴾

(پارہ9۔سورۃ الانفال،آیت نمبر 22-23)

ترجمہ کنزالایمان: بیشک سب جانوروں میں بدتر اللہ کے نزدیک وہ (کفار) ہیں جو (حق سننے سے) بہرے (حق بولنے سے) گونگے ہیں جن کو عقل (حق کی سمجھ) نہیں اور اگر اللہ ان میں کچھ بھلائی (ایمان کی رغبت) جانتا تو انہیں (مردوں سے اسلام کی گواہی) سنا دیتا اور اگر سنا دیتا (تو) جب بھی انجام کار منہ پھیر کر پلٹ جاتے (ایمان نہ لاتے)۔

کفار مکہ واہلِ کتاب منافقین کی بیہودہ باتیں

ایک مرتبہ کفار مکہ بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں عرض گزار ہوئے اگر آپ واقعی اللہ کے سچے رسول ہیں تو ہمارے مورث اعلیٰ ابن کلاب اور دوسرے مردوں کو زندہ فرمائیں پھر ہم ان سے آپکی رسالت کی گواہی لیں جب وہ ہم سے کہیں گے آپ سچے رسول ہیں تو پھر ہم آپ پر فوراً ایمان لے آئیں گے ہمیں اپنے مورث اعلیٰ پر یقین ہے چنانچہ یہ آیت کریمہ نازل ہوئی ایک دوسری روایت کے مطابق قبیلہ بنی عبدالدار ابن قصی سے تھا۔ بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں عرض کی اے محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ہم آپ کی باتیں سننے سے بہرے اور کلمہ پڑھنے سے گونگے ہیں چنانچہ ان کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ان میں سے صرف دو حضرات مصعب بن عمیر اور سوید ابن حرملہ رضی اللہ عنہما ہی اسلام لائے۔ باقی سب غزوہ احمد میں مارے گئے۔ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے قول کے مطابق یہ آیت کریمہ اہل کتاب منافقین کے حق میں نازل ہوئی جو ایسی بیہودہ باتیں کرتے رہتے تھے۔ (تفسیر خازن، تفسیر کبیر، تفسیر بیضاوی، تفسیر روح المعانی)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَ اتَّقُوْا فِتْنَةً لَّا تُصِيْبَنَّ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْكُمْ خَآصَّةً ۚ وَ اعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۲۵﴾ (پارہ9۔سورۃ الانفال،آیت نمبر 25)

ترجمہ کنزالایمان: اور اس فتنہ (عذابِ عام) سے ڈرتے رہو جو ہرگز تم میں خاص ظالموں کو ہی نہ پہنچے گا (نیک و بد سب کو گھیر لے گا) اور جان لو کہ اللہ کا عذاب سخت ہے۔

Marfat.com

غیبی خبر

یہ آیت کریمہ حضرت علی، حضرت عمار، حضرت طلحہ وحضرت زبیر وغیرہم کے بارے میں نازل ہوئی۔ جس میں ان اختلافات اور لڑائیوں کی پہلے ہی خبر دے دی گئی جو ان میں آپس میں ہونے والی تھی جیسے جنگ جمل اور صفین وغیرہ۔ روایت ہے کہ ایک بار نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے زبیر رضی اللہ عنہ اور حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ آپس میں بہت محبت اور شفقت سے باتیں کرتے ملاحظہ فرمایا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت زبیر رضی اللہ عنہ سے دریافت فرمایا اے زبیر کیا تم علی کو محبوب رکھتے ہو انہوں نے عرض کی یارسول اللہ میں تو علی سے اتنی محبت کرتا ہوں جتنی اپنے بچوں اور عزیزوں سے کرتا ہوں تو پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا پھر اس وقت کیا کرو گے جب تمہاری علی سے جنگ ہوگی۔ ایک دوسری روایت کے مطابق ان فتنوں کے متعلق نازل ہوئی جنکے متعلق نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پہلے ہی خبر دے دی تھی یہ فتنوں کے نزول کا وہ وقت ہوگا کہ بیٹھا رہنے والا کھڑا رہنے والے سے بہتر ہوگا اور کھڑا رہنے والا دوڑنے والے سے غنیمت ہوگا۔

(تفسیر کبیر، وخازن وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَاذْكُرُوْٓا اِذْ اَنْتُمْ قَلِيْلٌ مُّسْتَضْعَفُوْنَ فِي الْاَرْضِ تَخَافُوْنَ اَنْ يَّتَخَطَّفَكُمُ النَّاسُ فَاٰوٰىكُمْ وَاَيَّدَكُمْ بِنَصْرِهٖ وَرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۲۶﴾ (پارہ 9۔ سورۃ الانفال، آیت نمبر 26)

ترجمہ کنزالایمان: اور یاد کرو جب تم (تعداد میں) تھوڑے تھے ملک میں دبے ہوئے (کفار تم غالب تھے) ڈرتے تھے کہ کہیں لوگ تمہیں اچک نہ لے جائیں (ہلاک نہ کردیں) تو اس نے تمہیں جگہ دی (ٹھکانہ) اور اپنی مدد سے زور دیا (غیب سے مدد کی) اور ستھری (حلال) چیزیں تمہیں روزی دیں کہ کہیں تم احسان مانو۔

غزوہ بدر

امام سدی کے قول کے مطابق یہ آیت کریمہ غزوہ بدر کے متعلق نازل ہوئی۔ (تفسیر کبیر)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَخُوْنُوا اللّٰهَ وَ الرَّسُوْلَ وَ تَخُوْنُوْٓا اَمٰنٰتِكُمْ وَ اَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۷﴾ وَ اعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ وَ اَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ۙ وَّ اَنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿۲۸﴾ ع (پارہ9۔سورۃ الانفال، آیت نمبر 27-28)

ترجمہ کنزالایمان: اے ایمان والو! اللہ اور رسول سے دغا (ان کی مخالفت) نہ کرو اور نہ اپنی امانتوں میں دانستہ (جان بوجھ کر) خیانت، اور جان رکھو کہ تمہارے مال اور تمہاری اولاد سب فتنہ (نیکی میں رکاوٹ) ہے اور اللہ کے پاس (آخرت میں) بڑا ثواب ہے۔

توبہ قبول ہوگئی

اس آیت کے نزول کے متعلق چند روایات ہیں۔ایک انصاری ہارون ابن منذر جو بنی عوف ابن مالک قبیلہ سے تھے ان کی کنیت ابولبابہ تھی ان کا گھر بار بال بچے یہود مدینہ بنی قریظہ کے محلے میں رہتے تھے۔غزوہ خندق کے بعد حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بنی قریظہ کا اکیس دن محاصرہ رکھا اور وہ تنگ آ گئے تو انہوں نے بنی نضیر کی طرح حضور سے صلح کرنی چاہی حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انکار کیا اور فرمایا کہ اگر چاہو تو سعد ابن معاذ کو ہمارے اور اپنے درمیان حکم بنالو انہوں نے کہا ابولبابہ کو ہمارے پاس بھیج دیا جائے ہم ان سے مشورہ کرلیں چنانچہ حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں بنی قریظہ کے پاس بھیجا انہوں نے ان سے پوچھا کہ اگر ہم سعد ابن معاذ کو حکم بنالیں تو ہمارے متعلق وہ کیا فیصلہ کریں گے۔تمہارا کیا خیال ہے ابولبابہ نے اپنے حلق پر انگلی پھیر دی یعنی تم سب کے قتل کا فیصلہ ہوگا نہیں اپنے بال بچوں گھر بار کی فکر تھی کہ بنی قریظہ انہیں پریشان نہ کریں مگر اشارہ کرتے ہی خیال آیا کہ میں نے اللہ رسول کی خیانت کی کہ ان کا راز ظاہر کر دیا مسجد نبوی میں آئے اور ایک ستون سے اپنے آپ کو باندھ دیا اور بولے اب مجھے حضور کھولیں گے تو کھلوں گا ورنہ نہ کچھ کھاؤں گا نہ پیوں گا میں نے بڑا قصور کیا ہے حضور انور کی خدمت میں واقعہ عرض کیا گیا حضور انور نے فرمایا کہ اگر ابولبابہ میرے پاس آجاتے تو میں ان کی معافی کی دعا کر دیتا اب وہ براہ راست رب کے پاس حاضر ہو گئے اب وہاں کے فیصلہ کا انتظار کرنا چاہیے ابولبابہ سات دن بھوکے پیاسے بندھے رہے حتی کہ غشی آئی تب ان کی توبہ قبول ہوئی لوگوں نے کہا کہ تمہاری توبہ قبول ہوگئی اب تم اپنے آپ کو کھول لو وہ بولے ہرگز نہیں بلکہ مجھے حضور انور اپنے ہاتھ سے کھولیں تو کھلوں گا تب حضور انور نے انہیں اپنے ہاتھ مبارک سے کھولا اس پر یہ آیات نازل ہوئیں۔(تفسیر خازن)

اب اس ستون کو استوانہ توبہ بھی کہتے ہیں اور اسطوانہ ابولبابہ بھی لوگ وہاں کھڑے ہو کر توبہ کرتے نوافل

Marfat.com

پڑھتے اس توبہ قبول ہونے پر ابولبابہ حضور کی خدمت میں آئے اور بولے کہ مجھ سے گناہ گھر بار مال ومتاع کی محبت نے کرایا اچھا میں وہاں کا رہنا، سہنا چھوڑتا ہوں اور اپنا سارا مال فقراء میں خیرات کرتا ہوں۔

(خازن، کبیر، معانی وغیرہ)

بعض سادہ لوح مسلمان حضور انور کی مجلس شریف میں کوئی اسکیم سنتے یا جنگی تدبیریں معلوم کرتے تو محض اپنی سادہ لوحی سے اس کا تذکرہ یا تو یہود مدینہ سے کر دیتے یا منافقین سے اور منافقین یہود کو پہنچا دیتے تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (خازن، کبیر، معانی وغیرہ)

امام سدی فرماتے ہیں کہ ایک بار حضور انور نے خبر دی کہ ابوسفیان معہ قافلہ کے فلاں جگہ ہیں خفیہ طور پر ان کا راستہ روک لو ایک صاحب نے یہ خبر ابوسفیان کو لکھ دی کہ تم بچ کر کہاں جاؤ گے تم پر حملہ ہونے والا ہے تب یہ آیت نازل ہوئی۔ (خازن، معانی وغیرہ)

یہ آیت کریمہ حضرت حاطب ابن ابی بلعہ کے متعلق نازل ہوئی جنہوں نے فتح مکہ کے موقع پر مشرکین مکہ کو ایک خط ایک مکہ والی مشرکہ عورت کے ذریعہ بھیجا جس میں حضور انور کے ارادوں کی اطلاع دے دی وہ عورت حضور انور نے پکڑوا کر اس سے خط چھنوا کر منگا لیا۔ حضرت عمر نے حاطب کے قتل کی اجازت مانگی مگر نہ دی گئی ان کے متعلق یہ آیت نازل ہوئی۔ (کبیر وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَاِذْ یَمْكُرُ بِكَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لِیُثْبِتُوْكَ اَوْ یَقْتُلُوْكَ اَوْ یُخْرِجُوْكَ ؕ وَیَمْكُرُوْنَ وَیَمْكُرُ اللّٰهُ ؕ وَاللّٰهُ خَیْرُ الْمٰكِرِیْنَ ﴿۳۰﴾ (پارہ 9۔ سورۃ الانفال، آیت نمبر 30)

ترجمہ کنزالایمان: اور اے محبوب یاد کرو جب کافر تمہارے ساتھ مکر (سازشیں) کرتے تھے کہ تمہیں بند (قید) کرلیں یا شہید کر دیں یا (شہر سے) نکال دیں اپنا سا مکر (سازشیں) کرتے تھے اور اللہ اپنی خفیہ تدبیر فرماتا تھا اور اللہ کی خفیہ تدبیر سب سے۔

اللہ عزوجل کی خفیہ تدبیر

جب مسلمان مکہ معظّمہ سے ہجرت کر کے دوسرے علاقوں میں جا بسے اور وہاں بہ فراغت رب کی عبادت کرنے لگے تو کفار مکہ کے دلوں میں حسد کی آگ بھڑک اٹھی کہ یہ لوگ ہمارے پنجہ ستم سے کیوں نکل گئے پھر ایکِ حج کے موقع پر بارہ انصار مدینہ نے حضور انور کے ہاتھ پر بیعت اسلام کی دوسرے حج کے موقع پر

Marfat.com

70 انصار نے بیعت کی جسے بیعت عقبہ کہتے ہیں یہ خبر کفار مکہ کو لگ گئی تو وہ اور بھی آگ بگولہ ہو گئے آخر کار یہ لوگ ایک دن سرداران قریش قصبی ابن کلاب کے گھر میں جمع ہوئے جواب دارندوہ بن چکا تھا (یعنی کمپنی کا گھر) (معانی) ان لوگوں میں عقبہ ابن ربیعہ، شیبہ ابن ربیعہ، ابو جہل، ابو سفیان، طیعمہ ابن عدی، نصر ابن حارث، ابو النجر ی، ابن ہشام، زمعہ ابن اسود، حکیم ابن بھزام، نسیہ ابن حجاج، میہ ابن حجا اور امیہ ابن خلف خصوصی مہمان تھا یہ لوگ بولے کہ اب کیا کرنا چاہئے محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کا معاملہ ہمارے قابو سے باہر نکلا جا رہا ہے ان کے اثرات دوسرے علاقوں میں پہنچ رہے ہیں ابھی بات یہاں تک ہوئی تھی کہ ایک سفید ریش بوڑھا دروازہ پر آ کھڑا ہوا حاضرین نے پوچھا کہ تو کون ہے اور ہماری اس خصوصی میٹنگ میں کیوں آیا ہے کہا میں شیخ نجدی ہوں مجھے تمہارا اس اجتماع کا یہاں آ کر پتہ لگا تو میں بھی تم کو اچھا مشورہ دینے آ گیا ہوں تم کو میرے مشوروں سے بہت فائدہ پہنچے گا یہ لوگ بولے کہ آپ بھی تشریف لے آیئے (یہ ابلیس تھا) جو ان میں شامل ہو گیا اب بات آگے چلی ابلیس سے یہ سب کچھ کہا گیا ابلیس یعنی شیخ نجدی بولا کہ اپنے مشورے پیش کرو پہلے ابو النجر ی ابن ہشام بولا کہ مسلمانوں پر سختیاں کر کے ہم دیکھ چکے کچھ نہ بنا اب ہم کو محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انتظام کرنا چاہیے میرے رائے یہ ہے کہ ان کو ایک گھر میں قید کر کے دروازہ پتھروں سے چن کر بند کر دیا جائے تا کہ وہ وہاں ہی ہلاک ہو جائیں اس پر شیخ نجدی بولا کہ یہ رائے ٹھیک نہیں کیونکہ ان کی قوم بنی ہاشم ان کو جبراً وہاں سے نکال لیں گے اور مکہ میں خانہ جنگی نہ ہو جائے جس سے محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو فائدہ پہنچے گا یہ رائے رد ہو گئی اس کے بعد ہشام بن عمرو، جو قبیلہ بنی عامر ابن لوی سے تھا اٹھا بولا کہ انہیں ایک اونٹ پر سوار کر کے مکہ سے اتنی دور نکال دو کہ پھر وہ مکہ کا رخ نہ کر سکیں اور ہم کو اس آفت سے نجات ملے۔ شیخ نجدی بولا کہ یہ رائے بھی ٹھیک نہیں کیونکہ تم دیکھتے ہو وہ کیسے فصیح اللسان سیف زبان صاحب تاثیر ہیں کہ اپنی باتوں سے خلق کے دل موہ لیتے ہیں جو ان کی سن لیتا ہے وہ ان کا ہو جاتا ہے اگر تم نے ان کو مکہ سے نکال دیا تو وہ کسی اور جگہ جا کر وہاں کے لوگوں کو مسلمان کر لیں گے پھر ان کی مدد سے تم پر حملہ آور ہو جائیں گے اور تم کو مکہ سے نکال دیں گے تم تو اپنی ہلاکت کی تدبیر کر رہے ہوں چنانچہ یہ رائے بھی رد ہو گئی پھر ابو جہل اٹھا بولا کہ میرے رائے یہ ہے کہ قریش کے ہر خاندان سے چند بہادر نوجوان تلوار آبدار لے کر یکدم حضور انور پر ٹوٹ پڑیں اور انہیں قتل کر دیں یہ نہ پتہ لگے کہ قاتل کون ہے آخر کار بنی ہاشم سارے قبیلوں سے لڑ نہ سکیں گے خون بہا لینے پر راضی ہو جائیں گے ہم قبیلے والے چندہ کر کے ادا کریں گے شیخ نجدی بولا یہ رائے بہت ہی اچھی ہے یہ شخص بہت ذی رائے معلوم ہوتا ہے چنانچہ یہ قرارداد پاس ہوئی اور کفار مکہ اسے عملی جامہ پہنانے کے لئے اپنے گھروں کو چلے گئے ادھر حضرت

Marfat.com

جبرائیل امین نے حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس سارے واقعہ کی خبر دی اور حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ہجرت کر جانے کے لئے کہا چنانچہ ایک رات کفار قریش نے ننگی تلواریں لئے حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا گھر گھیر لیا حضور انور نے بحکم الٰہی حضرت ابو بکر صدیق کو اپنے ساتھ لیا اور حضرت علی المرتضیٰ کو فرمایا کہ تم میرے بستر پر آج کی رات سو رہو تم سے وعدہ کرتا ہوں کہ کفار تمہارا بال بیکا نہ کر سکیں گے ابھی قاتل جلادوں کی امانتیں میرے پاس ہیں ان کی امانتیں ادا کر کے میرے پاس مدینہ منورہ چلے آنا۔ حضرت علی بخوشی راضی ہو گئے اور حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ آیت پڑھتے ہوئے گھیرہ کفار سے صاف نکل گئے۔''

انا جعلنا فی اعناقهم (الی قوله) فاغشیناهم فهم لا یبصرون' اور حضرت ابو بکر صدیق کو ہمراہ لے کر غار ثور میں تشریف لے گئے ادھر یہ کفار حضرت علی کو حضور انور سمجھتے ہوئے گھر گھیرے کھڑے رہے صبح صادق کے وقت جب حضرت علی بستر پاک سے اٹھے تو کفار علی کو دیکھ کر حیران رہ گئے پوچھنے لگے کہ اے علی محمد کہاں ہیں (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) آپ نے فرمایا کہ رب جانے یہ لوگ حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تلاش میں دیوانہ وار چوطرفہ پھیل گئے ادھر حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مع یار غار حضرت صدیق اکبر کے ثور پہاڑ کے ایک غار میں جلوہ گر ہو گئے بحکم الٰہی فوراً غار کے منہ پر مکڑی نے جالا تن دیا اور ایک کبوتری نے انڈے دے دیئے بعض کفار یہاں بھی تلاش کرتے ہوئے پہنچ گئے مگر جالا اور انڈے دیکھ کر اندر داخل نہ ہوئے حضور انور نے اس غار میں تین دن قیام فرمایا پھر مدینہ منورہ روانہ ہوئے۔ (تفسیر خازن، بیضاوی، کبیر روح المعانی، وبیان، مدارک وغیرہ) راستہ میں پھر سراقہ کا واقعہ پیش آیا جو مشہور ہے یہ آیت کریمہ ہی واقعہ بیان ہو رہی ہے اس کے متعلق نازل ہوئی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا قَالُوْا قَدْ سَمِعْنَا لَوْ نَشَآءُ لَقُلْنَا مِثْلَ هٰذَآ ۙ اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۳۱﴾ (پارہ 9۔ سورۃ الانفال، آیت نمبر 31)

ترجمہ کنزالایمان: بہتر، اور جب ان پر ہماری آیتیں پڑھی جائیں تو کہتے ہیں ہاں ہم نے سنا ہم چاہتے تو ایسی (کہانیاں تو) ہم بھی کہہ دیتے یہ تو نہیں مگر اگلوں کے قصے (پہلے لوگوں کی کہانیاں)۔

نضر ابن حارث کی بیہودہ بکواس

قبیلہ بنی عبدالدار کا ایک شخص نضر ابن حارث جو اکثر تجارت کی غرض سے فارس روم وکوفہ وغیرہ جاتا رہتا تھا اور وہاں اہل فارس کی زبانی اسفندر یار وغیرہ کے قصے کہانیاں سنتا کہتے دیکھا کرتا تھا چنانچہ اس نے وہ قصے

Marfat.com

یاد کر لئے اور وہیں سے ایسے ہی قصوں پر مشتمل کتاب کلیلہ ومنہ وغیرہ بھی خرید کر ساتھ لے آیا اس نے وہاں یہود ونصاریٰ کو سجدے کرتے دیکھا پھر مکہ آ کر کفار مکہ سے بولا کہ محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تمہیں قوم عاد ثمود کے قصے سناتے ہیں آؤ میں تمہیں رستم اسفندیار کے قصے سناؤں وہ تمہیں قرآن دکھاتے ہیں لو دیکھو میرے پاس کلیلہ ومنہ کی کتاب ہے وہ اپنی امت کو رکوع وسجدوں کا حکم دیتے ہیں میں تو یہود ونصاریٰ کو یہ کام کرتا دیکھ آیا ہوں تو اگر یہ حق پر ہیں تو پھر تو یہود ونصاریٰ بھی برحق ہیں چنانچہ اس کی بیہودہ بکواس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر خازن، روح البیان، تفسیر معانی، تفسیر کبیر، تفسیر مدارک، بیضاوی وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ اِذْ قَالُوا اللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ هٰذَا هُوَ الْحَقَّ مِنْ عِنْدِكَ فَاَمْطِرْ عَلَيْنَا حِجَارَةً مِّنَ السَّمَآءِ اَوِ ائْتِنَا بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۳۲﴾ (پارہ 9۔ سورۃ الانفال، آیت نمبر 32)

ترجمہ کنزالایمان: اور جب ان پر ہماری آیتیں پڑھی جائیں تو کہتے ہیں ہاں ہم نے سنا ہم چاہتے تو ایسی (کہانیاں تو) ہم بھی کہہ دیتے یہ تو نہیں مگر اگلوں کے قصے (پہلے لوگوں کی کہانیاں) اور جب بولے کہ اے اللہ اگر یہی (قرآن) تیری طرف سے حق ہے تو ہم پر آسمان سے پتھر برسا یا کوئی دردناک عذاب ہم پر لا۔

اپنے حق میں بددعا

نضر بن حارث کی اس بیہودہ بکواس پر حضرت عثمان ابن مظعون نے اس سے فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جو فرماتے ہیں حق فرماتے ہیں بدنصیب اللہ سے خوف کر اس کے رسول سچے ان کا کلام بھی سچا اس پر نضر بولا میں بھی سچا ہوں میرا کلام بھی سچا ہے محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کہتے ہیں لا الہ الا اللہ تو میں بھی کہتا ہوں لا الہ الا اللہ اور کہتا ہوں ملائکہ بنات اللہ یعنی فرشتے اللہ کی لڑکیاں ہیں پھر کہنے لگا کہ اگر قرآن اور محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سچے اور میں جھوٹا ہوں تو اللہ مجھ پر اور میری قوم پر قوم لوط کی مثل آسمانی پتھروں کا عذاب نازل فرما دے اس کی اس بدعا پر یہ کریمہ نازل ہوئی۔

ایک اور روایت کے مطابق دعا ابوجہل نے مانگی تھی بعض مفسرین نے کہا یہ دعا بہت سے قریشیوں نے مانگی ہوسکتا ہے کہ نضر بن حارث نے اولاً یہ دعا کی ہو اور اس کی دیکھا دیکھی ابوجہل نے پھر اسے دیکھ کر قریش نے۔ (تفسیر خازن، بیضاوی، کبیر، روح البیان، وغیرہ)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَمَا كَانَ صَلَاتُهُمْ عِنْدَ الْبَيْتِ اِلَّا مُكَآءً وَّ تَصْدِيَةً ؕ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ (پارہ9۔سورۃ الانفال،آیت نمبر 35)

ترجمہ کنزالایمان: اور کعبہ کے پاس ان کی نماز نہیں مگر سیٹی اور تالی (بجاتے طواف کرتے رہیں) تو اب عذاب چکھو بدلہ اپنے کفر کا۔

کفارِ عرب کا قبیح اور بُرا طریقہ

کفارعرب میں یہ براطریقہ رائج تھا کہ مرد وعورت کعبہ معظّمہ کا بالکل برہنے ہوکر طواف کیا کرتے تھے اور دوران طواف ہاتھوں سے تالیاں بجاتے تھے اور منہ میں انگلی دے کر سیٹیاں بجاتے تھے اور ان افعال قبیحہ کو کارخیر کارثواب جانتے نیز قبیلہ بنی عبدالبوار کے لوگوں میں دستور رائج تھا کہ جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کعبہ معظّمہ کے پاس نماز ادا فرمایا کرتے تو یہ لوگ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دائیں بائیں جانب ہوجایا کرتے بعض تالیاں بجاتے بعض سیٹیاں بجاتے اور اسے عبادت پر محمول کرتے کہ ہم نے اپنی عبادت کو محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی عبادت پر حاوی کردیا چنانچہ اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن،تفسیر روح البیان،وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ لِيَصُدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ فَسَيُنْفِقُوْنَهَا ثُمَّ تَكُوْنُ عَلَيْهِمْ حَسْرَةً ثُمَّ يُغْلَبُوْنَ ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى جَهَنَّمَ يُحْشَرُوْنَ ﴿۳۶﴾

(پارہ9۔سورۃ الانفال،آیت نمبر 36)

ترجمہ کنزالایمان: بیشک کافر اپنے مال خرچ کرتے ہیں کہ (اسکے ذریعے) اللہ کی راہ (اسلام) سے روکیں تو اب انہیں خرچ کریں گے پھر وہ ان پر پچھتاوا (نادم) ہوں گے (کہ مال بھی گیا کام بھی نہ بنا) پھر (مسلمانوں سے) مغلوب کردیے جائیں گے (شکست کھائیں گے) اور کافروں کا حشر جہنم کی طرف ہوگا، (داخل جہنم ہوں گے)۔

اسلام دشمنی

جنگ بدر میں کفار کے لشکر کا کھانا بارہ آدمیوں کے ذمہ تھا وہ باری باری دیتے یہ سب قریشی تھے ان میں سے ہر شخص اپنی باری پر دس اونٹ ذبح کرتا تھا اور کفار کے لشکر کو کھانا دیتا تھا اس کے علاوہ غزوہ احد کے موقع پر

Marfat.com

بھی ابوسفیان جو اس وقت تک مسلمان نہ ہوئے تھے بہت سے کفار کو جنگ میں شرکت کیلئے تیار کیا اور ان پر چالیس روقیہ سونا خرچ کیا چنانچہ ان لوگوں کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر خازن، تفسیر روح المعانی، وغیرہ)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَقَاتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّ يَكُوْنَ الدِّيْنُ كُلُّهٗ لِلّٰهِ ۚ فَاِنِ انْتَهَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ بِمَا يَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۳۹﴾ وَ اِنْ تَوَلَّوْا فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَوْلٰىكُمْ ؕ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَ نِعْمَ النَّصِيْرُ ﴿۴۰﴾ (پارہ9۔سورۃ الانفال، آیت نمبر 39-40)

ترجمہ کنزالایمان: اور اگر ان سے لڑو یہاں تک کہ کوئی فساد (کفر و شرک) باقی نہ رہے اور (ہر طرف) سارا دین اللہ ہی کا ہو جائے، اگر پھر وہ باز رہیں تو اللہ ان کے کام دیکھ رہا ہے اور اگر وہ پھریں (اسلام سے منہ موڑیں) تو جان لو کہ اللہ تمہارا مولیٰ ہے (اسی پر بھروسہ کرو) تو کیا ہی اچھا مولیٰ اور کیا ہی اچھا مددگار۔

مسلمانوں پر ظلم و ستم کی انتہا

قبل ہجرت مسلمان کفار مکہ کے ہاتھوں سخت اذیتوں کا شکار تھے چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں حبشہ کی طرف ہجرت کا حکم فرمایا پھر انصار مدینہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دست مبارک پر پہلی بیعت عقبہ کی جب اس کی خبر کفار کو ہوئی تو وہ بہت سیخ پا ہوئے اور مکہ میں موجود بچے کھچے مسلمانوں کو مزید ستاتے اور اذیت پہنچانے لگے اور ان پر ظلم و ستم کی انتہا کر دی چنانچہ ان کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر کبیر)

Marfat.com

دسواں پارہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَیْءٍ فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ وَ لِلرَّسُوْلِ وَ لِذِی الْقُرْبٰی وَ الْیَتٰمٰی وَ الْمَسٰكِیْنِ وَ ابْنِ السَّبِیْلِ اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ وَ مَآ اَنْزَلْنَا عَلٰی عَبْدِنَا یَوْمَ الْفُرْقَانِ یَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ ؕ وَ اللّٰهُ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۴۱﴾

(پارہ:10 سورۃ الانفال، آیت نمبر 41)

ترجمہ کنزالایمان: اور جان لو کہ جو کچھ غنیمت لو تو اس کا پانچواں حصہ خاص اللہ اور رسول و (رسول کے) قرابت داروں اور یتیموں اور محتاجوں اور مسافروں کا ہے اگر تم ایمان لائے ہو اللہ پر اور اس پر جو (احکامِ غنیمت) ہم نے اپنے بندے (محمد ﷺ) پر فیصلہ کے دن اتارا جس دن (بدر کے موقعہ پر) دونوں فوجیں ملیں تھیں اور اللہ سب کچھ کرسکتا ہے۔

مالِ غنیمت کی ابتداء

جب مسلمانوں کو غزوہ بدر میں فتح نصیب ہوئی اور مال غنیمت کی تقسیم کا وقت آیا تو اس کے طریقہ کار کے بارے میں صحابہ کرام کی آپس میں گفتگو ہوئی کیونکہ اس سے پہلے کبھی مال غنیمت تقسیم نہ ہوا تھا اور یہ پہلا موقعہ تھا جو مال غنیمت مجاہدین بدر میں تقسیم ہونا تھا چنانچہ یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

ایک روایت کے مطابق یہ آیت کریمہ غزوہ بنی فسقاع کے موقعہ پر مال غنیمت کی تقسیم کے موقعہ پر نازل ہوئی۔ کیونکہ خمس پہلی بار بنی فسقاع کی کی مال غنیمت سے ہی لیا گیا۔

(تفسیر روح الیان، تفسیر کبیر، تفسیر روح المعانی وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِیْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِیَارِهِمْ بَطَرًا وَّ رِئَآءَ النَّاسِ وَ یَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ؕ وَ اللّٰهُ بِمَا یَعْمَلُوْنَ مُحِیْطٌ ﴿۴۷﴾ (پارہ:10 سورۃ الانفال، آیت نمبر 47)

ترجمہ کنزالایمان: اور ان (کفار) جیسے نہ ہونا جو اپنے گھر سے نکلے اتراتے (تکبر

Marfat.com

کرتے) اور لوگوں کے دکھانے کو اور اللہ کی راہ (اسلام) سے روکتے اور ان کے سب کام اللہ کے قابو میں ہیں۔

کفارِ مکہ کو شکست فاش

جب ابوسفیان کے قافلے کی حفاظت کے اور مسلمانوں سے مقابلے کے لئے بدر کے لئے ابوجہل ساتھیوں کے ساتھ روانہ ہوا تو جحفہ کے مقام میں اسے ابوسفیان کا ایک قاصد ملا اور اس نے ابوجہل کو بتایا کہ ابوسفیان کا قافلہ بخیریت مکہ معظّمہ پہنچ چکا ہے اب تم سب واپس چلے جاؤ تو ابوجہل نے اسے جواب دیا کہ نہیں ہم تو اب بدر ضرور جائینگے وہاں میلہ لگا ہے سارے عرب کے لوگ وہاں موجود ہیں ہم وہاں اپنی بہادری کے جوہر دکھائیں گے اور مسلمانوں کا نام ونشان مٹادیں گے پھر اسکے بعد وہاں اپنی فتح کا جشن منائیں گے رقص و سرور شراب وشباب کی محفلیں جمائینگے ابوسفیان سے کہو وہ بھی وہاں پہنچ جائے اور اس دلکش نظارے کو دیکھ کر لطف اٹھائیں مگر ابوجہل کی اس بکواس کے پر خلاف ہوا اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو فتح عظیم عطا فرمائی اور کفار کو شکست فاش کا منہ دیکھنا پڑا۔ (تفسیر خازن، روح البیان۔ معان، تفسیر مدارک تفسیر بقاوی وغیرہ)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَ اِذْ زَیَّنَ لَهُمُ الشَّیْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ وَ قَالَ لَا غَالِبَ لَكُمُ الْیَوْمَ مِنَ النَّاسِ وَ اِنِّیْ جَارٌ لَّكُمْ ۚ فَلَمَّا تَرَآءَتِ الْفِئَتٰنِ نَكَصَ عَلٰى عَقِبَیْهِ وَ قَالَ اِنِّیْ بَرِیْٓءٌ مِّنْكُمْ اِنِّیْٓ اَرٰى مَا لَا تَرَوْنَ اِنِّیْٓ اَخَافُ اللّٰهَ ؕ وَ اللّٰهُ شَدِیْدُ الْعِقَابِ ﴿۴۸﴾

(پارہ:10 سورۃ الانفال، آیت نمبر 48)

ترجمہ کنزالایمان: اور جبکہ شیطان نے ان (کفار) کی نگاہ میں ان کے کام (کفر و گناہ) بھلے (اچھے) کر دکھائے اور بولا (اے کافرو) آج تم پر کوئی شخص غالب آنے والا نہیں اور تم میری پناہ میں ہو تو جب دونوں لشکر آمنے سامنے ہوئے الٹے پاؤں بھاگا اور بولا میں تم سے الگ ہوں میں وہ (فرشتے اترتے) دیکھتا ہوں جو تمہیں نظر نہیں آتا میں اللہ سے ڈرتا ہوں اور اللہ کا عذاب سخت ہے۔

کفار کو ذلت آمیز شکست

جب کفار مکہ بدر کی جنگ کے لئے روانہ ہوئے تو راستے میں بنی کنانہ کی بستی پڑی جن سے انکی پرانی

Marfat.com

دشمنی چل رہی تھی انہوں نے بنی کنانہ کے ایک شخص کو قتل کیا تھا اب انھیں یہ خطرہ تھا کہ بنی کنانہ اپنے آدمی کا بدلہ نہ لے ہم سب تو مسلمانوں سے مقابلے کے لئے اپنے گھر سے نکل پڑے ہیں اب کہیں بنی کنانہ ہمارے گھروں پر بدلہ لینے کے لئے نہ پہنچ جائیں ہمارے عورتوں بچوں کو قتل کر کے ہمارے مال واسباب نہ لوٹ لیں چنانچہ ابھی انہوں نے ارادہ کیا ہی تھا کہ واپس مکہ معظّمہ لوٹ چلتے ہیں مگر اس موقعہ پر ابلیس سراقہ ابن مالک کی شکل میں ان کے پاس جا پہنچا اور بولا میں بنی کنانہ کا سردار ہوں تم چونکہ ایک اچھے کام کے لئے گھر سے نکلے ہو تو اس کام میں اور میرا پورا قبیلہ تمھارا ساتھ دے گا تم ہم سے نہ ڈرو ہم تم سے کوئی بدلہ نہ لیں گے بلکہ تمہاری مسلمانوں کے مقابلے میں مدد کرینگے یہ سن کر کفار مکہ لے حوصلے بلند ہوئے اور غرور وتکبر کے ساتھ بے خوف و خطر بدر کے میدان جا پہنچے مسلمانوں اور کفار میں صف آرائی ہوئی تو ابلیس کفار کے ساتھ تھا اور اس کا ہاتھ حارث ابن شہام کے ہاتھ میں تھا مگر جب انھیں نے مسلمانوں کی مدد کے لئے آسمان سے فرشتے اترتے دیکھے تو سخت متوحش ہوا اور حارث سے اپنا ہاتھ چھڑا کر الٹے پاؤں بھاگا جب حارث نے اسے بھاگتے دیکھا تو پوچھا کہ تم نے مدد کا وعدہ کیا تھا پھر اب کیوں بھاگتے ہو تو ابلیس بولا کہ بس مجھے تو تمہیں یہاں تک پہنچانا تھا اب تم جانو اور مسلمان۔ میں وہ دیکھتا ہوں جو تمھیں دکھائی نہیں دیتا یہ کہہ کر وہ بھاگ کھڑا ہوا اور یوں کفار کی ہمت بھی جواب دے گئی اور نھیں شدید ذلت آمیز شکست کا سامنا کرنا پڑا۔

(تفسیر کبیر۔ خازن۔ خزائن العرخان، روح المعانی، روح لبیان، سبفاومی تفسیر مدارک وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِذْ یَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِیْنَ فِیْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ غَرَّ هٰۤؤُلَآءِ دِیْنُهُمْ ؕ وَمَنْ یَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ ﴿۴۹﴾ (پارہ:10 سورۃ الانفال، آیت نمبر 49)

ترجمہ کنزالایمان: جب کہتے تھے منافق اور وہ جن کے دلوں میں (ایمان کے بارے میں) آزار (شک وشبہ) ہے کہ یہ مسلمان اپنے دین پر مغرور (گھمنڈ کا شکار) ہیں اور جو اللہ پر بھروسہ کرے تو بیشک اللہ غالب حکمت والا ہے۔

حالتِ کفر پر موت

جب مدینہ منورہ سے تین سو تیرہ مجاہدین اسلام پر مشتمل لشکر ابوسفیان کا قافلہ روکنے کے لئے روانہ ہوئے تو مدینہ منورہ میں موجود منافقین مسلمانوں کی روانگی کے خلاف تھے طعن کرنے لگے کہ مسلمان کفار کے لشکر پر کبھی

Marfat.com

غالب نہیں آسکتے پھر جب باقاعدہ جنگ کی صورت بن گئی اور مسلمانوں کی قلیل تعداد کے مقابلے میں کفار کی ایک ہزار کی کثیر تعداد سامنے آگئی تو یہ منافقین اور زور شور سے مسلمانوں پر شور کرنے لگے کہ یہ کیسے بے وقوف ہیں جو اپنی جانیں خطرے میں ڈال کر کفار کے مقابلے پر آرہے ہیں۔ دوسری طرف مکہ مکرمہ میں بھی کچھ لوگ ایمان تو لے آئے تھے مگر ابھی ان کا ایمان مضبوط نہ ہوا تھا چنانچہ اپنے کافر رشتہ داروں ماں باپ ہیں بہن بھائی وغیرہ کی محبت میں ہجرت نہ کر سکے تھے مگر جب بدر میں کفار کا مسلمانوں سے جنگ کا معاملہ پیش آیا تو مجبوراً ان کو بھی میدان بدر کفار کے لشکر کے ساتھ آنا پڑا تھا پھر جب انہوں نے مسلمانوں کی قلیل تعداد اور بے سروسانی اور انکے مقابلے میں کفار کا لشکر کثیر اور جنگی سامان کی بہتات دیکھی تو کہنے لگے کہ اسلام حق نہیں کفار سچے ہیں یہ مسلمانوں تو نرے احمق ہیں جو کفار کے مقابلے پر آرہے ہیں اور خود کو موت کے منہ میں ڈال رہیں۔ مگر یہ دونوں جماعتیں یعنی منافقین اور کمزور اعتقاد اسلام سے پھر جانے والوں کی جماعتیں بدر میں حالت کفر ماری گئیں اس آیت کریمہ میں ان دونوں جماعتوں کا ذکر بیان فرمایا گیا۔ (تفسیر کبیر، تفسیر خازن، تفسیر روح المعانی وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلَّذِیْنَ عٰهَدْتَّ مِنْهُمْ ثُمَّ یَنْقُضُوْنَ عَهْدَهُمْ فِیْ كُلِّ مَرَّةٍ وَّ هُمْ لَا یَتَّقُوْنَ ﴿۵۶﴾ فَاِمَّا تَثْقَفَنَّهُمْ فِی الْحَرْبِ فَشَرِّدْ بِهِمْ مَّنْ خَلْفَهُمْ لَعَلَّهُمْ یَذَّكَّرُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَ اِمَّا تَخَافَنَّ مِنْ قَوْمٍ خِیَانَةً فَانْۢبِذْ اِلَیْهِمْ عَلٰى سَوَآءٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُحِبُّ الْخَآىٕنِیْنَ ﴿۵۸﴾ (پارہ:10 سورۃ الانفال، آیت نمبر 56-58)

ترجمہ کنزالایمان: وہ جن سے تم نے معاہدہ کیا تھا پھر ہر بار اپنا عہد توڑ دیتے ہیں اور ڈرتے نہیں تو اگر تم انہیں کہیں لڑائی میں پاؤ تو انہیں ایسا قتل کرو جس سے ان کے پسماندوں (پیچھے آنے والوں) کو بھگاؤ (منتشر کرو) اس امید پر کہ شاید انہیں عبرت ہو اور اگر تم کسی قوم سے دغا (عہد توڑنے) کا اندیشہ کرو تو ان کا عہد ان کی طرف پھینک دو (تم بھی معاہدہ ختم کردو) برابری پر (ختم کرنے سے پہلے انہیں بتادو) بیشک دغا والے اللہ کو پسند نہیں۔

عہد خلافی

مدینہ منورہ میں دو قبیلے آباد تھے ایک بنی قریظہ دوسرا بنی نضیر چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ جلوہ افروز ہوئے تو بنی قریظہ سے یہ معاہدہ ہوا کہ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور مسلمانوں کے مقابلے میں

Marfat.com

انکے دشمنوں کی کسی قسم کی مدد نہ کرینگے غیر جانبدار رہینگے مگر جب غزوہ بدر کا موقعہ آیا تو انہوں نے معاہدے کی خلاف ورزی کرتے ہوئے چھپ کر کفار کی جنگی مدد کی انھیں ہتھیار فراہم کیئے مگر جب مسلمانوں کو بدر میں شاندار فتح حاصل ہوئی اور پھر بنی قریظہ سے عہد خلافی کے بارے میں پوچھا گیا تو کہنے لگے ہم سے بھول ہوگئی ار پھر دوبارہ یہی معاہدہ طے پایا انکے دل میں مسلمانوں کو رعب بیٹھ گیا مگر جب غزوہ احد میں مسلمانوں کو وقتی شکست اٹھانی پڑی تو وہ پھر اپنی معاہدے سے پھر گئے یہاں تک کہ ان کا سردار کعب بن اشرف اپنے ساتھیوں کو لے کر مکہ مکرمہ پہنچا اور انھیں اور تقریبا سارے عرب کے کفار کو مسلمانوں سے جنگ کے لئے تیار کیا اور یوں تقریباً عرب کے تمام قبائل ہی مسلمانوں کے خلاف اٹھ کھڑے ہوئے اور یوں غزوہ خندق و غزوہ احزاب کا معرکہ پیش آیا چنانچہ انکے متعلق یہ آیات کریمہ نازل ہوئیں۔

(تفسیر خازن، وتفسیر روح البیان تفسیر بیضاوی تفسیر ساوی تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَبَقُوْا ؕ اِنَّهُمْ لَا يُعْجِزُوْنَ ﴿۵۹﴾

(پارہ:10 سورۃ الانفال، آیت نمبر 59)

ترجمہ کنزالایمان: اور ہرگز کافر اس گھمنڈ میں نہ رہیں کہ وہ ہاتھ (قبضہ) سے نکل گئے بیشک وہ عاجز نہیں کرتے (کر سکتے)۔

کفار کو تین گروہ

غزوہ بدر اور دیگر غزوات میں مسلمانوں کے مقابلے میں آنے والے کفار کی تین گروہ ہوئے ایک وہ جو مجاہدین اسلام کے ہاتھوں مارے گئے ایک وہ جو قید کر لئے گئے اور ایک وہ جو بچ نکلنے میں کامیاب ہو گئے ان بچ نکلنے والے کفار کے متعلق مسلمانوں کو اس بات کا سخت رنج ہوا کہ ہمارے دشمن بچ نکلنے میں کامیاب ہو گئے چنانچہ یہ آیت کریمہ نازل ہوئی جسمیں مسلمانوں کو تسلی دی گئی۔ (تفسیر روح المعانی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ حَسْبُكَ اللّٰهُ وَمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۶۴﴾

(پارہ:10 سورۃ الانفال، آیت نمبر 64)

Marfat.com

ترجمہ کنزالایمان: اے غیب کی خبریں بتانے والے (نبی) اللہ تمہیں کافی ہے اور یہ جتنے مسلمان تمہارے پیرو ہوئے۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا قبولِ اسلام

یہ آیت کریمہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے ایمان لانے پر نازل ہوئی۔ اسلام کا شروع دور ابھی تک صرف انتالیس شخص ایمان لائے ہیں تینتیس مرد اور چھ عورتیں تیس دن پہلے حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ ایمان لا چکے ہیں کفار کا مسلمانوں پر ظلم تشدد حد سے بڑھ چکا ہے بدھ کا دن ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بارگاہ الٰہی میں دعا کی کہ الٰہی اسلام کو قوت دے یا عمرو بن ہشام یعنی ابوجہل کے ذریعہ یا عمر ابن خطاب یعنی فاروق اعظم کے ذریعہ حضور انور کی یہ دعا حضرت عمر کے حق میں قبول ہوئی اور آپ جمعرات کے دن یعنی اگلے ہی روز ایمان لے آئے اس وقت آپ کی عمر صرف چھتیس سال تھی۔ آپ سے پہلے حضرت ابوبکر صدیق اور جناب خدیجہ ایمان لا چکے تھے۔ حضرت ابوبکر صدیق کی تبلیغ سے زید بن حارثہ عثمان بن عفان زبیر بن عوام۔ عبدالرحمن بن عوف عتبہ ابن ابی وقاص طلحہ ابن عبید اللہ ایمان لا چکے تھے۔ پھر ان کے بعد عامر ابن عبداللہ ابن جراح جنہیں ابوعیدہ ابن جراح کہا جاتا ہے ابوسلمہ عبداللہ بن اسد اور ارقم ابن ارقم عثمان ابن مظعون معہ اپنے دو بھائیوں قدامہ دعبداللہ عبید ابن حارث سعید ابن زید اور ان کی بیوی جناب فاطمہ بنت خطاب یعنی حضرت عمر کی بہن ایمان لانے مواہب جلد اول خیال ہے کہ بی بی خدیجہ کے بعد پہلی بی بی جو ایمان لائیں وہ حضرت ام الفضل زوجہ حضرت عباس ہیں پھر حضرت اسماء بنت ابوبکر صدیق بعض نے حضرت عائشہ کہا مگر یہ غلط ہے کیونکہ حضرت عائشہ کی ولادت ایک قول ہیں کے مطابق چوتھے سال ہے۔ (مواہب اول صفحہ 64)

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اسلام کا واقعہ یہ ہوا کہ جب آیت کریمہ انکم وما تعبدون من دون اللہ حصب جھنم نازل ہوئی تو ابوجہل نے قریش کو جمع کر کے تقریر کی بولا کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) نے اب تمہارے معبودوں کو گالیاں دینا شروع کر دیں۔ کیا تم میں کوئی ایسا غیرت مند نہیں جو انہیں قتل کر دے میں اسے سو اونٹ انعام دوں گا خیال رہے کہ ابوجہل حضرت عمر کا ماموں تھا کیونکہ آپ کی ماں ابوجہل کی بہن یعنی ہشام کی بیٹی تھی۔ (روح البیان)

اور بولا کہ ایک ہزار دقیہ چاندی بھی ساتھ دونگا حضرت عمر کھڑے ہو گئے کہ ماموں جان کیا تو یہ وعدہ پورا کرے گا۔ وہ بولا ضرور آپ اسے خانہ کعبہ میں ہبل بت کے سامنے لے گئے وہاں اس سے قسم لی کہ وہ یہ وعدہ پورا کریگا اس وقت کعبہ میں ڈیڑھ ہزار بت تھے ان میں بڑا یہ ہی سبل تھا۔ آپ نے داہنے ہاتھ میں تلوار پکڑی

Marfat.com

اور بائیں کندھے پر کمان ڈالی اس وقت حضور صلی اللہ علیہ وسلم مع مسلمانوں کے دارارقم میں صفا کے پاس پناہ لیے ہوئے تھے وہاں ہی اللہ کی عبادت کرتے تھے راستہ میں ایک صاحب ملے پوچھا عمر کہا جارہے ہو۔ بولے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو قتل کرنے۔ انہوں نے بڑا فساد پھیلایا ہے۔ وہ بولے یہ فساد تو تمہارے گھر میں پھیل چکا ہے پہلے اپنا گھر سنبھالو پھر اور طرف توجہ کرو۔ آپ وہاں سے اپنے گھر کی طرف لوٹ پڑے۔ وہاں آپ کی بہن فاطمہ بنت خطاب اور آپ کی بہنوئی سعید ابن زید سورہ طٰہٰ پڑھ رہے تھے دروازہ اندر سے بند تھا آواز دی دروازہ کھولوایا اپنی بہن سے پوچھا کیا پڑھ رہی تھی۔ یہ کہہ کر اپنے بہنوئی سعید کو لپٹ پڑے خوب مارا۔ بہن چھڑانے آئیں انہیں بھی زخمی کر دیا۔ بہن بولیں اے عمر ہم تو مسلمان ہو چکے ہیں۔ قرآن مجید پڑھ رہے تھے تم خواہ ہم کو قتل کر دو ہم اسلام سے نہیں پھر سکتے بہن کی اس بات میں نہ معلوم کیا اثر تھا کہ حضرت عمر کا غصہ ٹھنڈا ہو گیا اور بولے مجھ کو یہ کاغذ دکھاؤ جس پر یہ قرآن لکھا ہے وہ بولیں بھیا ابھی تم شرک کی نجاست میں آلودہ ہو اس کو چھونے کے قابل نہیں۔ حضرت عمر نے غسل کیا اور سورہ طٰہٰ لا الہ الا ھو لہ الاسماء الحسنی تک پڑھا۔ حضرت عمر کے دل پر بجلی سی گری رونے لگے اور یہاں سے دارارقم کی طرف اسی طرح یعنی شمشیر بہ کف گمان برکتف روانہ ہوئے مگر اب جانے کی نوعیت کچھ اور ہو گئی۔ دروازہ پر پہنچے کواڑ کھولنے کو کہا حضور کے ساتھیوں نے ڈر سے دروازہ نہ کھولا حضرت حمزہ نے جو کل پرسوں ایمان لائے تھے فرمایا دروازہ کھول دو اگر عمر اچھے ارادے سے آئے ہیں تو ہم ان کا احترام کریں گے۔ اگر ارادہ برا ہے تو ہم انہیں کی تلوار سے ان کا سر قلم کر دیں گے۔ دروازہ کھلا حضرت عمر کی نگاہ حسن خداداد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر پڑی۔ شعر

آنکھوں آنکھوں میں اشارے ہو گئے　　تم ہمارے ہم تمہارے ہو گئے

حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر کے دونوں بازو پکڑ کر لائے پوچھا کیا ارادہ ہے عرض کیا قدموں پر قربان ہو کر اسلام لانے کا حضور انور نے کلمہ طیبہ پڑھایا مسلمانوں نے اللہ اکبر کا نعرہ مارا جو مکہ کے بازار میں سنا گیا۔ اور پھر جبریل امین حاضر ہوئے اور یہ آیت کریمہ نازل ہوئی اور عرض کیا یا رسول اللہ اس وقت فرشتوں میں خوشی سے دھوم مچی ہوئی ہے۔ سب حضرت عمر کے ایمان پر خوشیاں منا رہے ہیں۔ بعض روایات میں ہے کہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے خوشی میں خود تکبیر کہی اللہ اکبر اس وقت حضرت عمر نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ کفار جھوٹے معبودوں کو علانیہ پوجیں اور ہم سچے خدا کی چھپ کر عبادت کریں چلئے آج خانہ کعبہ میں نماز پڑھیں گے قسم اس رب کی جس نے آپ کو نبی بنایا۔ جن مجالس میں کفر ظاہر کیا کرتا تھا انہیں مجالس میں ایمان ظاہر کروں گا۔ کلمہ طیبہ کا اعلان کروں گا۔ اس دن مسلمانوں نے خانہ کعبہ میں علانیہ نماز پڑھی کفار حضرت عمر کی

Marfat.com

ہیبت سے مسلمانوں کو کچھ کہہ نہ سکے۔ (تفسیر روح البیان، مدارج النبوت ص ۴۵ مواہب الدنیہ جلد اول 451)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَى الْقِتَالِ ؕ اِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ عِشْرُوْنَ صٰبِرُوْنَ يَغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ ۚ وَ اِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ يَّغْلِبُوْٓا اَلْفًا مِّنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ﴿۶۵﴾ اَلْـٰٔنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ وَ عَلِمَ اَنَّ فِيْكُمْ ضَعْفًا ؕ فَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ صَابِرَةٌ يَّغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ ۚ وَ اِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ اَلْفٌ يَّغْلِبُوْٓا اَلْفَيْنِ بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَ اللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۶۶﴾

(پارہ:10 سورۃ الانفال، آیت نمبر 65-66)

ترجمہ کنزالایمان: اے غیب کی خبریں بتانے والے! (نبی) مسلمانوں کو جہاد کی ترغیب دو اگر تم میں کے بیس (مسلمان) صبر والے ہوں گے دوسو (کفار) پر غالب ہوں گے اور اگر تم میں کے سو ہوں تو کافروں کے ہزار پر غالب آئیں گے اس لیے کہ وہ سمجھ نہیں رکھتے (دنیا کی خاطر لڑتے ہیں)، اب اللہ نے تم پر سے تخفیف فرمائی (حکم آسان فرمادیا) اور اسے علم کہ تم کمزور ہو تو اگر تم میں سو (مسلمان) صبر والے ہوں دوسو (کفار) پر غالب آئیں گے اور اگر تم میں کے ہزار ہوں تو دو ہزار پر غالب ہوں گے اللہ کے حکم سے اور اللہ صبر والوں کے ساتھ ہے۔

جہاد کی ترغیب

جب ہجرت کے بعد جہاد کا حکم ہوا تو پہلے تو مسلمانوں کے لئے یہ حکم ہوا کہ اپنے سے دس گنا کفار سے مقابلہ کریں اور ڈٹ جائیں ہرگز پیٹھ نہ پھیریں پھر جب مسلمانوں کی تعداد میں اضافہ ہوا تو اور انکی قوت وشان میں مزید اضافہ ہوا تو بعض کو یہ حکم دشوار لگا کہ ایک آدمی دس سے مقابلہ کرے چنانچہ پہلی آیت جو نازل ہوئی تھی ان یکن منکم عشرون کو منسوخ کرنے کے لئے دوسری آیت السن خفف اللہ نازل ہوئی۔

(تفسیر خازن)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗٓ اَسْرٰى حَتّٰى يُثْخِنَ فِي الْاَرْضِ ؕ تُرِيْدُوْنَ عَرَضَ الدُّنْيَا ۖ وَاللّٰهُ يُرِيْدُ الْاٰخِرَةَ ؕ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۶۷﴾ (پارہ:10 سورۃ الانفال، آیت نمبر 67)

ترجمہ کنزالایمان: کسی نبی کو لائق نہیں کہ کافروں کو (بغیر جنگ کیے) زندہ قید کرلے جب تک زمین میں ان کا خون خوب نہ بہائے (ان سے خوب جہاد نہ کرلے) تم لوگ دنیا کا مال (بغیر لڑے مالِ غنیمت) چاہتے ہو اور اللہ آخرت (کی نعمتیں بخشنا) چاہتا ہے اور اللہ غالب حکمت والا ہے۔

جنگ کا سامنا

جنگ بدر کے موقع کے وقت مسلمانوں کی یہ خواہش تھی کہ ہم ابوسفیان کا قافلہ لوٹ لیں اور تمام مال و اسباب ان سے چھین لیں چنانچہ اس نیت وارادے سے مدینہ منورہ سے روانہ ہوئے مگر پھر جنگ کی نوبت آگئی اور اس میں اپنے سے تین گنا زیادہ کفار سے لڑنا پڑا چنانچہ اس واقعہ کے پیش آنے کی حکمت بیان فرمانے کے لئے یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لَوْلَا كِتٰبٌ مِّنَ اللّٰهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمْ فِيْمَآ اَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۶۸﴾ فَكُلُوْا مِمَّا غَنِمْتُمْ حَلٰلًا طَيِّبًا ۪ وَّاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۶۹﴾

(پارہ:10 سورۃ الانفال، آیت نمبر 68-69)

ترجمہ کنزالایمان: اگر اللہ پہلے ایک بات لکھ نہ چکا ہوتا (کہ اللہ مواخذہ نہ فرمائیگا) تو اے مسلمانو! تم نے جو کافروں سے بدلے کا مال (فدیہ) لے لیا اس میں تم پر بڑا عذاب آتا، تو کھاؤ جو غنیمت تمہیں ملی حلال پاکیزہ اور اللہ سے ڈرتے رہو بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

بدر کے قیدیوں کے لئے مشورہ

غزوہ بدر میں ستر کافر مارے گئے اور ستر کافر قید ہوئے ان میں بڑے بڑے سرداران قریش تھے۔ جیسے حضرت عباس، حضرت عقیل ہشام عبدالرحمن بن ابوبکر صدیق وغیرہ ہم ان قیدیوں کے متعلق حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام صلی اللہ علیہ وسلم سے مشورہ کیا کہ ان کے ساتھ کیا سلوک کرنا چاہئے حضرت ابوبکر

Marfat.com

صدیق نے عرض کیا کہ یارسول اللہ آخر یہ لوگ آپ کے ہم قوم ہیں ممکن ہے آگے چل کر یہ مسلمان ہوجائے مسلمانوں کواس وقت روپیہ کی بہت ضرورت ہے لہٰذا ان سے فدیہ لیا جائے اور انہیں چھوڑ دیا جائے یہ فدیہ کا روپیہ آئندہ جہادوں کی تیاری میں کام آئے گا۔ حضرت عمر نے عرض کیا یارسول اللہ یہ لوگ کفار کے سردار اور کفر کی جڑیں ہیں انہوں نے آپ کی ہر طرح مخالفت کی آپ کو مکہ معظّمہ سے نکالا۔ ان سب کو قتل کر دیا جائے اور ہم میں سے ہر شخص اپنے عزیز کافر کو قتل کرے چنانچہ آپ جناب عباس کو قتل کریں حضرت علی اپنے بھائی عقیل کو اور میں اپنے ماموں ہشام کو اور جناب ابوبکر اپنے بیٹے عبدالرحمن کو جناب عبداللہ بن رواحہ نے عرض کیا کہ یارسول اللہ ان تمام قیدیوں کے ایسے جنگل میں داخل کیا جائے جس میں سوکھے درخت بہت ہوں پھر اس جنگل میں آگ لگادی جاوے کہ ان میں سے ایک بھی بچ کر نہ جاوے سارے زندہ جل کر راکھ ہوجائیں حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے خاموشی اختیار فرمائی اور اپنے خیمہ میں تشریف لے گئے کچھ دیر بعد واپس ہوئے ارشاد فرمایا کہ بعض کے دل دودھ سے زیادہ نرم ہوتے ہیں بعض کے دل پہاڑ کی طرح سخت۔ اے ابوبکر تم حضرت ابراہیم وعیسیٰ علیہم السلام کی طرح نرم دل جناب خلیل نے بارگاہ الٰہی میں عرض کیا تھا: فمن تبعی فانه منی ومن عصانی فانك غفور رحیم اور حضرت عیسیٰ نے عرض کیا: ان تعذبهم فانهم عبادبك دان تغفرلهم فانك انت العزیز الحکیم۔ اور اے عمر تم حضرت نوح علیہ السلام کی طرح کفار پر سخت ہو کہ انہوں نے عرض کیا تھا: رب لاتذر علی الارض من الکافرین خدایا زمین میں کوئی کافر گھر والا نہ چھوڑ اور اے ابن ارواحہ تم حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرح سخت گیر ہو کہ انہوں نے فرعون کے متعلق دعا کی: ربنا اطس علی اموالهم راشد وعلی قلوبهم فلایومنو حتیٰ یروالعذاب الیم یہ فرما کر حضرت ابوبکر صدیق کی رائے شریف کو ترجیح دی اور تمام قیدیوں کو فدیہ فی کس بیس اوقیہ سونا لیکر چھوڑ دینے کا حکم دیا عباس کو چالیس اوقیہ کا حکم دیا بیس اپنے اور بیس عقیل کے ایک اوقیہ چالیس دینار کا ہوتا تھا جس کے پانچ سو روپیہ یا سوا سو درہم تقریباً ہوتے ہیں۔ (تفسیر کبیر خازن خزائن روح المعانی وبیان وغیرہ) خیال رہے کہ اس موقعہ پر سواء حضرت عمر اور عبداللہ بن رواحہ کے باقی تمام صحابہ کی رائے فدیہ لیکر چھوڑنے کی تھی حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمادیا تھا کہ اگر انہیں فدیہ لے کر چھوڑ دیا گیا تو اگلے غزوے میں ستر حضرات تم میں سے شہید ہوں گے ان حضرات صحابہ نے اسے بخوشی منظور کیا تھا کہ ہمارے ستر غازی شہید جنتی ہوں چنانچہ اگلے غزوہ یعنی احد میں ستر مسلمان شہید ہوئے۔ (تفسیر روح البیان) یہاں تفسیر روح البیان میں ہے کہ ان سب قیدیوں سے فدیہ لیا گیا مگر ابولعاص اور وہب بن عمر بغیر فدیہ چھوڑ دیئے گئے اور نضر ابن حارث اور عقبہ ابن

Marfat.com

ابی معیط قتل کیے گئے، واللہ ورسولہ اعلم۔ (روح البیان بحوالہ سیرت حلبیہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ قُلْ لِّمَنْ فِیْۤ اَیْدِیْكُمْ مِّنَ الْاَسْرٰۤى ۙ اِنْ یَّعْلَمِ اللّٰهُ فِیْ قُلُوْبِكُمْ خَیْرًا یُّؤْتِكُمْ خَیْرًا مِّمَّاۤ اُخِذَ مِنْكُمْ وَ یَغْفِرْ لَكُمْ ؕ وَ اللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۝۷۰

(پارہ:10 سورۃ الانفال، آیت نمبر 70)

ترجمہ کنزالایمان: اے غیب کی خبریں بتانے والے جو قیدی تمہارے ہاتھ میں ہیں ان سے فرماؤ اگر اللہ نے تمہارے دل میں بھلائی جانی (خلوصِ ایمان) تو جو تم سے (فدیہ) لیا گیا اس سے بہتر تمہیں عطا فرمائے گا اور تمہیں بخش دے گا اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

غیب کی خبر

کفار مکہ جب بدر کے لئے روانہ ہوئے تو اپنے دس بڑے آدمیوں پر فوج کے کھانے کہ ذمہ داری ڈالی کے مکہ معظّمہ سے واپسی تک ہاری باری اپنی فوج کی کھانے کہ ذمہ داری پوری کرینگے ان دس اور اشخاص میں حضرت عباس بن عبدالمطلب بھی شامل تھے وہ اپنے ساتھ اس خرچ کے لئے بیس اوقیہ سونا لے کر چلے تھے۔ بدر میں نو اشخاص نے باری باری فوج کو تو کھانا دیا جب حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی باری آئی تو وہ خاص غزوہ بدر کا دن تھا اس دن شدت کی جنگ ہوئی ستر کافر واصل جہنم ہوئے ستر قید کر دیئے گئے جن میں حضرت عباس رضی اللہ عنہ بھی شامل تھے آپ کا بیس اوقیہ سونا بھی ضبط کرلیا گیا جب قیدیوں سے فدیہ لیا گیا جب حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی باری آئی تو انہوں نے کہا میرا جو بیس اوقیہ ضبط کرلیا گیا ہے فدیہ اسمیں سے کاٹ لیا جائے تو حضرت پرنور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہرگز نہیں وہ سونا تو تم مسلمانوں کے خلاف اپنی فوج کو کھلانے کے لئے ساتھ لائے تھے وہ تو رب کی طرف سے ہم کو دیا گیا ہے فدیہ الگ سے دو اس پر حضرت عباس کہنے لگے کہ بھتیجے میرے پاس اب کچھ نہیں جو فدیہ میں دوں تو حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے چچا وہ سونا کہاں ہے جو روانہ ہوتے وقت اپنی زوجہ ام فضل کو دیا تھا اور ان سے یہ کہا تھا کہ اگر میں جنگ میں مارا جاؤں تو سونا تمہارا اور میرے بچوں کا ہے۔ حضرت عباس یہ سن کر حیران ہو گئے اور کہنے لگے کہ آپکو کیسے معلوم ہوا میں نے تو وہ سونا رات کے اندھیرے میں سب سے چھپ کر اپنی بیوی کے حوالے کیا تھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے میرے رب نے خبر دی ہے چنانچہ یہ سن کر حضرت عباس رضی اللہ عنہ دل میں آپ صلی اللہ

Marfat.com

علیہ وسلم پر ایمان لائے۔ (تفسیر کبیر، تفسیر خازن، بیضاوی تفسیر روح المعانی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ هَاجَرُوْا وَ جٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَ اَنْفُسِهِمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَ الَّذِیْنَ اٰوَوْا وَّ نَصَرُوْۤا اُولٰٓىِٕكَ بَعْضُهُمْ اَوْلِیَآءُ بَعْضٍ ؕ وَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ لَمْ یُهَاجِرُوْا مَا لَكُمْ مِّنْ وَّلَایَتِهِمْ مِّنْ شَیْءٍ حَتّٰى یُهَاجِرُوْا ۚ وَ اِنِ اسْتَنْصَرُوْكُمْ فِی الدِّیْنِ فَعَلَیْكُمُ النَّصْرُ اِلَّا عَلٰى قَوْمٍ بَیْنَكُمْ وَ بَیْنَهُمْ مِّیْثَاقٌ ؕ وَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ ﴿۷۲﴾ (پارہ:10 سورۃ الانفال، آیت نمبر 72)

ترجمہ کنزالایمان: بیشک جو ایمان لائے اور اللہ کے لیے گھر بار چھوڑے (ہجرت کی) اور اللہ کی راہ میں اپنے مالوں اور جانوں سے لڑے اور وہ جنہوں نے (مہاجرین کو) جگہ دی (انھیں اپنے پاس ٹھہرایا) اور مدد کی وہ ایک دوسرے کے وارث ہیں (میراث پائیں گے) اور وہ جو ایمان لائے اور ہجرت نہ کی انہیں ان کا ترکہ کچھ نہیں پہنچتا (میراث نہیں پائیں گے) جب تک ہجرت نہ کریں اور اگر وہ دین میں تم سے مدد چاہیں تو تم پر مدد دینا واجب ہے مگر ایسی قوم پر (مدد نہ کرو جن سے) کہ تم میں ان میں معاہدہ ہے، اور اللہ تمہارے کام دیکھ رہا ہے۔

مہاجرین وانصار میں بھائی چارہ

جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ معظمہ سے ہجرت فرما کر مدینہ منورہ میں جلوہ افروز ہوئے تو دیگر مسلمان بھی ہجرت کر کے مدینہ نے انکی ہر طرح سے مدد کی چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مہاجرین وانصار کے درمیان اخوت و بھائی چارہ قائم فرما کر ہر ایک انصار کو ایک مہاجر کا بھائی بنا دیا چنانچہ اسی بنا پر ان حضرات کی میراث کا حکم جاری ہوا یعنی انصاری بھائی اپنے مہاجر بھائی کی اور مہاجر بھائی اپنے انصار بھائی کی میراث پاتا اور غیر مہاجر رشتہ دار مہاجر کی میراث سے حصہ نہیں پاتا تھا فتح مکہ تک یہ حکم جاری رہا آیت میں اسی مذکورہ میراث کا ذکر فرمایا گیا ہے یہ آیت منسوخ ہے۔ (تفسیر روح المعانی کبیر، خازن وغیرہ)

Marfat.com

سورۃ التوبہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بَرَآءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖۤ اِلَى الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝۱ فَسِيْحُوْا فِي الْاَرْضِ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّ اعْلَمُوْۤا اَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِي اللّٰهِ ۙ وَ اَنَّ اللّٰهَ مُخْزِي الْكٰفِرِيْنَ ۝۲ (پارہ:10 سورۃ التوبہ، آیت نمبر 2-1)

ترجمہ کنزالایمان: بیزاری کا حکم سنانا ہے (اعلان ہے) اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے ان مشرکوں کو جن سے تمہارا معاہدہ تھا اور وہ (مشرکین اپنے معاہدوں) قائم نہ رہے تو چار مہینے (آزادی سے) زمین پر چلو پھرو (پھر فیصلہ ہے قتل یا اسلام) اور جان رکھو کہ تم اللہ کو تھکا نہیں سکتے (اس کی پکڑ سے بچ نہیں سکتے) اور یہ کہ اللہ کافروں کو رسوا کرنے والا ہے۔

کفار کی بدعہدی

اس آیت کریمہ کے نزول کی چند روایات بیان فرمائی گئی ہیں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور مدینہ منورہ اردگرد کے تمام کفار کے درمیان یہ عہد ہو چکا تھا کہ نہ کفار مسلمانوں سے لڑیں گے اور نہ مسلمان کفار سے لڑیں گے نہ ایک دوسرے کو نقصان پہنچائینگے نہ کسی جنگ میں ایک دوسرے کے دشمنوں کی مدد کرینگے مگر جب غزوہ تبوک کا موقعہ آیا وہ تو اردگرد کے قبائل اور مدینہ منورہ کے منافقین نے اس عہد کی پرواہ نہ کی اور آپس میں متحد ہو کر سازش تیار کی کہ مسلمانوں کے گھر بار لوٹ لیں اور بیوی بچوں کو اذیت پہنچائیں مگر وہ اپنی اس ناپاک سازش میں کامیاب نہ ہو سکے پھر انہوں نے یہ چال چلی کہ مسلمانوں کے بیوی بچوں تک غزوہ تبوک کو جانے والے مجاہدین اسلام کے متعلق پریشان کن افواہیں اڑائیں تاکہ ان غازیان کے بیوی بچے غم وصدمے سے دوچار ہوں تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ ایک دوسری روایت کے مطابق تقریباً تمام ہی کفار نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے کئے گئے معاہدے کو توڑ دیا تھا سوائے بنوضمرہ اور بنوکنانہ کے چنانچہ یہ آیت کریمہ نازل ہوئی جسمیں فرمایا گیا کہ جنہوں نے عہد توڑ لیا جائے ان سے عہد توڑ لیے اور جنہوں نے عہد کو برقرار رکھا ان سے عہد پورا فرمائیں۔ ایک اور روایت کے مطابق نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے سنہ ۶ ھ میں کفار مکہ سے دس کی معیاد پر صلح فرمائی جو چند شرائط پر مبنی تھی ان میں سے ایک شرط یہ بھی تھی کہ اگر کفار کے حلیف بنی بکر اور مسلمانوں کے حلیف بنی خزاعہ جب آپس میں لڑیں تو دونوں فریق غیر جانبدار رہیں گے نہ مسلمان اپنے حلیف کی مدد کرینگے نہ کفار اپنے حلیف کی۔ مگر جب ایک سال بعد ہی سنہ ۷ ھ میں بنی بکر و بنی خزانہ کی آپس میں

Marfat.com

جنگ ہوئی تو کفار نے معاہدے کوتوڑ دیا اور اپنے حلیف بنی بکر کی خوب مدد کی اس پر قبیلہ بنی خزاعہ کا ایک شخص بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم میں درد بھری فریاد لے کر حاضر ہوا اور کفار کی بدعہدی کا ذکر دردناک اشعار کی صورت میں پیش کیا جسے سن کر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی چشمان مبارک سے آنسو جاری ہو گئے انکی مدد کا وعدہ فرمایا چنانچہ سنہ ۷ ھ میں مکہ معظّمہ کو فتح فرمایا اور سنہ ۹ ھ میں حضرت اکبر رضی اللہ عنہ کو حج کا امیر بنا کر روانہ فرمایا اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کو ان آیات کا اعلان فرمانے کے لئے روانہ فرمایا۔

(تفسیر کبیر، تفسیر خزائن العرفان، تفسیر روح المعانی تفسیر خازن وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِلَّا الَّذِیْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِیْنَ ثُمَّ لَمْ یَنْقُصُوْكُمْ شَیْـًٔا وَّ لَمْ یُظَاهِرُوْا عَلَیْكُمْ اَحَدًا فَاَتِمُّوْۤا اِلَیْهِمْ عَهْدَهُمْ اِلٰى مُدَّتِهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ الْمُتَّقِیْنَ ۝

(پارہ:10 سورۃ التوبہ، آیت نمبر 4)

ترجمہ کنزالایمان: مگر وہ مشرک جن سے تمہارا معاہدہ تھا پھر انہوں نے تمہارے عہد میں کچھ کمی نہیں کی (عہد پر قائم رہے) اور تمہارے مقابل کسی کو مدد نہ دی تو ان کا عہد ٹھہری ہوئی (مقررہ) مدت تک پورا کرو، بیشک اللہ پرہیزگاروں کو دوست رکھتا ہے۔

معاہدہ کی پاسداری

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بنی کنانہ کے اور قبیلہ بن ضمرہ سے بھی معاہدہ فرمایا جو چند شرائط پر مبنی تھا چنانچہ ان لوگوں نے اپنا معاہدہ پورا کیا لیکن ابھی ان پچھلی آیات کے اعلان کے موقعہ پر اس معاہدے میں نو مہینے باقی تھے اس آیت میں انکی نو ماہ کی مدت باقی رہ جانے کا ذکر فرمایا گیا ہے چنانچہ یہ آیات اسکے متعلق نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن، تفسیر کبیر، تفسیر روح المعانی تفسیر روح البیان وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِشْتَرَوْا بِاٰیٰتِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِیْلًا فَصَدُّوْا عَنْ سَبِیْلِهٖ ؕ اِنَّهُمْ سَآءَ مَا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ۝ (پارہ:10 سورۃ التوبہ، آیت نمبر 9)

ترجمہ کنزالایمان: اللہ کی آیتوں کے بدلے تھوڑے دام مول لیے تو اس (اسلام) کی

Marfat.com

راہ سے روکا بیشک وہ بہت ہی برے کام کرتے ہیں۔

معاہدہ توڑنے کی ترغیب

ایک مرتبہ ابوسفیان تمام کفار عرب کے قبیلوں کو جمع کر کے ایک شاندار دعوت کا اہتمام کیا جسمیں تمام قبائل کو معاہدے توڑنے کی ترغیب دلائی کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے کئے گئے معاہدوں کو توڑ دیں اور متحد و متفق ہو کر مسلمان کو صفحہ ہستی سے مٹا کر نیست و نابود کر دیں۔ چنانچہ یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر روح البیان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَاِنْ نَّكَثُوْٓا اَيْمَانَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ عَهْدِهِمْ وَطَعَنُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ فَقَاتِلُوْٓا اَئِمَّةَ الْكُفْرِ ۙ اِنَّهُمْ لَآ اَيْمَانَ لَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَنْتَهُوْنَ ﴿۱۲﴾ اَلَا تُقَاتِلُوْنَ قَوْمًا نَّكَثُوْٓا اَيْمَانَهُمْ وَهَمُّوْا بِاِخْرَاجِ الرَّسُوْلِ وَهُمْ بَدَءُوْكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ ؕ اَتَخْشَوْنَهُمْ ۚ فَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشَوْهُ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۳﴾

(پارہ:10 سورۃ التوبہ، آیت نمبر 12-13)

ترجمہ کنزالایمان: اور اگر عہد کر کے اپنی قسمیں توڑیں اور تمہارے دین پر منہ آئیں (اسلام پر طعنے کسیں) تو کفر کے سرغنوں (سرداروں) سے لڑو بیشک ان کی قسمیں کچھ نہیں اس امید پر کہ شاید وہ باز آئیں کیا اس قوم سے نہ لڑو گے جنہوں نے اپنی قسمیں توڑیں اور رسول کے (مدینہ منورہ سے) نکالنے کا ارادہ کیا حالانکہ انہیں کی طرف سے (جنگ میں) پہلی ہوتی ہے، کیا ان سے ڈرتے ہو تو اللہ کا زیادہ مستحق ہے کہ اس سے ڈرو اگر ایمان رکھتے ہو۔

بدعہدی

اس آیت کریمہ کے نزول کے متعلق چند روایات ہیں حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ابوسفیان ابن ہشام، سہل بن عمرو ابوجہل، عکرمہ ابن ابوجہل اور وہ تمام سرداران قریش جنہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو مکہ معظمہ میں اس قدر اذیت پہنچائی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہجرت فرمائی یا پھر ان لوگوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے حدیبیہ کا معاہدہ کر کے توڑ ڈالا ان کے متعلق یہ آیات کریمہ نازل ہوئی ایک دوسری روایت کے مطابق حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے دور مبارک میں روم و فارس میں جہاد کئے گئے

Marfat.com

چنانچہ انکے متعلق پیش بندی کے طور پر یہ آیات نازل ہوئیں ایک روایت کے مطابق قرب قیامت میں جو دجال کے پیروکار معاون و مددگار رہونگے یہ آیات کریمہ ان کفار کے تعلق نازل ہوئیں حکیم الامت مفتی احمد یارخان نعیمی رحمۃ علیہ فرماتے ہیں کہ ہوسکتا ہے کہ یہ آیات کفار قریش کے علاوہ دوسرے عرب قبیلوں کے متعلق نازل ہوئی ہوں جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے کئے گئے معاہدے کو توڑ بیٹھے یا پھر یہ آیات کریمہ یہود مدینہ کے متعلق نازل ہوئی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قَاتِلُوْهُمْ يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ بِاَيْدِيْكُمْ وَ يُخْزِهِمْ وَ يَنْصُرْكُمْ عَلَيْهِمْ وَ يَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ۙ﴿۱۴﴾ وَ يُذْهِبْ غَيْظَ قُلُوْبِهِمْ ؕ وَ يَتُوْبُ اللّٰهُ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَ اللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۱۵﴾ (پارہ:10 سورۃ التوبہ، آیت نمبر 14-15)

ترجمہ کنزالایمان: تو ان سے لڑو اللہ انہیں عذاب دے گا تمہارے ہاتھوں (کفر پر مارے جائیں گے) اور انہیں رسوا کرے گا (قیدی بنائیں جائیں گے) اور تمہیں ان پر مدد (فتح) دے گا اور ایمان والوں کا جی ٹھنڈا کرے گا، (سکون بخشے گا) اور ان کے دلوں کی گھٹن (کفار کی ذلت کا انتظار) دور فرمائے گا اور اللہ جس کی چاہے توبہ قبول فرمائے اور اللہ علم وحکمت والا ہے۔

مسلمانوں کو خوشخبری

ہجرت سے قبل یمن اور سباء کے بعض لوگ بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر ہوکر وامن اسلام میں آگئے پھر جب یہ اپنے اپنے وطن لوٹے تو انکے ہم قوم کفار نے ان پر ظلم وستم کے پہاڑ توڑ ڈالے چنانچہ انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ اقدس میں یہ پیغام بھیجا کہ حضور کفار کے ظلم وستم سہتے سہتے ہماری برداشت جواب دے چکی ہے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے انھیں یہ خوشخبری سنائی کہ انشاء اللہ رب آسانیاں و کشادگیاں بہت قریب ہیں یہ کٹھن دن بہت جلد گزر جائینگے چنانچہ ہجرت کے بعد یہ آیت کریمہ نازل فرمائی گئی تاکہ مومنین یہ واقعہ یاد کرکے اپنے جذبہ جہاد بڑھا سکیں۔ (تفسیر روح البیان تفسیر بغاوی)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مَا كَانَ لِلْمُشْرِكِيْنَ اَنْ يَّعْمُرُوْا مَسٰجِدَ اللّٰهِ شٰهِدِيْنَ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ بِالْكُفْرِ ؕ اُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ ۚۖ وَفِى النَّارِ هُمْ خٰلِدُوْنَ ۝ اِنَّمَا يَعْمُرُ مَسٰجِدَ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ وَلَمْ يَخْشَ اِلَّا اللّٰهَ فَعَسٰٓى اُولٰٓئِكَ اَنْ يَّكُوْنُوْا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ۝ (پارہ:10 سورۃ التوبہ، آیت نمبر 17-18)

ترجمہ کنزالایمان: مشرکوں کو (حق) نہیں پہنچتا کہ اللہ کی مسجدیں آباد کریں خود اپنے کفر کی (قول وفعل سے) گواہی دے کر ان کا تو سب کیا دھرا (اچھا کام) اِکارت (ضائع) ہے اور وہ ہمیشہ آگ میں رہیں گے اللہ کی مسجدیں وہی آباد کرتے ہیں جو اللہ اور قیامت پر ایمان لاتے اور نماز قائم کرتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور اللہ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتے تو قریب ہے کہ یہ لوگ ہدایت (پانے) والوں میں ہوں۔

حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی تردید

غزوہ بدر میں جب کفار کو شکست فاش ہوئی اور کفار قتل وقید کئے گئے تو ان قید ہونے والوں میں حضرت عباس بھی شامل تھے انھیں دیکھ کر غازیان بدر نے اور حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا کہ تمھیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مقابلے پہ آتے ذرا لحاظ شرم نہیں آئی کہ تم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے رشتہ دار بھی ہو اس رشتے کا بھی پاس نہ کیا تو حضرت عباس نے انھیں جواب دیا ہمارے عیوب کی طرف نہ دیکھیں ہماری اوصاف کی طرف دیکھ کہ ہم تو وہ ہیں جو خانہ کعبہ کی حفاظت کی ذمہ داری سنبھالے ہوئے ہیں حاجیوں کے کھانے پینے کا خیال رکھنا اور انکے ہر طرح سے خدمت کرنے پر مامور ہیں چنانچہ حضرت عباس کی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن، تفسیر کبیر، تفسیر روح کبیر روح المعانی وروح البیان وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَجَعَلْتُمْ سِقَايَةَ الْحَآجِّ وَعِمَارَةَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ كَمَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَجٰهَدَ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ لَا يَسْتَوٗنَ عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ (پارہ:10 سورۃ التوبہ، آیت نمبر 19)

ترجمہ کنزالایمان: تو کیا (اے کافرو) تم نے حاجیوں کی سبیل اور مسجد حرام کی خدمت

Marfat.com

اس کے برابر ٹھہرالی جو اللہ اور قیامت پر ایمان لایا اور اللہ کی راہ میں جہاد کیا، وہ (کفار) اللہ کے نزدیک (مسلمانوں کے) برابر نہیں، اور اللہ ظالموں (کافروں) کو (ہدایت کی) راہ نہیں دیتا۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ کی فضیلت

اس آیت کریمہ کے شان نزول کے متعلق چند روایات ہیں کہ ایک مرتبہ طلحہ ابن شیبہ حضرت عباس اور حضرت علی ایک جگہ جمع ہوئے تو حضرت طلحہ نے کہا مجھے اللہ نے اسقدر عزت سے نوازا کر مجھے کعبہ معظمہ کے کلید بردار کا شرف بخشا اب میں چاہوں تو کعبہ کے اندر سو رہوں میرے علاوہ کسی کو یہ سعادت حاصل نہیں۔ حضرت عباس نے فرمایا کہ مجھے اللہ نے شرف واکرم بخشا ہے میں زم زم کے کنوئیں سے پانی نکالتا تھا اور حاجیوں کو سیراب کرتا ہوں سقایا کی خدمت مجھے حاصل ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ ارشاد فرمایا کہ اور اللہ نے مجھے یہ شرف کرامت بخشی کہ مجھے دونوں قبلوں کی طرف نماز پڑھنے کی سعادت ملی صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت بابرکت پانے کا شرف ملا جہاد کی حاضری نصیب ہوئی چنانچہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت بابرکت کی سعادت کی فضیلت دونوں پر حاوی ہوئی اور آپ رضی اللہ عنہ کی تائید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن تفسیر کبیر تفسیر روح البیان)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْٓا اٰبَآءَكُمْ وَاِخْوَانَكُمْ اَوْلِيَآءَ اِنِ اسْتَحَبُّوا الْكُفْرَ عَلَى الْاِيْمَانِ ؕ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۲۳﴾ قُلْ اِنْ كَانَ اٰبَآؤُكُمْ وَاَبْنَآؤُكُمْ وَاِخْوَانُكُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ وَعَشِيْرَتُكُمْ وَاَمْوَالُ ِۨاقْتَرَفْتُمُوْهَا وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا وَمَسٰكِنُ تَرْضَوْنَهَآ اَحَبَّ اِلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَجِهَادٍ فِيْ سَبِيْلِهٖ فَتَرَبَّصُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۲۴﴾ ع (پارہ:10 سورۃ التوبہ، آیت نمبر 23-24)

ترجمہ کنزالایمان: اے ایمان والو! اپنے باپ اور اپنے بھائیوں کو دوست نہ سمجھو اگر وہ ایمان پر کفر پسند کریں، اور تم میں جو کوئی ان سے دوستی کرے گا تو وہی ظالم ہیں تم فرماؤ اگر تمہارے باپ اور تمہارے بیٹے اور تمہارے بھائی اور تمہاری عورتیں اور تمہارا کنبہ اور تمہاری کمائی کے مال اور وہ سودا (تجارت) جس کے نقصان کا تمہیں ڈر ہے اور تمہارے پسند کا مکان یہ

Marfat.com

چیزیں اللہ اور اس کے رسول اور اس کی راہ میں لڑنے سے زیادہ پیاری ہوں تو راستہ دیکھو (انتظار کرو) یہاں تک کہ اللہ اپنا حکم (عذاب) لائے اور اللہ فاسقوں (دنیا طلب لوگوں) کو راہ (ہدایت) نہیں دیتا۔

اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت

جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ معظّمہ سے ہجرت فرمائی تو وہاں سے مسلمانوں کو ہجرت کرنا واجب ہوگیا بلا عذر وہاں ہی رہنا حرام ہوگیا اس پر بعض نے ہجرت کا ارادہ کیا تو ان کے بال بچے ان سے لپٹ گئے اور بولے کہ ہم کو بے یار و مددگار کس پر چھوڑے جاتے ہو تمہارے پیچھے ہم برباد ہو جائیں گے اس پر وہ ہجرت سے رک گئے ان کے متعلق پہلی آیت لا تتخذو آباء کم نازل ہوئی یہ قول مجاہد کا ہے (خازن کبیر روح البیان) مگر یہ قوی نہایت کیونکہ یہ آیات فتح مکہ کے ایک سال بعد نازل ہوئیں اس وقت مکہ معظّمہ کے سارے باشندے مسلمان ہو چکے تھے اور وہاں سے ہجرت کرنے کا سوال ہی نہ رہا تھا۔ (تفسیر کبیر و خان و روح البیان ۲)

ایک صحابی حاطب ابن بلتعہ نے فتح مکہ کے موقعہ پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارادوں سے کفار مکہ کو ایک عورت کے ذریعہ مطلع کرنے کی کوشش کی وہ عورت اور اس کے پاس یہ خط پکڑے گئے ان کے متعلق یہ آیات کریمہ نازل ہوئی۔ (خازن روح البیان) جب سورۂ براۃ کی گذشتہ آیات نازل ہوئیں جن میں مسلمان کو کفار سے تعلق توڑنے ان سے بیزاری کا حکم دیا گیا تو بعض حضرات نے بارگاہ رسالت میں محرض گیا کہ حضور یہ کیسے ہو سکے گا۔ اس سے تو ہمارے تجارتی کاروبار تباہ ہو جائیں گے اور اپنے بھائی بھتیجوں کو کیسے چھوڑا جائیگا تو اس پر یہ دونوں آیتیں نازل ہوئیں۔ (خزائن العرفان روح البیان کبیر)

نوشخص پہلے مسلمان ہو کر مدینہ منورہ میں آئے پھر مرتد ہو کر بھاگ گئے ان کے متعلق یہ آیات نازل ہوئیں جن میں ان مرتدین کے قرابت دار مومنین کو ان سے بے تعلق ہو جانے کا حکم دیا گیا۔ (تفسیر مدارک)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ فِيْ مَوَاطِنَ كَثِيْرَةٍ ۙ وَّ يَوْمَ حُنَيْنٍ ۙ اِذْ اَعْجَبَتْكُمْ كَثْرَتُكُمْ فَلَمْ تُغْنِ عَنْكُمْ شَيْـًٔا وَّ ضَاقَتْ عَلَيْكُمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ ثُمَّ وَلَّيْتُمْ مُّدْبِرِيْنَ ۚ﴿۲۵﴾ (پارہ:10 سورۃ التوبہ، آیت نمبر 25)

ترجمہ کنزالایمان: بیشک اللہ نے بہت جگہ تمہاری مدد کی اور (غزوہ) حنین کے دن جب

Marfat.com

تم اپنی کثرت (تعداد) پر اترا گئے تھے (فخر کرنے لگے) تو وہ (تعداد کی کثرت) تمہارے کچھ کام نہ آئی (اور قدم اکھڑ گئے) اور زمین (میدان حنین) اتنی وسیع ہو کر تم پر تنگ ہوگئی (کہ وہاں ٹھہرنا مشکل ہوگیا) پھر تم (کافروں) پیٹھ دے کر پھر گئے (میدان چھوڑ گئے)۔

واقعہ حنین

نزول واقعہ غزوہ حنین

ان آیات کا نزول غزوہ حنین کے متعلق ہے جس کا مختصر واقعہ یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ۱۳ یا ۱۷ رمضان ۸ آٹھ ہجری میں مکہ معظّمہ فتح کیا دس ہزار صحابہ کے لشکر جرار کے ساتھ مکہ معظّمہ سے تین دن کی راہ پر طائف کے قریب ایک مقام ہے حنین جہاں کی حضرت حلیمہ تھیں وہاں کے دو قبیلے سخت سرکش تھے ہوازن اور ثقیف ان قبیلوں نے آپس میں مشورہ کیا کہ محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کی شان وشوکت بہت بڑھی جارہی ہے اگر یہ حال رہا تو وہ ہم پر بھی غالب آجائیں گے اس لیئے ہم دونوں قبیلے متفق ہوکر ان پر حملہ کردیں انہیں پتہ چل جائے گا کہ ہم کیسے بہادر ہیں غرضیکہ وہ دونوں قبیلے مسلمانوں پر حملہ کی تیاری کرنے لگے حضور انور نے یہ حالات معلوم کر کے ان پر حملہ کی تیاری کی دس ہزار فاتحان مکہ اور دو ہزار فتح مکہ میں ایمان لانے والوں کل بارہ ہزار غازیوں کی جماعت لے کر شروع شوال سنہ آٹھ ہجری شنبہ کے دن مکہ کے دن مکہ معظّمہ سے روانہ ہوئے اور دس شوال آٹھ ہجری منگل کے دن مقام حنین میں پہنچے مقابلہ میں عوازن اور بنی ثقیف دونوں قبیلے آئے ہواز کا سردار مالک ابن عوف تھا ثقیف کا سردار کنانہ ابن عبد تھا ان دونوں قبیلوں کی تعداد چار ہزار تھی۔ بعض مسلمانوں نے جو غالبا مسلمہ ابن سلامہ ابن رقیس انصاری تھے کہا کہ آج ہم کفار سے تین گنا ہیں ہرگز مغلوب نہ ہوں گے۔ یہ قول حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ناگوار ہوا کہ ان کی نظر اپنی کثرت پر گئی اللہ کی مدد پر نہ گئی۔ (مدارج النبوۃ خازن کبیر معانی وغیرہ) آخر کار گھمسان کی جنگ ہوئی ہوازن اور ثقیف بھاگ نکلے مسلمانوں نے ان کا پیچھا کیا ان کے ساتھ مال بہت زیادہ تھا مسلمان مال غنیمت جمع کرنے انہیں قید کرنے میں مشغول ہوئے کہ ان دونوں قبیلوں نے بٹ کر بہت زور سے حملہ کیا یہ لوگ تیراندازی نشانہ بازی میں بہت ماہر تھے ان کے تیروں کی بارش سے مسلمان کے قدم اکھڑ گے اور ان میں بھگدڑ مچ گئی مگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم اپنے مقام پر ڈٹے رہے بلکہ آگے بڑھتے رہے۔ حضور کے ساتھ حسب ذیل حضرات تھے۔ عباس ابن عبدالمطلب ابوسفیان ابن حارث ابن عبدالمطلب جعفر ابن ابوسفیان بن حارث علی ابن ابی طالب ربیعہ ابن حارث فضل ابن عباس اسماء بن زید ایمن ابن عبید جو حضور کی حفاظت میں شہید ہوگے۔ ابوبکر صدیق عمر ابن خطاب یہ دس حضرات ساتھ

Marfat.com

رہے حضرت عباس نے اس کے متعلق اشعار کہے ہیں۔ (روح المعانی) ان کے علاوہ ایک سو حضرات اور بھی تھے جو جمے رہے مگر وہ حضور انور کے ساتھ نہ تھے اپنے اپنے مرکزوں میں تھے۔ (صاوی) کفار نے حضور انور پر یک بارگی حملہ کیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم یہ فرماتے ہوئے خچر سے تلوار سونت کر اترے انا النبی لا کذب انا ابن عبد المطلب حضور انور کی یہ شجاعت بے مثال دیکھ کر کفار کاٹی کی طرح پھٹ گئے اس وقت حضرت عباس حضور کے خچر کی لگام پکڑے تھے اور ابوسفیان ابن حارث رکاب شریف حکم دیا کہ عباس ان مسلمانوں کو پکا روکہ میں یہاں ہوں تم کہاں جارہے ہو حضرت عباس کی آواز آٹھ میل تک سنی جاتی تھی۔ (صاوی) حضرت عباس نے پکارا اے سورۃ بقر والوا ے مدینہ والو رسول اللہ یہاں ہیں ہیں ادھر آؤ سب لبیک کہتے ہوئے لوٹ پڑے اور حضور انور کے گرد جمع ہو گئے حضور انور نے ایک مٹھی کنکر کفار کی طرف پھینکے جو ان کی آنکھوں میں ایک ایک پڑا اور فرمایا۔

یہ لڑائی گرم ہونے کا وقت ہے پھر جو مسلمان نے حملہ کیا تو رب تعالیٰ نے اپنے حبیب کے صدقہ مسلمانوں کو شاندار فتح عطا فرمائی اس غزوہ میں مسلمانوں کو بہت مال غنیمت ہاتھ لگا۔ چھ ہزار قیدی جن میں عورتیں بچے بہت تھے چوبیس ہزار اونٹ بکریوں کا تو شمار ہی نہیں ان قیدیوں میں رسول اللہ کی دودھ کی بہن یعنی حلیمہ کی بیٹی بھی تھیں حضور نے ان کا بہت احترام فرمایا انہیں بہت مال دے کر آزاد فرمادیا یہ اپنی قوم میں پہنچیں اور حضور انور کے کرم ورحم کا ذکر کیا وہ سب ہی مسلمان ہو کر مدینہ منورہ پہنچے حضور انور نے ان کے قیدی واپس فرمائے۔ (صادی وغیرہ) پھر حضور انور یہاں سے ہی طائف تشریف لے گئے پھر مقام جعرانہ میں حضور انور نے مال غنیمت تقسیم فرمایا۔ یہاں سے ہی حضور نے عمرہ کا احرام باندھا اور عمرہ کیا اس موقع پر حضور انور نے ابوسفیان بن حرب صفوان ابن امیہ عینہ ابن حصین افرع ابن حابس کو سو سو اونٹ عطا فرمائے۔ (خازن)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْمُشْرِكُوْنَ نَجَسٌ فَلَا يَقْرَبُوا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ بَعْدَ عَامِهِمْ هٰذَا ۚ وَاِنْ خِفْتُمْ عَيْلَةً فَسَوْفَ يُغْنِيْكُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖٓ اِنْ شَآءَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝۲۸ (پارہ:10 سورۃ التوبہ، آیت نمبر 28)

ترجمہ کنزالایمان: اے ایمان والو! مشرک نرے ناپاک (گندے عقائد والے) ہیں تو اس برس کے بعد وہ مسجد حرام کے پاس نہ آنے پائیں اور اگر تمہاری محتاجی کا ڈر ہے (کہ

Marfat.com

کفار تجارتی مال نہ لائیں گے تو عنقریب اللہ تمہیں دولت مند کردے گا اپنے فضل سے اگر چاہے بیشک اللہ علم وحکمت والا ہے۔

مسلمانوں کو تسلی واطمینان

جب حضرت علی رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم پر ۹ ھ کو سورۃ براءت کا اعلان فرمایا کہ آئندہ نہ ہی کوئی مشرک حج کرے گا نہ ہی کوئی برہنہ حالت میں۔ تو مشرکین عرب یہ سن کر مسلمانوں کو دھمکیاں دینے لگے کہ تم نے ہمیں حج سے روکا ہے اب تم دیکھنا کہ تمھارا کیا حشر ہوتا ہے کیونکہ سامان تجارت ہم ہی باہر سے لاتے ہیں تمہاری آمدنیاں وروزگار ہمارے مرہون منت ہیں اب جب ہم آنا چھوڑ دینگے تو تم فاقہ کشی میں مبتلا ہوجاؤ گے اور بدحالی کا شکار ہوجاؤ گے چنانچہ مسلمانوں کی تسلی واطمینان کے لئے یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن، تفسیر روح المعانی وتفسیر کبیر)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قَاتِلُوا الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَلَا يُحَرِّمُوْنَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَلَا يَدِيْنُوْنَ دِيْنَ الْحَقِّ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ حَتّٰى يُعْطُوا الْجِزْيَةَ عَنْ يَّدٍ وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ ﴿۲۹﴾ (پارہ:10 سورۃ التوبہ، آیت نمبر 29)

ترجمہ کنزالایمان: لڑو ان سے جو ایمان نہیں لاتے اللہ پر اور قیامت پر اور حرام نہیں مانتے اس چیز کو جس کو حرام کیا اللہ اور اس کے رسول نے اور سچے دین (اسلام) کے تابع (اس پر عمل کرنے والے) نہیں ہوتے یعنی وہ جو کتاب دیے گئے (اہل کتاب) جب تک اپنے ہاتھ سے جزیہ نہ دیں ذلیل ہوکر (عاجزی سے)۔

جنگ کا حکم

جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمانوں کو روم کے عیسائیوں سے جنگ کرنے کا حکم دیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تائید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ ایک روایت کے مطابق یہ آیت کریمہ بنی قریظہ و بنی نظیر یہودیوں کے بارے میں نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن، تفسیر صاوی)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ عُزَيْرُ ِابْنُ اللّٰهِ وَقَالَتِ النَّصٰرَى الْمَسِيْحُ ابْنُ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ قَوْلُهُمْ بِاَفْوَاهِهِمْ ۚ يُضَاهِـُٔوْنَ قَوْلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ ؕ قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ ۚ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ۝ (پارہ:10 سورۃ التوبہ، آیت نمبر30)

ترجمہ کنزالایمان: اور یہودی بولے عزیر اللہ کا بیٹا ہے اور نصرانی بولے مسیح اللہ کا بیٹا ہے، یہ باتیں وہ اپنے منہ سے بکتے ہیں اگلے (پہلے والے) کافروں کی سی بات بناتے ہیں، اللہ انہیں مارے (غارت کرے)، کہاں اوندھے جاتے (بہکے جارہے) ہیں۔

یہود کی جماعت کا گستاخانہ مطالبہ

ایک مرتبہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اور اس میں یہود کی ایک جماعت حاضر ہوئی اور عرض گزار ہوئی کہ ہم آپ پر ایمان کیسے لے آئیں اور اسلام کو کیسے قبول کرلیں جبکہ نہ ہی آپ ہمارے قبلہ کی طرف رخ کرکے نماز پڑھتے ہیں نہ ہی عزیر علیہ سلام کو خدا کا بیٹا مانتے ہیں بلکہ انھیں اللہ کا بندہ کہتے ہیں اگر آپ یہ دونوں باتیں ترک کردیں تو ہم آپ پر ایمان لے آئیں چنانچہ انکی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر کبیر، تفسیر صاوی تفسیر خازن معانی و بیان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّ عِدَّةَ الشُّهُوْرِ عِنْدَ اللّٰهِ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ يَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ مِنْهَاۤ اَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ؕ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ ۙ فَلَا تَظْلِمُوْا فِيْهِنَّ اَنْفُسَكُمْ وَقَاتِلُوا الْمُشْرِكِيْنَ كَآفَّةً كَمَا يُقَاتِلُوْنَكُمْ كَآفَّةً ؕ وَاعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ۝ (پارہ:10 سورۃ التوبہ، آیت نمبر36)

ترجمہ کنزالایمان: بیشک مہینوں کی گنتی اللہ کے نزدیک بارہ مہینے ہے اللہ کی کتاب میں جب سے اس نے آسمان اور زمین بنائے ان میں سے چار حرمت (ادب) والے ہیں یہ سیدھا (آسان) دین ہے، تو ان مہینوں میں (گناہ کرکے) اپنی جان پر ظلم نہ کرو اور مشرکوں سے ہروقت لڑو جیسا وہ تم سے ہروقت لڑتے ہیں، اور جان لو کہ اللہ پرہیزگاروں کے ساتھ ہے۔

Marfat.com

اہل عرب کا غلط دستور

اہل عرب میں یہ دستور تھا کہ ملت ابراھیمی کے مطابق اپنے دینی و دنیاوی کام قمری تاریخ کے حساب سے کیا کرتے تھے جبکہ باقی لوگ شمسی تاریخوں کے حساب سے اپنے کام سرانجام دیتے تھے مگر چونکہ قمری سال تین سو پچپن روز کا اور شمسی سال تین سو پینٹھ دن کا ہوتا ہے لہٰذا ہر سال دس دن کا فرق پڑ جاتا ہے اسلئے قمری سال کے مطابق حج کبھی گرمیوں میں آتا کبھی سردیوں میں آتا یوں ہی کبھی حج ایسے موسم میں آتا جو تجارتی لحاظ سے نقصان وہ ہوتا اور اہل عرب کی آمدنی اور کاروباری منافع کم ہوتا جبکہ شمسی تاریخوں کے مطابق کام کرنے والوں کے تمام اہم دن یکساں موسم اور تاریخوں میں آتے لہٰذا اہل عرب اپنے قمری مہینوں میں ہر سال دس دن کا فرق کرتے اور جب ایک ماہ پورا ہو جاتا تو وہ سال بارہ کے بجائے تیرہ ماہ کا کر دیتے چنانچہ انکی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن وتفسیر کبیر)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّمَا النَّسِیۡٓءُ زِیَادَۃٌ فِی الۡکُفۡرِ یُضَلُّ بِہِ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا یُحِلُّوۡنَہٗ عَامًا وَّ یُحَرِّمُوۡنَہٗ عَامًا لِّیُوَاطِـُٔوۡا عِدَّۃَ مَا حَرَّمَ اللّٰہُ فَیُحِلُّوۡا مَا حَرَّمَ اللّٰہُ ؕ زُیِّنَ لَہُمۡ سُوۡٓءُ اَعۡمَالِہِمۡ ؕ وَ اللّٰہُ لَا یَہۡدِی الۡقَوۡمَ الۡکٰفِرِیۡنَ ﴿۳۷﴾

(پارہ:10 سورۃ التوبہ، آیت نمبر 37)

ترجمہ کنزالایمان: ان کا مہینے پیچھے ہٹانا (مہینوں میں تبدیلی کرنا) نہیں مگر (سوائے اس کے کہ) اور کفر (مزید آگ) میں بڑھنا اس سے کافر بہکائے جاتے ہیں ایک برس اسے (کسی مہینے کو) حلال ٹھہراتے ہیں (جنگ وجدل کرتے ہیں) اور دوسرے برس اسے حرام مانتے ہیں کہ اس گنتی کے برابر ہو جائیں جو اللہ نے حرام فرمائی (یعنی حیلہ کر کے گنتی پوری کر لیں) اور اللہ کے حرام کیے ہوئے حلال کر لیں، ان کے برے کام ان کی آنکھوں میں بھلے لگتے ہیں، اور اللہ کافروں کو (ہدایت کی) راہ نہیں دیتا۔

اہلِ عرب کا باطل فیصلہ

حضرت ابراہیم علیہ سلام کے زمانہ سے یہ تمام عبادات وغیرہ چاند کے حساب سے ہی ہوتی چلی آرہی تھی چنانچہ ان مہینوں میں جو حرمت والے تھے یعنی رجب، ذیقعد، ذی الحجہ، محرم، ان میں جنگ وجدل لوٹ مار قتل و

Marfat.com

غارت گری حرام تھی ان میں ایک مہینہ رجب الگ تھا باقی تین مہینہ لگا تار تھے چنانچہ اہل عرب کو مسلسل تین ماہ تک خودکو ان حرکتوں سے باز رکھنا دشوار ہوا تو انہوں نے باہم یہ فیصلہ کیا کہ سال کے چار مہینے محترم ہیں تو یہ چار مہینے ہم اپنا آسانی کے مطابق مقرر کر لیتے ہیں ہم جس مہینے کو جو نام دیں وہی ہوگا چنانچہ اگر انھیں محرم میں کسی سے جنگ کرنی ہوتی تو اپنی مرضی سے صفر کا مہینہ بنا لیتے اور صفر کو محرم بنا لیتے چنانچہ انکی اس حرکت کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن، تفسیر روح المعانی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مَا لَكُمْ اِذَا قِیْلَ لَكُمُ انْفِرُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ اثَّاقَلْتُمْ اِلَى الْاَرْضِؕ اَرَضِیْتُمْ بِالْحَیٰوةِ الدُّنْیَا مِنَ الْاٰخِرَةِۚ فَمَا مَتَاعُ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا فِی الْاٰخِرَةِ اِلَّا قَلِیْلٌ ﴿۳۸﴾ اِلَّا تَنْفِرُوْا یُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا اَلِیْمًا ۙ وَّ یَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَیْرَكُمْ وَ لَا تَضُرُّوْهُ شَیْــٴًـاؕ وَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۳۹﴾

(پارہ:10 سورۃ التوبہ، آیت نمبر 38-39)

ترجمہ کنزالایمان: اے ایمان والو! تمہیں کیا ہوا جب تم سے کہا جائے کہ خدا کی راہ میں کوچ کرو (جہاد کے لیے نکلو) تو بوجھ کے مارے زمین پر بیٹھ جاتے ہو (جانے سے گھبراتے ہو) کیا تم نے دنیا کی زندگی آخرت کے بدلے پسند کر لی اور جیتی دنیا کا اسباب (سامانِ زندگی) آخرت کے (سامان کے) سامنے (کچھ) نہیں مگر تھوڑا (کم اور فانی) اگر نہ کوچ کرو گے (جہاد کے لے نہ نکلو گے) انہیں سخت سزا دے گا اور تمہاری جگہ (تمھیں ہلاک کر کے) اور (دوسرے) لوگ لے آئے گا (جو تم سے بہتر ہونگے) اور تم اس کا کچھ نہ بگاڑ سکو گے، اور اللہ سب کچھ کر سکتا ہے۔

غزوہ عسرت

جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم فتح مکہ غزوہ حنین۔ اوطاس اور فتح طائف اور عمرہ جعرانہ سے فارغ ہو کر مدینہ منورہ تشریف لائے کچھ قیام فرمایا تو خبر ملی کو رومی لشکر بڑی تعداد میں شام کے شہر تبوک اور اس کے آس پاس مسلمانوں پر حملہ کرنے کے لئے جمع ہوئے ہیں تو حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے چاہا کہ ان کو پیش قدمی نہ کرنے دیں بلکہ تبوک پہنچ کر وہاں ہی ان پر جہاد کریں اس جہاد کی اعلانیہ تیاری فرما دی اپنے ارادے سے

Marfat.com

مسلمانوں کو مطلع فرمادیا کہ ہم نے تبوک پر حملہ کرنا ہے اس سے پہلے اکثر مقام جہاد ظاہر نہیں فرمایا جاتا بلکہ بطور توریہ حملہ کرنا کہیں ہوتا تھا اور اشارۃ اظہار دوسری طرف کا چونکہ تبوک مدینہ منورہ سے بہت دور چودہ منزل تقریباً پانچ سو میل پر تھا موسم سخت گرم تھا۔ اس لیے اہل مدینہ کے کھجور کے باغات تیار تھے اسلئے صاف صاف اعلان فرمادیا تاکہ مسلمان پوری تیاری کرلیں۔ یہ جہاد منافقوں پر عموماً اور بعض صحابہ کرام پر خصوصاً گراں (بھاری) معلوم ہوا بہرحال حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے رجب سنہ ۹ ہجری میں تیس یا چالیس ہزار کا لشکر جرار کوچ فرمایا۔ جس میں دس ہزار گھوڑے تھے۔ اس غزوہ کے موقعہ پر حضرت عثمان غنی دس ہزار مجاہدوں کو مجاہدوں کا سامان جہاد دیا دس ہزار اشرفیاں نو سو اونٹ سو گھوڑے مع سامان دیئے۔ حضرت ابوبکر صدیق نے اپنا سارا مال چندہ میں دے دیا۔ گھر میں جھاڑو دے ڈالی۔ اس کی مالیت چار ہزار درہم تھی۔ حضرت عمر نے آدھا مال حضرت عبدالرحمن ابن عوف نے سواوقیہ حضرت عباس وطلحہ نے بھی بھاری چندہ دیا۔ عورتوں نے زیور اتار دیئے۔ حضور انور نے مدینہ منورہ کے انتظام کے لئے حضرت علی اور ابن سلمہ انصاری کو چھوڑا۔، اس لشکر میں عبداللہ ابن ابی منافق مع اپنے ساتھیوں کے روانہ تو ہوا مگر ثنیۃ الوداع سے ہی لوٹ آیا۔ اس جہاد میں بڑا جھنڈا حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو دیا گیا۔ دوسرا حضرت زبیر کو قبیلہ اوس کا جھنڈا اسید بن حصیر کو خزرج کا جھنڈا حباب ابن منذر کو۔ اس غزوہ کو منافقین تو گئے نہیں بعض مسلمان ارادہ کرتے ہی رہ گئے شریک نہ ہو سکے ان مسلمانوں کے متعلق یہ آیات کریمہ نازل ہوئیں۔ (تفسیر صادی وخزائن العرفان روح البیان وغیرہ)

اس غزوہ کا نام غزوہ عسرت اور غزوہ فاضحہ بھی ہے۔۔ کیونکہ اس موقعہ پر مسلمان بہت تنگی میں تھے اور اس غزوہ نے منافقوں کو رسوا کردیا۔ (روح البیان)

جب حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم تبوک پہنچے تو وہاں پانی کا ایک چشمہ تھا جس میں پانی بہت تھوڑا تھا۔ حضور انور نے اس میں کلی کی جس سے پانی بہت زیادہ ہوگیا۔ اسلامی لشکر وراس کے تمام جانور سیر ہوگئے۔ ہرقل شاہ محروم نے حضور انور کا مقابلہ نہ کیا۔ رومی فوجیں واپس چلی گئیں جنگ کی نوبت نہ آئی حضور انور نے حضرت خالد بن ولید کو چار سو سے زیادہ سوار دے کر بھیجا دومۃ الجندل کے حاکم اکیدا پر حملہ کرنے کے لیے فرمایا کہ اسے نیل گائے کے شکار میں ہی پکڑ لو۔ چنانچہ آپ اسے گرفتار کرکے لے آئے۔ حضور انور نے اس پر جزیہ مقرر کرکے اسے چھوڑ دیا۔ یوں ہی ایلہ کے حاکم پر اولاً اسلام پیش کیا جسے اس نے قبول نہیں کیا اسے بھی جزیہ پر چھوڑ دیا گیا۔ یہ جہاد پوری آزمائش کا ذریعہ تھا۔ (خزائن العرفان) حضور انور نے تبوک میں تقریباً بیس دن قیام فرمایا اس موقع پر ایلہ کے حاکم نے حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سفید خچر تحفتاً پیش کیا جو قبول فرمالیا گیا۔ حضور انور نے

Marfat.com

اسے ایک چادر عنایت فرمائی جو اس نے بصد شکریہ قبول کی۔ (صادی) اس غزوہ سے رہ جانے والے تین صحابہ حضرت کعب ابن مالک ہلال ابن امیہ، مرارہ ابن لوئی کا واقعہ ان کا مکمل بائیکاٹ اس غزوہ میں ہوا جن کا ذکر اگلی آیتوں میں آرہا ہے انہیں کی توبہ کا ذکر اس سورۃ میں ہے اسی وجہ سے اس سورۃ کا نام توبہ ہے غزوہ تبوک حضور کا آخری جہاد ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِلَّا تَنْصُرُوْهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللّٰهُ اِذْ اَخْرَجَهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثَانِيَ اثْنَيْنِ اِذْ هُمَا فِي الْغَارِ اِذْ يَقُوْلُ لِصَاحِبِهٖ لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا ۚ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلَيْهِ وَ اَيَّدَهٗ بِجُنُوْدٍ لَّمْ تَرَوْهَا وَ جَعَلَ كَلِمَةَ الَّذِيْنَ كَفَرُوا السُّفْلٰى ؕ وَ كَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا ؕ وَ اللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝۴۰ (پارہ:10 سورۃ التوبہ، آیت نمبر 40)

ترجمہ کنزالایمان: اگر تم محبوب (رسول) کی مدد نہ کرو تو بیشک اللہ نے ان کی مدد فرمائی جب کافروں کی شرارت (سازش) سے انہیں (مکہ مکرمہ سے) باہر تشریف لے جانا ہوا صرف دو جان سے (صرف دو تھے) جب وہ دونوں (رسول اور صدیق اکبر) غار (ثور) میں تھے جب (رسول) اپنے یار (صدیق اکبر) سے فرماتے تھے غم نہ کھا (خوف نہ کر) بیشک اللہ ہمارے ساتھ ہے تو اللہ نے اس پر اپنا سکینہ (سکونِ قلبی) اتارا اور ان (غیبی فرشتوں) فوجوں سے اس کی مدد کی جو تم نے نہ دیکھیں اور کافروں کی بات نیچے ڈالی (ارادے ناکام بنادیے) اللہ ہی کا بول بالا ہے اور اللہ غالب حکمت والا ہے (جہاد کے لیے)۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مبارک ہجرت

یہ آیت کریمہ حضور انور کی ہجرت کے متعلق نازل ہوئی جس کا واقعہ یہ ہے کہ جب کفار مکہ کے ظلم مسلمانوں پر حد سے بڑھ گئے تو حضور انور نے مسلمانوں کو ہجرت کا حکم دیا اس حکم سے مسلمان مختلف مقامات پر ہجرت کر کے چلے گئے مکہ معظّمہ میں صرف حضور انور۔ حضرت علی۔ حضرت ابوبکر صدیق اور صہیب رہ گئے یا عورتیں بچے بوڑھے اور ضعیف مسلمان جو ہجرت نہ کر سکے تھے۔ (روح البیان) بلکہ حضرت ابوبکر صدیق بھی حبشہ کی طرف ہجرت کر کے چل دیئے تھے ہرک الغماء سے ایک سردار کفار ابن دغنہ آپ کو مکہ معظّمہ واپس لایا۔ (خازن) حضور انور نے فرمایا کہ ابوبکر صدیق مجھ کو بھی ہجرت کا حکم رب کی طرف سے ملنے والا ہے تم

Marfat.com

میرے ساتھ ہجرت کرنا۔حضرت ابوبکر صدیق خوش ہوگئے اور آٹھ سودرہم سے دو اونٹیاں خرید کر ان کی پرورش کرنے لگے!اس ہجرت کے لیے۔ایک کا نام قصوی تھا جس پر حضورانور نے ہجرت میں سواری کی اور آخر تک نبی کریم کی سواری میں رہی اور خلافت صدیقی میں اسکی وفات ہوئی۔حضور کی دوسری اونٹنی عضباء تھی۔یہ خلافت فاروقی میں فوت ہوئی۔ قیامت کے دن حضرت فاطمہ اسی پر سوار ہوکر محشر میں پہنچیں گی۔(روح البیان)اونٹنیوں کی یہ خریداری اور آخر ذی الحجہ میں ہوئی اس لئے اسلامی سنہ ھ محرم سے شروع ہوتا ہے کہ حضرت صدیق نے ہجرت کی تیاری اسی مہینے میں شروع کی تھی۔اگر چہ ہجرت ربیع الاوّل میں ہوئی۔ جب دوبارہ حج کے موقعوں پر مدینہ منورہ کے دوقبیلوں اوس اورخزرج کے نمائندہ نے حضورانور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاتھ پر بیعت کی پہلے حج میں بارہ نے دوسرے میں ستّر نے اس کا پتہ کفار کو چل گیا انہیں خطرہ ہوا کہ اسلام مکہ سے باہر پھیل جائے گا تو انہوں نے دارلندوہ (مشورہ گھر یعنی اپنے ادارہ میں جو قصی ابن کلاب کے گھر میں تھا جمع ہوکر مشورہ کیا کہ اب کیا کرنا چاہیئے۔اس مشورہ میں ابلیس بھی شیخ نجدی کی شکل میں آیا۔بولا کہ میں نجدی ہوں تم ایک اچھے کام کے لیئے جمع ہوئے ہو میں تم کو اچھا مشورہ دینے آیا ہوں لوگوں نے مختلف رائیں دیں مگر ابوجہل بولا کہ میری رائے یہ ہے کہ مکہ کے تمام قبیلوں میں وہ دوآدمی ہتھیار بند ہوکر ان کا گھر گھیر لو۔ جب وہ اٹھیں تو سب یکبارگی ان پر حملہ کر کے انہیں شہید کردو۔بنی ہاشم سب سے لڑ نہ سکیں گے آخر دیت یعنی خون بہالینے پر راضی ہوجائیں گے۔سارے قبیلہ والے وہ ادا کردیں ابلیس شیخ نجدی نے اسے پسند کیا اور اتفاق رائے سے یہ بات پاس ہوگئی۔ یہ مشورہ ماہ صفر میں ہفتہ (سنیچر) کے دن ہوا۔(روح البیان) یہ جگہ وہ ہی تھی جہاں آج حرم شریف میں مصلی حنفی ہے چنانچہ پروگرام کے مطابق تمام قبیلوں سے دو دوآدمی ہتھیار بند ہوکر حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دروازہ کو گھیر کر کھڑے ہوگئے ادھر جبریل نے حضور انور کو یہ سب کچھ تبادیا حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اپنی چادر حضرمی سبز رنگ کی عطا فرمائی جس کی لمبائی چار گز چوڑائی دوگز تھی عطا فرما کر فرمایا علی تم میرے بستر پر لیٹ جاؤ۔میں تم کو بشارت دیتا ہوں کہ کفار تمہارا کچھ بھی نہ بگاڑ سکیں گے۔محاصرہ کرنے والے ایک سوآدمی تھے۔حضور انور نے ایک مٹھی مٹی لی اور سورہ یٰسن کی آیت کریمہ فاغشینا ھم فھم لایبصرون تک پڑھی اور ان کی طرف یہ مٹھی بھر خاک پھینکی جو سب کے سروں پر پڑی اور وہ سب حضور انور کو دیکھتے اندھے ہوگئے اور حضور وہاں سے نکل کر سیدھے رہے حضرت ابوبکر صدیق کے گھر کے پہنچے۔حضرت ابوبکر صدیق کو ساتھ لیا اور ثور پہاڑ کی طرف روانہ ہوئے خیال رہے کہ یہ پہاڑ مکہ معظمہ سے موجودہ راستہ سے پانچ میل دور ہے۔اس پہاڑ کو ثور اس لیے کہتے ہیں کہ ایک بار اس پر ایک شخص

Marfat.com

ثورابن عبدمناۃ نے قیام کیا تھا۔اس کی طرف نسبت سے اسے جبل ثور کہتے ہیں۔اوراس غارکوغارثوراس پہاڑ کا اصلی نام اطحل ہے۔(روح البیان) ادھر جب حضرت علی حضور کے بستر سے اٹھے تو مکان عالیشان کوگھیرنے والے کفار آپ کو دیکھ کر حیران رہ گئے۔دوسری حیرانی یہ ہوئی کہ ہرایک کے سر پر خاک تھی۔پوچھا اے علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہاں گئے۔آپ نے فرمایارب جانے ادھرراستہ کا واقعہ یہ ہوا کہ حضرت صدیق کبھی حضور کے آگے چلتے کبھی پیچھے کبھی دائیں کبھی بائیں۔حضور نے پوچھا اے بوبکر یہ کیا۔عرض کیا کہ میں ہوں اکیلا اور سمتیں ہیں چار ہرسمت سے حضور پر دشمن کا خطرہ شاید کوئی آگے گھات لگائے بیٹھا ہوتو میں آگے ہوجاتا ہوں اور کبھی خیال رہے کہ شاید کوئی پیچھے سے آتا ہوتو پیچھے ہوجاتا ہوں پھر دائیں بائیں سے یہی خدشہ دل میں آتا ہوتو دائیں بائیں ہوجاتا ہوں تاکہ جدھر سے بھی حضور پر حملہ ہوتو مجھ پر ہو اللہ تعالیٰ مجھے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر فدا کرے۔آخر کا حضورانورکو اپنے کندھے پر لے لیا اور پنجوں کے بل اس طرح چلے کہ ہر پنجا زمین پر رکھ کر گھمادیتے تاکہ پنجہ کا نشان نہ رہ جائے اور کوئی کھوجیا کھوج نہ نکال سکے نہ معلوم حضرت صدیق نے یہ خاردار دشوار گذار کس طرح طے کر کے غارتک حضورکو پہنچایا۔اے صدیق تیرے ان کندھوں تیرے ان پنجوں پر کروڑوں سلام ہوں۔جب غار کے کنارہ پر پہنچے تو عرض کیا یارسول اللہ مجھے غار میں جانے دیں تاکہ صاف کروں پھر آپ کو بلاؤں تاکہ اگر موذی جانور ہوا تو مجھے ہی کاٹے آپ کو تکلیف نہ پہنچے۔اندھیرے وحشت ناک غار میں اکیلے گھسے اس میں بہت سوراخ تھے فرش صاف کیا۔چادر مبارک پھاڑ پھاڑ کر سوراخ بند کئے عشق رسول نے حبیب دگر بیان کی دھجیاں اڑادیں۔شعر

عشق نے کیتا حال فقیراں کپڑے کر کے لیراں لیراں
بند جا کیتا غار نبی دا اور دسدا

ایک سوراخ باقی بچا اس میں اپنے پاؤں کا انگھوٹا لگا کر بیٹھ گئے اب بیٹھک اس اس طرح ہوئی کہ ایک پاؤں غار کے فرش پر بچھا ہوا دوسرا غار کی طرف اٹھا ہوا اسطرح حضورانورکو بلایا۔آپ کا سر مبارک بچھے ہوئے انور پر رکھا اور سلادیا۔اس انگوٹھے والے سوراخ کے سانپ نے کئی بار آپ کے انگوٹھے کو ڈسا مگر آپ نے انگوٹھا نہ ہٹایا۔مارغار پر یار غار غالب آیا۔زہر نے اپنا اثر کرنا شروع کردیا۔تمام جسم میں سنسنی پھیلنے لگی آنکھوں سے اشک رواں ہوئے رخسار مصطفی پر گرے۔مبارک آنکھیں کھول دیں۔دیکھا صدیق رو رہے ہیں پوچھا کیا ہے؟ عرض کیا ایک سانپ کئی بار کاٹ چکا ہے۔فرمایا کہاں عرض کیا انگوٹھے میں فرمایا دکھاؤ حضور انور نے اپنا لعاب دہن لگادیا زہر ختم ہوگیا مگر وفات کے وقت وہی زہر لوٹا جس سے حضرت صدیق کی وفات

Marfat.com

یعنی شہادت ہوئی۔ (تفسیر خازن) یہ ہے فنانی الرسول کہ جناب مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات خیبر والے زہر کے لوٹنے سے حضرت صدیق کی وفات غار والے زہر کے لوٹنے سے بعض مشائخ فرماتے ہیں کہ جو لوگ حضرت محمد ابن ابوبکر کی اولاد میں ہیں ان کے پاؤں کے انگوٹھے پر سیاہ تل ہوتا ہے اور انہیں سانپ نہیں کاٹتا۔ عبدالرحمن ابن ابی بکر کا یہ حال نہیں کیونکہ عبدالرحمن اس وقت پیدا ہو چکے تھے محمد بعد کو پیدا ہوئے۔ یہ اثر تا قیامت رہے گا اگر باپ صدیق ہے تو دائیں پاؤں میں ماں صدیقی ہے تو بائیں پاؤں میں اگر دونوں صدیق ہیں تو دونوں پاؤں میں نشان ہوتا ہے فقیر نے مشاہدہ بھی کیا ہے ادھر غار کے منہ پر مکڑی۔ نے جالا تن دیا۔ کبوتری نے انڈے دے دیئے کفار مکہ کی ٹولیاں ہر طرف دوڑ پڑیں ایک ٹولی جس میں امیہ ابن خلف بھی تھا۔ وہ اس پہاڑ پر پہنچی۔ ڈھونڈتے ڈھونڈتے اس غار کے منہ پر پہنچی یہ سب لاٹھیوں تلواروں سے مسلح تھے۔ ان میں سے ایک بولا اس غار کے اندر بھی دیکھ لو۔ اس کا نام علقمہ ابن کرز تھا۔ جو فتح مکہ کے دن ایمان لایا۔ امیہ ابن خلف بولا کہ یہ مکڑی کا جالا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی پیدائش سے پہلے کا ہے۔ اگر اس میں وہ جاتے تو جالا ٹوٹ جاتا اور انڈے پھوٹ جاتے۔ جب علقمہ اور امیہ یہ باتیں کر رہے تھے تب حضرت صدیق نے بیقرار ہو کر وہ عرض کیا اور حضور انور نے وہ جواب دیا جو یہاں اس آیت کریمہ میں مذکور ہے حضور انور نے اس غار میں تین دن قیام کیا اس عرصہ میں حضرت صدیق اکبر کے غلام مالک ابن فہمیرہ اس پہاڑ کے دامن میں جناب صدیق کی بکریاں چراتے تھے۔ شام کو آپ عبداللہ ابن بکر کے گھر سے کھانا پانی یہاں پہنچاتے تھے اور کفار مکہ کے حالات کی خبر روزانہ دیتے تھے۔ جب کفار مایوس ہو کر تھک گئے تب یہ دونوں حضرات اپنے ہمراہ ایک رہبر بنی عہد ابن عدی کو لے کر مدینہ کی طرف روانہ ہوئے۔ (خازن۔ روح البیان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لَوْ كَانَ عَرَضًا قَرِيْبًا وَّ سَفَرًا قَاصِدًا لَّاتَّبَعُوْكَ وَ لٰكِنْۢ بَعُدَتْ عَلَيْهِمُ الشُّقَّةُ ؕ وَ سَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَوِ اسْتَطَعْنَا لَخَرَجْنَا مَعَكُمْ ۚ يُهْلِكُوْنَ اَنْفُسَهُمْ ۚ وَ اللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۴۲﴾ (پارہ:10 سورۃ التوبہ، آیت نمبر 42)

ترجمہ کنزالایمان: اگر کوئی قریب مال (دنیاوی نفع) یا متوسط (کم دشوار) سفر ہوتا تو ضرور تمہارے ساتھ جاتے مگر ان پر تو مشقت کا راستہ دور پڑ گیا (مشکل ہو گیا)، اور اب اللہ کی قسم کھائیں گے کہ ہم سے بن پڑتا تو ضرور تمہارے ساتھ چلتے اپنی جانوں کو (جھوٹی قسمیں کھا

Marfat.com

کر) ہلاک کرتے ہیں اور اللہ جانتا ہے کہ وہ بیشک ضرور جھوٹے ہیں۔

منافقین پر غزوہ تبوک دشوار

مدینہ منورہ میں جب صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوہ تبوک کا اعلان فرمایا تو منافقین پر یہ دور دواز کا سفر گرمی و پیاس بھوک کی شدت کا خوف رومیوں کے لشکر سے مقابلے کی سختی و دشواری ان پر نہایت شاق و ناگوار گزری چنانچہ وہ نہ جانے کے حیلے بہانے تراشنہ لگے چنانچہ ان منافقین کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر ملارک وتفسیر روح البیان وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عَفَا اللّٰهُ عَنْكَ ۚ لِمَ اَذِنْتَ لَهُمْ حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَ تَعْلَمَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۴۳﴾ لَا يَسْتَاْذِنُكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ اَنْ يُّجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَ اَنْفُسِهِمْ ؕ وَ اللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالْمُتَّقِيْنَ ﴿۴۴﴾ (پارہ:10 سورۃ التوبہ، آیت نمبر 44-43)

ترجمہ کنزالایمان: اللہ تمہیں معاف کرے تم نے انہیں کیوں (جہاد سے رہ جانے کا) اِذن دے دیا جب تک نہ کھلے (ظاہر نہ ہوئے) تھے تم پر سچے اور ظاہر نہ ہوئے تھے جھوٹے، اور وہ جو اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتے ہیں تم سے چھٹی (جہاد سے رہ جانے کی اجازت) نہ مانگیں گے اس سے کہ اپنے مال اور جان سے جہاد کریں، اور اللہ خوب جانتا ہے پرہیزگاروں کو۔

منافقین کے جھوٹے حیلے بہانے

غزوہ تبوک کی روانگی کا اعلان عام سن کر منافقین بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم میں جھوٹے حیلے بنانے پیش کرنے حاضر ہوئے کوئی کہتا میں بیمار ہوں کوئی کہتا میری یا زوجہ یا بچے بیمار ہیں کوئی کہتا ماں ضعیف ہے اسکی خدمت کرنی ہے وغیرہ وغیرہ چنانچہ ان منافقین کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر نعیمی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّمَا يَسْتَاْذِنُكَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَ ارْتَابَتْ قُلُوْبُهُمْ فَهُمْ فِيْ رَيْبِهِمْ يَتَرَدَّدُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَ لَوْ اَرَادُوا الْخُرُوْجَ لَاَعَدُّوْا لَهٗ عُدَّةً وَّ لٰكِنْ كَرِهَ

Marfat.com

اللّٰهُ انۢبِعَاثَهُمْ فَثَبَّطَهُمْ وَقِيْلَ اقْعُدُوْا مَعَ الْقٰعِدِيْنَ ﴿۴۶﴾

(پارہ:10 سورۃ التوبہ، آیت نمبر 45-46)

ترجمہ کنزالایمان: تم سے یہ چھٹی (جہاد سے رہ جانے کی اجازت) وہی مانگتے ہیں جو اللہ اور قیامت پر ایمان نہیں رکھتے اور ان کے دل شک (کشمکش) میں پڑے ہیں تو وہ اپنے شک میں ڈانواں ڈول ہیں (نہ کافروں کے ساتھ ہیں نہ مسلمانوں کے) انہیں (جہاد کے لیے) نکلنا منظور ہوتا تو اس کا سامان (تیاری) کرتے مگر خدا ہی کو ان کا اٹھنا (جہاد کے لیے جانا) ناپسند ہوا تو ان میں کا ہلی بھر دی اور فرمایا گیا کہ بیٹھ رہو (رہ جاؤ) بیٹھ رہنے والے (عورتوں، بچوں، بیماروں) کے ساتھ۔

منافقین کی دروغ گوئی

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوہ تبوک کا کافی پہلے ہی اعلان فرمادیا تھا کہ چنانچہ مجاہدین اسلام نے غزوہ کی روانگی کی تیاریاں شروع کردیں جبکہ منافقین ہاتھ پہ ہاتھ رکھ کے بیٹھے رہے جب روانگی کا وقت آیا تو مخلص مومنین تو غزوہ کے لئے وقت پر روانہ ہوگئے اور منافقین یہ بہانے کرنے لگے کہ بہت دور کا سفر ہے ہم تو اتنے لمبے سفر کی تیاری نہیں کرسکے ہم جانے معذور ہیں ہمارا عذر قبول فرمایئے اور یہیں رہنے کی اجازت عطا کی فرمایئے چنانچہ انکی دروغ گوئی متعلق یہ آیات کریمہ نازل ہوئے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ ائْذَنْ لِّيْ وَلَا تَفْتِنِّيْ ؕ اَلَا فِي الْفِتْنَةِ سَقَطُوْا ؕ وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌ ۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ﴿۴۹﴾ (پارہ:10 سورۃ التوبہ، آیت نمبر 49)

ترجمہ کنزالایمان: اور ان میں کوئی تم سے یوں عرض کرتا ہے کہ مجھے رخصت دیجیے (جہاد سے رہ جانے کی اجازت) اور فتنہ (آزمائش) میں نہ ڈالیے سن لو وہ فتنہ ہی میں پڑے اور بیشک جہنم گھیرے ہوئے ہے کافروں کو۔

جد ابن قیس کا جھوٹا بہانہ

جب غزوہ تبوک کی روانگی کا وقت آیا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک منافق جد ابن قیس کو بلا کر فرمایا کہ تم بھی چلو تو اس جھوٹا بہانہ تراشتے ہوئے کہا کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بات دراصل یہ ہے کہ میں

Marfat.com

عورتوں کا بہت دلدادہ ہوں، حسین وجمیل عورتیں میری کمزوری ہیں آپ روم کی قوم سے جہاد کرنے جارہے ہیں اور رومی عورتیں بہت خوبصورت حسین ہوتی ہیں انھیں دیکھ کر مجھ سے صبر نہ ہوسکے گا ایسا نہ ہو میں کسی گناہ میں پڑ جاؤں چنانچہ مجھے یہیں چھوڑ جائیں ورنہ میں فتنہ میں مبتلا ہوجاونگا اس پہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تیرا عذر تو ہی جانے چنانچہ اسکے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر خازن، تفسیر کبیر خزائن العرفان، تفسیر بیغاوی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنْ تُصِبْكَ حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ ۚ وَاِنْ تُصِبْكَ مُصِيْبَةٌ يَّقُوْلُوْا قَدْ اَخَذْنَآ اَمْرَنَا مِنْ قَبْلُ وَيَتَوَلَّوْا وَّهُمْ فَرِحُوْنَ ۝ قُلْ لَّنْ يُّصِيْبَنَآ اِلَّا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَنَا ۚ هُوَ مَوْلٰىنَا ۚ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ (پارہ:10 سورۃ التوبہ، آیت نمبر50-51)

ترجمہ کنزالایمان: اگر تمہیں بھلائی پہنچے تو انہیں (کافروں کو) برا لگے اور اگر تمہیں کوئی مصیبت پہنچے تو کہیں ہم نے اپنا کام پہلے ہی ٹھیک کرلیا تھا (جہاد پر نہ جا کر ٹھیک کیا) اور خوشیاں مناتے پھر جائیں، تم فرماؤ ہمیں نہ پہنچے گا مگر (وہی) جو اللہ نے ہمارے لیے لکھ دیا وہ ہمارا مولیٰ ہے اور مسلمانوں کو اللہ ہی پر بھروسہ چاہیے۔

منافقین کو شدید رنج وغم

جب مجاہدین اسلام نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی معیت میں تبوک کے لئے روانہ ہوگئے تو منافقین جھوٹے بہانے اور عذر تراش کر مدینہ میں ہی رہ گئے تو ان منافقین کے سرداروں نے یہ افواہ اڑادی کہ تبوک جانے والے مسلمان اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم سفر کی صعوبتوں گرمی کی شدت پیاس بھوک کی زیادتی کے سبب راستہ میں ہی دم توڑ گئے ہیں یہ خبر سن کر دیگر منافقین بہت خوش ہوا اور وہ کچھ بھی کہا جو آیت کریمہ میں بیان کیا گیا مگر بعد میں معلوم ہوا کہ وہ خبر جھوٹی تھی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپکے صحابہ نہ صرف خیریت سے ہیں بلکہ تبوک میں جنگ کی نوبت ہی نہ آئی رومیوں نے بلا مقابلہ ہی ہتھیار ڈال دیئے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو تحائف و نذرانے پیش کئے یہ سب سن کر منافقین کو سخت رنج وغم پہنچا جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مع اپنے اصحاب کے مدینہ منورہ جلوہ افروز ہوگئے تو یہ آیت کریمہ نازل ہوئی منافقین کو سخت شرمندگی اٹھانی پڑی۔ (تفسیر روح المعانی)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قُلْ اَنْفِقُوْا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا لَّنْ يُّتَقَبَّلَ مِنْكُمْ ؕ اِنَّكُمْ كُنْتُمْ قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿۵۳﴾

(پارہ:10 سورۃ التوبہ، آیت نمبر 53)

ترجمہ کنزالایمان: تم فرماؤ کہ دل (خوش دلی) سے خرچ کرو یا ناگواری سے تم سے ہرگز (بارگاہِ الٰہی میں) قبول نہ ہوگا بیشک تم بے حکم (نافرمان) لوگ ہو۔

بے حکم لوگ

غزوہ تبوک کی روانگی کے وقت جب جدابن قیس منافق نے عورتوں کا جھوٹا بہانہ تراشا تھا اس نے نہ جانے کا کہہ کر ساتھ ہی یہ بھی کہا کہ میں جہاد پر تو نہیں جاسکتا مگر جہاد پر خرچ کرنے کے لئے مال حاضر کرتا ہوں یہ قبول کریں چنانچہ اسکے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن، تفسیر کبیر، تفسیر روح المعانی، روح البیان وغیرہ)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَ مِنْهُمْ مَّنْ يَّلْمِزُكَ فِي الصَّدَقٰتِ ۚ فَاِنْ اُعْطُوْا مِنْهَا رَضُوْا وَ اِنْ لَّمْ يُعْطَوْا مِنْهَاۤ اِذَا هُمْ يَسْخَطُوْنَ ﴿۵۸﴾ وَ لَوْ اَنَّهُمْ رَضُوْا مَاۤ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ وَ رَسُوْلُهٗ ۙ وَ قَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ سَيُؤْتِيْنَا اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ وَ رَسُوْلُهٗۤ ۙ اِنَّاۤ اِلَى اللّٰهِ رٰغِبُوْنَ ﴿۵۹﴾

(پارہ:10 سورۃ التوبہ، آیت نمبر 58-59)

ترجمہ کنزالایمان: اور ان میں کوئی وہ ہے کہ صدقے بانٹنے میں تم پر طعن کرتا (عیب لگاتا) ہے تو اگر ان (صدقات) میں سے (ان کی مرضی کے مطابق) کچھ ملے تو راضی ہو جائیں اور نہ ملے تو جبھی وہ ناراض ہیں، اور کیا اچھا ہوتا اگر وہ اس پر راضی ہوتے جو اللہ و رسول نے ان کو دیا اور کہتے ہمیں اللہ کافی ہے اب دیتا ہے ہمیں اللہ اپنے فضل سے اور اللہ کا رسول، ہمیں اللہ ہی کی طرف رغبت ہے۔

گستاخِ رسول قوم

اس آیت کریمہ کے متعلق چند روایات ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم فتح حنین کے بعد مالِ غنیمت تقسیم فرما رہے تھے آپ نے فتح مکہ میں ایمان لے آنے والوں کو زیادہ اور باقی مسلمانوں کو کچھ کم تقسیم فرمایا اس پر قبیلہ کا ایک شخص کھڑا ہوا اور کہنے لگا کہ یا رسول اللہ آپ تقسیم میں انصاف کو اپنائیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے

Marfat.com

فرمایا کہ اگر میں بھی انصاف نہ کروں تو پھر کون کرے گا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس شخص کے قتل کی اجازت طلب کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمادیا اور ارشاد فرمایا کہ ارادہ الٰہی یہی ہے کہ اسکی نسل سے ایک ایسی قوم پیدا ہوگی کہ تم نمازیں روزے انکی نمازوں اور روزوں کے مقابلے میں معمولی سمجھو گے۔ یہ قرآن بہت پڑھیں گے مگر ان کے گلوں سے نیچے نہ اترے گا وہ دین سے ایسے نکل جائینگے جیسے تیر کمان سے تب یہ آیات کریمہ نازل ہوئی۔ ایک روایت کے مطابق نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کو عطیات تقسیم فرمارہے تھے کسی کو کم کسی کو زیادہ حکمت کے تحت تو وہاں موجود ایک شخص کھڑے ہوکر کہنے لگا کہ یہ تقسیم برابر نہیں اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ بعض کے مطابق ایک مرتبہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں میں سونا چاندی تقسیم فرمارہے تھے تو ایک بدوی کھڑا ہوا اور کہنے لگا کہ اللہ نے آپکو عدل وانصاف کا حکم دیا ہے مگر آپ نے یہ تقسیم انصاف کے تحت نہیں کی چنانچہ یہ آیت کریمہ نازل ہوئی ایک روایت کے مطابق ایک مرتبہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں میں صدقات تقسیم فرمانے کے لئے تشریف لائے چاروں طرف غریبوں ناداروں کا جم غفیر تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم صدقات تقسیم فرمانے لگے تو ان میں سے ایک شخص بولا یہ تقسیم انصاف پر مبنی نہیں چنانچہ یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر کبیر، تفسیر روح المعانی روح البیان، فزائن العرفان، تفسیر خازن)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْعٰمِلِيْنَ عَلَيْهَا وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوْبُهُمْ وَفِي الرِّقَابِ وَالْغٰرِمِيْنَ وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ؕ فَرِيْضَةً مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۶۰﴾ (پارہ:10 سورۃ التوبہ، آیت نمبر 60)

ترجمہ کنزالایمان: زکوٰۃ تو انہیں لوگوں کے لیے ہے محتاج اور نرے نادار اور جو اسے تحصیل (وصول) کر کے لائیں اور جن کے دلوں کو اسلام سے الفت دی جائے (پیدا کی جائے) اور گردنیں چھڑانے (غلاموں کو آزاد کرنے) میں اور قرضداروں کو اور اللہ کی راہ میں اور مسافر کو، یہ ٹھہرایا (مقرر کیا) ہوا ہے اللہ کا، اور اللہ علم وحکمت والا ہے۔

دستِ مبارک سے تقسیم

امیر اور مالدار صحابہ کرام اپنے اموال کی زکوٰۃ لے کر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے ان کی خواہش یہ ہوتی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے دست مبارک سے یہ زکوٰۃ مستحق میں تقسیم فرمائیں تاکہ

Marfat.com

اللہ عزوجل آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دست مبارک کی برکت سے قبول فرمالے۔ یہ دیکھ کر منافقین یہ اعتراض کرنے لگے کہ حضور یہ زکوۃ کا مال اپنے عزیز واقارب ورشتہ داروں اور گھر والوں کے لئے وصول کرتے ہیں چنانچہ ان منافقین کی تردید میں یہ آیت نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان، تفسیر صاوی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ مِنْهُمُ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ النَّبِيَّ وَ يَقُوْلُوْنَ هُوَ اُذُنٌ ؕ قُلْ اُذُنُ خَيْرٍ لَّكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَ يُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَ رَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ ؕ وَ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ (پارہ:10 سورۃ التوبہ، آیت نمبر 61)

ترجمہ کنزالایمان: اوران میں کوئی وہ ہیں کہ ان غیب کی خبریں دینے والے (نبی) کو ستاتے ہیں اور کہتے ہیں وہ تو کان ہیں (جو بتاؤ یقین کرلیتے ہیں)، تم فرماؤ تمہارے بھلے کے لیے کان ہیں (کہ تمھارے عیب چھپے رہیں) اللہ پر ایمان لاتے ہیں اور مسلمانوں کی بات پر یقین کرتے ہیں اور جو تم میں مسلمان ہیں ان کے واسطے رحمت ہیں، اور جو رسول اللہ کو ایذا دیتے ہیں ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایذاء رسانی

اس آیت کریمہ کی شان نزول چند روایات ہیں بعض منافقین نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں گستاخیاں کررہے تھے کہ اس دوران ان میں سے ایک بولا کہ اگر حضور کو ہماری ان باتوں کی خبر ہوجائے تو ہمارا پول کھل جائے ہماری منافقت کھل کر ظاہر ہوجائیگی تو ان میں سے ایک منافق جلاس ابن سوید بولا کہ بے فکر رہو نہ یہاں کوئی مسلمان موجود ہے جو ان تک خبر پہنچائے اور اگر کسی طرح یہ خبر پہنچ بھی گئی تو ہم جھوٹی قسم کھالینگے کہ ہم نے کچھ نہیں کہنا اور پہلے کی طرح وہ ہماری اس بات کو بھی بغیر تحقیق کئے مان لینگے وہ تو (معاذ اللہ) کچے کانوں کے ہیں جو بھی کہہ دے مان لینگے چنانچہ یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ ایک دوسری روایت کے مطابق مدینہ منورہ کی ایک منافق نبتل ابن حارث جو انتہائی بدشکل تھا سرخ آنکھیں پچکے ہوئے گال الجھے بکھرے بال ابھری ہوئی کنپٹیاں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے جو ابلیس کو دیکھنا چاہے وہ نبتل کو دیکھ لے۔ یہ شخص بارگاہ رسالت میں حاضر رہتا اور ہر بات خوب غور سے سنتا اور پھر تمام باتیں کفار ومنافقین تک پہنچادیتا چنانچہ حسب معمول ایک دن وہ اسی کام میں مشغول تھا تو کسی نے اس سے کہا کہ تیری اس حرکت کی اطلاع نبی

Marfat.com

کریم صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچ گئی تو تیری خیر نہیں اس پر نبتل بولا کہ میں تو جھوٹی قسم کھا کر مکر جاؤں گا اور وہ تو پڑے کان ہیں جو سنیں گے مان لینگے چنانچہ تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔۔

(تفسیر تنویر المقیاس، تفسیر کبیر تفسیر روح البیان، خازن وروح المعانی وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ لِيُرْضُوْكُمْ ۚ وَاللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗۤ اَحَقُّ اَنْ يُّرْضُوْهُ اِنْ كَانُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿۶۲﴾ اَلَمْ يَعْلَمُوْۤا اَنَّهٗ مَنْ يُّحَادِدِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاَنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدًا فِيْهَا ؕ ذٰلِكَ الْخِزْيُ الْعَظِيْمُ ﴿۶۳﴾ (پارہ:10 سورۃ التوبہ، آیت نمبر 62-63)

ترجمہ کنزالایمان: تمہارے سامنے اللہ کی (جھوٹی) قسم کھاتے ہیں کہ (ہم نے کچھ نہیں کیا تا کہ) تمہیں راضی کرلیں اور اللہ ورسول کا حق زائد تھا کہ (اخلاص واطاعت سے) اسے راضی کرتے اگر ایمان رکھتے تھے، کیا انہیں خبر نہیں کہ جو خلاف کرے اللہ اور اس کے رسول کا تو اس کے لیے جہنم کی آگ ہے کہ ہمیشہ اس میں رہے گا، یہی بڑی رسوائی ہے۔

منافقین کی جھوٹی قسمیں

ایک مرتبہ بعض منافق بیٹھے شان رسالت میں گستاخیاں کر رہے تھے ان میں سے ایک بولا اگر محمد سچے ہیں تو ہم گدھے سے بدتر ہیں۔ وہاں اتفاقاً ایک انصاری بچہ عامر ابن قیس بھی موجود تھا اس نے کہا خدا کی قسم محمد صلی اللہ علیہ وسلم سچے ہیں اور تم واقعی گدھے سے بھی بدتر ہو پھر وہ بچہ بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر ہوا اور تمام احوال کہہ سنایا چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان منافقین کو بلوا کر تصدیق کے لئے دریافت فرمایا تو وہ سب چھوٹی قسمیں کھانے لگے کہ ہم نے ایسا کچھ نہیں کہا تو اس پر حضرت عامر نے دعا کی کہ یا اللہ سچے کو سچا اور جھوٹے کو جھوٹا ثابت کردے چنانچہ یہ آیت کریمہ نازل ہوئی اور منافقین کی تردید اور حضرت عامر کی تصدیق فرمائی گئی۔ ایک دوسری روایت کے مطابق اکثر منافقین نے غزوہ تبوک کے موقعہ پر جھوٹے بہانے بنائے اور غزوہ میں شریک نہ ہوئے جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مع اصحاب کے واپس مدینہ منورہ تشریف لائے تو یہ منافقین حاضر بارگاہ ہو کر جھوٹی قسمیں کھانے لگے کہ ہم واقعی سخت مجبور معذور تھے اسلئے ہم غزوہ میں نہ جاسکے چنانچہ تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

يَحْذَرُ الْمُنٰفِقُوْنَ اَنْ تُنَزَّلَ عَلَيْهِمْ سُوْرَةٌ تُنَبِّئُهُمْ بِمَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ ؕ قُلِ اسْتَهْزِءُوْا ۚ اِنَّ اللّٰهَ مُخْرِجٌ مَّا تَحْذَرُوْنَ ﴿۶۴﴾ (پارہ:10 سورۃ التوبہ، آیت نمبر 64)

ترجمہ کنزالایمان: منافق ڈرتے ہیں کہ ان پر کوئی سورۃ ایسی اترے جو ان کے دلوں کی چھپی (منافقت) جتادے (ظاہر کردے) تم فرماؤ (ابھی) ہنسے جاؤ (عنقریب) اللہ کو ضرور ظاہر کرنا ہے جس کا تمہیں ڈر ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سب کو پہچانتے ہیں

اس آیت کریمہ کے شان نزول کے متعلق چند روایات ہیں ایک مرتبہ بارہ منافقین نے مل کر مسلمانوں کے خلاف کوئی خفیہ سازش تیار کی جبریل علیہ سلام نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اسکی خبر پہنچادی چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مجلس میں جسمیں یہ بارہ منافقین بھی موجود تھے اعلان فرمایا کہ لوگوں نے مسلمانوں کے خلاف خفیہ سازش تیار کی ہے وہ سب یہاں موجود ہیں لہٰذا وہ کھڑے ہوجائیں اور توبہ کریں میں بھی اللہ عزوجل کی بارگاہ میں انکی بخشش کے لئے دعا کرونگا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کئی بار یہ ارشاد فرمایا مگر ان منافقین میں سے کوئی کھڑا نہ ہوا چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا نام لے کر پکارا کہ اے فلاں اٹھ تب یہ لوگ مجبوراً اٹھے اور اپنی اس حرکت پر معافیاں مانگنے لگے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا میں نے تمہارے لیے بہت انتظار کیا کہ تم اٹھ کر توبہ کرو تو میں رب کی بارگاہ میں تمہاری شفاعت کروں مگر تم نہ اٹھے اب وقت گزر چکا رب تم یہاں سے چلے جاؤ وہ سب باہر نکال دیئے گئے تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی ایک دوسری روایت کے مطابق غزوہ تبوک سے واپس روانہ ہوئے وقت بارہ منافقین کسی پہاڑ کی گھاٹی میں چھپ کر اس برے ارادے سے بیٹھ گئے کہ جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم یہاں سے گزریں گے تو ہم رات کے اندھیرے میں ان پر حملہ کردینگے۔ مگر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلے حضرت عمار رضی اللہ عنہ کو بھیجا کہ جو لوگ وہاں چھپ کر بیٹھے ہیں انھیں وہاں سے ہٹادو چنانچہ آپ رضی اللہ عنہ وہاں پہنچے اور انہیں وہاں سے ہٹادیا پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم وہاں سے گزر گئے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمار رضی اللہ عنہ سے دریافت فرمایا کہ کیا تم ان لوگوں کو پہنچانتے ہو تو حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں رات تاریکی میں انہیں پہچان نہ سکا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا کہ میں ان کو نام تک سے جانتا ہوں تو حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر انہیں قتل کیوں نہ کرادیا جائے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرما

Marfat.com

پھر سب جگہ مشہور ہوجائیگا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ساتھیوں کو قتل کروادیا اور اسطرح تبلیغ دین میں رکاوٹ پیدا ہوگی چنانچہ پھر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر کبیر، تفسیر صاوی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ لَيَقُوْلُنَّ اِنَّمَا كُنَّا نَخُوْضُ وَنَلْعَبُ ؕ قُلْ اَبِاللّٰهِ وَاٰيٰتِهٖ وَرَسُوْلِهٖ كُنْتُمْ تَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۶۵﴾ لَا تَعْتَذِرُوْا قَدْ كَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ ؕ اِنْ نَّعْفُ عَنْ طَآئِفَةٍ مِّنْكُمْ نُعَذِّبْ طَآئِفَةً ۢ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿۶۶﴾

(پارہ:10 سورۃ التوبہ، آیت نمبر 65-66)

ترجمہ کنزالایمان: اور اے محبوب اگر تم ان سے (مسلمانوں پر طعنہ زنی کا) پوچھو تو کہیں گے کہ ہم تو یونہی ہنسی کھیل میں (دل لگی کرتے) تھے تم فرماؤ کیا اللہ اور اس کی آیتوں اور اس کے رسول سے ہنستے (دل لگی کرتے) ہو، بہانے نہ بناؤ تم کافر ہو چکے مسلمان ہو کر اگر ہم تم میں سے کسی کو (اسکی توبہ کہ سبب) معاف کریں تو اوروں کو عذاب دیں گے اس لیے کہ وہ مجرم تھے۔

منافقین کی زبان درازی

جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مع اصحاب غزوہ تبوک کی طرف روانہ ہونے لگے تو منافقین آپس میں چہ مہ گوئیاں کرنے لگے کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) تو ملک فارس وروم کو حاصل کرنے کے خواب دیکھ رہے ہیں پھلا کہاں یہ اور کہاں وہ عظیم الشان سلطنتیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام سے فرمایا ان باتیں کرنے والوں کو ہمارے پاس لاؤ چنانچہ حاضر خدمت کردیئے گئے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے دریافت فرمایا کہ تم یہ یہ باتیں کررہے تھے تو وہ منافقین صاف مکر گئے اور کہنے لگے کہ ہم تو راستہ طے کرنے کے لئے آپس میں بطور شغل باتیں کرتے جارہے تھے ہم نے خاص جان کر کوئی طعن نہیں کیا اس پر یہ آیات کریمہ نازل ہوئیں۔ (تفسیر خازن، تفسیر روح المعانی، تفسیر روح البیان وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ مَا قَالُوْا ؕ وَلَقَدْ قَالُوْا كَلِمَةَ الْكُفْرِ وَكَفَرُوْا بَعْدَ اِسْلَامِهِمْ

(پارہ:10 سورۃ التوبہ، آیت نمبر 74)

Marfat.com

ترجمہ کنزالایمان: اللہ کی قسم کھاتے ہیں کہ انہوں نے نہ کہا اور بیشک ضرور انہوں نے کفر کی بات کہی اور اسلام میں آ کر کافر ہو گئے۔

گستاخانہ بک بک

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم غزوہ تبوک میں مع اپنے اصحاب دو ماہ تشریف فرما رہے اس دوران آپ صلی اللہ علیہ وسلم پیچھے رہ جانے والے تبوک میں شرکت نہ کرنے والے منافقین کے برے انجام کا تذکرہ فرماتے اس وہاں موجود منافق جلاس بن سوید نے کہا کہ پیچھے رہ جانے والے بھی ہمارے بھائی ہیں ہمارے سردار ہمارے بڑے ہیں ہم شرف والے عزت والے ہیں اگر جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کہتے ہیں سچ کہتے ہیں تو پھر ہم گدھے سے بدتر ہیں وہاں موجود حضرت عامر ابن قیس انصاری نے اسے جواب دیا کہ اللہ کی قسم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تو بالکل سچ کہتے ہیں اور تم واقعی گدھے سے بدتر ہو پھر یہ واقعہ عامر بن قیس نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا تو جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جلاسی کو طلب فرما کر یہ واقعہ پوچھا تو وہ صاف مکر گیا کہ میں نے ایسا کچھ نہیں کہا تب حضرت عامر نے دعا فرمائی یا اللہ میرے نبی سچے ہیں اور جلاس جھوٹا ہے تو سچے اور جھوٹے کو ظاہر فرما دے اس پہ حضرات صحابہ نے آمین کہا تب آیت کریمہ کا یہ جز نازل ہوا۔ ایک دوسری روایت کے مطابق ایک مرتبہ عبداللہ بن ابی منافق نے یہ بکواس کی تھی کہ مدینہ پہنچ کر ہمارے اشراف ہمارے عزت والے ذلیلوں کو نکال باہر کرینگے یہاں عزت والے سے اسکی مراد اپنا قبیلہ تھا اور ذلیلوں سے مراد مسلمان مہاجرین تھے (معاذ اللہ) چنانچہ جب حضرت عمر فاروق رضی اللہ کو جب اس بیہودہ بکواس کا معلوم ہوا تو اسے قتل کر دینے کا ارادہ فرمایا تو وہ جھوٹی قسم کھا گیا کہ میں نے ایسا نہیں کہا پھر حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ نے اسکی اس بیہودہ گوئی کا تذکرہ بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم میں کیا تو وہ منافق وہاں بھی جھوٹی قسم کھانے لگا کہ میں نے ایسا ہرگز نہیں کہا۔ اس پر آیت کریمہ کا یہ جز نازل ہوا۔ ایک اور روایت کے مطابق ایک غزوہ کے موقعہ پر دو قبیلوں جہنیہ اور غفار کے دو آدمی آپس میں جھگڑا ہوا اور دونوں لڑ پڑے غفار جہینی پر غالب آ گیا تو عبداللہ بن ابی منافق نے قبیلہ اوس کے لوگوں کو پکار کر کہا کہ اپنے بھائی کی مدد کرو خدا کی قسم یہ تو ایسا ہی ہے جیسے کوئی اپنے کتے کو کھلا پلا کے موٹا تازہ کرے تا کہ وہ تجھے کھائے (معاذ اللہ) جب اسکی اطلاع نبی کریم کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ہوئی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے دریافت فرمایا تو وہ جھوٹی قسم کھا کر صاف مکر گیا کہ میں نے ایسا نہیں کہا تب آیت کریمہ کا یہ جز نازل ہوا۔ (تفسیر کبیر، تفسیر خازن، وغیرہ)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَهَمُّوْا بِمَا لَمْ يَنَالُوْا ۚ وَمَا نَقَمُوْٓا اِلَّآ اَنْ اَغْنٰىهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ فَاِنْ يَّتُوْبُوْا يَكُ خَيْرًا لَّهُمْ ۚ وَاِنْ يَّتَوَلَّوْا يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ عَذَابًا اَلِيْمًا ۙ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَمَا لَهُمْ فِى الْاَرْضِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ۝

(پارہ:10 سورۃ التوبہ، آیت نمبر 74)

ترجمہ کنزالایمان: اور وہ (مکروفریب) چاہا تھا جو انہیں نہ ملا (کامیاب نہ ہوا) اور انہیں کیا برا لگا یہی نہ کہ اللہ ورسول نے انہیں اپنے فضل سے غنی کر دیا تو اگر وہ توبہ کریں تو ان کا بھلا ہے، اور اگر (اسلام سے) منہ پھیریں تو اللہ انہیں سخت عذاب کرے گا دنیا اور آخرت میں، اور زمین میں کوئی نہ ان کا حمایتی ہوگا اور نہ مددگار۔

منافقین کی ناپاک سازشیں

جلاس بن سعید نے جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں بدگوئی کی اور عامر بن قیس انصاری نے اسے سخت لتاڑا تو جلاس نے چاہا کہ عامر بن قیس کو قتل کر دے تاکہ وہ اسکی بدگوئی کی خبر حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کو نہ پہنچا دیں مگر وہ پھر بھی کامیاب نہ ہوسکا اور عامر بن قیس رضی اللہ عنہ سے یہ خبر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچی دی چنانچہ اسکے متعلق آیت کریمہ کا یہ جز نازل ہوا۔ ایک روایت کے مطابق ایک غزوہ میں منافقین نے آپس میں کہا کہ مدینہ منورہ پہنچ کر ہم عبداللہ بن ابی کو اپنا سردار بنالینگے کہ وہ ہماری سرداری کے لائق ہے مگر وہ ایسا نہ کرسکے چنانچہ آیت کا یہ جز نازل ہوا۔ ایک اور روایت کے مطابق غزوہ تبوک سے واپسی پر منافقین نے یہ سازش تیار کی کہ راستے میں رات کے وقت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو شہید کر دینگے تاکہ کسی کو پتہ نہ چلے مگر اللہ تعالیٰ نے انکی اس ناپاک سازش کامیاب نہ ہونے دیا چنانچہ اس موقعہ پر آیت کا یہ جز نازل ہوا۔

(تفسیر خازن، تفسیر کبیر وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَمِنْهُمْ مَّنْ عٰهَدَ اللّٰهَ لَئِنْ اٰتٰىنَا مِنْ فَضْلِهٖ لَنَصَّدَّقَنَّ وَلَنَكُوْنَنَّ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ فَلَمَّآ اٰتٰىهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ بَخِلُوْا بِهٖ وَتَوَلَّوْا وَّهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ۝

(پارہ:10 سورۃ التوبہ، آیت نمبر 75-76)

Marfat.com

ترجمہ کنزالایمان: اوران میں کوئی وہ ہیں جنہوں نے اللہ سے عہد کیا تھا کہ اگر ہمیں اپنے فضل سے دے گا تو ہم ضرور خیرات کریں گے اور ہم ضرور بھلے (نیک) آدمی ہو جائیں گے تو جب اللہ نے انہیں اپنے فضل سے دیا اس میں بخل کرنے لگے اور (اطاعت سے) منہ پھیر کر پلٹ گئے۔

مال کی نحوست

اس زمانہ پاک میں ایک شخص تھا ثعلبہ ابن حاطب ابن ابی بلتعہ (تفسیر خازن) مگر وہ بدری صحابی نہیں وہ تو غزوہ احد میں شہید ہو گئے تھے (روح المعانی) یہ انصاری ہے (روح البیان) یہ شخص بہت نمازی دن رات مسجد نبوی شریف میں حاضر رہتا حتی کہ اس کا لقب حمامۃ المسجد ہو گیا تھا۔ یعنی مسجد کا کبوتر زیادہ سجدوں کی وجہ سے اس کی پیشانی اونٹ کے گھٹنے کی طرح ہو گئی تھی۔ پھر اس نے نماز فجر کے بعد فوراً مسجد سے نکل جانا شروع کر دیا بغیر دعا مانگے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس جلدی کی وجہ پوچھی اور فرمایا مسجد سے جلد بھاگنے کی کوشش کرنا طریقہ منافقین ہے وہ بولا کہ میری غریبی مسکینی کا یہ حال ہے اور خاوند بیوی کے درمیان صرف ایک کپڑا ہے پہلے میں اسے پہن کر نماز پڑھ لیتا ہوں پھر یہ ہی کپڑا بیوی کو دیتا ہوں تو وہ نماز پڑھ لیتی ہے حضور دعا فرمادیں میں امیر ہو جاؤں حضور نے فرمایا جس تھوڑے مال کا شکریہ ادا ہو وہ اس زیادہ مال سے بہتر ہے جس کا شکریہ ادا نہ ہو اس نے پھر اسی دعا کی درخواست کی۔ فرمایا تو مجھے دیکھ اگر میں چاہوں تو میرے ساتھ سونے کے پہاڑ چلیں مگر دیکھ میں کیسے گذارہ کرتا ہوں اس نے تیسری بار اس دعا کی درخواست کی اور بولا اس ذات کی قسم جس نے آپ کو نبی بنایا۔ اگر آپ کی دعا سے مجھے مال کثیر مل گیا تو میں اس سے ہر حق دار کا حق ادا کروں گا۔ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی: اللھم ارزق ر ثعلبہ مالاً۔ الٰہی ثعلبہ کو بہت مال دے۔ چنانچہ اس کو ایک بکری ملی یا حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے عطا کی۔ واللہ اعلم اس کے کیڑے مکوڑوں کی طرح اتنے بچے ہوئے کہ مدینہ منورہ کی گلیاں اسے تنگ ہو گئیں۔ اس نے جنگل میں مال رکھنا اور وہاں رہنا شروع کر دیا اب صرف ظہر و عصر کی جماعت میں حاضری رہ گئی پھر وہ جنگل بھی ناکافی ہوا تو دور جنگل میں چلا گیا اب صرف جمعہ کی حاضری رہ گئی۔ پھر اور مال زیادہ ہوا آخر کار زکوٰۃ کا وقت آیا تو حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے دو شخصوں کو جانوروں کو زکوٰۃ وصول کرنے بھیجا۔ مگر بار بار فرماتے تھے ثعلبہ پر افسوس ان دونوں صاحبوں کو زکوٰۃ کے احکام لکھ دیئے۔ یہ دونوں حضرات لوگوں سے زکوٰۃ وصول کرتے ہوئے ثعلبہ کے پاس پہنچے۔ ثعلبہ نے حضور انور کا فرمان نامہ پڑھا تیوڑی چڑھا کر بولا یہ تو جزیہ (کفر کا ٹیکس) ہے جاؤ واپسی میں آنا۔ یہ حضرات واپسی میں اس کے پاس

Marfat.com

گئے وہ پھر یہ ہی بولا کہ یہ تو جزیہ ہے۔اچھا میں سوچ لوں پھر دوں گا۔جب یہ حضرات واپس حضور انور کی خدمت میں پہنچے تو ان کو دیکھتے ہی حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا افسوس ثعلبہ پر پھر ان صاحبوں نے وہ واقعہ عرض کیا تب یہ آیت کریمہ ثعلبہ کے متعلق نازل ہوئی۔بعض لوگوں نے ثعلبہ سے کہا کہ تیری خیر نہیں تیرے متعلق آیات قرآنیہ نازل ہوئی ہیں تب وہ زکوٰۃ لے کر بطور منافقت صرف بدنامی سے بچنے کے لئے حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آیا حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے رب تعالیٰ نے تیری زکوٰۃ قبول کرنے کا منع کر دیا ہے جس پر وہ لوگوں کو دکھانے کے لیے سر پر خاک ڈالنے اور واویلا پکارنے لگا ۔پھر حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات ہوگئی۔وہ صدیق اکبر کے پاس زکوٰۃ لایا۔انہوں نے بھی رد کر دی۔پھر خلافت فاروقی میں حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس لایا۔وہاں سے بھی رد ہوگئی پھر خلافت عثمانیہ میں حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے پاس لایا آپ نے فرمایا کہ جو زکوٰۃ بارگاہ رسالت سے ٹھکرا دی گئی۔ حضرات شیخین کے دروازوں سے رد کر دی گئی۔میں وہ وصول نہیں کر سکتا آخر کار وہ خلافت عثمانیہ میں کافر ہو کر مرا۔(تفسیر روح البیان، معانی۔کبیر۔خازن، بیضاوی، مدارک خزائن العرفان وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فَاَعْقَبَهُمْ نِفَاقًا فِیْ قُلُوْبِهِمْ اِلٰى یَوْمِ یَلْقَوْنَهٗ بِمَاۤ اَخْلَفُوا اللّٰهَ مَا وَعَدُوْهُ وَ بِمَا كَانُوْا یَكْذِبُوْنَ ۝۷۷ اَلَمْ یَعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ یَعْلَمُ سِرَّهُمْ وَ نَجْوٰىهُمْ وَ اَنَّ اللّٰهَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ ۝۷۸ (پارہ:10 سورۃ التوبہ، آیت نمبر 77-78)

ترجمہ کنزالایمان: تو اس کے پیچھے اللہ نے ان کے دلوں میں نفاق (منافقت کو) رکھ دیا اس دن (وقتِ موت) تک کہ اس سے ملیں گے بدلہ اس کا کہ انہوں نے اللہ سے وعدہ جھوٹا کیا اور بدلہ اس کا کہ جھوٹ بولتے تھے کیا انہیں خبر نہیں کہ اللہ ان کے دل کی چھپی اور ان کی سرگوشی کو جانتا ہے اور یہ کہ اللہ سب غیبوں کا بہت جاننے والا ہے۔

منافقت پر قائم

ثعلبہ کا واقعہ پیچھے آیات کے شان نزول میں گزرا کہ جب وہ بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم میں زکوٰۃ لے کر حاضر ہوا بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ زکوٰۃ رد فرما دی اور ارشاد فرمایا کہ رب تعالیٰ نے تیری زکوٰۃ قبول کرنے سے منع فرما دیا ہے چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی تائید میں یہ آیات کریمہ نازل ہوئی کہ

Marfat.com

اخلاص اسکے مقدر میں نہیں رب مرتے دم تک منافقت پر قائم رہیگا۔ (تفسیر نعیمی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلَّذِیْنَ یَلْمِزُوْنَ الْمُطَّوِّعِیْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ فِی الصَّدَقٰتِ وَ الَّذِیْنَ لَا یَجِدُوْنَ اِلَّا جُهْدَهُمْ فَیَسْخَرُوْنَ مِنْهُمْ ؕ سَخِرَ اللّٰهُ مِنْهُمْ وَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ﴿۷۹﴾ (پارہ:10 سورۃ التوبہ، آیت نمبر 79)

ترجمہ کنزالایمان: اور جو عیب لگاتے ہیں ان مسلمانوں کو کہ دل سے خیرات کرتے ہیں اور ان کو جو (زیادہ مال) نہیں پاتے مگر (سوائے اس کے کہ) اپنی محنت (مزدوری) سے (کمایا) تو ان سے ہنستے (مذاق اڑاتے) ہیں اللہ ان کی ہنسی کی سزا دے گا، اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔

صدیق رضی اللہ عنہ کے لئے اللہ عزوجل کا رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بس

غزوہ تبوک کے موقع پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرات صحابہ کو چندہ دینے کا حکم دیا تا کہ جہاد پر خرچ ہو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اپنا سارا مال حتیٰ کہ سوئی دھاگا بھی لے کر حاضر ہوئے جس کی قیمت چار ہزر درہم تھی حضرت عمر رضی اللہ عنہ اپنے سارے مال کا آدھا لے کر حاضر ہوئے جب حضرت صدیق رضی اللہ عنہ سے حضور انور نے پوچھا کہ تم نے گھر والوں کے لیے کیا چھوڑا عرض کیا اللہ رسول گھر والوں کے لیے کافی ہے اور جب حضرت عمر سے پوچھا کہ تم نے گھر میں کیا چھوڑا تو عرض کیا اتنا ہی جتنا یہاں حاضر کیا فرمایا تم دونوں میں وہ ہی فرق ہے جو تمہارے کلاموں میں فرق ہے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے دس ہزار غازیوں کو سامان جہاد دیا جس پر دس ہزار دینار خرچ کئے اور ایک ہزار دینار حضور کی خدمت میں حاضر کئے تین اونٹ مع ان کے سامان کے پچاس گھوڑے حضور نے فرمایا اے عثمان جو چاہو کرو تم جنتی ہو چکے حضرت عبدالرحمن ابن عوف چار ہزر درہم لائے اور عرض کیا یارسول اللہ میرے پاس آٹھ ہزار درہم تھے آدھے یہاں لایا آدھے گھر رکھے۔ فرمایا جو لائے اور جو چھوڑ آئے اللہ دونوں میں برکت دے ان کے مال میں اس قدر برکت ہوئی کہ بعض روایات میں سے کہ ان کی چار بیویاں تھیں۔ ان کی وفات کے بعد انہیں آٹھواں حصہ میراث ملی تو ایک بیوی کو اسی ہزار درہم ملے بعض میں ہے کہ ان کا چھوڑا ہوا کل مال تین لاکھ بیس ہزار تھا۔ حضرت عاصم ابن عدی ایک سو وسق کھجوریں لائے مگر حضرت ابو عقیل انصاری جن کا نام شریف حجاب یا سہل ابن رافع ہے۔ وہ ایک

Marfat.com

صاع کھجوریں لائے اور بولے یارسول اللہ آج رات میں نے باغ میں پانی دینے کی مزدوری کی رات بھر کی مزدوری دوصاع کھجوریں ہوئیں ایک صاع میں نے گھر چھوڑ دیں ایک صاع یہاں لایا ہوں حضور انور نے ان کے اس معمولی صدقے کی ایسے قدر فرمائی کہ فرمایا ان کھجوروں کو سارے جمع شدہ مال پر چھڑک دو۔ کہ سب میں شامل ہو جائیں ادھر تو حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی یہ کرم نوازیاں ہو رہی تھیں۔ دوسری طرف منافقین بیٹھے ہوئے ان چندہ دینے والوں پر آوازیں کس رہے تھے۔ زیادہ دینے والوں کے متعلق کہہ رہے تھے کہ یہ ریا کاریاں ہیں۔ انہوں نے اتنا بڑا صدقہ چھپ کر یا متفرق طور پر کیوں نہ کیا حتیٰ کہ ایک منافق نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہا کہ آپ دکھلا دے کے لئے اتنا چندہ لائے تو آپ نے فرمایا کہ ہاں اللہ رسول کو دکھانے کے لئے لایا ہوں۔ دوسروں کو دکھانے کے لئے نہیں اور حضرت ابو عقیل کے متعلق طعنہ دیتے ہوئے بولے کہ ان کے اس معمولی صدقہ کی اللہ رسول کو ضرورت نہیں یہ صرف اپنے کو بڑوں چندہ والوں کے زمرہ میں داخل کرنے کے لیے لائے اس موقعہ پر ان منافقین کی تردید میں یہ آیۃ کریمہ نازل ہوئی جس میں ان بے دینوں پر انتہائی غضب کا اظہار فرمایا گیا (روح البیان خازن کبیر وغیرہ) خیال رہے کہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عثمان سے اس قدر خوش تھے کہ اپنی صاحبزادی رقیہ کا نکاح ان سے کیا جو غزوہ بدر کے بعد وفات پا گئیں تو حضرت ام کلثوم یعنی ان سے چھوٹی بیٹی کا نکاح ان سے کر دیا جب وہ بھی فوت ہو گئیں تو فرمایا اگر میری تیسری بیٹی ہوتی تو وہ بھی عثمان کے نکاح میں دے دیتا اس لیئے آپ کو عثمان ذرالنورین کہا جاتا ہے کسی کے نکاح میں نبی کی دو بیٹیاں نہ آئیں سواء آپ کے۔ (روح البیان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ اَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ؕ اِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِيْنَ مَرَّةً فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۸۰﴾ (پارہ:10 سورۃ التوبہ، آیت نمبر 80)

ترجمہ کنزالایمان: (اے نبی) تم ان کی معافی چاہو یا نہ چاہو، اگر تم (اپنے رحم وکرم کے سبب) ستر بار ان کی معافی چاہو گے تو اللہ ہرگز انھیں نہیں بخشے گا یہ اس لیے کہ وہ اللہ اور اس کے رسول سے منکر ہوئے، اور اللہ فاسقوں (کافروں) کو راہ نہیں دیتا۔

Marfat.com

عبداللہ بن ابی منافق

اس آیت کریمہ کے شان نزول کے متعلق چند روایات ہیں جب صحابہ کرام پر تبرا کرنے والے منافقین کے بارے میں گزشتہ آیات نازل ہوئیں تو وہ منافقین بارگاہ رسالت میں حاضر ہوکر معافیاں مانگنے لگے کہ ہم سے خطا ہوگئی ہمارے لئے بارگاہ الٰہی میں دعائے مغفرت فرمادیں تب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان منافقین کے لئے دعا کرنے کا ارادہ فرمایا تو یہ آیت کریمہ نازل ہوئی ایک دوسری روایت کے مطابق عبداللہ بن ابی منافق کے بیٹے کا نام حباب تھا نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کا بدل کر عبداللہ رکھا اور فرمایا کہ حباب شیطان کا نام ہے۔ عبداللہ نیک اور مخلص مومن تھا۔ منافقین کا یہ وطیرہ تھا کہ بعض اوقات وہ بارگاہ رسالت میں حاضر ہو کہ اپنے لئے دعائے مغفرت کے لئے عرض گزار ہوا کرتے تھے تا کہ انکا نفاق چھپا رہے جب عبداللہ کا باپ عبداللہ بن ابی منافق مرض الموت میں مبتلا ہوا تو اسکے بیٹا عبداللہ بارگاہ رسالت میں عرض کی میرے باپ کے لئے دعائے مغفرت فرمائیں تو کریم نے انکی دلجوئی کی خاطر ابن ابی منافق کے لئے دعائے مغفرت فرمائی تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر روح البیان تفسیر خازن، تفسیر کبیر، تفسیر روح المعانی وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فَاِنْ رَّجَعَكَ اللّٰهُ اِلٰى طَآىِٕفَةٍ مِّنْهُمْ فَاسْتَاْذَنُوْكَ لِلْخُرُوْجِ فَقُلْ لَّنْ تَخْرُجُوْا مَعِیَ اَبَدًا وَّ لَنْ تُقَاتِلُوْا مَعِیَ عَدُوًّا ؕ اِنَّكُمْ رَضِیْتُمْ بِالْقُعُوْدِ اَوَّلَ مَرَّةٍ فَاقْعُدُوْا مَعَ الْخٰلِفِیْنَ ﴿۸۳﴾ (پارہ:10 سورۃ التوبہ، آیت نمبر 83)

ترجمہ کنزالایمان: پھر اے محبوب! اگر اللہ تمہیں ان (منافقین) میں سے کسی گروہ کی طرف واپس لے جائے اور وہ تم سے جہاد کو نکلنے کی اجازت مانگے تو تم فرمانا کہ تم کبھی میرے ساتھ نہ چلو اور ہرگز میرے ساتھ کسی دشمن سے نہ لڑو، تم نے پہلی دفعہ بیٹھ رہنا پسند کیا تو بیٹھ رہو پیچھے رہ جانے والوں کے (عورتوں، بچوں اور بیماروں) ساتھ۔

منافقین کا جھوٹا عذر

اس آیت کے نزول کا مقصد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو غیبی خبر دینا تھا کہ غزوہ سے واپسی پر بہانہ بنا کر رک جانے والے منافقین اپنے نفاق کو چھپا کر آپ سے یہ جھوٹا عذر پیش کرینگے کہ اس دفعہ تو ہم آپکے ساتھ جانے سے محروم رہے مگر اگلی دفعہ تمام جہادوں میں ہم آپکے ساتھ ہونگے تو اے محبوب آپ ان کا یہ عذر ہرگز

Marfat.com

قبول نہ فرمایئے گا اور انہیں بتا دیجیئے گا کہ اب تمہیں کسی جہاد میں شرکت کی اجازت نہیں۔ (تفسیر نعیمی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَلَا تُصَلِّ عَلٰٓى اَحَدٍ مِّنْهُمْ مَّاتَ اَبَدًا وَّلَا تَقُمْ عَلٰى قَبْرِهٖ ؕ اِنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَمَاتُوْا وَهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿۸۴﴾ (پارہ:10 سورۃ التوبہ، آیت نمبر 84)

ترجمہ کنزالایمان: اور ان (منافقین) میں سے کسی کی میت پر کبھی نماز نہ پڑھنا اور نہ اس کی قبر پر کھڑے ہونا، بیشک اللہ اور رسول سے منکر ہوئے اور فسق (کفر) ہی میں مر گئے۔

ایک ہزار منافقین کی سچی توبہ

اس آیت کریمہ کے نزول کے متعلق بخاری شریف وغیرہ میں مختلف روایات ہیں یہ فقیر ایسی جامع تقریر عرض کرتا ہے جس میں بفضلہٖ تعالیٰ تمام روایات جمع ہو گئیں اس جمع میں تفسیر خازن سے مدد لی گئی ہے قبیلہ بنی خزاج کا سردار منافقین کا پیشواء اعظم جس کے اشارہ پر سارے منافقین چلتے تھے یعنی عبداللہ ابن ابی جس کی ماں کا نام سلول تھا (صادی) جب یہ مرض موت میں گرفتار ہوا تو اس نے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے پاس بلایا اور عرض کیا کہ مجھے اپنی قمیض شریف عطا فرما دیں تا کہ میں اس میں کفن دیا جاؤں میری نماز جنازہ حضور انور پڑھائیں میرے لیئے دعاء مغفرت فرما دیں۔ حضور انور نے گھر واپس تشریف لا کر اپنی اوپر والی قمیض بھیج دی اس نے وہ واپس کر دی اور کہا کہ نیچے والی دیجیئے جو جسم شریف سے متصل رہی ہے کچھ وقفہ کے بعد وہ مر گیا اس کا بیٹا جس کا نام بھی عبداللہ تھا جو مخلص مومن صحابی تھے حاضر ہوئے اور قمیض مانگی حضور انور نے جب قمیص شریف عطا فرمانے کا ارادہ فرمایا تو حضرت عمر نے عرض کیا ایسے خبیث کو طاہر و طیب قمیص کیوں عطا فرمائی جائے تو ارشاد فرمایا کہ اے عمر اسے تو قمیص کچھ فائدہ نہ دیگی مگر مجھے امید ہے کہ اس کی برکت سے انشاء اللہ ایک ہزار منافقین ایمان قبول کر لیں گے۔ پھر حضور انور اس کی میت تیار ہو جانے پر اس کی نماز پڑھانے تشریف لے گئے جب مصلے پر تشریف فرما ہوئے تو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پھر عرض کیا کہ یا رسول اللہ یہ تو منافق بلکہ منافقوں کا سردار ہے حضور اس کی نماز کیوں پڑھاتے ہیں۔ فرمایا کہ ابھی تک مجھے میرے رب نے منافقوں کی نماز یا ان کے لیئے دعا سے منع نہیں فرمایا ہے۔ یہ فرمایا ہے کہ ستر بار بھی آپ ان کے لئے دعا مغفرت کریں ہم نہ بخشیں گے۔ اگر میں جانتا کہ ستر بار سے زیادہ دعا کرنے سے اس کی بخشش ہو جائے گی تو دعا کرتا بہر حال حضور نے اس کی نماز پڑھا دی۔ گھر واپس تشریف لائے۔ جب اسے دفن کیا جانے لگا تو

Marfat.com

پھر تشریف لے گئے اس وقت وہ اپنی قبر میں رکھا جا چکا تھا۔ اس کی میت نکلوائی اسے اپنے نیچے والی قمیص پہنائی اور لعاب دہن شریف اس کے منہ میں ڈالا۔ یہ سارے واقعات اسی کے متبع منافقین دیکھ رہے تھے انہوں نے دو باتوں پر غور کیا ایک یہ کہ ایسا دشمن رسول منافق بھی حضور سے آپ کے تبرکات مانگتا ہے معلوم ہوتا ہے کہ حضور کے تبرکات واقعی دافع بلا اور مشکل کشا ہیں دوسرے یہ کہ حضور انور نے ایسے موذی دشمن کو بھی منع نہ فرمایا بلکہ اس کی ساری گذارشات قبول فرمائیں۔ یہ سوچ کر اس دن چھوٹے بڑے ایک ہزار منافقین نفاق سے سچی توبہ کر کے مخلص مسلمان ہو گئے اس کے بعد یہ آیت کریمہ نازل ہوئی جس میں حضور کو ہمیشہ کے لیے منافقین کی نماز جنازہ پڑھنے ان کی قبور پر جانے وغیرہ سے منع فرما دیا گیا۔ (تفسیر کبیر، روح المعانی، روح البیان، بخاری مسلم)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَجَآءَ الْمُعَذِّرُوْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ لِيُؤْذَنَ لَهُمْ وَقَعَدَ الَّذِيْنَ كَذَبُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ سَيُصِيْبُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝۹۰

(پارہ:10 سورۃ التوبہ، آیت نمبر 90)

ترجمہ کنزالایمان: اور بہانے بنانے والے گنوار (دیہاتی) آئے کہ انہیں رخصت (نہ جانے کی اجازت) دی جائے اور بیٹھ رہے (جہاد پر نہ گئے) وہ جنہوں نے اللہ و رسول سے جھوٹ بولا تھا جلد ان میں کے کافروں کو دردناک عذاب پہنچے گا۔

منافقین کے جھوٹے حیلے بہانے

اسکے متعلق مختلف روایات ہیں جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے تبوک کی طرف روانگی کا حکم فرمایا تو عامر بن طفیل اور اسکے ہم قوم حاضر خدمت ہوئے اور جھوٹا عذر پیش کرنے لگے کہ اگر ہم آپکے ساتھ جہاد میں شرکت کے لئے روانہ ہوئے تو اندیشہ ہے کہ بنی طے کے لوگ ہمارے پیچھے ہمارے گھر بار کو لوٹ لیں گے اور بچوں کو قتل کر دینگے اسلئے ہم آپکے ساتھ جانے سے معذور ہیں اس پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا کہ مجھے رب تعالیٰ نے پہلے ہی تمہارے متعلق خبر دے دی ہے مجھے تمہاری کوئی پرواہ نہیں۔ چنانچہ اس آیت کریمہ میں ان کا بیان فرمایا گیا ہے ایک دوسری روایت کے مطابق غزوہ تبوک کی روانگی کے موقعہ پر معذور دیہاتی لوگ تو بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر ہوئے اور جانے سے معذرت کرنے لگے جبکہ وہاں کے منافقین اپنے گھر میں ہی بیٹھے رہے اور بارگاہ رسالت میں حاضر ہو کر معذرت کرنے کی بھی زحمت گوارہ نہ کی

Marfat.com

چنانچہ آیت کے پہلے جز میں پہلے فریق سچے معذوروں دوسرے جز میں گھروں میں بیٹھ رہنے والے منافقین کا تذکرہ ہے۔ (تفسیر روح البیان، تفسیر روح المعانی، تفسیر مدارک تفسیر کبیر تفسیر خازن وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لَيْسَ عَلَى الضُّعَفَآءِ وَلَا عَلَى الْمَرْضٰى وَلَا عَلَى الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ مَا يُنْفِقُوْنَ حَرَجٌ اِذَا نَصَحُوْا لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ؕ مَا عَلَى الْمُحْسِنِيْنَ مِنْ سَبِيْلٍ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۹۱﴾ (پارہ:10 سورۃ التوبہ، آیت نمبر 91)

ترجمہ کنزالایمان: ضعیفوں پر کچھ حرج نہیں (کہ جہاد پر نہ جائیں) اور نہ بیماروں پر اور نہ ان پر جنہیں خرچ کا مقدور (استطاعت) نہ ہو جب کہ اللہ اور رسول کے خیر خواہ رہیں نیکی والوں (خدمتِ دین انجام دینے والے) پر کوئی راہ (گناہ) نہیں اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

معذور کے لئے جہاد میں رخصت

حضرت زید ابن ثابت سے روایت ہے کہ جب سورۃ برات میں جہاد کی آیات نازل ہوئیں جن میں جہاد سے جان بچانے والوں پر عتاب نازل فرمایا گیا تھا میں کیونکہ کاتب وحی تھا اسلئے لکھ رہا تھا کہ اسی دوران ایک نابینا صحابی حاضر بارگاہ صلی اللہ علیہ وسلم ہوئے اور عرض گزار ہوئے یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے بارے میں حکم ارشاد فرمایئے کہ میں تو معذور ہوں تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر روح المعانی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَّلَا عَلَى الَّذِيْنَ اِذَا مَآ اَتَوْكَ لِتَحْمِلَهُمْ قُلْتَ لَآ اَجِدُ مَآ اَحْمِلُكُمْ عَلَيْهِ ۖ تَوَلَّوْا وَّاَعْيُنُهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ حَزَنًا اَلَّا يَجِدُوْا مَا يُنْفِقُوْنَ ﴿۹۲﴾

(پارہ:10 سورۃ التوبہ، آیت نمبر 92)

ترجمہ کنزالایمان: اور نہ ان پر جو تمہارے حضور حاضر ہوں کہ تم انہیں (جہاد کے لیے) سواری عطا فرماؤ تم سے یہ جواب پائیں کہ میرے پاس کوئی چیز نہیں جس پر تمہیں سوار کروں اس پر یوں واپس جائیں کہ ان کی آنکھوں سے آنسو ابلتے ہوں اس غم سے کہ خرچ کا مقدور نہ پایا (مالی استطاعت نہیں)۔

Marfat.com

جذبہ جہاد

اس آیت کریمہ کے شان نزول کے متعلق چند روایات ہیں غزوہ تبوک کے موقعہ پر تین بھائی حاضر بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم ہوئے اور عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں جہاد میں شرکت کا بے حد شوق و جذبہ ہے مگر پہنے کے لئے کچھ نہیں آپ ہمیں پرانے جوتے وموزے ہی عنایت فرمادیں تا کہ ہم انھیں پہن کر پیدل چل کر جہاد میں حاضری کی سعادت حاصل کرلیں تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اس وقت تو کچھ بھی موجود نہیں یہ جواب سن کر تینوں بھائی روتے ہوئے غمگین وافسردہ واپس چلے گئے چنانچہ انکے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئے۔ایک دوسری روایت لے مطابق حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور انکے ساتھی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت بابرکت میں حاضر ہوئے اور جہاد پر جانے کے لئے سواری مانگی اس وقت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا کہ ہمارے پاس سواری نہیں ہے میں تمہیں سواری نہیں دونگا چنانچہ یہ سُن کر یہ اصحاب روتے ہوئے رنجیدہ وملول واپس چل دیئے ایک روایت کے مطابق سات صحابہ کرام بارگاہ رسالت حاضر ہوکر عرض گزار ہوئے یارسول اللہ علیہ وسلم ہم جہاد کی نیت سے چل پڑے ہیں مگر ہمارے پاس سواری اور جوتے یا موزے وغیرہ کچھ نہیں تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے انھیں منع فرمادیا کہ اس وقت کچھ موجود نہیں چنانچہ یہ ساتوں اصحاب روتے ہوئے وپس پلٹے۔(تفسیر کبیر وخازن۔روح البیان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّمَا السَّبِیۡلُ عَلَی الَّذِیۡنَ یَسۡتَاۡذِنُوۡنَکَ وَ ہُمۡ اَغۡنِیَآءُ ۚ رَضُوۡا بِاَنۡ یَّکُوۡنُوۡا مَعَ الۡخَوَالِفِ ۙ وَ طَبَعَ اللّٰہُ عَلٰی قُلُوۡبِہِمۡ فَہُمۡ لَا یَعۡلَمُوۡنَ ﴿۹۳﴾

(پارہ:10 سورۃ التوبہ،آیت نمبر 93)

ترجمہ کنزالایمان: مؤاخذہ تو ان سے ہے (انکی پکڑ ہے) جو تم سے رخصت (جہاد پر نہ جانے کی اجازت) مانگتے ہیں اور وہ دولت مند ہیں انہیں پسند آیا کہ عورتوں کے ساتھ پیچھے بیٹھ رہیں (جہاد پر نہ جائیں) اور اللہ نے ان کے دلوں پر (کفر کی) مہر کردیتو وہ کچھ نہیں جانتے (انجام سے بے خبر)۔

عبداللہ بن ابی منافق اور اس کے ستر (70) ساتھی

یہ آیت کریمہ عبداللہ ابن ابی منافق اور اسکے ستر ساتھیوں کے متعلق نازل ہوئی جو غزوات میں جانے

Marfat.com

سے کتراتے تھے اور عموماً پیچھے رہ جایا کرتے تھے اسی طرح غزوہ تبوک کے موقعہ پر بھی وہ وانستہ پیچھے رہ گئے اور اپنی اس حرکت پر بڑے پھولے نہیں سمار ہے تھے اور اسے اپنا بڑا کمال جان رہے تھے چنانچہ انکے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تنویر المقیاس)

Marfat.com

گیارہواں پارہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ اِذَا انْقَلَبْتُمْ اِلَيْهِمْ لِتُعْرِضُوْا عَنْهُمْ ؕ فَاَعْرِضُوْا عَنْهُمْ ؕ اِنَّهُمْ رِجْسٌ وَّ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۹۵﴾ يَحْلِفُوْنَ لَكُمْ لِتَرْضَوْا عَنْهُمْ ۚ فَاِنْ تَرْضَوْا عَنْهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَرْضٰى عَنِ الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۹۶﴾ (پارہ:11 سورۃ التوبہ، آیت نمبر 95-96)

ترجمہ کنزالایمان: اب تمہارے آگے (سامنے) اللہ کی (جھوٹی) قسمیں کھائیں گے جب تم ان کی طرف (تبوک سے) پلٹ کر جاؤ گے اس لیے کہ تم ان کے خیال میں نہ پڑو (انھیں کچھ نہ کہو) تو ہاں تم (اپنے عقائد واعمال میں) ان کا خیال چھوڑو (انکے حال پر چھوڑ دو) وہ تو نرے پلید (گندے) ہیں اور ان کا ٹھکانا جہنم ہے بدلہ اس کا جو کماتے (کفر و گناہ کرتے) تھے تمہارے آگے قسمیں کھاتے ہیں کہ تم ان سے راضی ہو جاؤ (ان کا عذر قبول کر لو) تو اگر تم ان سے راضی ہو جاؤ تو بیشک اللہ تو فاسق (دھوکے باز) لوگوں سے راضی نہ ہوگا۔

منافقین کی جھوٹی عذر تراشیاں

یہ آیت کریمہ جد ابن قیس اور اسکے ساتھیوں کے بارے میں نازل ہوئی جو جہاد میں جھوٹے عذر کر کے جانے سے رہ گئے چنانچہ ان کے بارے میں اس آیت کریمہ میں غیبی خبری دی گئی کہ آپکے غزوہ سے واپس آنے کے بعد یہ لوگ اپنے نہ جانے کے جھوٹی قسمیں اور بہانے تراشیں گے ایک روایت کے مطابق یہ آیت کریمہ عبداللہ بن ابی منافق کے متعلق نازل ہوئی کہ غزوہ سے واپسی پر یہ آپکی خدمت میں حاضر ہو کر جھوٹے وعدے کرے گا کہ میں آئندہ ہر جہاد میں حاضر ہوا کرونگا۔ چنانچہ اس غیبی خبر کے مطابق ہی ہوا۔

(تفسیر خازن، روح المعانی وتفسیر کبیر)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلْاَعْرَابُ اَشَدُّ كُفْرًا وَّنِفَاقًا وَّاَجْدَرُ اَلَّا يَعْلَمُوْا حُدُوْدَ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۹۷﴾ وَمِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ يَّتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ مَغْرَمًا وَّيَتَرَبَّصُ بِكُمُ الدَّوَآئِرَ ؕ عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ السَّوْءِ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۹۸﴾

(پارہ:11 سورۃ التوبہ، آیت نمبر 97-98)

ترجمہ کنزالایمان: گنوار (دیہاتی) کفر اور نفاق میں (نصیحت نہ سننے کے سبب) زیادہ سخت ہیں اور اسی قابل ہیں کہ اللہ نے جو حکم اپنے رسول پر اتارے اس سے جاہل رہیں، اور اللہ علم وحکمت والا ہے، اور کچھ گنوار (دیہاتی) وہ ہیں کہ جو اللہ کی راہ (زکوٰۃ وجہاد وغیرہ) میں خرچ کریں تو اسے تاوان (ٹیکس) سمجھیں اور تم پر گردشیں آنے (تمہارے مغلوب ہونے) کے انتظار میں رہیں انہیں پر ہے بری گردش اور اللہ سنتا جانتا ہے۔

منافقین کے عیوب کا پردہ چاک

مدینہ منورہ کے اردگرد اسد غطفان و بنی تمیم کے قبائل آباد تھے ان میں منافقین بھی تھے چنانچہ ان کے اندر جو عیوب موجود تھے ان ہی عیوب کا ذکر ان آیات کریمہ میں بیان ہوئیں یہ آیات کریمہ ان ہی منافقین کے بارے میں نازل ہوئیں۔ (تفسیر خازن)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَمِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ يُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَيَتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ قُرُبٰتٍ عِنْدَ اللّٰهِ وَصَلَوٰتِ الرَّسُوْلِ ؕ اَلَآ اِنَّهَا قُرْبَةٌ لَّهُمْ ؕ سَيُدْخِلُهُمُ اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۹۹﴾ ع (پارہ:11 سورۃ التوبہ، آیت نمبر 99)

ترجمہ کنزالایمان: اور کچھ گاؤں والے وہ ہیں جو اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتے ہیں اور جو خرچ کریں اسے اللہ کی نزدیکیوں (قرب پانے) اور رسول سے دعائیں لینے کا ذریعہ سمجھیں ہاں ہاں وہ ان کے لیے باعث قرب ہے اللہ جلد انہیں اپنی رحمت (جنت) میں داخل کرے گا، بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

Marfat.com

دیہاتی قبائل کی تعریف

یہ آیت کریمہ دیہاتی قبائل کے متعلق نازل ہوئی نبی کریم صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم نے ان کیلئے ارشاد فرمایا کہ قریش انصار جہینہ، مزینہ اسلم، اشجع، غفار آپس میں ایک دوسرے کے دوست ہیں انکا اللہ اور اسکے رسول صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم کے سوا کوئی دوست نہیں۔ (تفسیر خازن وتفسیر نعیمی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ اٰخَرُوْنَ اعْتَرَفُوْا بِذُنُوْبِهِمْ خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا وَّ اٰخَرَ سَیِّئًا ؕ عَسَى اللّٰهُ اَنْ یَّتُوْبَ عَلَیْهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۱۰۲﴾ (پارہ:11 سورۃ التوبہ، آیت نمبر 102)

ترجمہ کنزالایمان: اور کچھ اور ہیں جو اپنے گناہوں کے مقر (اقراری اور نادم) ہوئے اور ملا یا ایک کام اچھا (گزشتہ غزوات میں جانا) اور دوسرا برا (غزوہ تبوک سے رہ جانا) قریب ہے کہ اللہ ان کی توبہ قبول کرے، بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

جہاد سے محرومی پر ندامت

غزوہ تبوک کی روانگی کے موقعہ پر دس صحابہ کرام ایسے بھی تھے جو محض سستی کی بنا پر جہاد میں شریک نہ ہو سکے تھے جن میں حضرت ابولبابہ رضی اللہ عنہ اور دیگر صحابہ شامل تھے جب نبی کریم صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم مدینہ منورہ واپس تشریف لے آئے تو حضرت ابولبابہ اور انکے چھ ساتھیوں نے ندامت سے اپنے آپ کو مسجد نبوی کے ستونوں سے بندھوا دیا ہم سے سخت قصور ہو گیا ہے ہم خود کو معاف نہ کرینگے اور نہ ہی خود کو کھولینگے جب تک کہ ہمارے آقا و مولیٰ صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم خود اپنے دست مبارک سے ہمیں نہ کھولیں۔ چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم مسجد نبوی تشریف لائے تو انھیں زنجیروں سے بندھا ہوا پایا آپ صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم نے دریافت فرمایا تو لوگوں نے تمام واقعہ عرض کر دیا تو آپ صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا خدا کی قسم میں انھیں اس وقت تک نہ کھولونگا جب تک رب تعالیٰ کی طرف سے حکم نہ آئے، لہٰذا یہ حضرات بارہ دن تک خود کو زنجیروں سے جکڑے رہے نماز اور استنجاء کیلئے انکے بچے انھیں کھولتے فراغت کے بعد پھر یہ خود کو بندھوا لیتے تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی اور نبی کریم صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم نے انھیں کھول دیا۔

(تفسیر صاوی، روح المعانی، تفسیر روح البیان، مدارک تفسیر جلالین وغیرہ)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيْهِمْ بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۰۳﴾ (پارہ:11 سورۃ التوبہ، آیت نمبر 103)

ترجمہ کنزالایمان: اے محبوب! ان کے مال میں سے زکوٰۃ تحصیل (وصول) کرو جس سے تم انھیں (گناہوں سے) ستھرا اور پاکیزہ کردو اور ان کے حق میں دعائے خیر کرو بیشک تمہاری دعا ان کے دلوں کا چین (اطمینان) ہے، اور اللہ سنتا جانتا ہے۔

خطا کا کفارہ

جب اللہ عزوجل کے حکم سے نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم ان حضرات صحابہ کو کھول دیا تو یہ حضرات اپنے گھر گئے اور گھر سے اپنا سارا مال لاکر حاضر خدمت کردیا اور عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم جس مال کی محبت نے ہمیں غزوہ میں شرکت سے محروم رکھا ہم اب اس مال کو اپنے پاس نہیں رکھنا چاہتے یہ مال ہماری اس خطا کا کفارہ ہے لہٰذا آپ اپنے دست مبارک یہ تمام مال فقراء میں تقسیم فرمادیں اور بارگاہ الٰہی میں اس کفارے کی قبولیت کی دعا بھی فرمادیں تو نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا کہ میں اس مال کو وصول نہیں کرسکتا کیونکہ میرے رب نے اسکا حکم مجھے نہیں فرمایا تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی جسمیں کچھ مال وصول فرمانے کا حکم فرمایا۔ (تفسیر صاوی، روح المعانی، روح البیان، مدارک جلالین)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ هُوَ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ وَيَاْخُذُ الصَّدَقٰتِ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۰۴﴾ وَقُلِ اعْمَلُوْا فَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ وَسَتُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ (پارہ:11 سورۃ التوبہ، آیت نمبر 104-105)

ترجمہ کنزالایمان: کیا انہیں خبر نہیں کہ اللہ ہی اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا اور صدقے خود اپنی دست قدرت (رحمت) میں لیتا ہے (اور انھیں بڑھاتا ہے) اور یہ کہ اللہ ہی توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے اور تم فرماؤ (جو بھی نیک و بد) کام کرو اب تمہارے کام دیکھے گا اللہ اور اس کے رسول اور مسلمان، اور جلد اس کی طرف پلٹو گے جو چھپا اور کھلا سب جانتا ہے تو وہ تمہارے کام

Marfat.com

تمہیں جتاوے گا۔

توبہ کی شاندار قبولیت

جب ان حضرات صحابہ کی توبہ قبول ہوئی تو ہر جگہ ان کی توبہ کی قبولیت کی شان وعظمت کے چرچے ہونے لگے تو جن لوگوں نے توبہ میں دیر لگائی تھی وہ کہنے لگے کہ کل تک ان کا کیا حال تھا اور آج انکی شان ہی بدل گئی تب ان کے جواب میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر کبیر، تفسیر مدارک، تفسیر خازن، تفسیر روح المعانی وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ اٰخَرُوْنَ مُرْجَوْنَ لِاَمْرِ اللّٰهِ اِمَّا یُعَذِّبُهُمْ وَ اِمَّا یَتُوْبُ عَلَیْهِمْ ؕ وَ اللّٰهُ عَلِیْمٌ حَكِیْمٌ ﴿۱۰۶﴾ (پارہ:11 سورۃ التوبہ، آیت نمبر 106)

ترجمہ کنزالایمان: اور کچھ (جہاد سے سستی کرنے والے) موقوف رکھے گئے اللہ کے حکم پر (ابھی انکے لیے حکم نہیں آیا)، یا ان پر عذاب کرے یا ان کی توبہ قبول کرے اور اللہ علم و حکمت والا ہے۔

جہاد سے غیر حاضری پر شرمساری

غزوہ تبوک میں دس صحابہ کرام سستی کے سبب جہاد میں شریک نہ ہوئے ان میں سے سات حضرات صحابہ نے تو خود کو ستونوں سے بندھوایا جبکہ تین صحابہ ایسے تھے جنہوں نے خود کو بندھوایا تو نہیں مگر نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر سچ سچ بتادیا کہ ہم سے قصور ہو گیا ہے کہ ہم سستی کے سبب جہاد میں شریک نہ ہوئے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب تک رب تعالیٰ کی طرف سے توبہ کا حکم نازل نہ ہو تب تک توبہ قبول نہ ہوگی۔ چنانچہ ان تینوں حضرات کا مکمل بائیکاٹ کر دیا گیا مسلمانوں نے ان سے سلام کلام لین دین اٹھنا بیٹھنا سب بند کر دیا یہاں تک کہ انکی بیویوں سے صحبت بھی انکے لئے حرام کر دی گئی، یہ بائیکاٹ پچاس دن تک رہا پھر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی اور ان کی توبہ قبول ہوئی۔ (تفسیر بیضاوی، مدارک، خازن، تفسیر کبیر وغیرہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ الَّذِیْنَ اتَّخَذُوْا مَسْجِدًا ضِرَارًا وَّ كُفْرًا وَّ تَفْرِیْقًۢا بَیْنَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَ اِرْصَادًا لِّمَنْ حَارَبَ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ مِنْ قَبْلُ ؕ وَ لَیَحْلِفُنَّ اِنْ اَرَدْنَاۤ اِلَّا الْحُسْنٰى ؕ وَ اللّٰهُ

Marfat.com

يَشْهَدُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۱۰۷﴾ لَا تَقُمْ فِيْهِ اَبَدًا ؕ لَمَسْجِدٌ اُسِّسَ عَلَى التَّقْوٰى مِنْ اَوَّلِ يَوْمٍ اَحَقُّ اَنْ تَقُوْمَ فِيْهِ ؕ فِيْهِ رِجَالٌ يُّحِبُّوْنَ اَنْ يَّتَطَهَّرُوْا ؕ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِيْنَ ﴿۱۰۸﴾ (پارہ:11 سورۃ التوبہ، آیت نمبر 107-108)

ترجمہ کنزالایمان: اور وہ (منافقین) جنہوں نے مسجد (ضرار) بنائی (اسلام کو) نقصان پہنچانے کو اور کفر کے سبب اور مسلمانوں میں تفرقہ ڈالنے کو اور اس کے انتظار میں جو پہلے سے اللہ اور اس کے رسول کا مخالف ہے اور وہ ضرور قسمیں کھائیں گے ہم نے تو بھلائی چاہی، اور اللہ گواہ ہے کہ وہ بیشک جھوٹے ہیں، (اے محبوب) اس مسجد میں تم کبھی کھڑے نہ ہونا، بیشک وہ مسجد (قباء واقعی مسجد ہے) کہ پہلے ہی دن سے جس کی بنیاد پرہیز گاری (کی نیت) پر رکھی گئی ہے وہ اس قابل ہے کہ تم اس میں کھڑے ہو (نماز پڑھو)، اس میں وہ لوگ ہیں کہ (گناہوں سے) خوب ستھرا ہونا چاہتے ہیں اور ستھرے اللہ کو پیارے ہیں۔

مسجد کی آڑ میں اسلام دشمنی

زمانہ جاہلیت میں مدینہ منورہ میں ایک شخص تھا ابو عامر راہب جو عیسائی ہو گیا تھا اور توریت و انجیل کا عالم بن گیا تھا لوگوں میں اس کی بڑی عزت تھی۔ حضرت حنظلہ جن کا لقب غسیل الملائکہ ہے اسی مردود کے فرزند ہیں ۔جب اسلام کا آفتاب مدینہ منورہ میں چمکا تمام لوگ حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قدموں میں گرنے لگے تو ابو عامر راہب کی عزت نہ رہی یہ اس پر جل گیا حضور انور کی خدمت میں آ کر بولا آپ کونسا دین لائے ہیں فرمایا دین حنیف ملت ابراہیم وہ بولا اس ملت پر تو میں ہوں آپ نے تو اپنی طرف سے یہ دین گھڑا ہے فرمایا کہ ہمارا اسلام ہی ملت ابراہیمی ہے پھر دعا کی کہ مولیٰ ہم میں سے جو جھوٹا ہو اسے سفر اور پشیمانی کی موت دے۔ حضور انور نے فرمایا آمین پھر غزوہ احد میں حضور انور سے بولا کہ جو قوم آپ سے جنگ کرے گی اس کے ساتھ آپ کے مدمقابل ہوں گا۔ جب غزوۂ حنین میں حضور انور کے مقابلہ سے حوازن بھاگے تو یہ بھی بھاگا۔ شام پہنچا اور منافقین مدینہ کو یہ پیغام بھیجا کہ تم میرے لئے ایک مسجد اپنے محلہ میں بناؤ جو بظاہر مسجد حقیقت میں میرا قیام گاہ اور حضور انور کے خلاف سازش گاہ ہو وہاں حضور انور کے مقابلہ کے لئے اسلحہ اور جنگی سامان جمع کر دیں قیصر روم سے لشکر لے کر مدینہ پر چڑھائی کروں گا۔ اس وقت تم میری مدد کرنا چنانچہ ان منافقین نے مسجد قبا شریف کے قریب ایک مسجد بنائی جب حضور انور تبوک تشریف لے جا رہے تھے تو منافقین حضور انور کی خدمت میں آئے بولے یا رسول اللہ ہم نے بوڑھوں کمزوروں اور دور والوں کے لئے جو مسجد قبا میں نہ پہنچ سکیں یہ مسجد بنائی ہے نیز

Marfat.com

بارش اور اندھیری راتوں میں ہم بھی اس مسجد میں با آسانی نماز پڑھ لیا کریں گے حضور انور ایک نماز یہاں پڑھ لیں اور دعائے خیر کریں۔ حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ ابھی تو ہم تبوک کی طرف پا بہ رکاب ہیں واپسی پر اگر اللہ نے چاہا تو ہم وہاں نماز پڑھیں گے۔ یہ فرما کر حضور تبوک چلے گئے واپسی پر جب سرکار مقام اوزان پہنچے جو مدینہ منورہ سے قریب ہے تو یہ منافقین پھر حاضر خدمت ہوئے اور وہ ہی درخواست کی۔ تب اس جگہ یہ آیات کریمہ نازل ہوئیں۔ حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس دم حضرت وحشی، مالک ابن وخشم، معن ابن عدی اور عامر ابن سکن کو حکم دیا کہ تم لوگ فوراً اس مسجد کو آگ لگا کر ختم کر دو۔ اور اس کی جگہ روڑھی (گھورا) بنا دو جہاں کوڑا کچرا ڈالا جایا کرے چنانچہ یہ حضرات وہاں گئے اور آن کی آن میں اسے راکھ کا ڈھیر بنا دیا اس مسجد ضرار میں مجمع ابن جاریہ نے کچھ دن غلطی سے امامت کی پھر توبہ کی۔ عہد فاروقی میں بہت مسجدیں بنائی گئیں مگر حکم دیا کہ اس جگہ کبھی مسجد نہ بنے اور مجمع ابن جاریہ کہیں امام نہ بنے۔ کیونکہ انہوں نے اس مسجد میں امامت کی تھی انہوں نے اپنی بے خبری ظاہر کی تب انہیں امامت کی اجازت ملی۔

(تفسیر روح البیان، خازن، روح المعانی، بیضاوی، خزائن العرفان وغیرہ)

ابو عامر راہب ملک شام میں مقام قنسرین میں تنہائی میں ہلاک ہوا یہاں تفسیر روح البیان نے فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ جگہ پھر ثابت ابن ارقم کو عطا فرما دی انہوں نے وہاں گھر بنا کر رہنا شروع کیا تو ان کے اولاد نہ ہوئی ایک دن اس میں کسی ضرورت کے لئے گڑھا کھودا تو اس میں سے دھواں نکلا۔ (تفسیر روح البیان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰى مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْفُسَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ ؕ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيَقْتُلُوْنَ وَيُقْتَلُوْنَ ۟ وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا فِي التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ وَالْقُرْاٰنِ ؕ وَمَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ مِنَ اللّٰهِ فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَيْعِكُمُ الَّذِيْ بَايَعْتُمْ بِهٖ ؕ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۱۱۱﴾ (پارہ:11 سورۃ التوبہ، آیت نمبر 111)

ترجمہ کنزالایمان: بیشک اللہ نے مسلمانوں سے ان کے مال اور جان خرید لیے ہیں اس بدلے پر کہ (راہِ خدا میں جان و مال خرچ کرنے پر) ان کے لیے جنت ہے اللہ کی راہ میں لڑیں تو (کفار کو) ماریں اور (یا کفار کے ہاتھوں) مریں (شہید ہو جائیں) اس (اللہ) کے ذمہ کرم پر سچا وعدہ (جنت کا) توریت اور انجیل اور قرآن میں اور اللہ سے زیادہ قول کا پورا (سچا) کون تو

Marfat.com

خوشیاں مناؤ اپنے سودے (تجارت) کی جو تم نے اس سے کیا ہے (یعنی جان و مال کے بدلے جنت)، اور یہی بڑی کامیابی ہے۔

نفع بخش تجارت

دوسری بیعت عقبہ کے موقعہ پر انصار نے نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے دستِ مبارک پر بیعت کی تو اس وقت حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے خدمت اقدس میں عرض کی ہم آپکی ہر بات مانیں گے تو آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا تمھارے لئے دو باتیں ہیں ایک یہ کہ خاص اپنے رب کے لئے ہی عبادت کرو اور دوسری بات یہ کہ جو چیز تم لوگ اپنے لئے روا نہ رکھو میرے لئے بھی اسے پسند نہ کرو، حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ عرض گزار ہوئے ہم آپکی باتیں مان لینگے تو پھر ہمیں کیا انعام ملے گا تو فرمایا جنت تو صحابہ کرام نے خوش ہو کر فرمایا یہ تو بڑی نفع بخش تجارت ہے یہ سودا کر لیا اب اسے ختم نہیں کرینگے۔

(تفسیر روح المعانی، خزائن العرفان، تفسیر روح البیان، تفسیر خازن)

حکیم الامت مفتی احمد یار خان نعیمی فرماتے ہیں کہ مگر بیعت عقبہ کا واقعہ ہجرت سے پہلے کا ہے نیز اس آیت میں جہاد کا حکم بعد ہجرت آیا بیعت عقبہ کے وقت نہ جہاد کا حکم تھا نہ مجاہدین کا نہ شہدا کا، ہاں یوں کہہ سکتے ہیں کہ اس آیت میں آئندہ جہادوں کا ذکر ہے جبکہ جہاد فرض ہو جائے تو پھر یہ لوگ شوق و جذبہ سے جہاد کریں۔ (تفسیر نعیمی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ اِلَّا عَنْ مَّوْعِدَةٍ وَّعَدَهَآ اِيَّاهُ ۚ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهٗٓ اَنَّهٗ عَدُوٌّ لِّلّٰهِ تَبَرَّاَ مِنْهُ ۭ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَاَوَّاهٌ حَلِيْمٌ ﴿۱۱۴﴾

(پارہ:11 سورۃ التوبہ، آیت نمبر 114)

ترجمہ کنزالایمان: اور ابراہیم کا اپنے باپ (چچا) کی بخشش چاہنا (دعائے مغفرت کرنا) وہ (بلاسبب) تو نہ تھا مگر ایک وعدے کے سبب جو اس سے کر چکا تھا (کیونکہ اسکے ایمان لانے کی امید تھی) پھر جب ابراہیم کو کھل گیا (ظاہر ہو گیا) کہ وہ اللہ کا دشمن ہے اس سے تنکا توڑ دیا (لاتعلق ہو گیا) بیشک ابراہیم بہت آہیں (آہ وزاری) کرنے والا متحمل (بردبار) ہے۔

Marfat.com

کفار کے لئے دعائے مغفرت ممنوع

ان آیات کے نزول کے متعلق چند روایتیں ہیں۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ایک شخص کو سنا جو اپنے فوت شدہ مشرک ماں باپ کے لئے دعائے بخشش کر رہا تھا کہ خدایا انہیں بخش دے۔تو آپ نے فرمایا کہ مشرکوں کے لئے دعائے مغفرت کر رہا ہے وہ بولا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بھی اپنے مشرک باپ (چچا) کے لئے دعائے مغفرت کی تھی آپ نے یہ حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا۔اس پر یہ دونوں آیتیں نازل ہوئیں۔(تفسیر خازن،نسائی،ترمذی،طبری)

بعض صحابہ کرام نے بارگاہ نبوت میں عرض کیا کہ ہمارے بعض باپ دادے اپنی زندگی میں بہت اچھے کام کرتے تھے۔قیدیوں کو چھڑانا،وعدے پورے کرنا،قرابت داروں سے سلوک،لوگوں کو امان دینا وغیرہ مگر وہ مرے شرک پر۔کیا ہم ان کے لئے دعائے مغفرت کریں۔اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔(تفسیر خازن)

ابوطالب کی وفات کے وقت حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کے پاس گئے اور فرمایا چچا اب کلمہ پڑھ لو تا کہ میں تمہاری شفاعت کروں۔وہاں پہلے سے ہی سرداران قریش ابوجہل،عبداللہ ابن ابی اونی وغیرہ بیٹھے ہوئے تھے انہوں نے کہا کہ اے ابوطالب اب مرتے وقت اپنے باپ دادوں کے دین سے پھر جاؤ گے۔دوطرفہ یہ ہوتا رہا کہ حضور انور دعوت اسلام دیتے رہے ابوجہل وغیرہ روکتے رہے ابوطالب نے آخری کلام یہ کیا کہ میں اپنے خاندان کی ملت پر ہوں اور فوت ہو گئے۔حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ میں تمہارے لئے اس وقت تک دعائے مغفرت کرتا رہوں گا جب تک کہ مجھے اس سے منع نہ کیا جائے۔اس پر یہ آیات کریمہ نازل ہوئیں۔

(بخاری،احمد ابن شیبہ،مسلم،نسائی،ابن جریر،ابن منذر،بیہقی،تفسیر روح المعانی،روح البیان،خازن،کبیر وغیرہ)۔

یہاں تفسیر روح المعانی نے فرمایا کہ ابوطالب نے حضور انور کو جواب دیا کہ اگر مجھے قوم کے طعنہ کا اندیشہ نہ ہوتا کہ میرے مرنے کے بعد لوگ کہیں گے کہ موت کے خوف سے بھتیجے پر ایمان لائے۔تو میں ضرور کلمہ پڑھ لیتا اور انہیں خوش کر دیتا۔حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہاں سے تشریف لے گئے حضرت عباس وہاں رہ گئے انہوں نے ابوطالب کے ہونٹ ہلتے دیکھے وہ کلمہ پڑھ رہے تھے کہ ان کی جان نکل گئی۔جناب عباس نے حضور سے عرض کیا یا رسول اللہ ابوطالب نے کلمہ پڑھ لیا۔(روح المعانی)

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی والدہ ماجدہ آمنہ رضی اللہ عنہا کی قبر کی زیارت کی اجازت چاہی جو دے دی گئی اور حضور نے زیارت کی پھر ان کے لئے دعائے مغفرت کی اجازت چاہی اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی جس میں حضور کو اس سے روک دیا گیا اس پر حضور بہت روئے اور صحابہ کرام کو رلایا۔(تفسیر خازن وروح المعانی وغیرہ)

Marfat.com

ایک بار حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ میں اپنے والد کے لئے دعائے بخشش کروں گا جیسے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے باپ (چچا) کے لئے دعائے مغفرت کی تھی اس پر یہ آیات نازل ہوئیں۔ (خازن)

اس کے علاوہ اور بھی روایات ہیں جو پہلی روایات سے قوی ہیں آخری دو ضعیف ہیں۔ خیال رہے کہ حسین ابن فضل نے فرمایا کہ ابو طالب کی وفات ہجرت سے تین سال پہلے ہے یعنی نبوت کے دسویں سال اور سورہ توبہ وفات شریف سے کچھ پہلے ہے یعنی ابو طالب کی وفات تقریباً بارہ برس بعد پھر ان کی وفات پر یہ آیات کیسے نازل ہوسکتی ہے۔ نیز سوال یہ ہے کہ اتنے دراز عرصہ تک حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ابو طالب کے لئے دعائے مغفرت کرتے رہے یا نہیں۔ اگر نہ کرتے رہے تو آیت نازل ہونے کی کیا ضرورت تھی اور اگر کرتے رہے تو اتنے دنوں تک رب تعالیٰ نے ایک ناجائز کام حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کیوں کرنے دیا اور حضرت آمنہ کی وفات تو حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بچپن شریف ہی میں ہوئی اس کے متعلق اس آیت کا نزول بہت ہی عجیب ہے یہ بھی خیال رہے کہ اس بارے میں طبرانی ابن سعد اور ابن شاہین وغیرہ نے جس قدر احادیث کی اسناد میں ایوب ابن ہانی ہے جسے ابن معین نے ضعیف کہا لہذا یہ آیت حضرت آمنہ کے متعلق ہرگز نہیں نہ حضرت عبداللہ سے اس کا کوئی تعلق۔ حضور کے والدین کا ایمان واسلام قرآن مجید سے ثابت ہے۔ ومن زریتنا امة مسلمة اور آگے ہے ربنا وابعث فیهم رسولاً الخ۔ (از تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِلَّ قَوْمًا بَعْدَ اِذْ هَدٰىهُمْ حَتّٰى يُبَيِّنَ لَهُمْ مَّا يَتَّقُوْنَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَىْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۱۱۵﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ يُحْىٖ وَيُمِيْتُ ؕ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِىٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿۱۱۶﴾ (پارہ:11 سورۃ التوبہ، آیت نمبر 115-116)

ترجمہ کنزالایمان: اور اللہ کی شان نہیں کہ کسی قوم کو ہدایت کر کے گمراہ فرمائے جب تک انہیں صاف نہ بتادے کہ کسی چیز سے انہیں بچنا ہے بیشک اللہ سب کچھ جانتا ہے، بیشک اللہ ہی کے لیے ہے آسمانوں اور زمین کی سلطنت جِلاتا (زندہ کرتا) ہے اور مارتا ہے، اور اللہ کے سوا نہ تمہارا کوئی والی اور نہ مددگار۔

مواخذہ کا خوف

جب گذشتہ آیات نازل ہوئی جن میں کفار کے لئے دعائے مغفرت کی ممانعت آئی تو صح

Marfat.com

الرضوان نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور عرض کی کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم ہم تو اس حکم سے قبل اپنے مردہ کافر باپ داداؤں کے لئے دعائے مغفرت کرتے تھے اب اُس کا کیا ہوگا کیا ہم پر کوئی حکم لگے گا تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی جس میں یہ فرمایا گیا کہ حکم نازل ہونے سے قبل جو کچھ کیا اس پر مواخذہ نہیں۔ ایک دوسری روایت کے مطابق کچھ اعرابی بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ والہ وسلم میں حاضر ہوئے اور دائرہ اسلام میں داخل ہوئے پھر واپس اپنے وطن لوٹ گے وہاں پہنچ کر حسبِ معمول شراب بھی پیتے رہے اور بیت المقدس کی طرف رخ کر کے نمازیں پڑھتے رہے پھر جب کچھ عرصہ بعد مدینہ منورہ آئے تو معلوم ہوا کہ شراب کی حرمت حکم نازل ہو چکا اور قبلہ بھی بیت المقدس سے تبدیل کر کے کعبہ مشرفہ کر دیا گیا ہے یہ سن کر وہ اعرابی لوگ بہت دلبرداشتہ ہوئے کتنے عرصے گناہ کرتے ہوہے نمازیں ضائع کرتے رہے پھر بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ والہ وسلم میں عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم ہم تو اپنے دین کے خلاف ہی کرتے رہے اب ہمارے لئے کیا حکم ہوگا تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن وتفسیر روح المعانی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَّعَلَى الثَّلٰثَةِ الَّذِيْنَ خُلِّفُوْا ؕ حَتّٰۤى اِذَا ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ وَضَاقَتْ عَلَيْهِمْ اَنْفُسُهُمْ وَظَنُّوْۤا اَنْ لَّا مَلْجَاَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّاۤ اِلَيْهِ ؕ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ لِيَتُوْبُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۱۸﴾ (پارہ:11 سورۃ التوبہ، آیت نمبر 118)

ترجمہ کنزالایمان: اور ان تین (اصحاب) پر جو موقوف رکھے گئے تھے (انکے بارے میں حکم نہ آیا) یہاں تک کہ جب زمین اتنی وسیع ہو کر ان پر تنگ ہوگئی (کہ کہیں قرار نہ ملتا تھا) اور وہ (اللہ ورسول کی ناراضی کے سبب) اپنی جان سے تنگ آئے اور انہیں یقین ہوا کہ اللہ سے پناہ نہیں مگر اسی کے پاس، پھر ان کی توبہ قبول کی کہ تائب (توبہ پر قائم) رہیں، بیشک اللہ ہی توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے۔

توبہ پر ستائش

غزوہ تبوک دیگر غزوات کے مقابلے میں اپنے سفر کی صعوبتوں، گرمی کی شدت سامان حرب کی قلت کے سبب ایک دشوار گزار غزوہ تھا چنانچہ اسی سبب سے نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے پہلے ہی واضح طور پر مجاہدین اسلام کو اس غزوہ کی تیاری اور روانگی کی خبر ارشاد فرما دی تھی اس موقعہ پر لوگوں کی چار جماعتیں ہوگئیں ایک وہ

Marfat.com

جوآپ صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم کے ساتھ غزوہ میں روانہ ہوگئے دوسرے منافقین جو بہانے بنا کر رہ گئے تیسرے وہ صحابہ کرام جو محض سستی کے سبب نہ گئے مگر بعد میں اپنی غلطی محسوس کر کے پچھتائے اور فوراً پیچھے راونہ ہو گئے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم سے جا کر مل گئے اور چوتھے وہ جو سستی کی وجہ سے غزوہ میں شرکت سے پیچھے رہ گئے اور بعد میں بھی نہ پہنچے چنانچہ جب نبی کریم صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم اور مجاہدین اسلام تبوک سے واپس تشریف لائے تو مسجد نبوی میں جلوہ افروز ہوئے رہ جانے والے منافقین بھی ملنے آئے اور غزوہ میں شرکت نہ کرنے کے بہانے بنا کر واپس چلے گئے پھر سستی کے سبب رہ جانے والے صحاب کرام بھی بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم میں حاضر ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ان سے دریافت کیا کہ غزوہ میں شریک کیوں نہ ہوئے تو حضرت کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ عرض گزار ہوئے یارسول اللہ صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم اگر کوئی دنیاوی بادشاہ ہوتا تو میں اس کے پاس حاضر نہ ہونے کا کوئی بہانہ بنا دیتا مگر یا نبی صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم آپ سے سچ کہتا ہوں کہ مجھے کچھ عذر نہ تھا محض سستی کے سبب غزوہ میں شرکت سے محروم رہا۔ آپ صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا تم نے سچ کہا اب اللہ تمھارا جو فیصلہ فرمائے پھر آپ صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم نے آپ اور آپ کے ساتھ دو اصحاب کا بائیکاٹ کا حکم فرمایا یہاں تک کہ چالیسویں دن انھیں اپنی بیویوں سے بھی علیحدہ رہنے کا حکم فرمایا ابھی اس حکم کو دس روز گزرے تھے کہ یہ آیت کریمہ نازل ہوئی، اور ان حضرات صحابہ کا بائیکاٹ ختم ہوا اور انکی بڑی شان اور ستائش ہوئی۔ (روح البیان، تفسیر خازن، تفسیر کبیر)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُونَ لِيَنْفِرُوا كَافَّةً ۚ فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَائِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوا فِي الدِّينِ وَلِيُنْذِرُوا قَوْمَهُمْ إِذَا رَجَعُوا إِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُونَ ﴿١٢٢﴾

(پارہ:11 سورۃ التوبہ، آیت نمبر 122)

ترجمہ کنزالایمان: اور مسلمانوں سے یہ تو ہو نہیں سکتا کہ سب کے سب نکلیں (اور بستیاں خالی ہو جائیں) تو کیوں نہ ہو کہ ان کے ہر گروہ (ہر قوم) میں سے ایک جماعت (علم دین کے لیے مدینہ کو) نکلے کہ دین کی سمجھ حاصل کریں اور واپس آ کر اپنی (باقی ماندہ) قوم کو ڈر سنائیں (رب کے عذاب سے ڈرائیں) اس امید پر کہ وہ (کفر و گناہ سے) بچیں۔

Marfat.com

شوقِ علمِ دین

اس آیت کے شانِ نزول کے متعلق چند روایات ہیں (۱) ایک بار قبیلہ مضر اور دیگر قبائل کے لوگ نبی کریم صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم سے علمِ دین سیکھنے کے شوق میں مدینہ منورہ آئے جسکے سبب ان کے اپنے علاقے ویران ہو گئے جبکہ مدینہ منورہ میں آبادی بڑھنے کے سبب دشواری ہونے لگی تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی ایک دوسری روایت کے مطابق جب گزشتہ آیات نازل ہوئیں جس میں جہاد پر نہ جانے والوں پر عتاب فرمایا گیا تو اس کے بعد مسلمان ہر غزوہ اور سریہ میں لازمی شرکت کرنے لگے اور بعض دفعہ تو ایسا بھی ہوتا کہ سریے میں شرکت کے لئے تمام ہی مومنین جہاد کے لئے جاتے اور مدینہ منورہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم کے پاس کوئی موجود نہ ہوتا چنانچہ اس دوران جو احکامات شرعیہ نازل ہوتے انھیں سننے اور سیکھنے سے صحابہ محروم رہ جاتے چنانچہ اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی کہ سب کے سب ہی جہاد کیلئے نہ نکل جایا کریں کچھ علم دین سیکھنے کی غرض سے نبی کریم صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم کے پاس رہ جایا کریں۔ ایک اور روایت میں ہے کہ بعض صحابہ کرام شہر چھوڑ کر دیہاتوں میں جاتے تو وہاں آرام وسکون بھی ملا اور لوگوں پر تبلیغ اسلام کے موقع بھی ملا جب کچھ عرصے بعد یہ حضرات منورہ آئے تو انھیں معلوم ہوا کہ انکے پیچھے اور بہت سے احکام وقرآنی آیات نازل ہو چکی ہیں اور نبی کریم صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر رہنے والے صحابہ ان سے کہیں زیادہ علم حاصل کر چکے ہیں جس پر ان اصحاب کو بہت افسوس اور پچھتاوا ہوا تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا قَاتِلُوا الَّذِیْنَ یَلُوْنَكُمْ مِّنَ الْكُفَّارِ وَ لْیَجِدُوْا فِیْكُمْ غِلْظَةً ؕ وَ اعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِیْنَ ﴿۱۲۳﴾ (پارہ:11 سورۃ التوبہ، آیت نمبر 123)

ترجمہ کنزالایمان: اے ایمان والو جہاد کرو (پہلے) ان کافروں سے جو تمہارے قریب ہیں اور (یہ) چاہیئے کہ وہ (کفار) تم میں سختی (مضبوطی) پائیں، اور جان رکھو کہ اللہ پرہیزگاروں کے ساتھ ہے۔

گمان کی تردید

بعض صحابہ نے یہ گمان کیا کہ عام کفار پر تو جہاد لازم ہے مگر وہ کفار جو ہمارے قرابت دار ہوں ان سے نرمی وصلۂ رحمی کرتے ہوئے جہاد نہ کرنا چاہیے کہ یہ کیونکر صلۂ رحمی ہو سکتی ہے کہ مومن بیٹا کافر باپ یا مومن پوتا کافر

Marfat.com

دادا پر یا مومن بھتیجا کافر چچا پر تلوار اٹھائے چنانچہ ان کے اس گمان کی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

سورۃ یونس

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الٓرٰ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ۝ اَكَانَ لِلنَّاسِ عَجَبًا اَنْ اَوْحَيْنَآ اِلٰى رَجُلٍ مِّنْهُمْ اَنْ اَنْذِرِ النَّاسَ وَ بَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ قَالَ الْكٰفِرُوْنَ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ مُّبِيْنٌ ۝ (پارہ:11 سورۃ یونس، آیت نمبر 1-2)

ترجمہ کنزالایمان: یہ حکمت والی کتاب کی آیتیں ہیں، کیا لوگوں کو اس کا اچنبا (تعجب ہوا) ہوا کہ ہم نے ان میں سے (ان جیسے) ایک مرد کو وحی بھیجی کہ لوگوں کو (عذابِ الٰہی کا) ڈر سناؤ اور ایمان والوں کو (جنت کی) خوشخبری دو کہ ان کے لیے ان کے رب کے پاس سچ کا مقام (اچھا) ہے، کافر بولے بیشک یہ (رسول) تو کھلا جادوگر ہے۔

نبوت ورسالت کی تکذیب

جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اعلانِ نبوت فرمایا تو کفار عرب بالخصوص کفار مکہ نے اس کا انکار کیا اور آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر ایمان نہ لائے اور کہنے لگے کہ اللہ کی شان اس سے بلند ہے کہ وہ محمد (صلی اللہ علیہ والہ وسلم) جیسے عام شخص کو نبوت کے لئے چُنے کیا اسے ابوطالب کے یتیم بھتیجے کے سوا نبوت کیلئے کوئی نہ ملا تھا، (معاذ اللہ) چنانچہ انکی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر کبیر، خازن، مدارک)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ لَوْ يُعَجِّلُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ الشَّرَّ اسْتِعْجَالَهُمْ بِالْخَيْرِ لَقُضِيَ اِلَيْهِمْ اَجَلُهُمْ ؕ فَنَذَرُ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ۝

(پارہ:11 سورۃ یونس، آیت نمبر 11)

ترجمہ کنزالایمان: اور اگر اللہ لوگوں پر برائی (آفات ومصائب) ایسی جلد بھیجتا جیسی وہ بھلائی (دنیاوی نعمتوں) کی جلدی کرتے ہیں تو ان کا (عذاب آنے کا) وعدہ پورا ہو چکا ہوتا تو ہم چھوڑتے (انکے حال پر) انہیں جو ہم سے ملنے کی امید (قیامت پر ایمان) نہیں رکھتے (اس

Marfat.com

لیے) کہ اپنی سرکشی میں بھٹکا کریں (ہدایت نہ پائیں)۔

اپنی ہلاکت کی دعا

ایک مرتبہ نصر ابن حارث نے قوم کے سامنے اپنے دین کی سچائی ثابت کرنے کے لئے یوں دی مانگی کہ اے خدا اگر واقعی دین اسلام دین حق ہے اور اگر ہم باطل پر ہیں تو پھر ہم پر غیبی پتھر برسا چنانچہ اسکی اس دعا کے جواب میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر روح المعانی)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيَاتُنَا بَيِّنٰتٍ ۙ قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا ائْتِ بِقُرْاٰنٍ غَيْرِ هٰذَاۤ اَوْ بَدِّلْهُ ؕ قُلْ مَا يَكُوْنُ لِيْۤ اَنْ اُبَدِّلَهٗ مِنْ تِلْقَآئِ نَفْسِيْ ۚ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰۤى اِلَيَّ ۚ اِنِّيْۤ اَخَافُ اِنْ عَصَيْتُ رَبِّيْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ⑮

(پارہ:11 سورۃ یونس، آیت نمبر 15)

ترجمہ کنزالایمان: اور جب ان پر ہماری روشن آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو وہ کہنے لگتے ہیں جنہیں ہم سے ملنے کی امید (قیامت پر ایمان) نہیں کہ اس کے سوا اور قرآن لے آئیے (جس میں بتوں کی برائی نہ ہو) یا اسی کو بدل دیجیے تم فرماؤ مجھے (حق) نہیں پہنچتا کہ میں اسے اپنی طرف سے بدل دوں میں تو اسی کا تابع ہوں جو میری طرف وحی ہوتی ہے میں اگر اپنے رب کی نافرمانی کروں تو مجھے بڑے دن (قیامت) کے عذاب کا ڈر ہے۔

کفارِ مکہ کا ترمیم شدہ قرآن کا مطالبہ

ایک مرتبہ مکہ معظّمہ میں کچھ کفار حاضر بارگاہِ رسالت ہوئے اور بولے کہ اگر آپ ہماری ایک بات مان لیں تو پھر ہم سب آپ پر ایمان لے آئینگے آپ صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم نے دریافت فرمایا کیا بات ہے تو وہ بولے کہ یا تو آپ اس قرآن کے بدلے دوسرا قرآن لے آئیں جسمیں ہمارے معبودوں کو برا نہ کہا گیا ہو بلکہ انکی تعریف ہو جسمیں ہمیں انکی عبادت کی اجازت دی گئی ہو یا پھر ہماری خواہش و مرضی کے مطابق اس قرآن میں کچھ ترمیم کردیں کہ کفار کے متعلق وعیدیں اور ہمارے بتوں کی برائیاں اسمیں سے نکال دیں تو پھر ہم آپ پر اور اس ترمیم شدہ قرآن پر فوراً ایمان لے آئینگے چنانچہ انکی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر کبیر، تفسیر روح المعانی، تفسیر خازن وغیرہ)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنْفَعُهُمْ وَيَقُوْلُوْنَ هٰٓؤُلَآءِ شُفَعَآؤُنَا عِنْدَ اللّٰهِ ؕ قُلْ اَتُنَبِّئُوْنَ اللّٰهَ بِمَا لَا يَعْلَمُ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۱۸﴾ (پارہ:11 سورۃ یونس، آیت نمبر 18)

ترجمہ کنزالایمان: اور اللہ کے سوا ایسی چیز (بت وغیرہ) کو پوجتے ہیں جو ان کا نہ کچھ نقصان کرے اور نہ بھلا (نفع پہنچائے) اور کہتے ہیں کہ یہ اللہ کے یہاں ہمارے سفارشی ہیں (شفاعت کریں گے) تم فرماؤ کیا اللہ کو وہ بات بتاتے ہو جو اس کے علم میں نہ آسمانوں میں ہے نہ زمین میں (جس کا وجود ہی نہیں) اسے پاکی (ہے ہر عیب سے) اور برتری (بلند و بالا) ہے ان کے شرک سے۔

نصر بن حارث کا باطل گھمنڈ

ایک مرتبہ نصر بن حارث بارگاہ نبوت میں حاضر ہو کر بولا کہ مجھے کوئی پرواہ نہیں کیونکہ بروز قیامت میری شفاعت لات وعزیٰ کرینگے یہ بت ہمارے شفیع ہیں چنانچہ اس کی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر روح المعانی)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَمَا كَانَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ اَنْ يُّفْتَرٰى مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيْلَ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۳۷﴾

(پارہ:11 سورۃ یونس، آیت نمبر 37)

ترجمہ کنزالایمان: اور اس قرآن کی یہ شان نہیں کہ کوئی (مخلوق) اپنی طرف سے بنا لے (گھڑ لے) بے اللہ کے اتارے (بغیر اللہ کے نازل کیے) ہاں وہ اگلی (پہلی آسمانی) کتابوں کی تصدیق ہے اور لوح میں جو کچھ لکھا ہے سب کی تفصیل ہے اس میں کچھ شک نہیں ہے پروردگار عالم کی طرف سے ہے۔

قرآن کی تکذیب

مشرکین عرب قرآن پر ایمان نہ لاتے تھے انکا کہنا تھا کہ یہ اللہ کی نازل کردہ کتاب نہیں بلکہ حضور صلی

Marfat.com

اللہ علیہ والہٖ وسلم نے خود لکھی ہے اور وہ اسے اللہ کی نازل کردہ کتاب بتاتے ہیں۔ چنانچہ انکی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر صاوی وکبیر وغیرہ)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَ یَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ﴿۴۸﴾ قُلْ لَّاۤ اَمْلِكُ لِنَفْسِیْ ضَرًّا وَّ لَا نَفْعًا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ لِكُلِّ اُمَّةٍ اَجَلٌ ؕ اِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ فَلَا یَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّ لَا یَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿۴۹﴾ (پارہ:11 سورۃ یونس، آیت نمبر 48-49)

ترجمہ کنزالایمان: اور (کفار) کہتے ہیں یہ وعدہ (عذاب) کب آئے گا اگر تم سچے ہو تم فرماؤ میں اپنی جان کے برے بھلے کا (ذاتی) اختیار نہیں رکھتا مگر جو اللہ چاہے (مجھے اختیار دے) ہر گروہ کا (عذاب کا) ایک وعدہ ہے جب ان کا وعدہ آئے گا تو ایک گھڑی نہ پیچھے ہٹیں نہ آگے بڑھیں (عذاب کا وقت متعین ہے)۔

عذاب کا مطالبہ

جب آیت کریمہ وامّا نرینك الخ نازل ہوئی تو مشرکین مکہ بطور تمسخر حضور پُرنور صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم سے کہنے لگے کہ وہ عذاب جسکا دکھانے کا آپ سے فرمایا گیا وہ کب ہم پر نازل ہوگا ہم تو کب سے اس کے منتظر ہیں مگر وہ آتا ہی نہیں چنانچہ انکے جواب میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر خزائن العرفان)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَ لَا یَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِیْعًا ؕ هُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ﴿۶۵﴾ اَلَاۤ اِنَّ لِلّٰهِ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَنْ فِی الْاَرْضِ ؕ وَ مَا یَتَّبِعُ الَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ شُرَكَآءَ ؕ اِنْ یَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَ اِنْ هُمْ اِلَّا یَخْرُصُوْنَ ﴿۶۶﴾

(پارہ:11 سورۃ یونس، آیت نمبر 65-66)

ترجمہ کنزالایمان: اور (اے محبوب) تم ان (کفار) کی باتوں (سازشوں) کا غم نہ کرو بیشک عزت ساری اللہ کے لیے ہے (جسے چاہے عطا کردے) وہی سنتا جانتا ہے، سن لو بیشک اللہ

Marfat.com

ہی کے مِلک ہیں جتنے آسمانوں میں ہیں اور جتنے زمینوں میں اور کا ہے (کے کس بات کو دلیل بنا کر) پیچھے جا رہے ہیں وہ (کفار) جو اللہ کے سوا شریک پکار رہے ہیں، وہ تو پیچھے نہیں جاتے مگر گمان کے اور وہ تو نہیں مگر اٹکلیں دوڑاتے (اندازوں سے شریک ٹھہراتے ہیں)۔

کفار کا مسکین مسلمانوں کو دھمکانا

کفار مکہ مسکین ومحتاج مسلمانوں سے اکثر یہ کہا کرتے تھے کہ ہم تم سے عزت میں دولت میں اولاد میں بڑھ کر ہیں ہمارے پاس ہر نعمت کی فراوانی ہے ہم تمھیں تباہ حال کر دینگے چنانچہ انکی تردید میں اور مومنین کے اطمینان وتسکین کے لئے یہ آیت کریمہ نازل ہوئیں۔ (تفسیر کبیر وتفسیر خازن)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ نُوْحٍ ۘ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكُمْ مَّقَامِيْ وَ تَذْكِيْرِيْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَعَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ فَاَجْمِعُوْٓا اَمْرَكُمْ وَشُرَكَآءَكُمْ ثُمَّ لَا يَكُنْ اَمْرُكُمْ عَلَيْكُمْ غُمَّةً ثُمَّ اقْضُوْٓا اِلَيَّ وَلَا تُنْظِرُوْنِ ﴿۷۱﴾

(پارہ:11 سورۃ یونس، آیت نمبر 71)

ترجمہ کنزالایمان: اور انہیں نوح کی خبر پڑھ کر سناؤ جب اس نے اپنی قوم سے کہا اے میری قوم اگر تم پر شاق (کٹھن) گزرا ہے میرا کھڑا ہونا (تم میں ٹھہرنا) اور اللہ کی نشانیاں (اس کے عذاب ورحمت کی) یاد دلانا تو میں نے اللہ ہی پر بھروسہ کیا تو مِل کر کام کرو اور اپنے جھوٹے معبودوں سمیت اپنا کام پکا کر لو تمہارے کام میں تم پر کچھ گنجلک (الجھن) نہ رہے پھر جو ہو سکے میرا کر لو (بگاڑ لو) اور مجھے (سنبھلنے کی بھی) مہلت نہ دو۔

علمِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انکار

کفار کا کہنا تھا کہ ہمارا دین حق ہے اور ہمارے عقائد خدا کی طرف سے نازل کردہ ہیں لہٰذا ہمارے عقائد بالکل درست ہیں، حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم غیب نہیں جانتے اُنھیں کیا معلوم کہ ہماری کتابوں میں کیا لکھا ہے، چنانچہ اس موقعہ پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر نعیمی)

Marfat.com

سورۃ ھود

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلَآ اِنَّهُمْ يَثْنُوْنَ صُدُوْرَهُمْ لِيَسْتَخْفُوْا مِنْهُ ؕ اَلَا حِيْنَ يَسْتَغْشُوْنَ ثِيَابَهُمْ ۙ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۚ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝۵

(پارہ:11 سورۃ ھود، آیت نمبر 5)

ترجمہ کنزالایمان: سنو وہ اپنے سینے دوہرے کرتے (منہ چھپاتے) ہیں کہ اللہ سے پردہ کریں (اپنی اسلام دشمنی چھپالیں) سنو جس وقت وہ اپنے کپڑوں سے سارا بدن ڈھانپ لیتے ہیں اس وقت بھی اللہ ان کا چھپا اور ظاہر سب کچھ جانتا ہے بیشک وہ دلوں کی بات جاننے والا ہے۔

مسلمانوں کے خلاف بغض وعداوت

اخنس بن شریف بارگاہ رسالت میں حاضر ہوکر بڑی میٹھی میٹھی اور لچھے دار باتیں بناتا اور نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے محبت بھری باتیں کرتا مگر دل میں آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور دین اسلام اور مسلمانوں کے خلاف سخت عداوت رکھتا ایک مرتبہ وہ اسی حالت میں بارگاہ رسالت میں حاضر ہوا تو یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

بخاری شریف کی روایت کردہ شان نزول کے مطابق مسلمان اللہ تعالیٰ سے اپنی شرم وحیا کے سبب خلوت اور استنجاہ گاہ میں بھی اپنی شرم گاہ کو کھولتے ہوئے سخت تذبذب اور جھجک میں مبتلا ہوجائے چنانچہ انکے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان، بخاری شریف وتفسیر خازن)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَ هُوَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ وَّ كَانَ عَرْشُهٗ عَلَى الْمَآءِ لِیَبْلُوَكُمْ اَیُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ؕ وَ لَىٕنْ قُلْتَ اِنَّكُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ مِنْۢ بَعْدِ الْمَوْتِ لَیَقُوْلَنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْۤا اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِیْنٌ ۝۷ وَ لَىٕنْ اَخَّرْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ اِلٰۤى اُمَّةٍ مَّعْدُوْدَةٍ لَّیَقُوْلُنَّ مَا یَحْبِسُهٗ ؕ اَلَا یَوْمَ یَاْتِیْهِمْ لَیْسَ مَصْرُوْفًا عَنْهُمْ وَ حَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ یَسْتَهْزِءُوْنَ ۝۸ ع (پارہ:11 سورۃ ھود، آیت نمبر 7-8)

Marfat.com

ترجمہ کنزالایمان: اور وہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دن میں بنایا اور اس کا عرش پانی پر تھا کہ تمہیں آزمائے تم میں کس کا کام اچھا ہے، اور اگر تم فرماؤ کہ بیشک تم مرنے کے بعد اٹھائے جاؤ گے تو کافر ضرور کہیں گے کہ یہ (مرنے کے بعد اٹھنا) تو نہیں مگر کھلا جادو (جھوٹ و دھوکہ) اور اگر ہم ان سے عذاب کچھ گنتی کی مدت تک ہٹا دیں تو ضرور کہیں گے کس چیز نے (عذاب آنے سے) روکا ہے سن لو جس دن ان پر (عذاب) آئے گا ان سے پھیرا (لوٹایا) نہ جائے گا، اور انہیں گھیرے گا وہی عذاب جس کی ہنسی (مذاق) اڑاتے تھے۔

اوّل وآخر ہے اللہ

ایک مرتبہ اہل یمن اور ابی ازین نبی کریم صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم کی بارگاہ میں عرض گزار ہوئے کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم جب کچھ بھی پیدا نہ ہوا تھا اس وقت ہمارا رب کہاں تھا تو آپ صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا بس اللہ ہی تھا اور کچھ نہ تھا، نہ پانی نہ ہوا نہ عرش پھر وہ عرض گزار ہوئے عرش نہیں تھا تو پھر عرش کہاں تھا تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن وتفسیر کبیر)

Marfat.com

بارھواں پارہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فَلَعَلَّكَ تَارِكٌۢ بَعْضَ مَا يُوْحٰٓى اِلَيْكَ وَضَآىِٕقٌۢ بِهٖ صَدْرُكَ اَنْ يَّقُوْلُوْا لَوْ لَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ كَنْزٌ اَوْ جَآءَ مَعَهٗ مَلَكٌ ؕ اِنَّمَآ اَنْتَ نَذِيْرٌ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ وَّكِيْلٌ

(پارہ:12 سورۃ ھود، آیت نمبر 12)

ترجمہ کنزالایمان: تو کیا (ایسا ہوسکتا ہے) جو وحی تمہاری طرف ہوتی ہے اس میں سے کچھ تم چھوڑ دو گے (ہرگز نہیں) اور اس پر دل تنگ ہو گئے (دلبرداشتہ) اس بناء پر کہ وہ کہتے ہیں ان کے ساتھ کوئی خزانہ کیوں نہ اترا ان کے ساتھ کوئی فرشتہ آتا، تم تو (صرف) ڈر سنانے والے ہو (ان کے جواب دہ نہیں) اور اللہ ہر چیز پر محافظ ہے۔

شانِ نبوت میں گستاخی

عبداللہ بن امیہ مخزومی نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہا تھا اگر آپ سچے رسول ہیں اور آپ کا خدا ہر چیز پر قادر ہے تو اس نے آپ پر خزانہ کیوں نہیں اتارا یا آپ کے ساتھ کوئی فرشتہ کیوں نہ بھیجا جو آپ کی رسالت کی گواہی دیتا اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَيْسَ لَهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ اِلَّا النَّارُ وَحَبِطَ مَا صَنَعُوْا فِيْهَا وَبٰطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶﴾ (پارہ:12 سورۃ ھود، آیت نمبر 16)

ترجمہ کنزالایمان: یہ ہیں وہ (دنیا کے طلب گار) جن کے لیے آخرت میں کچھ (حصہ) نہیں مگر آگ (کا عذاب) اور اکارت (ضائع) گیا جو کچھ (اچھے عمل) وہاں کرتے تھے اور نابود ہوئے (مٹ گئے) جو ان کے (اچھے) عمل تھے۔

آخرت میں کوئی حصہ نہیں

ضحاک نے کہا کہ یہ آیت مشرکین کے حق میں نازل ہوئی کہ وہ اگر صلح رحمی کریں یا محتاجوں کو دیں یا کسی

Marfat.com

پریشان حال کی مدد کریں یا اس طرح کی کوئی نیکی کریں تو اللہ عزوجل وسعت رزق وغیرہ سے ان کے اعمال کی جزا دنیا ہی میں دیتا ہے اور آخرت میں ان کے لیے کوئی حصہ نہیں ایک قول یہ ہے کہ یہ آیت منافقین کے حق میں نازل ہوئی جو ثواب آخرت کے معتقد نہ تھے اور جہادوں میں مال غنیمت حاصل کرنے کے لیے شامل ہوتے تھے۔ (خزائن العرفان)۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَفَمَنْ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ وَ يَتْلُوْهُ شَاهِدٌ مِّنْهُ وَ مِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰۤى اِمَامًا وَّ رَحْمَةً ؕ اُولٰٓىِٕكَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ؕ وَ مَنْ يَّكْفُرْ بِهٖ مِنَ الْاَحْزَابِ فَالنَّارُ مَوْعِدُهٗ ۚ فَلَا تَكُ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْهُ ۫ اِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَ مَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ؕ اُولٰٓىِٕكَ يُعْرَضُوْنَ عَلٰى رَبِّهِمْ وَ يَقُوْلُ الْاَشْهَادُ هٰۤؤُلَآءِ الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ ۚ اَلَا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۸﴾ الَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ يَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ؕ وَ هُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۱۹﴾ اُولٰٓىِٕكَ لَمْ يَكُوْنُوْا مُعْجِزِيْنَ فِي الْاَرْضِ وَ مَا كَانَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَآءَ ۘ يُضٰعَفُ لَهُمُ الْعَذَابُ ؕ مَا كَانُوْا يَسْتَطِيْعُوْنَ السَّمْعَ وَ مَا كَانُوْا يُبْصِرُوْنَ ﴿۲۰﴾ اُولٰٓىِٕكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْۤا اَنْفُسَهُمْ وَ ضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۲۱﴾

(پارہ:12 سورۃ ھود، آیت نمبر 17-21)

ترجمہ کنزالایمان: تو کیا وہ جو اپنے رب کی طرف سے (اسلام کی) روشن دلیل پر ہو اور اس پر اللہ کی طرف سے گواہ (کتاب اور رسول) آئے اور اس سے پہلے موسیٰ کی کتاب (توریت) پیشوا اور رحمت وہ اس (قرآن) پر ایمان لاتے ہیں، اور جو اس کا منکر ہو سارے گروہوں میں تو آگ اس کا وعدہ ہے تو اے سننے والے! تجھے کچھ اس میں شک نہ ہو، بیشک وہ حق (سچ) ہے تیرے رب کی طرف سے لیکن بہت آدمی ایمان نہیں رکھتے، اور اس سے بڑھ کر ظالم کون جو اللہ پر جھوٹ باندھے (اس کے لیے شریک اور اولاد بتائے) وہ اپنے رب کے حضور پیش کیے جائیں گے اور گواہ کہیں گے یہ ہیں جنہوں نے اپنے رب پر جھوٹ بولا تھا، ارے ظالموں پر خدا کی لعنت جو اللہ کی راہ (دین اسلام) سے روکتے ہیں اور اس میں کجی

Marfat.com

چاہتے (عیب نکالتے) ہیں، اور وہی آخرت کے منکر ہیں، وہ (اللہ کو) تھکانے والے نہیں زمین میں اور نہ اللہ سے جدا (سوا) ان کے کوئی حمایتی (مددگار نہیں) انہیں عذاب پر عذاب ہوگا وہ نہ (حق بات) سن سکتے تھے اور نہ (حق) دیکھتے وہی ہیں جنہوں نے اپنی جانیں گھاٹے میں ڈالیں اور (مستحق عذاب ہوئے) ان سے کھوئی گئیں جو باتیں جوڑتے تھے (بتوں کا شفاعت کرنا محض دھوکہ نکلا)۔

قبولِ اسلام پر یہودیوں کی تنقید

کفار مکہ اور بعض یہودیوں کا یہ وطیرہ تھا کہ وہ ہر جگہ ہی کہتے پھرتے تھے کہ وہ لوگ بے وقوف اور نادان ہیں جو اپنے آباؤ واجداد کے دین کو چھوڑ کر اسلام قبول کر لیتے ہیں جب بعض یہودی اپنے کفر سے تائب ہو کر مسلمان ہو گئے تو یہود نے یہ کہنا شروع کر دیا تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئیں۔ (تفسیر نعیمی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ اَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَیِ النَّهَارِ وَ زُلَفًا مِّنَ الَّیْلِ ؕ اِنَّ الْحَسَنٰتِ یُذْهِبْنَ السَّیِّاٰتِ ؕ ذٰلِكَ ذِكْرٰى لِلذّٰكِرِیْنَ ﴿۱۱۴﴾ (پارہ:12 سورۃ ھود، آیت نمبر 114)

ترجمہ کنزالایمان: اور نماز قائم رکھو دن کے دونوں کناروں اور کچھ رات کے حصوں میں بیشک نیکیاں برائیوں کو مٹا دیتی ہیں، یہ نصیحت ہے نصیحت ماننے والوں کو، اور صبر کرو کہ اللہ نیکوں کا نیگ (اجر) ضائع نہیں کرتا۔

نومسلم صحابی کی ندامت وتوبہ

امام مسلم وامام بخاری رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ابوالیسر صحابی نومسلم نے اپنی نادانی سے ایک اجنبیہ کا بوسہ لے لیا پھر بعد میں سخت نادام ہوئے اور بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہوئے اور اپنے گناہوں سے توبہ وندامت کا اظہار کیا چنانچہ تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئیں۔ (تفسیر نعیمی لباب النقول للیسوطی)

Marfat.com

سورۃ یوسف کا شانِ نزول

بسم اللہ الرحمن الرحیم

خدا کا کلام

اس کے شان نزول میں دوقول ہیں ایک روایت یہ ہے کہ جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مکہ مکرمہ میں قرآن مجید سنانا شروع کیا اور کفار مکہ پریشان ہوئے تو اردگرد کے یہودیوں نے کفار مکہ سے کہا ہم تم کو ایک طریقہ بتاتے ہیں جس سے تم کو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نجات مل جائے گی وہ یہ کہ ان کا دعویٰ ہے کہ ان پر خدا کا کلام آتا ہے اور انکی عمر ساری کی ساری مکے میں ہی گزری ہے لہٰذا بطور امتحان ان سے پوچھو کہ بنی اسرئیل مصر میں کس طرح پہنچے اگر وہ غلط باتیں کرتے ہیں تو ضرور پریشان ہوں گے اور وہ کسی یہودی سے پوچھنے کے لیے باہر نکلیں گے تم ان کا پیچھا کرنا تم کو سچ جھوٹ کا پتہ لگ جائے گا اور یا آئندہ کلام بنانا سنانا چھوڑ دیں گے مکے میں کوئی جانتا نہ تھا نہ صحیح تاریخ شائع تھی تب کفار مکہ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے یہی سوال اور مطالبہ کیا مکی دور کے آخری دن تھے تو یہ ساری کی ساری سورت اس وقت مکے شریف میں نازل ہوئی نبی کریم کو کہیں جانا نہ پڑا۔ (مظہری) یہ ضحاک کی روایت ہے عن ابن عباس رضی اللہ عنہ دوسرا قول بروایت سعد بن ابی وقاص ہے کہ مکے کے کافروں نے جب کچھ دنوں قرآن پاک سنا تو معاذ اللہ بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں آکر عرض کیا کہ ہمیں کوئی کہانی سنائیں جس سے ہمارا دل خوش ہو بعض کافر کہتے تھے کہ معاذ اللہ یہ مدعی نبوت صرف قصہ گوئی کرتے ہیں اور کہانیاں بناتے رہتے ہیں پھر ہم کو سنا دیتے ہیں ہم کیا جانیں کہ یہ قصے سچے ہیں یا جھوٹے عرب کے لوگ خاص کر مکے کے لوگ زیادہ تر جاہل تاریخ سے بالکل ناواقف تھے اس لیے یہی بیہودگیاں کرتے تھے تب یہ سورت نازل ہوئی اور فرمایا گیا کہ اپنے ساتھیوں یہودیوں سے تصدیق کرلو کہ یہ واقعہ سچا ہے کہ نہیں۔

Marfat.com

تیرھواں پارہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ مَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ مِّنْ اَهْلِ الْقُرٰى ؕ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ اتَّقَوْا ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۰۹﴾ (پارہ:13 سورۃ یوسف، آیت نمبر 109)

ترجمہ کنزالایمان: اور ہم نے تم سے پہلے جتنے رسول بھیجے سب مرد ہی تھے جنہیں ہم وحی کرتے اور سب شہر کے ساکن تھے (رہنے والے) تو یہ لوگ زمین پر چلے نہیں تو دیکھتے ان سے پہلوں (منکرین) کا کیا انجام ہوا اور بیشک آخرت کا گھر پرہیزگاروں کے لیے بہتر تو کیا تمہیں عقل نہیں۔

فرشتے نبی کیوں نہ ہوئے

کفار مکہ کہا کرتے تھے کہ اللہ نے انسان کو نبی کیوں بنایا فرشتے نبی بنا کر کیوں نہ بھیجے ان کے جواب میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (خزائن العرفان)

سورۃ الرعد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ اِنْ تَعْجَبْ فَعَجَبٌ قَوْلُهُمْ ءَاِذَا كُنَّا تُرٰبًا ءَاِنَّا لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ؕ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ ۚ وَ اُولٰٓئِكَ الْاَغْلٰلُ فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ ۚ وَ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۵﴾ وَ يَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالسَّيِّئَةِ قَبْلَ الْحَسَنَةِ وَ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمُ الْمَثُلٰتُ ؕ وَ اِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ مَغْفِرَةٍ لِّلنَّاسِ عَلٰى ظُلْمِهِمْ ۚ وَ اِنَّ رَبَّكَ لَشَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۶﴾ (پارہ:13 سورۃ الرعد، آیت نمبر 5-6)

ترجمہ کنزالایمان: اور (اے محبوب) اگر تم تعجب کرو (کہ کفار تمہیں جھٹلاتے ہیں) تو

Marfat.com

اچنبھا تو ان کے اس کہنے کا ہے کہ کیا ہم مٹی ہو کر پھر نئے بنیں گے وہ ہیں جو اپنے رب سے منکر ہوئے اور وہ ہیں جن کی گردنوں میں (روزِ قیامت) طوق ہوں گے اور وہ دوزخ والے ہیں انھیں اسی میں رہنا، اور تم سے (ازراہِ مذاق) عذاب کی جلدی کرتے ہیں رحمت (بخشش) سے پہلے اور ان (سے) اگلوں (پہلوں) کی سزائیں (بطورِ عذاب) ہو چکیں اور بیشک تمہارا رب تو لوگوں کے ظلم پر بھی انہیں ایک طرح کی معافی (عذاب میں تاخیر) دیتا ہے اور بیشک تمہارے رب کا عذاب سخت ہے۔

عذاب کے طلبگار

جب نبی کریم رؤف رحیم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کفار مکہ کو ایمان نہ لانے کے سبب آنے والے دنیاوی اور اخروی عذاب سے ڈرایا اور انھین اسلام قبول کرنے کی دعوت دی اور اسلام لے آنے کے بعد آخروی نعمتوں اور غنیمتوں کی بشارت دی تو کفار بطور تمسخر اور طعن مطالبہ پر اتر آئے کہ ہمیں رحمت اور بخشش اور اخروی نعمتیں درکار نہیں جس عتاب وعذاب کی وعید ہمیں دی ہے اس سے لے آؤ ہم اس کے انتظار میں ہیں چنانچہ تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر نعیمی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَ مَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَ مَا تَزْدَادُ ؕ وَ كُلُّ شَیْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ ۝۸ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَ الشَّهَادَةِ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالِ ۝۹ سَوَآءٌ مِّنْكُمْ مَّنْ اَسَرَّ الْقَوْلَ وَ مَنْ جَهَرَ بِهٖ وَ مَنْ هُوَ مُسْتَخْفٍۭ بِالَّيْلِ وَ سَارِبٌۢ بِالنَّهَارِ ۝۱۰ لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَ مِنْ خَلْفِهٖ يَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ ؕ وَ اِذَاۤ اَرَادَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ سُوْٓءًا فَلَا مَرَدَّ لَهٗ ۚ وَ مَا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّالٍ ۝۱۱ هُوَ الَّذِیْ يُرِيْكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَّ طَمَعًا وَّ يُنْشِئُ السَّحَابَ الثِّقَالَ ۝۱۲ وَ يُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَ الْمَلٰٓئِكَةُ مِنْ خِيْفَتِهٖ ۚ وَ يُرْسِلُ الصَّوَاعِقَ فَيُصِيْبُ بِهَا مَنْ يَّشَآءُ وَ هُمْ يُجَادِلُوْنَ فِی اللّٰهِ ۚ وَ هُوَ شَدِيْدُ الْمِحَالِ ۝۱۳ ؕ (پارہ:13 سورۃ الرعد، آیت نمبر 8-13)

ترجمہ کنزالایمان: اللہ جانتا ہے جو کچھ کسی مادہ کے پیٹ میں ہے اور پیٹ (مدتِ حمل

Marfat.com

میں) جو کچھ گھٹتے بڑھتے ہیں اور ہر چیز اس کے پاس ایک اندازے سے ہے (نہ گھٹے نہ بڑھے) ہر چھپے اور کھلے کا جاننے والا سب سے بڑا (ہر نقص سے پاک) بلندی والا، برابر (یکساں) ہیں جو تم میں بات آہستہ کہے اور جو آواز سے اور جو رات میں چھپا ہے (چھپ کر عمل کیا) اور جو دن میں راہ چلتا ہے (ظاہری عمل کرتا ہے) آدمی کے لیے بدلی والے (یکے بعد دیگرے آنے والے) فرشتے ہیں اس کے آگے پیچھے کہ بحکم خدا اس کی حفاظت کرتے ہیں بیشک اللہ کسی قوم سے اپنی نعمت (اسکی حالت) نہیں بدلتا جب تک وہ خود اپنی حالت نہ بدلیں، اور جب کسی قوم سے برائی چاہے تو وہ پھر (ٹل) نہیں سکتی، اور اس کے سوا ان کا کوئی حمایتی (مددگار) نہیں وہی ہے تمہیں بجلی دکھاتا ہے ڈر کو (کہ گر نہ پڑے) اور (بارش اور سیرابی کی) امید کو اور بھاری بدلیاں (ہوا پر) اٹھاتا ہے، اور گرج اسے (اللہ کی حمد) سراہتی ہوئی اس کی پاکی (بڑائی) بولتی ہے اور فرشتے اس کے ڈر سے (اسکی تسبیح کرتے ہیں) اور کڑک (کڑکتی بجلیاں) بھیجتا ہے تو اسے ڈالتا ہے جس پر چاہے اور وہ اللہ (کے بارے) میں جھگڑتے ہوتے ہیں اور اس کی پکڑ سخت ہے۔

دربارِ الٰہی کا گستاخ

ایک مرتبہ حضور کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سردار مکہ کے پاس اپنے دو اصحاب کو بھیجا کہ وہ اسے دین کی دعوت پیش کریں تو اس نے ان صحابیوں کو دعوت دینے پر خوب مضحکہ اڑایا اور بیہودہ گوئی کرنے لگا کہ تمھارے نبی کا رب سونے کا ہے یا پیتل کا ہے یا لوہے کا ہے۔ صحابہ نے جب اس کی یہ بکواس سنی تو سخت دلبرداشتہ ہوئے تو بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہوئے تو حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تین بار اس بدبخت کے پاس دعوت ایمان دینے کے لیے اپنے صحابہ کو روانہ فرمایا مگر اس کی ہٹ دھرمی اور خیانت میں کوئی فرق نہ آیا۔ چنانچہ ایک روز اسی حالت میں اس پر بجلی گری اور وہ ہلاک ہوگیا تب یہ آیات نازل ہوئیں

ایک دوسری روایت کے مطابق ایک کافر عامر بن طفیل اربد ربیعہ سے باہم مشورہ کیا کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو موقع پا کر قتل کر دیں گے میں انہیں باتوں میں لگا دونگا تو تم پیچھے سے ان پر حملہ کر دینا اور تلوار مار کر قتل کر دینا چنانچہ یہ سازش تیار کر کے جب اس پر عمل درآمد کے لے آئے تو عامر پر آسمانی بجلی گری جس سے وہ ہلاک ہوگیا جبکہ دوسرا یہ دیکھ کر بھاگا اور ایک کافر کے گھر میں گھس کر پناہ لی مگر پھر طاعون کی مصیبت آئی تو وہاں سے ڈر کر گھوڑے پر بیٹھ کر بھاگا مگر بدحواسی میں اسی گھوڑے سے گرا اور موقع پر ہی ہلاک ہوگیا تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئیں۔ (تفسیر نعیمی)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَفَمَنْ يَّعْلَمُ اَنَّمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ الْحَقُّ كَمَنْ هُوَ اَعْمٰى ؕ اِنَّمَا يَتَذَكَّرُ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۙ﴿۱۹﴾ الَّذِيْنَ يُوْفُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَ لَا يَنْقُضُوْنَ الْمِيْثَاقَ ۙ﴿۲۰﴾ وَ الَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖۤ اَنْ يُّوْصَلَ وَيَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ وَيَخَافُوْنَ سُوْٓءَ الْحِسَابِ ؕ﴿۲۱﴾ وَالَّذِيْنَ صَبَرُوا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ وَ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَ اَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّ عَلَانِيَةً وَّيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عُقْبَى الدَّارِ ۙ﴿۲۲﴾ جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَ اَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَدْخُلُوْنَ عَلَيْهِمْ مِّنْ كُلِّ بَابٍ ۚ﴿۲۳﴾ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ؕ﴿۲۴﴾ وَ الَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ وَ يَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖۤ اَنْ يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ فِى الْاَرْضِ ۙ اُولٰٓئِكَ لَهُمُ اللَّعْنَةُ وَ لَهُمْ سُوْٓءُ الدَّارِ ﴿۲۵﴾ اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَ يَقْدِرُ ؕ وَفَرِحُوْا بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ؕ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا فِى الْاٰخِرَةِ اِلَّا مَتَاعٌ ﴿۲۶﴾ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ لَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ يُضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِىْٓ اِلَيْهِ مَنْ اَنَابَ ۚ﴿۲۷﴾ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ تَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ؕ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ؕ﴿۲۸﴾ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ طُوْبٰى لَهُمْ وَحُسْنُ مَاٰبٍ ﴿۲۹﴾ (پارہ:13 سورۃ الرعد، آیت نمبر 19-29)

ترجمہ کنزالایمان: تو کیا وہ جانتا ہے جو کچھ (قرآن) تمہاری طرف تمہارے رب کے پاس سے اترا حق ہے (جو اس پر ایمان نہ لائے) وہ اس جیسا ہوگا جو اندھا ہے نصیحت وہی مانتے ہیں جنہیں عقل ہے، وہ جو اللہ کا عہد (عقائد و اعمال سے متعلق) پورا کرتے ہیں اور قول باندھ کر پھرتے (توڑتے) نہیں اور وہ کہ جوڑتے ہیں اسے (رشتے کو) جس کے جوڑنے کا اللہ نے حکم دیا اور اپنے رب سے ڈرتے ہیں اور حساب کی بُرائی (سختی) سے اندیشہ (خوف) رکھتے ہیں اور وہ جنہوں نے صبر کیا اپنے رب کی رضا چاہنے کو اور نماز قائم رکھی اور ہمارے دیئے سے ہماری راہ میں چھپے (چھپ کر) اور ظاہر (علانیہ) کچھ خرچ (صدقہ) کیا اور برائی کے بدلے بھلائی کر کے ٹالتے ہیں انہیں کے لیے پچھلے (آخرت کے) گھر کا نفع (راحت) ہے، بسنے کے

Marfat.com

(جنت کے) باغ جن میں وہ داخل ہوں گے اور جو لائق (صالح مومن) ہوں ان کے باپ دادا اور بیبیوں اور اولاد میں (وہ بھی داخل ہوں گے) اور فرشتے (جنت کے) ہر دروازے سے ان پر یہ کہتے آئیں گے، سلامتی ہو تم پر تمہارے صبر کا بدلہ تو پچھلا (آخرت کا) گھر کیا ہی خوب ملا، اور وہ جو اللہ کا عہد اس کے پکے ہونے کے بعد توڑتے اور جس (رشتے) کے جوڑنے کو اللہ نے فرمایا اسے قطع کرتے (توڑتے) اور زمین میں (کفر کرتے اور) فساد پھیلاتے ہیں ان کا حصہ لعنت ہی ہے اور اُن کا نصیبہ بُرا گھر (دوزخ ہے) اللہ جس کے لیے چاہے رزق کشادہ اور تنگ کرتا ہے، اور کافر دنیا کی زندگی پر اترا گئے (نازاں ہوئے) اور دنیا کی زندگی آخرت کے مقابل (کچھ) نہیں مگر (یہ کہ) کچھ دن برت لینا (فائدہ اٹھالینا)، اور کافر کہتے ان پر کوئی نشانی (معجزہ) ان کے رب کی طرف سے کیوں نہ اتری، تم فرماؤ بیشک اللہ جسے چاہے گمراہ کرتا ہے اور اپنی راہ (ہدایت کی) اسے دیتا ہے جو اس کی طرف رجوع لائے (مائل ہوئے)، وہ جو ایمان لائے اور ان کے دل اللہ کی یاد (ذکر) سے چین پاتے ہیں، سن لو اللہ کی یاد (ذکر) ہی میں دلوں کا چین ہے وہ جو ایمان لائے اور اچھے کام کیے ان کو خوشی (ان کے لیے خوشخبری) ہے اور اچھا انجام۔

ابوجہل کی نت نئی سازشیں

ابوجہل اپنے کفر میں اس قدر ضدی اور ہٹ دھرم تھا کہ اپنے اس اندھے پن کے سبب نہ ہی قرآن پاک کی شان اس سے نظر آئی تھی نہ ہی قرآن پاک کی شان اسے نظر آتی تھی نہ ہی نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ارفع واعلیٰ ذات اسے دکھائی دیتی تھی اسے جب جب موقع ملتا اسلام اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور مسلمانوں کے خلاف باتیں کرتا نت نئی سازشیں کرتا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایذا دینے کا موقع تلاش کرتا رہتا جبکہ دوسری طرف سید الشہدا حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ اپنے نور ایمانی کے سبب ہر جگہ قرآن کریم کی شان اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صفات بیان کرتے رہتے تھے اور وعظ وتبلیغ بھی فرماتے رہا کرتے تھے چنانچہ ان دونوں کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئیں۔ (تفسیر نعیمی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

كَذٰلِكَ اَرْسَلْنٰكَ فِيْٓ اُمَّةٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهَآ اُمَمٌ لِّتَتْلُوَا۟ عَلَيْهِمُ الَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ وَ هُمْ يَكْفُرُوْنَ بِالرَّحْمٰنِ ؕ قُلْ هُوَ رَبِّيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عَلَيْهِ

Marfat.com

تَوَكَّلْتُ وَ اِلَيْهِ مَتَابِ ﴿۳۰﴾ (پارہ:13 سورۃ الرعد، آیت نمبر 30)

ترجمہ کنزالایمان: اسی طرح ہم نے تم کو اس (آخری) امت میں بھیجا جس سے پہلے امتیں ہو گزریں کہ تم انہیں (قرآن) پڑھ کر سناؤ جو ہم نے تمہاری طرف وحی کی اور وہ رحمن کے منکر ہو رہے ہیں تم فرماؤ وہ میرا رب ہے اس کے سوا کسی کی بندگی نہیں میں نے اسی پر بھروسہ کیا اور اسی کی طرف میری رجوع (مجھے لوٹنا) ہے۔

رب عزوجل کے نام پر اعتراض

صلح حدیبیہ کے موقع پر جب صلح نامہ لکھا جانے لگا اور حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا کہ لکھو بسم اللہ الرحمن الرحیم تو سہیل بن عمرو کافر بضد ہوا کہ تم اپنے رب کا نام رحمن ورحیم کیوں لکھتے ہو بلکہ یوں لکھو بسمک اللھم تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی جبکہ ایک دوسری روایت کے مطابق جب سورت الفرقان کی آیت سجدہ نازل ہوئی تو صحابہ نے کفار سے فرمایا کہ رحمن کو سجدہ کرو تو وہ بھڑک اٹھے اور اسلام دشمنی کے سبب کہنے لگے کہ کون رحمن ہم تو نہیں جانتے تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر جلالین تفسیر روح البیان تفسیر روح المعانی تفسیر صاوی)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ اَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰى ؕ بَلْ لِّلّٰهِ الْاَمْرُ جَمِيْعًا ؕ اَفَلَمْ يَايْـَٔسِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ لَّوْ يَشَآءُ اللّٰهُ لَهَدَى النَّاسَ جَمِيْعًا ؕ وَلَا يَزَالُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا تُصِيْبُهُمْ بِمَا صَنَعُوْا قَارِعَةٌ اَوْ تَحُلُّ قَرِيْبًا مِّنْ دَارِهِمْ حَتّٰى يَاْتِيَ وَعْدُ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ﴿۳۱﴾

(پارہ:13 سورۃ الرعد، آیت نمبر 31)

ترجمہ کنزالایمان: اور اگر کوئی ایسا قرآن آتا جس سے پہاڑ ٹل (اپنی جگہ سے ہل) جاتے یا زمین پھٹ جاتی یا مردے باتیں کرتے جب بھی یہ کافر نہ مانتے بلکہ سب کام اللہ ہی کے اختیار میں ہیں تو کیا مسلمان اس سے (کفار کے ایمان لانے سے) ناامید نہ ہوئے کہ اللہ چاہتا تو سب آدمیوں کو ہدایت کر دیتا اور کافروں کو ہمیشہ کے لیے یہ سخت دھمک (ہلا دینے والی مصیبت) پہنچتی رہے گی یا ان کے گھروں کے نزدیک اترے گی یہاں تک کہ اللہ کا وعدہ (عذاب) آئے بیشک اللہ وعدہ خلاف نہیں کرتا۔

Marfat.com

کفار کے منہ مانگے معجزات

جب کفار نے ایمان لانے کی یہ شرط ٹھرائی کہ پہلے ہمارے منہ مانگے معجزات دکھائیں پھر ہم آپ پر ایمان لے آئیں گے بعض صحابہ نے جب کفار کے اس مطالبے کو سنا تو دل میں خواہش ہوئی کہ کسی طرح یہ کفار ایمان لے آئیں چنانچہ بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں ان کے منہ مانگے معجزات دکھانے کی خواہش کا اظہار کیا کہ اسی طرح یہ کفار ایمان لے آئینگے تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی اور انہیں اس خواہش سے روکا گیا۔ (تفسیر نعیمی)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَفَمَنْ هُوَ قَآئِمٌ عَلٰى كُلِّ نَفْسٍۭ بِمَا كَسَبَتْ ؕ وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ ؕ قُلْ سَمُّوْهُمْ ؕ اَمْ تُنَبِّـُٔوْنَهٗ بِمَا لَا يَعْلَمُ فِى الْاَرْضِ اَمْ بِظَاهِرٍ مِّنَ الْقَوْلِ ؕ بَلْ زُيِّنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مَكْرُهُمْ وَصُدُّوْا عَنِ السَّبِيْلِ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿۳۳﴾ لَهُمْ عَذَابٌ فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَشَقُّ ۚ وَمَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ ﴿۳۴﴾ مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِىْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ؕ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ اُكُلُهَا دَآئِمٌ وَّظِلُّهَا ؕ تِلْكَ عُقْبَى الَّذِيْنَ اتَّقَوْا ۖ وَّعُقْبَى الْكٰفِرِيْنَ النَّارُ ﴿۳۵﴾ وَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَفْرَحُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمِنَ الْاَحْزَابِ مَنْ يُّنْكِرُ بَعْضَهٗ ؕ قُلْ اِنَّمَآ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ اللّٰهَ وَلَآ اُشْرِكَ بِهٖ ؕ اِلَيْهِ اَدْعُوْا وَاِلَيْهِ مَاٰبِ ﴿۳۶﴾ وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ حُكْمًا عَرَبِيًّا ؕ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ بَعْدَ مَا جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّلِىٍّ وَّلَا وَاقٍ ﴿۳۷﴾ ع (پارہ:13 سورۃ الرعد، آیت نمبر 33-37)

ترجمہ کنزالایمان: تو کیا وہ (اللہ جو) ہر جان پر اس کے اعمال کی نگہداشت رکھتا ہے اور وہ (کیا ان کی مثل ہوسکتا ہے جنھیں) اللہ کے شریک ٹھہراتے ہیں، تم فرماؤ ان کا نام تو لو (وہ کون ہیں) یا اسے (بتوں کو) وہ (معبود) بتاتے ہو جو اس کے علم میں ساری زمین میں (جن کا وجود ہی) نہیں یا یونہی اوپری (فرضی) بات بلکہ کافروں کی نگاہ میں ان کا فریب اچھا ٹھہرا ہے (کہ خود ہی دھوکہ کھاتے ہیں) اور راہ (ہدایت) سے روکے گئے اور جسے اللہ گمراہ کرے اسے کوئی ہدایت کرنے والا نہیں، انہیں دنیا کے جیتے (ہی میں) عذاب ہوگا (قتل وقید کا) اور بیشک آخرت کا عذاب سب سے سخت اور انہیں اللہ سے بچانے والا کوئی نہیں، احوال اس جنت کا کہ ڈر

Marfat.com

والوں (پرہیزگاروں) کے لیے جس کا وعدہ ہے، اس کے نیچے نہریں بہتی ہیں، اس کے میوے (پھل) ہمیشہ (باقی رہیں) اور اس کا سایہ (کبھی نہ ڈھلے) ڈر والوں (پرہیزگاروں) کا تو یہ (انکا) انجام ہے اور کافروں کا انجام آگ، اور جن (یہود و نصاریٰ) کو ہم نے کتاب (توریت، انجیل) دی وہ اس پر خوش ہوتے (اور ایمان لاتے) جو تمہاری طرف (قرآن) اترا اور ان (یہود و نصاریٰ کے) گروہوں میں کچھ وہ ہیں کہ اس (قرآن) کے بعض (حصوں) سے منکر ہیں (ایمان نہیں لاتے)، تم فرماؤ مجھے تو یہی حکم ہے کہ اللہ کی بندگی کروں اور اس کا شریک نہ ٹھہراؤں، میں اسی کی طرف بلاتا ہوں اور اسی کی طرف مجھے پھرنا (لوٹنا)، اور اسی طرح ہم نے اسے (قرآن کو) عربی میں فیصلہ (قانون بنا کر) اتارا اور اے سننے والے! اگر تو ان (کافروں) کی خواہشوں پر چلے گا (پیروی کرے گا) بعد اس کے کہ تجھے علم آ چکا (کہ اسلام حق ہے) تو اللہ کے آگے نہ تیرا کوئی حمایتی (مددگار) ہوگا نہ (عذاب سے) بچانے والا۔

مکہ میں موجود پہاڑوں کو ہٹانے کا مطالبہ

ایک مرتبہ کفار مکہ نے بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں آ کر عرض کی کہ جس طرح سلیمان علیہ السلام اور موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم کو بہت سے زمینی معجزات دکھائے ایسے ہی آپ بھی مکہ میں موجود پہاڑوں کو ہٹا کر زمین ہموار کر دیں تا کہ یہ میدانی علاقہ بن جائے اور ہم اس میں کھتیاں اگائیں اور زمین سے چشمے نکالیں اس مطالبے پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئیں۔ (تفسیر نعیمی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ لَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ وَ جَعَلْنَا لَهُمْ اَزْوَاجًا وَّ ذُرِّيَّةً ؕ وَ مَا كَانَ لِرَسُوْلٍ اَنْ يَّاْتِيَ بِاٰيَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ لِكُلِّ اَجَلٍ كِتَابٌ ﴿۳۸﴾ (پارہ:13 سورۃ الرعد، آیت نمبر 38)

ترجمہ کنزالایمان: اور بیشک ہم نے تم سے پہلے رسول بھیجے اور ان کے لیے بیبیاں اور بچے کیے اور کسی رسول کا کام نہیں کہ (اپنی مرضی سے) کوئی نشانی (معجزہ) لے آئے مگر اللہ کے حکم سے ہر وعدہ کی ایک لکھت (مقررہ وقت) ہے۔

کفار کا بیہودہ اعتراض

کافروں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر یہ عیب لگایا تھا کہ وہ نکاح کرتے ہیں اگر نبی ہوتے تو دنیا ترک کر دیتے

Marfat.com

بی بی بچے سے کچھ واسطہ نہ رکھتے اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (خزائن العرفان)

سورۂ ابراہیم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓرٰ قف كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۙ بِاِذْنِ رَبِّهِمْ اِلٰى صِرَاطِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ۙ﴿۱﴾ اللّٰهِ الَّذِىْ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِى الْاَرْضِ ؕ وَ وَيْلٌ لِّلْكٰفِرِيْنَ مِنْ عَذَابٍ شَدِيْدِ ۙ﴿۲﴾ الَّذِيْنَ يَسْتَحِبُّوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى الْاٰخِرَةِ وَ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ يَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ؕ اُولٰٓئِكَ فِىْ ضَلٰلٍۢ بَعِيْدٍ ﴿۳﴾ وَمَاۤ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهٖ لِيُبَيِّنَ لَهُمْ ؕ فَيُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ يَّشَآءُ وَ يَهْدِىْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۴﴾ وَ لَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَاۤ اَنْ اَخْرِجْ قَوْمَكَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۙ وَ ذَكِّرْهُمْ بِاَيّٰىمِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ﴿۵﴾ (پارہ:13 سورۃ ابراہیم، آیت نمبر 1-5)

ترجمہ کنزالایمان: (یہ قرآن) ایک کتاب ہے کہ ہم نے تمہاری طرف اتاری کہ تم لوگوں کو (کفر کی) اندھیریوں سے (اسلام کے) اجالے میں لاؤ ان کے رب کے حکم سے اس کی راہ (اسلام) کی طرف جو عزت والا سب خوبیوں والا ہے اللہ کہ اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں اور کافروں کی خرابی (بربادی) ہے ایک سخت عذاب (کی وجہ) سے جنہیں آخرت سے دنیا کی زندگی پیاری ہے اور (لوگوں کو) اللہ کی راہ (اسلام) سے روکتے (رکاوٹ ڈالتے) ہیں اور اس میں کجی (عیب نکالنا) چاہتے ہیں، وہ (ہدایت سے بہت) دور کی گمراہی میں ہیں اور ہم نے ہر رسول اس کی قوم ہی کی زبان میں بھیجا کہ وہ انہیں (احکامِ الٰہی) صاف (کھول کر) بتائے پھر اللہ گمراہ کرتا ہے جسے چاہے اور وہ (ہدایت کی) راہ دکھاتا ہے جسے چاہے، اور وہی عزت وحکمت والا ہے، اور بیشک ہم نے موسیٰ کو اپنی نشانیاں (معجزات) دے کر بھیجا کہ اپنی قوم کو (کفر وگمراہی کی) اندھیریوں سے (نکال کر اسلام کے) اجالے میں لا، اور انہیں اللہ کے دن (نعمتوں کے نزول کے دن) یاد دِلا بیشک اس میں (قدرت کی) نشانیاں ہیں

Marfat.com

ہر بڑے صبر والے شکر گذار کو۔

قرآن کا عربی میں ہونے پر اعتراض

جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قوم کو دعوت اسلام پیش کی اور انہیں بتایا کہ یہ قرآن پاک اللہ تعالیٰ کی نازل کردہ کتاب ہے اور رب کا کلام ہے تو کفار مکہ نے یہودیوں سے سن کر اس بات پر اختلاف کیا کہ ابھی تک کوئی بھی کلام الٰہی عربی زبان میں نازل نہیں ہوا اب یہ عربی کلام کس طرح کلام الٰہی ہوسکتا ہے چنانچہ ان کے جواب میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئیں۔ (تفسیر حسینی وتفسیر نعیمی)

Marfat.com

چودھواں پارہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّ عُيُوْنٍ ﴿۴۵﴾ اُدْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ اٰمِنِيْنَ ﴿۴۶﴾ وَ نَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ اِخْوَانًا عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿۴۷﴾ لَا يَمَسُّهُمْ فِيْهَا نَصَبٌ وَّ مَا هُمْ مِّنْهَا بِمُخْرَجِيْنَ ﴿۴۸﴾ نَبِّئْ عِبَادِيْٓ اَنِّيْٓ اَنَا الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۴۹﴾

(پارہ:14 سورۃ الحجر، آیت نمبر 45-49)

ترجمہ کنزالایمان: بیشک ڈر والے (پرہیز گار جنت کے) باغوں اور چشموں میں ہیں (ان سے کہا جائے گا) ان میں داخل ہو سلامتی کے ساتھ امان میں، (بے خوف ہو کر) اور ہم نے ان کے سینوں میں (ایک دوسرے کے لیے) جو کچھ کینے (رنجشیں تھیں) تھے سب کھینچ لیے (نکال لیے) آپس میں بھائی ہیں تختوں پر روبرو بیٹھے (ہوں گے)، نہ انہیں اس (جنت) میں کچھ تکلیف پہنچے نہ وہ اس (جنت) میں سے نکالے جائیں، خبر دو میرے بندوں کو کہ بیشک میں ہی ہوں بخشنے والا مہربان۔

ڈر والوں کے لئے جنت

ابن ابی حاتم اور علی بن حسین تابعی سے روایت ہے کہ جب سورت حجر کی وہ آیتیں نازل ہوئیں جن میں جہنم کا ذکر ہے تو حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ اور دیگر صحابہ بہت گھبرائے اور تب ان مخلص صحابہ کے لیے یہ آیت کریمہ نازل ہوئیں۔ (تفسیر نعیمی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ اَنَّ عَذَابِيْ هُوَ الْعَذَابُ الْاَلِيْمُ ﴿۵۰﴾ (پارہ:14 سورۃ الحجر، آیت نمبر 50)

ترجمہ کنزالایمان: اور میرا ہی عذاب دردناک عذاب ہے،۔

دنیاوی باتیں

ایک مرتبہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک جگہ سے گزر رہے تھے کچھ لوگ بہت زور زور سے اونچی آواز میں دنیاوی

Marfat.com

باتیں کر رہے تھے اور خوب ہنس رہے تھے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ان کا دنیاوی باتوں پر اس قدر ہنسنا سخت ناگوار خاطر گزرا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انھیں ایسا کرنے سے منع فرمایا تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئیں۔

(تفسیر نعیمی)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِیْمُ ﴿۸۶﴾ وَ لَقَدْ اٰتَیْنٰكَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِیْ وَ الْقُرْاٰنَ الْعَظِیْمَ ﴿۸۷﴾ لَا تَمُدَّنَّ عَیْنَیْكَ اِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖۤ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ وَ لَا تَحْزَنْ عَلَیْهِمْ وَ اخْفِضْ جَنَاحَكَ لِلْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۸۸﴾ وَ قُلْ اِنِّیْۤ اَنَا النَّذِیْرُ الْمُبِیْنُ ﴿۸۹﴾

(پارہ:14 سورۃ الحجر، آیت نمبر 86-89)

ترجمہ کنزالایمان: بیشک تمہارا رب ہی بہت پیدا کرنے والا جاننے والا ہے اور بیشک ہم نے تم کو سات آیتیں (سورہ فاتحہ کی) دیں جو (ہر نماز میں) دہرائی جاتی ہیں اور عظمت والا قرآن، اپنی آنکھ اٹھا کر (بھی) اس چیز (حقیر دنیاوی مال) کو نہ دیکھو جو ہم نے ان (کافروں) کے جوڑوں (گروہوں) کو برتنے (لطف اندوز ہونے) کو دی اور ان (کافروں) کا کچھ غم نہ کھاؤ (کہ یہ ایمان نہیں لاتے) اور مسلمانوں کو اپنی رحمت کے پروں میں لے لو (رحمت و کرم سے نوازو)، اور فرماؤ کہ میں ہی ہوں صاف ڈر سنانے والا (عذاب سے)۔

خدمتِ دین کے لئے مال کی طلب

ایک دفعہ بنی قریظہ اور بنی نضیر عیسائیوں کا مال تجارت میں خوب نفع ہوا اس نفع کے سامان میں بہت سے قیمتی جوہرات بہترین خوشبو جات اور غلہ وغیرہ تھے مساکین صحابہ نے جب اتنے وافر مقدار میں اس بہترین مال کو دیکھا تو خواہش کی کہ کاش اللہ تعالیٰ ہمیں ایسا خوب مال عطا کرے تو ہم اور بڑھ چڑھ کر دین کی خدمت کریں اور ڈھیروں ثواب کمائیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب ان کی اس خواہش کو ملاحظہ فرمایا تو رنجیدہ خاطر ہوئے کہ صحابہ اس دنیاوی سامان اور اس کی چکاچوند سے کیوں متاثر ہوئے تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر صاوی و تفسیر نعیمی)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فَوَرَبِّكَ لَنَسْـَٔلَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۹۲﴾ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۹۳﴾ فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۹۴﴾ اِنَّا كَفَيْنٰكَ الْمُسْتَهْزِءِيْنَ ﴿۹۵﴾ الَّذِيْنَ يَجْعَلُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۚ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿۹۶﴾ وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّكَ يَضِيْقُ صَدْرُكَ بِمَا يَقُوْلُوْنَ ﴿۹۷﴾ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ ﴿۹۸﴾ وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ ﴿۹۹﴾ (پارہ:14 سورۃ الحجر، آیت نمبر 92-99)

ترجمہ کنزالایمان: تو تمہارے رب کی قسم ہم (روزِ قیامت) ضرور ان سب (کافروں) سے پوچھیں گے جو کچھ (اعمال) وہ کرتے تھے، تو اعلانیہ کہہ دو (اعلان کردو) جس بات (دعوتِ اسلام) کا تمہیں حکم ہے اور مشرکوں سے منہ پھیر لو (پرواہ نہ کرو)، بیشک ان ہنسنے (طعنہ زنی کرنے) والوں پر ہم تمہیں کفایت کرتے ہیں (کافی ہیں) جو اللہ کے ساتھ دوسرا معبود ٹھہراتے ہیں تو اب (عنقریب) جان جائیں گے (اپنا انجام)، اور بیشک ہمیں معلوم ہے کہ ان کی باتوں سے تم دل تنگ (ملول) ہوتے ہو تو (اس سے غم سے علاج کے لیے)، اپنے رب کو سراہتے ہوئے اس کی پاکی بولو اور سجدہ والوں میں (نماز میں مشغول) ہو، اور مرتے دم تک اپنے رب کی عبادت میں رہو۔

بارگاہِ رسالت میں بدکلامی کا انجام

کفار مکہ کے تین بڑے سردار عاص بن وائل سود بن مطلب، اسود بن عبد یغوث، حارث بن قیس اور ان چاروں کا سردار ولید بن مغیرہ یہ لوگ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو طرح طرح کی ایذائیں پہنچایا کرتے تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان میں گستاخی کیا کرتے تھے ایک مرتبہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عبادت کیلئے خانہ کعبہ میں تشریف لے گئے تو حسب معمول یہ لوگ بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایذاء دینے کی خاطر وہاں پہنچ گئے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں سخت بدکلامی اور گستاخیاں کرنے لگے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے رب عزوجل سے ان سے نجات کی دعا فرمائی تو حضرت جبرائیل نے آکر سب کو انگلی لگائی جس سے ایک کافر کی آنکھیں ایک کا پاؤں ایک کا ہاتھ ایک کی کمر ایک کا پیٹ خراب ہو گیا اب اسی بیماری میں یہ سب کے سب تڑپ کر مر گئے تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر نعیمی)

Marfat.com

سورۃ النحل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَتٰۤی اَمْرُ اللّٰهِ فَلَا تَسْتَعْجِلُوْهُ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَ تَعٰلٰی عَمَّا یُشْرِكُوْنَ ۝۱

(پارہ:14 سورۃ النحل ،آیت نمبر ۱)

ترجمہ کنزالایمان: اب آتا ہے اللہ کا حکم تو اس کی جلدی نہ کرو، پاکی اور برتری ہے اسے ان شریکوں سے۔

کفار مکہ کی دل لگی

کفار مکہ فخریہ اور دل لگی کے طور پر کہا کرتے تھے کہ وہ عذاب کب آئے گا جس سے آپ ہم کو ڈرایا کرتے ہیں ان کے جواب میں یہ آیت اتری اس میں اللہ کے حکم سے یا تو بدر کے دن کا عذاب مراد ہے جو کفار مکہ پر اترا یا قبر کا عذاب یا قیامت کا یہ چیزیں ہماری نگاہ میں دور ہیں رب تعالیٰ کے نزدیک بالکل قریب ہیں۔ (نور العرفان وخزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِیْمٌ مُّبِیْنٌ ۝۴ (پارہ:14 سورۃ النحل ،آیت نمبر 4)

ترجمہ کنزالایمان: (اس نے) آدمی کو ایک نتھری بوند (نطفہ) سے بنایا تو جبھی (پھر بھی) کھلا (صاف) جھگڑالو ہے۔

دوبارہ زندہ کئے جانے کا انکار

ایک مرتبہ مکے کا ایک کافر ابی بن خلف بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں گستاخانہ و بے ادبانہ انداز میں حاضر ہوا کہ اس کے ہاتھ میں کسی مردہ انسان کی پنڈلی کی ایک ہڈی تھی آکر بولا کہ بھلا یہ کیسے ممکن ہے کے اللہ اس ہڈی کو واپس زندہ کرے چنانچہ اس کے رد میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر نعیمی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ اِذَا قِیْلَ لَهُمْ مَّاذَاۤ اَنْزَلَ رَبُّكُمْ ۙ قَالُوْۤا اَسَاطِیْرُ الْاَوَّلِیْنَ ۝۲۴

(پارہ:14 سورۃ النحل ،آیت نمبر 24)

Marfat.com

ترجمہ کنزالایمان: اور جب ان سے کہا جائے تمہارے رب نے (اپنے رسول پر) کیا اتارا (وہ کفار) کہیں اگلوں (پہلوں) کی (فرضی قصے) کہانیاں ہیں۔

گمراہ کرنے کا انجام

یہ آیت نضر بن حارث کی شان میں نازل ہوئی اس نے بہت سے کہانیاں یاد کر لی تھیں اس لیے جب کوئی قرآن کی نسبت دریافت کرتا تو وہ جاننے کے باوجود کہ قرآن مجید معجزہ اور حق وہدایت سے مملو ہے لوگوں کو گمرہ کرنے کیلئے یہ کہہ دیتا کہ یہ پہلے لوگوں کی کہانیاں ہیں ایسی کہانیاں مجھے بہت یاد ہیں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ لوگوں کو اس طرح گمراہ کرنے کا انجام یہ ہے۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَقِيْلَ لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا مَاذَآ اَنْزَلَ رَبُّكُمْ ؕ قَالُوْا خَيْرًا ؕ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ؕ وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ ؕ وَلَنِعْمَ دَارُ الْمُتَّقِيْنَ ۝۳۰

(پارہ:14 سورۃ النحل، آیت نمبر 30)

ترجمہ کنزالایمان: اور ڈر والوں (پرہیز گاروں) سے کہا گیا تمہارے رب نے (اپنے رسول پر) کیا اتارا، بولے خوبی جنہوں نے اس دنیا میں بھلائی کی (ایمان لائے، نیک اعمال کیے) ان کے لیے بھلائی ہے اور بیشک پچھلا (آخرت کا) گھر سب سے بہتر، اور ضرور کیا ہی اچھا گھر پرہیز گاروں کا۔

بہکانے پر مامور

قبائل عرب ایام حج میں حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تحقیق حال کے لیے مکہ مکرمہ کو قاصد بھیجتے تھے یہ قاصد جب مکہ مکرمہ پہنچتے اور شہر کے کنارے راستوں پر انہیں کفار کے کارندے ملتے (جیسا کہ سابق میں مذکور ہو چکا ہے) ان سے یہ قاصد نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حال دریافت کرتے تو وہ بہکانے پر مامور ہی ہوتے تھے ان میں سے کوئی حضرت کو ساحر کہتا کوئی کاہن اور کوئی شاعر کوئی کاذب کوئی مجنون اور اس کے ساتھ یہ بھی کہ دیتے کہ تم ان سے نہ ملنا یہی تمہارے حق میں بہتر ہے اس پر قاصد کہتے کہ اگر ہم مکہ مکرمہ پہنچ کر بغیر ان سے ملے اپنی قوم کی طرف حاضر ہوں تو ہم برے قاصد ہوں گے اور ایسا کرنا قاصد کے منصبی فرائض کا ترک اور قوم کی خیانت ہوگی ہمیں تحقیق کے لیے بھیجا گیا ہے ہمارا فرض ہے کہ ہم ان کے اپنے اور بیگانوں سب سے ان کے

Marfat.com

حال کی تحقیق کریں اور جو کچھ معلوم ہو اس سے بے کم و کاست قوم کو مطلع کریں اس خیال سے وہ لوگ مکہ مکرمہ میں داخل ہو کر اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بھی ملتے تھے اور ان سے آپ کے حال کی تحقیق کرتے تھے اصحاب کرام انہیں تمام حال بتاتے تھے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حالات و کمالات اور قرآن کریم کے مضامین سے مطلع کرتے تھے ان کا ذکر اس آیت میں فرمایا گیا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ اَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَیْمَانِهِمْ ۙ لَا یَبْعَثُ اللّٰهُ مَنْ یَّمُوْتُ ؕ بَلٰى وَعْدًا عَلَیْهِ حَقًّا وَّ لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ ﴿۳۸﴾ لِیُبَیِّنَ لَهُمُ الَّذِی یَخْتَلِفُوْنَ فِیْهِ وَ لِیَعْلَمَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْۤا اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰذِبِیْنَ ﴿۳۹﴾ (پارہ:14 سورۃ النحل، آیت نمبر 38-39)

ترجمہ کنزالایمان: اور انہوں نے اللہ کی قسم کھائی اپنے حلف میں حد کی کوشش (بڑی شدّومد) سے کہ اللہ مُردے نہ اٹھائے گا (دوبارہ زندہ نہ کرے گا) ہاں کیوں نہیں (ضرور اٹھائے گا) (یہ) سچا وعدہ (پورا کرنا) اس کے ذمہ پر لیکن اکثر لوگ (اس حقیقت کو) نہیں جانتے اس لیے کہ انہیں صاف بتادے جس بات میں (مردوں کو زندہ کیے جانے پر) جھگڑتے تھے اور اس لیے کہ کافر جان لیں کہ وہ جھوٹے تھے جو چیز ہم چاہیں (ارادہ کریں)۔

مرنے کے بعد اٹھنے کا انکار

ایک مشرک ایک مسلمان کا مقروض تھا مسلمان نے مشرک پر تقاضا کیا اور دوران گفتگو میں اس نے اس طرح اللہ کی قسم کھائی کہ اس کی قسم جس سے میں مرنے کے بعد ملنے کی تمنا رکھتا ہوں اس پر مشرک نے کہا کہ کیا تیرا یہ خیال ہے کہ تو مرنے کے بعد اٹھے گا اور مشرک نے قسم کھا کر کہا کہ اللہ مردے نہ اٹھائے گا اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ الَّذِیْنَ هَاجَرُوْا فِی اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا لَنُبَوِّئَنَّهُمْ فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً ؕ وَ لَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوْا یَعْلَمُوْنَ ﴿۴۱﴾ (پارہ:14 سورۃ النحل، آیت نمبر 41)

ترجمہ کنزالایمان: اور جنہوں نے اللہ کی راہ میں (اسکے دین کی خاطر) اپنے گھر بار

Marfat.com

چھوڑے (ہجرت کی) مظلوم ہوکر ضرور ہم انہیں دنیا میں اچھی جگہ دیں گے اور بیشک آخرت کا ثواب بہت بڑا ہے کسی طرح لوگ جانتے۔

دین کی خاطر ہجرت

قتادہ نے کہا کہ یہ آیت اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حق میں نازل ہوئی جن پر اہل مکہ نے بہت ظلم کئے اور انہیں دین کی خاطر وطن چھوڑنا ہی پڑا بعض ان میں سے حبشہ چلے گئے پھر وہاں سے مدینہ طیبہ آئے اور بعض مدینہ شریف ہی کو ہجرت کر گے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ فَسْـَٔلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۴۳﴾ (پارہ:14 سورۃ النحل، آیت نمبر42)

ترجمہ کنزالایمان: اور ہم نے (اے نبی) تم سے پہلے نہ بھیجے (رسول بنا کر) مگر مرد جن کی طرف ہم وحی کرتے، تو اے لوگو! علم والوں سے پوچھو اگر تمہیں علم نہیں۔

نبوت کا انکار

یہ آیت مشرکین مکہ کے جواب میں نازل ہوئی جنہوں نے سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کا انکار کیا تھا کہ اللہ تعالیٰ کی شان اس سے برتر ہے کہ وہ کسی بشر کو رسول بنائے انہیں بتایا گیا کہ سنت الٰہی اسی طرح جاری ہے ہمیشہ اس نے انسانوں میں مردوں ہی کو رسول بنا کر بھیجا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فَلَا تَضْرِبُوْا لِلّٰهِ الْاَمْثَالَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۷۴﴾ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا عَبْدًا مَّمْلُوْكًا لَّا يَقْدِرُ عَلٰى شَىْءٍ وَّمَنْ رَّزَقْنٰهُ مِنَّا رِزْقًا حَسَنًا فَهُوَ يُنْفِقُ مِنْهُ سِرًّا وَّجَهْرًا ؕ هَلْ يَسْتَوٗنَ ؕ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۷۵﴾ وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلَيْنِ اَحَدُهُمَآ اَبْكَمُ لَا يَقْدِرُ عَلٰى شَىْءٍ وَّهُوَ كَلٌّ عَلٰى مَوْلٰىهُ ۙ اَيْنَمَا يُوَجِّهْهُّ لَا يَاْتِ بِخَيْرٍ ؕ هَلْ يَسْتَوِىْ هُوَ ۙ وَمَنْ يَّاْمُرُ بِالْعَدْلِ ۙ وَهُوَ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۷۶﴾ ع (پارہ:14 سورۃ النحل، آیت نمبر74-76)

Marfat.com

ترجمہ کنزالایمان: اور تم نہیں جانتے، اللہ نے ایک کہاوت (مثال) بیان فرمائی ایک بندہ ہے دوسرے کی ملک آپ (خود) کچھ مقدور (اختیار) نہیں رکھتا اور (اسکے مقابلے میں) ایک جسے ہم نے اپنی طرف سے اچھی روزی عطا فرمائی تو وہ اس میں سے (آزادانہ) خرچ کرتا ہے چھپے (خفیہ) اور ظاہر (علانیہ) کیا وہ برابر (ایک جیسے) ہو جائیں گے (ہرگز نہیں) سب خوبیاں اللہ کو ہیں بلکہ ان میں اکثر کو خبر نہیں (کہ وہ شرک میں مبتلا ہیں) اور اللہ نے کہاوت (مثال) بیان فرمائی دو مرد ایک گونگا جو کچھ کام نہیں کر سکتا (نہ اپنی کہہ سکے نہ دوسرے کی سمجھ سکے) اور وہ اپنے آقا پر بوجھ ہے (آقا) جدھر بھیجے کچھ بھلائی نہ لائے (کام پورا نہ کرے)، کیا برابر ہو جائے گا وہ اور وہ جو انصاف کا حکم کرتا ہے اور وہ سیدھی راہ پر ہے۔

دو غلام

ابن جریر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ ایک قریشی کافر مکے میں تھے اس کا غلام مسلمان تھا مگر مجبور تھا اور ایک غلام عثمان غنی کا تھا مگر وہ غلام کافر تھا اسلام کو اچھا نہ جانتا تھا چنانچہ ان حالات پر ان آیات میں کہاوتیں بیان ہوئی۔ (تفسیر نعیمی)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَ اَوْفُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ اِذَا عٰهَدْتُّمْ وَ لَا تَنْقُضُوا الْاَيْمَانَ بَعْدَ تَوْكِيْدِهَا وَ قَدْ جَعَلْتُمُ اللّٰهَ عَلَيْكُمْ كَفِيْلًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ ﴿۹۱﴾ وَ لَا تَكُوْنُوْا كَالَّتِيْ نَقَضَتْ غَزْلَهَا مِنْۢ بَعْدِ قُوَّةٍ اَنْكَاثًا ؕ تَتَّخِذُوْنَ اَيْمَانَكُمْ دَخَلًۢا بَيْنَكُمْ اَنْ تَكُوْنَ اُمَّةٌ هِيَ اَرْبٰى مِنْ اُمَّةٍ ؕ اِنَّمَا يَبْلُوْكُمُ اللّٰهُ بِهٖ ؕ وَ لَيُبَيِّنَنَّ لَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿۹۲﴾ وَ لَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّ لٰكِنْ يُّضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ وَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَ لَتُسْـَٔلُنَّ عَمَّا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۳﴾ وَ لَا تَتَّخِذُوْۤا اَيْمَانَكُمْ دَخَلًۢا بَيْنَكُمْ فَتَزِلَّ قَدَمٌۢ بَعْدَ ثُبُوْتِهَا وَ تَذُوْقُوا السُّوْٓءَ بِمَا صَدَدْتُّمْ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ وَ لَكُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۹۴﴾ وَ لَا تَشْتَرُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيْلًا ؕ اِنَّمَا عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۹۵﴾ (پارہ:14 سورۃ النحل، آیت نمبر 95-91)

Marfat.com

ترجمہ کنزالایمان: اوراللہ کا عہد (ایمان واعمالِ صالحہ کا) پورا کرو جب قول باندھو (وعدہ کرو) اور قسمیں مضبوط کر کے نہ توڑو اور تم اللہ کو (اسکے نام کی قسم کھا کر) اپنے اوپر ضامن (گواہ) کر چکے ہو، بیشک تمہارے کام جانتا ہے، اور (اپنی قسموں کو توڑ کر) اس عورت کی طرح (بیوقوف) نہ ہو جس نے اپنا سُوت مضبوطی کے بعد ریزہ ریزہ کر کے توڑ دیا اپنی قسمیں آپس میں ایک بے اصل بہانہ (دھوکہ دینے کا ذریعہ) بناتے ہو کہ کہیں (تاکہ) ایک گروہ دوسرے گروہ سے زیادہ (فائدہ اٹھانے والا) نہ ہو اللہ تو اس سے تمہیں آزماتا ہے (کون مطیع کون سرکش) اور ضرور تم پر صاف ظاہر کر دے گا قیامت کے دن جس بات میں جھگڑتے (اختلاف کرتے) تھے، اور اللہ چاہتا تو تم کو ایک ہی امت کرتا (ایک ہی دین پر رکھتا) لیکن اللہ گمراہ کرتا ہے جسے چاہے، اور (ہدایت کی) راہ دیتا ہے جسے چاہے، اور ضرور تم سے تمہارے کام (اعمال) پوچھے (بازپرس کیے) جائیں گے، اور اپنی قسمیں آپس میں بے اصل بہانہ (فریب کا ذریعہ) نہ بنالو کہ کہیں کوئی پاؤں (راہِ حق پر) جمنے کے بعد لغزش نہ کرے (پھسل نہ جائے) اور تمہیں برائی (عذاب کی سختی) چکھنی ہو بدلہ اس کا کہ (لوگوں کو) اللہ کی راہ (اسلام) سے روکتے تھے اور تمہیں بڑا عذاب ہو (گا) اور اللہ کے عہد پر تھوڑے دام مول نہ لو (حقیر قیمت کے لیے عہد نہ توڑو) بیشک وہ (اجر و ثواب) جو اللہ کے پاس ہے تمہارے لیے بہتر ہے اگر تم جانتے ہو۔

کفار کی وعدہ خلافیاں

حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کفار سے چند باتوں پر یہ معاہدہ کیا کہ کفار نے قسمیں کھا کر یقین دلایا کہ ہم اس معاہدے پر ثابت قدم رہیں گے اسی طرح کچھ وعدے مسلمانوں نے بھی ان سے کیے مگر مسلمان تو اپنے وعدوں پر قائم رہے مگر کافروں نے اپنے وعدوں کا پاس نہ کیا اپنے وعدے توڑ دیئے اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَاِذَا بَدَّلْنَآ اٰيَةً مَّكَانَ اٰيَةٍ ۙ وَّاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يُنَزِّلُ قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مُفْتَرٍ ۭ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۰۱﴾ (پارہ:14 سورۃ النحل، آیت نمبر 101)

ترجمہ کنزالایمان: اور جب ہم ایک آیت (منسوخ کر کے اس) کی جگہ دوسری آیت

Marfat.com

بدلیں (نازل کریں) اور اللہ خوب جانتا ہے (اسکی حکمت) جو اتارتا ہے کافر کہیں تم تو (یہ آیتیں) دل سے (من گھڑت) بنالاتے ہو بلکہ ان میں اکثر کو (آیات کی تبدیلی کی حکمت کا) علم نہیں۔

مشرکین مکہ کا نسخ پر اعتراض

مشرکین مکہ اپنی جہالت سے نسخ پر اعتراض کرتے تھے اور اس کی حکمتوں سے ناواقف ہونے کے باعث اس کو تمسخر بناتے تھے اور کہتے تھے کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک روز ایک حکم دیتے ہیں اور دوسرے ہی روز اور دوسرا حکم دیتے ہیں اور وہ اپنے دل سے باتیں بناتے ہیں اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ اِنَّمَا يُعَلِّمُهٗ بَشَرٌ ؕ لِسَانُ الَّذِيْ يُلْحِدُوْنَ اِلَيْهِ اَعْجَمِيٌّ وَّهٰذَا لِسَانٌ عَرَبِيٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۱۰۳﴾ (پارہ:14 سورۃ النحل، آیت نمبر 103)

ترجمہ کنزالایمان: اور بیشک ہم جانتے ہیں کہ وہ کہتے ہیں، یہ (قرآن) تو کوئی آدمی (انھیں) سکھاتا ہے، (حالانکہ) جس کی طرف ڈھالتے (نسبت کرتے) ہیں اس کی زبان عجمی ہے اور یہ روشن (فصیح وبلیغ وواضح) عربی زبان (میں ہے)۔

کفار کے قرآن پر بے جا اعتراضات

قرآن مجید کی حلاوت اور اس کے علوم کی نورانیت جب قلوب کی تسخیر کرنے لگی اور کفار نے دیکھا کہ دنیا اس کی گرویدہ ہوئی چلی جاتی ہے اور کوئی تدبیر اسلام کی مخالفت میں کامیاب نہیں ہوتی تو انہوں نے طرح طرح کے افتراء اٹھانے شروع کئے کبھی اس کو سحر بتایا کبھی پہلوں کے قصے اور کہانیاں، کبھی یہ کہا کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ خود ہی بنالیا ہے اور ہر طرح کوشش کی کہ کسی طرح لوگ اس کتاب مقدس کی طرف سے بد گمان ہوں انہیں مکاریوں میں سے ایک مکر یہ بھی تھا کہ انہوں نے ایک عجمی غلام کی نسبت یہ کہا کہ وہ سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سکھاتا ہے اس کے رد میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی اور ارشاد فرمایا گیا کہ ایسی باطل باتیں دنیا میں کون قبول کرسکتا ہے جس غلام کی طرف کفار نسبت کرتے ہیں وہ تو عجمی ہے ایسا کلام بنانا اس کے تو کیا امکان میں ہوتا تمھارے فصحاء وبلغاء جن کی زبان دانی پر اہل عرب کو فخر وناز ہے وہ سب کے سب حیران ہیں اور چند جملے قرآن کی مثل بنانا انہیں محال اور ان کی قدرت سے باہر ہے تو ایک عجمی کی طرف ایسی نسبت کس قدر باطل اور بے شرمی کا فعل ہے خدا کی شان جس غلام کی طرف کفار یہ نسبت کرتے تھے اس کو بھی اس کلام کے اعجاز نے

Marfat.com

تسخیر کیا اور وہ بھی سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حلقہ بگوش طاعت ہو اور صدق و اخلاق کے ساتھ اسلام لایا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ اسْتَحَبُّوا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى الْاٰخِرَةِ ۙ وَلَهُمْ عَذَابُ الْاٰخِرَةِ ۙ وَ اَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۰۷﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَسَمْعِهِمْ وَ اَبْصَارِهِمْ ۚ وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ ﴿۱۰۸﴾ لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۱۰۹﴾ ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ هَاجَرُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا فُتِنُوْا ثُمَّ جٰهَدُوْا وَصَبَرُوْٓا ۙ اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۱۰﴾ ع

(پارہ:14 سورۃ النحل، آیت نمبر 107-110)

ترجمہ کنز الایمان: یہ اس لیے کہ انھوں نے دنیا کی (فانی) زندگی آخرت (کی ہمیشہ کی زندگی) سے پیاری جانی، اور اس لے کہ اللہ (ایسے) کافروں کو (ہدایت کی) راہ نہیں دیتا، یہ ہیں وہ جن کے دل اور کان اور آنکھوں پر اللہ نے مہر کردی (سوچنے سمجھنے کی صلاحیت سلب کرلی) ہے اور وہی (اپنے انجام سے بے خبر) غفلت میں پڑے ہیں، آپ ہی ہوا کہ (ضرور) آخرت میں وہی خراب (عذاب پانے والے ہیں) پھر بے شک تمہارا رب ان کے لیے جنہوں نے اپنے گھر چھوڑے (ہجرت کی) بعد اس کے کہ (کفار کے ہاتھوں) ستائے گئے پھر انہوں نے جہاد کیا اور صابر رہے بیشک تمہارا رب اس (ہجرت، جہاد و صبر) کے بعد ضرور بخشنے والا ہے مہربان (ہے)۔

ایمان پر قلبی استقامت

یہ آیت عمار بن یاسر کے حق میں نازل ہوئی انہیں اور ان کے والد یاسر اور ان کی والدہ سمیہ اور صہیب اور بلال اور خباب اور سالم رضی اللہ عنہ کو پکڑ کر کفار نے سخت سخت ایذائیں دیں تا کہ وہ اسلام سے پھر جائیں لیکن وہ حضرات نہ پھرے تو کفار نے حضرت عمار رضی اللہ عنہ کے والدین کو بہت بے رحمی سے قتل کیا اور عمار ضعیف تھے بھاگ نہیں سکتے تھے انہوں نے مجبور ہو کر جب دیکھا کہ جان پر بن گئی تو بادل ناخواستہ کلمہ کفر تک کا تلفظ کر دیا رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خبر دی گئی کہ عمار کافر ہو گئے ہیں فرمایا ہرگز نہیں عمار سر سے پاؤں تک ایمان سے پر ہیں اور اس کے گوشت اور خون میں ذوق ایمانی سرایت کر گیا ہے پھر حضرت عمار رضی اللہ عنہ روتے ہوئے خدمت اقدس میں حاضر ہوئے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کیا ہوا عمار نے عرض کیا اے خدا کے

Marfat.com

رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بہت ہی برا ہوا اور بہت ہی برے کلمے میری زبان پر جاری ہوئے ارشاد فرمایا اس وقت تیرے دل کا حال کیا تھا عرض کیا دل ایمان پر خوب جما ہوا تھا نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے شفقت و رحمت فرمائی اور فرمایا کہ اگر پھر ایسا اتفاق ہو تو یہی کرنا چاہیے اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (خازن)

مسئلہ آیت سے معلوم ہوا کہ حالت اکراہ میں اگر دل ایمان پر جما ہوا ہو اور کلمہ کفر کا اجرا جائز ہے جبکہ آدمی کو اپنے جان یا کسی عضو کے تلف ہونے کا خوف ہو مسلہ اگر اس حالت میں بھی صبر کرے اور قتل کر ڈالا جائے تو وہ شہید ہوگا جیسا کہ حضرت صہیب رضی اللہ عنہ نے صبر کیا اور سولی پر چڑھا کر شہید کر ڈالے گئے سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں سید الشہداء فرمایا۔ مسئلہ: جس شخص کو مجبور کیا جائے اگر اس کا دل ایمان پر جما ہوا نہ ہو وہ کلمہ کفر زبان پر لانے سے کافر ہو جائے گا مسئلہ: اگر کوئی شخص بغیر مجبوری کے تمسخر یا جہل سے کلمہ کفر زبان پر جاری کرے کافر ہو جائے گا۔ (تفسیر احمدی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا قَرْيَةً كَانَتْ اٰمِنَةً مُّطْمَئِنَّةً يَّاْتِيْهَا رِزْقُهَا رَغَدًا مِّنْ كُلِّ مَكَانٍ فَكَفَرَتْ بِاَنْعُمِ اللّٰهِ فَاَذَاقَهَا اللّٰهُ لِبَاسَ الْجُوْعِ وَ الْخَوْفِ بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ﴿۱۱۲﴾ وَ لَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مِّنْهُمْ فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ وَ هُمْ ظٰلِمُوْنَ (پارہ:14 سورۃ النحل، آیت نمبر 112-113)

ترجمہ کنزالایمان: اور اللہ نے کہاوت (مثال) بیان فرمائی ایک بستی کہ امان و اطمینان سے (آباد) تھی ہر طرف سے اس کی روزی کثرت سے آتی تو وہ اللہ کی نعمتوں کی ناشکری کرنے لگی (اللہ کے نبی پر ایمان نہ لائے) تو اللہ نے اسے یہ سزا چکھائی کہ اسے بھوک (قحط) اور (مسلمانوں کے حملے کا) ڈر کا پہناوا پہنایا (مبتلا کر دیا) بدلہ ان کے کیئے کا، اور بیشک ان کے پاس انہیں میں سے ایک رسول تشریف لایا تو انہوں نے اسے جھٹلایا تو انہیں (بھوک اور خوف کے) عذاب نے پکڑا اور وہ بے انصاف (ظالموں میں سے) تھے۔

بھوک کا عذاب

امام بجلی روایت کرتے ہیں کہ جب کفار مکہ قحط میں مبتلا ہوئے اور ان کے بوڑھے اور بچے بھوک سے مرنے لگے تو وہ گھبرا کر بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہوئے اور عرض گزار ہوئے کہ جو خطائیں ہم سے

Marfat.com

ہوئیں ہم قصوروار ہیں مگر ہمارے قصور کی سزا ہمارے بچے کیوں بھگتیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کیلئے قحط ختم فرما دیجئے چنانچہ تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئیں جس میں بظاہر تو ان کفار مکہ سے خطاب فرمایا گیا مگر درحقیقت سب سے ہی خطاب ہے۔ (تفسیر نعیمی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ كَانَ اُمَّةً قَانِتًا لِّلّٰهِ حَنِيْفًا ؕ وَلَمْ يَكُ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۙ﴿۱۲۰﴾ شَاكِرًا لِّاَنْعُمِهٖ ؕ اِجْتَبٰىهُ وَهَدٰىهُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۱۲۱﴾ (پارہ:14 سورۃ النحل، آیت نمبر 121)

ترجمہ کنزالایمان: بیشک ابراہیم ایک امام تھا (تمام خوبیوں کا جامع) اللہ کا فرمانبردار اور سب سے جدا (دینِ اسلام پر قائم) اور مشرک نہ تھا، اس کے احسانوں پر شکر کرنے والا، اللہ نے اسے (نبوت اور اپنے قربِ خاص کے لیے) چن لیا اور اسے (ہدایت کی) سیدھی راہ دکھائی۔

مشرکین مکہ کی غلط بیانیاں

مشرکین مکہ یہودیوں سے سن کر حضرت ابراھیم علیہ السلام کے متعلق غلط باتیں کیا کرتے تھے چنانچہ ان کی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئیں۔ (تفسیر نعیمی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَاِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوْا بِمِثْلِ مَا عُوْقِبْتُمْ بِهٖ ؕ وَلَئِنْ صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَيْرٌ لِّلصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۲۶﴾ (پارہ:14 سورۃ النحل، آیت نمبر 126)

ترجمہ کنزالایمان: اور اگر تم سزا دو تو ایسی ہی سزا دو جیسی تمہیں تکلیف پہنچائی تھی (اس سے زیادہ نہیں) اور اگر تم صبر کرو (انتقام نہ لو) تو بیشک صبر والوں کو صبر سب سے اچھا۔

کفارِ مکہ کی وحشیانہ بربریت

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا گیا ہے کہ غزوہ احد کے موقع پر کفار نے مکہ کے مسلمانوں کو شہید کیا ان کے چہروں کو مثلہ کیا انکے پیٹ چاک کئے بالخصوص سید شہداء حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کا تو نہایت وحشیانہ و بے دردی کے ساتھ مثلہ گیا جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کی نعش

Marfat.com

مبارک کو ملاحظہ فرمایا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سخت صدمہ ہوا اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قسم کھائی کے ان کے بدلے ستر کفار کو قتل کیا جائے گا اور ان کا بھی اس طرح مثلہ کیا جائے گا چنانچہ اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی مگر ابن حصار کی روایت کے مطابق آخری تین آیات تین بار نازل ہوئیں ایک مرتبہ مکہ مکرمہ میں ہجرت سے قبل مسلمانوں کو ایذاء دینے والے کفار کے متعلق دوسری مرتبہ غزوہ احد کے موقع پر مسلمانوں کے مثلہ کرنے کے واقعہ کے متعلق اور تیسری مرتبہ فتح مکہ کے دن۔ (تفسیر نعیمی)

Marfat.com

پندرھواں پارہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سُبْحٰنَ الَّذِیْٓ اَسْرٰی بِعَبْدِہٖ لَیْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَی الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا الَّذِیْ بٰرَکْنَا حَوْلَہٗ لِنُرِیَہٗ مِنْ اٰیٰتِنَا ؕ اِنَّہٗ ھُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ ①

(پارہ:15 سورۃ بنی اسرائیل، آیت نمبر 1)

ترجمہ کنزالایمان: پاکی ہے اسے (ہر نقص وعیب سے) جو اپنے (خاص) بندے کو، راتوں رات لے گیا مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک جس کے گرداگرد ہم نے (دینی ودنیاوی) برکت رکھی کہ ہم اسے اپنی عظیم (قدرت کی) نشانیاں دکھائیں، بیشک وہ سنتا دیکھتا ہے۔

شبِ معراج، درجات ومراتبِ رفیعہ کا ظہور

جب سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم شب معراج درجات عالیہ ومراتب رفیعہ عطا ہوئے تو رب عزوجل نے فرمایا اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) یہ فضیلت وشرف میں نے تمہیں کیوں عطا فرمایا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے عرض کیا اسلئے کہ تو نے مجھے عبدیت کے ساتھ اپنی طرف منسوب فرمایا اس پر یہ آیت مبارکہ نازل ہوئی۔

(تفسیر خازن)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ اِمَّا تُعْرِضَنَّ عَنْھُمُ ابْتِغَآءَ رَحْمَۃٍ مِّنْ رَّبِّکَ تَرْجُوْھَا فَقُلْ لَّھُمْ قَوْلًا مَّیْسُوْرًا ㉘

(پارہ:15 سورۃ بنی اسرائیل، آیت نمبر 28)

ترجمہ کنزالایمان: اور اگر تو (تنگدستی کی وجہ سے) ان سے منہ پھیرے (اور تو) اپنے رب کی رحمت کے انتظار میں (ہے) جس کی تجھے امید ہے تو ان سے آسان (نرمی سے) بات کہہ۔

رب کی رحمت کا انتظار

حضرت بلال، صہیب، سالم وخباب رضی اللہ عنہم وغیرھم فقہاء صحابہ کرام کبھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے

Marfat.com

کچھ ضروریات کے لئے سوال کرتے تھے اگر کبھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کچھ نہ ہوتا تو سرکار صلی اللہ علیہ وسلم خاموشی اختیار فرماتے اسکے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر نور العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَلَا تَجْعَلْ يَدَكَ مَغْلُوْلَةً اِلٰى عُنُقِكَ وَلَا تَبْسُطْهَا كُلَّ الْبَسْطِ فَتَقْعُدَ مَلُوْمًا مَّحْسُوْرًا ﴿۲۹﴾ (پارہ:15 سورۃ بنی اسرائیل، آیت نمبر29)

ترجمہ کنزالایمان: اور اپنا ہاتھ اپنی گردن سے بندھا ہوا نہ رکھ (کہ بالکل خرچ نہ کرے) اور نہ پورا کھول دے (نہ پورا ہی خرچ کر ڈال) کہ تو بیٹھ رہے ملامت کیا ہوا (کہ کنجوسی کے سبب لوگ طعنے دیں) تھکا ہوا۔

رحمت عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا جود و کرم

ایک مسلمان بی بی کے سامنے ایک یہودیہ نے حضرت موسیٰ علیہ سلام کی سخاوت کا بیان کیا اس میں حد تک مبالغہ کیا کہ حضرت سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم پر ترجیح دے دی اور کیا کہ حضرت موسیٰ علیہ سلام کی سخاوت اس انتہا پر پہنچی ہوئی تھی کہ آپ اپنی ضروریات کے علاوہ جو کچھ بھی ان کے پاس ہوتا سائل کو دے دینے سے دریغ نہ فرماتے یہ بات مسلمان بی بی کو ناگوار گزری اور انہوں نے کہا کہ انبیاء علیہم السلام سب صاحب فضل و کمال ہیں حضرت موسیٰ علیہ سلام کے جود و نوال میں بھی کچھ شبہہ نہیں لیکن سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا مرتبہ سب سے اعلیٰ ہے اور یہ کہہ کر انہوں نے چاہا کہ یہودیہ کو حضرت سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے جود و کرم کی آزمائش کرادی جائے چنانچہ انہوں نے اپنی چھوٹی بچی کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بھیجا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے قمیض مانگ لائے اس وقت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک ہی قمیض تبھی جو زیب تن تھی وہی اتار کر عطا فرمادی آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے دولت سرائے اقداس میں تشریف لے آئے اور شرم سے باہر تشریف نہ لائے یہاں تک کہ اذان کا وقت ہو گیا اذان ہوئی صحابہ نے انتظار کیا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم تشریف نہ لائے تو سب کو فکر ہوئی حال معلوم کرنے کے لئے دولت سرائے اقدس میں حاضر ہوئے تو دیکھا کہ جسم مبارک پر قمیض نہیں ہے اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ اِمْلَاقٍ ؕ نَحْنُ نَرْزُقُهُمْ وَاِيَّاكُمْ ؕ اِنَّ قَتْلَهُمْ كَانَ خِطْاً كَبِيْرًا ﴿۳۱﴾ (پارہ:15 سورۃ بنی اسرائیل، آیت نمبر31)

ترجمہ کنزالایمان: اور اپنی اولاد کو قتل نہ کرو مفلسی کے ڈر سے ہم انہیں بھی رزق دیں گے اور تمہیں بھی، بیشک ان کا قتل بڑی خطا ہے۔

اولاد کا قتل

اہلِ عرب اپنی چھوٹی بچیوں کو زندہ گاڑ دیتے تھے امیر تو اسلئے کہ کوئی ہمارا داماد نہ بنے اور ہماری مونچھ نیچی نہ ہو اور غریب و مفلس اسلئے کہ ہم انھیں شادی میں جہیز کہاں سے دینگے چنانچہ انھیں اس حرکت سے روکنے کے لئے یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر نورالعرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَفَاَصْفٰىكُمْ رَبُّكُمْ بِالْبَنِيْنَ وَاتَّخَذَ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ اِنَاثًا ؕ اِنَّكُمْ لَتَقُوْلُوْنَ قَوْلًا عَظِيْمًا ﴿۴۰﴾ (پارہ:15 سورۃ بنی اسرائیل، آیت نمبر40)

ترجمہ کنزالایمان: کیا تمہارے رب نے تم کو (تمھارے لیے) بیٹے چن دیے (پسند کئے) اور اپنے لیے فرشتوں سے بیٹیاں بنائیں بیشک تم بڑا بول (بے ادبی و گستاخی کا) بولتے ہو۔

مشرکینِ عرب کی بدعقیدگی

مشرکین عرب فرشتوں کو اللہ عزوجل کی لڑکیاں بتاتے تھے چنانچہ انکی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر نورالعرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ اِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا بَيْنَكَ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ حِجَابًا مَّسْتُوْرًا ۙ﴿۴۵﴾ (پارہ:15 سورۃ بنی اسرائیل، آیت نمبر45)

ترجمہ کنزالایمان: اور اے محبوب! تم نے قرآن پڑھا (تھا) ہم نے تم پر (تمھارے) اور ان میں (انکے درمیان) کہ (جو) آخرت پر ایمان نہیں لاتے ایک چھپا ہوا پردہ (حائل) کر دیا۔

Marfat.com

فرشتہ حائل

جب آیت تبت یدا نازل ہوئی تو ابولہب کی عورت پتھر لے کر آئی حضور صلی اللہ علیہ وسلم مع حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے تشریف رکھتے تھے اس نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو نہ دیکھا اور حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے کہنے لگی تمہارے آقا کہاں ہیں مجھے معلوم ہوا انہوں نے میری ہجو کی ہے حضرت صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا وہ شعر گوئی نہیں کرتے تو وہ یہ کہتی ہوئی واپس ہوئی کہ میں (معاذ اللہ) ان کا سر کچلنے کے لئے یہ پتھر لائی تھی حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا نہیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے اور اسکے درمیان ایک فرشتہ حائل رہا چنانچہ اس واقعہ کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَقُلْ لِّعِبَادِیْ یَقُوْلُوا الَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ ؕ اِنَّ الشَّیْطٰنَ یَنْزَغُ بَیْنَهُمْ ؕ اِنَّ الشَّیْطٰنَ كَانَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوًّا مُّبِیْنًا ﴿۵۳﴾ (پارہ:15 سورۃ بنی اسرائیل، آیت نمبر 53)

ترجمہ کنزالایمان: اور (اے محبوب) میرے (مومن) بندوں سے فرماؤ (انھیں حکم دو) وہ (کافروں سے وہ) بات کہیں جو سب سے اچھی (رشد و ہدایت پر مبنی) ہو بیشک شیطان ان کے آپس میں فساد ڈالتا ہے، بیشک شیطان آدمی کا کھلا دشمن ہے۔

مشرکینِ مکہ کی بدکلامیاں اور ایذاء رسانیاں

مشرکین مسلمانوں کے ساتھ بدکلامیاں کرتے اور انھیں ایذائیں دیتے تھے انہوں نے سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسکی شکایت کی تو اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ ایک روایت کے مطابق یہ آیت حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے حق میں نازل ہوئی ایک کافر نے انکی شان میں بیہودہ کلمہ زبان سے نکالا تھا اللہ تعالیٰ نے انھیں صبر کرنے اور معاف فرمانے کا حکم دیا۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلِ ادْعُوا الَّذِیْنَ زَعَمْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ فَلَا یَمْلِكُوْنَ كَشْفَ الضُّرِّ عَنْكُمْ وَلَا تَحْوِیْلًا ﴿۵۶﴾ (پارہ:15 سورۃ بنی اسرائیل، آیت نمبر 56)

Marfat.com

ترجمہ کنزالایمان: تم فرماؤ پکارو انہیں جن کو اللہ کے سوا (اپنا معبود) گمان کرتے ہو تو وہ (بت وغیرہ) اختیار نہیں رکھتے تم سے تکلیف دو کرنے اور نہ پھیر دینے (اسے بدلنے) کا۔

شدید قحط سالی

کفار جب قحط شدید میں مبتلا ہوئے اور نوبت یہاں تک پہنچی کہ کتے اور مردار تک کھا گئے پھر سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے دعا کی التجاء کی تو اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ يَبْتَغُوْنَ اِلٰى رَبِّهِمُ الْوَسِيْلَةَ اَيُّهُمْ اَقْرَبُ وَيَرْجُوْنَ رَحْمَتَهٗ وَيَخَافُوْنَ عَذَابَهٗ ؕ اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ كَانَ مَحْذُوْرًا ۝۵۷

(پارہ:15 سورۃ بنی اسرائیل، آیت نمبر 57)

ترجمہ کنزالایمان: وہ مقبول بندے جنہیں یہ کافر پوجتے ہیں وہ آپ ہی اپنے رب کی طرف وسیلہ ڈھونڈتے ہیں کہ ان میں کون زیادہ مقرب ہے اس کی رحمت کی امید (بھی) رکھتے اور اس کے عذاب سے (بھی) ڈرتے ہیں بیشک تمہارے رب کا عذاب ڈر کی چیز ہے۔

شیطان کی پوجا

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا یہ آیت کریمہ ایک جماعت عرب کے حق میں نازل ہوئی جو جنات کے ایک گروہ کو پوجتے تھے وہ جنات اسلام لے آئے اور انکے پوجنے والوں کو خبر نہ ہوئی اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی اور انھیں یاد دلائی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَمَا مَنَعَنَاۤ اَنْ نُّرْسِلَ بِالْاٰيٰتِ اِلَّاۤ اَنْ كَذَّبَ بِهَا الْاَوَّلُوْنَ ؕ وَاٰتَيْنَا ثَمُوْدَ النَّاقَةَ مُبْصِرَةً فَظَلَمُوْا بِهَا ؕ وَمَا نُرْسِلُ بِالْاٰيٰتِ اِلَّا تَخْوِيْفًا ۝۵۹

(پارہ:15 سورۃ بنی اسرائیل، آیت نمبر 59)

ترجمہ کنزالایمان: اور ہم ایسی نشانیاں (کفار کے منہ مانگے معجزات) بھیجنے سے یوں ہی (اس لیے) باز رہے (رکے رہے) کہ انہیں (منہ مانگے معجزات کو) اگلوں نے (پہلوں نے

Marfat.com

بھی) جھٹلایا اور ہم نے (قومِ) ثمود کو (انکے مطالبے پر) ناقہ دیا آنکھیں کھولنے کو (کہ حق واضح ہوجائے) تو انہوں نے اس پر ظلم کیا اور (ایمان نہ لائے) ہم ایسی (واضح) نشانیاں نہیں بھیجتے مگر (عذاب سے) ڈرانے کو۔

کفارِ مکہ کے مطالبوں کا ردّ

کفار مکہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا تھا کہ اگر آپ سچے نبی ہیں تو صفا پہاڑ کو سونے کا بنادیں اور پہاڑوں کو مکہ معظّمہ کی زمین سے ہٹادیں وحی الٰہی آئی کہ اگر چاہیں تو ہم انکے یہ مطالبے پورے کردیں لیکن اگر یہ پھر بھی ایمان نہ لائے تو ہلاک کردیئے جائیں گے اور اگر آپ چاہیں تو ابھی انکو باقی رکھا جائے مگر انکے یہ مطالبے پورے نہ کئے جائیں اس موقعہ یہ آیت کریمہ اتری۔ (تفسیر نور العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ اِنْ كَادُوْا لَیَفْتِنُوْنَكَ عَنِ الَّذِیْۤ اَوْحَیْنَاۤ اِلَیْكَ لِتَفْتَرِیَ عَلَیْنَا غَیْرَهٗ ۫ وَ اِذًا لَّاتَّخَذُوْكَ خَلِیْلًا ﴿۷۳﴾ (پارہ:15 سورۃ بنی اسرائیل، آیت نمبر 73)

ترجمہ کنزالایمان: اور بھی زیادہ گمراہ، اور وہ تو قریب تھا (انہوں نے ارادہ کرلیا تھا) کہ تمہیں کچھ لغزش (فریب) دیتے ہماری وحی سے جو ہم نے تم کو (بذریعہ قرآن) بھیجی کہ تم (ان کے ایمان لے آنے کی خواہش میں) ہماری طرف کچھ اور (اپنے حکم کی) نسبت کردو (جو وحی کے خلاف ہو)۔

بارگاہِ نبوت میں تین مطالبات

ثقیف کا ایک وفد سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آکر کہنے لگا کہ اگر آپ تین باتیں منظور کرلیں تو ہم آپ کی بیعت کرلیں ایک تو یہ کہ نماز میں جھکیں گے نہیں یعنی رکوع اور سجدہ نہ کریں گے دوسری یہ کہ ہم اپنے بت اپنے ہاتھوں سے نہ توڑیں گے تیسرے یہ کہ لات کو پوجیں گے تو نہیں مگر ایک سال اس سے نفع اٹھالیں کہ اس کے پوجنے والے جو نذریں چڑھاوے لائیں اس کو وصول کرلیں سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس دین میں کچھ بھلائی نہیں جس میں رکوع سجدہ نہ ہو اور بتوں کے توڑنے کی بابت تمہاری مرضی اور لات وعزی سے فائدہ اٹھانے کی اجازت میں ہرگز نہ دوں گا وہ کہنے لگے یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) ہم چاہتے یہ ہے کہ آپ کی طرف سے ہمیں ایسا اعزاز ملے جو دوسروں کو نہ ملا ہو تا کہ ہم فخر کرسکیں اس میں اگر آپ کو اندیشہ

Marfat.com

ہو کہ عرب شکایت کریں گے تو آپ ان سے کہہ دیجئے گا کہ اللہ کا حکم ہی ایسا تھا اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ اِنْ كَادُوْا لَيَسْتَفِزُّوْنَكَ مِنَ الْاَرْضِ لِيُخْرِجُوْكَ مِنْهَا وَ اِذًا لَّا يَلْبَثُوْنَ خِلٰفَكَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۷۶﴾ (پارہ:15 سورۃ بنی اسرائیل، آیت نمبر 76)

ترجمہ کنزالایمان: اور بیشک قریب تھا (انہوں نے ارادہ کرلیا) کہ وہ تمہیں اس زمین (جزیرۂ عرب) سے ڈگادیں (کھسکادیں) کہ تمہیں (پریشان کرکے) اس سے باہر کردیں (نکال دیں) اور ایسا ہوتا تو وہ تمہارے پیچھے (تمہارے بعد دنیا میں) نہ ٹھہرتے۔

مشرکینِ عرب کی نامرادی

عرب کے مشرکین نے مل کر ارادہ کیا کہ سب مل کر سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو سرزمین عرب سے باہر کریں لیکن اللہ عزوجل نے ان کا یہ اندازہ پورا نہ ہونے دیا اور انکی یہ مراد پوری نہ ہوئی اس واقعہ کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خازن)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَ الْجِنُّ عَلٰۤى اَنْ يَّاْتُوْا بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا يَاْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ وَ لَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِيْرًا ﴿۸۸﴾ (پارہ:15 سورۃ بنی اسرائیل، آیت نمبر 88)

ترجمہ کنزالایمان: تم فرماؤ اگر آدمی اور جن سب اس بات پر متفق (متحد) ہو جائیں کہ اس قرآن کی مانند (بنا کر) لے آئیں تو اس کا مثل نہ لاسکیں گے اگرچہ ان میں ایک دوسرے کا مددگار ہو۔

قرآن کی مثل

مشرکین نے کہا تھا کہ ہم چاہیں تو اس قرآن کی مثل بنالیں اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی اور اللہ عزوجل نے انکی تکذیب فرمائی۔ (روح البیان)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَقَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى تَفْجُرَ لَنَا مِنَ الْاَرْضِ يَنْۢبُوْعًا ﴿۹۰﴾

(پارہ:15 سورۃ بنی اسرائیل، آیت نمبر 90)

ترجمہ کنزالایمان: اور بولے کہ ہم تم پر ہرگز ایمان نہ لائیں گے یہاں تک کہ تم ہمارے لیے زمین سے کوئی چشمہ بہادو۔

کفارِ قریش کی ضد اور عناد

جب قرآن کریم کا اعجاز خوب ظاہر ہو چکا اور معجزات واضحات نے حجت قائم کردی اور کفار کے لئے کوئی جائے عذر باقی نہ رہی تو وہ لوگوں کو مغالطہ میں ڈالنے کے لئے طرح طرح کی نشانیاں طلب کرنے لگے اور انہوں نے کہہ دیا کہ ہم ہرگز آپ پر ایمان نہ لائیں گے مروی ہے کہ کفار قریش کے سردار کعبہ معظّمہ میں جمع ہوئے اور انہوں نے سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو بلوایا حضور تشریف لائے تو انہوں نے کہا کہ ہم نے آپ کو اس لئے بلایا ہے کہ آج گفتگو کر کے آپ سے معاملہ طے کرلیں تا کہ ہم پھر آپ کے حق میں معذور سمجھے جائیں عرب میں کوئی آدمی ایسا نہیں ہوا جس نے اپنی قوم پر وہ شدائد کئے ہوں جو آپ نے کہے ہیں آپ نے ہمارے باپ اور دادا کو برا کہا ہمارے دین کو عیب لگائے ہمارے دانش مندوں کو کم عقل ٹھہرایا معبودوں کی توہین کی جماعت متفرق کردی کوئی برائی اٹھا نہ رکھی اس سے تمہاری غرض کیا ہے اگر تم مال چاہتے ہو تو ہم تمہارے لئے اتنا مال جمع کردیں کہ ہماری قوم میں تم سب سے زیادہ مالدار ہو جاؤ اگر اعزاز چاہتے ہو تو تمہیں اپنا سردار بنالیں اگر ملک وسلطنت چاہتے ہو تو ہم تمہیں بادشاہ تسلیم کرلیں یہ سب باتیں کرنے کے لئے ہم تیار ہیں اور اگر تمہیں کوئی دماغی بیماری ہوگئی ہے یا کوئی خلش ہوگیا ہے تو ہم تمہارا علاج کریں اور اس میں جس قدر خرچ ہو اٹھائیں سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ان میں سے کوئی بات نہیں اور میں مال وسلطنت وسرداری کسی چیز کا طلب گار نہیں واقعہ صرف اتنا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے رسول بنا کر بھیجا ہے اور مجھ پر اپنی کتاب نازل فرمائی اور حکم دیا کہ میں تمہیں اس کے ماننے پر اللہ کی رضا اور نعمت آخرت کی بشارت دوں اور انکار کرنے پر عذاب الٰہی کا خوف دلاؤں میں نے تمہیں اپنے رب کا پیام پہنچایا اگر تم اسے قبول کرو تو یہ تمہارے لئے دنیا و آخرت کی خوشی نصیبی ہے اور نہ مانو تو میں صبر کروں گا اللہ کے فیصلہ کا انتظار کروں گا اس پر ان لوگوں نے کہا کہ اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اگر آپ ہمارے معروضات کو قبول نہیں کرتے ہیں تو ان پہاڑوں کو ہٹا دیجئے اور میدان صاف نکال دیجئے اور نہریں جاری کردیجئے اور ہمارے مرے ہوئے باپ دادا کو زندہ کردیجئے ہم ان

Marfat.com

سے پوچھ دیکھیں کہ آپ جو فرماتے ہیں کیا یہ سچ ہے اگر وہ کہہ دیں گے تو ہم مان لیں گے حضور نے فرمایا میں ان باتوں کے لئے نہیں بھیجا گیا جو پہنچانے کے لئے میں بھیجا گیا ہو وہ میں نے پہنچا دیا اگر تم مانو تمہارا نصیب نہ مانو تو میں خدائی فیصلہ کا انتظار کروں گا کفار نے کہا پھر آپ اپنے رب سے عرض کر کے ایک فرشتے بلوا لیجئے جو آپ کی تصدیق کرے اور اپنے لئے باغ اور محل اور سونے چاندی کے خزانے طلب کیجئے فرمایا میں اس لئے نہیں بھیجا گیا میں بشیر و ندیز بنا کر بھیجا گیا ہوں اس پر کہنے لگے تو ہم پر آسمان گرا دیجئے اور بعضے ان میں سے یہ بولے کہ ہم ہرگز ایمان نہ لائیں گے جب تک آپ اللہ کو اور فرشتوں کو ہمارے سامنے نہ لائیں گے اس پر سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی مجلس سے اٹھ آئے اور عبداللہ بن امیہ آپ کے ساتھ اٹھا اور آپ سے کہنے لگا خدا کی قسم میں کبھی آپ پر ایمان نہ لاؤں گا جب تک تم سیڑھی لگا کر آسمان پر نہ چڑھو اور میری نظروں کے سامنے وہاں سے ایک کتاب اور فرشتوں کی ایک جماعت لے کر نہ آؤ اور خدا کی قسم اگر یہ بھی کرو تو میں سمجھتا ہوں کہ پھر بھی نہ مانوں گا رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب دیکھا کہ یہ لوگ اس قدر ضد اور عناد میں ہیں اور ان کی حق دشمنی حد سے گزر گئی ہے تو آپ کو ان کی حالت پر رنج ہوا اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ؕ اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۚ

(پارہ:15 سورۃ بنی اسرائیل، آیت نمبر 110)

ترجمہ کنزالایمان: تم فرماؤ اللہ کہہ کر پکارو یا رحمان کہہ کر، جو کہہ کر پکارو سب اسی کے اچھے نام ہیں۔

ابوجہل کی دروغ گوئی

حضرت عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا ایک شب سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے طویل سجدہ کیا اور اپنے سجدہ میں یا اللہ یا رحمن فرماتے رہے ابوجہل نے سنا تو کہنے لگا کہ محمد (مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم) ہمیں تو کئی معبودوں کو پوجنے سے منع کرتے ہیں اور اپنے آپ دو کو پکارتے ہیں اللہ اور رحمن کو جواب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر خزائن العرفان)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ﴿۱۱۰﴾

(پارہ:15 سورۃ بنی اسرائیل، آیت نمبر 110)

ترجمہ کنزالایمان: اور اپنی نماز نہ بہت آواز سے پڑھو نہ بالکل آہستہ اور (بلکہ) ان دنوں کے بیچ میں راستہ چاہو (متوسط آواز سے پڑھو)۔

مشرکین کی گستاخیاں

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ مکرمہ میں جب اپنے اصحاب کی امامت فرماتے تو قرات بلند آواز سے فرماتے مشرکین سنتے تو قرآن پاک کو اور اسکے نازل فرمانے والے رب عزوجل کو اور جن پر نازل ہوا یعنی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ان سب کو (معاذ اللہ) گالیاں دیتے چنانچہ اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔

(تفسیر خزائن العرفان)

سورۃ الکہف

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ وَاذْكُرْ رَّبَّكَ اِذَا نَسِيْتَ وَقُلْ عَسٰٓى اَنْ يَّهْدِيَنِ رَبِّيْ لِاَقْرَبَ مِنْ هٰذَا رَشَدًا ﴿۲۴﴾ (پارہ:15 سورۃ کہف، آیت نمبر 24)

ترجمہ کنزالایمان: مگر یہ کہ (ساتھ یہ بھی کہو) اللہ چاہے اور اپنے رب کی یاد کر جب تو بھول جائے اور یوں کہو کہ قریب ہے (امید ہے کہ) میرا رب مجھے اس (واقعہ کہف) سے نزدیک تو (ایسے معجزات عطا فرمائے جو) راستی کی راہ دکھائے (جو ہدایت کا ذریعہ بن جائے۔

نزولِ وحی میں تاخیر

اہل مکہ نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے جب اصحاب کہف کا حال دریافت کیا تھا تو حضور صلی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کل بتاؤں گا اور انشاء اللہ نہیں فرمایا تھا تو کئی روز وحی نہیں آئی پھر یہ آیت نازل ہوئی۔

(تفسیر خزائن العرفان)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَ الْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ وَلَا تَعْدُ عَيْنٰكَ عَنْهُمْ ۚ تُرِيْدُ زِيْنَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا قَلْبَهٗ عَنْ ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ وَ كَانَ اَمْرُهٗ فُرُطًا ۝ (پارہ:15 سورۃ کہف، آیت نمبر2)

ترجمہ کنزالایمان: اور اپنی جان (خود کو) ان سے مانوس (قریب) رکھو جو صبح و شام اپنے رب کو پکارتے ہیں اس کی رضا چاہتے ہیں اور تمہاری آنکھیں (نگاہیں) انہیں چھوڑ کر (ان سے ہٹ کر کسی) اور پر نہ پڑیں کیا تم دنیا کی زندگانی کا سنگھار (زینت) چاہو گے، اور اس کا کہا نہ مانو جس کا دل ہم نے اپنی یاد سے غافل کر دیا اور وہ اپنی خواہش کے پیچھے چلا اور اس کا کام (معاملہ) حد سے گزر گیا (ہدایت سے دور ہو گیا)۔

سردارانِ قریش کا تکبر

سرداران قریش نے عرض کیا تھا کہ ہم اسلام تو قبول کر لیں گے لیکن ان افقراء و مساکین مسلمانوں کے ساتھ بیٹھے اٹھتے ہم کو شرم آتی ہے اگر آپ ان غریبوں کو اپنی مجلس سے علیحدہ کر دیں صرف ہم ہی نہیں بلکہ بہت خلقت ایمان قبول کر لے گی اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر نور العرفان)

Marfat.com

سولھواں پارہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّیْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّیْ وَ لَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا ﴿۱۰۹﴾ (پارہ:16 سورۃ کہف، آیت نمبر109)

ترجمہ کنزالایمان: تم فرمادو اگر سمندر میرے رب کی باتوں (کلمات) کے لیے، سیاہی ہو (جائے) تو ضرور سمندر ختم ہو جائے گا اور میرے رب کی باتیں ختم نہ ہوں گی اگرچہ (چاہے) ہم ویسا ہی اور (سیاہی کا سمندر) اس کی مدد کو لے آئیں۔

یہود کا آیاتِ قرآنی پر اعتراض

ایک بار یہود نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا کہ آپ کے قرآن کی دو آیتیں آپس میں متقابل ہیں ایک جگہ ہے کہ تمھیں تھوڑا علم دیا گیا دوسری جگہ ہے کہ جسے حکمت دی اسے بہت خیر دی گئی ہم کو تو حکمت دی گئی پھر ہمیں تھوڑا سا علم کیسے ملا اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر نورالعرفان)

سورۂ مریم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ یَقُوْلُ الْاِنْسَانُ ءَاِذَا مَا مِتُّ لَسَوْفَ اُخْرَجُ حَیًّا ﴿۶۶﴾ (پارہ:16 سورۃ مریم، آیت نمبر66)

ترجمہ کنزالایمان: اور آدمی (انکار کرتے ہوئے) کہتا ہے کیا جب میں مرجاؤں گا تو ضرور عنقریب جِلا کر (زندہ کر کے قبر سے) نکالا جاؤں گا۔

مرنے کے بعد زندگی کے منکر

یہ آیت کریمہ ولید بن مغیرہ اور ابی بن خلف کے متعلق نازل ہوئی جو مرنے کے بعد زندگی کے منکر تھے۔ (تفسیر نورالعرفان)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَیُّ الْفَرِيْقَيْنِ خَيْرٌ مَّقَامًا وَّ اَحْسَنُ نَدِيًّا ﴿۷۳﴾ (پارہ:16 سورۃ مریم، آیت نمبر 73)

ترجمہ کنزالایمان: اور جب ان پر ہماری روشن آیتیں پڑھی جاتی ہیں (تو) کافر مسلمانوں سے کہتے ہیں (بتاؤ ہم دونوں میں) کون سے گروہ کا مکان اچھا اور مجلس بہتر ہے۔

مالدار کفار کا گھمنڈ و تکبر

مالدار کفار قریش خوب بناؤ سنگھار کر کے اپنے بالوں میں تیل ڈال کر اچھے کپڑے پہن کر فخر و تکبر سے غریب مسلمانوں سے یہ کہتے تھے کہ ہم تم سے مزے اور آرام میں ہیں اور وہاں بھی تم سے اچھے ہونگے چنانچہ ان کی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر نورالعرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَفَرَءَيْتَ الَّذِيْ كَفَرَ بِاٰيٰتِنَا وَ قَالَ لَاُوْتَيَنَّ مَالًا وَّ وَلَدًا ﴿۷۷﴾

(پارہ:16 سورۃ مریم، آیت نمبر 77)

ترجمہ کنزالایمان: تو کیا تم نے اسے دیکھا جو ہماری آیتوں سے منکر ہوا اور کہتا ہے مجھے ضرور مال و اولاد ملیں گے۔

مرنے کے بعد زندہ اٹھنے کا منکر

حضرت خباب بن ارت کا زمانہ جاہلیت میں عاص بن وائل سہمی پر قرض تھا وہ اس کے پاس تقاضے کو گئے تو عاص نے کہا میں تمھارا قرض ادا نہ کروں گا جب تک کہ تم محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پھر نہ جاؤ اور کفر اختیار نہ کرلو حضرت خباب رضی اللہ عنہ نے فرمایا ایسا ہرگز نہیں ہوسکتا یہاں تک کہ تو مرے اور مرنے کے بعد زندہ ہو کر اٹھے وہ کہنے لگا کہ کہا میں مرنے کے بعد پھر اٹھوں گا حضرت خباب رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہاں عاص نے کہا تو پھر مجھے چھوڑیئے یہاں تک کہ میں مرجاؤں اور مرنے کے بعد پھر زندہ ہوں اور مجھے اولاد ملے جب ہی آپ کا قرض ادا کروں گا اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

Marfat.com

سورۂ طٰہٰ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ یَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ یَنْسِفُهَا رَبِّیْ نَسْفًا ۙ﴿۱۰۵﴾ (پارہ:16 سورۃ طٰہٰ، آیت نمبر105)

ترجمہ کنزالایمان: اور (وہ) تم سے (اے حبیب!) پہاڑوں کو (کے انجام کے بارے میں) پوچھتے ہیں تم فرماؤ انہیں میرا رب ریزہ ریزہ کر کے اڑا دے گا۔

پہاڑوں کا حال

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ قبیلہ ثقیف کے ایک آدمی نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دریافت کیا کہ قیامت کے دن پہاڑوں کا کیا حال ہوگا اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ وَ لَا تَعْجَلْ بِالْقُرْاٰنِ مِنْ قَبْلِ اَنْ یُّقْضٰۤى اِلَیْكَ وَحْیُهٗ ۫ وَ قُلْ رَّبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا ﴿۱۱۴﴾ (پارہ:16 سورۃ طٰہٰ، آیت نمبر114)

ترجمہ کنزالایمان: تو سب سے بلند (اعلیٰ وارفع) ہے اللہ (جو) سچا بادشاہ (اصل مالک) اور قرآن (پڑھنے) میں جلدی نہ کرو جب تک اس کی وحی تمہیں پوری نہ ہو لے اور عرض کرو کہ اے میرے رب! مجھے علم زیادہ دے۔

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تلاوتِ قرآن

جب حضرت جبرائیل علیہ السلام قرآن کریم لے کر نازل ہوتے تھے تو حضرت سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کے ساتھ ساتھ پڑھتے تھے اور جلدی کرتے تھے تاکہ خوب یاد ہو جائے اور بھولیں نہیں۔ اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی کہ آپ مشقت نہ اٹھائیں۔ آپ نہیں بھولیں گے۔ (تفسیر خزائن العرفان)

Marfat.com

سترھواں پارہ

سورۃ الانبیاء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِقْتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمْ وَهُمْ فِیْ غَفْلَةٍ مُّعْرِضُوْنَ ۚ﴿۱﴾

(پارہ:17 سورۃ الانبیاء، آیت نمبر 1)

ترجمہ کنزالایمان: لوگوں (کے اعمال) کا حساب نزدیک اور وہ غفلت میں منہ پھیرے (پڑے) ہیں۔

منکرینِ بعث

یہ آیت منکرین بعث کے حق میں نازل ہوئی جو مرنے کے بعد زندہ کئے جانے کو نہیں مانتے تھے اس آیت میں روز قیامت کو گزرے ہوئے زمانہ کے قریب بتایا گیا کیونکہ جتنے دن گزر جاتے ہیں آنے والا دن قریب ہوتا جاتا ہے۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لَا تَرْكُضُوْا وَارْجِعُوْٓا اِلٰى مَآ اُتْرِفْتُمْ فِيْهِ وَمَسٰكِنِكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْـَٔلُوْنَ ﴿۱۳﴾

(پارہ:17 سورۃ الانبیاء، آیت نمبر 13)

ترجمہ کنزالایمان: (اب) نہ بھاگو اور (واپس) لوٹ کے جاؤ ان آسائشوں کی طرف جو تم کو دی گئیں تھیں اور اپنے مکانوں کی طرف شاید تم سے (احوال) پوچھنا ہو۔

بخت نصر کا عذاب

سرزمین یمن میں ایک بستی ہے جس کا نام حصور ہے وہاں کے رہنے والے عرب تھے انہوں نے اپنے نبی کی تکذیب کی اور ان کو قتل کیا تو اللہ عزوجل نے ان پر بخت نصر کو مسلط کیا اس نے انھیں قتل کیا اور گرفتار کیا اور اس کا یہ عمل جاری رہا تو یہ لوگ بستی چھوڑ کر بھاگے تو ملائکہ نے ان سے بطریق طنز کہا جو اس آیت میں نازل ہوا۔ (تفسیر خزائن العرفان)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّنْ قَبْلِكَ الْخُلْدَ ۭ اَفَاْىِٕنْ مِّتَّ فَهُمُ الْخٰلِدُوْنَ ۝

(پارہ:17 سورۃ الانبیاء، آیت نمبر 34)

ترجمہ کنزالایمان: اور ہم نے تم سے پہلے کسی آدمی کے لیے دنیا میں ہمیشگی (ہمیشہ کی زندگی) نہ بنائی تو کیا (اے محبوب) اگر تم انتقال فرماؤ تو یہ ہمیشہ (زندہ) رہیں گے (ہرگز نہیں)۔

دشمنِ رسول کا ضلال وعناد

رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دشمن اپنے ضلال وعناد سے کہتے تھے کہ ہم حوادث زمانہ کا انتظار کر رہے ہیں عنقریب ایسا وقت آنے والا ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات ہو جائے گی اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَاِذَا رَاٰكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ يَّتَّخِذُوْنَكَ اِلَّا هُزُوًا ۭ اَهٰذَا الَّذِيْ يَذْكُرُ اٰلِهَتَكُمْ ۚ وَهُمْ بِذِكْرِ الرَّحْمٰنِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ۝ (پارہ:17 سورۃ الانبیاء، آیت نمبر 36)

ترجمہ کنزالایمان: اور جب کافر تمہیں دیکھتے ہیں تو تمہیں (اللہ کا رسول) نہیں ٹھہراتے مگر (بلکہ) ٹھٹھا (مذاق اڑاتے اور کہتے ہیں) کیا یہ ہیں وہ (صاحب) جو تمہارے خداؤں کو برا کہتے ہیں اور وہ (کافر) رحمن ہی کی یاد (ذکر) سے منکر ہیں۔

ابوجہل کی جہالت

یہ آیت ابوجہل کے حق میں نازل ہوئی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لے جا رہے تھے وہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھ کر ہنسا اور کہنے لگا کہ یہ نبی عبد مناف کے نبی ہیں اور آپس میں ایک دوسرے کو یہ کہنے لگے جو اس آیت کریمہ میں مذکور ہوا۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

خُلِقَ الْاِنْسَانُ مِنْ عَجَلٍ ۭ سَاُورِيْكُمْ اٰيٰتِيْ فَلَا تَسْتَعْجِلُوْنِ ۝

(پارہ:17 سورۃ الانبیاء، آیت نمبر 37)

Marfat.com

ترجمہ کنزالایمان: آدمی جلد باز بنایا گیا، اب میں تمہیں اپنی (عذاب کی) نشانیاں دکھاؤں گا (تو) مجھ سے (عذاب کے مطالبے میں) جلدی نہ کرو۔

عذاب کی جلدی

یہ آیت نضر بن حارث کے حق میں نازل ہوئی جو کہتا تھا کہ جلد عذاب نازل کرایئے اس آیت میں یہ فرمایا گیا ہے کہ اب میں تمھیں اپنی نشانیاں دکھاؤں گا یعنی جو وعدہ عذاب کے دیے گے ہیں ان کا وقت قریب آ گیا ہے۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّ الَّذِیْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنَّا الْحُسْنٰۤى ۙ اُولٰٓىٕكَ عَنْهَا مُبْعَدُوْنَ ﴿۱۰۱﴾

(پارہ:17 سورۃ الانبیاء، آیت نمبر 101)

ترجمہ کنزالایمان: بیشک وہ (مسلمان) جن کے لیے ہمارا وعدہ بھلائی کا ہو چکا وہ جہنم سے دور رکھے گئے ہیں۔

تین سو ساٹھ بت

رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک روز کعبہ معظّمہ میں داخل ہوئے اس وقت قریش کے سردار حطیم میں موجود تھے اور کعبہ شریف کے گرد تین سو ساٹھ بت تھے نضر بن حارث سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے آیا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کلام کرنے لگا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کو جواب دے کر ساکت کر دیا اور یہ آیت نازل فرمائی وما تعبدون من دون اللہ جبکہ تم جو کچھ اللہ کے سوا پوجتے ہو سب جہنم کے ایندھن ہیں یہ فرمایا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لے آئے پھر عبداللہ بن زبعری آیا اس کو ولید بن مغیرہ نے اس گفتگو کی خبر دی کہنے لگا خدا کی قسم میں ہوتا تو ان سے مباحثہ کرتا اس پر لوگوں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بلایا ابن زبعری کہنے لگا کہ آپ نے یہ فرمایا ہے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہاں تو وہ کہنے لگا یہود تو حضرت عزیر کو پوجتے ہیں اور انصاریٰ حضرت عیسیٰ کو پوجتے ہیں اور بنی ملیح فرشتوں کو پوجتے ہیں اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

Marfat.com

سورۃ الحج

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّعْبُدُ اللّٰهَ عَلٰى حَرْفٍ ۚ فَاِنْ اَصَابَهٗ خَيْرُ ِۨاطْمَاَنَّ بِهٖ ۚ وَاِنْ اَصَابَتْهُ فِتْنَةُ ِۨانْقَلَبَ عَلٰى وَجْهِهٖ ۚ خَسِرَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةَ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ ⑪ (پارہ:17 سورۃ الحج، آیت نمبر 11)

ترجمہ کنزالایمان: اور کچھ آدمی اللہ کی بندگی ایک کنارہ پر کرتے ہیں (اطمینان اور ثابت قدمی کے بغیر) پھر اگر انہیں کوئی بھلائی پہنچ گئی جب تو چین سے ہیں اور جب کوئی جانچ (آزمائش ومصیبت) آ کر پڑی (تو اسلام سے) منہ کے بل پلٹ گئے (اس نے)، دنیا اور آخرت دونوں کا گھاٹا (نقصان اٹھایا)، یہی ہے صریح نقصان۔

منافقت

یہ آیت اعرابیوں کی ایک جماعت کے حق میں نازل ہوئی جو اطراف میں آ کر مدینہ میں داخل ہوتے اور اسلام لاتے ان کی حالت یہ تھی کہ اگر وہ خوب تندرست رہے اور ان کی دولت بڑھی اور ان کے بیٹا ہوا تب تو کہتے تھے کہ اسلام اچھا دین ہے اس میں آ کر ہمیں فائدہ ہوا اور اگر کوئی بات اپنی امید کے خلاف پیش آئی مثلاً بیمار ہو گے یا لڑکی ہوگی یا مال کی کمی ہوئی تو کہتے تھے جب سے ہم اس دین میں داخل ہوئے ہیں ہمیں نقصان ہی ہوا اور پھر دین سے پھر جاتے تھے ان کے حق میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِى اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّلَا هُدًى وَّلَا كِتٰبٍ مُّنِيْرٍ ۙ⑧

(پارہ:17 سورۃ الحج، آیت نمبر 8)

ترجمہ کنزالایمان: اور کوئی آدمی وہ ہے کہ اللہ کے بارے میں یوں جھگڑتا ہے کہ نہ تو (اس جھگڑنے والے کے پاس) علم نہ کوئی دلیل اور نہ کوئی روشن نوشتہ (تحریری سند)۔

اللہ کی صفات میں گستاخی

یہ آیت ابوجہل وغیرہ ایک جماعت کفار کے حق میں نازل ہوئی جو اللہ تعالیٰ کی صفات میں جھگڑا کرتے

Marfat.com

تھے اور اس کی طرف ایسے ردّی صفات کی نسبت کرتے تھے جو اس کی شان کے لائق نہیں چنانچہ یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَ یَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ الَّذِیْ جَعَلْنٰهُ لِلنَّاسِ سَوَآءَ ِۨالْعَاكِفُ فِیْهِ وَ الْبَادِ ؕ وَ مَنْ یُّرِدْ فِیْهِ بِاِلْحَادٍۭ بِظُلْمٍ نُّذِقْهُ مِنْ عَذَابٍ اَلِیْمٍ ۧ (پارہ:17 سورۃ الحج، آیت نمبر 25)

ترجمہ کنزالایمان: بیشک وہ جنہوں نے کفر کیا اور روکتے ہیں اللہ کی راہ (دین اسلام سے) اور اس ادب والی مسجد (مسجد حرام میں داخل ہونے) سے جسے ہم نے سب لوگوں کے لیے مقرر کیا کہ اس میں ایک ساحق ہے وہاں کے رہنے والے اور پردیسی کا، اور جو اس میں کسی زیادتی کا ناحق ارادہ کرے ہم اسے دردناک عذاب چکھائیں گے۔

ناحق زیادتی پر دردناک عذاب

یہ آیت کریمہ سفیان بن حرب وغیرہ کے حق میں نازل ہوئی جنھوں نے سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مکہ مکرمہ میں داخل ہونے سے روکا تھا۔ (تفسیر خزائن العرفان)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عبداللہ بن انیس کو ایک انصاری کے ساتھ بھیجا انہوں نے آپس میں اپنی خاندانی عظمتیں بیان کیں عبداللہ ابن انس کو غصہ آیا اور انصاری کو قتل کر کے مرتد ہو کر مکہ معظّمہ بھاگ گیا اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ (تفسیر نور العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لَنْ یَّنَالَ اللّٰهَ لُحُوْمُهَا وَ لَا دِمَآؤُهَا وَ لٰكِنْ یَّنَالُهُ التَّقْوٰى مِنْكُمْ ؕ كَذٰلِكَ سَخَّرَهَا لَكُمْ لِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ ؕ وَ بَشِّرِ الْمُحْسِنِیْنَ ۳۷

(پارہ:17 سورۃ الحج، آیت نمبر 37)

ترجمہ کنزالایمان: اللہ کو ہرگز نہ ان کے گوشت پہنچتے ہیں نہ ان کے خون ہاں تمہاری پرہیزگاری (نیت اخلاص) اس تک باریاب (مقبول) ہوتی ہے یونہی ان کو تمہارے بس میں

Marfat.com

کردیا کہ تم اللہ کی بڑائی بولو اس (نعمت) پر کہ (اس نے) تم کو ہدایت فرمائی، اور اے محبوب!
خوشخبری سناؤ نیکی والوں کو۔

زمانہ جاہلیت

زمانہ جاہلیت کے کفار اپنی قربانیوں کے خون سے کعبہ معظّمہ کی دیواروں کو آلودہ کرتے تھے اور اس کو سبب تقرب جانتے تھے اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اُذِنَ لِلَّذِیْنَ یُقٰتَلُوْنَ بِاَنَّهُمْ ظُلِمُوْاؕ وَ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى نَصْرِهِمْ لَقَدِیْرُ ﴿۳۹﴾

(پارہ:17 سورۃ الحج، آیت نمبر 39)

ترجمہ کنزالایمان: انہیں جن سے کافر لڑتے (ظلم کرتے) ہیں اس بناء پر کہ ان پر ظلم ہوا اور بیشک اللہ ان کی مدد کرنے پر ضرور قادر ہے۔

صحابہ پر تشدد

کفارِ مکہ، رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ کو روز ہاتھ اور زبان سے شدید اذیتیں دیتے اور ایذا پہنچاتے رہتے تھے اور صحابہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس اس حال میں پہنچتے تھے کہ کسی کا سر پھٹا ہے کسی کا ہاتھ ٹوٹا ہے روزانہ اسی قسم کی شکایتیں بارگاہ اقدس میں پہنچا کرتیں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کفار کے مظالم کی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دربار میں فریادیں کرتے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ فرمایا دیا کرتے کہ صبر کرو مجھے ابھی جہاد کا حکم نہیں دیا گیا ہے جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مدینہ طیبہ کو ہجرت فرمائی تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ مَاۤ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ وَّ لَا نَبِیٍّ اِلَّاۤ اِذَا تَمَنّٰۤى اَلْقَى الشَّیْطٰنُ فِیْۤ اُمْنِیَّتِهٖۚ فَیَنْسَخُ اللّٰهُ مَا یُلْقِی الشَّیْطٰنُ ثُمَّ یُحْكِمُ اللّٰهُ اٰیٰتِهٖؕ وَ اللّٰهُ عَلِیْمٌ حَكِیْمٌ ﴿۵۲﴾ (پارہ:17 سورۃ الحج، آیت نمبر 52)

ترجمہ کنزالایمان: اور ہم نے تم سے پہلے جتنے رسول یا نبی بھیجے سب پر کبھی یہ واقعہ گزرا

Marfat.com

ہے کہ جب انہوں نے (احکامِ الٰہی میں سے کچھ) پڑھا تو شیطان نے ان کے پڑھنے میں لوگوں (کے دلوں) پر کچھ اپنی طرف سے (شکوک وشبہات کو) ملا دیا تو مٹا دیتا ہے اللہ اس شیطان کے ڈالے ہوئے (شکوک ووسوسوں کو) کو پھر اللہ اپنی آیتیں پکی (شیطانی کلمات سے محفوظ) کر دیتا ہے اور اللہ علم وحکمت والا ہے۔

شیطان کا مکر

جب سورۃ والنجم نازل ہوئی تو سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مسجد حرام میں اس کی تلاوت فرمائی اور بہت آہستہ آہستہ آہتوں کے درمیان وقفہ فرماتے ہوئے جس سے سننے والے بھی غور بھی کر سکیں اور یاد کرنے والوں کو یاد کرنے میں بھی مدد ملے جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ آیت ونوۃ لتالثۃ الاخریٰ پڑھ کر حسب دستور وقفہ فرمایا تو شیطان نے مشرکیں کے کان میں اس سے ملا کر دو کلمے ایسے کہہ دیے جن سے بتوں کی تعریف نکلتی تھی جبرئیل امین نے سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر یہ حال عرض کیا اس سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو رنج ہوا اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تسلی کیلے یہ آیت نازل فرمائی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لَيُدْخِلَنَّهُمْ مُّدْخَلًا يَّرْضَوْنَهٗ ؕ وَ اِنَّ اللّٰهَ لَعَلِيْمٌ حَلِيْمٌ ﴿۵۹﴾

(پارہ:17 سورۃ الحج، آیت نمبر 59)

ترجمہ کنزالایمان: ضرور انہیں ایسی جگہ (جنت میں) لے جائے گا جسے وہ پسند کریں گے اور بیشک اللہ علم اور حلم والا ہے۔

پسند کی جگہ

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارے جو اصحاب شہید ہو گئے ہم جانتے ہیں کہ بارگاہ الٰہی میں ان کے بڑے درجے ہیں اور ہم جہادوں میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ رہیں گے لیکن ہم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ رہے اور بے شہادت کے موت آئی تو آخرت میں ہمارے لیے کیا ہے اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ذٰلِكَ ۚ وَمَنْ عَاقَبَ بِمِثْلِ مَا عُوْقِبَ بِهٖ ثُمَّ بُغِيَ عَلَيْهِ لَيَنْصُرَنَّهُ اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ﴿۶۰﴾ (پارہ:17 سورۃ الحج، آیت نمبر 60)

ترجمہ کنزالایمان: بات یہ ہے اور جو (مومن ظلم کا) بدلہ (اتنا ہی) لے جیسی تکلیف پہنچائی گئی تھی پھر اس پر (مزید) زیادتی کی جائے تو بیشک اللہ اس (مظلوم مومن) کی مدد فرمائے گا بیشک اللہ معاف کرنے والا بخشنے والا ہے۔

مشرکین کا قتال

یہ آیت مشرکین کے حق میں نازل ہوئی جو ماہ محرم کی اخیر تاریخوں میں مسلمانوں پر حملہ آور ہوئے اور مسلمانوں نے ماہ مبارک کی تاریخوں کے خیال سے لڑنا نہ چاہا مگر مشرکین نہ مانے اور انہوں نے قتال شروع کر دیا مسلمانوں نے مجبوراً مقابلہ کیا اور رب تعالیٰ نے ان کی مدد فرمائی اس کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لِكُلِّ اُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا هُمْ نَاسِكُوْهُ فَلَا يُنَازِعُنَّكَ فِي الْاَمْرِ وَادْعُ اِلٰى رَبِّكَ ؕ اِنَّكَ لَعَلٰى هُدًى مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۶۷﴾ (پارہ:17 سورۃ الحج، آیت نمبر 67)

ترجمہ کنزالایمان: ہر امت کے لیے ہم نے عبادت کے قاعدے (طریقے) بنا دیے کہ وہ ان پر چلے (عمل کرے) تو ہرگز وہ تم سے اس (قواعد کے) معاملہ میں جھگڑا نہ کریں اور اپنے رب (دین اسلام) کی طرف بلاؤ بیشک تم سیدھی راہ پر ہو۔

شریعت کے قواعد

یہ آیت کریمہ بدیل بن ورقلاء اور بشر بن سفیان اور یزید بن خنیس کے حق میں نازل ہوئی ان لوگوں نے اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہا تھا کہ کیا سبب ہے جس جانور کو تم قتل کرتے ہو اسے تو کھاتے ہو اور جس کو اللہ مارتا ہے اس کو نہیں کھاتے اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

Marfat.com

اٹھارواں پارہ

سورۃ المومنون

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَ لَوْ رَحِمْنٰهُمْ وَ كَشَفْنَا مَا بِهِمْ مِّنْ ضُرٍّ لَّلَجُّوْا فِیْ طُغْیَانِهِمْ یَعْمَهُوْنَ ﴿۷۵﴾

(پارہ:18 سورۃ المومنون، آیت نمبر 75)

ترجمہ کنزالایمان: اور اگر ہم ان پر رحم کریں اور جو مصیبت ان پر پڑی ہے ٹال دیں تو ضرور بھٹ پنا (احسان فراموشی) کریں گے اپنی سرکشی میں (کفر وعناد میں بڑھتے) بہکتے ہوئے۔

قحط سے نجات

جب قریش سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعا سے سات برس کے قحط میں مبتلا ہوئے اور حالت بہت ابتر ہوگئی تو ابو سفیان ان کی طرف سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ کیا آپ اپنے خیال میں رحمت للعالمین بنا کر نہیں بھیجے گے سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا بے شک ابوسفیان نے کہا کہ بڑوں کو تو آپ نے بدر میں تہ تیغ کر دیا اولاد جو رہی وہ آپ کی بد دعا سے اس حالت کو پہنچی کہ مصیبت قحط میں مبتلا ہوئی فاقوں سے تنگ آ گئی لوگ بھوک کی بے تابی سے ہڈیاں چاٹ گے مردار تک کھا گئے میں آپ کو اللہ کی قسم دیتا ہوں اور قرابت کی آپ اللہ سے دعا کیجیے کہ ہم سے اس قحط کو دور فرمایئے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دعا کی اور انہوں نے اس بلا سے رہائی پائی اس واقعہ کے متعلق یہ آیتیں نازل ہوئیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

فَاتَّخَذْتُمُوْهُمْ سِخْرِیًّا حَتّٰۤی اَنْسَوْكُمْ ذِكْرِیْ وَ كُنْتُمْ مِّنْهُمْ تَضْحَكُوْنَ ﴿۱۱۰﴾

(پارہ:18 سورۃ المومنون، آیت نمبر 110)

ترجمہ کنزالایمان: تو تم نے انہیں ٹھٹھا (مذاق) بنالیا یہاں تک کہ انہیں بنانے کے

Marfat.com

شغل میں (مذاق اڑانے میں اتنا مشغول ہوئے کہ) میری یاد بھول گئے اور تم ان سے ہنسا کرتے۔

اصحابِ رسول سے کفار کا تمسخر

یہ آیت کفار قریش کے حق میں نازل ہوئی جو حضرت بلال رضی اللہ عنہ اور حضرت عمار و حضرت صہیب و حضرت خباب (رضی اللہ عنہ) وغیرہ فقراء اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے تمسخر کرتے تھے۔ (تفسیر خزائن العرفان)

سورۃ النور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلزَّانِيَةُ وَالزَّانِيْ فَاجْلِدُوْا كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِائَةَ جَلْدَةٍ ۪ وَّ لَا تَاْخُذْكُمْ بِهِمَا رَاْفَةٌ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۚ وَ لْيَشْهَدْ عَذَابَهُمَا طَآىِٕفَةٌ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝۲ (پارہ:18 سورۃ نور، آیت نمبر2)

ترجمہ کنز الایمان: جو عورت بدکار (زانیہ) ہو اور جو مرد (بھی زانی ہو) تو ان میں ہر ایک کو سو کوڑے لگاؤ اور تمہیں ان پر ترس نہ آئے اللہ کے دین (کے معاملے میں) میں اگر تم ایمان لاتے (رکھتے) ہو اللہ اور پچھلے دن (قیامت) پر اور چاہیے کہ ان کی سزا کے وقت مسلمانوں کا ایک گروہ (وہاں سزا دیکھنے کو) حاضر ہو (تاکہ عبرت ہو)۔

بدکار مشرکہ سے نکاح کی ممانعت

بعض فقراء مہاجرین نے چاہا کہ مدینہ منورہ کی بدکار مشرکہ مال دار عورتوں سے نکاح کریں تاکہ ان کی دولت کام آئے اور وہ عورتیں ہم سے نکاح کی برکت سے فسق سے توبہ کرلیں اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی جس میں انھیں منع فرمایا گیا۔ (تفسیر نور العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَالْخَامِسَةُ اَنَّ لَعْنَتَ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كَانَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝۷ وَيَدْرَؤُا عَنْهَا الْعَذَابَ اَنْ تَشْهَدَ اَرْبَعَ شَهٰدٰتٍۭ بِاللّٰهِ ۙ اِنَّهٗ لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝۸ وَالْخَامِسَةَ اَنَّ

Marfat.com

غَضَبَ اللّٰهِ عَلَيْهَآ اِنْ كَانَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝ (پارہ:18 سورۃ نور، آیت نمبر 7-9)

ترجمہ کنزالایمان: اور (چار بار گواہی کے بعد) پانچویں (مرتبہ) یہ (کہے) کہ اللہ کی لعنت ہو اس پر اگر (وہ) جھوٹا ہو، اور عورت سے یوں (زنا کی) سزا ٹل جائے گی کہ وہ اللہ کا نام لے کر چار بار گواہی دے کہ مرد (زنا کی تہمت لگانے میں) جھوٹا ہے اور پانچویں (مرتبہ) یوں (کہے) کہ عورت (مجھ) پر غضب اللہ کا اگر (شوہر) مرد سچا ہے۔

لعان کا حکم

یہ آیت کریمہ ایک صحابی کے حق میں نازل ہوئی جنہوں نے سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دریافت کیا تھا کہ اگر آدمی اپنی عورت کو زنا میں مبتلا دیکھے تو کیا کرے نہ اس وقت گواہوں کے تلاش کرنے کی فرصت اور نہ بغیر گواہی کے وہ یہ بات کہہ سکتا ہے کیونکہ اسے حد قذف کا اندیشہ ہے اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی اور لعان کا حکم دیا گیا۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِنَّ الَّذِيْنَ جَآءُوْ بِالْاِفْكِ عُصْبَةٌ مِّنْكُمْ ؕ لَا تَحْسَبُوْهُ شَرًّا لَّكُمْ ؕ بَلْ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ؕ لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ مَّا اكْتَسَبَ مِنَ الْاِثْمِ ۚ وَالَّذِيْ تَوَلّٰى كِبْرَهٗ مِنْهُمْ لَهٗ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝ لَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ ظَنَّ الْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بِاَنْفُسِهِمْ خَيْرًا ۙ وَّقَالُوْا هٰذَآ اِفْكٌ مُّبِيْنٌ ۝ لَوْلَا جَآءُوْ عَلَيْهِ بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ ۚ فَاِذْ لَمْ يَاْتُوْا بِالشُّهَدَآءِ فَاُولٰٓئِكَ عِنْدَ اللّٰهِ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ۝ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ لَمَسَّكُمْ فِيْ مَآ اَفَضْتُمْ فِيْهِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝ ۚ اِذْ تَلَقَّوْنَهٗ بِاَلْسِنَتِكُمْ وَتَقُوْلُوْنَ بِاَفْوَاهِكُمْ مَّا لَيْسَ لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ وَّتَحْسَبُوْنَهٗ هَيِّنًا ۖ وَّهُوَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمٌ ۝ وَلَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ قُلْتُمْ مَّا يَكُوْنُ لَنَآ اَنْ نَّتَكَلَّمَ بِهٰذَا ۖ سُبْحٰنَكَ هٰذَا بُهْتَانٌ عَظِيْمٌ ۝ يَعِظُكُمُ اللّٰهُ اَنْ تَعُوْدُوْا لِمِثْلِهٖٓ اَبَدًا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ ۚ (پارہ:18 سورۃ نور، آیت نمبر 11-17)

ترجمہ کنزالایمان: تو تمہارا پردہ کھول دیتا بیشک وہ کہ یہ بڑا بہتان لائے ہیں تمہیں میں کی ایک جماعت ہے اسے اپنے لیے برا نہ سمجھو، بلکہ وہ تمہارے لیے بہتر ہے (تمہیں اس پر

Marfat.com

اجر ملے گا) ان میں ہر شخص کے لیے وہ گناہ (اتنا ہی) ہے جو اس نے کمایا اور ان میں وہ جس نے (بہتان لگا کر) سب سے بڑا (بڑھ چڑھ کر) حصہ لیا اس کے لیے بڑا عذاب ہے (ایسا) کیوں نہ ہوا (کہ) جب تم نے اسے (افواہ کو) سنا تھا کہ مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں نے اپنوں پر نیک گمان کیا ہوتا (بہتان کی تردید کی ہوتی) اور کہتے یہ کھلا بہتان ہے اس پر چار گواہ کیوں نہ لائے، تو جب گواہ نہ لائے تو وہی اللہ کے نزدیک جھوٹے ہیں، اور اگر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت تم پر دنیا اور آخرت میں نہ ہوتی تو جس چرچے (بہتان طرازی) میں تم پڑے اس پر تمہیں بڑا عذاب پہنچتا، جب تم ایسی بات (افواہ) اپنی زبانوں پر ایک دوسرے سے سن کر لاتے تھے اور اپنے منہ سے وہ نکالتے تھے جس کا تمہیں علم نہیں اور اسے (اس حرکت کو) (معمولی) سہل سمجھتے تھے اور (مگر) وہ اللہ کے نزدیک بڑی بات ہے اور (ایسا) کیوں نہ ہوا جب تم نے (افواہ کو) سنا تھا (تو) کہا ہوتا کہ ہمیں (حق) نہیں پہنچتا کہ ایسی بات کہیں (جس میں ذرا سچ نہیں) الٰہی پاکی ہے تجھے یہ بڑا بہتان ہے، اللہ تمہیں نصیحت فرماتا ہے کہ اب کبھی ایسا نہ کہنا اگر ایمان رکھتے ہو، اور اللہ تمہارے لیے آیتیں صاف بیان فرماتا ہے۔

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے متعلق قرآن کی گواہی

بڑے بہتان سے مراد حضرت ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا پر تہمت لگانا ہے ۵ ہجری میں غزوہ بنی المصطلق سے واپسی کے وقت قافلہ قریب مدینہ ایک پڑاؤ پر ٹھہرا تو ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا ضرورت کے لئے کسی گوشہ میں تشریف لے گئیں وہاں ہار آپ کا ٹوٹ گیا اس کی تلاش میں مصروف ہو گئیں ادھر قافلہ نے کوچ کیا اور آپ کا محمل شریف اونٹ پر کس دیا اور انہیں یہی خیال رہا کہ ام المومنین اس میں ہیں قافلہ چل دیا آپ رضی اللہ عنہا آ کر قافلہ کی جگہ بیٹھ گئیں اور آپ رضی اللہ عنہا نے خیال کیا کہ میری تلاش میں قافلہ ضرور واپس ہوگا قافلے کے پیچھے پڑی گری چیز اٹھانے کے لیے ایک صاحب رہا کرتے تھے اس موقع پر حضرت صفوان اس کام پر تھے جب وہ آئے اور انہوں نے آپ رضی اللہ عنہ کو دیکھا تو بلند آواز سے انا للہ وانا الیہ راجعون پکارا آپ رضی اللہ عنہ نے کپڑے سے پردہ کر لیا انہوں نے اپنی اونٹنی بٹھائی آپ رضی اللہ عنہا اس پر سوار ہو کر لشکر میں پہنچیں منافقین سیاہ باطن نے اوہام فاسدہ پھیلایا اور آپ رضی اللہ عنہا کی شان میں بدگوئی شروع کی بعض مسلمان بھی ان کے قریب میں آ گئے اور ان کی زبان سے بھی کوئی کلمہ بیجا سرزد ہوا ام المومنین بیمار ہو گئیں اور ایک ماہ تک بیمار رہیں اس زمانے میں انہیں اطلاع نہ ہوئی کہ ان کی نسبت منافقین کیا بک رہے

Marfat.com

ہیں ایک روز ام مسطح سے انہیں یہ خبر معلوم ہوئی اور اس سے آپ رضی اللہ عنہ کا مرض اور بڑھ گیا اور اس صدمے میں اس طرح روئیں کہ آپ رضی اللہ عنہ کا آنسو نہ تھمتے تھے اور نہ ایک لمحے کے لیے نیند آتی تھی اس حال میں سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر وحی نازل ہوئی اور ام المومنین کی طہارت میں یہ آیتیں اتریں اور آپ رضی اللہ عنہا شرف و مرتبہ اللہ تعالیٰ نے اتنا بڑھایا کہ قرآن پاک کی بہت سی آیات میں آپ رضی اللہ عنہ کی طہارت وفضیلت بیان فرمائی گئی اس دوران میں سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے برسر منبر بقسم فرمادیا کہ مجھے اپنے اہل کی پاکی اور خوبی بالیقین معلوم ہے تو جس شخص نے ان کے حق میں بدگوئی کی ہے اس کی طرف سے میرے پاس کون معذرت پیش کر سکتا ہے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ منافقین بالیقین جھوٹے ہیں ام لمومنین بالیقین پاک ہیں اللہ تعالیٰ نے سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جسم پاک کو مکھی کے بیٹھنے سے محفوظ رکھا کہ وہ نجاستوں پر بیٹھتی ہے کیسے ہوسکتا ہے کہ وہ آپ کو بدعورت کی صحبت سے محفوظ نہ رکھے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے بھی اس طرح آپ رضی اللہ عنہ کی طہارت بیان کی اور فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کا سایہ زمیں پر نہ پڑنے دیا تا کہ اس سایہ پر کسی کا قدم نہ پڑے تو جو پروردگار آپ رضی اللہ عنہ کے سایہ کو محفوظ رکھتا ہے کس طرح ممکن ہے کہ وہ آپ کے اہل کو محفوظ نہ فرمائے حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ایک جوں کا خون لگنے سے پروردگار عالم نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نعلین اتارنے کا حکم دیا جو پروردگار عالم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نعلین شریف کی اتنی سی آلودگی کو گوارہ نہ فرمائے ممکن نہیں کہ وہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اہل کی آلودگی گوارہ کرے اس طرح بہت سے صحابہ اور بہت سے صحابیات نے قسمیں کھائیں آیت نازل ہونے سے قبل ہی حضرت ام المومنین کی طرف سے قلوب مطمئن تھے آیت کے نزول نے ان کا عز وشرف اور زیادہ کر دیا تو بدگوہوں کی بدگوئی اللہ اور اس کے رسول اور صحابہ کبار کے نزدیک باطل ہے اور بدگوئی کرنے والوں کے لیے سخت ترین مصیبت ہے۔ (خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَلَا يَأْتَلِ أُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ وَالسَّعَةِ أَنْ يُؤْتُوا أُولِي الْقُرْبَىٰ وَالْمَسَاكِينَ وَالْمُهَاجِرِينَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ ۖ وَلْيَعْفُوا وَلْيَصْفَحُوا ۗ أَلَا تُحِبُّونَ أَنْ يَغْفِرَ اللَّهُ لَكُمْ ۗ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ ﴿٢٢﴾ (پارہ:18 سورۃ نور، آیت نمبر22)

ترجمہ کنزالایمان: اور قسم نہ کھائیں وہ جو تم میں (دینی لحاظ سے) فضیلت والے اور گنجائش (مال ودولت) والے ہیں قرابت والوں اور مسکینوں اور اللہ کی راہ میں ہجرت کرنے

Marfat.com

والوں کو (مالی مدد نہ) دینے کی، اور چاہیے کہ معاف کریں اور درگزر یں، کیا تم اسے دوست (پسند) نہیں رکھتے کہ اللہ تمہاری بخشش کرے، اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی قسم

یہ آیت حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے حق میں نازل ہوئی آپ رضی اللہ عنہ نے قسم کھائی تھی کہ مسطح کے ساتھ سلوک نہ کرینگے وہ آپ رضی اللہ عنہ کی خالہ کے بیٹے تھے نادار تھے مہاجر تھے بدری صحابی تھے صدیق اکبر رضی اللہ عنہ ہی ان کا خرچ اٹھاتے تھے مگر چونکہ ام المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا پر تہمت لگانے والوں کے ساتھ انہوں نے غلط فہمی میں موفقت کی تھی اس لیے صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے قسم کھائی اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا غَيْرَ مَسْكُوْنَةٍ فِيْهَا مَتَاعٌ لَّكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا تَكْتُمُوْنَ ﴿۲۹﴾ (پارہ:18 سورۃ نور، آیت نمبر 29)

ترجمہ کنزالایمان: اس میں تم پر کچھ گناہ نہیں کہ ان گھروں میں جاؤ جو خاص کسی کی سکونت کے نہیں (مسافر خانہ وغیرہ) اور ان کے برتنے (استعمال) کا تمہیں اختیار ہے، اور اللہ جانتا ہے جو تم ظاہر کرتے ہو، اور جو تم چھپاتے ہو۔

داخلے کی اجازت

یہ آیت ان اصحاب کے جواب میں نازل ہوئی جنہوں نے آیت استیذان کے نازل ہونے کے بعد دریافت کیا تھا کہ مکہ مکرمہ اور مدینہ طیبہ کے درمیان اور شام کی راہ میں جو مسافر خانے بنے ہوئے ہیں کیا ان میں داخل ہونے کے لیے بھی اجازت لینا ضروری ہے۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَلْيَسْتَعْفِفِ الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ نِكَاحًا حَتّٰى يُغْنِيَهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ وَالَّذِيْنَ يَبْتَغُوْنَ الْكِتٰبَ مِمَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ فَكَاتِبُوْهُمْ اِنْ عَلِمْتُمْ فِيْهِمْ خَيْرًا

(پارہ:18 سورۃ نور، آیت نمبر)

Marfat.com

ترجمہ کنزالایمان: اور چاہیے کہ (حرام کاری سے) بچے رہیں وہ (لوگ) جو نکاح کا مقدور (اخراجات) نہیں رکھتے یہاں تک کہ اللہ مقدور والا (خوشحال) کردے اپنے فضل سے اور تمہارے ہاتھ کی مِلک باندی غلاموں میں سے جو یہ چاہیں کہ کچھ (مقرر کردہ) مال کمانے کی شرط پر انہیں آزادی لکھ دو تو لکھ دو (آزاد کردو) اگر ان میں کچھ بھلائی جانو (وہ کسی کے لیے باعث تکلیف نہ ہو)۔

غلام کی کتابت

حویطب بن عبدالعزیٰ کے غلام صبیح نے اپنے مولیٰ سے کتابت کی درخواست کی مولیٰ نے انکار کیا اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَلَا تُكْرِهُوْا فَتَيٰتِكُمْ عَلَى الْبِغَآءِ اِنْ اَرَدْنَ تَحَصُّنًا لِّتَبْتَغُوْا عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ؕ وَمَنْ يُّكْرِهْهُّنَّ فَاِنَّ اللّٰهَ مِنْۢ بَعْدِ اِكْرَاهِهِنَّ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۳۳﴾

(پارہ:18 سورۃ نور، آیت نمبر 33)

ترجمہ کنزالایمان: اور مجبور نہ کرو اپنی کنیزوں کو بدکاری پر جب کہ وہ بچنا چاہیں تا کہ تم (اس بدکاری سے) دنیوی زندگی کا کچھ مال چاہو (حاصل کرو) اور جو انہیں (لونڈیوں کو) مجبور کرے گا (بدکاری پر) تو بیشک اللہ بعد اس کے کہ وہ (لونڈیاں) مجبوری ہی کی حالت پر رہیں (تو اللہ) بخشنے والا مہربان ہے (گناہ مجبور کرنے والے پر ہوگا)۔

کنیزوں کی بارگاہِ رسالت میں عرض

یہ آیت عبداللہ ابن ابی سلول کے متعلق نازل ہوئی جو اپنی کنیزوں کو بدکاری کرنے پر مجبور کرتا تھا تا کہ اس کی آمدن سے مالدار ہو جائے چنانچہ ان کنیزوں نے بارگاہ رسالت نے بارگاہ رسالت میں اس کی شکایت کی تو یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر نورالعرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَيَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالرَّسُوْلِ وَاَطَعْنَا ثُمَّ يَتَوَلّٰى فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ؕ وَمَآ اُولٰٓئِكَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۴۷﴾ وَاِذَا دُعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ اِذَا

Marfat.com

فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَ اِنْ يَّكُنْ لَّهُمُ الْحَقُّ يَاْتُوْٓا اِلَيْهِ مُذْعِنِيْنَ ﴿۴۹﴾

(پارہ:18 سورۃ نور، آیت نمبر 47-49)

ترجمہ کنزالایمان: اور کہتے ہیں ہم ایمان لائے اللہ اور رسول پر اور حکم مانا پھر کچھ ان (لوگوں) میں کے (ایمان واطاعت کے دعویٰ کر کے) اس کے بعد پھر جاتے (مکر جاتے) ہیں اور وہ مسلمان نہیں اور جب بلائے جائیں اللہ اور اس کے رسول کی طرف کہ رسول ان میں فیصلہ فرمائے تو جبھی ان کا ایک فریق منہ پھیر جاتا ہے، اور اگر ان میں ڈگری ہو (ان کے حق میں فیصلہ ہو) تو اس کی طرف (دوڑے چلے) آئیں (اس فیصلے کو) مانتے ہوئے۔

یہودی سچا، منافق جھوٹا

یہ آیت مبشر نامی منافق کے متعلق نازل ہوئی جس کا زمین کے معاملے میں ایک یہودی سے جھگڑا تھا یہودی جانتا تھا کہ اس معاملے میں میں وہ یہودی سچا اور منافق جھوٹا ہے اور اس کو یہ بھی یقین تھا کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حق و انصاف کے ساتھ فیصلہ فرماتے ہیں چنانچہ اس یہودی نے چاہا کہ اس معاملے کا فیصلہ مسلمانوں کے نبی سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کریں لہٰذا اس نے منافق سے کہا کہ چلو تمھارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بات کا فیصلہ کروائیں مگر منافق جانتا تھا کہ وہ جھوٹا ہے سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہودی کے حق میں فیصلہ فرمادیں گے لہٰذا وہ کعب بن اشرف یہودی سے فیصلہ کروانے پر مصر ہوا اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نسبت کہنے لگا کہ وہ ہم پر ظلم کریں گے چنانچہ اس موقع پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن ونور العرفان)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۪ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِيْنَهُمُ الَّذِي ارْتَضٰى لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا ؕ يَعْبُدُوْنَنِيْ لَا يُشْرِكُوْنَ بِيْ شَيْـًٔا ؕ وَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۵۵﴾ (پارہ:18 سورۃ نور، آیت نمبر 55)

ترجمہ کنزالایمان: اور رسول کے ذمہ نہیں مگر (احکامِ الٰہی) صاف پہنچا دینا اللہ نے وعدہ دیا ان کو جو تم میں سے ایمان لائے اور اچھے کام کیے کہ ضرور انہیں زمین میں خلافت (کافروں پر غلبہ) دے گا جیسی ان سے پہلوں کو دی اور ضرور ان کے لیے جما دے گا (مستحکم

Marfat.com

کردے گا) ان کا وہ دین (اسلام) جو ان کے لیے پسند فرمایا ہے اور ضرور ان کے اگلے (دشمنوں کے غلبے کے) خوف کو امن سے بدل دے گا (تو وہ) میری عبادت کریں میرا شریک کسی کو نہ ٹھہرائیں، اور جو اس کے بعد ناشکری کرے تو وہی لوگ بے حکم (نافرمان) ہیں۔

امن کی تمنا

سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وحی نازل ہونے سے تیرہ سال تک مکہ مکرمہ میں مع اصحاب کے قیام فرمایا اور کفار کی ایذاؤں پر جو شب و روز ہوتی رہتی تھیں صبر کیا پھر بحکم الٰہی مدینہ طیبہ ہجرت فرمائی اور انصار کے منازل کو اپنی سکونت سے سرفراز کیا مگر قریش اس پر بھی باز نہ آئے روزمرہ ان کی طرف سے جنگ کے اعلان ہوتے اور طرح طرح کی دھمکیاں دی جاتیں اصحاب رسول نے فرمایا کبھی ایسا زمانہ آجائے کہ ہمیں امن میسر ہو اور ہتھیاروں کے بار سے ہم سبکدوش ہوں اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِيَسْتَاْذِنْكُمُ الَّذِيْنَ مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ وَ الَّذِيْنَ لَمْ يَبْلُغُوا الْحُلُمَ مِنْكُمْ ثَلٰثَ مَرّٰتٍ ؕ مِنْ قَبْلِ صَلٰوةِ الْفَجْرِ وَ حِيْنَ تَضَعُوْنَ ثِيَابَكُمْ مِّنَ الظَّهِيْرَةِ وَ مِنْۢ بَعْدِ صَلٰوةِ الْعِشَآءِ ؕ ثَلٰثُ عَوْرٰتٍ لَّكُمْ ؕ لَيْسَ عَلَيْكُمْ وَ لَا عَلَيْهِمْ جُنَاحٌۢ بَعْدَهُنَّ ؕ طَوّٰفُوْنَ عَلَيْكُمْ بَعْضُكُمْ عَلٰى بَعْضٍ ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ ؕ وَ اللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝۵۸ (پارہ:18 سورۃ نور، آیت نمبر 58)

ترجمہ کنزالایمان: اے ایمان والو! چاہیے کہ تم سے اذن (اجازت) لیں (گھر میں داخل ہوتے وقت) تمہارے ہاتھ کے مال غلام (اور باندیاں) اور (وہ لڑکے) جو تم میں ابھی جوانی کو نہ پہنچے (مگر بلوغت کے قریب ہیں) تین وقت نمازِ صبح سے پہلے اور جب تم اپنے (اوپر کے) کپڑے اتار رکھتے ہو دوپہر کو (قیلولہ کے وقت) اور نماز عشاء کے بعد یہ تین وقت تمہاری شرم (تنہائی) کے ہیں ان تین (اوقات) کے بعد (علاوہ) کچھ گناہ نہیں تم پر نہ ان پر (جو) آمدو رفت (بار بار آنا جانا) رکھتے ہیں تمہارے یہاں ایک دوسرے کے پاس اللہ یونہی بیان کرتا ہے تمہارے لیے آیتیں، اور اللہ علم و حکمت والا ہے۔

Marfat.com

گھر میں داخل ہونے کی اجازت

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک انصاری غلام مدلج بن عمرو کو دوپہر کے وقت حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے مکان مبارک میں چلا گیا جبکہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ بے تکلف اپنے دولت سرائے میں تشریف رکھتے تھے غلام کے اچانک چلے آنے سے آپ رضی اللہ عنہ کے دل میں خیال ہوا کہ کاش غلاموں کو اجازت لے کر مکانوں میں داخل ہونے کا حکم ہوتا اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لَيْسَ عَلَى الْاَعْمٰى حَرَجٌ وَّ لَا عَلَى الْاَعْرَجِ حَرَجٌ وَّ لَا عَلَى الْمَرِيْضِ حَرَجٌ وَّ لَا عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ اَنْ تَاْكُلُوْا مِنْۢ بُيُوْتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اٰبَآىِٕكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اُمَّهٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اِخْوَانِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اَخَوٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اَعْمَامِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ عَمّٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اَخْوَالِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ خٰلٰتِكُمْ اَوْ مَا مَلَكْتُمْ مَّفَاتِحَهٗٓ اَوْ صَدِيْقِكُمْ ؕ

(پارہ:18 سورۃ نور، آیت نمبر 61)

ترجمہ کنزالایمان: نہ اندھے پر تنگی (کوئی حرج نہیں) اور نہ لنگڑے پر مضائقہ اور نہ بیمار پر روک (پابندی) اور نہ تم میں کسی پر (اس بات میں) کہ (تم) کھاؤ اپنی اولاد کے گھر (کہ وہ اپنا ہی گھر ہے) یا اپنے باپ کے گھر یا اپنی ماں کے گھر یا اپنے بھائیوں کے یہاں یا اپنی بہنوں کے گھر یا اپنے چچاؤں کے یہاں یا اپنی پھپیوں کے گھر یا اپنے ماموؤں کے یہاں یا اپنی خالاؤں کے گھر یا جہاں (جن گھروں) کی کنجیاں تمہارے قبضہ میں ہیں یا اپنے دوست کے یہاں۔

معذور کو رخصت

سعد بن مسیب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ صحابہ کرام نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ساتھ جہاد کو جاتے تو اپنے مکانوں کی چابیاں نابینا اور بیماروں اور اپاہجوں کو دے جاتے جوان اعذار کے باعث جہاد میں نہ جاسکتے اور انہیں اجازت دیتے کہ ان کے مکانوں سے کھانے کی چیزیں لے کر کھائیں مگر وہ لوگ اس کو گوارہ نہ کرتے بایں خیال کہ شاید یہ ان کو دل سے پسند نہ ہو اس پر یہ آیت نازل ہوئی اور انہیں اس کی اجازت دی گئی اور ایک قول یہ ہے کہ اندھے اپاہج اور بیمار لوگ تندرستوں کے ساتھ کھانے سے بچتے کہ کہیں کسی کو نفرت نہ ہو اس

Marfat.com

آیت میں انہیں اجازت دی گی اور ایک قول یہ ہے کہ جب اندھے نابینا اپاہج کسی مسلمان کے پاس جاتے اور اس کے پاس ان کے کھانے کیلے کچھ نہ ہوتا تو وہ انہیں کسی رشتہ دار کے یہاں کھلانے کیلئے لے جاتا یہ بات ان لوگوں کو گوارہ نہ ہوتی اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی اور انہیں بتایا گیا کہ اس میں کوئی حرج نہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَاْكُلُوْا جَمِيْعًا اَوْ اَشْتَاتًا ؕ فَاِذَا دَخَلْتُمْ بُيُوْتًا فَسَلِّمُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ تَحِيَّةً مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُبٰرَكَةً طَيِّبَةً ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۱﴾

ترجمہ کنزالایمان: تم پر کوئی الزام (حرج) نہیں کہ (سب) مل کر کھاؤ یا الگ الگ پھر جب کسی گھر میں جاؤ تو اپنوں کو سلام کرو ملتے وقت کی اچھی (سلامتی کی) دعا اللہ کے پاس سے (مقرر ہے) مبارک (بابرکت) پاکیزہ، اللہ یونہی بیان فرماتا ہے تم سے آیتیں کہ تمہیں سمجھ ہو (تم سمجھ لو)۔

مہمان کا انتظار

قبیلہ بنی لیث بن عمرو کے لوگ تنہا بغیر مہمان کے کھانا نہ کھاتے تھے کبھی کبھی مہمان نہ ملتا تو صبح سے شام تک کھانا لئے بیٹھے رہتے ان کے حق میں یہ آیت نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لَا تَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ بَيْنَكُمْ كَدُعَآءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا ؕ قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ يَتَسَلَّلُوْنَ مِنْكُمْ لِوَاذًا ۚ فَلْيَحْذَرِ الَّذِيْنَ يُخَالِفُوْنَ عَنْ اَمْرِهٖٓ اَنْ تُصِيْبَهُمْ فِتْنَةٌ اَوْ يُصِيْبَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۶۳﴾ (پارہ:18 سورۃ نور، آیت نمبر 63)

ترجمہ کنزالایمان: رسول کے پکارنے کو آپس میں ایسا نہ ٹھہرالو (بنالو) جیسا تم میں ایک دوسرے کو پکارتا ہے بیشک اللہ جانتا ہے جو تم میں چپکے (سے) نکل جاتے ہیں کسی چیز کی آڑ لے کر تو ڈریں وہ جو رسول کے حکم کے خلاف کرتے ہیں کہ انہیں کوئی فتنہ (دنیا میں عذاب سے) پہنچے یا ان پر (آخرت میں) دردناک عذاب (نہ آ) پڑے۔

Marfat.com

منافقین کا خطبہ سننے سے گریز

منافقین پر روز جمعہ مسجد میں ٹھہر کر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خطبے کا سننا گراں ہوتا تھا تو وہ چپکے چپکے آہستہ آہستہ صحابہ کی آڑ لے کر سرکتے مسجد سے نکل جاتے تھے اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔

(تفسیر خزائن العرفان)

سورۃ الفرقان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ مَآ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّآ اِنَّهُمْ لَيَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَ يَمْشُوْنَ فِي الْاَسْوَاقِ ؕ وَجَعَلْنَا بَعْضَكُمْ لِبَعْضٍ فِتْنَةً ؕ اَتَصْبِرُوْنَ ۚ وَ كَانَ رَبُّكَ بَصِيْرًا ۩ (پارہ:18 سورۃ نور، آیت نمبر20)

ترجمہ کنزالایمان: اور ہم نے تم سے پہلے جتنے رسول بھیجے سب ایسے ہی تھے کھانا کھاتے اور بازاروں میں چلتے اور ہم نے تم میں ایک کو دوسرے کی (کے لیے) جانچ کیا (آزمائش بنایا) ہے اور اے لوگو! کیا تم (اس آزمائش میں) صبر کرو گے اور اے محبوب! تمہارا رب دیکھتا ہے (جو صبر کرے اور نہ کرے)۔

کفار کا غرور

شرفاء جب اسلام لانے کا قصد کرتے تو غرباء کو دیکھ کر خیال کرتے یہ ہم سے پہلے اسلام لا چکے ان کو ہم پر ایک فضیلت رہے گی اس خیال سے وہ اسلام سے باز رہے اور شرفاء کیلئے غرباء آزمائش بن جاتے ایک قول یہ ہے کہ یہ آیت ابوجہل و ولید بن عقبہ اور عاص بن وائل سہمی اور نصر بن حارث کے حق میں نازل ہوئی ان لوگوں نے حضرت ابوذر و ابن مسود و عماد بن یاسر و بلال و صہیب و عامر بن فہیرہ کو دیکھا کہ پہلے سے اسلام لائے ہیں تو غرور سے کہا کہ ہم بھی اسلام لے آئیں تو انھیں جیسے ہو جائینگے تو ہم میں اور ان میں کیا فرق رہ جائے گا ایک روایت کے مطابق یہ آیت فقرء مسلمین کی آزمائش میں نازل ہوئی جن کا کفار قریش استہزا کرتے تھے اور کہتے تھے کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اتباع کرنے والے یہ لوگ ہیں جو ہمارے غلام اور ارذل ہیں چنانچہ اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی۔ (تفسیر خزائن و نور العرفان)

Marfat.com

انیسواں پارہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ كَانَ يَوْمًا عَلَى الْكٰفِرِيْنَ عَسِيْرًا ﴿۲۶﴾ وَ يَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلٰى يَدَيْهِ يَقُوْلُ يٰلَيْتَنِي اتَّخَذْتُ مَعَ الرَّسُوْلِ سَبِيْلًا ﴿۲۷﴾ (پارہ:19 سورۃ الفرقان، آیت نمبر 27-26)

ترجمہ کنزالایمان: اور وہ دن کافروں پر سخت (مشکل کا) ہے اور جس (قیامت کے) دن ظالم (کافر) اپنے ہاتھ (ندامت و پچھتاوے سے) چبا چبالے گا کہ ہائے (کاش) کسی طرح سے میں نے رسول کے ساتھ (جنت و نجات کی) راہ لی ہوتی۔

دوستی پر ندامت و پچھتاوا

عقبہ بن ابی معیط ابی بن خلف کا گہرا دوست تھا حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرمانے سے اس نے کلمہ شہادت پڑھا مگر اس کے بعد ابی بن خلف کے زور ڈالنے سے پھر مرتد ہو گیا اور سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کے قتل کی خبر دی چنانچہ وہ بدر میں مارا گیا چنانچہ یہ آیت اس کے حق میں نازل ہوئی کہ روز قیامت اس کو انتہا درجے کی حسرت و ندامت ہوگی اور وہ اس حسرت میں اپنے ہاتھ چبائے گا کہ میری ابی بن خلف سے دوستی کیوں تھی آیت کا نزول اگرچہ عقبہ بن ابی مغیط سے خاص ہے مگر اس کا حکم عام کفار کے لیے بھی ہے۔ (تفسیر خزائن العرفان)

سورۃ الشعراء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ اَلَّا يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿۳﴾ اِنْ نَّشَاْ نُنَزِّلْ عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ اٰيَةً فَظَلَّتْ اَعْنَاقُهُمْ لَهَا خٰضِعِيْنَ ﴿۴﴾ (پارہ:19 سورۃ الشعراء، آیت نمبر 4-3)

ترجمہ کنزالایمان: کہیں تم اپنی جان پر کھیل جاؤ گے ان کے غم میں کہ وہ ایمان نہیں لائے اگر ہم چاہیں تو آسمان سے ان پر کوئی (ایسی) نشانی اتاریں کہ ان کے اونچے اونچے اس کے حضور (اطاعت سے) جھکے رہ جائیں۔

Marfat.com

کفر پر افسوس

جب کفار مکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان نہ لائے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ان کا کافر رہنا از حد شاق گزرا اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی جس میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تسلی خاطر فرمائی گئی۔ (تفسیر نور العرفان)

Marfat.com

بیسواں پارہ

قُلْ لَّا يَعْلَمُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْغَيْبَ اِلَّا اللّٰهُ ؕ وَمَا يَشْعُرُوْنَ اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ ﴿۶۵﴾ (پارہ:20 سورۃ الفرقان، آیت نمبر65)

ترجمہ کنزالایمان: اگر تم (اپنے اس دعویٰ میں) سچے ہو (کہ اللہ کے سوا اور بھی معبود ہیں) تم فرماؤ (بغیر رب کے بتائے) غیب نہیں جانتے جو کوئی آسمانوں اور زمین میں ہیں مگر (جسے) اللہ (چاہے) اور انہیں خبر نہیں کہ کب اٹھائے جائیں گے۔

قیامت آنے کا وقت

یہ آیت مشرکین کے حق میں نازل ہوئی جنہوں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے قیامت کے آنے کا وقت دریافت کیا تھا۔ (تفسیر خزائن العرفان)

سورۃ القصص

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِهٖ هُمْ بِهٖ يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۲﴾ وَاِذَا يُتْلٰى عَلَيْهِمْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِهٖٓ اِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّنَآ اِنَّا كُنَّا مِنْ قَبْلِهٖ مُسْلِمِيْنَ ﴿۵۳﴾ اُولٰٓئِكَ يُؤْتَوْنَ اَجْرَهُمْ مَّرَّتَيْنِ بِمَا صَبَرُوْا وَيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿۵۴﴾ (پارہ:20 سورۃ القصص، آیت نمبر52-54)

ترجمہ کنزالایمان: جن (لوگوں) کو ہم نے اس (قرآن) سے پہلے کتاب دی وہ اس پر ایمان لاتے ہیں، اور جب ان پر یہ آیتیں پڑھی جاتی ہیں کہتے ہیں ہم اس پر ایمان لائے، بیشک یہی حق ہے ہمارے رب کے پاس سے ہم اس (قرآن کے نزول) سے پہلے ہی گردن رکھ چکے (ایمان لا چکے) تھے ان کو ان کا اجر دوبالا (دگنا) دیا جائے گا بدلہ ان کے صبر کا اور وہ بھلائی (نیکی) سے برائی کو ٹالتے (دور کرتے) ہیں اور ہمارے دیے سے کچھ ہماری راہ میں خرچ

Marfat.com

کرتے (صدقہ دیتے) ہیں۔

مومنین اہلِ کتاب

یہ آیت مومنین اہل کتاب حضرت عبداللہ بن سلام اوران کے اصحاب کے حق میں نازل ہوئی اور ایک قول یہ ہے کہ یہ ان اہل انجیل کے حق میں نازل ہوئی جو حبشہ سے آکر سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لائے یہ چالیس حضرات تھے جو حضرت جعفر بن ابی طالب کے ساتھ آئے جب انہوں نے مسلمانوں کی حاجات اور تنگی معاشی دیکھی تو بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں عرض کیا کہ ہمارے پاس مال ہیں حضور اجازت دیں تو ہم واپس جا کر اپنے مال لے آئیں اوران سے مسلمانوں کی خدمت کریں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اجازت دی اور وہ جا کر اپنے مال لے آئے اوران سے مسلمانوں کی خدمت کی ان کے حق میں یہ آیات نازل ہوئیں حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ یہ آیتیں اسی (۸۰) اہل کتاب کے حق میں نازل ہوئیں جن میں سے چالیس نجران کے اور بتیس حبشہ کے اور آٹھ شام کے تھے۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّكَ لَا تَهْدِیْ مَنْ اَحْبَبْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ یَهْدِیْ مَنْ یَّشَآءُ ۚ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِیْنَ ﴿۵۶﴾ (پارہ:20 سورۃ القصص، آیت نمبر 56)

ترجمہ کنزالایمان: بیشک یہ نہیں کہ تم جسے اپنی طرف سے چاہو ہدایت کردو ہاں اللہ ہدایت فرماتا ہے جسے چاہے، اور وہ خوب جانتا ہے ہدایت (پانے) والوں کو اور (کفار) کہتے ہیں۔

ابوطالب کا ایمان نہ لانا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ یہ آیت ابو طالب کے حق میں نازل ہوئی نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے ان کی موت کے وقت فرمایا اے چچا کہو لا الہ اللہ میں تمھارے لیے روز قیامت شاہد ہوں گا انہوں نے کہا اگر مجھے قریش کے عار دینے کا اندیشہ نہ ہوتا تو میں ضرور ایمان لا کر تمھاری آنکھ ٹھنڈی کرتا اس کے بعد انہوں نے یہ شعر پڑھے ترجمہ میں یقین سے جانتا ہوں کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دین تمام جہانوں کے دینوں سے بہتر ہے اگر ملامت و بدگوئی کا اندیشہ نہ ہوتا تو میں نہایت صفائی کے ساتھ اس دین کو قبول کرتا اس کے بعد ابوطالب کا انتقال ہوگیا اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ رَبُّكَ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ وَيَخْتَارُ ؕ مَا كَانَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۶۸﴾ (پارہ:20 سورۃ القصص، آیت نمبر 68)

ترجمہ کنزالایمان: اور تمہارا رب پیدا کرتا ہے جو چاہے اور پسند فرماتا ہے ان کا (اس میں) کچھ اختیار (عمل دخل) نہیں، پاکی اور برتری ہے اللہ کو ان کے شرک سے۔

نبوت کا شرف

یہ آیت مشرکین کے جواب میں نازل ہوئی جنہوں نے کہا تھا کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نبوت کے لیے کیوں برگزیدہ کیا یہ قرآن مکہ وطائف کے کسی بڑے شخص پر کیوں نہ اتارا اس کلام کا قائل ولید بن مغیرہ تھا اور بڑے آدمی سے وہ اپنے آپ کو اور عروہ بن مسعود ثقفی کو مراد لیتا تھا اس کے جواب میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ خَيْرٌ مِّنْهَا ۚ وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزَى الَّذِيْنَ عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ اِلَّا مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۸۴﴾ (پارہ:20 سورۃ القصص، آیت نمبر 84)

ترجمہ کنزالایمان: جو نیکی لائے (نیکی کرے) اس کے لیے اس سے بہتر (دس گنا ثواب) ہے اور جو بدی لائے بدکام والوں کو بدلہ نہ ملے گا مگر جتنا کیا تھا۔

شہر ابراہیمی چھوڑنے کا ملال

یہ آیت کریمہ مقام جحفہ میں نازل ہوئی جبکہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہجرت فرما کر مکہ معظمہ سے مدینہ منورہ جا رہے تھے اور آپ کو شہر ابراہیمی مکہ چھوڑنے کا ملال تھا اس آیت میں وعدہ فرمایا گیا کہ ہم آپ کو پھر مکہ معظمہ واپس فرمائینگے نہایت شان وشوکت کے ساتھ۔ (تفسیر نور العرفان)

Marfat.com

سورۃ العنکبوت

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ یُّتْرَكُوْۤا اَنْ یَّقُوْلُوْۤا اٰمَنَّا وَهُمْ لَا یُفْتَنُوْنَ ۝۲

(پارہ:20 سورۃ العنکبوت، آیت نمبر 2)

ترجمہ کنزالایمان: کیا لوگ اس گھمنڈ (خام خیالی) میں ہیں کہ (صرف) اتنی بات پر چھوڑ دیے جائیں گے کہ کہیں ہم ایمان لائے، اور ان کی (مختلف مصائب کے ذریعے) آزمائش نہ ہوگی۔

کفار کی سخت ایذائیں

یہ آیت ان حضرات کے حق میں نازل ہوئی جو مکہ مکرمہ میں تھے اور انہوں نے اسلام کا اقرار کیا تو اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں لکھا کہ محض اقرار کافی نہیں جب تک کہ ہجرت نہ کرو ان صاحبوں نے ہجرت کی اور بقصد مدینہ روانہ ہوئے مشرکین ان کے درپے ہوئے اور ان سے قتال کیا بعض حضرات ان میں سے شہید ہو گئے بعض بچ آئے، ان کے حق میں یہ دو آیتیں نازل ہوئیں اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ مراد ان لوگوں سے سلمہ بن ہشام اور عیاش بن ابی ربیہ اور ولید بن ولید اور عمار بن یاسر وغیرہ ہیں جو مکہ مکرمہ میں ایمان لائے اور ایک قول یہ ہے کہ یہ آیت حضرت عمار رضی اللہ عنہ کے حق میں نازل ہوئیں جو خدا ترسی کی وجہ سے ستائے جاتے تھے اور کفار انہیں سخت ایذائیں پہنچاتے تھے اور ایک قول یہ ہے کہ یہ آیتیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے غلام مہجع بن عبداللہ کے حق میں نازل ہوئی جو بدر میں سب سے پہلے شہید ہونے والے ہیں سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کی نسبت فرمایا کہ مہجع سید الشہداء ہیں اور اس امت میں باب جنت کی طرف وہ پکارے جائیں گے ان کے والدین اور ان کی بی بی کو ان کا بہت صدمہ ہوا تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی پھر ان کی تسلی فرمائی۔ (خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَوَصَّیْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَیْهِ حُسْنًا ؕ وَاِنْ جَاهَدٰكَ لِتُشْرِكَ بِیْ مَا لَیْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا ؕ اِلَیَّ مَرْجِعُكُمْ فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝۸

(پارہ:20 سورۃ العنکبوت، آیت نمبر 8)

Marfat.com

ترجمہ کنزالایمان: اور ہم نے آدمی کو تاکید کی اپنے ماں باپ کے ساتھ بھلائی (احسان اور نیک سلوک) کی اور (لیکن) اگر تو وہ تجھ سے کوشش (مطالبہ) کریں کہ تو میرا شریک ٹھہرائے (شرک کرے) جس کا تجھے علم نہیں (محض انکے کہنے پر اور خدا بنائے) تو تُو ان کا کہا نہ مان (یاد رکھو) میری ہی طرف تمہارا پھرنا (واپس آنا) ہے تو میں (تمھارے اعمال کا بدلہ دے کر) بتادوں گا تمہیں جو تم (عمل) کرتے تھے۔

کفروشرک پر والدین کی حکم عدولی

یہ آیت اور سورت لقمان سورہ احقاف کی آیتیں سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کے حق میں و بقول ابن اسحٰق سعد بن مالک رضی اللہ عنہ زہری کے حق میں نازل ہوئیں ان کی ماں حمنہ بنت ابی سفیان بن امیہ بن عبد شمس تھی حضرت سعد رضی اللہ عنہ سابقین اولین میں سے تھے اور اپنی والدہ کے ساتھ اچھا سلوک کرتے تھے جب آپ اسلام لائے تو آپ کی والدہ نے کہا کہ تو نے یہ کیا نیا کام کیا خدا کی قسم اگر تو اس سے باز نہ آیا تو میں نہ کھاؤں نہ پیوں یہاں تک کہ مرجاؤں اور تیری ہمیشہ کیلے بدنامی ہو اور تجھے ماں کا قاتل کہا جائے پھر اس پر بڑھیا نے فاقہ کیا اور ایک شبانہ روز کھایا نہ پیا نہ سایہ میں بیٹھی اس سے ضعیف ہوگئی پھر ایک رات دن اور اسی طرح رہی تب حضرت سعد رضی اللہ عنہ اس کے پاس آئے اور آپ نے اس سے فرمایا کہ اے ماں اگر سو جانیں ہوں اور ایک ایک کر کے سب ہی نکل جائیں تو بھی میں اپنا دین چھوڑنے والا نہیں تو چاہے کھا چاہے مت کھا جب وہ حضرت سعد رضی اللہ عنہ کی طرف سے مایوسؔ ہوگئی کہ یہ اپنا دین چھوڑنے والا نہیں تو کھانے پینے لگی اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی اور حکم دیا کہ والدین کے ساتھ نیک سلوک کیا جائے اور اگر وہ کفروشرک کا حکم دیں تو نہ مانا جائے۔ (تفسیر خزائن العرفان)

Marfat.com

اکیسواں پارہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ ؕ وَلَوْ لَآ اَجَلٌ مُّسَمًّى لَّجَآءَهُمُ الْعَذَابُ ؕ وَلَيَاْتِيَنَّهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۵۳﴾ (پارہ:21 سورۃ العنکبوت، آیت نمبر53)

ترجمہ کنزالایمان: اور تم سے عذاب (لانے) کی جلدی کرتے ہیں اور اگر ایک ٹھہرائی مدت (مہلت) نہ ہوتی تو ضرور (اب تک) ان پر عذاب آجاتا اور ضرور ان پر اچانک آئے گا جب وہ بے خبر ہوں گے۔

پتھروں کی بارش

یہ آیت کریمہ نضر بن حارث کے حق میں نازل ہوئی جس نے سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہا تھا کہ ہمارے اوپر آسما ں سے پتھروں کی بارش کرایئے یہ کفار بطور مذاق آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہا کرتے تھے کہ ہم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان نہیں لائے تو پھر ہم پر پتھر کیوں نہیں برستے ان کے جواب میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن وروح)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَكَاَيِّنْ مِّنْ دَآبَّةٍ لَّا تَحْمِلُ رِزْقَهَا ۖ اَللّٰهُ يَرْزُقُهَا وَاِيَّاكُمْ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۶۰﴾ (پارہ:21 سورۃ العنکبوت، آیت نمبر60)

ترجمہ کنزالایمان: اور زمین پر کتنے ہی چلنے والے (جاندار ایسے) ہیں کہ اپنی روزی (رزق) ساتھ نہیں رکھتے اللہ (ہی) روزی دیتا ہے انہیں اور تمہیں اور وہی سنتا جانتا ہے۔

اللہ روزی دیتا ہے

مکہ مکرمہ میں مومنین کو مشرکین شب و روز طرح طرح کی ایذائیں دیتے تھے سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے مدینہ طیبہ کی طرف ہجرت کرنے کو فرمایا تو ان میں سے بعض نے کہا کہ ہم مدینہ شریف کو کیسے چلے جائیں نہ وہاں ہمارا گھر نہ مال کون ہمیں کھلائے گا کون پلائے گا اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

Marfat.com

سورۃ الروم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الٓمّٓ ﴿۱﴾ غُلِبَتِ الرُّوْمُ ﴿۲﴾ فِیْٓ اَدْنَی الْاَرْضِ وَ هُمْ مِّنْۢ بَعْدِ غَلَبِهِمْ سَیَغْلِبُوْنَ ﴿۳﴾

(پارہ:21 سورۃ الروم، آیت نمبر 3-1)

ترجمہ کنزالایمان: رومی مغلوب ہوئے (شکست کھا گئے)، پاس (شام) کی زمین میں اور اپنی مغلوبی (شکست) کے عنقریب غالب (فتحیاب) ہوں گے۔

سواونٹ کی شرط

فارس اور روم کے درمیان جنگ تھی اور چونکہ اہل فارس مجوسی تھے اس لیے مشرکین عرب ان کا غلبہ پسند کرتے تھے رومی اہل کتاب تھے اس لیے مسلمانوں کو ان کا غلبہ اچھا معلوم ہوتا تھا خسرو پرویز بادشاہ فارس نے رومیوں پر لشکر بھیجا یہ لشکر سرزمین شام کے قریب مقابل ہوئے اہل فارس غالب ہوئے مسلمانوں کو یہ خبر گراں گزری کفار مکہ اس سے خوش ہو کر مسلمانوں سے کہنے لگے کہ تم بھی اہل کتاب اور نصاریٰ بھی اہل کتاب اور ہم بھی امی اور اہل فارس بھی امی ہمارے بھائی اہل فارس تمھارے بھائیوں اہل رومیوں پر غالب ہوئے ہماری تمھاری جنگ ہوئی تو ہم بھی تم پر غالب ہوں گے اس پر یہ آیتیں نازل ہوئی اور انہیں خبر دی گئی چند سال میں پھر رومی اہل فارس پر غالب آجائیں گے یہ آیتیں سن کر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے کفار مکہ میں جا کر اعلان کر دیا کہ خدا کی قسم رومی ضرور اہل فارس پر غلبہ پائیں گے اے اہل مکہ تم اس وقت کے نتیجہ جنگ سے خوش مت ہو ہمیں ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خبر دی ہے ابن ابی خلف کافر آپ رضی اللہ عنہ کے مقابل کھڑا ہو گیا اور آپ رضی اللہ عنہ کے اور اس کے درمیان سو اونٹ کی شرط ہو گئی اگر نو سال میں اہل فارس غالب آجائیں تو حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ ابی کو سو اونٹ دیں گے اور اگر رومی غالب آجائیں تو ابی حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو سو اونٹ دے گا اس وقت تک قمار کی حرمت نازل نہ ہوئی تھی مسئلہ اور حضرت امام ابو حنیفہ و امام محمد رحمۃ اللہ علیہما کے نزدیک حربی کفار کے ساتھ عقود فاسدہ ربوا وغیرہ جائز ہیں اور یہی واقعہ ان کی دلیل ہے القصہ سات سال کے بعد اس خبر کا صدق ظاہر ہوا اور جنگ حدیبیہ یا بدر کے دن رومی اہل فارس پر غالب آئے اور رومیوں نے مدائن میں اپنے گھوڑے باندھے اور عراق میں رومیہ نامی ایک شہر کی بنیاد رکھی اور حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے شرط کے اونٹ ابی کی اولاد سے وصول کر لئے کیونکہ وہ اس درمیان مر چکا تھا سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ شرط کے مال کو صدقہ کر دیں یہ غیبی خبر حضور سید

Marfat.com

عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صحت نبوت اور قرآن کریم کے کلام الٰہی ہونے کی روشن دلیل ہے۔ (خازن و مدارک)

سورۂ لقمان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ مِنَ النَّاسِ مَنْ یَّشْتَرِیْ لَهْوَ الْحَدِیْثِ لِیُضِلَّ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰهِ بِغَیْرِ عِلْمٍ ۖ وَّ یَتَّخِذَهَا هُزُوًا ؕ اُولٰٓىٕكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِیْنٌ ۝۶ (پارہ:21 سورۃ لقمان، آیت نمبر6)

ترجمہ کنزالایمان: اور کچھ لوگ کھیل کی باتیں (غفلت میں ڈالنے والی چیزیں) خریدتے ہیں کہ اللہ کی راہ (دینِ اسلام) سے بہکا دیں بے سمجھے (اپنی جہالت کے سبب) اور اسے ہنسی بنالیں (مذاق اڑائیں)، ان کے لیے ذلت کا عذاب ہے۔

لھو ولعب کی چیزیں

یہ آیت نضر بن حارث بن کلاہ کے حق میں نازل ہوئی جو تجارت کے سلسلے میں دوسرے ملکوں میں سفر کیا کرتے تھے اس نے عجمیوں کی کتابیں خریدی جن میں قصے کہانیاں تھیں وہ قریش کو سناتا اور کہتا کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمھیں عاد و ثمود کے واقعات سناتے ہیں اور میں رستم و اسفندریار اور شاہان فارس کی کہانیاں سناتا ہوں کچھ لوگ ان کہانیوں میں مشغول ہو گئے اور قرآن پاک سننے سے رہ گئے اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلَمْ تَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الْاَرْضِ وَ اَسْبَغَ عَلَیْكُمْ نِعَمَهٗ ظَاهِرَةً وَّ بَاطِنَةً ؕ وَ مِنَ النَّاسِ مَنْ یُّجَادِلُ فِی اللّٰهِ بِغَیْرِ عِلْمٍ وَّ لَا هُدًى وَّ لَا كِتٰبٍ مُّنِیْرٍ ۝۲۰ (پارہ:21 سورۃ لقمان، آیت نمبر25)

ترجمہ کنزالایمان: کیا تم نے نہ دیکھا کہ اللہ نے تمہارے (فائدے کے) لیے کام میں لگائے جو کچھ آسمانوں (چاند سورج وغیرہ) اور زمین میں (دریا، پہاڑ، درخت وغیرہ) ہیں اور تمہیں بھرپور دیں اپنی نعمتیں ظاہر اور چھپی اور بعضے آدمی اللہ کے بارے میں جھگڑتے ہیں یوں کہ نہ علم نہ عقل نہ کوئی روشن کتاب (محض جہالت میں جھگڑتے ہیں)۔

Marfat.com

اللہ کی ذات وصفات پر اعتراض

یہ آیت کریمہ نضر بن حارث ابی بن خلف وغیرہ کفار کے حق میں نازل ہوئی جو باوجود بے علم و جاہل ہونے کے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات کے متعلق جھگڑے کیا کرتے تھے۔

(تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ لَوْ اَنَّ مَا فِی الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ اَقْلَامٌ وَّ الْبَحْرُ یَمُدُّهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ سَبْعَةُ اَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ كَلِمٰتُ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ ﴿۲۷﴾ (پارہ:21 سورۃ لقمان، آیت نمبر 27)

ترجمہ کنزالایمان: اور اگر زمین میں جتنے پیڑ ہیں سب قلمیں ہوجائیں اور سمندر اس کی سیاہی ہو اس کے پیچھے سات سمندر (مزید سیاہی بن جائیں) اور تو اللہ کی باتیں ختم نہ ہوں گی بیشک اللہ عزت وحکمت والا ہے۔

یہود علماء کا اعتراض

جب سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہجرت کر کے مدینہ تشریف لائے تو یہود کے علماء واحبار نے آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر کہا کہ ہم نے سنا ہے کہ آپ فرماتے ہیں: وما اوتیتم من العلم الا قلیل یعنی تمھیں تھوڑا سا علم دیا گیا تو اس سے آپ کی مراد ہم لوگ ہیں یا صرف اپنی قوم فرمایا سب مراد ہیں انہوں نے کہا کیا آپ کی کتاب میں یہ نہیں ہے کہ ہمیں توریت دی گئی ہے اس میں ہر شے کا علم ہے حضور نے فرمایا کہ ہر شے کا علم بھی علم الٰہی کے حضور قلیل ہے اور تمھیں تو اللہ تعالیٰ نے اتنا علم دیا ہے کہ اس پر عمل کرو تو نفع پاؤ انہون نے کہا آپ کیسے یہ خیال فرماتے ہیں کہ آپ کا قول تو یہ ہے کہ جسے حکمت دی گئی اس سے خیر کثیر دی تو علم قلیل اور خیر کثیر کیسے جمع ہو اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی اس تقدیر پر یہ آیت مدنی ہوگی ایک قول یہ بھی ہے یہود نے قریش سے کہا تھا کہ مکہ میں جا کر رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس طرح کا کلام کریں ایک قول یہ ہے کہ مشرکین نے یہ کہا تھا کہ قرآن اور جو کچھ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لائے ہیں یہ عنقریب تمام ہوجائے گا پھر قصہ ختم اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مَا خَلْقُكُمْ وَلَا بَعْثُكُمْ اِلَّا كَنَفْسٍ وَّاحِدَةٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ۝

(پارہ:21 سورۃ لقمان، آیت نمبر 28)

ترجمہ کنزالایمان: تم سب کا پیدا کرنا اور قیامت میں (زندہ کر کے) اٹھانا ایسا ہی ہے جیسا ایک جان کا (پیدا کرنا) بیشک اللہ سنتا دیکھتا ہے۔

قیامت میں زندہ ہو جانے پر شبہ

یہ آیت کفار کے اس سوال کے جواب میں نازل ہوئی کہ رب نے ہم کو دنیا میں بہت طریقوں سے پیدا کیا کبھی نطفے کبھی مضغہ کبھی کچھ کبھی کچھ تو قیامت میں ہم کو ایک دم کیسے پیدا فرمائے گا اس کے جواب میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر نورالعرفان وروح)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ ۚ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْاَرْحَامِ ؕ وَمَا تَدْرِيْ نَفْسٌ مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًا ؕ وَمَا تَدْرِيْ نَفْسٌۢ بِاَيِّ اَرْضٍ تَمُوْتُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ۝۳۴ ع (پارہ:21 سورۃ لقمان، آیت نمبر 34)

ترجمہ کنزالایمان: بیشک اللہ کے پاس ہے قیامت کا علم اور اتارتا ہے مینھ (بارش) اور جانتا ہے جو کچھ ماؤں کے پیٹ میں ہے، اور کوئی جان نہیں جانتی کہ کل کیا کمائے گی اور کوئی جان نہیں جانتی کہ کس زمین میں مرے گی، بیشک اللہ جاننے والا (اور اپنے محبوبوں میں جسے چاہے) بتانے والا ہے۔

قیامت کا علم

یہ آیت حارث بن عمرو کے حق میں نازل ہوئی جس نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر قیامت کا وقت دریافت کیا تھا اور یہ کہا تھا کہ میں نے کھیتی بوئی ہے خبر دیں مینہ کب آئے گا اور میری عورت حاملہ ہے مجھے بتایئے کہ اس کے پیٹ میں کیا ہے لڑکا یا لڑکی، یہ تو مجھے معلوم ہے کہ کل میں نے کیا کیا ہے مجھے بتایئے کہ آئندہ کل کیا کروں گا یہ بھی جانتا ہوں کہ میں کہاں پیدا ہوا ہوں مجھے یہ بھی بتایئے کہ کہاں مروں گا اس کے جواب میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

Marfat.com

سورۃ السجدہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تَتَجَافٰی جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ یَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّ طَمَعًا وَّ مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ یُنْفِقُوْنَ ﴿۱۶﴾ (پارہ:21 سورۃ السجدۃ، آیت نمبر16)

ترجمہ کنزالایمان: ان کی کروٹیں جدا ہوتی ہیں خوابگاہوں (بستروں) سے اور اپنے رب کو پکارتے ہیں ڈرتے (اس کے عذاب سے) اور امید کرتے (ہیں اس کی رحمت سے) اور ہمارے دیے ہوئے (مال) سے کچھ خیرات کرتے ہیں۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہمراہ عشاء کی ادائیگی

حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ یہ آیت ہم انصاریوں کے حق میں نازل ہوئی کہ ہم مغرب پڑھ کر اپنی قیام گاہوں کو واپس نہ آتے تھے جب تک کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ نماز عشاء نہ پڑھ لیتے۔

(تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَفَمَنْ كَانَ مُؤْمِنًا كَمَنْ كَانَ فَاسِقًا ؕ لَا یَسْتَوٗنَ ﴿۱۸﴾ (پارہ:21 سورۃ السجدۃ، آیت نمبر18)

ترجمہ کنزالایمان: تو کیا جو ایمان والا ہے وہ اس جیسا ہو جائے گا جو بے حکم (کافر و سرکش) ہے یہ (مومن و کافر) برابر نہیں۔

کافر، مومن کے برابر نہیں

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ولید بن عقبہ بن ابی معیط کسی بات میں جھگڑ رہا تھا دوران گفتگو کہنے لگا کہ خاموش ہو جاؤ تم لڑکے ہو میں بوڑھا ہوں بہت زبان دراز ہوں میری نوک سناں تم سے زیادہ تیز ہے۔ میں تم سے زیادہ بہادر ہوں میں بڑا جتھے دار ہوں حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا چپ تو فاسق ہے مراد یہ تھی کہ جن باتوں پر تو ناز کرتا ہے انسان کے لئے ان میں کوئی بات قابل مدح نہیں انسان کا فضل و شرف ایمان و تقویٰ میں ہے۔ جیسے یہ دولت نصیب نہیں وہ انتہا کا رزیل ہے کافر مومن کے برابر نہیں ہو سکتا اللہ تعالیٰ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی تصدیق میں یہ آیت نازل فرمائی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

Marfat.com

سورۃ الاحزاب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ اتَّقِ اللّٰهَ وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِیْنَ وَالْمُنٰفِقِیْنَؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِیْمًا حَكِیْمًا۝۱ (پارہ:21 سورۃ الاحزاب، آیت نمبر1)

ترجمہ کنزالایمان: اے غیب کی خبریں بتانے والے (نبی) اللہ کا یوں ہی خوف رکھنا اور کافروں اور منافقوں کی (خلافِ شرع بات) نہ سننا بیشک اللہ علم وحکمت والا ہے۔

حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ناگوارِ خاطر

ابوسفیان بن حرب اور عکرمہ بن ابی جہل اور ابوالاعور سلمی جنگ احد کے بعد مدینہ طیبہ میں آئے اور منافقین کے سردار عبداللہ بن ابی بن سلول کے یہاں مقیم ہوئے، سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے گفتگو کیلئے امان حاصل کر کے انہوں نے یہ کہا کہ آپ لات عزیٰ منات وغیرہ بتوں کو جنہیں مشرکین اپنا معبود سمجھتے ہیں کچھ نہ فرمایئے اور یہ فرمادیجئے کہ ان کی شفاعت ان کے پجاریوں کے لئے ہے اور ہم لوگ آپ کو اور آپ کے رب کو کچھ نہ کہیں گے سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ان کی یہ گفتگو بہت ناگوار ہوئی اور مسلمانوں نے ان کے قتل کا ارادہ کیا سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قتل کی اجازت نہ دی اور فرمایا کہ میں انہیں امان دے چکا ہوں اس لئے قتل نہ کرو مدینہ شریف سے نکال دو چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نکال دیا اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی اس میں خطاب تو سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ہے اور مقصود ہے آپ کی امت سے فرمانا کہ جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امان دی تو تم اس کے پابند رہو اور نقض عہد کا ارادہ نہ کرو اور کفار ومنافقین کی خلاف شرع بات نہ مانو۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مَا جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِّنْ قَلْبَیْنِ فِیْ جَوْفِهٖۚ (پارہ:21 سورۃ الاحزاب، آیت نمبر4)

ترجمہ کنزالایمان: اللہ نے کسی آدمی کے اندر دو دل نہ رکھے (کہ ایک میں اللہ کا خوف اور دوسرے میں کسی اور کا)۔

دو دل

ابومعمر حمیدی فہری کی یادداشت اچھی تھی جو سنتا تھا یاد کر لیتا تھا قریش نے کہا کہ اس کے دو دل ہیں اور ہر ایک میں حضرت (سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے زیادہ دانش ہے جب بدر میں مشرک بھاگے تو ابومعمر اس شان سے

Marfat.com

بھاگا کہ ایک جوتی ہاتھ میں ایک پاؤں میں ابوسفیان سے ملاقات ہوئی تو ابوسفیان نے پوچھا کیا حال ہے کہا لوگ بھاگ گئے تو ابوسفیان نے پوچھا ایک جوتی ہاتھ میں اور ایک پاؤں میں کیوں ہے کہا اس کی مجھے خبر ہی نہیں میں تو یہی سمجھ رہا ہوں کہ دونوں جوتیاں پاؤں میں ہیں اس وقت قریش کو معلوم ہوا کہ دو دل ہوتے تو جوتی ہاتھ میں لئے ہوئے تھا بھول نہ جاتا اور ایک قول یہ بھی کہ منافقین سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے دو دل بتاتے تھے اور کہتے تھے کہ ان کا ایک دل ہمارے ساتھ ہے اور ایک اپنے اصحاب کے ساتھ۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَمَا جَعَلَ اَدْعِيَآءَكُمْ اَبْنَآءَكُمْ ؕ ذٰلِكُمْ قَوْلُكُمْ بِاَفْوَاهِكُمْ ۚ وَاللّٰهُ يَقُوْلُ الْحَقَّ وَهُوَ يَهْدِى السَّبِيْلَ ۝ (پارہ:21 سورۃ الاحزاب، آیت نمبر 4)

ترجمہ کنزالایمان: اور نہ تمہارے لے پالکوں کو تمہارا بیٹا بنایا یہ (بیٹا کہنا) تمہارے اپنے منہ کا کہنا ہے (بے حقیقت بات ہے) اور اللہ حق فرماتا ہے اور وہی (سیدھی) راہ دکھاتا ہے۔

زمانہ جاہلیت کا جاہلانہ دستور

زمانہ جاہلیت میں جب کوئی اپنی عورت سے ظہار کرتا تھا تو وہ لوگ اس ظہار کو طلاق کہتے اور اس عورت کو اس کی ماں قرار دیتے تھے اور جب کوئی شخص کسی کو بیٹا کہہ دیتا تو اس کو حقیقی بیٹا قرار دیکر میراث ٹھہراتے اور اس کی زوجہ کو بیٹا کہنے والے کیلئے صلبی بیٹے کی بی بی کی طرح حرام جانتے ان سب کے رد میں یہ آیت نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الْمُعَوِّقِيْنَ مِنْكُمْ وَالْقَآئِلِيْنَ لِاِخْوَانِهِمْ هَلُمَّ اِلَيْنَا ۚ وَلَا يَاْتُوْنَ الْبَاْسَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝ (پارہ:21 سورۃ الاحزاب، آیت نمبر 18)

ترجمہ کنزالایمان: بیشک اللہ جانتا ہے تمہارے ان (منافقین) کو جو اوروں (مسلمانوں) کو جہاد سے روکتے ہیں اور اپنے بھائیوں سے کہتے ہیں (جہاد چھوڑ کر) ہماری طرف چلے آؤ اور (ان منافقین میں سے) لڑائی (جہاد) میں نہیں آتے مگر تھوڑے (وہ بھی دکھاوے کے لیے)۔

Marfat.com

مومنین کا استقلال

یہ آیت منافقین کے حق میں نازل ہوئی ان کے پاس یہود نے پیغام بھیجا تھا کہ تم کیوں اپنی جانیں ابو سفیان کے ہاتھوں سے ہلاک کرانا چاہتے ہو اس کے لشکری اس مرتبہ اگر تمہیں پا گئے تو تم میں سے کسی کو باقی نہ چھوڑیں گے ہمیں تمہارا اندیشہ ہے کہ تم ہمارے بھائی اور ہمسایہ ہو ہمارے پاس آ جاؤ یہ خبر پا کر عبداللہ بن ابن بن ابی سلول منافق اور اس کے ساتھی مومنین کو ابوسفیان اور اس کے ساتھیوں سے ڈرا کر رسول کریم ﷺ کا ساتھ دینے سے روکنے لگے اور اس میں انہوں نے بہت کوشش کی لیکن جس قدر انہوں نے کوشش کی مومنین کا ثبات و استقلال اور زیادہ ہوتا گیا۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ اِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَ زِيْنَتَهَا فَتَعَالَيْنَ اُمَتِّعْكُنَّ وَ اُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلًا ﴿۲۸﴾ وَ اِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ وَ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ فَاِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلْمُحْسِنٰتِ مِنْكُنَّ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۲۹﴾

(پارہ: 21 سورۃ الاحزاب، آیت نمبر 28-29)

ترجمہ کنزالایمان: اے غیب بتانے والے (نبی)! اپنی بیبیوں سے فرما دے اگر تم دنیا کی زندگی اور اس کی آرائش (مال کثیر اور اسبابِ عیش) چاہتی ہو تو آؤ میں تمہیں مال دُوں اور اچھی طرح (بغیر تکلیف پہنچائے) چھوڑ دُوں اور اگر تم اللہ اور اس کے رسول اور آخرت کا گھر چاہتی ہو تو بیشک اللہ نے تمہاری نیکی والیوں کے لیے بڑا اجر تیار کر رکھا ہے۔

دنیوی مال و متاع کے مقابل آخرت

سید عالم ﷺ کی ازواج مطہرات نے آپ سے دنیوی سامان طلب کئے اور نفقہ میں زیادتی کی درخواست کی یہاں تو کمال زہد تھا سامان دنیا اور اس کا جمع کرنا گوارا ہی نہ تھا اس لئے یہ خاطر اقدس پر گراں ہوا اور یہ آیت نازل ہوئی اور ازواج مطہرات کو تخییر دی گئی اس وقت حضور کی نو بیبیاں تھیں پانچ قریشیہ حضرت عائشہ بنت ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہ، حفصہ بنت فاروق ام حبیبہ بنت ابی سفیان ام سلمہ بنت ابی امیہ سودہ بنت زمعہ اور چار غیر قریشیہ زینب بنت جحش اسدیہ میمونہ بنت حارث ہلالیہ صفیہ بنت حیَ بن اخطب خیبریہ جویریہ بنت حارث مصطلقیہ رضی اللہ عنہن سید عالم ﷺ نے سب سے پہلے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو یہ آیت

Marfat.com

سنا کر اختیار دیا اور فرمایا کہ جلدی نہ کرو اپنے والدین سے مشورہ کر کے جو رائے ہو اس پر عمل کرو انہوں نے عرض کیا حضور کے معاملہ میں مشورہ کیسا میں اللہ کو اور اس کے رسول کو اور دار آخرت کو چاہتی ہوں اور باقی ازواج نے بھی یہی جواب دیا۔ (تفسیر خزائن العرفان)

Marfat.com

بائیسواں پارہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِنَّ الْمُسْلِمِیْنَ وَ الْمُسْلِمٰتِ وَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَ الْمُؤْمِنٰتِ وَ الْقٰنِتِیْنَ وَ الْقٰنِتٰتِ وَالصّٰدِقِیْنَ وَالصّٰدِقٰتِ وَالصّٰبِرِیْنَ وَالصّٰبِرٰتِ وَالْخٰشِعِیْنَ وَالْخٰشِعٰتِ وَالْمُتَصَدِّقِیْنَ وَ الْمُتَصَدِّقٰتِ وَالصَّآىٕمِیْنَ وَ الصّٰٓىٕمٰتِ وَالْحٰفِظِیْنَ فُرُوْجَهُمْ وَالْحٰفِظٰتِ وَالذّٰكِرِیْنَ اللّٰهَ كَثِیْرًا وَّالذّٰكِرٰتِ ۙ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ مَّغْفِرَةً وَّ اَجْرًا عَظِیْمًا ﴿۳۵﴾ (پارہ:22 سورۃ الاحزاب، آیت نمبر35)

ترجمہ کنزالایمان: بیشک مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں اور ایمان والے اور ایمان والیاں اور فرمانبردار اور فرمانبردار یں اور سچے اور سچیاں اور صبر والے اور صبر والیاں اور عاجزی کرنے والے اور عاجزی کرنے والیاں اور خیرات کرنے والے اور خیرات کرنے والیاں اور روزے والے اور روزے والیاں اور اپنی پارسائی (حفاظت) نگاہ رکھنے والے اور نگاہ رکھنے والیاں اور اللہ کو بہت یاد کرنے والے اور یاد کرنے والیاں ان سب کے لیے اللہ نے بخشش اور بڑا ثواب تیار کر رکھا ہے۔

مومنہ کے لئے بڑا اجر وثواب

اسماء بنت عمیس جب اپنے شوہر جعفر بن ابی طالب کے ساتھ حبشہ واپس آئیں تو ازواج کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مل کر انہوں نے دریافت کیا کہ کیا عورتوں کے باب میں بھی کوئی آیت نازل ہوئی ہے انہوں نے فرمایا نہیں تو اسماء نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا کہ حضور عورتیں بڑے خسارے میں ہیں فرمایا کیوں عرض کی ان کا ذکر خیر کے ساتھ ہی نہیں جیسا کہ مردوں کا ہوتا ہے اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر خزائن العرفان)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ مَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّ لَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰهُ وَ رَسُوْلُهٗۤ اَمْرًا اَنْ يَّكُوْنَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ اَمْرِهِمْ ؕ وَ مَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِيْنًا ؕ۳۶

(پارہ:22 سورۃ الاحزاب، آیت نمبر 36)

ترجمہ کنز الایمان: اور نہ کسی مسلمان مرد نہ (کسی) مسلمان عورت کو (یہ حق) پہنچتا ہے کہ جب اللہ و رسول کچھ حکم (فیصلہ) فرمادیں تو انہیں اپنے معاملہ کا کچھ اختیار رہے اور جو حکم (فیصلہ) نہ مانے اللہ اور اس کے رسول کا وہ بیشک صریح (کھلی) گمراہی (میں) بہکا۔

نکاح کا پیغام

یہ آیت زینب بنت جحش اسدیہ اور ان کے بھائی عبداللہ بن جحش اور ان کی والدہ امیمہ بنت عبدالمطلب کے حق میں نازل ہوئی امیمہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پھوپھی تھیں واقعہ یہ تھا کہ زید بن حارثہ جن کو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آزاد کیا تھا اور وہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں رہتے تھے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے زینب کیلئے ان کا پیغام دیا اس کو زینب نے اور انکے بھائی نے منظور نہیں کیا اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ اِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِیْۤ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِ اَمْسِكْ عَلَيْكَ زَوْجَكَ وَ اتَّقِ اللّٰهَ وَ تُخْفِیْ فِیْ نَفْسِكَ مَا اللّٰهُ مُبْدِيْهِ وَ تَخْشَى النَّاسَ ۚ

(پارہ:22 سورۃ الاحزاب، آیت نمبر 37)

ترجمہ کنز الایمان: اور اے محبوب! یاد کرو جب تم فرماتے تھے اس سے جسے اللہ نے اسے (اسلام جیسی انمول) نعمت دی اور تم نے اسے (آزادی جیسی) نعمت دی کہ اپنی بی بی اپنے پاس (اپنی زوجیت میں) رہنے دے اور اللہ سے ڈر (اے محبوب) اور تم اپنے دل میں (پوشیدہ) رکھتے تھے وہ جسے اللہ کو ظاہر کرنا منظور تھا اور تمہیں لوگوں کے طعنہ کا اندیشہ تھا۔

حضرت زینب رضی اللہ عنہا سے متعلق وحیٔ الٰہی

جب حضرت زید رضی اللہ عنہ نکاح حضرت زینب رضی اللہ عنہ سے ہو چکا تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس اللہ تعالیٰ کی طرف سے وحی آئی کہ زینب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ازواج مطہرات میں داخل ہونگی اللہ تعالیٰ کو یہی منظور ہے

Marfat.com

اس کی صورت یہ تھی کہ حضرت زید رضی اللہ عنہ اور حضرت زینب رضی اللہ عنہ کے درمیان موافقت نہ ہوئی اور حضرت زید رضی اللہ عنہ نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے حضرت زینب رضی اللہ عنہ کی سخت گفتاری تیز زبانی عدم اطاعت اور اپنے آپ کو بڑا سمجھنے کی شکایت کی ایسا بار بار اتفاق ہوا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت زید رضی اللہ عنہ کو سمجھا دیتے اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فَلَمَّا قَضٰى زَيْدٌ مِّنْهَا وَطَرًا زَوَّجْنٰكَهَا لِكَيْ لَا يَكُوْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ حَرَجٌ فِيْٓ اَزْوَاجِ اَدْعِيَآئِهِمْ اِذَا قَضَوْا مِنْهُنَّ وَطَرًا ؕ وَ كَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ۝

(پارہ:22 سورۃ الاحزاب، آیت نمبر 37)

ترجمہ کنزالایمان: پھر جب زید کی غرض اس سے نکل گئی (اپنی بی بی کو طلاق دے دی اور عدت گزر گئی) تو ہم نے وہ تمہارے نکاح میں دے دی (تا) کہ (اس کے بعد) مسلمانوں پر کچھ حرج نہ رہے ان کے لے پالکوں (منہ بولے بیٹوں) کی بیبیوں (کے بارے میں) میں جب (منہ بولے بیٹوں سے) ان سے ان (کی بی بیوں) کا کام (نکاح) ختم ہو جائے اور اللہ کا حکم ہو کر رہنا۔

رب کی رضا میں راضی

حضرت زید رضی اللہ عنہ کی عدت گزرنے کے بعد ان کے پاس حضرت زید رضی اللہ عنہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا پیام لے کر گئے اور انہوں نے سر جھکا کر کمال شرم و ادب سے انھیں یہ پیام پہنچایا انہوں نے کہا کہ اس معاملے میں میں اپنی رائے کو کچھ بھی دخل دیتی جو میرے رب کو منظور ہو اس پر راضی ہوں یہ کہ کر بارگاہ الٰہی میں متوجہ ہوئیں اور نماز شروع کر دی چنانچہ یہ آیت نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

هُوَ الَّذِيْ يُصَلِّيْ عَلَيْكُمْ وَمَلٰٓئِكَتُهٗ لِيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَ كَانَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَحِيْمًا ۝ (پارہ:22 سورۃ الاحزاب، آیت نمبر 43)

ترجمہ کنزالایمان: وہی ہے کہ درود (رحمت) بھیجتا ہے تم پر وہ اور اس کے فرشتے (بھی

Marfat.com

دعائے رحمت کرتے ہیں تا) کہ تمہیں (کفر ومصیبت کی) اندھیریوں سے (حق وہدایت کے) اجالے کی طرف نکالے اور وہ مسلمانوں پر مہربان ہے۔

مومنین پر مہربان

حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جب یہ آیت ان اللہ و ملئکتہ یصلون علی النبی نازل ہوئی تو حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اللہ فضل وشرف عطا فرماتا ہے تو ہم نیاز مندوں کو بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے طفیل میں نوازتا ہے اس پر اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُیُوْتَ النَّبِیِّ اِلَّاۤ اَنْ یُّؤْذَنَ لَكُمْ اِلٰى طَعَامٍ غَیْرَ نٰظِرِیْنَ اِنٰىهُ وَ لٰكِنْ اِذَا دُعِیْتُمْ فَادْخُلُوْا فَاِذَا طَعِمْتُمْ فَانْتَشِرُوْا وَ لَا مُسْتَاْنِسِیْنَ لِحَدِیْثٍ ؕ اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ یُؤْذِی النَّبِیَّ فَیَسْتَحْیٖ مِنْكُمْ وَ اللّٰهُ لَا یَسْتَحْیٖ مِنَ الْحَقِّ ؕ (پارہ:22 سورۃ الاحزاب، آیت نمبر 53)

ترجمہ کنزالایمان: اے ایمان والو! نبی کے گھروں میں نہ حاضر ہو جب تک (ان سے) اذن (اجازت) نہ پاؤ مثلاً (اس صورت میں کہ) کھانے کے لیے بلائے جاؤ نہ یوں کہ خود اس کے پکنے کی راہ تکو (انتظار کرو) ہاں جب بلائے جاؤ تو حاضر ہو اور جب (کھانا) کھا چکو تو (فوراً) متفرق ہو جاؤ نہ یہ (کرو) کہ بیٹھے باتوں میں دل بہلاؤ بیشک (تمہارے اس طرح کرنے سے) اس میں نبی کو ایذا ہوتی تھی تو وہ تمہارا لحاظ فرماتے تھے (حیا و مروت میں تم سے کچھ نہ کہتے) اور اللہ حق فرمانے میں نہیں شرماتا۔

کاشانہ اقدس کے آداب

جب سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت زینب رضی اللہ عنہ سے نکاح کیا اور ولیمہ کی عام دعوت فرمائی تو جماعتیں کی جماعتیں آتی تھیں اور کھانے سے فارغ ہو کر چلی جاتی تھیں آخر میں تین صاحب ایسے تھے جو کھانے سے فارغ ہو کر بیٹھے رہ گئے اور گفتگو کا طویل سلسلہ شروع کر دیا اور بہت دیر تک ٹھہرے رہے مکان تنگ تھا اس سے گھر والوں کو تکلیف ہوئی اور حرج ہوا کہ وہ ان کی وجہ سے اپنا کام کاج کچھ نہ کر سکے رسول

Marfat.com

کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اٹھے اور ازواج مطہرات کے حجروں میں تشریف لے گئے اور دورہ فرما کر تشریف لائے اس وقت تک یہ لوگ اپنی باتوں میں لگے ہوئے تھے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پھر واپس ہو گئے یہ دیکھ کر وہ لوگ روانہ ہو گئے تب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دولت سرائے میں داخل ہوئے اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لَا جُنَاحَ عَلَيْهِنَّ فِيْٓ اٰبَآئِهِنَّ وَلَآ اَبْنَآئِهِنَّ وَلَآ اِخْوَانِهِنَّ وَلَآ اَبْنَآءِ اِخْوَانِهِنَّ وَلَآ اَبْنَآءِ اَخَوٰتِهِنَّ وَلَا نِسَآئِهِنَّ وَلَا مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ ۚ وَاتَّقِيْنَ اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدًا ۝۵۵ (پارہ:22 سورۃ الاحزاب، آیت نمبر 55)

ترجمہ کنزالایمان: ان (بیبیوں) پر مضائقہ (کچھ گناہ) نہیں (اگر) ان کے باپ اور بیٹوں اور بھائیوں اور بھتیجوں اور بھانجوں اور اپنے دین کی (مسلمان) عورتوں اور اپنی کنیزوں میں (سے کسی سے پردہ نہ کریں) اور اللہ سے ڈرتی ہو، بیشک ہر چیز اللہ کے سامنے ہے۔

پردے کا حکم

جب پردے کا حکم نازل ہوا تو عورتوں کے باپ بیٹوں اور قریب کے رشتہ داروں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیا ہم اپنی ماؤں بیٹوں کے ساتھ پردہ کے باہر سے گفتگو کریں اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ بِغَيْرِ مَا اكْتَسَبُوْا فَقَدِ احْتَمَلُوْا بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ۝۵۸ (پارہ:22 سورۃ الاحزاب، آیت نمبر 5)

ترجمہ کنزالایمان: اور جو ایمان والے مردوں اور عورتوں کو بے کیئے (بلا قصور) ستاتے ہیں (ان پر تہمت لگاتے ہیں) انہوں نے بہتان (باندھنے کا) اور کھلا گناہ (کا بوجھ) اپنے سر لیا۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ کے حق میں منافقین کی بدگوئی

یہ آیت ان منافقین کے حق میں نازل ہوئی جو حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو ایذا دیتے تھے اور ان کے

Marfat.com

حق میں بدگوئی کرتے تھے۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

يَسْـَٔلُكَ النَّاسُ عَنِ السَّاعَةِ ؕ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ تَكُوْنُ قَرِيْبًا ﴿۶۳﴾ (پارہ:22 سورۃ الاحزاب، آیت نمبر 63)

ترجمہ کنزالایمان: لوگ تم سے قیامت کا پوچھتے ہیں (کہ کب واقع ہوگی) تم فرماؤ اس کا علم تو اللہ ہی کے پاس ہے، اور تم کیا جانو شاید قیامت پاس ہی ہو۔

قیامت کے متعلق سوالات

مشرکین مذاق کی نیت سے اور یہود امتحان کے لیے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا کرتے تھے کہ قیامت کس دن کس تاریخ کس سال واقع ہوگی اس سب کی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر نورالعرفان)

سورۂ سبا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّذِيْرٍ اِلَّا قَالَ مُتْرَفُوْهَآ ۙ اِنَّا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ

(پارہ:22 سورۃ سبا، آیت نمبر 34)

ترجمہ کنزالایمان: اور ہم نے جب کبھی کسی شہر میں کوئی (عذابِ الٰہی سے) ڈر سنانے والا بھیجا وہاں کے آسودوں (امیروں) نے یہی کہا (کہ) تم جو (حق) لے کر بھیجے گئے ہم اس کے منکر ہیں۔

کفار کی تکذیب پر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تسکین خاطر

اس میں سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تسکین خاطر فرمائی گی کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کفار کی تکذیب و انکار سے رنجیدہ نہ ہوں کفار کا انبیاء علیہم السلام کے ساتھ یہی دستور رہا ہے اور مالدار لوگ اسی طرح اپنے مال و اولاد کے غرور میں انبیاء کی تکذیب کرتے رہتے ہیں دو شخص شریک تجارت تھے ان میں سے ایک ملک شام کو گیا اور ایک مکہ مکرمہ میں رہا جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مبعوث ہوئے اور اس نے ملک شام میں حضور صلی اللہ علیہ

Marfat.com

کی خبر سنی تو اپنے شریک کو خط لکھا اور اس سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مفصل حال دریافت کیا اس شریک نے جواب میں لکھا کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی نبوت کا اعلان تو کیا ہے لیکن سوائے چھوٹے درجے کے حقیر وغریب لوگوں کے اور کسی نے ان کا اتباع نہیں کیا جب یہ خط اس کے پاس پہنچا تو وہ اپنے تجارتی کام چھوڑ کر مکہ مکرمہ آیا اور آتے ہے اپنے شریک سے کہا کہ مجھے سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا پتہ بتاؤ اور معلوم کر کے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دنیا کو کیا دعوت دیتے ہیں اور ہم سے کیا چاہتے ہیں فرمایا بت پرستی چھوڑ کر ایک اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے احکام اسلام بتائے یہ باتیں اس کے دل میں اثر کر گئیں اور شخص پچھلی کتابوں کا عالم تھا کہنے لگا کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بے شک اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تم نے یہ کیسے جانا اس نے کہا جب کبھی کوئی نبی بھیجا گیا پہلے چھوٹے درجے کے غریب لوگ ہی اس کے تابع ہوئے یہ سنت الٰہیہ ہمیشہ جاری رہی اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

سورۂ فاطر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَفَمَنْ زُیِّنَ لَهٗ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ فَرَاٰهُ حَسَنًا (پارہ:22 سورۃ فاطر، آیت نمبر 8)

ترجمہ کنزالایمان: (مزین) کیا گیا کہ اس نے اسے بھلا (اچھا) سمجھا (تو کیا ایسا شخص) ہدایت (پانے) والے کی طرح ہو جائے گا (ہرگز نہیں)۔

مشرکین کا قبیح افعال کو بھلائی جاننا

یہ آیت ابوجہل وغیرہ مشرکین کے حق میں نازل ہوئی جو اپنے شرک وکفر جیسے قبیح افعال کو شیطان کے بہکانے اور بھلا سمجھانے سے اچھا سمجھتے تھے ایک قول کے مطابق یہ آیت اصحاب بدعت وہوا کے حق میں نازل ہوئی جن میں روافض وخوارج وغیرہ داخل ہیں جو اپنی بدمذہبیوں کو اچھا جانتے ہیں اور انھیں کے زمرے میں داخل ہیں تمام بدمذہب خواہ وہابی ہو یا غیر مقلد یا مرزائی یا چکڑالوی۔

(تفسیر خزائن العرفان)

Marfat.com

سورۂ یٰسٓ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِنَّا جَعَلْنَا فِیْۤ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِیَ اِلَى الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ۝

(پارہ:22 سورۃ یٰسین، آیت نمبر 8)

ترجمہ کنزالایمان: ہم نے ان کی گردنوں میں طوق کر دیے (ڈال دیئے) ہیں کہ وہ ٹھوڑیوں تک ہیں تو (اس لیے) یہ اوپر (اپنے) کو منہ اٹھائے رہ گئے (سر نہیں جھکا سکتے)۔

ابوجہل کی ناپاک سازش ناکام

یہ آیت ابوجہل اور اس کے دو فخروی دوستوں کے حق میں نازل ہوئی ابوجہل نے قسم کھائی تھی کہ اگر وہ سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نماز پڑھتے دیکھے گا تو پتھر سے سر کچل ڈالے گا جب اس نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نماز پڑھتے دیکھا تو وہ اس ارادہ فاسد سے ایک بھاری پتھر لے کر آیا جب اس پتھر کو اٹھایا تو اس کے ہاتھ گردن چپکے رہ گے اور پتھر ہاتھ کو لپٹ گیا اور یہ حال دیکھ کر اپنے دوستوں کی طرف واپس ہوا اور ان سے واقعہ بیان کیا تو اس کے دوست ولید بن مغیرہ نے کہا کہ یہ کام میں کروں گا ان کا سر کچل کر ہی آؤں گا چنانچہ وہ پتھر لے کر آیا حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ابھی نماز ہی پڑھ رہے تھے جب وہ قریب پہنچا اللہ تعالیٰ نے اس کی بینائی سلب کر لی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آواز سنتا تھا آنکھوں سے نہیں دیکھ سکتا تھا یہ بھی پریشان ہو کر اپنے یاروں کی طرف لوٹا وہ بھی نظر نہ آئے انہوں نے ہی اس سے پکارا اور اس سے کہا تو نے کیا کیا کہنے لگا میں نے ان کی آواز تو سنی مگر وہ نظر ہی نہیں آئے اب ابوجہل کے تیسرے دوست نے دعویٰ کیا کہ وہ اس کام کو انجام دے گا اور بڑے دعوے کے ساتھ وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف چلا تھا کہ الٹے پاؤں ایسا بدحواس ہو کر بھاگا کہ اوندھے منہ گر گیا اس کے دوستوں نے حال پوچھا کہنے لگا کہ میرا حال بہت سخت ہے میں نے ایک بہت بڑا سانڈ دیکھا جو میرے اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے درمیان حائل ہو گیا لات وعزیٰ کی قسم اگر میں ذرا بھی آگے بڑھتا تو مجھے کھا ہی جاتا اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ (خازن وجمل، بحوالہ تفسیر خزائن العرفان)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِنَّا نَحْنُ نُحْیِ الْمَوْتٰى وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَاٰثَارَهُمْ ؕ وَكُلَّ شَیْءٍ اَحْصَیْنٰهُ فِیْۤ اِمَامٍ مُّبِیْنٍ ۝۱۲ (پارہ:22 سورۃ یٰسین، آیت نمبر 12)

Marfat.com

ترجمہ کنزالایمان: بیشک ہم مُردوں کو جِلائیں (دوبارہ زندہ کریں) گے اور ہم لکھ رہے ہیں جو (عمل بھی) انہوں نے آگے بھیجا اور جو نشانیاں (طور طریقے) پیچھے چھوڑ گئے اور ہر چیز (نیکی بدی) ہم نے گن رکھی ہے ایک بتانے والی کتاب (لوحِ محفوظ) میں۔

لوحِ محفوظ

آیت کی شان نزول یہ بیان کی گئی ہے کہ بنی سلمہ مسجد نبوی سے بہت دور مدینہ طیبہ کے کنارے پر رہتے تھے انہوں نے چاہا کہ اپنا محلہ خالی کر کے مسجد شریف کے قریب آبسیں تا کہ باجماعت نماز میں آسانی سے شرکت کر سکیں، اس پر یہ آیت نازل ہوئی اور سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ تمھارے قدم لکھے جاتے ہیں تم مکان تبدیل نہ کرو یعنی جتنی دور سے آؤ گے اتنے ہی قدم زیادہ پڑیں گے اور اجر و ثواب زیادہ ہوگا۔

(تفسیر خزائن العرفان)

Marfat.com

تئیسواں پارہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ اِذَا قِیْلَ لَهُمْ اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ ۙ قَالَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اَنُطْعِمُ مَنْ لَّوْ یَشَآءُ اللّٰهُ اَطْعَمَهٗۤ ۖ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ﴿۴۷﴾

(پارہ:23 سورۃ یٰسین، آیت نمبر 47)

ترجمہ کنزالایمان: اور جب ان سے فرمایا جائے اللہ کے دیے میں سے کچھ اس کی راہ میں خرچ (صدقہ) کرو تو (جواب میں بطورِ تمسخر) کافر مسلمانوں کے لیے کہتے ہیں کہ کیا ہم اسے کھلائیں جسے اللہ چاہتا تو کھلا دیتا تم تو نہیں مگر کھلی گمراہی میں۔

کفار کا مسخرہ پن

یہ آیت کفار قریش کے حق میں نازل ہوئی جن سے مسلمانوں نے کہا تھا کہ تم اپنے مالوں کا وہ حصہ مسکینوں پر خرچ کرو جو تم نے بزعم خود اللہ کیلئے نکالا ہے اس پر انہوں نے کہا کہ کیا ہم ان کو کھلائیں جنھیں اللہ کھلانا چاہتا تو کھلا دیتا مطلب یہ تھا کہ خدا کو ہی مسکینوں کا محتاج رکھنا منظور ہے تو انھیں کھانے کو دینا اس کی مشیت کے خلاف ہوگا یہ بات انہوں نے بخیلی کے سبب تمسخر کے کہی تھی چنانچہ یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ مَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَ مَا یَنْۢبَغِیْ لَهٗ ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ وَّ قُرْاٰنٌ مُّبِیْنٌ ﴿۶۹﴾ۙ

(پارہ:23 سورۃ یٰسین، آیت نمبر 69)

ترجمہ کنزالایمان: اور ہم نے ان کو شعر کہنا نہ سکھایا اور نہ وہ ان کی شان کے لائق ہے، وہ تو نہیں مگر نصیحت (ہدایت) اور روشن قرآن (واضح احکام بتانے والی کتاب)۔

کلام الٰہی کی تکذیب

کفار قریش نے کہا تھا کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شاعر ہیں اور وہ جو فرماتے ہیں یعنی قرآن پاک وہ شعر ہے اس سے

Marfat.com

ان کی مراد یہ تھی کہ (معاذ اللہ) یہ کلام کاذب یعنی جھوٹ ہے چنانچہ اس آیت میں ان کا رد فرمایا گیا۔

(تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَوَ لَمْ یَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِیْمٌ مُّبِیْنٌ ۝

(پارہ:23 سورۃ یٰسین، آیت نمبر 77)

ترجمہ کنزالایمان: اور کیا آدمی نے نہ دیکھا کہ ہم نے اسے پانی کی بوند (نطفہ) سے بنایا جبھی (حقیر ہونے کے باوجود) وہ صریح جھگڑالو (ہماری قدرت کا انکار کرتا) ہے۔

کفار کی بعث سے متعلق بحث وتکرار

یہ آیت عاص بن وائل یا ابوجہل اور بقول مشہور ابی بن خلف کے حق میں نازل ہوئی جو انکار بعث میں یعنی مرنے کر بعد اٹھنے کے انکار میں سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بحث وتکرار کرنے آیا تھا اس کے ہاتھ میں ایک گلی ہوئی ہڈی تھی اس کو تورتا جاتا تھا اور سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہتا جاتا تھا کہ آپ کا خیال ہے کہ اس ہڈی کو گل جانے اور ریزہ ریزہ ہوجانے کے بعد بھی اللہ تعالیٰ زندہ کرے گا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہاں اور تجھے بھی مرنے کے بعد اٹھائے گا اور جہنم میں داخل فرمائے گا اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی اور اس کے جہل کا اظہار فرمایا گیا کہ گلی ہوئی ہڈی کا بکھرنے کے بعد اللہ تعالیٰ کی قدرت سے زندگی قبول کرنا اپنی نادانی سے ناممکن سمجھتا کتنا احمق ہے اپنے آپ کون نہیں دیکھتا کہ ابتدا میں ایک گندہ نطفہ تھا گلی ہوئی ہڈی سے بھی حقیر تر اللہ تعالیٰ کی قدرت کاملہ نے اس میں جان ڈال دی انسان بنایا تو ایسا مغرور ومتکبر انسان ہوا کہ اس کی قدرت ہی کا منکر ہوکر جھگڑنے آگیا اتنا نہیں دیکھتا کہ جو قادر برحق پانی کی بوند کو قوی اور توانا انسان بنا دیتا ہے اس کی قدرت سے گلی ہوئی ہڈی دوبارہ زندگی بخش دینا کیا بعید ہے اور اس کو ناممکن سمجھنا کتنی کھلی ہوئی جہالت ہے۔ (خزائن ونور العرفان)

سورۂ ص

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَجَعَلَ الْاٰلِهَةَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ اِنَّ هٰذَا لَشَیْءٌ عُجَابٌ ۝ (پارہ:23 سورۂ ص، آیت نمبر 5)

ترجمہ کنزالایمان: کیا اس نے بہت (سے) خداؤں کا ایک خدا کردیا بیشک یہ عجیب

Marfat.com

بات ہے (ایک خدا کیسے سب کے لیے کافی ہوگا)۔

وحدانیت کا انکار

جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ اسلام لائے تو مسلمانوں کو خوشی ہوئی اور کافروں کو نہایت رنج ہوا ولید بن مغیرہ نے قریش کے عمائد اور سر برآوردہ پچیس آدمیوں کو جمع کیا اور انہیں ابو طالب کے پاس لایا اور ان سے کہا کہ تم ہمارے سردار ہو اور بزرگ ہو ہم تمھارے پاس اس لیے آئے ہیں کہ تم ہمارے اور اپنے بھتیجے کے درمیان فیصلہ کر دو ان کی جماعت کے چھوٹے درجے کے لوگوں نے جو شورش برپا کر رکھی ہے وہ تم جانتے ہو ابو طالب نے حضرت سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بلا کر عرض کیا کہ یہ آپ کی قوم کے لوگ ہیں اور آپ سے صلح چاہتے ہیں آپ ان کی طرف سے یک لخت انحراف نہ کیجئے سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا یہ مجھ سے کیا چاہتے ہیں انہوں نے کہا کہ ہم اتنا چاہتے ہیں کہ آپ ہمیں اور ہمارے معبودوں کے ذکر چھوڑ دیجئے ہم آپ کے اور آپ کے معبود کی بدگوئی کے درپے نہ ہوں گے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تم ایک کلمہ قبول کر سکتے ہو جس سے عرب و عجم کے مالک و فرمانروا ہو جاؤ ابو جہل نے کہا کہ ایک کیا ہم دس کلمے قبول کر سکتے ہیں سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہو لا الہ اللہ اس پر وہ لوگ اٹھ گئے اور کہنے لگے کہ کیا انہوں نے بہت سے خداؤں کا ایک ہی خدا کر دیا اتنی سی مخلوق کیلئے ایک ہی خدا کیسے کافی ہو سکتا ہے۔

سورۃ الزمر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَمَّنْ هُوَ قَانِتٌ اٰنَآءَ الَّيْلِ سَاجِدًا وَّ قَآئِمًا يَّحْذَرُ الْاٰخِرَةَ وَ يَرْجُوْا رَحْمَةَ رَبِّهٖ ؕ قُلْ هَلْ يَسْتَوِى الَّذِيْنَ يَعْلَمُوْنَ وَالَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ؕ اِنَّمَا يَتَذَكَّرُ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝۹ ع (پارہ:23 سورۃ الزمر، آیت نمبر9)

ترجمہ کنزالایمان: کیا وہ (شخص) جسے (جس کی) فرمانبرداری میں رات کی گھڑیاں گزریں سجود میں اور قیام میں (اور وہ) آخرت سے ڈرتا (ہو) اور اپنے رب کی رحمت کی آس لگائے (ہوئے ہو) کیا وہ نافرمانوں جیسا ہو جائے گا (اے محبوب) تم فرماؤ (پوچھو) کیا برابر ہیں جاننے والے (عالم) اور انجان (جاہل)، نصیحت تو وہی مانتے ہیں جو عقل والے ہیں۔

Marfat.com

راتوں کا قیام

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ یہ آیت حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی شان میں نازل ہوئی اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ یہ آیت حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے حق میں نازل ہوئی اور ایک قول یہ ہے کہ یہ آیت حضرت عمار رضی اللہ عنہ اور حضرت سلیمان رضی اللہ عنہ کے حق میں نازل ہوئی جو راتوں کو قیام فرمایا کرتے تھے چونکہ رات کا قیام دن کے مقابلے میں زیادہ گراں ہوتا ہے لہذا رات کا قیام دن کے نوافل سے افضل ہوتا ہے۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الَّذِيْنَ يَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَهٗ ؕ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ هَدٰىهُمُ اللّٰهُ وَ اُولٰٓئِكَ هُمْ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿۱۸﴾ (پارہ:23 سورۃ الزمر، آیت نمبر 18)

ترجمہ کنزالایمان: جو کان لگا کر (غور وفکر سے) بات (نصیحت) سنیں پھر اس کے بہتر (نصیحت پر) چلیں یہ ہیں جن کو اللہ نے ہدایت فرمائی اور یہ ہیں جن کو عقل ہیں تو کیا وہ (شخص) جس پر عذاب (نازل ہونے) کی بات ثابت ہو چکی نجات (پانے) والوں کے برابر ہو جائے گا

ایمان کی خبر

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ایمان لائے اور آپ کے پاس حضرت عثمان اور حضرت عبدالرحمان بن عوف اور طلحہ و زبیر و سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ آئے اور ان سے حال دریافت کیا انہوں نے اپنے ایمان کی خبر دی تو یہ حضرات بھی سن کر ایمان لے آئے چنانچہ ان کے حق میں یہ آیت نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

Marfat.com

چوبیسواں پارہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلَیْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهٗ ؕ وَ یُخَوِّفُوْنَكَ بِالَّذِیْنَ مِنْ دُوْنِهٖ ؕ وَ مَنْ یُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿۳۶﴾ (پارہ:24 سورۃ الزمر، آیت نمبر36)

ترجمہ کنزالایمان: کیا اللہ اپنے بندے کو کافی نہیں اور (اے محبوب) تمہیں ڈراتے ہیں اس (اللہ) کے سوا اوروں (بتوں) سے (کہ تمھیں نقصان پہنچائیں گے) اور جسے اللہ گمراہ کرے اس کی کوئی ہدایت کرنے والا نہیں۔

مومن کو اللہ کافی ہے

کفار حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنے بتوں سے ڈراتے ہوئے کہتے تھے کہ آپ ان کی برائی بیان نہ کریں ورنہ وہ آپ کو نقصان پہنچادیں گے اس کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی روح البیان میں مذکور ہے کہ یہ آیت دوبار نازل ہوئی ایک بار حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیلئے اور دسری بار حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کے حق میں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انھیں وہ درخت کاٹنے بھیجا جس کی پوجا کی جاتی تھی آپ رضی اللہ عنہ جب اس درخت کے پاس پہنچے تو کفار بولے کہ اس میں کہ اس میں ایک دیو رہتا ہے وہ آپ کو دیوانہ کردے گا آپ رضی اللہ عنہ نے بغیر پرواہ کئے درخت کاٹ دیا اس کی جڑ میں ایک بدشکل آدمی تھا جو نکل کر بھاگ گیا۔

(تفسیر نورالعرفان وروح البیان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ یٰعِبَادِیَ الَّذِیْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰۤى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِیْعًا ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ ﴿۵۳﴾ (پارہ:24 سورۃ الزمر، آیت نمبر53)

ترجمہ کنزالایمان: (اے محبوب) تم فرماؤ اے میرے وہ بندو! جنہوں نے (کفر و گناہ میں مبتلا ہوکر) اپنی جانوں پر زیادتی کی اللہ کی رحمت سے ناامید نہ ہو، بیشک اللہ سب گناہ بخش دیتا ہے بیشک وہی بخشنے والا مہربان ہے۔

Marfat.com

اللہ کی رحمت سے اُمید

بعض مشرکین نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سوال کیا کہ آپ کا دین تو برحق ہے اگر ہم مسلمان ہو جائیں تو کیا ہمارے زمانہ کفر کے گناہ معاف ہو جائیں گے اس پر یہ آیت نازل ہوئی ایک اور روایت کے مطابق حضرت وحشی رضی اللہ عنہ جو حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کے قاتل تھے انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں عرض بھیجی کہ اگر میں ایمان لے آوں تو کیا تو میرے گناہ معاف ہو جائیں گے تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر نور العرفان وروح البیان)

سورۃ المومن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لَخَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۵۷﴾ (پارہ:24 سورۃ المومن، آیت نمبر 57)

ترجمہ کنزالایمان: بیشک آسمانوں اور زمین کی پیدائش آدمیوں کی (دوبارہ) پیدائش سے بہت بڑی لیکن بہت لوگ (کفار) نہیں جانتے (خالق کی قدرت کو نہیں سمجھتے)۔

منکر بعث کا ردّ

یہ آیت منکر بعث کے رد میں نازل ہوئی ان پر حجت قائم کی گئی کہ جب تم آسمان وزمین کی پیدائش پر با وجود ان کی اس عظمت و بڑائی کے اللہ تعالیٰ کو قادر مانتے ہو تو پھر انسان کو دوبارہ پیدا کر دینا اس کی قدرت سے کیوں بعید سمجھتے ہو۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ اِنِّیْ نُهِیْتُ اَنْ اَعْبُدَ الَّذِیْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَمَّا جَآءَنِیَ الْبَیِّنٰتُ مِنْ رَّبِّیْ وَاُمِرْتُ اَنْ اُسْلِمَ لِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۶۶﴾ (پارہ:24 سورۃ المومن، آیت نمبر 66)

ترجمہ کنزالایمان: (اے محبوب) تم فرماؤ میں منع کیا گیا ہوں کہ انہیں (بتوں کو) پوجوں جنہیں تم اللہ کے سوا پوجتے ہو جبکہ میرے پاس روشن (واضح) دلیلیں میرے رب کی طرف سے آئیں اور مجھے حکم ہوا ہے کہ رب العالمین کے حضور (اس کی اطاعت میں) گردن رکھوں۔

Marfat.com

گمراہی کی دعوت

کفار نابکار نے براہ جہالت و گمراہی اپنے دین باطل کی طرف حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دعوت دی تھی اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بت پرستی کی درخواست کی تھی اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَ لَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ مِنْهُمْ مَّنْ قَصَصْنَا عَلَيْكَ وَ مِنْهُمْ مَّنْ لَّمْ نَقْصُصْ عَلَيْكَ ؕ وَ مَا كَانَ لِرَسُوْلٍ اَنْ يَّاْتِيَ بِاٰيَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ فَاِذَا جَآءَ اَمْرُ اللّٰهِ قُضِيَ بِالْحَقِّ وَ خَسِرَ هُنَالِكَ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿۷۸﴾ (پارہ:24 سورۃ المومن، آیت نمبر 78)

ترجمہ کنزالایمان: اور بیشک ہم نے تم سے پہلے کتنے رسول بھیجے کہ جن میں کسی کا احوال تم سے بیان فرمایا اور کسی کا احوال نہ بیان فرمایا اور کسی رسول کو (حق) نہیں پہنچتا کہ کوئی نشانی (معجزہ) لے آئے بے حکم (بے اجازت) خدا کے، پھر جب اللہ کا (عذاب نازل ہونے کا) حکم آئے گا (حق وانصاف کے ساتھ) سچا فیصلہ فرمادیا جائے گا اور باطل والوں کا وہاں (سراسر) خسارہ۔

کفار کے شب وروز نئے مطالبات

کفار مکہ دن رات نئے نئے معجزات حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مانگتے تھے دیکھے ہوئے معجزوں پر بس نہ کرتے تھے کہتے تھے کہ سونے کے پہاڑ وغیرہ ان کی تردید میں یہ آیت نازل ہوئی۔ (تفسیر نورالعرفان)

سورۂ حٰمٓ السجدۃ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَ لَا تَسْتَوِي الْحَسَنَةُ وَ لَا السَّيِّئَةُ ؕ اِدْفَعْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ فَاِذَا الَّذِيْ بَيْنَكَ وَ بَيْنَهٗ عَدَاوَةٌ كَاَنَّهٗ وَلِيٌّ حَمِيْمٌ ﴿۳۴﴾ (پارہ:24 سورۃ حم السجدۃ، آیت نمبر 34)

ترجمہ کنزالایمان: اور نیکی اور بدی برابر (ایک جیسی) نہ ہوجائیں گی، اے سننے والے برائی کو بھلائی سے ٹال (دور کر) جبھی وہ (شخص) کہ تجھ میں اور اس میں دشمنی تھی ایسا ہوجائے گا جیسا کہ (تیرا) گہرا دوست۔

Marfat.com

زوجیت کا شرف

کہا گیا کہ یہ آیت ابوسفیان کے حق میں نازل ہوئی کہ باوجود ان کی شدت عداوت کے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے ساتھ سلوک نیک کیا ان کی صاحبزادی کو اپنی زوجیت کا شرف عطا فرمایا اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ وہ صادق المحبت جان نثار ہو گئے۔ (تفسیر خزائن العرفان)

Marfat.com

پچیسواں پارہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَللّٰهُ الَّذِیْۤ اَنْزَلَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ وَالْمِیْزَانَؕ وَمَا یُدْرِیْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِیْبٌ ﴿۱۷﴾ (پارہ:25 سورۃ الشوریٰ، آیت نمبر 17)

ترجمہ کنزالایمان: اللہ ہے جس نے حق کے ساتھ کتاب (قرآن) اتاری اور انصاف کی ترازو اور تم کیا جانو شاید قیامت قریب ہی ہو۔

قیامت کی تکذیب

جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قیامت کا ذکر فرمایا تو مشرکین نے بطریق تکذیب کہا کہ قیامت کب ہوگی اس کے جواب میں یہ آیت نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ذٰلِكَ الَّذِیْ یُبَشِّرُ اللّٰهُ عِبَادَهُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِؕ قُلْ لَّاۤ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَیْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِی الْقُرْبٰىؕ وَمَنْ یَّقْتَرِفْ حَسَنَةً نَّزِدْ لَهٗ فِیْهَا حُسْنًاؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ (پارہ:24 سورۃ المومن، آیت نمبر 23)

ترجمہ کنزالایمان: یہ ہے وہ (انعام) جس کی خوشخبری دیتا ہے اللہ اپنے بندوں کو جو ایمان لائے اور اچھے کام کیے، تم فرماؤ میں اس (تبلیغِ دین) پر تم سے کچھ اجرت نہیں مانگتا مگر قرابت کی محبت اور جو نیک کام کرے ہم اس کے لیے اس میں اور خوبی (اجر و ثواب) بڑھائیں، بیشک اللہ بخشنے والا قدر فرمانے (نیکیاں قبول کرنے) والا ہے۔

قرابت کی محبت

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینہ طیبہ میں رونق افروز ہوئے اور انصار نے دیکھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمہ مصارف بہت ہیں اور مال کچھ بھی نہیں ہے تو انہوں نے آپس میں مشورہ کیا اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حقوق و احسانات یاد کر کے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں پیش کرنے کیلئے بہت سا

Marfat.com

مال جمع کیا اور اس کو لے کر خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور عرض کیا حضور کی بدولت ہمیں ہدایت ہوئی ہم نے گمراہی سے نجات پائی ہم دیکھتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مصارف بہت زیادہ ہیں اس لیے ہم یہ مال خدام آستانہ کی خدمت میں نذر کیلئے لائے ہیں قبول فرما کر ہماری عزت افزائی کی جائے اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی اور حضور نے وہ اموال واپس فرما دیئے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ وَّ اَبْقٰى لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ۝ (پارہ:24 سورۃ المومن، آیت نمبر 36)

ترجمہ کنزالایمان: تمہیں جو (مال واسباب) کچھ ملا ہے وہ جیتی دنیا میں برتنے (لطف اندوز ہونے) کا ہے اور وہ (اجر وثواب) جو اللہ کے پاس ہے بہتر ہے اور زیادہ باقی رہنے والا ان کے لیے جو ایمان لائے اور اپنے رب پر بھروسہ کرتے ہیں۔

صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا جذبہ ایمان

یہ آیت حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے حق میں نازل ہوئی جب آپ نے اپنا کل مال صدقہ کر دیا اور اس پر عرب کے لوگوں نے آپ کو ملامت کی اس موقع پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَالَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِرَبِّهِمْ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ۪ وَاَمْرُهُمْ شُوْرٰى بَيْنَهُمْ ۪ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝ (پارہ:24 سورۃ المومن، آیت نمبر 38)

ترجمہ کنزالایمان: اور وہ جنہوں نے اپنے رب کا حکم مانا (ایمان لائے اور اطاعت کی) اور نماز قائم رکھی اور ان کا کام ان کے آپس کے مشورے سے (طے ہوتا) ہے اور ہمارے دیے سے کچھ ہماری راہ میں خرچ کرتے ہیں۔

رب کی دعوت

یہ آیت انصار کے حق میں نازل ہوئی جنھوں نے اپنے رب کی دعوت قبول کر کے ایمان واطاعت کو اختیار کیا۔ (تفسیر خزائن العرفان)

Marfat.com

سورۃ الزخرف

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ لَمَّا ضُرِبَ ابْنُ مَرْیَمَ مَثَلًا اِذَا قَوْمُكَ مِنْهُ یَصِدُّوْنَ ﴿۵۷﴾

(پارہ:24 سورۃ الزخرف، آیت نمبر 57)

ترجمہ کنزالایمان: اور جب (عیسیٰ) ابنِ مریم کی مثال بیان کی جائے، جبھی تمہاری قوم اس سے ہنسنے لگتے (شوروغل مچاتے) ہیں۔

عیسیٰ بن مریم کی مثال

جب سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قریش کے سامنے یہ آیت وما تعبدون من دون اللہ حصب جھنم پڑھی جس کے معنی یہ ہیں کہ اے مشرکین تم اور جو چیز اللہ کے سوا تم پوجتے ہو سب جہنم کا ایندھن ہے یہ سن کر مشرکین کو بہت غصہ آیا اور ابن زبعری کہنے لگا یا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیا یہ خاص ہمارے اور ہمارے معبودوں ہی کے لیے ہے یا ہر امت وگروہ کے لیے سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ یہ تمھارے اور تمھارے معبودوں کے لیے بھی ہے اور سب امت کے لیے بھی اس پر اس نے کہا آپ کے نزدیک عیسیٰ ابن مریم نبی ہیں اور آپ ان کی اور ان کی والدہ کی تعریف کرتے ہیں اور آپ کو معلوم ہے کہ نصاریٰ ان دونوں کو پوجتے ہیں اور حضرت عزیر اور فرشتے بھی پوجے جاتے ہیں یعنی یہود وغیرہ ان کو پوجتے ہیں تو اگر یہ حضرات (معاذ اللہ) جہنم میں ہوں تو ہم راضی ہیں کہ ہم اور ہمارے معبود بھی ان کے ساتھ ہوں اور یہ کہہ کر کفار خوب ہنسے اس پر یہ آیت اللہ تعالیٰ نے نازل فرمائی: ان الذین سبقت لھم منا الحسنٰی اولئك عنھا معبدون اور یہ آیت نازل ہوئی ضرب ابن مریم الایہ جس کا مطلب یہ ہے کہ جب ابن زبعری نے اپنے معبودوں کے لیے حضرت عیسیٰ بن مریم کی مثال بیان کی اور سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مجادلہ کیا کہ نصاریٰ انھیں پوجتے ہیں تو قریش ان کی بات پر ہنسنے لگے۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ اِنْ كَانَ لِلرَّحْمٰنِ وَلَدٌ ۖۚ فَاَنَا اَوَّلُ الْعٰبِدِیْنَ ﴿۸۱﴾ (پارہ:24 سورۃ الزخرف، آیت نمبر 81)

ترجمہ کنزالایمان: (اے محبوب)، تم فرماؤ بفرض محال رحمٰن کے کوئی بچہ ہوتا، تو سب سے پہلے میں پوجتا۔

Marfat.com

خدا کی طرف بیٹیوں کی نسبت

نضر ابن حارث نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا کہ فرشتے خدا کی لڑکیاں ہیں اس کی تردید میں یہ آیت نازل ہوئی نضر خوش ہوا کہ قرآن میں میری تصدیق آ گئی تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اس میں تیری تردید ہے۔ (تفسیر نور العرفان)

سورۃ الجاثیہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَيْلٌ لِّكُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ ۙ (پارہ:25 سورۃ الجاثیہ، آیت نمبر 7)

ترجمہ کنز الایمان: خرابی (بربادی) ہے ہر بڑے بہتان ہائے گنہگار (جھوٹے بدکار) کے لیے۔

کلام الٰہی کی شان میں گستاخی

یہ آیت نضر بن حارث کے حق میں نازل ہوئی جو عجم کے قصے کہانیاں سنا کر لوگوں کو قرآن پاک سننے سے روکتا تھا۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يَغْفِرُوْا لِلَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ اَيَّامَ اللّٰهِ لِيَجْزِيَ قَوْمًۢا بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝۱۴ (پارہ:25 سورۃ الجاثیہ، آیت نمبر 14)

ترجمہ کنز الایمان: (اے محبوب) ایمان والوں سے فرماؤ درگزر کریں (درگزر کریں) ان (لوگوں) سے جو اللہ کے دنوں کی امید نہیں رکھتے تا کہ اللہ ایک قوم کو اس کی کمائی (اعمال) کا بدلہ دے۔

گستاخانہ کلمے

جو دن کہ اس نے مومنین کی مدد کے لیے مقرر فرمائے یا اللہ تعالی کے دنوں سے وہ وقائع مراد ہیں جن میں وہ اپنے دشمنوں کو گرفتار کرتا ہے بہر حال ان امید نہ رکھنے والوں سے مراد کفار ہیں اور معنی یہ ہیں کہ کفار سے جو ایذا پہنچے اور ان کے کلمات جو تکلیف پہچائیں مسلمان ان سے درگزر کریں منازعت نہ کریں وقیل ان

Marfat.com

الایت منسوخت بایۃ القتال شان نزول اس آیت کے شان نزول میں کئی قول ہیں ایک یہ کہ غزوہ بنی مصطلق میں مسلمان بیر مریسیع پر اترے یہ ایک کنواں تھا عبداللہ بن ابی منافق نے اپنے غلام کو پانی کیلے بھیجا وہ دیر میں آیا تو اس سے سبب دریافت کیا اس نے کہا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کنواں کے کنارے پر بیٹھے تھے جب تک نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی مشکیں نہ بھر گئیں اس وقت تک انھوں نے کسی کو پانی بھرنے نہ دیا یہ سنکر اس بدبخت نے ان حضرات کی شان میں گستاخانہ کلمے کہے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اس کی خبر ہوئی تو آپ رضی اللہ عنہ نے تلوار لے کر تیار ہوئے اس پر یہ آیت نازل ہوئی اس تقدیر پر یہ آیت مدنی ہوگی مقاتل کا قول ہے کہ قبیلہ بنی غفار کے ایک شخص نے مکہ مکرمہ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو گالی دی تو آپ رضی اللہ عنہ نے اس کو پکڑنے کا ارادہ کیا اس پر یہ آیت نازل ہوئی اور ایک قول یہ ہے کہ جب آیت من ذالذی یقرض اللہ قرضا حسنا نازل ہوئی تو فنحاص یہود نے کہا کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا رب محتاج ہو گیا ہے (معاذ اللہ تعالیٰ) اس کو سن کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے تلوار کھینچی اور اس کی تلاش میں نکلے حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آدمی بھیج کر انھیں واپس بلوالیا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَمْ حَسِبَ الَّذِیْنَ اجْتَرَحُوا السَّیِّاٰتِ اَنْ نَّجْعَلَهُمْ كَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ سَوَآءً مَّحْیَاهُمْ وَ مَمَاتُهُمْ ؕ سَآءَ مَا یَحْكُمُوْنَ ﴿۲۱﴾

(پارہ:25 سورۃ الجاثیہ، آیت نمبر 21)

ترجمہ کنزالایمان: کیا جنہوں نے برائیوں (کفر و گناہوں) کا ارتکاب کیا یہ سمجھتے ہیں کہ ہم انہیں ان جیسا کر دیں گے جو ایمان لائے اور اچھے کام کیے کہ ان کی زندگی اور موت برابر (یکساں) ہو جائے کیا ہی برا حکم لگاتے (برا فیصلہ کرتے) ہیں۔

مشرکینِ مکہ کی بڑی خوش فہمی

مشرکین مکہ کی ایک جماعت نے مسلمانوں سے کہا تھا کہ اگر تمھاری بات حق ہو اور مرنے کے بعد اٹھنا ہو تو بھی ہم ہی افضل رہیں گے جیسا کہ ہم دنیا میں تم سے بہتر رہے ان کی رد میں یہ آیت نازل ہوئی۔

(تفسیر خزائن العرفان و روح البیان)

Marfat.com

چھبیسواں پارہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ مَا كُنْتُ بِدْعًا مِّنَ الرُّسُلِ وَمَآ اَدْرِیْ مَا یُفْعَلُ بِیْ وَلَا بِكُمْ ؕ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا یُوْحٰۤی اِلَیَّ وَمَآ اَنَا اِلَّا نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ ۝ (پارہ:26 سورۃ الاحقاف، آیت نمبر 9)

ترجمہ کنزالایمان: (اے محبوب) تم (ان کفار سے) فرماؤ میں کوئی انوکھا (پہلا) رسول (تو) نہیں (پہلے کے رسول بھی مجھ جیسے ہی تھے) اور میں (بغیر اللہ کے بتائے) نہیں جانتا (کہ) میرے ساتھ کیا کیا جائے گا اور تمہارے ساتھ کیا میں تو اسی کا تابع ہوں (وہی کچھ جانتا ہوں) جو مجھے وحی ہوتی ہے اور میں نہیں مگر (عذابِ الٰہی کا) صاف ڈر سنانے والا۔

احوال قیامت سے باخبر

مروی ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو مشرک خوش ہوئے اور کہنے لگے کہ لات وعزیٰ کی قسم اللہ تعالیٰ کے نزدیک ہمارا اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یکساں حل ہے انہیں ہم پر کچھ فضیلت نہیں اگر یہ قرآن ان کا اپنا بنایا ہوا نہ ہوتا تو ان کا بھیجنے والا انہیں ضرور خبر دیتا کہ ان کے ساتھ کیا کرے گا تو اللہ تعالیٰ نے آیت لیغفر لك الله ما تقدم من ذنبك وما تاخر نازل فرمائی صحابہ نے عرض کیا یا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضور کو مبارک ہو تو آپکو تو معلوم ہو گیا کہ آپ کے ساتھ کیا کیا جائے گا یہ انتظار ہے کہ ہمارے ساتھ کیا کرے گا اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی: ليدخل المومنين والمومنات جنت تجری من تحتها النهر اور یہ آیت نازل ہوئی: بشر المومنين بان لهم من الله فضلا كبيرا تو اللہ تعالیٰ نے بیان فرما دیا کہ حضور کے ساتھ کیا کرے گا اور مومنین کے ساتھ کیا۔ (خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَقَالَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَوْ كَانَ خَیْرًا مَّا سَبَقُوْنَاۤ اِلَیْهِ ؕ وَاِذْ لَمْ یَهْتَدُوْا بِهٖ فَسَیَقُوْلُوْنَ هٰذَاۤ اِفْكٌ قَدِیْمٌ ۝ (پارہ:26 سورۃ الاحقاف، آیت نمبر 11)

Marfat.com

ترجمہ کنزالایمان: اور کافروں نے مسلمانوں کو کہا اگر اس (دینِ اسلام) میں کچھ بھلائی (سچائی) ہوتو یہ (غریب مسلمان) ہم سے آگے (بڑھ کر) اس تک نہ پہنچ جاتے (اور ہم ایمان لانے میں پیچھے نہ رہتے) اور (کیونکہ) جب انہیں (کفار کو) اس (دین) کی ہدایت (نصیب) نہ ہوئی تو اب (ضرور) کہیں گے کہ یہ (قرآن) پرانا بہتان (من گھڑت) ہے۔

حق کے منکر

یہ آیت مشرکین مکہ کے حق میں نازل ہوئی جو کہتے تھے کہ اگر دین محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حق ہوتا تو فلاں وفلاں اس کو ہم سے پہلے قبول نہ کر لیتے کفار مکہ فقراء مسلمانوں کو دیکھ کر کہتے تھے کہ اگر اسلام برحق ہوتا تو ہم سے پہلے ان غریبوں کو نہ ملتا بلکہ پہلے ہم کو نصیب ہوتا کیونکہ اللہ ہم سے راضی ہے اس لیے اس نے ہمیں دنیاوی و دولت دی ہے انکی تردید میں یہ آیت نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن ونورالعرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ وَصَّیۡنَا الۡاِنۡسَانَ بِوَالِدَیۡہِ اِحۡسٰنًا ؕ حَمَلَتۡہُ اُمُّہٗ کُرۡہًا وَّ وَضَعَتۡہُ کُرۡہًا ؕ وَ حَمۡلُہٗ وَ فِصٰلُہٗ ثَلٰثُوۡنَ شَہۡرًا ؕ حَتّٰۤی اِذَا بَلَغَ اَشُدَّہٗ وَ بَلَغَ اَرۡبَعِیۡنَ سَنَۃً ۙ قَالَ رَبِّ اَوۡزِعۡنِیۡۤ اَنۡ اَشۡکُرَ نِعۡمَتَکَ الَّتِیۡۤ اَنۡعَمۡتَ عَلَیَّ وَ عَلٰی وَالِدَیَّ وَ اَنۡ اَعۡمَلَ صَالِحًا تَرۡضٰىہُ وَ اَصۡلِحۡ لِیۡ فِیۡ ذُرِّیَّتِیۡ ۚ اِنِّیۡ تُبۡتُ اِلَیۡکَ وَ اِنِّیۡ مِنَ الۡمُسۡلِمِیۡنَ ﴿۱۵﴾

(پارہ:26 سورۃ الاحقاف، آیت نمبر 15)

ترجمہ کنزالایمان: اور ہم نے آدمی کو حکم کیا اپنے ماں باپ سے بھلائی کرے، اس کی ماں نے اسے پیٹ میں رکھا تکلیف سے اور جنا (پیدا کیا) اس کو تکلیف سے، اور اسے (بچہ کو پیٹ میں) اٹھائے پھرنا اور اس کا دودھ چھڑانا تیس مہینے میں ہے (جبکہ حمل کی مدت چھ ماہ ہو) یہاں تک کہ جب اپنے زور (جوانی) کو پہنچا اور چالیس برس کا ہوا (تو) عرض کی اے میرے رب! میرے دل میں ڈال (توفیق عطا فرما) کہ میں تیری نعمت کا شکر کروں جو تو نے مجھ پر اور میرے ماں باپ پر کی (کہ ہم سب کو ہدایت عطا فرمائی) اور میں وہ کام کروں جو تجھے پسند آئے اور میرے لیے میری اولاد میں صلاح (نیکی) رکھ (اور) میں (ہر کام میں) تیری طرف رجوع لایا (متوجہ ہوا) اور میں (ظاہراً و باطناً) مسلمان ہوں۔

Marfat.com

راہب کی گواہی

یہ آیت حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے حق میں نازل ہوئی آپ کی عمر سید عالم ﷺ سے دو سال کم تھی جب حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی آٹھارہ سال کی تھی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہمراہی میں بغرض تجارت ملک شام کا سفر کیا ایک منزل پر ٹھہرے وہاں بیری کا درخت تھا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کے سایہ میں تشریف فرما ہوئے قریب ہی ایک راہب رہتا تھا حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ اس کے پاس چلے گئے راہب نے آپ سے کہا یہ کون صاحب ہیں جو بیری کے سایہ میں تشریف فرما ہیں۔ حضرت صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ یہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بن عبداللہ ہیں عبدالمطلب کے پوتے راہب نے کہا خدا کی قسم یہ نبی ہیں اس بیری کے کے سایہ میں حضرت عیسیٰ علیہ اسلام کے بعد سے آج تک ان کے سوا کوئی نہیں بیٹھا یہی نبی آخری الزماں ہیں راہب کی یہ بات حضرت صدیق رضی اللہ عنہ کے دل میں اثر کر گئی اور نبوت کا یقین آپ کے دل میں جم گیا اور آپ رضی اللہ عنہ نے صحبت شریف اختیار کی سفر و حضر میں آپ سے جدا نہ ہوتے جب سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمر شریف چالیس سال کی ہوئی اور اللہ تعالیٰ نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنی نبوت و رسالت کے ساتھ سرفراز فرمایا تو حضرت صدیق رضی اللہ عنہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لائے اس وقت حضرت صدیق رضی اللہ عنہ کی عمر اڑتیس سال کی تھی جب صدیق رضی اللہ عنہ کی عمر چالیس سال کی ہوئی تو انہوں نے اللہ تعالیٰ سے یہ دعا کی۔

❁❁❁❁❁

سورۂ محمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ كَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ هِيَ اَشَدُّ قُوَّةً مِّنْ قَرْيَتِكَ الَّتِيْٓ اَخْرَجَتْكَ ۚ اَهْلَكْنٰهُمْ فَلَا نَاصِرَ لَهُمْ ﴿۱۳﴾ (پارہ:26 سورۃ الاحمد، آیت نمبر 13)

ترجمہ کنزالایمان: اور کتنے ہی شہر (ایسے تھے) کہ اس شہر (مکہ مکرمہ) سے قوت (خوشحالی) میں زیادہ تھے جس نے تمہیں تمہارے شہر (مکہ مکرمہ) سے باہر (نکلنے پر مجبور) کیا، ہم نے انہیں (کفر کے سبب) ہلاک فرمایا تو ان کا کوئی مددگار نہیں (جو ہمارے عذاب سے بچا سکتا)۔

Marfat.com

اللہ اور اس کے محبوب کا پیارا شہر

جب سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مکہ مکرمہ سے ہجوت کی اور غار کی طرف تشریف لے چلے تو مکہ مکرمہ کی متوجہ ہو کر فرمایا اللہ کے شہروں میں تو اللہ کو بہت پیارا ہے اور اللہ کہ شہروں میں تو مجھے بہت پیارا ہے اگر مشرکین مجھے نہ نکالتے تو میں تجھ سے نہ نکلتا اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ یَقُوْلُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَوْ لَا نُزِّلَتْ سُوْرَةٌ ۚ فَاِذَاۤ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ مُّحْكَمَةٌ وَّ ذُكِرَ فِیْهَا الْقِتَالُ ۙ رَاَیْتَ الَّذِیْنَ فِیْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ یَّنْظُرُوْنَ اِلَیْكَ نَظَرَ الْمَغْشِیِّ عَلَیْهِ مِنَ الْمَوْتِ ؕ فَاَوْلٰى لَهُمْ ۚ﴿۲۰﴾ (پارہ:26 سورۃ الاحمد، آیت نمبر 20)

ترجمہ کنز الایمان: اور مسلمان کہتے ہیں (جہاد سے متعلق) کوئی سورت کیوں نہ اتاری گئی پھر جب کوئی پختہ (واضح) سورت اتاری گئی اور اس میں جہاد کا حکم فرمایا گیا تو (اے محبوب) تم دیکھو گے انہیں جن کے دلوں میں (نفاق کی) بیماری ہے کہ تمہاری طرف (پریشان ہوکر) اس کا دیکھنا (اس کی طرح) دیکھتے ہیں جس پر مُرونی (نزع کی حالت) چھائی ہو، تو ان کے حق میں بہتر یہ تھا کہ (اللہ کے حکم کی)۔

صحابہ کا شوقِ جہاد

مومنین کو جہاد فی سبیل اللہ کا بہت ہی شوق تھا وہ کہتے تھے کہ ایسی سورت کیوں نہیں جس میں جہاد کا حکم ہو تا کہ ہم جہاد کریں اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اَطِیْعُوا اللّٰهَ وَ اَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَ لَا تُبْطِلُوْۤا اَعْمَالَكُمْ ﴿۳۳﴾

(پارہ:26 سورۃ الاحمد، آیت نمبر 33)

ترجمہ کنز الایمان: اے ایمان والو اللہ کا حکم مانو اور رسول کا حکم مانو اور اپنے عمل (کفر یا نفاق سے) باطل (ضائع) نہ کرو۔

Marfat.com

گناہ کا نقصان

بعض لوگوں کا خیال تھا کہ جیسے شرک کی وجہ سے تمام نیکیاں ضائع ہو جاتی ہیں اسی طرح ایمان کی برکت سے کوئی گناہ ضرر نہیں کرتا چنانچہ یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَ صَدُّوْا عَنْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ثُمَّ مَاتُوْا وَ هُمْ كُفَّارٌ فَلَنْ یَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ﴿۳۴﴾ (پارہ:26 سورۃ الاحمد، آیت نمبر 34)

ترجمہ کنزالایمان: بیشک جنہوں نے کفر کیا اور (لوگوں کو) اللہ کی راہ (اسلام) سے روکا پھر کافر ہی مر گئے تو اللہ ہرگز انہیں نہ بخشے گا۔

اہلِ قلیب

یہ آیت اہل قلیب کے حق میں نازل ہوئی قلب بدر میں ایک کنواں ہے جس میں مقتول کفار ڈالے گے تھے ابوجہل اور اس کے ساتھی اور حکم آیت کا ہر کافر کے لیے عام ہے۔ (تفسیر خزائن العرفان)

سورۃ الفتح

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِیْنًا (پارہ:26 سورۃ الفتح، آیت نمبر 1)

ترجمہ کنزالایمان: بیشک ہم نے (اے محبوب) تمہارے لیے روشن (واضح) فتح (عطا فرما) دی۔

سورۃ فتح نازل ہونے کی خوشی

پوری سورۃ فتح کراع غمیم میں نازل ہوئی جو مکہ معظمہ سے دو میل پر واقع ہے یہ حدیبہ سے واپس ہوئے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل ہوئی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس کے نازل ہونے سے خوشی حاصل ہوئی اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہ نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مبارک باد پیش کیں۔ (تفسیر خزائن ونور العرفان)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سَيَقُوْلُ لَكَ الْمُخَلَّفُوْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ شَغَلَتْنَآ اَمْوَالُنَا وَاَهْلُوْنَا فَاسْتَغْفِرْ لَنَا ۚ يَقُوْلُوْنَ بِاَلْسِنَتِهِمْ مَّا لَيْسَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۭ قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْـــًٔا اِنْ اَرَادَ بِكُمْ ضَرًّا اَوْ اَرَادَ بِكُمْ نَفْعًا ۭ بَلْ كَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ⑪

(پارہ:26 سورۃ الفتح، آیت نمبر 11)

ترجمہ کنزالایمان: اب (عنقریب اے محبوب) تم سے کہیں گے جو گنوار (اعرابی) (جہاد سے) پیچھے رہ گئے تھے کہ ہمیں ہمارے مال اور ہمارے گھر والوں نے مشغول رکھا (ان کی خبر گیری والا کوئی نہ تھا) اب حضور (اللہ سے) ہماری مغفرت چاہیں اپنی زبانوں سے وہ بات کہتے ہیں جو ان کے دلوں میں نہیں (یہ محض بہانے بنا رہے ہیں) (اے محبوب) تم (ان سے) فرماؤ تو اللہ کے سامنے کسے تمہارا کچھ اختیار ہے اگر وہ (اللہ) تمہارا برا (نقصان) چاہے یا تمہاری بھلائی (فائدے) کا ارادہ فرمائے (تو اسے کون روک سکتا ہے)، بلکہ اللہ کو تمہارے کاموں (جو بہانے تم بنا رہے ہو سب) کی خبر ہے۔

قریشِ مکہ کا خوف

جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حدیبیہ کے سال عمرہ کی نیت سے مکہ مکرمہ روانہ ہوئے تو اطراف مدینہ میں رہنے والے قبیلہ غفار مفرینہ جہینہ اشجع اسلم کے لوگ قریش مکہ کے خوف سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہمراہ نہ گئے بہانہ بنا کر رہ گئے وہ سمجھے کہ جنگ ضرور ہو جائیگی اور کوئی مسلمان زندہ نہ بچے گا ان کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر نور العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ وَمَنْ يَّتَوَلَّ يُعَذِّبْهُ عَذَابًا اَلِيْمًا ⑰ (پارہ:26 سورۃ الفتح، آیت نمبر 17)

ترجمہ کنزالایمان: اور جو اللہ اور اس کے رسول کا حکم مانے اللہ اسے (جنت کے) باغوں میں لے جائے گا جن کے نیچے نہریں رواں اور جو (ایمان و طاعت سے) پھر جائے (منہ موڑ لے گا) (اللہ) اسے دردناک عذاب فرمائے گا۔

Marfat.com

معذور کا حکم

جب آیت کا پہلا حصہ لیس علی الاعمی نازل ہوا تو جو لوگ اپاہج صاحب عذر تھے انہوں نے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارا کیا حال ہوگا اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّءْيَا بِالْحَقِّ ۚ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ ۙ مُحَلِّقِيْنَ رُءُوْسَكُمْ وَ مُقَصِّرِيْنَ ۙ لَا تَخَافُوْنَ ؕ فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوْا فَجَعَلَ مِنْ دُوْنِ ذٰلِكَ فَتْحًا قَرِيْبًا ﴿۲۷﴾ (پارہ:26 سورۃ الفتح، آیت نمبر 27)

ترجمہ کنزالایمان: بیشک اللہ نے سچ کر دیا اپنے رسول کا سچا خواب (کہ) بیشک تم (اور تمہارے اصحاب) ضرور مسجد حرام میں داخل ہو گے اگر اللہ چاہے امن و امان سے (عمرہ کر کے) اپنے سروں کے (تمام) بال منڈاتے یا (تھوڑے سے) ترشواتے بے خوف (ہو کر)، تو اس نے جانا (اللہ جانتا تھا) جو تمہیں معلوم نہیں (کہ حکمتوں کے سبب اگلے سال داخلہ ہوگا) تو اس (مکہ معظّمہ میں داخلے) سے پہلے ایک نزدیک آنے والی فتح رکھی۔

خواب کی تصدیق

رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حدیبیہ کا قصد فرمانے سے قبل مدینہ طیبہ میں خواب دیکھا تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مع اصحاب کے مکہ معظّمہ میں با امن داخل ہوئے اور اصحاب رضی اللہ عنہ نے سر کے بال منڈوائے بعض نے ترشوائے یہ خواب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے اصحاب سے بیان فرمایا تو انہیں خوشی ہوئی اور انہوں نے خیال کیا کہ اسی سال وہ مکہ مکرمہ میں داخل ہونگے جب مسلمان حدیبیہ سے بعد صلح کے واپس ہوئے اور اس سال مکہ مکرمہ میں داخل نہ ہوا تو منافقین نے تمسخر کیا طعن کیے اور کہا کہ وہ خواب کیا ہوا اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی اور اس خواب کی تصدیق فرمائی کہ ضرور ایسا ہوگا۔ (تفسیر خزائن العرفان)

Marfat.com

سورۃ الحجرات

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تُقَدِّمُوْا بَیْنَ یَدَیِ اللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ وَ اتَّقُوا اللّٰهَؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ ۝ (پارہ:26 سورۃ الحجرات، آیت نمبر 1)

ترجمہ کنزالایمان: اے ایمان والو اللہ اور اس کے رسول سے (قول وفعل میں) آگے نہ بڑھو اور اللہ سے ڈرو بیشک اللہ سنتا جانتا ہے۔

شریعت کی حد بندی

چند اشخاص نے عید الاضحیٰ کے دن سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پہلے قربانی کر لی تو ان کو حکم دیا گیا کہ وہ دوبارہ قربانی کریں اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ بعض لوگ رمضان سے ایک روز پہلے ہی روزہ رکھنا شروع کر دیتے تھے ان کے حق میں یہ آیت نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْۤا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِیِّ وَ لَا تَجْهَرُوْا لَهٗ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ اَنْ تَحْبَطَ اَعْمَالُكُمْ وَ اَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ۝

(پارہ:26 سورۃ الحجرات، آیت نمبر 2)

ترجمہ کنزالایمان: اے ایمان والو اپنی آوازیں اونچی نہ کرو اس غیب بتانے والے (نبی) کی آواز سے (آہستہ آواز سے عرض کرو) اور ان کے حضور بات چلا کر نہ کہو جیسے آپس میں ایک دوسرے کے سامنے چلاتے ہو کہ کہیں (اس بے ادبی کے سبب) تمہارے (نیک) عمل اَکارت (ضائع) نہ ہو جائیں اور تمہیں خبر نہ ہو۔

ثقل سماعت کا عذر

یہ آیت ثابت بن قیس بن شماس کے حق میں نازل ہوئی انھیں ثقل سماعت تھا اور آواز ان کی اونچی تھی بات کرنے میں آواز بلند ہو جایا کرتی تھی جب بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں آوازیں پست رکھنے کے متعلق آیت نازل ہوئی تو حضرت ثابت خانہ نشین ہو گئے اور بارگاہ نبوی میں حاضر نہ ہوئے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ سے ان کی غیر حاضری کا سبب دریافت فرمایا تو انہوں نے عرض کی کہ وہ کہتے ہیں کہ میری

Marfat.com

آواز بارگاہ نبوی میں اونچی ہوگئی میں تو دوزخی ہو چکا ہوں تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ان سے کہو وہ جنتی ہیں۔

(تفسیر نور العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّ الَّذِیْنَ یَغُضُّوْنَ اَصْوَاتَهُمْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُولٰٓىِٕكَ الَّذِیْنَ امْتَحَنَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ لِلتَّقْوٰى ؕ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّ اَجْرٌ عَظِیْمٌ ۝ (پارہ:26 سورۃ الحجرات، آیت نمبر 3)

ترجمہ کنزالایمان: بیشک وہ جو اپنی آوازیں پست کرتے ہیں رسول اللہ کے پاس وہ ہیں جن کا دل اللہ نے پرہیزگاری (تقویٰ) کے لیے پرکھ (خالص کر) لیا ہے، ان کے لیے بخشش اور بڑا ثواب ہے۔

بارگاہِ رسالت میں صحابہ کی احتیاط

بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں آواز پست رکھنے کے متعلق آیت نازل ہونے کے بعد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ وعمر فاروق رضی اللہ عنہ اور بعض اور صحابہ نے بہت احتیاط لازم کر لی اور خدمت اقدس میں بہت ہی پست آواز سے عرض ومعروض کرتے ان حضرات کے حق میں یہ آیت نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّ الَّذِیْنَ یُنَادُوْنَكَ مِنْ وَّرَآءِ الْحُجُرٰتِ اَكْثَرُهُمْ لَا یَعْقِلُوْنَ ۝

(پارہ:26 سورۃ الحجرات، آیت نمبر 4)

ترجمہ کنزالایمان: بیشک وہ (لوگ) جو (اے محبوب) تمہیں (تمہارے) حجروں کے باہر سے پکارتے ہیں ان میں اکثر بے عقل ہیں۔

بارگاہِ رسالت میں پکارنے کے آداب

یہ آیت وفد بنی تمیم کے حق میں نازل ہوئی کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں دوپہر کے وقت پہنچے جبکہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آرام فرما رہے تھے ان لوگوں نے حجروں کے باہر سے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پکارنا شروع کیا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لے آئے، ان لوگوں کے حق میں یہ آیت نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ جَآءَكُمْ فَاسِقٌۢ بِنَبَاٍ فَتَبَيَّنُوْٓا اَنْ تُصِيْبُوْا قَوْمًۢا بِجَهَالَةٍ فَتُصْبِحُوْا عَلٰى مَا فَعَلْتُمْ نٰدِمِيْنَ ۝ (پارہ:26 سورۃ الحجرات، آیت نمبر 6)

ترجمہ کنزالایمان: اے ایمان والو اگر کوئی فاسق تمہارے پاس کوئی خبر لائے تو تحقیق کر لو (کہ خبر صحیح ہے یا غلط) کہ کہیں کسی قوم کو (لاعلمی میں) بے جانے ایذا نہ دے بیٹھو پھر اپنے کیے پر پچھتاتے رہ جاؤ۔

خبر کی تحقیق

یہ آیت ولید بن عقبہ کے حق میں نازل ہوئی کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو بنی مصطلق سے صدقات وصول کرنے بھیجا تھا اور زمانہ جاہلیت میں ان کے اور انکے درمیان عداوت تھی جب ولید ان کے دیار کے قریب پہنچے اور انہیں خبر ہوئی تو اس خیال سے کہ وہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بھیجے ہوئے ہیں بہت سے لوگ تعظیما ان کے استقبال کے واسطے آئے ولید نے گمان کیا کہ یہ پرانی عداوت سے مجھے قتل کرنے آرہے ہیں یہ خیال کر کے ولید واپس آگئے اور سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کر دیا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان لوگوں نے صدقے کو منع کر دیا اور میرے قتل کے درپے ہو گئے، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت خالد بن ولید کو تحقیق حال کے لیے بھیجا حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے دیکھا کہ وہ لوگ اذانیں کہتے ہیں نماز پڑھتے ہیں اور ان لوگون نے صدقات پیش کر دیے حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے صدقات لے کر خدمت اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہوئے اور واقعہ عرض کیا اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی بعض مفسرین نے کہا کہ یہ آیت عام ہے اس بیان میں نازل ہوئی ہے کہ فاسق کے قول پر اعتماد نہ کیا جائے مسئلہ اس آیت سے ثابت ہوا کہ ایک شخص اگر عادل ہو تو اس کی خبر معتبر ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَاِنْ طَآئِفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا ۚ

(پارہ:26 سورۃ الحجرات، آیت نمبر 9)

ترجمہ کنزالایمان: اور اگر مسلمانوں کے دو گروہ آپس میں لڑیں تو ان میں صلح کراؤ۔

مسلمانوں میں صلح کا حکم

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دراز گوش پر سوار تشریف لے جاتے تھے انصار کی مجلس پر گزر ہوا وہاں تھوڑا توقف فرمایا

Marfat.com

اس جگہ دراز گوش نے پیشاب کیا تو ابن ابی نے ناک بند کر لی حضرت عبداللہ ابن رواحہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دراز گوش کا پیشاب تیرے مشک سے بہتر خوشبو رکھتا ہے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لے گے ان دونوں میں بات بڑھ گئی اور ان دونوں کی قومیں آپس میں لڑ گئیں اور ہاتھا پائی تک نوبت پہنچی تو سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم واپس تشریف لائے اور ان میں صلح کرادی اس معاملے میں یہ آیت نازل ہوئی۔

(تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا یَسْخَرْ قَوْمٌ مِّنْ قَوْمٍ عَسٰۤى اَنْ یَّكُوْنُوْا خَیْرًا مِّنْهُمْ

(پارہ:26 سورۃ الحجرات، آیت نمبر 11)

ترجمہ کنزالایمان: اے ایمان والو نہ مَرد، مَردوں سے ہنسیں (مذاق اڑائیں) عجب نہیں کہ وہ (جن کا مذاق اڑایا گیا) ان ہنسنے والوں سے (صدق و اخلاص میں) بہتر ہوں۔

ایک دوسرے کا مذاق نہ اڑانے کا حکم

اس آیت کا نزول کئی واقعوں میں ہوا پہلا واقعہ یہ ہے کہ ابن ثابت بن قیس بن شماس کو ثقل سماعت تھا وہ جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مجلس شریف میں حاضر ہوتے تو صحابہ انہیں آگے بٹھاتے اور ان کے لئے جگہ خالی کر دیتے تا کہ وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قریب حاضر رہ کر کلام مبارک سن سکیں ایک روز انہیں حاضری میں دیر ہو گئی اور مجلس شریف بھر گئی اس وقت ثابت آئے اور قاعدہ تھا کہ جو شخص ایسے وقت آتا اور مجلس میں جگہ نہ پاتا تو جہاں ہوتا کھڑا رہتا ثابت آئے تو رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قریب بیٹھنے کے لیے لوگوں کو ہٹاتے ہوئے یہ کہتے چلے گئے کہ جگہ دو جگہ دو یہاں تک کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قرپب پہنچ گے اور ان کے اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے درمیان صرف ایک شخص رہ گیا انہوں نے اس سے بھی کہا کہ جگہ دو اس نے کہا تمھیں جگہ مل گئی بیٹھ جاؤ ثابت غصہ میں آ کر اس کے پیچھے بیٹھ گئے اور جب دن خوب روشن ہوا تو ثابت نے اس کا جسم دبا کر کہا کہ کون اس نے کہا میں فلاں شخص ہوں ثابت نے اس کی ماں کا نام لے کر کہا فلانی کا لڑکا اس پر اس شخص نے شرم سے سر جھکا لیا اور اس زمانے میں ایسا کلمہ عار دلانے کیلئے کہا جاتا تھا اس پر یہ آیت نازل ہوئی دوسرا واقعہ ضحاک نے بیان کیا کہ یہ آیت بنی تمیم کے حق میں نازل ہوئی جو حضرت عمار و خباب و بلال و صہیب و سلمان و سالم رضی اللہ عنہ وغیرہ غریب صحابہ کی غربت دیکھ کر ان کے ساتھ تمسخر کرتے تھے ان کے حق میں یہ آیت نازل ہوئی اور فرمایا گیا کہ مرد مردوں سے نہ ہنسیں

Marfat.com

یعنی مالدار غریب کی ہنسی نہ بنائیں نہ عالی نسب غیر ذی نسب کی تندرست اپاہج کی نہ بینا اس کی جس آنکھوں میں عیب ہو۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَلَا نِسَآءٌ مِّنْ نِّسَآءٍ عَسٰٓى اَنْ يَّكُنَّ خَيْرًا مِّنْهُنَّ ۚ (پارہ:26 سورۃ الحجرات، آیت نمبر 11)

ترجمہ کنزالایمان: اور نہ عورتیں عورتوں سے (مذاق اڑائیں)، دور نہیں (عجب نہیں) کہ وہ (جن کا مذاق اڑایا گیا) ان ہنسے والیوں سے (صدق واخلاص میں) بہتر ہوں۔

نبی زادی اور نبی کی زوجہ

یہ آیت ام المومنین حضرت صفیہ بنت حی رضی اللہ عنہا کے حق میں نازل ہوئی انھیں معلوم تھا کہ ام المومنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہ نے انھیں یہودی کی لڑکی کہا اس پر انہیں رنج ہوا اور روئیں اور سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے شکایت کی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے فرمایا کہ تم نبی زادی ہو اور نبی کی بی بی ہو تم پر وہ کیا فخر کرتیں ہیں اور حضرت حفصہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ اے حفصہ خدا سے ڈرو۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا كَثِيْرًا مِّنَ الظَّنِّ ۫ اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ وَّلَا تَجَسَّسُوْا وَلَا يَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ بَعْضًا ؕ اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّاْكُلَ لَحْمَ اَخِيْهِ مَيْتًا فَكَرِهْتُمُوْهُ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲﴾ (پارہ:26 سورۃ الحجرات، آیت نمبر 12)

ترجمہ کنزالایمان: اے ایمان والو بہت گمانوں (بدگمانیوں) سے بچو بیشک کوئی گمان (بدگمانی) گناہ ہو جاتا ہے اور (مسلمانوں کے) عیب نہ ڈھونڈھو اور ایک دوسرے کی غیبت نہ کرو کیا تم میں (اپنے لیے) کوئی (یہ) پسند رکھے گا کہ اپنے مرے (ہوئے) بھائی کا گوشت کھائے تو یہ تمہیں گوارا نہ ہوگا اور اللہ سے ڈرو بیشک اللہ بہت توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے۔

غیبت و بدگمانی کی ممانعت

سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب جہاد کے لیے روانہ ہوتے اور سفر فرماتے تو ہر دو مال داروں کے ساتھ ایک غریب مسلمان کو کر دیتے کہ وہ غریب انکی خدمت کرے وہ اسے کھلائیں پلائیں ہر ایک کا کام چلے اسی

Marfat.com

طرح حضرت سلیمان فارسی رضی اللہ عنہ دو آدمیوں کے ساتھ گئے تھے ایک روز وہ سو گئے اور کھانا تیار نہ کر سکے تو ان دونوں نے انہیں کھانا طلب کرنے کیلئے رسول ﷺ کی خدمت میں بھیجا حضور ﷺ کے خادم مطبخ حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کے پاس کچھ نہ رہا تھا انہوں نے فرمایا کہ میرے پاس کچھ نہیں حضرت سلیمان رضی اللہ عنہ نے یہی آ کر کہہ دیا تو دونوں رفیقوں نے کہا کہ اسامہ (رضی اللہ عنہ) نے بخل کیا جب وہ حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے فرمایا میں تمہارے منہ میں گوشت کی رنگت دیکھتا ہوں انہوں نے عرض کیا ہم نے گوشت کھایا ہی نہیں فرمایا تم نے غیبت کی اور جو مسلمان کی غیبت کرے اس نے مسلمان کا گوشت کھایا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَآىِٕلَ لِتَعَارَفُوْا ؕ اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰىكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ۝

(پارہ:26 سورۃ الحجرات، آیت نمبر 13)

ترجمہ کنزالایمان: اے لوگو! ہم نے تمہیں ایک مرد (آدم) اور ایک عورت (حوا) سے پیدا کیا اور تمہیں شاخیں (قومیں) اور قبیلے کیا (تاکہ) کہ آپس میں (ایک دوسرے کی) پہچان رکھو بیشک اللہ کے یہاں تم میں زیادہ عزت والا وہ جو تم میں زیادہ پرہیز گار ہے بیشک اللہ جاننے والا خبردار ہے۔

نیک بخت حبشی غلام

رسول کریم ﷺ نے بازار مدینہ میں ایک حبشی غلام ملاحظہ فرمایا جو یہ کہہ رہا تھا جو بھی خریدے اس سے میری یہ شرط ہے مجھے رسول کریم ﷺ کی اقتداء میں پانچوں نماز ادا کرنے سے منع نہ کرے اس غلام کو ایک شخص نے خرید لیا پھر وہ غلام بیمار ہو گیا تو سید عالم ﷺ اس کی عیادت کیلئے تشریف لائے پھر اس کی وفات ہو گئی اور رسول کریم ﷺ اس کے دفن میں تشریف لائے اس پر لوگوں نے کچھ کہا اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قَالَتِ الْاَعْرَابُ اٰمَنَّا ؕ قُلْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا وَلٰكِنْ قُوْلُوْٓا اَسْلَمْنَا وَلَمَّا يَدْخُلِ الْاِيْمَانُ فِيْ قُلُوْبِكُمْ ؕ وَاِنْ تُطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَا يَلِتْكُمْ مِّنْ اَعْمَالِكُمْ شَيْـًٔا ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۴﴾ (پارہ:26 سورۃ الحجرات، آیت نمبر 14)

ترجمہ کنزالایمان: گنوار (دیہاتی) بولے ہم ایمان لائے (اے محبوب) تم فرماؤ تم (ان سے) ایمان تو نہ لائے ہاں یوں کہوں کہ ہم (صرف ظاہری طور پر) مطیع (اطاعت گزار) ہوئے اور ابھی ایمان تمہارے دلوں میں کہاں داخل ہوا اور اگر تم اللہ اور اس کے رسول کی (سچی) فرمانبرداری کرو گے تو تمہارے کسی عمل کا تمہیں نقصان نہ دے گا (نیکیوں کا ثواب کم نہ کریگا) بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

اسلام کی آڑ میں دھوکہ

یہ آیت بنی اسد بن حزیمہ کی ایک جماعت کے حق میں نازل ہوئی جو خشک سالی کے زمانے میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت حاضر ہوئے اور انہوں نے اسلام کا اظہار کیا اور حقیقت میں وہ ایمان نہ رکھتے تھے ان لوگوں نے مدینہ کے راستہ میں گندگیاں کیں اور وہاں کے بھاؤ گراں کر دیئے صبح وشام رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں آکر اپنے اسلام لانے کا احسان جتاتے اور کہتے ہمیں کچھ دیجئے ان کے حق میں یہ آیت نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

يَمُنُّوْنَ عَلَيْكَ اَنْ اَسْلَمُوْا ؕ قُلْ لَّا تَمُنُّوْا عَلَيَّ اِسْلَامَكُمْ ۚ بَلِ اللّٰهُ يَمُنُّ عَلَيْكُمْ اَنْ هَدٰىكُمْ لِلْاِيْمَانِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۷﴾ (پارہ:26 سورۃ الحجرات، آیت نمبر 17)

ترجمہ کنزالایمان: اے محبوب وہ تم پر احسان جتاتے ہیں کہ مسلمان ہو گئے، تم فرماؤ اپنے اسلام کا احسان مجھ پر نہ رکھو بلکہ اللہ تم پر احسان رکھتا ہے کہ اس نے تمہیں اسلام کی ہدایت کی اگر تم (دعویٰ اسلام میں) سچے ہو۔

اخلاص پر قسم

ایمان کے دعویٰ سے متعلق جب پچھلی دو آیات نازل ہوئیں تو اعرابی سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں

Marfat.com

حاضر ہوئے اور انہوں نے قسمیں کھائیں کہ ہم مومن مخلص ہیں اس پر یہ آیت نازل ہوئی اور سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خطاب فرمایا گیا۔ (تفسیر خزائن العرفان)

سورۂ ق

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَ لَقَدْ خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ وَ مَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ۫ وَّ مَا مَسَّنَا مِنْ لُّغُوْبٍ (پارہ:26 سورۃ ق، آیت نمبر 38)

ترجمہ کنزالایمان: اور بیشک ہم نے آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ ان کے درمیان ہے چھ دن میں بنایا، اور تکان (تھکن) ہمارے پاس نہ آئی (نہ کبھی آسکتی ہے) تو (اے محبوب) ان (کفار) کی۔

بارگاہِ الٰہی میں یہود کی گستاخی

یہ آیت یہود کے رد میں نازل ہوئی جو یہ کہتے تھے اللہ تعالیٰ نے آسمان و زمیں اور ان کے درمیان کائنات کو چھ روز میں بنایا جن میں پہلا یک شنبہ ہے اور پچھلا جمعہ پھر وہ (معاذ اللہ) تھک گیا اور سینچر کو اس نے عرش پر لیٹ کر آرام کیا اس آیت میں ان کا رد ہے یہود کا یہ کلمہ سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بہت ناگوار ہوا اور شدید غضب سے چہرہ مبارک سرخ ہو گیا تو اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تسکین فرمائی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

Marfat.com

ستائیسواں پارہ

سورۃ الذریت

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَّ ذَكِّرْ فَاِنَّ الذِّكْرٰى تَنْفَعُ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۵۵﴾ (پارہ:27 سورۃ الذریٰت، آیت نمبر55)

ترجمہ کنزالایمان: اور سمجھاؤ (سمجھاتے رہو) کہ سمجھانا مسلمانوں کو فائدہ دیتا ہے۔

مسلمانوں کو وعظ و نصیحت

جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کفار سے اعراض کر لینے کا حکم نازل ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غمگین ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب کو بہت رنج ہوا کہ جب رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اعراض کرنے کا حکم مل گیا تو اب وحی کیوں آئے گی اور امت سرکشی سے باز نہیں آئی اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اعراض کا حکم مل گیا تو وقت آ گیا کہ ان پر عذاب نازل ہو اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی اور اس میں تسکین دی گی کہ سلسلہ وحی منقطع نہیں ہوا سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نصحت سعادتمندوں کے لیے جاری رہے گی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

سورۃ النجم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ اِلَّا اللَّمَمَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ ؕ هُوَ اَعْلَمُ بِكُمْ اِذْ اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ وَاِذْ اَنْتُمْ اَجِنَّةٌ فِيْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ ۚ فَلَا تُزَكُّوْٓا اَنْفُسَكُمْ ؕ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ اتَّقٰى ﴿۳۲﴾

(پارہ:27 سورۃ النجم، آیت نمبر22)

ترجمہ کنزالایمان: وہ جو بڑے گناہوں اور بے حیائیوں سے بچتے ہیں مگر اتنا کہ (شاذ و نادر ہی) گناہ کے پاس گئے اور رک گئے (گناہ کا ارادہ ترک کر دیا) بیشک تمہارے رب کی مغفرت وسیع ہے، وہ تمہیں خوب جانتا ہے (جب) تمہیں مٹی سے پیدا کیا اور جب تم اپنی ماؤں کے پیٹ میں

Marfat.com

حمل تھے، تو آپ اپنی جانوں کو ستھرا (خود کو پرہیز گار) نہ بتاؤ وہ خوب جانتا ہے جو پرہیز گار ہیں۔

خود کو پرہیز گار نہ بتاؤ

یہ آیت ان لوگوں کے حق میں نازل ہوئی جو نیکیاں کرتے تھے اور اپنے عملوں کی تعریف کرتے تھے اور کہتے تھے کہ ہماری نمازیں ہمارے روزے ہمارے حج۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَفَرَءَیْتَ الَّذِیْ تَوَلّٰی ﴿۳۳﴾ وَ اَعْطٰی قَلِیْلًا وَّ اَكْدٰی ﴿۳۴﴾ (پارہ:27 سورۃ النجم، آیت نمبر 33-34)

ترجمہ کنزالایمان: تو (اے محبوب) کیا تم نے دیکھا جو (اسلام سے) پھر گیا اور کچھ تھوڑا سا دیا اور (باقی) روک رکھا (اور بخیل بن گیا)۔

حق کی نامکمل ادائیگی

یہ آیت ولید بن مغیرہ کے حق میں نازل ہوئی جس نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دین میں اتباع کیا تھا مشرکوں نے اس کو عار دلائی اور کہا کہ تو نے بزرگوں کا دین چھوڑ دیا اور تو گمراہ ہو گیا اس نے کہا میں نے عذاب الہیٰ کے خوف سے ایسا کیا تو عار دلانے والے کافر نے اس سے کہا اگر تو شرک کی طرف لوٹ کر آئے اور اس قدر مال مجھ کو دے تو تیرا عذاب میں اپنے ذمہ لیتا ہوں اس پر ولید اسلام سے منحرف ہو کر پھر شرک میں مبتلا ہو گیا اور جس شخص سے مال دینا ٹھہرا تھا اس نے تھوڑا سا دیا اور باقی سے منع کر دیا ایک روایت کے مطابق یہ آیت عاص بن وائل سہمی کے حق میں نازل ہوئی وہ اکثر امور میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تائید و موافقت کرتا تھا اور یہ بھی کہا گیا کہ یہ آیت ابوجہل کے حق میں نازل ہوئی کہ اس نے کہا تھا اللہ کی قسم محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمیں بہترین اخلاق کا حکم فرماتے ہیں اس تقدیر معنیٰ یہ ہیں کہ تھوڑا سا اقرار کیا اور حق لازم میں سے قدرے قلیل ادا کیا اور باقی سے باز رہا یعنی ایمان نہ لایا۔ (تفسیر خزائن العرفان)

سورۃ القمر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سَیُهْزَمُ الْجَمْعُ وَ یُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ ﴿۴۵﴾ (پارہ:27 سورۃ القمر، آیت نمبر 45)

Marfat.com

ترجمہ کنزالایمان: اب (عنقریب) بھگائی جاتی (پسپا ہوگئی) ہے یہ (کفار کی) جماعت اور پیٹھیں پھیر دیں گے (بھاگ جائیں گے)۔

کفار کی شکست کی پیشگی اطلاع

روز بدر جب ابوجہل نے کہا کہ بدلہ لے لیں گے یہ آیت کریمہ نازل ہوئی اور سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے زرہ پہن کر یہ آیت تلاوت فرمائی اور پھر ایسا ہی ہوا۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّا كُلَّ شَیْءٍ خَلَقْنٰهُ بِقَدَرٍ ﴿۴۹﴾ (پارہ:27 سورۃ القمر، آیت نمبر 49)

ترجمہ کنزالایمان: بیشک ہم نے ہر چیز ایک اندازہ سے (حسبِ حکمت) پیدا فرمائی۔

قدرتِ الٰہی کے منکر

یہ آیت قدریوں کے رد میں نازل ہوئی جو قدرت الٰہی کے منکر ہیں اور حوادث کو کواکب وغیرہ کی طرف منسوب کرتے ہیں۔ (تفسیر خزائن العرفان)

سورۃ الرحمٰن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلرَّحْمٰنُ ﴿۱﴾ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ﴿۲﴾ (پارہ:27 سورۃ الرحمٰن، آیت نمبر 2-1)

ترجمہ کنزالایمان: رحمٰن (عزوجل) نے اپنے محبوب (رسول) کو قرآن سکھایا۔

الرحمٰن

جب آیت اسجدو الرحمن نازل ہوئی، کفار مکہ نے کہا: رحمن کیا ہے تم نہیں جانتے اس پر اللہ تعالیٰ نے الرحمن نازل فرمائی رحمن جس کا تم انکار فرماتے ہو ہی ہے جس نے قرآن نازل فرمایا ایک قول یہ ہے کہ اہل مکہ نے جب کہا کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کوئی بشر سکھاتا ہے تو یہ آیت نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن وخازن)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

يَسْـَٔلُهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِيْ شَاْنٍ ۚ﴿۲۹﴾

(پارہ:27 سورۃ الرحمٰن، آیت نمبر 29)

ترجمہ کنزالایمان: اسی کے منگتا (فضل وکرم کے محتاج) ہیں جتنے آسمانوں اور زمین میں ہیں اسے ہر دن ایک کام (روز اپنی قدرت کی نئی نشانی ظاہر فرماتا) ہے۔

یہود کے قول کا بطلان

یہ آیت یہود کے رد میں نازل ہوئی جو کہتے تھے کہ اللہ تعالیٰ سنیچر کے روز کوئی کام نہیں کرتا ان کے قول کا بطلان ظاہر فرمایا گیا منقول ہے کہ ایک بادشاہ نے اپنے وزیر سے اس آیت کے معنی دریافت کئے اس نے ایک روز کی مہلت چاہی اور نہایت متفکر و مغموم ہو کر اپنے مکان پر آیا اس کے حبشی غلام نے وزیر کو پریشان دیکھ کر کہا کہ اے میرے آقا آپ کو کیا مصیبت پیش آئی بیان کیجئے وزیر نے بیان کیا تو غلام نے کہا کہ اس کے معنی بادشاہ کو میں سمجھا دوں گا وزیر نے اس کو بادشاہ کے سامنے پیش کیا تو غلام نے کہا کہ اے بادشاہ اللہ کی شان یہ ہے کہ وہ رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں اور مردے سے زندہ نکالتا ہے اور زندے سے مردہ اور بیمار کو تندرستی دیتا ہے اور تندرست کو بیمار کرتا ہے مصیبت زدہ کو رہائی دیتا ہے اور بے غموں کو مصیبت میں مبتلا کرتا ہے عزت والوں کو ذلیل کرتا ہے ذلیلوں کو عزت دیتا ہے مال داروں کو محتاج کرتا ہے محتاجوں کو مالدار بادشاہ نے غلام کا جواب پسند کیا اور وزیر کو حکم دیا کہ اس غلام کو خلعت وزارت پہنائے غلام نے وزیر سے کہا اے آقا یہ بھی اللہ تعالیٰ کی شان ہے۔

سورۃ الحدید

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لَا يَسْتَوِيْ مِنْكُمْ مَّنْ اَنْفَقَ مِنْ قَبْلِ الْفَتْحِ وَقَاتَلَ ؕ اُولٰٓئِكَ اَعْظَمُ دَرَجَةً مِّنَ الَّذِيْنَ اَنْفَقُوْا مِنْۢ بَعْدُ وَ قَاتَلُوْا ؕ وَ كُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۱۰﴾ ع (پارہ:27 سورۃ الحدید، آیت نمبر 10)

ترجمہ کنزالایمان: تم میں برابر نہیں وہ جنہوں نے فتح مکہ سے قبل خرچ اور جہاد کیا وہ مرتبہ میں ان سے بڑے ہیں جنہوں نے بعد فتح کے خرچ اور جہاد کیا، اور ان سب (فتح مکہ سے پہلے

Marfat.com

اور بعد میں خرچ کرنے والوں) سے اللہ جنت کا وعدہ فرما چکا اور اللہ کو تمہارے کاموں کی خبر ہے۔

پہلا شخص

یہ آیت حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے حق میں نازل ہوئی کیونکہ آپ رضی اللہ عنہ پہلے شخص ہیں جو اسلام لائے اور پہلے وہ شخص جس نے راہ خدا میں مال خرچ کی اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حمایت کی۔

(تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلَمْ یَاْنِ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اَنْ تَخْشَعَ قُلُوْبُهُمْ لِذِكْرِ اللّٰهِ وَ مَا نَزَلَ مِنَ الْحَقِّ ۙ وَ لَا یَكُوْنُوْا كَالَّذِیْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلُ فَطَالَ عَلَیْهِمُ الْاَمَدُ فَقَسَتْ قُلُوْبُهُمْ ؕ وَ كَثِیْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿۱۶﴾ (پارہ:27 سورۃ الحدید، آیت نمبر 16)

ترجمہ کنزالایمان: کیا ایمان والوں کو ابھی وہ وقت نہ آیا کہ ان کے دل جھک جائیں اللہ کی یاد اور اس حق (قرآن) کے لیے جو اترا اور ان (یہود و نصاریٰ) جیسے نہ ہوں جن کو پہلے کتاب دی گئی پھر ان پر (انکے اور انبیاء کے درمیان) مدت دراز ہوئی تو ان کے دل سخت ہو گئے (یادِ الٰہی کے لیے نرم نہ ہوئے) اور ان میں بہت (سے) فاسق (بے دین) ہیں۔

ہنسی کا کفارہ

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دولت سرائے اقدس سے باہر تشریف لائے تو مسلمانوں کو دیکھا کہ آپس میں ہنس رہے ہیں، فرمایا: تم ہنستے ہو ابھی تک تمہارے رب کی طرف سے امان نہیں آئی اور تمہارے ہنستے پر یہ آیت نازل ہوئی انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس ہنسی کا کفارہ کیا ہے فرمایا اتنا ہی رونا۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لِّئَلَّا یَعْلَمَ اَهْلُ الْكِتٰبِ اَلَّا یَقْدِرُوْنَ عَلٰى شَیْءٍ مِّنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَ اَنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰهِ یُؤْتِیْهِ مَنْ یَّشَآءُ ؕ وَ اللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ ﴿۲۹﴾

(پارہ:27 سورۃ الحدید، آیت نمبر 29)

Marfat.com

ترجمہ کنز الایمان: یہ اس (خصوصی کرم کے) لیے کہ کتاب والے (اہلِ کتاب) کافر جان جائیں کہ اللہ کے فضل پر ان کا کچھ قابو (حصہ) نہیں اور یہ (بھی جان لیں) کہ فضل (تو) اللہ کے ہاتھ (دستِ قدرت میں) ہے دیتا ہے جسے چاہے، اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔

کفار کا خیال باطل

جب اس سے پہلے والی آیت نازل ہوئی اور اس میں مومنین اہل کتاب کو سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اوپر ایمان لانے پر دونے اجر کا وعدہ دیا گیا تو کفار ایک اہل کتاب نے کہا اگر ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لائیں تو دونا اجر ملے اور اگر نہ لائیں تو ایک اجر جب بھی رہے گا اس پر یہ آیت نازل ہوئی اور اس خیال کا ابطال کر دیا گیا۔

(تفسیر خزائن العرفان)

Marfat.com

اٹھائیسواں پارہ

سورۃ المجادلہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّتِیْ تُجَادِلُكَ فِیْ زَوْجِهَا وَ تَشْتَكِیْۤ اِلَى اللّٰهِ ۖۗ وَ اللّٰهُ یَسْمَعُ تَحَاوُرَكُمَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِیْعٌۢ بَصِیْرٌ ۝ (پارہ:28 سورۃ المجادلہ، آیت نمبر 1)

ترجمہ کنز الایمان: بیشک اللہ نے سنی اس کی بات جو (اے محبوب) تم سے اپنے شوہر کے معاملہ میں بحث (تکرار) کرتی ہے اور اللہ سے (اپنی پریشانی حالی کی) شکایت کرتی ہے، اور اللہ تم دونوں کی گفتگو سن رہا ہے، بیشک اللہ سنتا دیکھتا ہے۔

ظہار کا حکم

وہ خولہ بنت ثعلبہ تھیں اوس بن صامت کی بی بی شان نزول کسی بات پر اوس نے ان سے کہا کہ تو مجھ پر میری ماں کی پشت کی مثل ہے یہ کہنے کے بعد اوس کو ندامت ہوئی یہ کلمہ زمانہ جاہلیت میں طلاق تھا اوس نے کہا میرے خیال میں تو مجھ پر حرام ہوگئی خولہ نے سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر تمام واقعات عرض کئے اور عرض کیا کہ میرا مال ختم ہو چکا ماں باپ گزر گئے عمر زیادہ ہوگئی بچے چھوٹے چھوٹے ہیں ان کے باپ کے پاس چھوڑوں تو ہلاک ہو جائیں اپنے ساتھ رکھوں تو بھوکے مر جائیں کیا صورت ہے کہ میرے اور میرے شوہر کے درمیان جدائی نہ ہو سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تیرے باب میں میرے پاس کوئی حکم نہیں یعنی ابھی تک ظہار کے متعلق کوئی حکم جدید نازل نہیں ہوا دستور قدیم یہی ہے کہ ظہار سے عورت حرام ہو جاتی ہے عورت نے عرض کیا یا رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اوس نے طلاق کا لفظ نہ کہا وہ میرے بچوں کا باپ ہے اور مجھے بہت ہی پیارا ہے اسی طرح وہ بار بار عرض کرتی رہی اور جواب حسب خواہش نہ پایا تو آسمان کی طرف سر اُٹھا کر کہنے لگی یہ اللہ تعالیٰ میں تجھ سے اپنی محتاجی و بے کسی اور پریشان حالی کی شکایت کرتی ہوں اپنے نبی پر میرے حق میں ایسا حکم نازل فرما جس سے میری مصیبت رفع ہو حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا خاموش ہو دیکھ چہرۂ مبارک رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

Marfat.com

پر آثار وحی ظاہر ہیں جب وحی پوری ہوگئی، فرمایا: اپنے شوہر کو بلا۔ اوس حاضر ہوئے تو حضور نے یہ آیتیں پڑھ کر سنائیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ (پارہ:28 سورۃ المجادلہ، آیت نمبر 7)

ترجمہ کنزالایمان: اے سننے والے کیا تو نے نہ دیکھا کہ اللہ جانتا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں۔

علمِ الٰہی عزوجل

ایک دن ربیعہ اور حبیب عمرو کے بیٹے اور صفوان ابن امیہ باتیں کررہے تھے ان میں سے ایک بولا کیا رب ہماری ان باتوں کو جانتا ہے دوسرا بولا بعض کو جانتا ہے بعض کو نہیں تیسرا بولا اگر بعض کو جانتا ہے تو سب کو جانتا ہے تب یہ آیت نازل ہوئی۔ (تفسیر نورالعرفان وروح)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ نُهُوْا عَنِ النَّجْوٰى ثُمَّ يَعُوْدُوْنَ لِمَا نُهُوْا عَنْهُ وَيَتَنٰجَوْنَ بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَمَعْصِيَتِ الرَّسُوْلِ وَاِذَا جَآءُوْكَ حَيَّوْكَ بِمَا لَمْ يُحَيِّكَ بِهِ اللّٰهُ ۙ وَيَقُوْلُوْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ لَوْلَا يُعَذِّبُنَا اللّٰهُ بِمَا نَقُوْلُ ؕ حَسْبُهُمْ جَهَنَّمُ ۚ يَصْلَوْنَهَا ۚ فَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝۸ (پارہ:28 سورۃ المجادلہ، آیت نمبر 8)

ترجمہ کنزالایمان: کیا تم نے انہیں نہ دیکھا جنہیں (اسلام کے خلاف) بری مشورت (سرگوشیوں) سے منع فرمایا گیا تھا (تو وہ) پھر وہی کرتے ہیں جس کی ممانعت ہوئی تھی اور آپس میں گناہ اور حد سے بڑھنے (زیادتی وظلم) اور رسول کی نافرمانی کے (بارے میں) مشورے کرتے ہیں اور جب (اے محبوب) تمہارے حضور حاضر ہوتے ہیں تو ان لفظوں سے تمہیں مجرا (سلام) کرتے ہیں جو لفظ اللہ نے تمہارے اعزاز میں نہ کہے اور اپنے دلوں میں کہتے ہیں (اگر یہ سچے نبی ہیں تو) ہمیں اللہ عذاب کیوں نہیں کرتا ہمارے اس کہنے (رسول کی مخالفت کرنے پر) پر انہیں جہنم بس (کافی) ہے، اس میں دھنسیں گے، تو کیا ہی برا انجام (ہے)۔

Marfat.com

یہود اور منافقین کی دل آزار سرگوشیاں

یہ آیت یہود اور منافقین کے حق میں نازل ہوئی آپس میں سرگوشیاں کرتے اور مسلمانوں کی طرف دیکھتے جاتے اور آنکھوں سے ان کی طرف اشارے کرتے جاتے تاکہ مسلمان سمجھیں کہ ان کے خلاف کوئی پوشیدہ بات ہے اور اس سے انہیں رنج ہو ان کی اس حرکت سے مسلمانوں کو غم ہوتا تھا اور وہ کہتے تھے کہ شاید ان لوگوں کو ہمارے ان بھائیوں کی نسبت قتل یا ہزیمت کی کوئی خبر پہنچی جو جہاد میں گئے ہیں اور یہ اسی کے متعلق باتیں بناتے اور اشارے کرتے ہیں جب یہ حرکات منافقین کے بہت زیادہ ہوئے اور مسلمانوں نے سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور میں اس کی شکایتیں کیں تو سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سرگوشی کرنے والوں کو منع فرمادیا لیکن وہ باز نہ آئے اور یہ حرکت کرتے ہی رہے اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا قِیْلَ لَكُمْ تَفَسَّحُوْا فِی الْمَجٰلِسِ فَافْسَحُوْا یَفْسَحِ اللّٰهُ لَكُمْۚ وَ اِذَا قِیْلَ انْشُزُوْا فَانْشُزُوْا یَرْفَعِ اللّٰهُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْۙ وَ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ دَرَجٰتٍؕ وَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرٌ (پارہ:28 سورۃ المجادلہ، آیت نمبر 11)

ترجمہ کنزالایمان: اے ایمان والو جب تم سے کہا جائے (کہ آنے والوں کے لیے) مجلسوں میں جگہ (کشادہ کر) دو تو جگہ (کشادہ کر) دو اللہ تمہیں جگہ (کشادگی) دے گا اور جب کہا جائے (نیکی کے لیے) اٹھ کھڑے ہو تو (فوراً) اٹھ کھڑے ہو اللہ تمہارے (نیک اعمال کے سبب) ایمان والوں کے اور ان کے جن کو علم دیا گیا درجے بلند فرمائے گا، اور اللہ کو تمہارے کاموں کی خبر ہے۔

مجلس میں جگہ کشادہ کرنے کا حکم

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بدر میں حاضر ہونے والے اصحاب کی عزت کرتے تھے ایک روز چند بدری اصحاب ایسے وقت پہنچے جب کہ مجلس شریف بھر چکی تھی انہوں نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے کھڑے ہو کر سلام عرض کیا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جواب دیا پھر انہوں نے حاضرین کو سلام کیا انہوں نے جواب دیا وہ اس انتظار میں کھڑے رہے کہ انکے لئے مجلس میں جگہ کی جائے کسی نے جگہ نہ دی یہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو گراں گزرا تو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے قریب والوں کو اُٹھا کر ان کے لئے جگہ کی تو اُٹھنے والوں

Marfat.com

کو اُٹھنا شاق ہوا اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا نَاجَیْتُمُ الرَّسُوْلَ فَقَدِّمُوْا بَیْنَ یَدَیْ نَجْوٰىكُمْ صَدَقَةً ؕ ذٰلِكَ خَیْرٌ لَّكُمْ وَ اَطْهَرُ ؕ فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۱۲﴾

(پارہ:28 سورۃ المجادلہ، آیت نمبر 12)

ترجمہ کنزالایمان: اے ایمان والو جب تم رسول سے کوئی بات آہستہ (تنہائی میں) عرض کرنا چاہو تو اپنی عرض سے پہلے کچھ صدقہ دے لو یہ تمہارے لیے بہت بہتر اور بہت ستھرا (پاکیزہ) ہے، پھر اگر تمہیں مقدور (صدقہ دینے کی گنجائش) نہ ہو تو اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

بارگاہِ رسالت میں عرض گزاری کا ادب

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں جب اغنیاء نے عرض ومعروض کا سلسلہ دراز کیا اور نوبت یہاں تک پہنچ گئی کہ فقراء کو اپنی عرض پیش کرنے کا موقع کم ملنے لگا تو عرض پیش کرنے والوں کو عرض پیش کرنے سے پہلے صدقہ دینے کا حکم دیا گیا اور اس حکم پر حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عمل کیا ایک دینار صدقہ کر کے دس مسائل دریافت کئے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وفا کیا ہے فرمایا توحید اور توحید کی شہادت دینا عرض کیا فساد کیا ہے فرمایا کفر وشرک عرض کیا حق کیا ہے فرمایا اسلام وقرآن اور ولایت جب تجھے ملے عرض کیا حیلہ کیا ہے یعنی تدبیر فرمایا ترک حیلہ عرض کیا مجھ پر کیا لازم ہے فرمایا اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی اطاعت عرض کیا اللہ تعالیٰ سے کیسے مانگوں فرمایا صدق ویقین کے ساتھ عرض کیا، کیا مانگوں فرمایا عاقبت عرض کیا اپنی نجات کیلئے کیا کروں فرمایا حلال کھا اور سچ بول عرض کیا سرور کیا ہے فرمایا جنت عرض کیا راحت کیا ہے فرمایا اللہ تعالیٰ کا دیدار جب حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان سوالوں سے فارغ ہو گئے تو یہ حکم منسوخ ہو گیا اور رخصت نازل ہوئی اور سوائے حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اور کسی کو اس پر عمل کرنے کا وقت نہیں ملا۔ (مدارک وخازن) حضرت مترجم قدس سرہ نے فرمایا یہ اس کی اصل ہے جو مزارات اولیاء پر تصدق کے لئے شیرینی وغیرہ لے جاتے ہیں۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ؕ مَا هُمْ مِّنْكُمْ وَلَا مِنْهُمْ ۙ

(پارہ:28 سورۃ المجادلہ، آیت نمبر 14)

ترجمہ کنزالایمان: کیا تم نے انہیں (منافقین کو) نہ دیکھا جو ایسوں (یہود) کے دوست ہوئے جن پر اللہ کا غضب ہے وہ (منافقین) نہ تم (مسلمان) میں سے نہ ان (یہود) میں سے۔

منافقین اور یہود کی دوستی

یہ آیت منافقین کے حق میں نازل ہوئی جنہوں نے یہود سے دوستی کی اور انکی خیر خواہی میں لگے رہتے اور مسلمانوں کے راز ان سے کہتے۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ يَحْلِفُوْنَ عَلَى الْكَذِبِ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۴﴾ (پارہ:28 سورۃ المجادلہ، آیت نمبر 14)

ترجمہ کنزالایمان: وہ دانستہ جھوٹی قسم کھاتے ہیں۔

شیطان کی آنکھوں والا

یہ آیت عبداللہ بن نبتل منافق کے حق میں نازل ہوئی جو رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مجلس میں حاضر رہتا اور یہاں کی بات یہود تک پہنچاتا ایک روز حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دولت سرائے اقدس میں تشریف فرما تھے حضور نے فرمایا اس وقت ایک آدمی آئے گا جس کا دل نہایت سخت اور شیطان کی آنکھوں سے دیکھتا ہے تھوڑی ہی دیر بعد عبداللہ بن نبتل آیا اس کی آنکھیں نیلی تھیں حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا تو اور تیرے ساتھی کیوں ہمیں گالیاں دیتے ہیں وہ قسم کھا گیا کہ ایسا نہیں کرتا اور اپنے یاروں کو لے آیا انہوں نے بھی قسم کھائی کہ ہم نے آپ کو گالی نہیں دی اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

Marfat.com

سورۃ الحشر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ①

(پارہ:28 سورۃ الحشر، آیت نمبر 1)

ترجمہ کنزالایمان: اللہ کی پاکی بولتا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں، اور وہی عزت وحکمت والا ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خلاف معاہدہ

یہ سورت بنی نضیر کے حق میں نازل ہوئی یہ لوگ یہودی تھے جب نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مدینہ طیبہ میں رونق افروز ہوئے تو انہوں نے حضور سے اس طرف پر صلح کی کہ نہ آپ کے ساتھ ہو کر کسی سے لڑیں نہ آپ سے جنگ کریں جب جنگ بدر میں اسلام کی فتح ہوئی تو بنی نضیر نے کہا یہ وہی نبی ہیں جن کی صفت توریت میں ہے پھر جب احد میں مسلمانوں کو ہزیمت کی صورت پیش آئی تو یہ شک میں پڑے اور انہوں نے سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور حضور کے نیاز مندوں کے ساتھ عداوت کا اظہار کیا اور جو معاہدہ کیا تھا وہ توڑ دیا اور ان کا ایک سردار کعب بن اشرف یہودی چالیس یہودی سواروں کو ساتھ لے کر مکہ مکرمہ پہنچا اور کعبہ عظیمہ کے پردے تھام کر قریش کے سرداروں سے رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خلاف معاہدہ کیا اللہ تعالیٰ کے علم دینے سے حضور اس حال پر مطلع تھے اور بنی نضیر سے ایک خیانت اور بھی واقع ہو چکی تھی کہ انہوں نے قلعہ کے اوپر سے سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر ارادۂ فاسد ایک پتھر گرایا تھا اللہ تعالیٰ نے حضور کو خبردار کر دیا اور بفضلہٖ تعالیٰ حضور محفوظ رہے غرض جب یہود بنی نضیر نے خیانت کی اور عہد شکنی کی اور کفار قریش سے حضور کے خلاف عہد کیا تو سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے محمد بن مسلمہ انصاری کو حکم دیا اور انہوں نے کعب بن اشرف کو قتل کر دیا پھر حضور مع لشکر کے بنی نضیر کی طرف روانہ ہوئے اور ان کا محاصرہ کر لیا یہ محاصرہ اکیس روز رہا اس درمیان میں منافقین سے یہود نے ہمدردی وموافقت کے بہت معاہدے کئے لیکن اللہ تعالیٰ نے ان سب کو ناکام کیا یہود کے دلوں میں رعب ڈالا آخر کار انہیں حضور کے حکم سے جلاوطن ہونا پڑا اور وہ شام واریحا وخیبر کی طرف چلے گئے۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مَا قَطَعْتُمْ مِّنْ لِّيْنَةٍ اَوْ تَرَكْتُمُوْهَا قَآئِمَةً عَلٰٓى اُصُوْلِهَا فَبِاِذْنِ اللّٰهِ وَلِيُخْزِيَ الْفٰسِقِيْنَ ۝ (پارہ:28 سورۃ الحشر، آیت نمبر5)

ترجمہ کنزالایمان: جو درخت تم نے کاٹے یا ان کی جڑوں پر قائم چھوڑ دیے یہ سب اللہ کی اجازت سے تھا اور (یہ درخت کاٹنا) اس لیے (ہے) کہ (اللہ) فاسقوں (یہود) کو رسوا کرے۔

درختوں کے کاٹنے اور جلانے میں اختلاف

جب بنی نضیر اپنے قلعوں میں پناہ گزیں ہوئے تو سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کو درخت کاٹ ڈالنے اور جلا دینے کا حکم دیا اس پر وہ دشمنانِ خدا بہت گھبرائے اور رنجیدہ ہوئے اور کہنے لگے کہ کیا تمھاری کتاب میں اسکا حکم ہے مسلمان اس باب میں مختلف ہو گئے بعض نے کہا درخت نہ کاٹو یہ غنیمت ہے اللہ تعالیٰ نے ہمیں عطا فرمائی اور بعض نے کہا اس سے کفار کو رسوا کرنا اور انکو غیظ میں ڈالنا منظور ہے اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْ اَهْلِ الْقُرٰى فَلِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۙ كَيْ لَا يَكُوْنَ دُوْلَةًۢ بَيْنَ الْاَغْنِيَآءِ مِنْكُمْ ؕ وَمَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ ۗ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝ (پارہ:28 سورۃ الحشر، آیت نمبر7)

ترجمہ کنزالایمان: جو غنیمت دلائی اللہ نے اپنے رسول کو شہر والوں (کفار) سے وہ اللہ اور رسول کی ہے اور (نبی کے) رشتہ داروں اور یتیموں اور مسکینوں اور مسافروں کے لیے کہ تمہارے اغنیا (امیروں) کا مال (ان ہی کے پاس) نہ (چلا) جائے اور جو کچھ تمہیں رسول عطا فرمائیں وہ لو اور جس سے منع فرمائیں باز رہو، اور اللہ سے ڈرو (رسول کی مخالفت نہ کرو) بیشک اللہ کا عذاب سخت ہے۔

Marfat.com

زمانہ جاہلیت کا طریقہ

زمانہ جاہلیت میں دستور تھا کہ غنیمت کا چوتھائی حصہ سردار لے لیتا باقی تین حصے فوجی آپس میں اسطرح تقسیم کر لیتے تھے کہ مالدار لوگ زیادہ لیتے تھوڑا سا غرباء کو دے دیتے ایک بار صحابہ کرام نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ اس غنیمت سے چوتھائی حضور قبول فرمالیں باقی ہم لوگ رسم کے مطابق بانٹ لیں گے اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر نور العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَالَّذِيْنَ تَبَوَّؤُ الدَّارَ وَالْاِيْمَانَ مِنْ قَبْلِهِمْ يُحِبُّوْنَ مَنْ هَاجَرَ اِلَيْهِمْ وَلَا يَجِدُوْنَ فِيْ صُدُوْرِهِمْ حَاجَةً مِّمَّآ اُوْتُوْا وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ ۚ وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝

(پارہ:28 سورۃ الحشر، آیت نمبر 9)

ترجمہ کنزالایمان: جنہوں نے پہلے (ہی) سے اس شہر (مدینہ پاک) اور ایمان میں (ثابت قدمی سے) گھر بنا لیا (وہ) دوست رکھتے ہیں انہیں (مہاجرین کو) جو ان کی طرف (مدینہ میں) ہجرت کر کے گئے اور (وہ) اپنے دلوں میں کوئی حاجت (خواہش) نہیں پاتے اس چیز کی (مال کی) جو (مہاجرین کی مدد کو) دیے گئے اور (وہ) اپنی جانوں (اپنے آپ) پر ان (مہاجرین) کو ترجیح دیتے ہیں اگرچہ (خود) انہیں شدید محتاجی ہو اور جو اپنے نفس کے لالچ سے بچایا (پاک کیا) گیا تو وہی (دنیا و آخرت میں) کامیاب ہیں۔

صحابی کا ایثار

حدیث شریف میں ہے کہ رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک بھوکا شخص آیا حضور نے ازواج مطہرات کے حجروں پر معلوم کرایا کیا کھانے کی کوئی چیز ہے معلوم ہوا کسی بی بی صاحبہ کے یہاں کچھ بھی نہیں ہے تب حضور نے اصحاب سے فرمایا جو اس شخص کو مہمان بنائے اللہ تعالیٰ اس پر رحمت فرمائے حضرت ابو طلحہ انصاری کھڑے ہو گئے اور حضور سے اجازت لے کر مہمان کو اپنے گھر لے گئے گھر جا کر بی بی سے دریافت کیا کچھ ہے انہوں نے کہا کچھ نہیں صرف بچوں کے لئے تھوڑا سا کھانا رکھا ہے حضرت ابو طلحہ نے فرمایا بچوں کو بہلا کر سلا دو اور جب مہمان کھانے بیٹھے تو چراغ درست کرنے اٹھو اور چراغ بجھا دو تا کہ وہ اچھی طرح

Marfat.com

کھالے یہ اس لئے تجویز کی کہ مہمان یہ نہ جان سکے کہ اہل خانہ اس کے ساتھ نہیں کھا رہے ہیں کیونکہ اس کو یہ معلوم ہوگا تو اصرار کرے گا اور کھانا کم ہے بھوکا رہ جائے گا اس طرح مہمان کو کھلا یا اور آپ نے بھوکے رات گزاری جب صبح ہوئی اور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو حضور اقدس علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا رات فلاں فلاں لوگوں میں عجیب معاملہ پیش آیا اللہ تعالیٰ ان سے بہت راضی ہے اور یہ آیت نازل ہوئی۔

سورۃ الممتحنہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا عَدُوِّیْ وَ عَدُوَّكُمْ اَوْلِیَآءَ تُلْقُوْنَ اِلَیْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ وَ قَدْ كَفَرُوْا بِمَا جَآءَكُمْ مِّنَ الْحَقِّ ۚ یُخْرِجُوْنَ الرَّسُوْلَ وَ اِیَّاكُمْ اَنْ تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ رَبِّكُمْ ؕ اِنْ كُنْتُمْ خَرَجْتُمْ جِهَادًا فِیْ سَبِیْلِیْ وَ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِیْ ۬ۚ تُسِرُّوْنَ اِلَیْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ ۬ۚ وَ اَنَا اَعْلَمُ بِمَاۤ اَخْفَیْتُمْ وَ مَاۤ اَعْلَنْتُمْ ؕ وَ مَنْ یَّفْعَلْهُ مِنْكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِیْلِ ① (پارہ:28 سورۃ الممتحنہ، آیت نمبر 1)

ترجمہ کنزالایمان: اے ایمان والو میرے اور اپنے دشمنوں (کافروں) کو دوست نہ بناؤ تم (تو) انہیں (مسلمانوں کی) خبریں پہنچاتے ہو دوستی (کے رشتے) سے حالانکہ وہ منکر ہیں اس حق (اسلام و قرآن) کے جو تمہارے پاس آیا گھر (وطن) سے جدا کرتے ہیں رسول کو اور تمہیں اس (وجہ) پر کہ تم اپنے رب پر ایمان لائے، اگر تم نکلے ہو میری راہ میں جہاد کرنے اور میری رضا چاہنے کو تو ان سے دوستی نہ کرو تم انہیں خفیہ (راز داری سے) پیامِ محبت کا بھیجتے ہو، اور میں خوب جانتا ہوں جو تم چھپاؤ اور جو ظاہر کرو، اور تم میں جو ایسا کرے بیشک وہ (دین کی) سیدھی راہ سے بہکا۔

اہلِ بدر کی بخشش کا پروانہ

بنی ہاشم کے خاندان کی ایک باندی سارہ مدینہ طیبہ میں سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور میں حاضر ہوئی جب کہ فتح مکہ کا سامان فرما رہے تھے حضور نے اس سے فرمایا کیا تو مسلمان ہو کر آئی اس نے کہا نہیں فرمایا کیا ہجرت کر کے آئی عرض کیا نہیں فرمایا پھر کیوں آئی اس نے کہا محتاجی سے تنگ ہو کر بنی

Marfat.com

عبدالمطلب نے اس کی امداد کی کپڑے بنائے سامان دیا حاطب بن ابی بلتعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس سے ملے انہوں نے اس کو دس دینار دیئے ایک چادر دی اور ایک خط اہل مکہ کے پاس اس کی معرفت بھیجا جس کا مضمون یہ تھا کہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تم پر حملہ کا ارادہ رکھتے ہیں تم سے اپنے بچاؤ کی جو تدبیر ہو سکے کرو سارہ یہ خط لے کر روانہ ہوگئی اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب کو اس کی خبر دی حضور نے اپنے چند اصحاب کو جن میں حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی تھے گھوڑوں پر روانہ کیا اور فرمایا مقام روضہ خاخ پر تمہیں ایک مسافر عورت ملے گی اس کے پاس حاطب بن ابی بلتعہ کا خط ہے جو اہل مکہ کے نام لکھا گیا ہے وہ خط اس سے لے لو اور اس کو چھوڑ دو اگر انکار کرے تو اس کی گردن مار دو یہ حضرات روانہ ہوئے اور عورت کو ٹھیک اسی مقام پر پایا جہاں حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تھا اس سے خط مانگا وہ انکار کر گئی اور قسم کھا گئی صحابہ نے واپسی کا قصد کیا حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بقسم فرمایا کہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خبر خلاف ہو ہی نہیں سکتی اور تلوار کھینچ کر عورت سے فرمایا یا خط نکال یا گردن رکھ جب اس نے دیکھا کہ حضرت بالکل آمادہ قتل ہیں تو اپنے جوڑے میں سے خط نکالا حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے حضرت حاطب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بلا کر فرمایا کہ اے حاطب اس کا کیا باعث انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں جب سے اسلام لایا کبھی میں نے کفر نہیں کیا اور جب سے حضور کی نیاز میسر آئی کبھی حضور کی خیانت نہ کی اور جب سے اہل مکہ کہ چھوڑا کبھی ان کی محبت نہ آئی لیکن واقعہ یہ ہے کہ میں قریش میں رہتا تھا اور ان کی قوم سے نہ تھا میرے سوائے اور جو مہاجرین ہیں ان کے مکہ مکرمہ میں رشتہ دار ہیں جو ان کے گھر بار کی نگرانی کرتے ہیں مجھے اپنے گھر والوں کا اندیشہ تھا اس لئے میں نے کیا کہ میں اہل مکہ پر کچھ احسان رکھ دوں تا کہ وہ میرے گھر والوں کو نہ ستائیں اور یہ میں یقین سے جانتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ اہل مکہ پر عذاب نازل فرمانے والا میرا خط انہیں بچا نہ سکے گا سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کا یہ عذر قبول فرمایا ان کی تصدیق کی حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا یا رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مجھے اجازت دیجئے اس منافق کی گردن ماردوں حضور نے فرمایا اے عمر (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) اللہ تعالیٰ خبردار ہے جب ہی اس نے اہل بدر کے حق میں فرمایا کہ جو چاہو کرو میں نے تمہیں بخش دیا یہ سن کر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے آنسو جاری ہو گئے اور یہ آیات نازل ہوئیں۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ؕ وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ (پارہ:28 سورۃ الممتحنہ، آیت نمبر 7)

ترجمہ کنزالایمان: قریب ہے کہ اللہ تم میں اور ان (کفار) میں جو ان (کفارِ مکہ) میں سے تمہارے دشمن ہیں (انہیں ایمان کی توفیق دے کر) دوستی کر دے اور اللہ (دل اور حالات بدلنے پر) قادر ہے اور بخشنے والا مہربان ہے۔

کفارِ مکہ کے ایمان لے آنے کی غیبی خبر

جب اوپر کی آیات نازل ہوئیں تو مومنین نے اپنے اہل قرابت کی عداوت میں تشدد کیا ان سے بیزار ہو گئے اور اس معاملے میں بہت سخت ہو گئے تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرما کر انہیں امید دلائی کہ ان کفار کا حال بدلنے والا ہے اور یہ آیت نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لَا يَنْهٰىكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ لَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ وَلَمْ يُخْرِجُوْكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ اَنْ تَبَرُّوْهُمْ وَتُقْسِطُوْٓا اِلَيْهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ۝

(پارہ:28 سورۃ الممتحنہ، آیت نمبر 8)

ترجمہ کنزالایمان: اللہ تمہیں ان (کفار) سے منع نہیں کرتا جو تم سے دین (کے معاملے) میں نہ لڑے اور تمہیں تمہارے گھروں سے نہ نکالا کہ ان کے ساتھ احسان کرو اور ان سے انصاف کا برتاؤ برتو، بیشک انصاف والے اللہ کو محبوب ہیں۔

مشرکہ ماں سے حسنِ سلوک کا حکم

یہ آیت بنی خزاعہ کے حق میں نازل ہوئی جنہوں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے اس شرط پر صلح کی تھی کہ نہ آپ سے قتال کرینگے نہ آپ کے مخالف کو مدد دینگے اللہ تعالیٰ نے ان کے ساتھ سلوک کرنے کی اجازت دی۔ یہ آیت اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حق میں نازل ہوئی جبکہ ان کی والدہ مدینہ طیبہ میں انکے لئے تحفے لے کر آئی تھیں اور تھیں مشرکہ تو حضرت اسماء نے نہ ان کے ہدایا قبول کئے اور نہ انھیں اپنے گھر میں آنے کی اجازت دی اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا کہ کیا حکم اس پر یہ آیت

Marfat.com

نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَاِنْ فَاتَكُمْ شَیْءٌ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ اِلَى الْكُفَّارِ فَعَاقَبْتُمْ فَاٰتُوا الَّذِیْنَ ذَهَبَتْ اَزْوَاجُهُمْ مِّثْلَ مَاۤ اَنْفَقُوْا ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِیْۤ اَنْتُمْ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ⑪

(پارہ:28 سورۃ الممتحنہ، آیت نمبر 11)

ترجمہ کنزالایمان: اور اگر مسلمانوں کے ہاتھ سے کچھ عورتیں (انکی بیویاں) کافروں کی طرف نکل (بھاگ) جائیں پھر تم (جہاد میں) کافروں کو سزا دو (اور غنیمت پاؤ) تو جن (مسلمانوں) کی عورتیں (انکے قبضے سے) جاتی رہی تھیں (مال) غنیمت میں سے انہیں اتنا دیدو جو (مہر) ان کا خرچ ہوا تھا اور اللہ سے ڈرو جس پر تمہیں ایمان ہے۔

نومسلمہ اور مرتدہ کے مہر کا حکم

گذشتہ آیت نازل ہونے پر مسلمانوں نے نومسلمہ عورتوں کے مہر انکے خاوندوں کو بھیج دیئے لیکن کافروں نے مرتدہ عورتوں کے مہر مسلمانوں کو ادا نہ کئے تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر نورالعرفان)

سورۃ الصّف

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ② (پارہ:28 سورۃ الصف، آیت نمبر 2)

ترجمہ کنزالایمان: اے ایمان والو کیوں کہتے ہو (ایسی بات) وہ جو (تم خود) نہیں کرتے۔

منافقین کا جھوٹا وعدہ

صحابہ کرام کی ایک جماعت گفتگو کر رہی تھی یہ وہ وقت تھا کہ جب تک کہ حکم جہاد نازل نہیں ہوا تھا اس جماعت میں یہ تذکرہ تھا کہ اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ کیا عمل پیارا ہے ہمیں معلوم ہوتا تو ہم وہی کرتے چاہے اس میں ہماری جانیں ہمارے مال کام آجائیں اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ اسکے علاوہ شان نزول میں یہ بھی

Marfat.com

ہے کہ یہ آیت منافقین کے حق میں نازل ہوئی جو مسلمانوں سے مدد کا جھوٹا وعدہ کرتے تھے۔

(تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى تِجَارَةٍ تُنْجِیْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِیْمٍ ۝

(پارہ:28 سورۃ الصّف، آیت نمبر 10)

ترجمہ کنزالایمان: اے ایمان والو کیا میں بتادوں وہ تجارت جو تمہیں دردناک عذاب سے بچالے۔

اللہ کا پسندیدہ عمل

مومنین نے کہا تھا کہ اگر ہم جانتے کہ اللہ تعالیٰ کو کون سا عمل بہت پسند ہے تو ہم وہی کرتے اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی اور آیت میں اس عمل کو تجارت سے تعبیر فرمایا گیا۔ (تفسیر خزائن العرفان)

سورۃ الجمعہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ هَادُوْۤا اِنْ زَعَمْتُمْ اَنَّكُمْ اَوْلِیَآءُ لِلّٰهِ مِنْ دُوْنِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ۝ (پارہ:28 سورۃ الجمعۃ، آیت نمبر 6)

ترجمہ کنزالایمان: تم فرماؤ اے یہودیو! اگر تمہیں یہ (غلط) گمان ہے کہ تم اللہ کے دوست ہو اور لوگ نہیں تو مرنے کی آرزو کرو اگر تم (اپنے گمان میں) سچے ہو۔

یہودیوں کا گمانِ فاسد

یہود کہتے تھے کہ ہم اللہ کے پیارے اسکے دوست ہیں کیونکہ نبیوں کو اولاد ہیں تم خواہ کتنے ہی نیک اعمال کرو، ہمارے درجہ کو نہیں پہنچ سکتے انکی تردید میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر نورالعرفان)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ اِذَا رَاَوْا تِجَارَةً اَوْ لَهْوَا اِنْفَضُّوْۤا اِلَيْهَا وَ تَرَكُوْكَ قَآىِٕمًا ؕ قُلْ مَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ مِّنَ اللَّهْوِ وَ مِنَ التِّجَارَةِ ؕ وَ اللّٰهُ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۱۱﴾ (پارہ:28 سورۃ الجمعۃ، آیت نمبر 11)

ترجمہ کنزالایمان: اور جب انہوں (بعض لوگوں) نے کوئی تجارت یا کھیل (تماشہ) دیکھا (تو) اس کی طرف چل دیے اور (اے محبوب) تمہیں (روزِ جمعہ) خطبے میں کھڑا چھوڑ گئے (اے محبوب) تم فرماؤ وہ جو اللہ کے پاس ہے کھیل سے اور تجارت سے بہتر ہے، اور اللہ کا رزق سب سے اچھا۔

تجارت سے بہتر

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ طیبہ میں روز جمعہ خطبہ فرما رہے تھے، اس حال میں تاجروں کا ایک قافلہ آیا اور حسب دستور اعلان کیلئے طبل بجایا گیا زمانہ بہت تنگی اور گرانی کا تھا لوگ بایں خیال اسکی طرف چلے گئے کہ ایسا نہ ہو کہ دیر کرنے سے اجناس ختم ہو جائیں اور ہم نہ پا سکیں اور مسجد شریف میں صرف بارہ آدمی رہ گئے ہیں اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

سورۃ المنافقون

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ اِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا يَسْتَغْفِرْ لَكُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ لَوَّوْا رُءُوْسَهُمْ وَ رَاَيْتَهُمْ يَصُدُّوْنَ وَ هُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۵﴾ (پارہ:28 سورۃ المنافقون، آیت نمبر 5)

ترجمہ کنزالایمان: اور جب ان سے کہا جائے کہ (اپنی بخشش کے لیے) آؤ رسول اللہ تمہارے لیے معافی چاہیں تو (انکار سے) اپنے سر گھماتے ہیں اور تم انہیں دیکھو کہ غرور (تکبر) کرتے ہوئے منہ پھیر لیتے ہیں۔

شانِ رسالت میں بیہودہ کلامی

غزوۂ مریسیع سے فارغ ہو کر جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے سر چاہ نزول فرمایا تو وہاں یہ واقعہ پیش آیا کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اجیر جہجاہ غفاری اور ابن ابی کے حلیف سان بن دبر جہنی کے درمیان

Marfat.com

جنگ ہوگئی جبجاہ نے مہاجرین کو اور سنان نے انصار کو پکارا اس وقت ابن ابی منافق نے حضور سید صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان میں بہت گستاخانہ اور بے ہودہ باتیں بکیں اور یہ کہا کہ مدینہ طیبہ پہنچ کر ہم میں سے عزت والے ذلیلوں کو نکال دیں گے۔ اور اپنی قوم سے کہنے لگا کہ اگر تم انہیں اپنا جھوٹا کھانا نہ دو تو یہ تمہاری گردنوں پر سوار نہ ہوں اب ان پر کچھ خرچ نہ کرو تا کہ یہ مدینہ سے بھاگ جائیں اس کی یہ ناشائستہ گفتگو سن کر زید بن ارقم کو تاب نہ رہی انہوں نے اس سے فرمایا کہ خدا کی قسم تو ہی ذلیل ہے اپنی قوم میں بغض ڈالنے والا اور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سر مبارک پر معراج کا تاج ہے حضرت رحمن نے انہیں عزت وقوت دی ہے ابن ابی کہنے لگا چپ میں تو ہنسی سے کہہ رہا تھا زید بن ارقم نے یہ خبر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پہنچائی حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ابن ابی کے قتل کی اجازت چاہی سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے منع فرمایا اور ارشاد کیا کہ لوگ کہیں گے کہ محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) اپنے صحاب کو قتل کرتے ہیں حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے ابن ابی سے دریافت فرمایا کہ تو نے یہ باتیں کہی تھیں وہ مکر گیا اور قسم کھا گیا کہ میں نے کچھ بھی نہیں کہا اس کے ساتھ جو مجلس شریف میں حاضر تھے وہ عرض کرنے لگے کہ ابن ابی بوڑھا بڑا شخص ہے یہ جو کہتا ہے ٹھیک ہی کہتا ہے زید بن ارقم کو شاید دھوکا ہوا ہو اور یہ بات یاد نہ رہی ہو پھر جب اوپر کی آیتیں نازل ہوئیں اور ابن ابی کا جھوٹ ظاہر ہو گیا تو اس سے کہا گیا کہ جا سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے درخواست کر حضور تیرے لئے اللہ تعالیٰ سے معافی چاہیں تو گردن پھیری اور کہنے لگا کہ تم نے کہا ایمان لا تو میں ایمان لے آیا تم نے کہا زکوٰۃ دے تو میں نے زکوٰۃ دی اب یہی باقی رہ گیا ہے کہ محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو سجدہ کروں اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِنَّ مِنْ اَزْوَاجِكُمْ وَ اَوْلَادِكُمْ عَدُوًّا لَّكُمْ فَاحْذَرُوْهُمْ ۚ وَ اِنْ تَعْفُوْا وَ تَصْفَحُوْا وَ تَغْفِرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۱۴﴾

(پارہ:28 سورۃ المنافقون، آیت نمبر 14)

ترجمہ کنزالایمان: اے ایمان والو تمہاری کچھ بیبیاں اور بچے تمہارے دشمن ہیں (کہ تمہیں نیکیوں سے روکتے ہیں) تو ان سے احتیاط رکھو (انکے کہنے پر نیکی سے نہ رکو) اور اگر (انکی اس حرکت پر) معاف کرو اور درگزر و اور بخش دو تو بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

Marfat.com

اہل وعیال کی آزمائش

چند مسلمانوں نے مکہ مکرمہ سے ہجرت کا ارادہ کیا تو ان کی بی بی اور بچوں نے انہیں روکا اور کہا ہم تمہاری جدائی پر صبر نہ کر سکیں گے تم چلے جاؤ گے ہم تمہارے پیچھے ہلاک ہو جائیں گے یہ بات ان پر اثر کر گئی اور وہ ٹھہر گئے کچھ عرصہ کے بعد انہوں نے ہجرت کی تو انہوں نے اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ وہ دین میں بڑے ماہر اور فقیہ ہو گئے ہیں یہ دیکھ کر انہوں نے اپنی بی بی بچوں کو سزا دینے کا ارادہ کیا اور یہ قصد کیا کہ ان کا خرچ بند کر دیں کیونکہ وہی لوگ انہیں ہجرت سے مانع ہوئے تھے جس کا یہ نتیجہ ہوا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ ہجرت کرنے والے اصحاب علم وفقہ میں ان سے منزلوں آگے نکل گئے اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی اور انہیں اپنے بی بی بچوں سے درگزر کرنے اور معاف کرنے کی ترغیب فرمائی گئی۔

سورۃ الطلاق

بسم اللہ الرحمن الرحیم

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَطَلِّقُوْهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ وَ اَحْصُوا الْعِدَّةَ ۚ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ رَبَّكُمْ ۚ لَا تُخْرِجُوْهُنَّ مِنْۢ بُيُوْتِهِنَّ وَ لَا يَخْرُجْنَ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ ؕ وَ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ؕ وَ مَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ ؕ لَا تَدْرِيْ لَعَلَّ اللّٰهَ يُحْدِثُ بَعْدَ ذٰلِكَ اَمْرًا ۝ (پارہ:28 سورۃ الطلاق، آیت نمبر 1)

ترجمہ کنزالایمان: اے نبی (مسلمانوں سے فرماؤ کہ) جب تم لوگ (اپنی) عورتوں کو طلاق دو تو ان کی عدت کے وقت پر (پیش نظر رکھتے ہوئے) انہیں طلاق دو اور عدت (کی مدت) کا شمار (گن) رکھو اور اپنے رب اللہ سے ڈرو، عدت میں انہیں ان کے گھروں سے نہ نکالو اور نہ (ہی) وہ آپ (خود) نکلیں مگر یہ کہ کوئی صریح بے حیائی (زنا، بدزبانی، فحش گوئی وغیرہ) کی بات لائیں (ایسا گناہ کریں) اور یہ اللہ کی (مقرر کردہ) حدیں (پابندیاں) ہیں، اور جو اللہ کی حدوں سے آگے بڑھا (پابندیاں توڑے گا) بیشک اس نے اپنی جان پر ظلم کیا (خود کو عذاب کا حقدار بنایا)، تمہیں نہیں معلوم شاید اللہ اس (حکم) کے بعد کوئی نیا (رجعت کا) حکم بھیجے۔

Marfat.com

حالتِ حیض میں طلاق

یہ آیت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے حق میں نازل ہوئی انہوں نے اپنی بی بی کو عورتوں کے ایام مخصوصہ میں طلاق دی تھی سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے انھیں حکم دیا کہ رجعت کریں پھر اگر طلاق دینا چاہیں تو طہر یعنی پاکی کے زمانہ میں طلاق دیں۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَاَمْسِكُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ فَارِقُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ وَّ اَشْهِدُوْا ذَوَیْ عَدْلٍ مِّنْكُمْ وَ اَقِیْمُوا الشَّهَادَةَ لِلّٰهِ ؕ ذٰلِكُمْ یُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ یُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَ الْیَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ وَ مَنْ یَّتَّقِ اللّٰهَ یَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۙ﴿۲﴾

(پارہ:28 سورۃ الطلاق، آیت نمبر 2)

ترجمہ کنزالایمان: تو جب وہ اپنی (عدت) میعاد تک پہنچنے کو ہوں تو انہیں بھلائی کے ساتھ (حسنِ سلوک کر سکو تو) روک لو یا بھلائی کے ساتھ (بغیر اذیت دیئے) جدا کرو اور اپنے میں (سے) دو ثقہ (عادل) کو گواہ کر لو اور اللہ کے (حکم کی تعمیل) لیے گواہی قائم کرو اس (بات) سے نصیحت فرمائی جاتی ہے اسے جو اللہ اور پچھلے دن (قیامت) پر ایمان رکھتا ہو اور جو اللہ سے ڈرے اللہ اس کے لیے (غم و پریشانی سے) نجات کی راہ نکال دے گا۔

قید سے آزادی کا وظیفہ

عوف بن مالک کے فرزند کو مشرکین نے قید کر لیا تو عوف نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور انہوں نے یہ بھی عرض کیا کہ میرا بیٹا مشرکین نے قید کر لیا ہے اور اسی کے ساتھ اپنی محتاجی و ناداری کی شکایت کی سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ کا ڈر رکھو اور صبر کرو، اور کثرت سے لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم پڑھتے رہو عوف نے گھر آ کر اپنی بی بی سے یہ کہا اور دونوں نے پڑھنا شروع کر دیا وہ پڑھ رہی رہے تھے کہ بیٹے نے دروازہ کھٹکھٹایا دشمن غافل ہو گیا تھا اس نے موقعہ پایا قید سے نکل بھاگا اور چلتے ہوئے چار ہزار بکریاں بھی دشمن کے ساتھ لے آیا عوف نے خدمت اقدس حاضر ہو کر دریافت کیا کہ کیا یہ بکریاں اُنکے لئے حلال ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اجازت دے دی اور یہ آیت نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَالّٰٓئِیْ یَئِسْنَ مِنَ الْمَحِیْضِ مِنْ نِّسَآىِٕكُمْ اِنِ ارْتَبْتُمْ فَعِدَّتُهُنَّ ثَلٰثَةُ اَشْهُرٍ ۙ وَّالّٰٓئِیْ لَمْ یَحِضْنَ ؕ وَاُولَاتُ الْاَحْمَالِ اَجَلُهُنَّ اَنْ یَّضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ؕ وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰهَ یَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ اَمْرِهٖ یُسْرًا ۝ (پارہ:28 سورۃ الطلاق، آیت نمبر 4)

ترجمہ کنزالایمان: اور تمہاری (بوڑھی) عورتوں میں جنہیں حیض کی امید نہ رہی اگر تمہیں کچھ شک ہو (کہ انکی عدت کا کیا حکم ہے) تو ان کی (طلاق کی) عدت تین مہینے ہے اور ان کی (بھی) جنہیں ابھی حیض نہ آیا اور حمل والیوں کی (عدت کی) میعاد یہ ہے کہ وہ اپنا حمل (بچہ) جَن لیں اور جو (احکامات پر عمل کے معاملے میں) اللہ سے ڈرے۔

حاملہ کی عدت

صحابہ کرام نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ حیض والی عورتوں کی عدت تو ہمیں معلوم ہوگئی جو حمل والی ہوں انکی عدت کیا ہے۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

سورۃ التحریم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَاۤ اَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ ۚ تَبْتَغِیْ مَرْضَاتَ اَزْوَاجِكَ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۝ (پارہ:28 سورۃ التحریم، آیت نمبر 1)

ترجمہ کنزالایمان: اے غیب بتانے والے (نبی) تم اپنے اوپر کیوں حرام کئے لیتے ہو وہ چیز جو اللہ نے تمہارے لئے حلال کی (کیا اس لیے کہ) اپنی بیبیوں کی مرضی چاہتے ہو اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

ازواجِ مطہرات کی دلجوئی کی خاطر

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت ام المومنین حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے محل میں رونق افروز ہوئے وہ حضور کی اجازت سے اپنے والد حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی عیادت کے لئے تشریف لے گئیں حضور نے حضرت ماریہ قبطیہ کو سرفراز خدمت کیا یہ حضرت حفصہ پر گراں گزرا حضور نے اس کی دلجوئی کے لئے فرمایا کہ

Marfat.com

میں نے ماریہ کو اپنے اوپر حرام کیا اور میں تمہیں خوش خبری دیتا ہوں کہ میرے بعد امور امت کے مالک ابوبکر و عمر (رضی اللہ تعالیٰ عنہم) وہ اس سے خوش ہوگئیں اور نہایت خوشی میں انہوں نے گفتگو حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو سنائی اس پر یہ آیت نازل ہوئی اور ارشاد فرمایا گیا کہ جو چیز اللہ تعالیٰ نے آپ کے لئے حلال کی یعنی ماریہ قبطیہ آپ انہیں اپنے لئے کیوں حرام کئے لیتے ہیں اپنی بیبیوں حفصہ و عائشہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہما) کی رضا جوئی کیلئے اور ایک قول اس آیت کی شان نزول میں یہ بھی ہے کہ ام المومنین زینب بنت جحش کے یہاں جب حضور تشریف لے جاتے تو وہ شہد پیش کرتیں اس زریعہ سے ان کے یہاں کچھ زیادہ دیر تشریف فرما رہتے یہ بات حضرت عائشہ و حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما وغیرہ کو ناگوار گزری اور انہیں اشک ہوا انہوں نے باہم مشورہ کیا کہ جب حضور تشریف فرما ہوں تو عرض کیا جائے کہ دہن سے مغافیر کی بو آتی ہے اور مغافیر کی بو حضور کو ناپسند تھی چناچہ ایسا کیا گیا حضور کو ان کا منشاء معلوم تھا فرمایا مغافیر تو میرے قریب نہیں آیا زینب کے یہاں میں نے شہد پیا ہے اس میں اپنے اوپر حرام کرتا ہوں مقصود یہ کہ حضرت زینب کے یہاں شہد کا شغل ہونے سے تمہاری دل شکنی ہوتی ہے تو ہم شہد ہی ترک فرمائے دیتے ہیں اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔

Marfat.com

انتیسواں پارہ

سورۃ الملک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ اَسِرُّوْا قَوْلَكُمْ اَوِ اجْهَرُوْا بِهٖ ؕ اِنَّهٗ عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۱۳﴾

(پارہ:29 سورۃ الملک، آیت نمبر 13)

ترجمہ کنزالایمان: اور تم اپنی بات آہستہ کہو یا آواز سے (کوئی فرق نہیں)، وہ (اللہ) تو دلوں کی (بات) جانتا ہے۔

مشرکین کی حماقت

مشرکین آپس میں کہتے تھے چپکے چپکے بات کرو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا خدا سن نہ پائے اس پر آیت نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

سورۃ القلم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَدُّوْا لَوْ تُدْهِنُ فَیُدْهِنُوْنَ ﴿۹﴾ (پارہ:29 سورۃ القلم، آیت نمبر 9)

ترجمہ کنزالایمان: وہ تو اس آرزو میں ہیں کسی طرح تم نرمی کرو تو وہ بھی نرم پڑ جائیں۔

سرداران قریش کا مطالبہ

سرداران قریش حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر بولے کہ اگر آپکو کوئی بیماری ہے تو ہم اسکا علاج کرا دیں اگر دنیاوی عیش وعشرت کی خواہش ہے تو اسکا سارا سامان مہیا کر دیں اگر کچھ نہیں تو آپ صرف ہمارے بتوں کو برا کہنا چھوڑ دیں تو ہم بھی آپ سے تعرض نہ کریں اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

(تفسیر نور العرفان)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَلَا تُطِعْ كُلَّ حَلَّافٍ مَّهِيْنٍ ۙ﴿۱۰﴾ هَمَّازٍ مَّشَّآءٍۭ بِنَمِيْمٍ ۙ﴿۱۱﴾ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ اَثِيْمٍ ۙ﴿۱۲﴾ عُتُلٍّۭ بَعْدَ ذٰلِكَ زَنِيْمٍ ۙ﴿۱۳﴾ (پارہ:29 سورۃ القلم، آیت نمبر 10-13)

ترجمہ کنزالایمان: اور ہر ایسے کی بات نہ سننا جو بڑا (جھوٹی) قسمیں کھانے والا ذلیل بہت طعنے دینے والا (فساد پھیلانے کی نیت سے) بہت اِدھر کی اُدھر لگاتا پھرنے والا بھلائی (نیکی) سے بڑا روکنے والا حد سے بڑھنے والا گنہگار (فاجر و بدکار) درشت خُو (بدمزاج و بدزبان) اس سب پر طرہ یہ کہ اس کی اصل میں خطا (نسل حرام سے ہے)۔

ولید بن مغیرہ کے دس عیوب

مروی ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو ولید بن مغیرہ نے اپنی ماں سے جا کر کہا کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) نے میری حق میں دس باتیں فرمائی ہیں نو کو نو جانتا ہوں کہ مجھ میں موجود ہیں لیکن دسویں بات اصل میں خطاء ہونے کی اس کا حال مجھے معلوم نہیں یا تو مجھے سچ سچ بتادے ورنہ میں تیری گردن ماردوں گا اس پر اس کی ماں نے کہا کہ تیرا باپ نامرد تھا مجھے اندیشہ ہوا کہ وہ مرجائے گا تو اس کا مال غیر لے جائیں گے تو میں نے ایک چرواہے کو بلایا تو اس سے ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مَا لَكُمْ ۫ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ۚ﴿۳۶﴾ (پارہ:29 سورۃ القلم، آیت نمبر 36)

ترجمہ کنزالایمان: (اے کافرو) کیسا (جہالت کا) حکم لگاتے (فیصلہ کرتے) ہو۔

کفارِ مکہ کے بارے میں تردید

کفار مکہ کہتے تھے کہ اگر ہم مرنے کے بعد اٹھائے بھی گئے تو بھی ہم تم سے اچھے رہینگے دنیا میں ہم امیر ہیں تم غریب انکی تردید میں یہ آیت نازل ہوئیں۔ (تفسیر نور العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ۘ﴿۵۱﴾ (پارہ:29 سورۃ القلم، آیت نمبر 51)

Marfat.com

ترجمہ کنزالایمان: اور اپنے قربِ خاص کے سزاواروں (حقداروں) میں کرلیا، اور ضرور کافر تو ایسے معلوم ہوتے ہیں کہ گویا اپنی بد (بغض وحسد کی) نظر لگا کر تمہیں گرادیں گے جب (تم سے اے محبوب) قرآن سنتے ہیں اور (تو تمھارے بارے میں) کہتے ہیں یہ ضرور عقل سے دور (دیوانے) ہیں۔

شر سے حفاظت

منقول ہے کہ عرب میں بعض لوگ نظر لگانے میں شہرہ آفاق تھے اور ان کی یہ حالت تھی کہ دعویٰ کر کے نظر لگاتے تھے اور جس چیز کو انہوں نے گزند پہنچانے کے ارادے سے دیکھا دیکھتے ہی ہلاک ہوگئی ایسے بہت واقعات ان کے تجربہ میں آچکے تھے کفار نے ان سے کہا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو نظر لگائیں تو ان لوگوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو بڑی تیز نگاہوں سے دیکھا اور کہا کہ ہم نے اب تک نہ ایسا آدمی دیکھا نہ ایسی دلیلیں دیکھیں اور ان کا کسی چیز کو دیکھ کر حیرت کرنا ہی ستم ہوتا تھا لیکن ان کی یہ تمام جدوجہد کبھی مثل ان کے اور مکائد کے جو رات دن وہ کرتے رہتے تھے بیکار گئی اور اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ان کے شر سے محفوظ رکھا اور یہ آیت نازل ہوئی حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کو جس نظر لگے اس پر یہ آیت کردم کردی جائے۔

سورۃ المعارج

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سَاَلَ سَآئِلٌۢ بِعَذَابٍ وَّاقِعٍ ۙ﴿۱﴾ لِّلْكٰفِرِيْنَ لَيْسَ لَهٗ دَافِعٌ ۙ﴿۲﴾

(پارہ:29 سورۃ المعارج، آیت نمبر 2-1)

ترجمہ کنزالایمان: ایک مانگنے والا وہ عذاب مانگتا ہے، جو کافروں پر ہونے والا ہے، اس (عذاب) کا کوئی ٹالنے والا نہیں وہ (نازل) ہوگا۔

مستحقِ عذاب کون؟

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب اہل مکہ کو عذاب الٰہی کا خوف دلایا تو وہ آپس میں کہنے لگے کہ اس عذاب کے مستحق کون لوگ ہیں اور یہ کن پر آئے گا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھو تو انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا اس پر یہ آیتیں نازل ہوئیں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کرنے والا نفر بن حارث تھا اس نے دعا کی تھی یارب اگر یہ قرآن حق ہو اور تیرا کلام ہو تو ہمارے اوپر آسمان سے پتھر برسا یا درد

Marfat.com

ناک عذاب بھیج چنانچہ یہ آیتیں نازل ہوئیں جسمیں فرمایا گیا کافر طلب کریں نہ عذاب جوانکے لئے مقدر ہے ضرور آنا ہے اسے کوئی ٹال نہیں سکتا۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فَمَالِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا قِبَلَكَ مُهْطِعِيْنَ ﴿۳۶﴾ عَنِ الْيَمِيْنِ وَعَنِ الشِّمَالِ عِزِيْنَ ﴿۳۷﴾ اَيَطْمَعُ كُلُّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ اَنْ يُّدْخَلَ جَنَّةَ نَعِيْمٍ ﴿۳۸﴾

(پارہ:29 سورۃ المعارج، آیت نمبر 36-38)

ترجمہ کنزالایمان: تو ان کافروں کو کیا ہوا تمہاری طرف (اے محبوب) تیز نگاہ سے (گھور گھور کر) دیکھتے ہیں (سنتے ہیں سمجھتے نہیں) داہنے اور بائیں (طرف سے) گروہ کے گروہ، کیا ان میں ہر شخص یہ طمع (لالچ) کرتا ہے کہ (ایمان والوں کی طرح) چین (جنت) کے باغ میں داخل کیا جائے، ہرگز نہیں (جنت مومن کے لیے ہے)۔

کلام الٰہی کے متعلق کفار کی تکذیب اور استہزاء

یہ آیت کفار کی اس جماعت کے حق میں نازل ہوئی جو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے گرد حلقے باندھ کر گروہ کے گروہ جمع ہوتے تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا کلام مبارک سنتے اور اسکو جھٹلاتے اور استہزاء کرتے اور کہتے کہ اگر یہ لوگ جنت میں داخل ہونگے جیسا کہ محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) فرماتے ہیں تو ہم ضرور ان سے پہلے اسمیں داخل ہونگے انکے لئے یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

سورۃ المزمل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

يٰۤاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ﴿۱﴾ (پارہ:29 سورۃ المزمل، آیت نمبر 1)

ترجمہ کنزالایمان: اے جھرمٹ مارنے والے۔

جھرمٹ مارنے والے

اس آیت کے شان نزول میں کئی قول ہیں بعض مفسرین نے کہا کہ ابتداء زمانہ وحی میں سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم خوف سے اپنے کپڑوں میں لپٹ جاتے تھے ایسی حالت میں حضرت جبریل نے آپکو یایھا المزمل کہہ

Marfat.com

کرنداکی ایک قول یہ ہے کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم چادر میں لپٹے ہوئے آرام فرما رہے تھے اس حالت میں آپکو یہ ندا کی گئی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

سورۃ المدثر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یٰۤاَیُّهَا الْمُدَّثِّرُ ۙ﴿۱﴾ (پارہ:29 سورۃ المدثر، آیت نمبر 1)

ترجمہ کنزالایمان: اے بالاپوش اوراوڑھنے والے۔

بالاپوش

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں کوہ حرا پر تھا کہ مجھے ندا کی آگئی میں نے اپنے دائیں بائیں کچھ نہ پایا اوپر دیکھا ایک شخص آسمان زمین کے درمیان بیٹھا ہے (یعنی وہی فرشتہ جس نے ندا کی تھی) یہ دیکھ کر مجھ پر رعب ہوا اور میں خدیجہ کے پاس آیا اور میں نے کہا مجھے بالا پوشی اڑھاؤ انہوں نے اڑھادیا تو جبرائیل علیہ السلام آئے اور انہوں نے کہا: یا ایھا المدثر۔

(تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ذَرْنِیْ وَمَنْ خَلَقْتُ وَحِیْدًا ۙ﴿۱۱﴾ وَّجَعَلْتُ لَهٗ مَالًا مَّمْدُوْدًا ۙ﴿۱۲﴾ وَّبَنِیْنَ شُهُوْدًا ۙ﴿۱۳﴾ وَّمَهَّدْتُّ لَهٗ تَمْهِیْدًا ۙ﴿۱۴﴾ ثُمَّ یَطْمَعُ اَنْ اَزِیْدَ ۖ﴿۱۵﴾ كَلَّا ؕ اِنَّهٗ كَانَ لِاٰیٰتِنَا عَنِیْدًا ؕ﴿۱۶﴾ (پارہ:29 سورۃ المدثر، آیت نمبر 11-16)

ترجمہ کنزالایمان: اسے مجھ پر چھوڑ جسے میں نے (بغیر کسی مدد کے) اکیلا پیدا کیا اور اسے وسیع مال دیا اور بیٹے دیے سامنے حاضر رہتے اور میں نے اس کے لیے طرح طرح کی تیاریاں کیں (ہر طرح کا سامان مہیا کیا) پھر (اس کے باوجود) یہ طمع (لالچ) کرتا ہے کہ میں (اسے) اور زیادہ دوں ہرگز نہیں وہ تو میری آیتوں (قرآن) سے عناد (سخت دشمنی) رکھتا ہے۔

Marfat.com

مال واولاد میں کمی

یہ آیت ولید بن مغیرہ مخزومی کے حق میں نازل ہوئی وہ اپنی قوم میں وحید کے لقب سے ملقب تھا چنانچہ اس آیت کے نزول کے بعد ولید کے مال اولاد وجاہ میں کمی آنی شروع ہوئی یہاں تک کہ ہلاک ہوگیا۔

(تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ثُمَّ نَظَرَ ﴿۲۱﴾ ثُمَّ عَبَسَ وَ بَسَرَ ﴿۲۲﴾ ثُمَّ اَدْبَرَ وَ اسْتَكْبَرَ ﴿۲۳﴾ فَقَالَ اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا سِحْرٌ یُّؤْثَرُ ﴿۲۴﴾ اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا قَوْلُ الْبَشَرِ ﴿۲۵﴾ (پارہ:29 سورۃ المدثر، آیت نمبر 21-25)

ترجمہ کنزالایمان: پھر نظر اٹھا کر دیکھا، پھر تیوری چڑھائی اور منہ بگاڑا، پھر پیٹھ پھیری اور تکبر کیا، پھر بولا یہ تو وہی جادو ہے اگلوں (پہلوں) سے سیکھا (ہے)، یہ (اللہ کا کلام) نہیں مگر آدمی کا کلام کوئی دم جاتا ہے۔

کلام الٰہی کا انکار

جب حم تنزیل الکتاب من اللہ العزیز العلیم نازل ہوئی اور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد میں تلاوت فرمائی ولید نے سنا اور اس قوم کی مجلس میں آکر اس نے کہا کہ خدا کی قسم میں نے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) سے ابھی ایک کلام سنا نہ وہ آدمی کا نہ جن کا بخدا اس میں عجیب شیرینی ارتازگی اور فوائد ودل کشی ہے وہ کلام سب پر غالب رہے گا قریش کو اس کی ان باتوں سے بہت غم ہوا اور ان میں مشہور ہوگیا کہ ولید آبائی دین سے برگشتہ ہوگیا ابوجہل نے ولید کو ہموار کرنے کا ذمہ لیا اور اس کے پاس آکر بہت غمزدہ صورت بنا کر بیٹھ گیا ولید نے کہا کیا غم ہے ابوجہل نے کہا غم کیسے نہ ہو تو بوڑھا ہوگیا ہے قریش تیرے خرچ کے لئے روپیہ جمع کردیں گے انہیں خیال ہے کہ تو نے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے کلام کی تعریف اس لئے کی ہے کہ تجھے ان کے دسترخوان کا بچا ہوا کھانا مل جائے اس پر اسے بہت طیش آیا اور میرے مال ودولت کا حال معلوم نہیں ہے اور کیا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور ان کے اصحاب نے کبھی سیر ہوکر کھانا بھی کھایا ہے ان کے دسترخوان پر کیا بچے گا پھر ابوجہل کے ساتھ اٹھا اور قوم میں آکر کہنے لگا تمہیں خیال ہے کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) مجنون ہیں کیا تم نے ان میں کبھی دیوانگی کی کوئی بات دیکھی سب نے کہا ہرگز نہیں کہنے لگا تم انہیں کاہن سمجھتے ہو کیا تم نے انہیں کبھی کہانت کرتے دیکھا سب نے کہا نہیں کیا تم انہیں شاعر گمان کرتے ہو کیا تم نے کبھی انہیں شعر کہتے پایا سب نے کہا نہیں کہنے لگا

Marfat.com

تم انہیں کذاب کہتے ہو کیا تمہارے تجربہ میں کبھی انہوں نے جھوٹ بولا سب نے کہا نہیں اور قریش میں آپ کا صدقہ و دیانت ایسا مشہور تھا کہ قریش آپ کو امین کہا کرتے تھے یہ سن کر قریش نے کہا پھر بات کیا ہے تو ولید سوچ کر بولا کہ بات یہ ہے کہ وہ جادوگر ہیں تم نے دیکھا ہوگا کہ ان کی بدولت رشتہ دار رشتہ دار سے باپ بیٹے سے جدا ہو جاتے ہیں بس یہی جادوگر کا کام ہے اور جو قرآن وہ پڑھتے ہیں وہ دل میں اثر کر جاتا ہے اس کا باعث یہ ہے کہ وہ جادو ہے اس آیت کریمہ میں اس کا ذکر فرمایا گیا ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بَلْ يُرِيْدُ كُلُّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ اَنْ يُّؤْتٰى صُحُفًا مُّنَشَّرَةً ﴿۵۲﴾ كَلَّا ؕ بَلْ لَّا يَخَافُوْنَ الْاٰخِرَةَ ﴿۵۳﴾ (پارہ:29 سورۃ المدثر، آیت نمبر 53-52)

ترجمہ کنزالایمان: (یونہی کفار قرآن سے بھاگتے ہیں) بلکہ ان میں کا ہر شخص (کافر) چاہتا ہے کہ کھلے صحیفے (آسمانی کتابیں) اس کے ہاتھ میں دے دیے جائیں (ایسا) ہرگز نہیں (ہوگا) بلکہ ان کو آخرت کا ڈر نہیں۔

کفارِ مکہ کا بھونڈا مطالبہ

کفار مکہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا تھا کہ ہم آپ پر تب ایمان لائینگے جبکہ ہم میں سے ہر ایک کے پاس اسکے نام پر علیحدہ علیحدہ غیبی کتابیں آئیں جن پہ لکھا ہوا کہ اے فلاں ایمان لے آ حضور حق ہیں۔ اس پر یہ آیت کریمہ اتری۔ (تفسیر نور العرفان)

سورۃ القیامہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَيَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَلَّنْ نَّجْمَعَ عِظَامَهٗ ﴿۳﴾ بَلٰى قٰدِرِيْنَ عَلٰٓى اَنْ نُّسَوِّيَ بَنَانَهٗ ﴿۴﴾

(پارہ:29 سورۃ القیامہ، آیت نمبر 4-3)

ترجمہ کنزالایمان: کیا آدمی یہ سمجھتا ہے کہ ہم ہرگز اس کی ہڈیاں جمع (کر کے دوبارہ زندہ) نہ فرمائیں گے، کیوں نہیں ہم اس پر بھی قادر ہیں کہ اس (کی انگلیوں) کے پور ٹھیک بنا دیں۔

Marfat.com

خیالِ فاسد

یہ آیت عدی بن ربیعہ کے حق میں نازل ہوئی جس نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا تھا کہ اگر میں قیامت کا دن دیکھ بھی لو جب بھی میں نہ مانوں اور آپ پر ایمان نہ لاؤں کیا اللہ تعالیٰ بکھری ہوئی ہڈیاں جمع کر دے گا اس پر یہ آیت نازل ہوئی جس کے معنی یہ ہیں کہ کیا اس کافر کا یہ گمان ہے کہ ہڈیاں بکھرنے اور گلنے اور ریزہ ریزہ ہو کر مٹی میں ملنے اور ہواؤں کے ساتھ اڑ کر دور دراز مقامات میں منتشر ہو جانے سے ایسی ہو جاتی ہیں کہ ان کا جمع کرنا کافر ہمارے قدرت سے باہر سمجھتا ہے یہ خیال فاسد اس کے دل میں کیوں آیا اور اس نے کیوں نہیں جانا کہ جو پہلی بار پیدا کرنے پر قادر ہے وہ مرنے کے بعد دوبارہ پیدا کرنے پر ضرور قادر ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖؕ ﴿۱۶﴾ (پارہ:29 سورۃ المدثر، آیت نمبر 16)

ترجمہ کنزالایمان: (اے محبوب) تم (قرآن) یاد کرنے کی جلدی میں قرآن کے ساتھ اپنی زبان کو حرکت نہ دو۔

نزولِ قرآن کے وقت حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انداز

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نزول قرآن کے وقت بھول جانے کے خوف سے سننے کی حالت میں پڑھتے بھی تھے جس سے دشواری ہوئی تھی تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (تفسیر نور العرفان)

سورۃ الدھر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ یُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ عَلٰى حُبِّهٖ مِسْكِیْنًا وَّ یَتِیْمًا وَّ اَسِیْرًا ﴿۸﴾

(پارہ:29 سورۃ الدھر، آیت نمبر 8)

ترجمہ کنزالایمان: اور (جو) کھانا کھلاتے ہیں اس (اللہ) کی محبت پر مسکین اور یتیم اور اسیر (قیدی) کو۔

Marfat.com

بے مثال سخاوت

یہ آیت حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ اور حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور انکی کنیز فضہ کے حق میں نازل ہوئی حسنین کریمین رضی اللہ عنہم بیمار ہوئے ان حضرات نے انکی صحت پر تین روزوں کی نذر فرمائی اللہ تعالیٰ نے صحت دی نذر کی وفا کا وقت آیا ان حضرات نے روزے رکھے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ایک یہودی سے تین صاع جو لائے حضرت خاتون جنت نے ایک ایک صاع تینوں دن پکایا لیکن جب افطار کا وقت آیا اور روٹیاں سامنے رکھیں تو ایک روز مسکین ایک روز یتیم ایک روز اسیر آیا اور تینوں اور یہ سب روٹیاں ان لوگوں کو دے دی گئیں اور صرف پانی سے افطار کر کے اگلا روزہ رکھ لیا گیا۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تُطِعْ مِنْهُمْ اٰثِمًا اَوْ كَفُوْرًا ﴿۲۴﴾

(پارہ:29 سورۃ الدھر، آیت نمبر 24)

ترجمہ کنزالایمان: صابر رہو اور ان میں کسی گنہگار یا ناشکرے کی بات نہ سنو (دھیان نہان میں کسی گنہگار یا ناشکرے کی بات نہ سنو (دھیان نہ دو)۔

دعوتِ اسلام سے روکنے کی سازش

عقبہ بن ربیعہ اور ولید بن مغیرہ یہ دونوں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے اور کہنے لگے آپ اس کام سے باز آیئے یعنی دین سے عتبہ لے کہا کہ آپ ایسا کریں تو میں اپنی بیٹی آپکو بیاہ دوں اور بغیر مہر کے آپ کی خدمت میں حاضر کر دوں ولید نے کہا میں آپکو اتنا مال دوں کہ آپ راضی ہو جائیں اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔

(تفسیر خزائن العرفان)

۱

سورۃ مرسلت

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَالْمُرْسَلٰتِ عُرْفًا ﴿۱﴾ (پارہ:29 سورۃ المرسلات، آیت نمبر 1)

ترجمہ کنزالایمان: قسم انکی جو بھیجی جاتی ہیں لگا تار۔

Marfat.com

منیٰ کا غار

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ والمرسلٰت شب جن میں نازل ہوئی ہم سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی رکاب سعادت میں تھے، منیٰ کے غار میں پہنچے والمرسلٰت نازل ہوئی ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اسکو پڑھتے تھے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم اسکی تلاوت فرماتے تھے اچانک ایک سانپ نے جست کی ہم اسکو مارنے کے لئے لپکے وہ بھاگ گیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم اسکی برائی سے بچائے گئے وہ تمہاری برائی سے۔

Marfat.com

تیسواں پارہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عَمَّ يَتَسَآءَلُوْنَ ۝۱ عَنِ النَّبَاِ الْعَظِيْمِ ۝۲ الَّذِیْ هُمْ فِيْهِ مُخْتَلِفُوْنَ ۝۳

(پارہ:30 سورۃ النباء، آیت نمبر 3-1)

ترجمہ کنزالایمان: یہ (کفارِ قریش) آپس میں کاہے (کس بات) کی پوچھ گچھ کررہے ہیں (کسی) بڑی خبر کی (قرآن یا قیامت) جس میں وہ کئی راہ (گروہ) ہیں۔

اہلِ مکہ کو دعوتِ توحید

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب اہل مکہ کو توحید کی دعوت دی اور مرنے کے بعد زندہ کئے جانے کی خبر دی اور قرآن پاک کی تلاوت فرما کر انھیں سنایا ان میں باہم گفتگو شروع ہوئیں اور ایک دوسرے سے پوچھنے لگے کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیا دین لائے ہیں چنانچہ اس آیت میں ان کی گفتگوؤں کا بیان فرمایا گیا۔ (تفسیر خزائن العرفان)

سورۃ النازعٰت

بسم اللہ الرحمن الرحیم

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ اَيَّانَ مُرْسٰىهَا ۝۴۲ (پارہ:30 سورۃ النازعات، آیت نمبر 42)

ترجمہ کنزالایمان: (اے محبوب یہ لوگ) تم سے قیامت کو پوچھتے ہیں کہ وہ کب کے لیے ٹھہری ہوئی ہے (کب آئیگی)۔

کفارِ مکہ کا مذاق

کفار مکہ دلگی اور مذاق کے طور پر قیامت کا دن اور تاریخ وغیرہ پوچھتے تھے ان کے متعلق یہ آیت کریمہ نازل ہوئی جس میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بتانے سے منع فرمایا گیا۔ (تفسیر نور العرفان)

Marfat.com

سورۂ عبس

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عَبَسَ وَ تَوَلّٰۤى ۙ﴿۱﴾ اَنْ جَآءَهُ الْاَعْمٰى ؕ﴿۲﴾ (پارہ:30 سورۃ عبس، آیت نمبر 2-1)

ترجمہ کنزالایمان: تیوری چڑھائی (ناگوار خاطر گزرا) اور منہ (رخ) پھیرا اس (وجہ) پر کہ اس (رسول) کے پاس وہ نابینا حاضر ہوا۔

نابینا کا اِکرام

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عتبہ بن ربیہ ابو جہل بن ہشام اور عباس بن عبد المطلب اور ابی بن خلف اور امیہ بن خلف اشرف قریش کو اسلام کی دعوت فرما رہے تھے اس درمیان عبداللہ ابن ام مکتوم نابینا حاضر ہوئے اور انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بار بار ندا کر کے عرض کیا کہ جو اللہ تعالیٰ کے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سکھایا ہے مجھے تعلیم فرمائے ابن ام مکتوم نے یہ نہ سمجھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دوسروں سے گفتگو فرما رہے ہیں اس سے قطع کلام ہوگا یہ بات حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو گراں گزری اور آثار ناگواری چہرہ اقدس پر نمایاں ہوئے اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی دولت سرائے اقدس کی طرف واپس ہوئے اس پر یہ آیات نازل ہوئیں اور نابینا فرمانے میں عبداللہ بن ام مکتوم کی معذوری کی طرف اشارہ ہے کہ قطع کلام ان سے اس وجہ سے واقع ہوا اس آیت کے نزول کے بعد سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عبداللہ بن ام مکتوم کا اکرام فرماتے تھے۔

سورۃ التکویر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ مَا هُوَ عَلَى الْغَيْبِ بِضَنِيْنٍ ۚ﴿۲۴﴾ وَ مَا هُوَ بِقَوْلِ شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ ۙ﴿۲۵﴾ فَاَيْنَ تَذْهَبُوْنَ ؕ﴿۲۶﴾ (پارہ:30 سورۃ التکویر، آیت نمبر 24-26)

ترجمہ کنزالایمان: اور یہ نبی غیب بتانے میں (ذرا) بخیل نہیں، اور قرآن، مردود شیطان کا پڑھا ہوا (کلام) نہیں، پھر (قرآن سے منہ موڑ کر) کدھر جاتے ہو۔

جن یا شیطان

کفار کبھی کہتے تھے کہ کوئی جن یا شیطان محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ کلام سنا جاتا ہے ان کی تردید میں یہ آیت نازل ہوئی۔ (تفسیر نور العرفان)

Marfat.com

سورۃ المطففین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِيْنَ ۙ﴿۱﴾ (پارہ:30 سورۃ المطففین، آیت نمبر 1)

ترجمہ کنزالایمان: کم تولنے والوں کی خرابی (بربادی) ہے۔

پیمانہ میں خیانت

رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب مدینہ طیبہ تشریف فرما ہوئے تو یہاں کے لوگ پیمانہ میں خیانت کرتے تھے بالخصوص ایک شخص ابوجہنیہ ایسا تھا کہ وہ دو پیمانے رکھتا تھا ایک لینے کا اور دوسرا دینے کا ان لوگوں کے متعلق یہ آیتیں نازل ہوئیں۔ (تفسیر خزائن العرفان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ اِذَا مَرُّوْا بِهِمْ يَتَغَامَزُوْنَ ﴿۳۰﴾ (پارہ:30 سورۃ المطففین، آیت نمبر 30)

ترجمہ کنزالایمان: اور جب وہ (مومنین) ان پر (ان کفار کے پاس سے) گزرتے تو یہ (کافر) آپس میں ان پر آنکھوں سے اشارے کرتے (پھبتیاں کستے) ہیں۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ کی شان

حضرت علی رضی اللہ عنہ مسلمانوں کی ایک جماعت میں تشریف لے جارہے تھے منافقین نے انھیں دیکھ کر آنکھوں سے اشارے کیے اور مسخرگی سے ہنسے اور آپس میں ان حضرات کے حق میں بیہودہ کلمات کہے تو اس سے پہلے کہ علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں پہنچے یہ آیتیں نازل ہوئیں۔ (تفسیر خزائن العرفان)

سورۃ الانشقاق

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فَمَا لَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۲۰﴾ وَ اِذَا قُرِئَ عَلَيْهِمُ الْقُرْاٰنُ لَا يَسْجُدُوْنَ ﴿۲۱﴾ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُكَذِّبُوْنَ ﴿۲۲﴾ (پارہ:30 سورۃ الانشقاق، آیت نمبر 20-22)

ترجمہ کنزالایمان: تو کیا ہوا انہیں ایمان نہیں لاتے اور جب قرآن پڑھا جائے سجدہ

Marfat.com

(تلاوت) نہیں کرتے بلکہ کافر (قرآن اور قیامت کو) جھٹلا رہے ہیں۔

سجدۂ تلاوت

سورۃ اقراء میں **واسجدوا اقترب** نازل ہوا تو سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ آیت پڑھ کر سجدہ کیا مومنین نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ سجدہ کیا اور کفار قریش نے سجدہ نہ کیا ان کے اس فعل کی برائی میں یہ آیت نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

سورۃ الطارق

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ السَّمَآءِ وَ الطَّارِقِ ۙ﴿۱﴾ وَ مَاۤ اَدْرٰىكَ مَا الطَّارِقُ ۙ﴿۲﴾ النَّجْمُ الثَّاقِبُ ۙ﴿۳﴾ اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ؕ﴿۴﴾ (پارہ:30 سورۃ الطارق، آیت نمبر 4-1)

ترجمہ کنزالایمان: آسمان کی قسم اور رات کے آنے والے (نمودار ہونے والے ستارے) کی، اور کچھ تم نے جانا وہ رات کو آنے والا کیا ہے، خوب چمکتا تارا، کوئی جان نہیں جس پر (رب کی طرف سے اس کے احوال کا) نگہبان (محافظ) نہ ہو۔

قدرتِ الٰہی کی نشانی

ایک شب سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں ابو طالب کچھ ہدیہ لائے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کو تناول فرما رہے تھے اس درمیان ایک تارہ ٹوٹا اور تمام فضا آگ سے بھر گئی ابو طالب گھبرا کر کہنے لگے یہ کیا ہے سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ ستارہ ہے جس سے شیاطین مارے جاتے ہیں اور یہ قدرت الٰہی کی نشانیوں میں سے ہے ابو طالب کو اس سے تعجب ہوا اور یہ سورت نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

سورۃ الاعلیٰ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

يَتَجَنَّبُهَا الْاَشْقَى ۙ﴿۱۱﴾ الَّذِىْ يَصْلَى النَّارَ الْكُبْرٰى ۚ﴿۱۲﴾ ثُمَّ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَ لَا يَحْيٰى ؕ﴿۱۳﴾ (پارہ:30 سورۃ الاعلیٰ، آیت نمبر 11-13)

Marfat.com

ترجمہ کنزالایمان: اوراس (نصیحت کو ماننے سے) سے وہ بڑا بد بخت (ہے جو) دور رہے گا، جو (بالآخر) سب سے بڑی آگ (جہنم) میں جائے گا پھر اس میں مرے (کہ مرکر ہی جان چھوٹے) اور نہ (آرام وسکون سے جینا) جیے۔

باغ کے عوض درخت

روح البیان نے فرمایا کہ یہ آیت کریمہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی مدح اور ایک منافق کی برائی میں نازل ہوئی واقعہ یہ تھا کہ ایک انصاری نے اپنے پڑوسی کی شکایت بارگاہ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں پیش کی کہ وہ میرا پڑوسی ہے اس کے درخت کی ایک شاخ میرے گھر میں ہے اگر اس شاخ کا پھل میرے گھر میں گر جاتا ہے تو بہت سختی سے اٹھالیتا ہے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کو بلا کر فرمایا کہ تو یہ درخت میرے ہاتھ فروخت کردے اس کے عوض تجھے جنت میں درخت دیا جائے گا اس نے انکار کردیا حضرت عثمان رضی اللہ عنہ ایک باغ کے عوض وہ درخت خرید کر اس انصاری کو دے دیا اس پر یہ آیت اتری۔

سورۃ الفجر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

كَلَّا بَلْ لَّا تُكْرِمُوْنَ الْيَتِيْمَ ﴿۱۷﴾ وَ لَا تَحٰٓضُّوْنَ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ﴿۱۸﴾ وَ تَاْكُلُوْنَ التُّرَاثَ اَكْلًا لَّمًّا ﴿۱۹﴾ وَّ تُحِبُّوْنَ الْمَالَ حُبًّا جَمًّا ﴿۲۰﴾ (پارہ:30 سورۃ الفجر، آیت نمبر 17-20)

ترجمہ کنزالایمان: تم (باوجود دولت مند ہونے کے) یتیم کی عزت (اس عزت اس کے حقوق ادا) نہیں کرتے اور آپس میں ایک دوسرے (خوشحالوں) کو مسکین کے کھلانے کی رغبت نہیں دیتے، اور (دوسروں کی) میراث کا مالِ (حرام) ہپ ہپ کھاتے ہو اور مال کی نہایت محبت رکھتے ہو (حلال حرام کا فرق نہیں کرتے)۔

یتیم کی حق تلفی

امیہ ابن خلف کے پاس قدامہ بن مظعون یتیم تھے امیہ نے ان کا حق نہ دیا نہ ان سے اچھا برتاؤ کیا اس کے متعلق یہ آیات نازل ہوئیں۔ (تفسیر نورالعرفان)

Marfat.com

سورۃ البلد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَیَحْسَبُ اَنْ لَّمْ یَرَهٗۤ اَحَدٌ ۘ (پارہ:30 سورۃ البلد، آیت نمبر 7)

ترجمہ کنزالایمان: کیا آدمی یہ سمجھتا ہے کہ ہرگز اس پر کوئی قدرت نہیں پائے گا (اس پر کسی کا بس نہ چلے گا)۔

طاقت وزور سب فانی ہے

یہ آیت ابوالاشدراسید بن کلاہ کے حق میں نازل ہوئی وہ نہایت قوی اور زور آور تھا اور اس کی طاقت کا یہ عالم تھا کہ چمڑا پاؤں کے نیچے دبالیتا تھا دس دس آدمی اس کو کھینچتے اور وہ پھٹ کر ٹکڑے ٹکڑے ہوجاتا مگر جتنا اس کے پاؤں کے نیچے ہوتا ہرگز نہ نکل سکتا اور ایک قول کے مطابق یہ آیت ولید بن مغیرہ کے حق میں نازل ہوئی۔

(تفسیر خزائن العرفان)

سورۃ اللیل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَالَّیْلِ اِذَا یَغْشٰىۙ(۱) وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰىۙ(۲) وَمَا خَلَقَ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰىۙ(۳) اِنَّ سَعْیَكُمْ لَشَتّٰىؕ(۴) فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰى وَاتَّقٰىۙ(۵) وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰىۙ(۶) فَسَنُیَسِّرُهٗ لِلْیُسْرٰىؕ(۷) وَاَمَّا مَنْۢ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰىۙ(۸) وَكَذَّبَ بِالْحُسْنٰىۙ(۹) فَسَنُیَسِّرُهٗ لِلْعُسْرٰىؕ(۱۰) وَمَا یُغْنِیْ عَنْهُ مَالُهٗۤ اِذَا تَرَدّٰىؕ(۱۱) اِنَّ عَلَیْنَا لَلْهُدٰىۚ(۱۲) وَاِنَّ لَنَا لَلْاٰخِرَةَ وَالْاُوْلٰى(۱۳) فَاَنْذَرْتُكُمْ نَارًا تَلَظّٰىۚ(۱۴) لَا یَصْلٰىهَاۤ اِلَّا الْاَشْقَى

(پارہ:30 سورۃ اللیل، آیت نمبر 4-15)

ترجمہ کنزالایمان: اور رات کی قسم جب (اس کی تاریکی ہر چیز پر) چھائے اور دن کی جب چمکے (اندھیرا دور کردے) اور اس (قدرت والے) کی جس نے (ایک ہی پانی سے) نر اور مادہ بنائے بے شک تمھاری کوشش (اعمال) مختلف ہے (کسی کے نیک، کسی کے بد) تو وہ جس نے (اپنا مال راہِ خدا میں) دیا اور پرہیزگاری کی (گناہوں سے بچا) اور سب سے اچھی (ملتِ اسلام) کو سچ (حق) مانا تو بہت جلد ہم اسے (جنت کے لیے) آسانی مہیا کردیں

Marfat.com

گے۔اور وہ جس نے بخل کیا (راہِ خدا میں خرچ نہ کیا) اور (ثواب وآخرت سے) بے پرواہ بنا اور سب سے اچھی (ملتِ اسلام) کو جھٹلایا تو بہت جلد ہم اسے (جنت میں جانے کے لیے) دشواری مہیا کر دیں گے اور اس کا مال اسے کام نہ آئے گا جب ہلاکت (جہنم کے گڑھے) میں پڑے گا بے شک ہدایت فرمانا ہمارے ذمہ (کرم پر) ہے اور بے شک آخرت اور دنیا دونوں کے ہم مالک ہیں تو میں تمھیں ڈراتا ہوں اس (جہنم کی) آگ سے جو بھڑک رہی ہے نہ جائے گا اس میں مگر بڑا بد بخت۔

حضرت بلال رضی اللہ عنہ کی اسلام پر استقامت

یہ سورت حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ اور امیہ بن خلف کے حق میں نازل ہوئیں جن میں سے ایک حضرت صدیق اتقی ہیں اور دوسرا امیہ شقی ہے امیہ بن خلف حضرت بلال کو جو اس کی ملک میں تھے دین سے منحرف کرنے کے لیے طرح طرح کی تکلیفیں دیتا تھا اور انتہائی ظلم اور سختی کرتا تھا ایک روز حضرت صدیق رضی اللہ عنہ نے دیکھا کہ امیہ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو گرم زمین پر ڈال کر تپتے ہوئے پتھر ان کے سینے پر رکھے ہیں اور اس حال میں کلمہ ایمان انکی زبان پر جاری ہے آپ رضی اللہ عنہ نے امیہ سے فرمایا اے بدنصیب ایک خدا پرست پر یہ سختیاں اس نے کہا آپ کو اس کی تکلیف ناگوار ہو تو خرید لیجیے تو آپ رضی اللہ عنہ نے گراں قیمت پر ان کو خرید کر آزاد کر دیا اس پر یہ سورت نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان وعزیزی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الَّذِیْ كَذَّبَ وَ تَوَلّٰى ﴿۱۶﴾ وَ سَیُجَنَّبُهَا الْاَتْقَى ﴿۱۷﴾ الَّذِیْ یُؤْتِیْ مَالَهٗ یَتَزَكّٰى ﴿۱۸﴾ وَ مَا لِاَحَدٍ عِنْدَهٗ مِنْ نِّعْمَةٍ تُجْزٰۤى ﴿۱۹﴾ اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْاَعْلٰى ﴿۲۰﴾ وَ لَسَوْفَ یَرْضٰى ﴿۲۱﴾ (پارہ:30 سورۃ اللیل، آیت نمبر 21-16)

ترجمہ کنزالایمان: جس نے جھٹلایا (رسول کو) اور (ایمان سے) منہ پھیرا اور بہت اس (جہنم) سے دور رکھا جائے گا جو سب سے بڑا پرہیزگار (ہے) جو اپنا مال (راہِ خدا میں) دیتا ہے (اس لیے) کہ ستھرا (پاک) ہو اور کسی کا اس پر کچھ احسان نہیں جس کا بدلہ دیا جائے صرف اپنے رب کی رضا چاہتا ہے جو سب سے بلند ہے اور بے شک قریب ہے کہ وہ راضی ہوگا۔

Marfat.com

گراں قیمت کا غلام

جب حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے حضرت بلال کو بہت گراں قیمت پر خرید کر آزاد کیا تو کفار کو حیرت ہوئی اور انہوں نے کہا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ایسا کیوں کیا شاید بلال کا ان پر کوئی احسان ہوگا جو انہوں نے گراں قیمت دے کر خریدا اور آزاد کیا اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان)

سورۃ الضحیٰ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَ الضُّحٰى ۙ﴿۱﴾ وَ الَّيْلِ اِذَا سَجٰى ۙ﴿۲﴾ مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَ مَا قَلٰى ؕ﴿۳﴾ وَ لَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ
مِنَ الْاُوْلٰى ؕ﴿۴﴾ وَ لَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ؕ﴿۵﴾ اَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيْمًا فَاٰوٰى ۪﴿۶﴾ وَ
وَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى ۪﴿۷﴾ وَ وَجَدَكَ عَآئِلًا فَاَغْنٰى ؕ﴿۸﴾ فَاَمَّا الْيَتِيْمَ فَلَا تَقْهَرْ ؕ﴿۹﴾ وَ اَمَّا
السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ ؕ﴿۱۰﴾ وَ اَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ ﴿۱۱﴾ (پارہ:30 سورۃ الضحیٰ، آیت نمبر 1-11)

ترجمہ کنزالایمان: چاشت کی قسم اور رات کی جب پردہ ڈالے (اس کی تاریکی پھیل جائے) کہ (اے محبوب) تمہیں تمہارے رب نے نہ چھوڑا، اور نہ مکروہ جانا (نہ ناراض ہوا)، اور بیشک پچھلی (گھڑی) تمہارے لیے پہلی سے (بدرجہا) بہتر ہے اور بیشک قریب ہے کہ تمہارا رب تمہیں (دنیا و آخرت میں) اتنا دے گا کہ تم راضی (خوش و مسرور) ہو جاؤ گے کیا اس نے تمہیں یتیم نہ پایا پھر (اپنی رحمت میں) جگہ دی اور تمہیں اپنی محبت میں خود رفتہ پایا تو اپنی طرف راہ دی اور تمہیں حاجت مند پایا پھر (دولتِ قناعت عطا فرما کر) غنی کر دیا تو یتیم پر دباؤ سے ڈالو (زیادتی نہ کرو) اور منگتا (سائل) کو نہ جھڑکو اور اپنے رب کی نعمت کا خوب چرچا کرو۔

کفار کا طعن

ایک مرتبہ ایسا ہوا کہ چند روز وحی نہ آئی تو کفار نے بطریق طعن کہا کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ان کے رب نے چھوڑ دیا اور مکروہ جانا اس پر سورت والضحیٰ نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان، روح البیان)

Marfat.com

سورۃ العلق

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَرَءَیۡتَ الَّذِیۡ یَنۡهٰی ۙ﴿۹﴾ عَبۡدًا اِذَا صَلّٰی ؕ﴿۱۰﴾ (پارہ:30 سورۃ العلق، آیت نمبر 10-9)

ترجمہ کنزالایمان: بھلا دیکھو تو جو منع کرتا ہے، (ہمارے) بندے (رسول) کو جب وہ نماز پڑھے۔

غیبی خندق

یہ آیت بھی ابوجہل کے حق میں نازل ہوئی نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نماز پڑھنے سے منع کیا تھا اور لوگوں سے کہا تھا کہ اگر میں انہیں ایسا کرتا دیکھوں گا تو (معاذ اللہ) گردن پاؤں سے کچل ڈالوں گا اور چہرہ خاک میں ملا دوں گا پھر وہ اسی ارادہ فاسدہ سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نماز پڑھتے میں آیا اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قریب پہنچ کر الٹے پاؤں پیچھے بھاگا ہاتھ آگے بڑھائے ہوئے جیسے کوئی کسی مصیبت کو روکنے کے لئے ہاتھ آگے بڑھاتا ہے چہرہ کا رنگ اڑ گیا اعضاء کانپنے لگے لوگوں نے کہا کیا حال ہے کہنے لگا میرے اور محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے درمیان ایک خندق ہے جس میں آگ بھری ہوئی ہے اور دہشت ناک پر ند بازو پھیلائے ہوئے ہیں سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اگر وہ میرے قریب آتا تو فرشتے اس کا عضو عضو جدا کر ڈالتے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

كَلَّا لَئِنۡ لَّمۡ یَنۡتَهِ ۙ لَنَسۡفَعًۢا بِالنَّاصِیَةِ ۙ﴿۱۵﴾ نَاصِیَةٍ كَاذِبَةٍ خَاطِئَةٍ ۚ﴿۱۶﴾ فَلۡیَدۡعُ نَادِیَهٗ ۙ﴿۱۷﴾ سَنَدۡعُ الزَّبَانِیَةَ ۙ﴿۱۸﴾ (پارہ:30 سورۃ العلق، آیت نمبر 15-18)

ترجمہ کنزالایمان: ہاں ہاں اگر (اپنے کفر و سرکشی سے) باز نہ آیا تو ضرور ہم پیشانی کے بال پکڑ کر کھینچیں گے (اور جہنم میں دھکیل دیں گے) کیسی (وہ) پیشانی (ہے جو) جھوٹی خطا کار (پیشانی ہے)، اب پکارے اپنی مجلس (مددگاروں) کو (جو رسول کے مقابلے پر آئیں) (تو) ابھی ہم سپاہیوں (فرشتوں) کو بلاتے ہیں۔

ابوجہل کی خام خیالی

جب ابوجہل نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نماز سے منع کیا تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کو سختی سے جھڑک دیا اس پر

Marfat.com

اس نے کہا کہ آپ مجھے جھڑکتے ہیں خدا کی قسم میں آپ کے مدمقابل نوجوان سواروں اور پیدلوں سے اس جنگل کو بھر دوں گا آپ جانتے ہیں کہ مکہ مکرمہ میں مجھ سے زیادہ بڑے جتھے اور مجلس والا کوئی نہیں اس پر یہ آیات نازل ہوئیں۔ (تفسیر خزائن العرفان)

سورۃ القدر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّاۤ اَنْزَلْنٰهُ فِیْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ ۚ﴿۱﴾ وَ مَاۤ اَدْرٰىكَ مَا لَیْلَةُ الْقَدْرِ ؕ﴿۲﴾ لَیْلَةُ الْقَدْرِ ۙ خَیْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ؕ﴿۳﴾ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓىٕكَةُ وَ الرُّوْحُ فِیْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ۚ مِنْ كُلِّ اَمْرٍ ۙ﴿۴﴾ سَلٰمٌ ۛ هِیَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ﴿۵﴾ (پارہ:30 سورۃ القدر، آیت نمبر 4-5)

ترجمہ کنز الایمان: بیشک ہم نے اسے (قرآن کو) شبِ قدر میں اتارا اور تم نے کیا جانا کیا (ہے) شبِ قدر، شبِ قدر ہزار مہینوں سے بہتر اس میں فرشتے اور جبریل اترتے ہیں (عبادت میں مشغول کے لے دعائے استغفار کرتے ہیں) اپنے رب کے حکم سے ہر کام (امرِ خیر) کے لیے وہ (رات) سلامتی (کی رات) ہے، (یہ سلامتی) صبح چمکنے تک (طلوعِ فجر تک)۔

شبِ قدر

ایک دفعہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہ سے فرمایا کہ شموں اسرائیلی ایک ہزار ماہ یعنی تراسی سال چار ماہ صائم الدہر قائم الیل رہا اور اس حالت میں تمام دن جہاد میں مصروف رہا ایک صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم میں اس جیسا کون ہوسکتا ہے قیامت میں وہ ہم سے افضل ہوگا تب یہ سورۃ نازل ہوئی اور اللہ تعالیٰ نے شب قدر عطا فرمائی کہ یہ شب ہزار مہینوں سے افضل ہے۔ (تفسیر خزائن العرفان ونور العرفان)

سورۃ العصر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ الْعَصْرِ ۙ﴿۱﴾ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ ۙ﴿۲﴾ اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَ تَوَاصَوْا بِالْحَقِّ ۙ وَ تَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ﴿۳﴾ (پارہ:30 سورۃ العصر، آیت نمبر 1-3)

Marfat.com

ترجمہ کنزالایمان: اس زمانہ محبوب کی قسم بیشک آدمی ضرور نقصان میں ہے (کہ عمر کا خزانہ گھٹتا جارہا ہے) مگر (سوائے ان خوش نصیبوں کے) جو ایمان لائے اور اچھے (نیک) کام کیے اور ایک دوسرے کو حق (ایمان واطاعت) کی تاکید (تلقین) کی اور ایک دوسرے کو (راہِ خدا میں آنے مصیبتوں پر) صبر کی وصیت کی۔

مومن نقصان میں نہیں

ایک دفعہ کلاہ بن امیہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے بولا کہ تم تو تجارتی کاروبار میں بہت ہوشیار تھے تم نے یہ کیا خسارہ اٹھایا کہ اسلام لاکر امیروں کی دوستی کے عوض غریبوں کی محبت چند معبودوں کے مقابل صرف ایک اللہ کی عبادت قبول کی۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

کہ مومن نقصان میں نہیں رہتا، تب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی تائید میں یہ سورت نازل ہوئی لہٰذا یہ سورت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے فضائل میں ہے۔ (تفسیر خزائن العرفان ونور العرفان)

سورۃ الماعون

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَرَءَيْتَ الَّذِىْ يُكَذِّبُ بِالدِّيْنِ ۝١ فَذٰلِكَ الَّذِىْ يَدُعُّ الْيَتِيْمَ ۝٢

(پارہ:30 سورۃ الماعون، آیت نمبر 1-2)

ترجمہ کنزالایمان: بھلا دیکھو تو جو دین (حساب وجزاء) کو جھٹلاتا (انکار کرتا) ہے پھر وہ وہ (بدبخت) ہے جو یتیم کو دھکے دیتا ہے (اس کا حق نہیں دیتا)۔

رب سے بے خوفی

سورۃ ماعون اگلی نصف مکیہ ہے ابوجہل یا عاص بن وائل کے متعلق نازل ہوئی آخری نصف مدینہ ہے جو عبداللہ بن ابی سلول وغیرہ منافقین کے متعلق نازل ہوئی مکہ معظّمہ میں جب کوئی مال دار مرنے لگتا تو ابوجہل وغیرہ اس کے پاس جاکر کہتے کہ اپنی یتیم اولاد اور اپنا مال ہمارے سپرد کر جاتا کہ ان کی پرورش ونگرانی اچھی طرح کریں، مرنے والا یہ کر دیتا اس کے بعد یہ مال پر قبضہ کر لیتے اور میت کے یتیموں کو دھکے دے کر نکال دیتے تھے۔ چنانچہ ان ستم رسیدوں میں سے ایک یتیم حضور کے پاس فریادی ہوا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اسے لے کر ان

Marfat.com

کے پاس تشریف لے گئے اور فرمایا کہ کیا تمہیں رب کا خوف، قیامت کا ڈر نہیں وہ لوگ قیامت کا مذاق اڑانے لگے، حضور مغموم ہو کر واپس ہوئے تب اس سورت کا اگلا حصہ نازل ہوا۔ (عزیزی)

سورۃ الکافرون

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ يٰۤاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۙ﴿۱﴾ لَاۤ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۙ﴿۲﴾ وَ لَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ ۚ﴿۳﴾ وَ لَاۤ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۙ﴿۴﴾ وَ لَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ ؕ﴿۵﴾ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَ لِيَ دِيْنِ ﴿۶﴾ (پارہ:30 سورۃ الکافرون، آیت نمبر 1-6)

ترجمہ کنزالایمان: (اے محبوب) تم فرماؤ اے کافرو، نہ میں پوجتا ہوں (ان بتوں کو) جو (جنہیں) تم پوجتے ہو، اور نہ تم پوجتے ہو (اس خدا کو) جو (جسے) میں پوجتا ہوں، اور نہ میں پوجوں گا (ان بتوں کو) جو (جسے) تم نے پوجا، اور نہ تم پوجو گے (اس خدا کو) جو (جسے) میں پوجتا ہوں، تمہیں (تمہارے لیے) تمہارا دین (کفر) اور مجھے (میرے لیے) میرا دین (اسلام)۔

قریش کی دعوتِ شرک

قریش کی ایک جماعت نے سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہا تھا کہ آپ ہمارے دین کا اتباع کیجئے ہم آپ کے دین کا اتباع کریں گے ایک سال آپ ہمارے معبودوں کی عبادت کریں ایک سال ہم آپ کے معبود کی عبادت کریں گے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا (معاذ اللہ) میں شرک نہیں کر سکتا تو وہ بولے اچھا آپ ہمارے بتوں کو تعظیماً ہی چوم لیں تب یہ سورۃ شریفہ نازل ہوئی۔ (تفسیر خزائن العرفان و عزیزی)

سورۃ اللہب

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

تَبَّتْ يَدَاۤ اَبِيْ لَهَبٍ وَّ تَبَّ ؕ﴿۱﴾ مَاۤ اَغْنٰى عَنْهُ مَالُهٗ وَ مَا كَسَبَ ؕ﴿۲﴾ سَيَصْلٰى نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ ۚ﴿۳﴾ وَّ امْرَاَتُهٗ ؕ حَمَّالَةَ الْحَطَبِ ۚ﴿۴﴾ فِيْ جِيْدِهَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ ﴿۵﴾

(پارہ:30 سورۃ اللہب، آیت نمبر 1-5)

Marfat.com

ترجمہ کنزالایمان: تباہ ہوجائیں ابولہب کے دونوں ہاتھ (وہ تباہ ہوجائے) اور وہ تباہ ہوہی گیا اسے کچھ کام نہ آیا اس کا مال اور نہ (وہ) جو کمایا (یعنی اولاد) اب دھنستا ہے لپٹ (شعلے) مارتی آگ میں وہ (گستاخِ رسول ابولہب) اور اس کی جورو (بیوی) لکڑیوں (کانٹوں) کا گٹھا سر پر اٹھاتی (کہ اس سے رسول کو تکلیف دے)، اس کے گلے میں کھجور کی چھال کا رسّا (بحکمِ الٰہی پھندا بنا اور وہ ہلاک ہوگئی)۔

گستاخِ رسول کی سزا

جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کوہ صفا پر عرب کے لوگوں کو دعوت دی ہر طرف سے لوگ آئے اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے اپنے صدق وامانت کی شہادتیں لینے کے بعد فرمایا: انّی لکم نذیر بین یدی عذاب شدید اس پر ابولہب نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہا تھا کہ تم تباہ ہوجاؤ کیا تم نے ہمیں اس لئے جمع کیا تھا اس پر یہ سورۃ شریفہ نازل ہوئی اللہ نے اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف سے جواب دیا۔ (تفسیر خزائن العرفان)

سورۃ اخلاص

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ﴿۱﴾ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ﴿۲﴾ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ﴿۳﴾ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ﴿۴﴾ (پارہ:30 سورۃ اخلاص، آیت نمبر 1-4)

ترجمہ کنزالایمان: (اے محبوب) تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے (اس کا کوئی شریک نہیں) اللہ بے نیاز ہے (وہ کسی کا محتاج نہیں) نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا (ہمیشہ سے ہے) اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (اس کا کوئی ہم پلہ، ہمسر نہیں)۔

کفارِ عرب کو قرآنی جواب

کفار عرب نے سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اللہ تعالیٰ کے متعلق طرح طرح کے سوال کئے کوئی کہتا تھا اللہ کا نسب کیا ہے کوئی کہتا تھا کہ وہ سونے کا ہے یا چاندی کا ہے یا لوہے کا ہے یا لکڑی کا ہے کس چیز کا ہے کسی نے کہا وہ کیا کھاتا ہے کیا پیتا ہے ربوبیت اس نے کس سے ورثہ میں پائی اور اس کا کون وارث ہوگا ان کے جواب میں اللہ تعالیٰ نے یہ سورۃ نازل فرمائی۔

Marfat.com

سورۃ الفلق

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ﴿۱﴾ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ﴿۲﴾ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ﴿۳﴾ وَ مِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۙ﴿۴﴾ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ﴿۵﴾

(پارہ:30 سورۃ الفلق، آیت نمبر 1-5)

ترجمہ کنزالایمان: (اے محبوب) تم فرماؤ میں اس (اللہ) کی پناہ لیتا ہوں جو صبح کا پیدا کرنے والا ہے (اور پناہ مانگتا ہوں) اس کی سب مخلوق کی شر سے اور (رات کی) اندھیری ڈالنے والے کے شر سے جب وہ ڈوبے (اور تاریکی بڑھ جائے) اور ان (جادوگر) عورتوں کے شر سے جو (جادو کے منتر پڑھ کر ڈوروں کی) گرہوں میں پھونکتی ہیں اور حسد والے کے شر سے جب وہ مجھ سے جلے (مجھ سے نعمتیں چھن جانے کی تمنا کرے)

سورۃ الناس

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ﴿۱﴾ مَلِكِ النَّاسِ ۙ﴿۲﴾ اِلٰهِ النَّاسِ ۙ﴿۳﴾ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۪﴿۴﴾ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ﴿۵﴾ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ﴿۶﴾

(پارہ:30 سورۃ الناس، آیت نمبر 1-6)

ترجمہ کنزالایمان: (اے محبوب) تم کہو میں اس کی پناہ میں آیا جو سب لوگوں کا رب سب لوگوں کا بادشاہ (تدبیر فرمانے والا) سب لوگوں کا خدا ہو جائے) وہ جو لوگوں کے دلوں میں وسوسے ڈالتے ہیں (گمراہ کرتے ہیں)، جن اور آدمی۔

جادو کا توڑ

سورۃ فلق اور سورۃ والناس یہ اس وقت نازل ہوئیں جب کہ لبید بن اعصم یہودی اور اس کی بیٹیوں نے حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پا جادو کیا اور حضور کے جسم مبارک اور اعضاء ظاہرہ پر اس کا اثر ہوا قلب و عقل و اعتقاد پر کچھ اثر نہ ہوا چند روز کے بعد جبرائیل آئے اور انہوں نے عرض کیا کہ ایک یہودی نے آپ پر جادو کیا ہے اور

Marfat.com

جادو کیا ہے اور جادو کا جو کچھ سامان ہے وہ فلاح کنوئیں میں ایک پتھر ہے نیچے داب دیا ہے۔ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بھیجا انہوں نے کنوئیں کا پانی نکالنے کے بعد پتھر اٹھایا اس کے نیچے سے کھجور کے گابھے کی تھیلی برآمد ہوئی اس میں حضور کے موئے مبارک جو کنگھی سے برآمد ہوئی تھے اور حضور کی کنگھی کے چند دندانے اور ایک ڈورا یا کمان کا چلہ جس میں گیارہ گرہیں لگی تھیں اور ایک موم کا پتلا جس میں گیارہ سوئیاں چبھیں تھیں یہ سب سامان پتھر کے نیچے سے نکلا اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر کیا گیا اللہ تعالیٰ یہ دونوں سورتیں نازل فرمائیں ان دونوں سورتوں میں گیارہ آیتیں ہیں پانچ سورۃ الفلق میں ہر ایک آیت کے پڑھنے کے ساتھ ایک ایک گرہ کھلتی جاتی تھی یہاں تک کہ سب گرہیں کھل گئیں اور حضور بالکل تندرست ہو گئے مسئلہ تعویز اور عمل جس میں کوئی کلمہ کفر یا شرک کا نہ ہو جائز ہے خاص کر وہ عمل جو آیات قرآنیہ سے کئے جائیں یا احادیث میں وارد ہوئے ہوں حدیث شریف میں ہے کہ اسماء بنت عمیس نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جعفر کے بچوں کو جلد جلد نظر نہیں ہوتی ہے کیا مجھے اجازت ہے کہ ان کے لئے عمل کروں حضور نے اجازت دی۔ (ترمذی)

Marfat.com

امام ابو جعفر محمد بن سلامۃ القضاعی کی شہرہ آفاق کتاب الشہاب کی
احادیث کا پہلی مرتبہ آسان سلیس اردو ترجمہ مع تخریج و تحقیق

مسند الشہاب

تالیف

القاضي أبي عبد الله محمد بن سلامة القضاعي

حققه وخرج أحاديثه حمدي عبد المجيد السلفي

مترجم

علامہ مولانا مفتی شیخ محمد شفیق چشتی کشمیری

فاضل دار العلوم محمدیہ غوثیہ
بھیرہ شریف

1 جلد

Rs.1400/=

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان کے نصاب کے مطابق

2 جلدیں

انتخاب احادیث

مترجم

علامہ ابو التراب محمد ناصر الدین ناصر المدنی عطاری

صحیح البخاری شریف

صحیح مسلم شریف

سنن الترمذی
سنن ابی داود
سنن ابن ماجہ
سنن النسائی
معانی الآثار

Rs.1500/=

پروگریسو بکس

یوسف مارکیٹ غزنی سٹریٹ
اردو بازار لاہور

فون 042-37124354 فیکس 042-37352795

Marfat.com

قرآنِ کریم

کی سُورتوں کا شانِ نزول



تالیف

علامہ ابُو التراب محمد ناصرُ الدّین ناصر المدنی عطاری

پروگریسو بکس

Marfat.com